
پوٹھوہاری لغت
شیرازالغات
پوٹھوہاری لفاظی نے نال نال روزمرہ، محاورہ، آکھانڑ
شیراز طاہر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

ناں کہھنی کے سوہنڑیں رب ناں کراں کلام بیان
مہر محبت کرنے آلا اُچا اُساں ناآں

شیراز اُللغات

پوٹھوہاری لغت

# شیراز اُللغات

پوٹھوہاری لفاظی نے نال نال روزمرہ، محاورہ تے آکھانڑ

شیراز طاہر

شیراز اُللغات

پوٹھوہاری لغت

# شیراز اُللغات

پوٹھوہاری لفاظی نے نال نال روزمرہ، محاورہ تے آخانڑ

شیراز طاہر

شیراز اُللغات

جملہ حقوق محفوظ اُن


| | |
|---|---|
| نام کتاب | شیرازاُللغات |
| محقق، مرتبہ | شیرازطاہر |
| موضوع | لغت |
| کمپوزنگ | بدرشیراز |
| سرورق | ثاقب حسین |
| پروف ریڈنگ | شیرازطاہر |
| سال اشاعت | جولائی2016ء |
| قیمت | [illegible]00/- روپے |
| ISBN No. | [illegible] |
| ملنے کا پتہ | گندھاراہندکواکیڈمی،2چناررروڈ، آبدرہ، یونیورسٹی ٹاؤن پشاور |

**گندھارا ہندکو اکیڈمی پشاور**

2۔ چنارروڈ، آبدرہ، یونیورسٹی ٹاؤن، پشاور

091-9218164,9218165

www.gandharahindko.com

شیراز طاہر پوٹھوہاری ادب اچ افسانے نے حوالے نال آپڑیں پچھانڑ مُد تاں توں کرا رہیا اے۔ اس ہمیشاں پوٹھوہاری نی تاریخ، زبان تے ثقافت نیں بارے اچ سوچیا۔ تے ھُنڑ پوٹھوہارنیں ہِک بہت بڑی ضرورت نے تحت ہِک نواں کم (پوٹھوہاری لُغت) کھِن کے آیا۔ اس توں پہلوں جیہڑا الُغت تے کم ہویا اوہ آپڑیں جگہ بہوں چنگا تے انوکھا اے، پر پوٹھوہارنی تاریخ کُجھ ہور منگویں اے۔ اس ضرورت آں شیراز طاہر پورا کیتا۔ اُس نویں لُغت جس وچ آکھانڑ، محاورے، لفظ نا مُڈھ، صحیح تلفظ تے اُس نا استعمال کر کے اُساں پوٹھوہاری انسائیکلوپیڈیا بنایا اے۔

ایہہ لُغت پوٹھوہارنی تحقیق تے اُس نی تاریخ اے۔ اتنا مشکل کم کر کے اُس پڑیں کھلی جان تے جبر کیتا تے کشٹ کٹیا ھُنڑ اُس نے دل آں سکون اے جے اُس جیہڑا کم کیتا اے، اوہ نویں نسلاں نی ضرورت [illegible]

ڈاکٹر رشید نثار

## آپڑیں گل

پتہ ہونڑاں جے میں لُغت لکھ رہیاں، تے تے بڑی نے چلیھے کولوں کدے نانہ اُٹھاں ار[illegible] تے نانہ ای
[illegible]یاں تے گوہیاں نیں ورتے تھے ہیں نال اکھیاں ناں پانڑی [illegible] دیاں ار پر مہاڑی تے بڑی کی پتہ سا کہ جاتے
لُغت [illegible] اوہ [illegible]
[illegible]
آپڑیں پھوں وچ پائی نے جوان کیتی سی۔ جیہڑی بے نیاں ہانڑیں زنانیاں تے جنڑیاں وچ بہی کے بڑی ہوئی سی۔

دانڑیں صاف کرنیاں

سناستر اکڈھنیاں

رضائیاں ڈنگڑیاں

چلماں چھکویاں

گارالانڑیاں

بنی اپر چلیے تھونڑیاں تے پھوہڑی تر ڈے اپر بیٹھیاں، پل پل اُنہاں نیں نال رئی سی۔ لُغت نیاں ساریاں اوختاں کی اس دور کیتا۔ جتھے وی کوئی مشکل پیش آئی، کوئی لفظ یا آخانڑ یاد نانہہ آیا، اُس یاد کرایا، اس ناں پچھوکڑ دسیا۔ تلفظ ٹھیک کرایا۔ اس بہشتن کی میں کدے نانہہ پہلی سکڑاں۔ آپڑیں چھوٹے بیٹے بدر شیراز ناں وی میں مشکور آں، جیہڑا وقت بے وقت مہاڑی فیلکے اپرنگ نیں پیا۔ کمپوزنگ کی لغار ہیا۔ تے نال ای آل عمران، شاہد لطیف ہاشمی، ماجد وفا عابدی، ڈاکٹر اصغر شمسی، احمد اصغر راجا، قمر عبداللہ، قمر ضیاء یاسر کیانی، شکور احسن تے نعمان رزاق اوراں ناں وی میں بہوں احسانمند آں، جنہاں پیرے پیرے اپر مہاڑی ہتھ پکڑائی کیتی۔

میں کوئی ایہڈا بڑا تیر نیں ماریا، مہاڑی لُغت سوں پہلوں وی دو لُغتاں اچھی چھکیاں۔ میں اُنہاں کی نیں چھیڑیا، اُنہاں وچوں کوئی لفظ جانڑیں بجھی کے نیں کِڈا، تاں جے اُنہاں نی آپڑیں حثیت قائم رہ۔ میں راروں پاروں کٹھے کیتے لفظاں نیاں تنداں ناں جال بنڑی کے تُساں نیں ساہمڑیں رکھی چھوڑیا، تاں جے ایہہ لفظ سلامت تا قیامت رہنڑ۔ اِنہاں کی پالش کرناں، اِنہاں اپر کم کرناں، اِنہاں کی اگے بدھانڑاں، اسنیں آلے لوکاں ناں کم آ۔ کوئی چنگا ماہرِ لسانیات اِنہاں کی ہور چنگا کری کے لکھسی، اس اپر تحقیق کرسی، اِنہاں نیں مُنڈھ پھرولسی، انہاں وچ ہور اضافہ کرسی۔

میکی اِنہاں لفظاں، محاوریاں تے آخانڑاں اپر کوئی فخر نیں۔ فخر نی گل تے اس ویلے ہوسی، جس ویلے ایہہ لفظ لوکاں نی ضرورت بنڑسن۔ اوہ انہاں کی کھوجسن۔ انہاں اپر کم کرسن، انہاں نیاں تہیں کی پھرولسن۔ میکی امید

اے جے انہاں لفظاں نی راہوں کم ہوراگے بدھسی تے پوٹھوہاری نے کے وچ ہوراضافہ ہوسی۔

یاسر کیانی اوراں وی آ پڑیں طوراپر گرائمر نیں حوالے نال کم کیتا وا کیتا واجیہڑا اسلاہنڑیں جوگا وا، پرا چرے اس وچ ہور بادھے نی لوڑ اے۔ میکی یقین آ اوہ اساں نیاں کمیاں کی پورا کرسن۔ اس طرحے سید حبیب شاہ بخاری جیہڑے پوٹھوہاری زبان نیں مُنڈھ اے۔ عمر دراز اے، پوٹھوہاری وسیوں تے خالص زبان نیں کھوج کارا ے، اوہ اساں ساریاں کولوں زیادہ اچھا کم کری سکڑیں۔ اُنہاں بہوں سارا کم کیتا وا۔ میں اُنہاں اگے وی گذارش کرساں، جے اوہ اساں دوستاں نیاں لغتاں اپر مزید اساں کی مشورہ دیسن، تے اساں نیاں غلطیاں کی درگزر کری کے بہتر سوں بہتر آپڑیں کے کی پیش کرنے نی کوشش کرسن تاں جے پوٹھوہاری ناں جیہڑا کم اجے ادھورا آ اوہ پورا ہوئی سکے تے اساں باقی زباناں نے مقابلے وچ کُسے سوں پچھے نا نہہ رہیے۔ اساں ساریاں نیں کم آپڑیں آپڑیں جائی ٹھیک تے چنگے سہی۔ پر جیہڑا کم جیہڑا بندہ بہوں چنگا جانڑناں اس کی ضرور کرنا چاہی ناں آ۔ جسرے ثاقب امام رضوی اوراں [illegible] چاہی ناں آ، تاں جے اس سارے کے کی کٹھا کری کُسے پاسے لایا گچھے۔ سید حبیب شاہ اوراں آ خیا [illegible] روزے وچ نئیں بنڑنی۔ اس کی نسلاں چاہی نی آں۔ پوری پوری قوم چاہی نی اے۔ ہک پورا وسیوں [illegible] واقعی اس واسطے صدیاں تے ورھے چاہی نے وے۔ جہاں وچ بھاتی ناں ہک ہک پل ساہ کبھناں [illegible]۔ پوٹھوہاری زبان نانہہ تے کُسے زبان نی بِگی پھینڑا اے تے نانہہ ای کُسے زبان ناں لہجہ۔ ایہہ آپڑیں [illegible] پھٹی وی نویکلی زبان اے۔ جس نیں لفظ آپڑیں وے۔ محاورے آپڑیں وے، آ خانڑ آپڑیں وے۔ [illegible] نے لوک تے اس نی مٹی وی آپڑیں اے۔

تُساں نیاں دعائیں ناں طالب

شیراز طاہر

## آ

**آ:** (حرفِ ندا)
دوحرفوں کی بہم آواز، الف+مد= آ
(آ) امر (تُری آ)
(آ اَگے آ) ر:
(اَگے آ، میں تکی دَسناں آں)
(آ کرنا) مرغیوں اور کبوتروں کو چوگ
چگانا:
(آ) لمبی آواز، گیت کی سُر:
(نا نہہ آ نا نہہ بَوہ) مح۔ بے قدری کی
حالت:
(آ تخیا، نا نہہ تاء) مح
(کُڑی پیٹ فصل کھیت آ جمایا منڈے
کھا) اخ
(آ کھما چلیے کول بوہ) اخ
(آ ویلے نال کھار کنڑ کاں پکی گئیاں)
(نظم) نذیر بٹ
آ دُکھاں نال پیار کریئے
آ دُکھاں نال پیار..(گ) شیراز طاہر

## آ-ب

**آبو:** ندا (آبیٹھ)
(امر) آ بھگت، استقبال:
(آبو کرنی) مح۔ آ بھگت کرنا:
(آبو سامڑیں کولوں دی رُس کے نہ لنگ
ماہیا) گ

**آبُوش:** ندا (آ...بُو...ش)
(آبُو چھ) (حرفِ ندا)
گا یا بیل کو پاس بلانے کی پکار:

## آ-پ

**آپ:** (واحد حاضر۔ جمع حاضر۔ مذکر مونث)
(خود) (آپ ﷺ)
(مر گئیاں تے بخشیں آپ اللہ) دعا
(آپ نا نہہ لایاں اکھیاں لگیاں زَورا
زَوری) گ
نا نہہ آپ آیا نا نہہ پیام آیا
کراں کدھر روان چھٹیاں (بیت)

**آپاں:** تُرکی (آ... پاں) (واحد۔ مونث)
بڑی بہن، باجی
آپاں، ست پکائیاں ٹاپاں:
ہک پکا گوگی آپاں مرنے جوگی:
(ب گ)
(آپاں) ہم لوگ (سِکھ بولی)

**آپڑاں:** (آپ....ڑاں) واحد۔ مذکر:
(اپنا) ذاتی، پرائیویٹ:
(آپڑاں ماری چھامیں سٹناں) اخ
(آپڑاں پُتر پرایا پَر کٹ) اخ
(آپڑاں بوہایا در کھڑاں) مح۔
اپنی اوقات میں رہنا:

(آپڑاں د ) پوٹھوہاری چینل u.k

**آپڑاں آپ:** (اسم ذات) خود۔اپنی
ذات،اوقات:
شیشہ تکھی دل گھبرایا
آپڑاں آپ نظر نا نہہ آیا (شیراز طاہر)
پتہ نئیں آپڑیں آپے ناں وی
لوکاں اپر ہسنے پئے آں (عارف ادیب
دوگز کپڑا ناپ نا نہہ پھلے
بندہ آپڑاں آپ نا نہہ پھلیف
(فیصل عرفان)

**آپڑیں:** (آپ..ڑیں) جمع۔مونث:
اپنی،خودکی:
ملکیت:
(آپڑیں تڑوڑ دینڑاں) مح۔من مرضی
کرنا:
(آپڑیں بالی کے سیکڑاں) مح۔ہمت
دکھانا:
(آپڑیں آ اپرمرناں) مح۔مقررہ
دن
آپڑیں لگڑی ماڑی نا نہہ وے تے اَنٹا
دُووے نے کہھار نئیں دینڑیں (اخ)
(آپڑیں آپڑیں) اپنی اپنی۔نفسا

(آپڑیں کھٹی) مزدوری سے کما ہو
رقم:
(آپڑیں کھٹی کما آلا) کما بندہ:

**آپڑیں:** (آپ..ڑیں) جمع۔مذکر:
اپنے،رشتہ دار،خونی:
(سکے سودھرے)
(آپڑیاں کی کاٹھ مارناں) مح
(آپڑیاں کولوں پرا )اخ
(آپڑیں مو بغیر بہشت نئیں
لبھڑیں) اخ
(آپڑیں پیرے اپر آپوں کہواڑی
مارناں) اخ

**آپوں:** (آ..پُوں) خود (جمع+واحد) مذکر
آپوں تے کُج کری نا نہہ سکڑیں
لوکاں کولوں کھسنے پئے آں (عارف)
(آپوں کرناں) واحد
آپوں کرنیں) جمع
پُٹھا کم آپوں کرنا متھے اساں نیں:
(آپوں گیا ایں تے کچھیاں بے شک
یاداں کی نا نہہ کھڑیاں نال) ع
آپوں لکھ پھنی دونئیں کرناں:
(آپوں) خود۔آپڑیں ذات:
(آپوں) ذاتِ خداوند:

**آپو آپڑیں:** (آ....پو) (آپ...ڑیں)
(اسم ذات)
(اپنی اپنی) نفسا :

**آپی:** (آ...پی) (واحد مونث)
بڑی بہن۔

**آپے:** (آ...پے)
خود (خودمختار) جمع (مذکر+مونث)
(آپے حاکم آپے کریں نیاں ماہیا) ما
آپے سنہاں لا
آپے چوردلے ناں
ہس ہس ٹھگے
کھوہ پیاوگے (باقی صدیقی)
ویلے تکی کے تے
آپے کی میں پھلاں کیاں

(عارف ادیب کیانی)

**آپے چ**: آپس میں (جمع مذ۔مث)

**آپے تک**: (اسم ذات) اپنے تک۔

(گل آپے تک ای رکھیاں)

(آف دی ریکارڈ)

**آپے جہیا**: اپنے جیسا (واحد) (مث مذ)

(آپے جہیا ہورکو نئیں جمنڑ دِتا ای)

**آپے آر**: (واحد) (اسم ذات)

خود جیسا۔ہم شکل:

فطرتاً ایک جیسا:

**آپے درتکھڑاں**: مح۔اپنی اوقات دیکھنا:

**آپے جوگی**: مح۔خود کے لئے، اپنے واسطے:

(آپے جوگی جائیں ساتھ کو بسم اللہ)

(اخ)

## آ۔پھ

**آپھرناں**: (آ...پھر.....ناں) فعل

(آپھرناں) پیٹ کا پھول جانا، کم ظرفی سے تھوڑے سے مال پر اترانا۔تھوڑی حثیت پر گھمنڈ کرنا۔

(مصدر) زیادہ کھالینا: پیٹ میں اپھارا ہونا:

(بہوں رجی گسناں)

تکبر کرنا، اوقات سے باہر ہونا:

## آ۔ٹ

**آٹا خراب ہونڑاں**: (مح) بے عزت ہونا

بدنام ہونا:

(چٹی داڑھی آٹا خراب) اخ

**آٹے اچ لُونڑ**: (مح) بہت تھوڑا۔کم مقدار:

آٹے نال کھنڑ پینڑ ہونڑاں (مح)

آٹا گھنیاں ہلناں (مح)

## آ۔ٹھ

**آٹھرناں**: (آ.ٹھر...ناں) (کیفیت)

خشک ہونا:

آدھا سوکھا آدھا ہونا:

## آ۔ج

**آجڑی**: (آج...ڑی) (مذکر)

گلہ بانی کرنے والا۔

اجڑ چرانے آلا۔چرواہا:

## آ۔خ

**آخا**: (آ...خا)

آکھا، کہا، حکم:

بڑیاں ناں آخا نئیں موڑنا چاہی نا:

**آخاں**: (آ...خاں) کھاں

ہاں، ٹھیک:

کہوں:

(آخاں تہھو کی، ں نونہہ کی) اخ

(شین نا نہہ آخاں شادؔو مارے) اخ

**آخانڑ**: (آخانڑ)

ضرب المثل:

**آخر**: (آ...خُر) حرفِ زماں

قیامت،آخری وقت:
جلدی،تا لاپن(کہہ آخرآ وی؟)
سب سے پچھے:
آخرکار،انجام:
**آخرہک:** بڑی تعداد میں(بہت سارا)

**آخرگوڑہ:** جنجال پورہ(بڑا گھرانہ)
**آخری:** (آخ...ری)واحد سرے والا
آخر میں۔
**آخڑاں:** آخڑاں(صوت) کہنا:
(عقلے آلے کی بار بار آخڑاں نہیں
پینڑاں)
میں نانہہ آخڑاں ساں؟
**آخو:** (آہو)ہاں جی:
کہو(آخو!گل کرو)
(جس کی آخواوہے نہیں متّاں)گل
**آخی:** کہی
ہاں ایہہ گل میں آخی:
(آخی)تہاڑی آخی با نی سی(گل)
(آخی ناں) جیسے کہ
سیں اِسرے آ جسرے آخی ناپوہ
مانہہ آ۔
**آخے:** (آخے با وچ ہونڑاں)مح
کہامانا(فرمانبرداری کرنا)
رُکن اساں جو آخے...سلطان ظہور
**آخیر:** (آ...خی...ر)
انتہاء،انت:
آخرکار(مکڑیں گل)

.....................................................................

## آ۔د

.....................................................................

**آدم ذات** (نانہہ آدم نانہہ آدم ذات)مح
ویران اور غیر آباد جگہ:
**آدھیں سادھیں:** (آ...دھیں)
جان پکڑنا(گروتھ کرنا)
اَج ہور کل ہور:

.....................................................................

## آ۔ڈ

.....................................................................

**آڈا:** (آ...ڈا)
استعمال شدہ پانی کی بڑی نالی:
ضد بازی(پھیر والا راستہ)

.....................................................................

## آ۔ر

.....................................................................

**آر:** (آ...ر)
(مونث)جوتی سینے کا خاص اوزار:
آلہ،موچی کا اوزار:
(آر)اعتراض:
(آر)شرم۔غیرت:
(آر)اِس طرف(رارے پاس)
دوآرنیاں دوپارنیاں تھیاں تھانیدار
نیاں(بھرجات)ترمبوڑیاں
آراروی کسی پاروی کسی وچ کسی نے
گاں
سِنگوں پغڑی کرنی بڑاں بڑاں:
(برجھات)دیسی چکی
(آر)جیسا۔جہیا:
(اُس آر)اس جیسا:

(مھاڑے آر،تہاڑے آر)
دوروں دوروں چنے آر
من پر چا ....(باقی صدیقی)

**آرپار:** دونوں طرف:

**آریاپار:** فیصلہ کُن بات:

**آرک:** مونث(آر۔ک)
کُہنی:
(آرک مارناں)مح۔کُہنی مارناں:
خبردار کرنا:
"ہل سی اگوں آرک جسرے
سمجھ نہیں اسنی دَساں کسرے"
(حسن دلگیر)

**آریا:** (آر...یا)
تسلیم۔منظور(رضامندی)

........................................

## آ۔ڑ

........................................

**آڑ:** (آ...ڑ)
(وٹ)
(مونث)حد،کھیتوں کی حد بندی،
راستہ،وٹ:
اوٹ،پناہ:

**آڑا:** (آ...ڑا)
ٹیڑھا،ترچھا۔
دھاری دھار یشمی کپڑا۔
کٹی ہو چھوٹی بلندی۔
بڑاراستہ(اونچا پچھیر)

**آڑوت:**(اَ۔ڑُو...ت)واحد(جمع)
(ہٹ دھرم)
گدھے کی قسم والا(بیوقوف)
اَڑنے والا:
ضِدی(ناسمجھ)

**آڑواہ:** (ا...ڑُو...واہ)مذکر
عارضی(اڑی ہو چیز)
اَڑوواہ جیہااڑایاوا:
ی(عارضی گھر)
کچاپکا۔گزارہ۔آسرا:

**آڑی آڑی:**(آ...ڑی)
راہ راہ(بنے بنے)
(کل آڑی آڑی پیااسناں)مح
نیاآدمی:
آڑی آڑی گسنی سی چاپاڈولاسی ناں
(زمان اختر)

........................................

## آ۔س

........................................

**آسمانڑ:** (آس...مانڑ)آسمانڑ:
(آسمان)
(آسمانڑٹھہڑاں)مح۔قیامت آنا:
(کو آسمانڑنہیں ٹھہنڑلغا)مح
(آسمانڑسرےاپرچانڑاں)مح

**آس** :(آ...س)
انتظار(اڈِیک)
بچی بچہ ہونے کی امید:خوشخبری
(آسے نال)حاملہ:
" کل ہِک نویں آس
کل ہِک مِٹھا تھوکھا"
(باقی صدیقی)

**آسن:** (آ...سَن)
(میانی)

جوگیوں کے بیٹھنے کا ڈھنگ۔
گدی، چوکی۔
(شلوار کا درمیانی حصّہ)
(آسن ) لاپرواہ۔ بے غیرت:
**آسے پاسے:** (آ...سَے)(پا..سَے)
اردگرد، گوانڈھ، آس پاس:

.................................................

## آ۔ش

.................................................

**آشکا:** (آش..کا)
دکھاوا:
کھانڑِیں شانڑِیں کو نئیں خالی آشکا
رکھیا واس:

.................................................

## آ۔ف

.................................................

**آفتی:** (آف....تی) مونث
آفت کی طرح:
بلا، چڑیل:
مصیبت ڈالنے والی چیز:

.................................................

## آ۔ک

.................................................

**آکسن:** (ک..سَن) مذکر
کڑوی بوٹی:
**آکا باکا:** (آ....کا)(با....کا)
بچوں کا بنایا ہوا گیلی مٹی کا کھلونا:
(پتلا پٹاخہ)
(آکا باکا تلی تلاکا، تیری میری چھو) گ
**آکڑ:** (آ....کڑ) مونث
اکڑ۔ تنا (تڑ)
اینٹھ، سختی:
غرور، پھوں پھاں، گستاخی، آکڑ خانی:
انگڑا :
(آکڑ پھنناں) انگڑا لینا:
غرور توڑنا، ختم کرنا:
(ایہہ آکڑ کُرے تکی کھنی کے بہی گیسی)
**آکڑاں پنھاں:** (اینڈنا) لیٹے لیٹے انگڑائیاں
لینا۔ غرور کرنا۔
**آکڑناں:** (آ...کڑ...ناں)
لڑا جھگڑے کے لئے تیار ہونا۔
تن جانا:

.................................................

## آ۔کھ

.................................................

**آکھ:** (آ.....کھ)
کہہ (امر)
فِر آکھ۔ (دوبارہ کہہ)
**آکھا:** (آ....کھا)
کہا، فرمان، نصیحت:
(مرناں مرناں ہر کو آکھے) س
(آکھا نا نہہ موڑناں) مح
(آکھے لغڑاں) مح۔ کہا ماننا، حکم بجالانا:
(آکھے با اچ) مح۔ کہے سُنے میں
فرمانبردار:
**آکھڑاں:** (آ....کھ...ڑاں)(آکھنڑاں)
بیان کرنا، کہنا، حکم، فرمائش، را
دینڑیں:

.................................................

## آ۔گ

آ گا: (آ..گا)
(سامنا) مہرہ
(مذکر) اگلا پاسا، فرنٹ:
قمیض کی اگلی طرف (دامن)
(آ گا پیچھا) اگلی اور پچھلی طرف:

آ گو: (آ....گو)
آ جا:

آ گو: (آ...گو) (واحد+مذکر)
سرفہرست، پہل کرنے والا، سالار:
(بہوں آ گو جیہانا نہہ بنڑ) خواہ مخواہ کا
بڑا بننا:
"جدید پوٹھوہاری ادب ناں آ گو"
(پُرا) ایک رسالہ

## آ۔ل

آل ایال: اہل وعیال، آل اولاد، پورا خاندان:

آل مال تھال: لڑکیوں کی مشہور کھیل، جس میں
گیند کے ساتھ گیت گایا جاتا ہے آخر
میں کہے:
(گڑ ہیے تھال ای)

آل وآل: آواز پر آواز (لمبی آوازیں دینا)
(گیٹی ونج پئی مسیتی مُلاں آل وآل
کیتی) کیت

آلا: (آ....لا)
(واحد+مذکر) طاقچہ، دیوار میں اونچی
جگہ بنایا ہوا خول جس میں دیا، یا اور کو
استعمال کی چیزیں رکھی جا :
(گڈیاں پٹولے رکھنے کی جگہ)

(آلا دے نوالا) اخ

آلا: آواز، صدا:
(آلا بھولا) الّو، انجان:
(آلا) والا (باغے آلا، دکانے آلا)

آلا : ٹال مٹول، حیلا بہانا:

آلا دوالا: (آلے دوالے) آنڈھ گوانڈھ،
چہار اطراف:

آلک: (آل...ک)
(آلکس) (آلس)
سُستی، کمزوری، ڈھیل:

آلکی: (آل...کی)
(اَلکسی) (آلسی) سُست، ڈھیلا:
(لک چاڑھناں) سُست ہونا:
ہک بندے اونٹھے اپر چڑھے بندے کیہ
آ کھیا" یرا! مہاڑے پیٹے اپر بَیر پیا وا
مہاڑے مونہے اچ نئیں باہی گسناں؟
اونٹھے آلے آ کھیا، تو آپوں چا کی کیاں
نئیں باہنڑاں؟۔"اگوں روہ چاڑھی
کے آ کھنڑ لغا۔" تہاڑا قصور نئیں اونٹھاں
آلے ہونڑے ای آلکی
اے"
(آہلک کرنا) کرنا:

آلڑاں، آلھناں: (آل....ڑاں) (آلناں)
گھونسلا:
(اِلے نے آلڑیں اِچ ماس لوڑناں)
(اخ)
(پکھلو تے آہلڑاں) افسانہ

آلی: (آ...لی)
دیوار میں آواز کیلئے چھوڑا ہوا سوراخ
چھوٹا آلا۔

**آلے:** (آ...لے)
(جمع) آوازیں۔
آلے ماری ماری کے مہاڑ اسنگ بہی
گیا:

.........................................

## آ۔م

.........................................

**آملہ:** (آم...لہ)
(آنولا)
آملیاں نی چھٹو نا سواد بعداچ اسناں
(اخ)
**آموسامڑاں:** (آمو....سام...ڑاں)
آمنا سامنا ٹکرا (فیس ٹو فیس)

.........................................

## آ۔ں

.........................................

**آں:** (آ....ں)
کے دوران نکلنے والا پتلا مادہ:
(آں بہنڑاں)
**آنچ کھانڑاں:** (آں.....چ)
کسرا اٹھانا، نقصان برداشت کرنا:
**آنچ کھایا:** (آں...چ)
بڑے دل والا۔ جگرے والا آدمی:
**آندر:** (آں....دَر)
(آنت)
(آندراں) جمع۔
(آندراں نا سیک) اولاد کا دکھ:
(پیٹے نیاں آندراں) مح۔ پیٹ سے نکلی
اولاد:
(آندراں نا سُو لی چڑھناں) مح
کہہ کراں مھاڑیاں تے آندراں آں:
(دو ہتر پو ہتر)
(آندراں سُکڑاں) بھوک سے پیٹ کا
خشک ہونا:
(آندراں کڈھناں) پیٹ چاک کرنا:
قتل کرنا:
**آنڈل:** (آں...ڈَل)
خصی، جوان بیل، نر، سانڈ:
**آنڈھ گوانڈھ:** (آں...ڈھ) گ...واں..ڈھ
ہمسا ، پڑوسی، تعلق دار:
**آنڑ:** (آ۔نڑ) (آنْ)
(آنڑ) لا
(آنڑ) آئیں
آنڑ مسافر جانڑ مسافر
ایہہ پتراں نی وِتھاں وچوں
ہر راہی آں ہٹ ہٹ تکے (باقی صدیقی
**آنڑناں:** (آنڑ...ناں) (آنٹاں)
لانا: لے کے آنا:
ساتھ لانا:
(گھِنی آنڑناں) خریدلانا:
**آنڑاں:** (آں....ڑاں) (آنْاں)
آنکھ کی :
(آنڑیں) جمع
(میں آنڑیں جے کڈھی کھنساں) گل
**آنگس:** (آں....گس)
طاقت، ہمت، زور:
**آنڑی:** (آں....ڑی) (آنْی)
آنی۔آ :
آنے والا وقت، لیکھ نصیب، لکھا ہوا:

.........................................

## آ۔ن

آنہ: (آ...نہ)
پرانا سکا، ایک روپے کا سولھواں حصہ:
(آنے آلی تھاں) مح۔ پرانی جگہ
(اوقات)

## آ۔و

آوا: (آ...وا)
(بڑاوہ)
کمہار کی بھٹی،
مٹی کے برتن پکے کرنے والا تنور:
(اتھے تے آوے نا آوا بگڑ یاوا) اخ
(آوا چاڑھناں) بھٹی میں آگ لگانا:
آواغون: (آواگون) کایا پلٹ۔ ہندو عقیدہ
آنا جانا، مرنا جینا (باربار جنم لینا)
بے پرواہی۔
نظرانداز کرنے کی حالت:
کان نہ دھرنا، ایک کان سے سننا
دوسرے سے نکال دینا، بات کو پلے نہ
باندھنا سُنی ان سُنی کرنا:
بے دھیانی:
آولی: (آو....لی)
لوہے کی چادر یا مٹی کا بنا پانی والا لوٹا جس
سے وضو کیا جاتا ہے:
آوا : (آ..وا.. )
اُڑتی اُڑتی خبر۔افواء:

## آ۔ہ

آہا: (آ...ہا)
افسوسی کلمہ (اخاہ)
آہر: (آہ...ر)
(ا ) بندوبست:
فکر، دلچسپی۔غور فکر
آہری: (آہ...ری)
(اہالی) جمع اہل کی، کام والے لوگ
صاحبان۔
بندوبستی (فکرے آلا بندہ)
(سوکاماں ہک آہری) اخ
آہڑک: (آہڑ.....ک)
ناپختہ:
نیا نیا ہل میں جوتا ہوا بیل یا گا :
آہلا: (آہ...لا)
طاق: دیوار میں بنا سوراخ:
چھوٹا موٹا سامان رکھنے کی جگہ:
مٹی کے چولہے کے ساتھ بنی انگیٹھی:

## آ۔ء

آئرن: (آء.....رن)
لوہے کی موٹی سِل:
جس پر لوہار بادان سے کُٹا کرتا ہے:
آ آ : لگے ہاتھ:
آ ترا: (ا .....ت......را)
اوتر۔بے اولاد:
(اوترے نا پُتر) گالھ
(اللہ کری اوترا ہوئیں) گالھ
"جنڈی کی فر بُور نا نہہ پئے

اوتر وے خصماں کھانڑیں
ہونڑیں سی ہک جنڈ پرانڑیں" نظم
(اوترے بندے نادل تھوڑا ہونڑاں)

آ ل: (آ ...ل)
جُھنجھناہٹ:
بچے کی دانت نکالتے وقت کی خارش
مسوڑھے رگڑنا۔ آ ل کرنا:

آ ڑاں: (آ ...ڑاں) (آ ڈاں)
مٹی کا ڈول جس کے دانے نکالنے
کے لئے سوراخ ہوتا ہے:
(آوڑاں) آنا:

آ : (آ...... )
(قضا) موت۔ مصیبت:
(جل توں جلال توں آ بلا ٹال توں)
(آ کی کُنڑرَ وکی سکڑاں؟) اخ
مصیبت ٹل سکتی (موت)
بے چارے نی آ اسے طرحے سی:
تہاڑی بدعا نال نا نہہ مرنا، مرساں
آ پڑیں آ نال (گل)
(آ چر کی آں پر پٹّی تکھ) اخ
لیٹ نکالنا:
(آ ) کرگزرنے کی حالت:
بندہ آ پڑیں آ ایرآ گچھے فُرئیں ڈرنا:

آ قضا : اللہ کی طرف سے (شاذ ونادر)
کبھی کبھار:

آ گئی: (آ گئی کرنا) مح
کسی بات کو سنجیدگی سے نہ لینا:

آ ئیں بائیں شائیں: بے سروپا بات۔
بے معنی، مہمل بات۔

آ : پہنچے (وقت اِنج ای آ تے جا )

(باقی صدیقی)

آ ئیں: (آ....ہیں)
جمع چیزیں۔ حاصل شدہ سامان:
(بکھیڑے)
(جتنیاں آئیں اُتنیاں بلائیں) اخ:

.................................................

## آ۔ے

.................................................

آیا: بس آیا کہ آیا (ابھی ابھی آیا)
(آیا) بچوں کی دیکھ بھال اور خدمتگار
عورت۔
(توں اس نی آیا لغی وی ایں؟) گل

آیا: (نا نہہ چاچا آیا نا نہہ چاچا گیا) اخ
حساب برابر:
گیا کی ضد۔

آیا گیا: مہمان وغیرہ (آتے جاتے لوگ)
(اتھے آیا گیا لغا ای رہنڑاں) گل

.................................................

## ا

.................................................

ا: حروف تہجی کا حرف۔
(الف اللہ چنبے دی بوٹی...)
(ہکو الف مینوں درکارنی...)
الف سیں پہلوں کہہ جھورتی.......
الف اکلا نا نہہ کو گھنڈی
(سلطان ظہور اختر)
(الفے اللہ) ننگ دھڑنگ:

.................................................

## ا۔ب

.................................................

**ابالا:** (اَبا...ل)
اُبلنے کی حالت:
(ابال) گڑھنے یا اُبلنے کی حالت:

**ابس:** (اَب...بَس)
بُو، بساند (طعنہ، غیرت)
(مہاڑی گلے نی فٹ ابس لغی گئی آ)

**ابساہی:** بے تابی، جلد بازی

**اُبلڑاں:** ابالا کھانا، جوش کھانا:
غصّہ کھانا، اٹھنا، ابھرنا:

**اَبو:** (اَبُو) باپ، والد:

**اُبو:** (اُب...بُو)
(نہ اُبو نہ سُبو) مح۔سُن مُن، مُنہ بَٹ:

**ابھ:** (ابھ ساہی) لالچ، جلد بازی:
(کہہ ابھ ساہی پئی وی آ)

## ا۔پ

**اَپ:** اوپر۔بڑا۔
(توں اج کل بہوں اپ ہو گیا ایں)

**اَپّر:** (اَپ...پَر)
(اُوپر)
اَپر کیوں نہیں تکڑاں یارا کیوں نہیں کُج
دِسناں (سلطان ظہور)
اَپر، اوپر کا حصّہ:
(آپڑیں گھڈے اپر چوہا وی شیر
ہونڑاں (اخ)
(اَپر اَپر) مصنوعی۔دکھاوا، کچا کم:
چھت، آسمان:
(اپری ہوا) نخرہ، تکبّر:
خلاء:
(بلنی اپر تیل باہنڑاں) اخ

**اپرتلی:** (اوپر تلے)
مسلسل، لگاتار:

**اپرچیت:** (اَپ...پَر) (چے...ت)
اچانک:
اپر چیتے نی موت (ناگہانی موت)
یکے بعد دیگرے۔

**اپرلا:** (اَپ...پَر...لا)
اُوپر والا، خداوند:
ظاہری، فالتو:
اَپرلا (نہلے پر دہلا)
ایہہ مہاڑے سوں وی اپرلا آ :

**اپرے آلا:** مولا، رب:
اَت چالاک آدمی:
(اوہ ساریاں سوں اپرے آلا آ)

**اپروں:** (اَپ...رُوں)
(اپروں اپروں) ظاہری
اچانک (اپروں پُلس گئی)
رشوت، اوپر کی کما :

**اپری:** اوپر والی:
(اپری مارناں) مح۔شیخی رنا۔

**اپڑناں:** پہنچنا۔

## ا۔پھ

**اپھارا:** (اَپھ...پھا...را)
پیٹ کا پھولنا، گیس تیزابیت:
(پھار پیٹڑاں)

**اَپھّل:** (اَپھ...پھل)
بے پھل، نکارا، نہ پھلنے والا۔بے اولاد:

## ا۔ت

**ات:** انتہا،خیر

**ات پت:** ہتھ پتھ (لالچ)

**اِتبار:** اعتبار،یقین:

عزت،پردہ:

**اَتا پتا:** (اتا) تابع مہمل۔مذکر

کچھ ایسے اشارے جن سے کسی چیز کا پتہ چلنے میں آسانی ہونا اور مدد ملنا۔

خبراطلاع:مقام،جگہ،معلومات:

**اُترا :** (اُت...را... )

نشیبی جگہ،ڈھلوان(لہا )

**اُتّر:** شمال۔

**اُترا :** کسی چیز کے اتارنے کی مزدوری۔

ڈھلوان۔نشیب۔

**اَتریہوں:** (اَت...رَہ...یؤں)

(اترسوں) گزرا ہوا کل اور پرسوں۔

**اتریہوں:** پرسوں۔

آنے والا کل اور پرسوں:

## ا۔تھ

**اتھر:** (اَتھ..تھَر)

اکھیاں ناں پانڑیں،آنسو،اشک:

آس ٹرٹی اکھیاں رویاں اتھر اتھر اتھر:

(جمع اتھروں)

(اتھر ہک) بہت کم۔ذرا سا

**اتھرا:** (اَتھ...را)

پُھرتیلا:

خودسر،بے قابو،منہ زو

**اَتھروں :** اتھر کی جمع (اتھروں)

(اتھروں سَٹڑاں) مح  نا،آنسو بہانا،غم کرنا (ٹسوے بہ )

(اتھروں بغانڑاں) مح  رونا،اشک بہانا:

تکلیف اور درد برداشت  نہ ہونا:

(اتھروں پونجڑاں) مح  دلاسا دینا،

صبر کی تلقین کرنا،حوصلہ  نا:

(اتھروڈوہلڑاں) مح  مچھ کے آنسو بہانا:

(اتھروڈُلڑاں) مح۔غم  سے رونا:

(اتھروں پینڑاں) مح  صبر کرنا،غم برداشت کرنا:

(اتھروسُکڑاں) مح۔ر  ختم ہو جانا،صبر آنا:

(اتھروں کیرناں) مح  رونا بند نہ کرنا،

ٹپ ٹپ رونا:

(اتھروں نکلناں) مح  درد یا تکلیف سے آنسو آنا:

(اتھروں چاڑھناں) مح۔آنسو واپس لے جانا:

**اُتھروں:** (اُتھ....رُوں)

کھانا کھاتے یا پانی پیتے سانس رُکنے کی حالت:

**اِتھوں:** (اِتھ....تُھوں)

(اِسّے جا سُوں) اں سے،اس جگہ سے:

**اُتھوں:** اس جگہ سے:

(اُتھوں ای) اسی جگہ سے:

(بندہ جتھے ٹھہنڑاں اُتھوں ای اُٹھڑاں)
(اخ)
"جتھوں کو روکے
اُتھوں مڑمڑ لنگے"
(باقی صدیقی)

**اِتھے:** (اِتھ...تھے)
،اسی جگہ، ہمارے پاس:
(اتھے کو لنگر نئیں لغاوا؟)
اِتھے ڈھولا اِتھے ماہیا
دو پل بہہ کے جاویں راہیا
(باقی صدیقی)

......................................................

## ا۔ٹ

......................................................

**اَٹ:** کنارا:
پانی کے بیٹھی ہو مٹی: کنوئیں کی
تہہ میں جمی مٹی:
(اَٹ) اَٹی ہو (فُل) بھری ہو :

**اِٹ:** اینٹ، چوکور پکی ہو مٹی کی سِل:
(اِٹ) تاش کے پتوں کا نام:
(اِٹ نی بیگی)
ساڈی کندے تے ماری آ اِٹ وے
(ل گ)
(اِٹ اِٹ کرناں) مح۔تفرقہ ڈالنا
(اِٹ اِٹ تے بٹہ بٹہ) مح۔خانہ خراب

**اِٹ کھڑکا:** لڑا جھگڑا، تکرار:

**اٹا سٹا:** جوڑ توڑ۔تبادلہ۔
"بُتے کی اُس قابو کیتا پھیری پھیری ہتھ
دل وی آخر اسے کھڑیالا کے اَٹا سٹا"

**اَٹکہا:** (اَٹ....کہا)
ڈک، ڈکا، رکاوٹ، روک:
(اٹکا) دیر:
(ہنڑ کہہ اٹکا آ)

**اٹکل:** طریقہ، پیچ:

**اُٹکلاں:** (اُٹ..ک....لاں)
اُچھلنا:
گیند کا ٹپہ کھانا:

**اُٹکڑاں:** (اُٹکناں)
اُچھل اُچھل کر چلنا: گیند کا ٹپہ کھانا:

**اٹو پٹ:** چوپٹ کھلا ہوا دروازہ:

**اَٹی:** (اَٹ...ٹی)
تہاگے نی اَٹی (لچھا)
سنگ اٹی نا کچا دھاگہ
گل گنے نا پھوک (نظم) باقی صدیقی

**اِٹی:** اِٹی ڈنڈا، گلی ڈنڈا (گلی)
(کتھے کھیڑاں اِٹی ڈنا؟) نظم اختر عثمان
وقت اجیہا ٹلا مارے
گاش چڑھے سدھراں نی اِٹی (نظم)
(باقی صدیقی)

......................................................

## ا۔ٹھ

......................................................

**اَٹھ:** (اَ...ٹھ)
(گن) چار+چار=آٹھ:
(اُٹھ سُرّی) (اُٹھاں سُراں آلی) آٹھ
سُر والی، سرگم:

**اٹھ ماہیا:** (اٹھوانسا) آٹھ ماہ کا بچہ:

**اُٹھ:** (اُٹھ) امر، حکم دینا (اُٹھڑاں) اُٹھنا:
(اُٹھ نا نہہ سکاں مِل مِل ماراں) اخ
(اُٹھ) اونٹ:

HØ$ \D'8I )- ) m98
E
[ )ŒË¢ŒE8 [– 8
- )D@
j ŒŒŒE0 j Ì 8
- 5 H º
<ŒŒŒE0 W8
- 5 HØ º
- )D@• y 98
)ŒŒ¢ŒŒ m 8
- ) º
- )D¶8 ¶98
- )DZ k Z k98
] n œ 8D@ 8 - 8
@I D 3 - )
} h •8) &8
8Ñ ) )4 Ÿ490 Ÿ 0
4 ß/ 4ã /
4ŒE • 8
• D8 Å § •N<
Ë • • V8 V9/ Ï /
i º Ÿ• i ¶
• Î € Uœé d£j /
£6[ Dx•V9/ ž /
d$ ÑÇ¢ m(m/
; Š •¢ •: p
8'Z E 'DH –
48 DZ µ o* 8
"Z I‹Z DZ I‹1 - /
A8
‹ •DÂV•I £ - /
• 8 • /
Y8W/ T8W/
•f8V 'f Wf549W
j k
' vf[ DET i )49W8
A8 Á DG /u
9ŒŒŒE0 ¦40
¢\ œ5
• œ #
œ¶DÅ < \jW8W cÅ DH
6ta2£ƒ
£Œ• E < W4• D }
u #<f8ñ W(Å DH
^œÅÁ 98
Uœê 6A848ñ ?WC 8
48ŒŒŒE0 4898
- 5 H' º
- )D@• ô y 98
¶ŒŒŒŒŒ ¶98
- 5 ¶ 0º
Z WŒŒŒŒŒŒ Z k98
- ) Z Ç º
ÅŒŒŒŒŒ Å98
- 5 I º
ÖÅ98
y ŒŒŒŒŒ y 98
- ) - • º

ہو سکے تے رکھی رکھ

سوہنڑاں اُٹھوراں بہنڑ..."

**اٹھواری:** ہر آٹھویں روز (تار... راٹھ)

**اٹھواں:** (اٹھواں د... اڑہ) آٹھواں دِن:

**اَٹھی:** آٹھ کا ہندسہ، تاش کا پتہ=۸

**اُٹھے پہر:** چوبیس گھنٹے:

.....

## ا۔ث

.....

**اثر:** تاثیر، پھل، نتیجہ (رس...)

(اثر قبول کرناں) مح

(اجے کلے نی لادی کو اثر ہی کو نئیں)

(اثر) سایہ، جن، بھوت:

**اُثے:** (اُث...ثے)

ڈھیر (اُثے مارے و...ے) مح

.....

## ا۔ج

.....

**اج:** آج:

(اج مویا کل دواد... اڑہ) اخ

اج لنگھ گیا

تے کل آسی

وقت اِنج ای

آ... تے جا... (باقی صدیقی)

اج فریاد آ... نیں وطناں تیرے کو کنڑ بیر

جاں ناں لیئے تاں جی آکھے جیبھ ہونٹھاں تے پھیر

(جسونت سنگھ وِنتا)

**اُج:** فکر (لاہمہ)

**اجو، اج:** (اَج...جو...اَج) کہیڑا اجو اج اے؟

آج ہی، اسی وقت:

کل کا نہ آنا، بھروسہ یا توکّل نہ کرنا:

**اُجیا پُجیا:** ہو بہو، ہم شکل، ہم مشابہ:

**اجاڑو:** (کبھار میے آ...)

(اجاڑو) فضول خرچ:

(اجاڑو) بربادی کرنے والا:

**اَجڑ:** (اَج...جڑ)

ریوڑ:

بھیڑ بکریوں کا غلہ:

**اُجڑ ناواں:** (اُجڑی گھنے نی بددُعا) خانہ خراب:

**اُجڑ کھیڑے:** بربادیاں۔ ویرانیاں:

**اَجڑ وانہہ:** (اَج...جڑ...وانہہ)

بھیڑ بکریوں کی طرح (ہجوم)

بڑی فیملی (جانوروں کا خاندان)

**اجوکا:** (اَ...جو...کا)

آج ہی:

(اجو کے د... اڑے) پھر اسی دن:

**اجی:** باوا (بڑا بزرگ)

"سردارو" اگی ناواڑہ

منگے اُچالماں لاڑا

منجی لغا "اجی" (باقی صدیقی)

ٹی وی ڈرامہ "وسناں پوٹھوہار" کا ایک

کردار:

**اجے:** ابھی تک:

(اجے تک) آج تک:

.....

## ا۔چ

.....

**اِچ:** (وچ) اندر، میں:

**اُچ:** سوچ، خیال (آہر)

ضروری، لازمی، تاکیدی گل:

**اُچا:** (اُچ...چا)
اونچا، نامور۔اعلیٰ، بڑا آدمی:
(اُچا چھکڑاں) مح۔مغرور ہونا:
ہل میں جُتتے ہو بیلوں کا سرا ٹھا کر
چلنا:
(اُچا سب توں اُچا) اخ
آگ پکڑنے والا ،موچنا:
(اُچا) ،عالم لوہار کا ساز:
اُچا سُنڑناں ایں؟ گل
بہوں اُچا ناں نہ ہو: گل
(اُچا) مذکر
(اُچی) مونث:
(اُچا شملہ) عزت وقار کا نشاں:
گُڑتا وی خاکی اے
شملہ وی اُچا اے
لا چاوی سُچا اے (باقی صدیقی)
**اُچا پُچا:** (اُچ..چا) (پُچ..چا)
اُس جیسا، ہم شکل، ہو بہو:
**اُچیا پُچیا:** ہُو بہُو:
**اچانڑ:** (اُچانڑ)
مچان (اونچی جگہ)
**اُچانیواں:** اونچا نیچا، ناہموار:
امیر غریب:
**اِچرَ ے:** ابھی تک، تا حال:
**اُچرے:** اس وقت تک:
**اُچڑّ:** (اُچ...چڑ)
پریشانی، بے سکونی۔تنگی (ٹینشن)
**اُچکا:** گنڈھ کپ، جیب تراش، چور:
(چور اُچکا چوہدری لُنڈی رن پردھان
(اخ)

**اچّن چیت:** اچانک، ایک دم:
**اَچی:** (اَچ...چی)
(اینٹھن)
ٹانگوں کی تھکن۔ وٹ۔درد:
**اُچی:** (اُچ...چی)
اونچی (گاش)
(اُچی ماڑی تے دُدھ پئی میں
رِڑکاں) (گ)
(اُچی) چھوٹا چمٹا:
(اُچی ذات اللہ نی) (اُچی شان)
(اُچی) بہوں اُچی، کلاس نی گل:
(اُچی سرگی) علی الصبح:
**اُچی لمی:** سرو قد (اُچی لمی زنانی)
**اُچے:** (اُچ...چے)
اونچے۔بلند مرتبہ:
(اُچے ٹبے شیراں ملے تھل ملے
مُرغایاں) س
**اُچیاں:** (اُچیاں) جمع
اُچیاں کنداں ڈک نہ سکن پُھلاں نی
خشبو (باقی صدیقی)
(اُچیاں نال یاری لانڑاں) مح
اُچے (اونچے لوگ)
**اُچیاں:** (اُچیاں لمیاں) جمع
(اُچیاں بانہہ کری کے رونڑاں) مح
(آہ وزاری کرنا) بین کرنا:
(اُچیاں لمیاں ٹاہلیاں وچ جندر چلے)
(باقی صدیقی)
بلند (بڑی شخصتیں) حثیت والیاں:
(اُچیاں) اونچے۔بڑے لوگ:
اُچیاں رنگ محلاں اندر

ڈُنیا، پیار دلاں نے
سونے نال وٹا ....(باقی صدیقی)

## ا۔ چھ

**اچھ:** (امر) آ
**اچھا:** (چنگا بھلا)
(للکار) اچھا! میں تکّی ملساں:
**اُچھا پچھا:** صحت مند (صاف ستھرا)
اس جیسا:
**اُچھالنا:** ٹپہ دینا:
بھڑکانا۔ نشر کرنا، عزت خراب کرنا:
**اچھاں:** آ ں:
پکا ڈیرہ لا کہنھاں میں
مُڑی کے اُتھوں کدے نا نہہ اچھاں"
(باوا عارف ادیب)
**اچھڑاں:** (اشناں) "چھ" اور "ش" کا تبادلہ:
**اچھڑاں:** (اَسناں)
(تہاڑا اسناں ای کافی آ)
پہلوں اچھڑیں سی ہُنڑ گھڑیں
**اچھنڑ:** (اچھنڑ)
آنے کا عمل:
(کیاں نا نہہ اچھنڑ) کیوں نہ آئیں؟
(اچھنڑ دے) آنے دے:
(اچھنڑ پئے) آئیں:
(اچھنڑ گچھنڑ) آنے جانے کا عمل:
**اچھو:** آ، بسم اللہ "تعظیما" جی آیاں کی:
(اچھونا) آ نا:
**اچھُو:** (اچھو) ایک نام :
**اچھی کے:** آ کر

**اچھی پڑچھی:** (پ.....ڑ چھ....چھی)
(اچھی پڑچھی ناں) ہر دلعزیز:
جو سب کو پیارا لگے (اکلوتا)
**اچھے:** صحت مند۔ اچھے بھلے (نیک)
صاف ستھرے:
(دانڑیں اچھے کرنا) دانے صاف کرنا

## ا۔خ

**اخ:** (بھا) مذکر
**اختا:** (اختہ یا آختہ) خصّی کرنا، بدھیا کرنا:
(اختہ بیگی) خصی کرنے والا۔
دُکھی، مجبور، لاچار:
**اخوانڑاں** (اخواناں)
کہلانا (کسی کے طوسّل سے بات کرانا)
**اخوں:** کھنکارنے کی آواز۔
**اخے:** (تخے) مطلب یہ کہ، برا توجہ:
بات کرنے کا انداز، تکیہ کلام:
**اخیر:** آخر، نتیجہ:
پچھلی عمر:
قیامت:
انتہا، حد:

## ا۔د

**اد:** (آدھا)
**ادل بدل:** (ادلہ بدلہ) ادلی بدلی، تبدیلی
وٹہ سٹہ:
**ادوں جیاں:** تب تک

## ا۔دھ

**ادھ:** نصف (فصل کا آدھ) آدھی کما ،
آدھا منافع:
(ادھ ادھ سا نڑیں مانہہ پیاں پھلیاں
(اخ)
(ادھ کرنا) نصف کرنا (بانٹنا) فصل کی
تقسیم:
(ادھ برتا) ادھورا کام:
(ادھ گل) نیم گلی چیز:
(ادھ سیرا) سیر کا نصف:
(ادھ باہی) آدھے پر زمین کاشت
کرنا:
(ادھوادھ) آدھا آدھا، برابر تقسیم:
(ادھ کھڑ د) کچھ حصّہ، جزوی، بچا کُھچا:
(ادھ رھاڑاں) پرانا، استعمال شدہ،
کچھ عرصہ پہنا ہوا کپڑا:
(ادھ گل) نیم پُختہ (آدھا گلا ہوا)
(ادھ رِڑکا) ادھ بلویا دہی، جس میں
مکھن نہ نکلا ہو: کچھ دودھ ملا کر بلویا ہوا
دہی: وب (مِلک شیک)
(ادھ مویا) نیم مردہ:

**ادھا:** ایک کا آدھا حصّہ (1/2)
کمزور:
(ادھا ہونڑاں) بازو یا ٹانگ کا کٹ
جانا: معذور ہوناں:
(ادھا کھانڑاں ادھا ٹنگڑاں) اخ
نوابی عادت:
ادھا۔ ایک چیز کے دو حصّے:
(ادھا پھانڈا چھلکڑاں) اخ
کیہ رگڑ یندی کیہ کھسکیندی ادھا
پھایا جا گدا (کہانی کا کردار) ا
(ادھا رہنڑاں) سیر نہ ہونا، بھوکا رہنا:

**ادھالا:** اغوا کا کیس (کُڑی کڈھنی)

**اُدھڑناں:** ٹا کھلنا، بخیہ ادڑھنا، دھاگے نکلنا:

**ادھکا:** آدھا، نصف۔ آدھا گلاس:

**ادھکڑ:** درمیانی عمر کا، نہ بوڑھا نہ جوان:
(نکا وی چنگا بڑا وی چنگا ادھکڑ حرامی)
(اخ)

**اُدھلناں:** عورت کا کسی یار کے ساتھ بھاگ جانا:
(اُدھلیاں کی داج کو نئیں دینڑاں)
(اخ)

**اَدھواناں:** مدھاڑاں (تربوز)

**ادھوں:** جب۔ اس وقت:
(ادھوں اپر) نصف سے اوپر:
"جدوں لبھڑاں سی ادھوں کھادائیں
ہُنڑ بہی کے مٹی پھکو یں آں"
(عارف ادیب)

**ادھوادھ:** فِفٹی فِفٹی (نصف)

**ادھواڑ:** ٹوٹا چاول: مکس یا دلا ہوا اناج:

**ادھ راتا:** شب کوری:
دکھا نہ دینے کی بیماری (نظر کا کم ہونا)

**ادھوں ٹپڑاں:** آدھے سے زیادہ سفر طے کرنا:

**ادھی:** نصف، آدھی آدھی (ادھی ویلے، ادھی
چھٹی)
ہاف ٹا :
(ادھی ادھی راتیں اسناں او مہاڑیا
ماہیا) ما
"ادھی ادھی راتی اکھ کُھل کُھل جا نی

اوپری بہار آ میں نانہہ سیانڑنی"
(باقی صدیقی)

**ادھی راتی:**(منہ اندھیرے)

**ادھیا:** آدھا، آدھی بوتل، شراب کا ایک حصہ:

.................................................................

## ا۔ڈ

.................................................................ا۔ڈا

**اڈ:** کھول (امر)

(اڈیاوا) کھلا ہوا:

**اُڈ:** (اُڑ) امر:

اُڈوے کالیا کاواں
جتھے میرے ٹھول سپاہی داناواں (ماہیا
اُڈ ی اغلی ٹھیری: کپت

**اڈپھس:** ضِد بازی (اڑپھس)

**اڈا:** پالتو چڑیوں کے بیٹھنے کی بیٹھک۔ جالی کاڑھنے اور کارچوبی بنانے کا چوکٹھا۔ رکشا اور ویگن کھڑی کرنے کی جگہ۔

**اڈار، ڈار:** غول، پرندوں کی ڈار:

**اُڈارناں:** اُڑانا، کبوتروں کی بازی لگانا: خرچ کرنا، لٹانا (پیسے ڈارناں)

**اُڈارناں:** اڑانا (فلا کرنا)

**اڈاری:** اُڑنے کی حالت، پرواز، اُڑان:
(تاڑی مار اُڈانہ باہوا ساں پے اُڈن
ہارے ٹھو)

(اُڈاری مارناں) جدا ہونا، پردیسی ہونا دور چلے جانا:

**اُڈرناں:** پرواز کرنا:
(اُڈرنے بازے نے پر کپڑاں) مح شاطرپن، چالاکی:
اُڑنا، ہوا میں تیرنا۔ پرواز کرنا:
(اُڈریا پھڈریا) حیران پریشان:
(اُڈاراناں) اڑانا:
(گڈی اڈارناں) پتنگ اڑانا:
(اُڈرنی اُڈرنی) اڑتی خبر، افواہ،

**اُڈرناں:** نکل جانا، فیل ہونا۔ غائب ہونا:
(وچوں اُڈری گیا) نکل گیا، غائب ہوگیا: (ڈی لیٹ ہونا)
(اُڈرناں پھرناں) خوشی کی لہر میں گھومنا پھرنا، بہت خوش نظر آنا:

**اُڈریا پڈریا:** حیران پریشان:

**اڈا :** اُڑانے والا، کھلے خرچ کرنے والا، خرچیلا:

**اَڈّا:** پکا ڈھیرا، ا بیٹھنے کی جگہ، تانگوں اور بسوں کا اڈہ (لاری اڈا) سٹینڈ:
(اڈالاڑاں) ضد بازی کرنا:
(اڈاچھوہڑاں) شرط پوری کرنا، ٹالنا: خانہ پوری کرنا:
(اڈادیڑاں) ٹانگ اڑانا:
(اڈا) چوکھٹا، گوٹے کناری کا اڈا: چوگاٹھ:
سیڑھی کا زینہ:
(مُنہ اڈا) کُھلے مُنہ والا۔ بھوکا۔ لالچی (بُگھا)

**اُڈنڑ:** (اُڈنڑ)
اُڑیں (شرطیہ) اگر اُڑیں:
(فعل جاری) محوِ پرواز:

**اڈناں:** کھولناں:
(منہ اڈناں) منہ کھولنا:
(منہ اڈی گلاں کرناں) بد ی کرنا:

(پھیلانا)
(چھولی اڈناں) جھولی پھیلانا (مانگنا)
**اڈواڈ:** مقابلہ۔ضِد بازی:
**اڈواڈ ہونڑاں:** مقابلے میں اترنا:
**اڈہ لانڑاں:** ضِد باندھنا (ڈٹے رہنا)
**اڈِیاں پہار:** تیاری حالت، پرتولے ہو :
**اَڈناں:** کھولنا، کُھلا کرنا، پھیلانا:
(جھولی اڈناں) مانگنا:
**اڈن کھٹولا:** اڑن کھٹولا، بیلون، ہوا جہاز:
**اُڈنی:** اُڑتی ہو :
" گلی گلی نی اُڈنی مٹی
ں پھک نہ سکاں"
(باقی صدیقی)
**اڈکھوڑا:** ٹھوکر، (ٹُھڈا) اڈی کھوڑا:
"اگے ٹُرنیاں ٹُرنیاں نہ تک پچھے ٹُھسیں
اڈی کھوڑا ایسا لگسی کُپر پھھنی بہسیں"
(سلطان ظہور)
**اڈہ بنہ:** حد حساب، شمار (حد حدود)
" کُتھے کھیڑاں اِتّی ڈَنہ
نظر نہیں اسناں اُڈہ بنہ" (اختر عثمان)
**اڈی:** (ایڑی) کھلی ہو ، کھلے منہ والی:
پا ں کا پچھلا حصہ
جوتے کی ایڑی:
(اڈی) کھولی
(اڈی کے) کھول کر
(چھول اڈی کے دعا یا بد دعا دینڑاں)
(اڈی نہ لانڑاں) مح۔پیاں پہار ٹُرناں
دیر نہ کرنا: خوشی نال ٹُرناں:
(اڈیاں) جمع
(اڈیاں رغڑناں) مح۔ایڑیاں رگڑنا۔

صاف کرنا: منت سماجت کرنا؛
تڑپ تڑپ کر مرنا:
انتہا کوشش کرنا، مر کر حاصل کرنا:
(اڈی مارناں) مح۔نخرہ کرنا، جوہر دکھانا
جوانی کا نخرہ۔ایڑی مار کر چلنا۔
(اڈی لانڑاں) گھوڑے پر بیٹھنا:
**اڈی ٹپا:** بچوں کا ایک کھیل، اچھل کود، گھوڑی ٹاپا
آرام سے نہ بیٹھنا، اڈی ٹپالا رکھڑاں
(اڈی نہ لانڑیں) مح۔ایک منٹ کیلئے
نہ بیٹھنا۔
جلد بازی، چلتے چلتے:
**اڈے:** (اڈے لاڑاں) مح۔مقابلے کرنا
برابری کرنا، رکاوٹ پیدا کرنا:
(اڈے چاڑھناں) مح۔قابو کرنا، بے
بس کرنا:
**اڈیک:** انتظار، آس:
**اڈیک وانڑ:** (اڈیک وانْ)
(متمنی شرکت)
**اڈیکڑاں:** (اُڈیکناں)
انتظار کرنا، امید رکھنا۔
راہ تکھڑاں، آس لانڑاں:

## ا۔ر

**ارّا:** شو نخرا (سجاوٹ)
(ارا کڈھناں) مح۔شو بنانا:
**اَرار:** اسطرف، اس کنارے پر، اِدھر:
**ارتر:** ضِد بازی (چقپلش)
**ارشہ درشہ:** نخرہ (سوہج)
خوشامد۔آ بھگت۔استقبال:

**اَردلی:** کسی عہدے دار کا ص چپراسی
خدمت گار، تابع دار، ماتحت۔

**اُرلا:** اسطرف کا، ادھر کا:

**اَرلی:** پریشان کی حالت:
(ارلی چاڑھناں) مح

**اُرلی:** اس طرف والی (مونث)

**اُرلے پرلے:** لوگ، بندے۔ آنڈھی
گھوانڈی:

**ارمانی:** افسوس، پچھتاوے کی حالت:

**ارّہ:** شان (نخرہ) تاج وغیرہ:
(مکان چاڑھے س پر ارہ کڈھی چھوڑیا
س)
(اَرّہ کڈھناں) مح۔ کمال کرنا:

**اُرے:** اِدھر:

**اُرے پرے:** ادھر اُدھر۔ آگے پیچھے:

**اریرے:** قریب تر، اور نزدیک:

**اَرھیوں:** سرسوں کی طرح تیل دار جنس:

**اُریوں:** تھوڑا اس طرف سے۔ اور نزدیک
کولوں، نیڑیوں:

---

## ا۔ڑ

---

**اڑ:** ضد۔
قبض جو بچوں کو غذا ہضم نہ ہونے سے
ہو۔

**اڑا:** (اڑا) قبض:
(اڑا) اڑپھس:
اٹکا، قبضی، رکاوٹ:
دیر، وجہ:
(اڑا پینڑاں) کام میں دیر ہونا:
(اڑا اپٹناں) مح

**اڑا :** فضول خرچ۔

**اڑک:** سوزش۔ چُبھن:

**اڑکڑاں:** کھٹکنا، نظروں میں آنا۔
اٹکنا، اَڑنا (اکھیاں اِچ اڑکناں)

**اَڑناں:** رُکنا، ٹھہرنا:
اُلجھنا۔ ضد بازی کرنا:
(جسرے کھوتا پانیے کی تکھی اڑی گسناں
پھنسنا:
(کنڈیاں نال چیلا اڑناں)
اُلجھنا، کانٹوں کے ساتھ اڑنا:
ضد یا مقابلہ کرنا:
اپنی جگہ پر قا رہنا:

**اُڑناں:** پرواز کرنا:
تول سے فالتو (زیادہ وزن)
ترازو کا جھکا:

**اڑنگ بڑنگ:** (اڑنگ) گُنجھل۔
(بڑنگ) مہمل۔ بے سروپا باتیں
بے ترتیبی (گُنجھل)

**اڑنگا:** (پیچیدگی) اٹکا، رکاوٹ (الجھن)
(اڑنگا باہنڑاں) مح۔ الجھن ڈالنا:

**اڑووّا:** (اڑواڑ)
کچے چھت کو سہارا دینے والی لکڑ۔
اٹکی ہو چیز:
کچا آسرا، بے بنیاد:

**اڑوت:** ضدی، خودسر، بے عقل:

**اُڑنے:** فالتو (بھاری)

**اَڑی:** ضد، بچے کا رونا، اڑی کرنا، بات منوانا:
(اڑی وی) ٹھہری ہو )
(اڑی دڑی) گئی گزری۔ کمزور سہارے

پہ کھڑی۔گرنے پرآ ہو چیز۔

**اڑنی:** لاگت بازی:

**اُڑنی:** (اُڑنی اُڑنی)اڑتی اڑتی خبر:
(اُڑنی)جُھکی ہو :
(اُڑنی تھہارتکھڑاں)مح۔بھاری پلہ
دیکھنا:(اُڑناپاسا)
(ترازوکی بھاری سمت)

**اَڑیا:** بلانے کاانداز:
(او )مونث(اڑیے)
پھنسا(گڈااڑیا)
(کم اڑیاوا)رُکاہوا۔کام کا پھنسنا:

**اُڑیاتُھڑیا:** مجبورمحتاج(تنگ پھنگ)

**اڑے:** سہیلیو،ہم عمرلڑکیوں کوآوازدینے کا
انداز:
خشک بالوں کاالجھا
(اڑےکڈھناں)بال سنوارنا

**اڑیال:** ضدی(اڑی کرنے والابچہ)
فصلوں میں پڑنے والے عادی جانور۔

**اَڑے:** الجھےہو بال،اَن گھندےبال:
(اڑےکڈھناں)بالوں کےگنجھل
نکالنا:

**اڑھے:** (اَڑم)ڈھیر،انبار۔
(اڑے چاڑھناں)مح۔ڈھیرمارنا:
ہرچیزےنیں اڑے چڑھےوے:

.................................................

## ا۔ز

.................................................

**ازلوں:** (ربوں)اپروں لخی وی:
(تقدیر)اللہ کی طرف سے:
"ازلوں چلے میں تے تُو
فِروی کلھے میں تے تُو"

**ازمانڑاں:**(ازماناں)
آزمانا۔ پرکھنا،ازمائش کرنا،امتحان
لینا:

.................................................

## ا۔س

.................................................

**اَس:** اساں،اس لوگ،ہم،ہماری ذات:

**اِس:** اشارہ قریب۔یہ،یہی
(اِس کٹےکئی چیترکٹے)اخ
(اِس توں اگےدندی اے)مح

**اُس نی:** اُس کی:
(اُس نیاں کرنیاں ایہہ اساں نیاں
کرنیاں ایہہ)اخ
"کسی وچوں فزریں
لبھی اس نی لاش
دادوہک بدماش"
(باقی صدیقی)

**اَس کُنج:** باپ دادا۔شجرہ نسب:

**اَس بلیس:** اس بلیس ٹھنگا باہی تماشہ دس:
(سوال)
(فلانی چیزکُتھے اے؟)ب کھ

**اُسےطرے:** اسی طرح،اسکی مانند:

**اُسا:** (اُبھراہوا)
گھاس یاسبز پتّے کاڈھیر۔
(فلانی چیزےنےاُسے لغےوے)
ایک ایک کرکےزخیرہ کرنا(اُسے
چاڑھنا)

**اسارانا:** کھڑاکرنا،تعمیرکرنا۔
اینٹ دراینٹ دیوارچڑھانا:

**اَساں:** ہم،ہم لوگ:
اساں کمبلی والے نے جا کر آں
(سلطان ظہور)
اساں مسکین بندے تُساں اُچیاں
جائیں لوڑو(ماہیا)

**استادی:** ہوشیاری(استادی کھیڑناں)مح

**اَستر:** رضا کے نچلے حصّے کا رنگ کیا ہوا عام کپڑا:
رضا کے غلاف کا نچلا حصہ(پاسا)

**اَسپنج:** (اَسفنج)
سمندری جھاگ(فوم)

**اِسرے:** اس طرح سے۔

**اُسرے:** ویسے،اس طرح سے۔

**اُسلی:** پیڑھی کے بازو:

**اسم گول:** اسپغول:
(اسم گول کُج نا نہہ پھول)مح

**اسمانڑ:** (آسمان)
(اسمانڑے نا تھکیا مونہے اپر)
(اخ)
(اسمانڑے کی ہتھ باہنڑاں)مح
(اسمانڑ سرے اپر چانڑاں)مح

**اُسناں:** (اُگسنا)
ابھرنا۔پھولنا۔

**اسوہ:** ایک نام(مونث)
دیسی مہینہ۔

**اسی:** (گن)۸۰:
چوکور چیز کا کونہ:

**اُسّی:** اُبھری:ڈبل روٹی کی قسم:

**اَسّے:** اسے کتیو(دو دیسی مہینے)

**اِسّے:** اسی نے:

**اِسے کِدیوں:** اسی لئے:

**اُسَے:** اُسے سارا کم بگاڑیا:
(اُسے نیاں جُتیاں اُسے نے سر)اخ

**اُسّے:** ڈھیر(اُسے چڑھے وے)مح

**اسیو:** دیسی سال کا ساتواں مہینہ(اسوج)

---

## ا۔ش

---

**اشکے:** شاباش، بلے، واہ بھئی واہ:

**اشکر:** (اکثر)آخر۔مختصر:

**اُشکلا:** اُشغلا:
نئی بات(اختراع)
(اُشکلا پڑاں)مح

**اشناں:** آنا(میں ہنڑے اشناں آں)گل

**اشنا گشنا:** آنا جانا(اشنا گشنا بولی پوٹھوہارنی اے (ع)

**اشنیوں:** آتے ہو :
(اشنیاں گشنیاں)آتے جاتے:
(اشنے پئے)آرہے ہیں:
(اشنے رہنڑ)آتے رہیں:
(اشنیاں اشنیاں)آتے آتے:

**اشنا:** تعلق داری)یاری دوستی:
(نیچاں دی اشنا کولوں فیض کسے نہ پایا)س

---

## ا۔ص

---

**اصیل:** جڑ،اصل،سچا،نچوڑ،ست،،عرق:
نسل کا پکا آدمی۔
اصل کولوں خطائیں تے بد نسل کولوں وفا

نئیں :اخ
خاندانی، ۔
مرغے کی ایک قسم:

......................................

## ا۔غ

......................................

**اِغرا:** (اِکہرا)
جس میں دو نہ ہو، سیدھا سادھا،
ایک تہہ کا، سنگل ۔ ایک پلہ:
سادہ آدمی (سٹیٹ فارورڈ)

**اُغرناں:** (اُگرنا)
کنوئیں کا صاف ہونا۔
ڈرانا۔ دھمکانا:

**اُغل:** اگل (امر) دور ہو:

**اغلا:** (اگلا) ۔ آگے والا (اگلا پچھلا)
(مھاڑا اغلا) گالھ
(اغلا لانڑاں) مح۔ چلتا بننا:

**اغلانڑاں:** (اغلاناں)
اونگھنا (غنودگی کی حالت)

**اُغلڑاں:** (اُغلناں)
اُگلٹی (رنگ چھوڑنا)
قے کرنا۔ اُلٹی کرنا: بات اُگلٹی:

**اُغلوانڑاں:** (اُغلواناں) قبولی کرانا:

**اُغلغوڑاں** (اُغلغوناں)
کافی۔ بہت کچھ، ڈھیر سارا:

**اغلی:** اگلی۔ والی:
(جھی سلا باہی اغلی لوگما ) اخ
(اغلی نسل) آنے والی نسل:
(اغلیاں) جمع
(اغلیاں کھبنڑ پچھلیاں تریہنڑ) اخ

**اغلے:** (اگلے) اغلا کی جمع:
(پچھوں آ ہور جناں اغلے دتے ٹور
(اخ)

......................................

## ا۔ف

......................................

**اُف:** ناخن میں جمی میل ۔ ذرہ برابر
آہ، او سی ۔ درد کی آواز
(اُف مھاڑیا اللہ)
ما پیو کی اُف تک نا نہہ کرو

**اُف تڑُ ف:** (اُف اُف کرنا) گرمی محسوس کرنا:
بے چینی، اضطرابی حالت:

**اَفرا :** غیر معروف آدمی (فالتو)
بے وارث ۔ بے خصمہ:

......................................

## ا۔ق

......................................

**اقبالیا:** جُرم قبول کرنے لا:
(قبولناں) جرم قبول کرنا۔
(اقبالناں) جرم قبول کروانا۔
(اقبالی ہونڑاں) جرم قبول کرنا:

......................................

## ا۔ک

......................................

**اَک:** آک:
برگد کے پتوں جیسا دُھدل کڑوا پودا:
کڑوا بوٹا (اکاں نے ڈوڈے) بیج
(اکاں) جمع
چار چفیری نھیرا آیا کالے تمبو تانڑیں
اَکاں نے پر چھاویں کولوں ڈرنا مھاڑا

ہانڑیں۔۔۔شیراز طاہر
(بےشرمے نے ٹُھو ایراُک جمیا
یار چھامیں بہسن )اخ
(نرو ٹُھو وچ اُک دَھونڑاں)
(اخ)
(دَھوہڑاں) نچوڑنا۔قطرہ قطرہ نکالنا:
(امب چاہے نیں پھاویں اکاں نال
پیئڑ)اخ

**اِک:** (گن)(1)
(ہِک)ایک
(اِک پاء)ایک پا :
(اِک اکھی نال تکھڑاں) سب کو برابر
سمجھنا:
(اک پاسے ہونڑاں) اتحاد کرنا،متفق
ہونا ۔دھڑے بازی کرنا:
(اِک مک) گوہڑے دوست، گہرے
ساتھی:
(اک مٹھ ہونا) مح۔ایک جان ہونا،
آپس میں ایک ہونا:

**اِک دوآ:** ایک دوسرا:
**اِکا:** ایک کا ہندسہ، یکہ:
**اُکا:** بالکل، ہرگز، قطعی:
**اُکا تُکا:** (اُک تُک) لم سم:
بغیر بارگیننگ کے:
"جِنہاں نا پہاء کدے ہویائیں سا
بکڑیں اُکے تُکے تکے"
(عارف ادیب)

**اکابری:** قابلیت، بڑاپن:
**اِکادُکا:** کو کو ،خال خال (ٹاواں ٹاواں)
**اکاڑاں:** (اکاٹاں)
تنگ کرنا:
**اکاسی:** (گن) اسی+ایک=۸۱
**اکانوے:** (گن) نوے+ایک=۹۱
**اکاہٹھ:** (گن) ساٹھ+ایک=۶۱
**اک پاسا:** ٹیڑھا، ایک طرف جھکا ہوا
ایک طرفہ، طرف داری:
**اکتارا:** باجا، تومبا، ستار:
**اِکتالی:** (گن) چالیس+ایک=۴۱:
**اِکتی، ہِلتّی:** (گن) تیس+ایک=۳۱:
**اِکٹھ:** مجمع، جلسہ، جوڑ میل، بیٹھک:
**اُکرے:** حرف (ٹوکے) اکھر:
**اَکڑاں:** (اُکتانا)
تنگ آجانا، طبیعت اُچاٹ ہونا:
اُکتا جانا:
**اکڑ** : اکڑا ۔جما (سُستی)
اکڑ چڑھی وی:
(اکڑ پنھاں) جما لینا:
**اکڑیواں:** آکڑ۔بِس:
درد۔اینٹھ:
ران یا بغل میں جمی گلٹی کا درد (اکڑ)
**اکلھا:** (کلھا) ،اکیلا:
(کمزور)
واحد (خدا کی ذات)
(بہواں نال فرشتے کھلے نال خدا) اخ
**اکلھی:** ،اکیلی:
"جند اکلھی دُکھاں کہیری
جاواں کیہڑے پاسے" (سلطان ظہور)
**اکہتر:** ستر ایک (اکہتر)
**اِکی:** بیس اور ایک (اِکّی)
**اُکی:** حصہ (کھیل میں شامل ہونیکی شرط)

گولی یا اخروٹ:

**اِکّے ، ہکّے:** آخری بات (ہکّے گل)

اول، صرف ایک:

**اِکواری:** ایک دفعہ، ایک دن کا قصّہ

(اک واری نی گل اے) اک واری کہہ

ہویا؟

**اکہتر:** (گن) ستر + ایک = ۷۱

**اَکے وے:** اکتا ہو :

**اِکے نج:** مِلے ہو (ساتھی)

**اِکے:** (ہکے) اِکے اللہ:

.....................................................

## ا۔ کھ

.....................................................

**اَکھ:** نین، آنکھ، چشم:

"اکھ نا نہہ مل

ما نہہ نا نہہ چھل

میں جانڑاں ہر گل" (باقی صدیقی)

(اکھ رکھڑاں) مح۔نظر میں رکھنا:

(ہِٹ لِسٹ)

(مونہہ کھا تے اَکھ شرما) اخ

(اکھ پھر کڑیں نا نہہ مِلی مونہے اچ

رہیا گراہ) اخ

(اکھ دُخڑاں) آنکھ خراب ہونا:

(اکھ مارنا) شرارت کرنا:

(اکھ اپرنا نہہ نہ چانڑاں) فرماں برداری

کرنا:

(اکھ لغڑاں) سو جانا (عشق ہونا)

(اکھ کڈھناں) آنکھیں نکالنا (غصہ

ظاہر کرنا:

(اکھ کھلناں) جاگنا (بیدار ہونا)

(اکھ پٹنا) آنکھ کھولنا:

اکھ پٹ لہورا ای:

(اکھ لانڑاں) ہلکا سا سو جانا:

میں ذرا اکھ لا کھناں:

(اکھ جُڑناں) آنکھ لگ جانا:

(اکھ کھولناں) ہوشیار ہونا:

(اکھ میٹناں) بند کرنا۔

ختم ہونا (مرنا)

(اساں جان کے مِیٹ لئی اکھ وے) گا

آلو اور کماد کی پھوٹنے والی جگہ:

(اکھ چِمکنڑیں وچ) ایک پل میں:

آنکھ کے جھپکنے میں:

**اکھ سجاخی:** مستقبل پر نظر رکھنے والی آنکھ:

**اَکھا:** بڑا سوراخ، کُھلا ہوا منہ۔ طاقچہ (ہلہ)

بَورے نا منہ:

بڑی اکھ:

**اکھاں:** (اکھاں) آنکھ کی جمع، آنکھیں:

دیدے:

(اکھاں اَسنیاں) آنکھوں کا دکھنے پر

آنا۔ آنکھیں خراب ہونا۔ ۔

(اکھیاں نال گلاں کرنیاں) چالاک

ہوشیار اشاروں اور کنایوں میں بات کرنا

(اکھیاں اَگے پھرنا) ہر وقت یاد آنا،

تصور میں رہنا:

(اکھیاں کھولنیاں) روشنی کرنا، عقل اور

سمجھ عطا کرنا، دنیا دکھانا آنکھوں سے

پٹی دور کرنا:

**اِکّھر:** حرف (اکھر اکھر موتی) امجد علی بھٹی

**اُکّھر:** (پریشانی)

(اُکھر دینڑاں) بے جا تنگ کرنا۔

**اکھانڑ:** ضرب المثل،آزما ہو باتیں:
بزرگوں کے قول:

**اُکھلناں:** اُجڑنا اُکھلناں۔مہاجر ہونا،گھربار
چھوڑنا:جنہاں نے پچھے گھر باہر کھولے
ہو گھنڑ:

**اُکھلی:** (گھانی) کولہو:
(اُکھلی اچ سر دِتا مَو ہلے نا کہہ ڈر) اخ

**اَکھیں:** (اکھ...َکھیں)
آنکھیں:جمع
(اکھیں کڈھنیاں) مح۔غصے سے دیکھنا
منع کرنا(دُو واری تخیا ای تے اکھیں
کڈھی کھنساں) للکار
(اکھیں اِچ باہنڑے جوگا نا نہہ ملناں)
(اخ)
(شاہ درو ،اکھیں دیئیں ہمیش) دعا

**اَکھے:** مکھے ۔تے (بلانے کا انداز) تے ایہہ
گل ہو :

**اکھیاں:** آنکھیں (جمع)
(اکھیوں دِسناں نہیں ناں نُور بھری) اخ
(اکھیوں انّھی ناں روشنا ) اخ
(اکھیاں وچ لُونڑ باہڑاں) مح
(اکھیاں کڈھنیاں) مح۔آنکھیں
نکالنا،باز کرنا۔روکنا،بچوں کو آنکھوں
کے اشارے سے منع کرنا:
(اکھیاں چوں کڈھناں) مح۔نظر لگانا
(اکھیاں مارناں) مح۔شرارت کرنا
(اکھیاں اگے چربی چڑھناں) مح
(اکھیاں انھیاں ہونڑیاں) مح
(اکھیاں نے پار گھار ساخورے کدھر
گیا) نظم (الِ عمران)

(کُھلیاں اکھیاں نالا لچ) مح
(اکھیاں متھے اپر رکھڑیاں) مح۔بدلحاظی
کرنا۔
(اکھیاں پکڑیاں) مح۔آنکھوں کا لال
ہونا:
(تخی تخی اکھیاں پکی گئیاں) انتظار کرنا:
(اکھیاں مارناں) دل نا، پھسلانا،
یاری لگانا۔جھوٹ موٹ۔
(اکھیاں بدلانڑاں) بے وفا کرنا
،بدل جانا،رُخ موڑنا:
(اکھیاں نوٹناں) کا غلبہ طاری ہونا،
(جہان چھورنا)
(اکھیاں ملانڑاں) آنکھیں چار کرنا:
(اکھیاں اسنیاں) آنکھیں دُکھنا:
(اکھیاں بُن کرنا) شرمانا،تابعداری کرنا
(اکھیاں کُھلیاں) جیتے جی:
(اکھیاں کھلنیاں) حیرت زدہ ہونا؛
(اکھیاں کُھلنیاں) باخبر ہونا:
(اکھیاں تاڑے لغڑیاں) سوچوں میں
گُم رہنا:
آخری وقت،نزع کا عالم:
(اکھیاں لانڑیاں) اَکھ مٹکا کرنا:
آنکھیں لڑانا،عشق بازی کرنا:

## ا۔گ

**اَگ:** آگ،آتش
پھانبڑ ٹھڈا ٹھار
تتی اگ ہوا" (طارق مسعود)
سخت گرمی،گرم چیز (اگ بنڑی وی)

غصّہ، جلن (اگ پھری وی سی)
(اگ لغیوں مینہ نئیں بہرناں) اخ
(اگ منگنڑآ کھرے نی مالک بنڑی گئی) (اخ)
(جیہڑا اگ کھانڑاں اوہ انگار ہگڑاں) (اخ)
(اَگ بالناں) آگ جلانا، روشنی کرنا:
انتہا پریشان کرنا:
(مہاڑے سرے اپر اگ بالی وی سی)
(اَگ پھکڑاں) مح۔ انتہا نڈر ہونا۔
بے پرواہونا:
(اَگ سیکڑاں) آگ تاپناں، سردی میں گرمائش حاصل کرنا:
(اَگ لانڑاں) غصہ چڑھانا۔ دشمنی پیدا کرنا: فضول خرچ کرنا:
(پیسیاں کی اگ لا وی س)
(جانی کی سُکھ نئیں تے دولتے کی اگ لاں)
(ٹھو کی اگ لغڑیں) مح۔ آگ بگولہ ہونا:
(اگی اپر پانڑی پینڑاں) مح۔
فوری آرام آنا:
(سرے اپر اگ بالناں) انتہا پریشان کرنا:
دُکھ دینا: شرارت کرنا، فساد کھڑا کرنا:
(بلنی اگی اچ کو نئیں پیر تھرناں) اخ
بوجھو نے پیر سڑے تے اس آ پڑیں بچے اگے کری چھوڑے (اخ)
"اج نے سہاگے وچوں
کل نی انگاری کڈھے
نویں اگ لا "(باقی صدیقی)
(اَگ تھرناں) دوسرے کے گھر سے چولہے کیلئے آگ گھر لے جانا:
حقہ تازہ کرنا:
**اَ گا پچھا**: اَتا پتا، جگہ ٹھکانا:
سکے کے دونوں اطراف:
چہرہ اور پیٹھ:
**اگاڑاں**: چرچا کرنا، مشہور کرنا۔ (ایہہ گل سارے گرائیں وچ اگا سٹی س)
**اگے پچھے**: آگے پیچھے (پسِ منظر) حثیت:
"ہک گڈی چلے
اگے نا پہیہ پچھے
تے پچھے نا پہیہ اگے"
(باقی صدیقی)
**اگراہی**: وصولی، رقم اکھٹی کرنا، کیش وصول کرنا:
**اگڑ پچھڑ**: آگے پیچھے، چالاکی، ہوشیاری:
**اگڑ دغڑ**: بے ترتیبی، بے حسابی:
**اگڑم بغڑم**: مہمل (لایعنی باتیں) اناپ شناپ
**اگل متی**: حساب کے اندر:
**اَ گلا**: (اغلا) ، پرانا: (اغلا لانڑاں) مح
اگلا، پچھلا:
(اگلا پاسا) سامنے سے (ستر)
اگلا لاسارا حساب:
اگلی پچھلی ساری کسر کڈھناں:
**اَ گلا پوچ**: آنے والی نسل، نئی جنریشن:
**اُگلٹی ل**: کھا ہو چیز باہر پھینکنا:
اُلٹنا، باہر نکالنا، طبیعت کو موافق نہ آنا:
راز نی گل کرنا:
چوری سلناں، چوری ظاہر کرنا:
جان چھوڑناں:

(نالوں اُگلٹی ں ای نیئں) جان نا نہہ
چھوڑنا:
(اُغلناں) رنگ پھیکا پڑنا:
میل کا پیروں سے اُترنا:
**اَگلی، اغلی:** ،گزری ہو ،سب سے گے
والی: بعد میں آنے والی۔
(اگلی گل فِر کرساں) مح
(اغلی پچھلی تھونڑاں) مح
(اگلے، اغلے) ، زمانے،
لوگ:
**اگلے پچھلے:** میں تُو (لوگ)
متقدمین اور متاخرین۔ اور بعد
والے۔
**اگوں:** سامنے سے، فرنٹ:
(اگوں چک تے پچھوں لت) اخ
(اگوں ہو کے مِلناں) مح
(اگوں) آنے والا وقت:
(اگوں روزے اسنے پئے)
(اگوں) پہل کرنے کی حالت (اگوں
ہو کے نانہہ مِل)
(اگوں) آئیندہ۔ فِر (اج آخی شوڑیا
اگوں نانہہ آخڑاں)
**اَگوں پچھوں:** دونوں اطراف سے، گھیرے
کی حالت:
آگے پیچھے سے (دونوں طرف سے)
**اگی:** آگ سے:
(اگی ناواڑہ) شُعلہ (بھڑکیلا)
(ماہیا مھاڑا اگی ناواڑہ، کرسی مانہہ
بدناں) باقی صدیقی
(اگی) آگ کے:

"اگی نے کئی عاشق عارف
ساڑی سٹے عشق نے اندر"
(عارف ادیب کیانی)
**اگے:** (آگے) منہ کے سامنے:
تھوڑا آگے:
(اگے اگے دوڑ پچھے ترٹی چوڑ) اخ
(اَگے) فرنٹ پر۔ پیش پیش:
"چار قدم گُڑیاں توں اگے
ٹُرنی پھرنی چنگی لگے" (باقی صدیقی)
**اگے:** آگے ( )
(اگے مانڑوں مانڑ نہیں سا۔ ہُنڑ تے
لایاس (اخ)
**اگے اسناں:** مح۔ مقابلہ کرنا، سامنے ہونا،
لڑا کے لئے تیار ہونا:
**اَگے پچھے:** آگے پیچھے، حسب نسب۔ خاندان
پشت پناہی،:
(اگے پچھے تکھڑاں) مح۔ سوچ کے کام
کرنا، انتہا سوچ وچار کرنا:
(جیہڑا اگے پچھے تکھسی اس نی شامت
آ اے) ب۔ گ
شرم کرنا۔ غیرت کھانا:
(کُرے اگے پچھے ہو) کنارہ کر:
**اگیال:** (اگواڑا)
مکان کا فرنٹ (سامنے والا حصہ)
(اگیال پچھیال)
**اگیترا:** وقت سے بویا ہوا:
فصل:
**اگیرے:** اور آگے:
(اگیرے ہو) اگے مر (دفعہ ہو)

..........

## ا۔ل

..........................................................

**اَل:** اولاد، جدّی:

پیٹھے، سبزی:

**اِل:** مشہور پرندہ، مردار کھانے والا، چیل:

(اِلے نیں آ ہلنے وچوں ماس لوڑناں)

(اخ)

(اِلاں) جمع

"اِلاں کاں حیران نے بیٹھے

بندے، بندے کھاون" (سلطان

ظہور)

**اَلّاَ مَلا:** اہلِ محلّہ، محلے دار۔ آنڈھ گوانڈھ:

**اَلا بَلا:** گندی مَندی چیزیں، فضول چیزیں:

**الل بلل:** ناسمجھی کی باتیں۔

**الّلے تللّے** عیش عشرت۔ ریل پیل۔

**اَلاد:** اولاد، بال بچے:

**اُلارہ:** لہر کا چڑھا :

(اُلارے) جمع

(پتنگ اُلارے چڑھ کے ٹُٹی) گ

"وقت سمندر چھلاں مارے

کنڈھے اُتے کھلی حیاتی

کچے کھڑے اُلارے"

(باقی صدیقی)

**اَلامبھا:** الاہنا (لاہمہ) طعنہ، دل میں لگنے والی

بات، رسوا والی بات:

**اَلّل، بلّل:** لَل بَلّل، ہر قسم کی فضول چیزیں

، فضول سوچ، مفروضہ:

**اُلٹناں:** انڈھلینا، اوندھا کرنا، بدل دینا، الٹ

دینا، خالی کرنا:

**اُلٹی:** قے، اُگلی ہو غذا:

**اُلٹے پیریں:** مح۔اُ پاؤں واپس ہونا:

اُلٹے پا ں:

**اُلٹی مت:** الٹی را ، کج فہم۔

**الخت:** (اَل..بَخت)

تنگی، پریشانی، بے چینی:

**اُلڑاں:** (اُللنا) کسی چیز کا بے سمت پھینکنا۔ گاڑی

سے اترنا۔

**اَلیسٹ:** (اَل..بیٹ)

دکھ، تکلیف (نقصان)

گڑبڑ، دھوکہ، فریب:

**اَلسی:** تیل دار جنس۔

**الف:** اکھر۔ حرف، اکیلا حرف ۔

الف ۔

(الفوں بے) گوار، جاہل، بالکل ان

پڑھ:

**القاب:** لقب (بڑا ) (القاب لانڑاں) مح

**اَلفی:** لمبا چوغہ، چولی، کُرتہ:

گوند:

**اَلم غلم:** فضول، بے دھیانا پن، نا سمجھی، نا دور

اندیشی:

**الہڑ:** ناپختہ:

کواری لڑکی (مٹیار)

**اُلناں:** (اُلارناں) غُصے سے کسی چیز کو دور

پھینکنا: گاڑی سے اترنا:

**اللہ اللہ کرنا:** بے نیاز ہو گسنا، عبادت کرنا

آ پڑیں کے نال غرض رکھنا:

(اللہ اللہ کرنا) اپنے کام سے کام رکھنا:

اپنے دھندے میں لگے رہنا:

(اللہ اللہ کر) بات ختم کر، پیچھا چھوڑ

کو اور کام کر:

(اللہ اللہ خیری صلیٰ) مح
(اللہ اللہ کریرا)
(اللہ کی من) جھوٹی بات سے کنارا کرنا
جان چھوڑنا۔
(اللہ دتا) اللہ کا دیا ہوا، بخشا ہوا، آدمی کا
نام:
(اللہ کی ناخن نا نہہ دے) اخ
(اللہ سائیں) ایک اللہ، ربّ، مالک:
(اللہ بخشے) مرحوم کی بخشش کی دعا:
(اللہ نیک سبب کرے) دعائیہ کلمات:
(اللہ آپڑیں باہے س)
(اللہ بہشتاں اچ کھار کرے س)
(اللہ گور ٹھڈی کرے س)
(اللہ دُدھیں پُتر یں کرے س)
(اللہ عرشاں نا رزق دے س)
(اللہ دے تے چھت پھاڑی دیئڑاں)
(اللہ قُدرتاں سُوں پچانڑتا گسناں)
(اللہ جانڑناں) اللہ ہر بات کا واقف
ہے:
(اللہ نی گاں) سادہ بندہ:

**اَلّی:** کچی، نرم گیلی زمین (بترنہ آ ہو)
**اُلی:** پانی کی میل، جالا، زہر:
زور سے پھینکنا (اُلناں)
گاڑی سے اترنا (اُلی کھلناں)
(جیوے نی اُلی لاہڑاں) مح۔ دل کی
بھڑاس نکالنا:
**الے پلے:** پاس۔ موجود۔ جمع پونجی:
**الے محلّے:** اہلِ محلّہ: چاراطراف:
"سُنڑ یا الے محلے
نی میں کیوں کھڑا چلے" (باقی ص)

## ا۔م

**اماں جایا:** ماں جایا، بھا بہن:
**امب:** آم، گرمیوں کا مشہور پھل:
(امب چاہے نے پھانویں اکاں نال
پینڑ) اخ
**امبڑاں:** (ابناں)
(جاء امبی گئی، میں اگے بہوں ابیاں
واں)
پُر باش:
درد کی تکلیف سہنا، زخم یا پھوڑے کی جگہ
کا درد کرنا:
(امبی وی جا) درد نہ سہنے والی جگہ سخت
غصے کی حالت:
انتہا ناراضگی کے عالم میں کہنا:
(میں اَگے اَمبیاں واں)
تھک جانا (دُخناں)
(گسے جا ناسخت درد ہونڑاں)
(پھوڑے پھنسی آلی جگہ وغیرہ) امبی وی
**اُمبڑاں:** (اُمبڑاں) پُھوٹنا۔ جاری ہونا:
**امبیر:** نہر (بہتات) زیادتی۔ کھلے عام۔ فراخ
دلی (میں کو امبیر لا وی؟)
(امبیراں) جمع
**امروں:** ربوں (اللہ کی طرف سے)
جدوں اللہ نا امر ہویا (اُس کا حکم)
**امنڑ:** (امن)
(امنڑیں نال بہنڑاں) تسلی سے بیٹھنا:
**امن جمیت:** پُرسکون:
آپڑیں جا ہوساں شائیت میں خورے

امن جمیت
پڑھور پھور پھرے ماں فزریں
شامیں نال نال (شعر)

................................................

## ا۔ن

................................................

**اَن:** اناج، رزق دانہ، (اَن پانی)
**اَن بن:** بے اتفاقی، بدسلوکی سیدھے راستے پر نہ آنا، جھگڑا بڑھنا:
**اَن بُجھی:** ان سُنی۔
**اَن پڑھی:** جہالت۔ بے علمی:
(اَن پڑھ) نہ پڑھا ہوا:
**ان ستّہ:** بے جان:
**اَن چہک:** (اَن چھک) بے جھجک
نہ شرم کرنے والا، ہوشیار، تیز طرار
تھوڑا جلد باز:
**اَن پُچھے:** بغیر پوچھے ہو ، بغیر اطلاع کے:
**اَن چھانڑتا:** نہ چھانا ہوا، بغیر صاف ہو
**اَن تہوتا:** (ان دُھلا) نہ دھلا ہوا، میلا کپڑا، گندہ:
**اَن ڈِٹھا:** ناواقف (اوپرا) غیر، نامحرم:
(بناں) باندھنا (ڈنگر بنناں)
رسی مارنا، ہاتھ باندھنا:
(بنہ باہڑاں) مح۔ دوٹوک فیصلہ کرنا:
**بنی:** باندھی:

(گاں بنی چھوڑی؟)
(ڈنگر بنی شوڑ) باندھنے کی حالت:
(بنی) تالاب
کئی واری میں تخیا آپوں بہوں گُڑی ہک
روہڑی
جدوں گُرے اوہ بنی اپر بہی کے چیلے
تھوہڑی (نظم) شیراز طاہر
(ڈنگراں کی بنی اپر پانڑی لا ہنڑ کھڑ ناں
(بنی) وضع قطع، بناوٹ:
جسم کی بناوٹ (ڈھیل ڈول)
(بنی) کھیت کی مینڈھ (نِکا بناں)
کھیت کی حد، وَٹ، آڑ:
کیارے کے اطراف (مینڈھ)

**بنیرہ:** منڈیر، مکان کی دیوار کا اُوپر والا حصّہ (بام)
"چِٹا ککڑ بنیرے تے
کاسنی دوپٹے والیئے مُنڈا عاشق تیرے
تے" ماہیا
"بنیرے اُتے کاں ماہیا
دورے دیاں سجناں دے پُھل
ویندے نے ناں ماہیا" (ماہیا)
(بنیرے اپر کاں بولناں) مح۔ مہمان کی خوش خبری دینا:
(برف بنیرے) مح۔ سفید بال:
(پوٹھوہاری ڈرامہ) ارشد چہال

---

## ب۔و

---

**بَو:** بد بُو، مشک، واشنا۔
پتنگ کاٹنے پر آواز لگانا، بَو کاٹا

مغروری، بدمزاجی:
(بَو ناں ہُلہ) بھبوکا

**بَو بَو:** منہ کے آگے ہاتھ دیکر آواز لگانا، بکا مارنا:
مُشکی بکرے کی آواز:

**بُو:** باپ کی بہن، پھوپھی، بڑی:

**بواڑاں:** (بواناں)
ڈلواناں (تیل بوا کہھن)
(باڑی بواڑاں) ہل چلوانا:

**بُوتھ:** بدشکل، بگڑا ہوا چہرہ (بُوتھ پرے کر)
(چھوٹا کمرہ) :

**بُوتھا:** لٹکا ہوا منہ:
"بوتھا بنڑیا روہڑیں آلا
اوٹھاں نی مسکانڑ گما "
(عارف ادیب)
"تاول جھوری کرنے آلا
ٹہنڑاں بوتھے پھار" (سلطان ظہور)

**بوتھاڑہ:** منہ۔ سُوجھا ہوا منہ:
بڑی بوتھی (بگڑا ہوا منہ)

**بوتھی:** چہرہ۔ شکل (جانور کا سرا)
(بوتھی مارناں) مح۔ کلھوڑی گل کرنا:
(بوتھی سُجھانڑاں) مح۔ ناراضگی ظاہر کرنا:
(بوتھی دسناں) ملاقات کرنا:
(بوتھی کڈھناں) سامنے ہونا، شکل دکھانا:

**بَوٹ:** گوشت کی بڑی بوٹی:
(گت کھانڑ بوٹ) مح

**بُوٹ:** جُوتے، پاؤں میں پہننے والی جوتی، شوز

**بُوٹا:** درخت:

" ہک بوٹا کلم کلھا
سڑنے بلنے راہیاں کی
پتراں نی پکھی چھو لے "
(باقی صدیقی)
(بوٹا مارناں) مح۔ جڑ پکڑنا (پھیلنا)
(بوٹا پٹناں) خانہ خراب کرنا:
(بُوٹا) ایک نام
(پیازے نا بوٹا)
(تھومے نا بوٹا)

**بَوٹی:** تکہ بوٹی (بوٹیاں) جمع
بوٹی بوٹی کرنا، قیمہ کرنا:
گوشت کا ٹکڑا:
(بوٹیاں ڈارناں) مح
(بوٹیاں کرناں) مح
(بوٹیاں کُتے اگے باہنڑیاں) گالھ
(بوٹیاں کی لونڑ لانڑاں) مح
(بوٹیاں کھانڑاں) مح
(بَوٹی) دُلہن

**بُوٹی:** جڑی بوٹی (تھوم یا پیاز کی گٹھ)
پیازے نا بوٹا یا بوٹی:
(ٹھا بوٹیاں پھتو باہنے آلا) اخ
(بُوٹیاں) جمع
(تیراں قسماں نیاں بوٹیاں) قسم قسم کی نسل:
پتہ نئیں کیہڑی جا نیاں بوٹیاں کٹھیاں ہو گیاں؟:

**بُوٹی:** (جڑی بوٹی)
آنکھ میں ڈالنے والی جڑی: شاہ درو کی خانقاہ سے لا گئی جڑ:
جھاڑیاں، بھنگ نشہ:

(بُوٹی تڑپڑاں) خواہ مخواہ غُصے میں آنا:
(بوٹی تے نئیں تڑپی آیا؟) مح

**بُوٹی:** بیل بوٹے، پھول، رومال پر بیل بوٹے کاڑھنا۔ سماں بنانا:

**بُوٹے مار:** جنگل صاف کرنے والا۔ لکڑیاں کاٹنے والا (بوٹی مار، بوٹے مار)

**بُوجو:** بندریا (بُوجو باندری)
(بُوجو نے پیر سڑے تے اس بچے اگے کری چھوڑے) اخ

**بُوجناں:** (بُوزنا) نر بندر:

**بَوجھا، بوبجھا:** جیب:

**بُوچھ:** (بوش) جیسے بوش: "چھ: اور "ش" کا تبادلہ:
مال ڈنگر (بچھی بچھ)

**بوچھی:** ماڑا مال ڈنگر (کہہ بوچھی جئی رکھی وی َ) برا نام مال مویشی:

**بَوچھنڑ:** (پوچھن)
دوپٹہ، چُنی، شال، لڑکیوں کا اُوڑھنا:
(پوچھن باہنڑاں) مح۔ احسان کرنا:

**بَودا:** پھوکا، نرم، اندر سے خالی، فوم جیسا، فضول کھوکھلا (نکارا)

**بَودا:** (بڑی بودی)
(ٹوپی کالٹکن) سر کے اگلے بال:
نِکی جئی کُڑی لم بودا (بھرجات) سو :

**بودا:** کمزور، بُزدل۔
( ے کی ایک قسم) بودا ہ:

**بَودی:** کلغی، چوٹی:
سر کے اگلے بال:
(بودی رکھڑاں) فیشن کرنا: ریمبو بننا:

کھیت کے وہ کنارے جو کٹا کرنے
سے رہ گئے ہوں (بودیاں)

**بُور:** پتلا بورا، چھیلے ہو کریلوں کی چھال:
مچھلی کے انڈے:
بُورا، برادا، بیری اور آم کو پھل لگنے سے
باریک بُور پڑنا:
"دلے نے ہتھوں
کو گڑی مجبور نا نہ وے
جنڈی کی فر بُور نا نہ پئے
اوتر وے خصماں کھانی۔ ہونڑی سی ہک
جنڈ پرانی" (نظم)

**بَورا:** تھیلا، بڑی بوری۔

**بَورا:** چھلا بَورا، پاگل، سودا ئی، کملا:

**بُورا:** سفوف، برادہ، چھان، بُورا، شکر کا بُورا:

**بَوری:** چھلی بوری، پاگل، دیوانی:
بڑی تھیلی، آٹے اور چینی کی بوری:

**بَوڑ:** دانتوں کے درمیان کا خلا،
گرے ہو دانتوں کا خول، پھد
(بوڑ نہ مار)

**بَوڑا:** (کچی) نامکمل
(دند بوڑا) جس کے دانت گرے ہوں
(بَوڑا کاسیاں ناں کھوڑا) کہت

**بُوڑا:** چھوٹے کانوں والا۔
ٹوٹے کنارے والا برتن (مکروہ برتن)
(پیالہ بُوڑا ہو گیا)
مٹی یا چینی کا ذرا ٹوٹا ہوا پیالہ جس کا
کنارا ختم ہو:

**بُوڑی:** (مونث)
(لوک لوکاں نال بوڑی کناں نال)
(اخ)

**بوزا:** بُزدل۔

**بُوک:** پتلا گوبھر۔
بکری یا گا بھینس کا پتلا گوبھر:
(بُوک مارناں) مح۔ ڈرنا، خودزدہ: ہونا:
گنتی، باری:
(اوک بُوک تھڑ ماری صندوق
(گ) محمد شاہ

**بَوکا:** (بڑی ٹِک) دونوں ہاتھوں کو جوڑ کر بنایا
گیا پیالہ کنویں سے پانی نکالنے
والا چمڑے کا ڈول: (چَرسا) بڑا بوکا:
(ڈولنے والا آدمی)

**بوکر:** (بہاری، بارھی، بھاری) جھاڑو:
فرش صاف کرنے والی ں کی گٹھی:

**بَول:** (براز) ٹٹی پیشاب، بول براز۔ پاخانہ
(بول بھنڑاں) پاخانہ کرنا:
(بول کوٹھی) گٹر، زمین دوز ٹٹی خانہ:
کلام، گفتگو، بڑا بول، قول، شعر کے
بول:
(جو کو جانے بول، اسکا مول نہ تول)
(بولتی بند ہونڑاں) چپ سادھ لینا،
ہار ماننا:
(بولناں چالناں) بات چیت کرنا، گل
بات کرنا۔ راضی رہنا:
(بول پھاویں نہ بَول، ر اکھیاں نیں
کول) گا

**بولناں:** گا بھینس میں جنسی تحریک پیدا
ہونا، گرم ہونے کی علامت۔
جوان لڑکے یا لڑکی کا اپنی خواہش ظاہر
کرنا:
(بولی پینڑاں) بداخلاقی کا مظاہرہ کرنا

(بڑبول) بڑے بول
(کہاوت) قول:
**بولی:** (گاں منجھ بولی وی)
می کی آواز، بولی لگانا، قیمت لگانا،
منڈی میں بولی بولنا (بولی لانڑاں)
"جیہڑا بندہ بکڑاں عارف
پہلوں اس نی بولی ہونڑی"
(عارف ادیب)
رنگ رنگ کی باتیں، منہ اُتنی باتیں
لوگوں کی عام زبان، بات چیت کی
زبان، مدعا بیان کرنے کی آواز:
"اس بوٹے نی چھامیں بہہ کے
دِلاں نی بولی بولے"
(باقی صدیقی)
(بولیاں مارناں) طعنے مارنا، برا
راست بُرا نہ کہنا، بُری عادت:
**بَونجا:** (گن) پچاس+دو=(باون) ۵۲:
**بُوندی:** دیسی مٹھا ، موتی چُور کے لڈو:
**بُونڈا:** مرغی کا وہ حصہ جہاں پر دُم کے بال اُگے
ہوتے ہیں:
(بُونڈا چاڑھاں) مح۔ دُم اٹھانا اُچک
اُچک کر بیٹھنا،
مولی یا گاجر کے پتوں والی جگہ:
(روز سوہری بُونڈا چایا ہونڑاں) روز
میکے جانا:
(بُونڈا چانڑاں) ٹِک کر نہ بیٹھنا:
**بَوہ** (امر) بیٹھ، بیٹھنے کو کہنا۔
اشارہ کرنا (بوہ) محفل کرنی، اکھٹا
بیٹھنا:
(ہنڑ بوہ موٹھاں نیں چھامیں) اخ

سلیقہ۔ اندازہ۔ پچ۔ طریقہ:
گُڑی کی گُسے گلے ناں بوہ ای کو ئیں
**بوہٹی:** دُلہن:
(بوہٹیاں کولوں چور مروانڑاں) اخ
**بوہڑ:** بڑ کا درخت (برگد)
گھنی چھاں والا بہت بڑا درخت،
(بوہڑی نا دُدھ، بوہڑی آلی بَن)
گیان کرنے کی جگہ:
**بوہگی:** ریل گاڑی کا ڈبہ (کمپارٹمنٹ)
**بُوہا:** دروازہ، کمرے میں داخل ہونے کا
راستہ:
دو طاق والا:
(بوہے باریاں)
(سو بوہے پھری کے اسناں) مح
(گھرے نا بوہا یاد رکھناں) مح۔ اوقات
یاد رکھنا:
(بوہا بوہا پھرنا) در در کی بھیک مانگنا:
(بوہا ٹھکورناں) دستک دینا:
(بوہالا ہنڑاں) دروازہ کھولنا:
(بوہے) جمع:
(بوہے بوہے) در در (ہر ایک جگہ)
(بوہے پھنتاں) دروازے توڑنا۔
چوریاں کرنا:
(ست بوہے پھنی کے اسناں) مح
نہایت خستہ حالت (گری ہو اوقات
**بوہسڑاں:** بوہسناں:
تکرار کرنا۔ بحث کرنا (تُو تُو میں میں
کرنا)
**بَوہلا:** تازی شیر دار بھینس یا گا کا دودھ،
گاڑھا دودھ:

(بوہلا دُدھ) سجرسو گائیں نا دُدھ:

**بُوہلا:** اونٹ کے منہ پر چڑھانے والا ماسک:

**بَوہلی:** دن کے دودھ کو گرم کر کے بنا

کھیر: دن کا دودھ:

**بُوہلی:** کُتے کی ایک نسل (بُوہلی کتا)

**بُوہنٹری:** (بوہنی)

دوکان کھلنے کی کما ، وٹک، سامان

فروخت کرنے کی کما (سیل)

.......................................................

## ب - ہ

.......................................................

**بہاری میوہ:** موسم کی فصلیں، مکئی، باجرہ وغیرہ

(کہہ ہو گیا بہاری میوہ آ) فصل کے

نقصان ہونے پر کہنا:

**بہاگ:** بھاگ، نصیب (بھاگ بھری)

(بہاگاں پھہریاں) پوٹھوہاری ڈرامہ

**بہالناں:** بٹھانا (نیچا کرنا) برباد کرنا:

(پہٹھہ بہالناں) مح۔ بھٹہ بٹھانا:

(بہالناں ٹھالناں) عزت آبرو کرنا:

(اونٹھ بہالناں) اونٹ اور اونٹنی کا کراس

نر مادہ کا ملاپ:

**بَہت:** رہت بَہت:

رہنا سہنا، طور طریقہ، رہت۔ وسیب

مجلس، صُحبت:

**بَہتّر:** (بَ..ہت..تَر)

(گُن) ستر + دو = (بہتر) ۷۲:

(ستراں بہتراں اچ) سٹھیایا ہوا:

بوڑھا آدمی:

(بے چارہ ستراں بہتراں اچ آ)

**بَہتر:** مال مویشی۔ پالتو جانور:

(پُتریں یا بَہتریں) اخ

**بہتیرا:** بہت کچھ، اللہ کا کرم، بزرگوں کا چھوڑا

ہوا، ورثہ:

(سانبھی کے کھانڑتے بہتیرا کج آ)

**بہھرناں:** برسنا (بارش ہونا)

غُصے ہونا۔ ناراض ہونا:

(اُلٹا مہاڑے اپر بہھری پیا ای)

**بہیرناں:** لٹو ہونا۔ عاشق ہونا:

**بہشتی:** مرحوم۔

**بہک:** جانوروں اور مزارعوں کی رہائش کی دور

افتادہ جگہ:

**بَہکڑ:** جنگلی جڑی بوٹی۔ کڑوی بوٹی (بیکڑ)

**بہکل:** ہل میں بیٹھ جانے والا بیل، گا :

(بہکل مال)

بہت دیر تک بیٹھنے والا بندہ (گپّی)

**بَہل:** جلدی:

**بِہل:** فرصت، فراغت:

: فارغ۔ ر:

( نالوں بغار چنگی) اخ

**بَہلا:** جلدی جلدی (فوراً)

(نیکیوں ناں نہیں بدیوں بَہلا) اخ

**بِہلا:** کمینہ آدمی:

**بہنڑاں:** (بہناں)

(اُٹھنڑ اں بہنڑاں)

اُٹھنا بیٹھنا، محفل کرنا ۔۔۔ تعلقات

استوار کرنا:

بیٹھ جانا، ختم ہونا، بیٹھنا:

دَب جانا، دھنسنا آواز بیٹھنا:

(بہنڑاں کھلناں)

اَجکل بڑا بہنڑاں کھلناں ایں۔

مجلس لگانا، صحبت کرنا، بیٹھنا:
ساری بھاتی دنیا اپر سدا ئیں گسے رہنڑاں
ہو سکے تے رکھی رکھیے سوہنڑاں اُٹھنا بہنڑاں
**بہوں:** بہت، زیادہ، کافی:
(بہوں گئی تھوڑی ر )اخ
"بہوں نغمے نا نہہ پٹ
اج تے سِدھی با" (طارق مسعود)
(بہوں بہوں تکھے پر تہاڑے سوں
پچھے بس) مح
**بہی:** باسی، دوسرے تیسرے وقت کا کھانا
باسی کھانا (بہی روٹی)
(بہی کھاتا) لین دین کا حساب:
(پرانڑیاں بہیاں پھرولناں) مح۔
پرانے کھاتے دیکھنا:
(بہی) بناوٹ۔ وضع قطع
(بہی) بہی گو (امر) بیٹھ جا:
**بہِیڑا:** پنسار کی دوا (جڑی بوٹی)
**بیہڑا:** جوان بیل:
**بیہڑا:** دالان، صحن۔
"چن چڑھناں سی پر چڑھیائیں
حالیں چانڑ بیہڑے بڑھیائیں"
(عارف ادیب)
**بیہڑا:** (بیڑا)
بڑی بیڑی:
"میں پانی پھھریا
سدھراں نا بیہڑا
ڈُبیانا نہہ تریا" (باقی صدیقی)
**بہیڑناں:** (بھیڑناں) بند کرنا۔ آپس میں دبانا:
ساتھ ملانا، تنگ کرنا، دو کناروں کو آپس
میں جوڑنا، بٹن بند کرنا:

.....................................................

## ب۔ے

.....................................................

**بے:** (بے جی) والدہ محترمہ:
(بے صدقے بے کھما ) مح
(جمی مُکی نئیں بے کھما ) اخ
(بے نی بے سنبھالا کریں.....) قصہ
بغیر، بنا، باجھ (بے) موسمی پھل:
بے سہارا:
**بَے:** بھیڑ بکری کی آواز:
(بے کرناں) ہارنا، دَب جانا:
بدنام ہونے کی کار:
**بے انداز:** بے شمار۔ انگنت۔ بغیر اندازے کے:
**بے انت:** بے شمار، بے حساب، انت شمار:
**بے اتباری:** بے اعتباری، اعتبار نہ کرنا:
**بے بساہی:** (بے وساہی) بے اعتباری، کم
حوصلہ۔
تیزی، جلدی:
**بے بے:** والدہ: اماّں
(بڑی بہن)
**بے پتی:** علم میں نہ آ ہو بات، لاعلمی:
جس بات کا پتہ نہ ہو:
**بے تہیاناں:** اپنے خیال کا مالک، من مست:
**بے تکّہ:** بغیر نشانے کے چھوڑنا
بغیر سوچے سمجھے بے تکہ پن
ہوا میں تیر پھینکنا، تکا چلانا:
**بے تہڈا:** اپنی منوانے والا، کسی بات یا فیصلے پر
راضی نہ ہونے والا، انوکھی طبیعت کا
آدمی، اُلٹی بات کرنے والا، من مرضی
والا:

**بےتھوہا:** پتے مقام کے بغیر، جگہ کے متعلق نہ
جاننا، بغیر ایڈرس کے:
**بے جی:** ماں، بڑی ماں، اماں:
**بے چنت:** بےفکر۔ :
**بےخارا:** آزاد۔ بےخوف:
**بےخصمی:** بے مالکی۔ لاوارث، رنڈی، بیوہ:
**بےدائیتا:** بگڑا ہوا آدمی، گمراہ، ناسمجھ، بد :
**بے دِلیوں:** نہ چاہتے ہو ، مرضی کے بغیر۔
دنیاداری (اُپروں اُپروں)
**بےدرودہ:** اوترہ بندہ (بےنسلا)
**بےرُخا:** رُخ نہ کرنے والا، بےوفا، پتھر دل:
**بےرَعبہ:** بدشکل:
**بےرَویا:** اکھڑ مزاج، بےرُخا، اچھا رَوّیہ نہ رکھنے
والا:
**بےسُرا:** راگ کے فن سے ناواقف، بےمزہ
(سُروں باہر) بےسُرا گانا:
(مراثیے ناپُتر گاسی وی تے سُرے وچ)
(اخ)
**بےسُرت:** بےہوش، بےسُدھ، بےبس
بےاختیار، بےعقل:
**بےشرما:** شرم نہ کرنے والا (ڈھیٹھ)
(بےشرمے نے ٹھو اپراک جمیا،
یار چھامیں بہسن) اخ
**بےطرحا:** اپنی طرح کا آدمی، سٹائل کا بندہ، بے
طریقہ اور بےڈھنگا آدمی:
: بےعقل (بیوقوف)
(بیقلاں نیں سراں اپر سنگ نہیں
ہونڑے) اخ
**بےنکّہ:** بُو اور خوشبو سے عاری، بےحس۔ عزت
بےعزتی کا احساس نہ رکھنا:

(نگ وے تے بوَ اُچھےّتا) اخ
**بےمونہا:** بَرمونہاں۔ بَدشکل، بےرعب
(منہ نہ سوہنڑاں وے تے گل تے
سوہنڑی بانڑی چاہی نی اے) اخ
**بےمہارا:** اپنی مرضی والا:
بغیر رسی کے، آزاد جانور منہ اُٹھا کر چل
دینے والا:
**بےمتا:** ناسمجھ۔ بےعقل:
**بےوس:** بےاختیار، بےبس، مجبور:
**بےوصفہ:** غیر سلیقہ مند (ان گُنا) طور طریقے سے
ناواقف:
"بےوصفے بے عملے ڈنگر
پئے مراداں پا ن" (سلطان ظہور
اختر)
**بےہودہ:** بےاختیار۔ قابو سے باہر:
**بےہُدرہ:** لاپرواہ۔ من مرضی والا: بدتہذیب،
مورکھ۔ جانوروں کی طرح کھانے والا:
**بےہودرا:** بس سے باہر (بےہودرے اتھرو)
بےاختیاری۔
**بےہماں:** بغیر اندازے کے۔ بغیر حساب
کتاب:
**بیاج:** سُود، سُود در سود، منافع:
**بیاجیا:** سودخور، حرام خور، بیاج لینے والا:
**بیاسی:** (گن) اَسّی+دو=(بیاسی) ۸۲:
**بیاناں:** پھگی نہ، سَودے کی ایڈوانس رقم:
**بیاہ:** باسی۔ رات کا پکا ہوا کھانا:
(بہے ٹُوڑے تے سجرے پینڈے)
(اخ)
شادی بیاہ:
(بیاہنڑ نہیں ہویا جنجے وی نہیں گیا) اخ

**بیاہی:** شادی شدہ:
(بوا )
پیروں کی پھٹی ہو ایڑی کی لکیریں:
**بیترناں:** (بیُونتا) کپڑوں کی کٹا کرنا (چیرنا)
ٹکڑے کرنا، کاٹنا (ٹاپاں بیترناں) مح
**بچی:** بند ہونٹ:
( بٹناں) مح۔ ہونٹ سی لینا:
**بچے:** بٹن:
کھلونوں کی سیٹی:
**ل:** فروخت کرنا، دوکانداری کرنا، مال
( کے ریوڑیاں کھانڑاں) اخ
ات چالاکی:
**بیٹھ:** مروڑ۔ بل۔
**بیٹھ:** بیٹھی ہو زمین:
کئی سالوں سے نہ کاشت کی ہو زمین
طاقت ور اور سخت زمین:
**بیٹھک:** اُٹھک بیٹھک، ورزش کرنا:
(ڈنٹ کڈھنا)
مہمانوں کے بیٹھنے والا کمرہ، ڈرائینگ
روم۔ ہال، ہل بیٹھنے کی جگہ:
**بَیٹھمی:** چھوٹی ٹانگوں والی (کم اونچی)
**بیٹھی:** بیٹھ کھا ۔ بَل کھا :
**بَیٹھواں:** کم اونچا:
**بیٹھواں:** بل چڑھا رسہ: مروڑا:
**بیلناں:** چکناں بیلناں، لکڑی کا گول توا:
رس نکالنے والی مشین:
کپاس سے بنولے الگ کرنے والا
لکڑی کا ٹھیا:
**بیبا:** بیبا آدمی، اچھا شریف آدمی:
نیک بھلے مانس (بیبا بندہ)

**بیہد:** (بیہ....د)
سوراخ (کان یا ناک کا سوراخ)
**بَیر:** بیری کا پھل۔ بیج (جنڈیاں نے بَیر)
بیرے نا ٹھوہ کیہڑے پاسے ہونڑاں؟
(اخ)
(ڈُلیاں بَیراں نا اجے کُج نئیں گیا) اخ
(کھروں رُٹھی باہروں بیرنا نہ کھا
(اخ)
(اُس نے ہتھوں تے کچا بَیر کھانڑیں نا
دل نئیں کرنا) گندہ غلیظ آدمی:
**بَیرا:** لوہے کی پتری جو چوگاٹھ کو مضبوط کرنے
کے لئے لگا جاتی ہے:
**بِیرا:** باجرہ (اناج)
**بیرا:** گوشت کا ٹکڑا:
(بیریاں کی لُونڑ لانڑاں) مح
(بیریاں جوگیا) بددُعا دینا
اللہ کرے بیرے ہونڑس کُتے کھانڑس:
"بیرا بیرا جوڑنی مینہ پتہ یے اوہ دکان
دل میں ٹوراں د کے پرزر گُتھے؟ شعر
**بِیروار:** جمعرات کا دن:
**بیرے:** (جمع) گوشت کے ٹکڑے:
(کُتہ بیرے کھانڑ) گالھ
(تہاڑے بیریاں کی لُونڑ لغے) بددعا
دینا:
(بیرے جوگیا)
(بیرے کراں ای)
**بیڑ:** صحن کا کنارا (پٹی) د (رکاوٹ)
**بَیڑ:** پھیڑ، بھیڑ:
بے برکتی، اللہ کی مار، اللہ سے دوری:
**بیڑا:** بٹن، گریباں بند کرنے کیلئے استعمال

کرنا:
کو کی قسم
**بیٹرناں:** کسناں، تیار کرنا، کاٹھی ڈالنا:
**بیڑی:** کشتی، نا (بیڑی دتی ٹھہل وے..
(گ)
(جدھر گئیاں بیڑیاں اُدھر گئے ملاح)
(اخ)
(پیسے دینڑے بیڑی چڑھناں) اخ
(رُڑنی بیڑی نیاں ریڑاں چنگیاں)
(اخ)
(بیڑی روہڑناں) مح۔ لُٹانا، ضائع کرنا:
(بیڑی ڈبوڑاں) مح۔ نقصان دینا،
غرق کرنا:
(بیڑی موندھی کرنا) مح۔ کشتی اُلٹانا،
کشتی غرق کرنا، سب کمایا ہوا ضائع کرنا:
(بیڑی اچ بٹے دینڑاں) مح۔
ڈبونا، دیوالیہ کرنا، سب کچھ نقصان کرنا،
کچھ پاس نہ چھوڑنا، مستقبل تباہ کرنا:
**بِیڑی:** پان بیڑی، کو:
پتے میں لپٹی سگریٹ:
**بَیڑے:** بحری بیڑے (جنگی کشتی)
(پتھر جوان) طاقتور
(بیڑے اررن سی سُکی تیلا ہو گئی) گل
**بیسکنڑاں:** (بیسکناں)
جانور کا دل چھوڑ کر بیٹھ جانا:
(بیسکے داندے آ رنہ اٹھنا) مح
چلتے چلتے ہل میں بیٹھنا (پہیھڑامال)
(ساون بھادوں میں جانوروں کی بیٹھ
جانے کی بیماری (بیسکی گسناں)
بیٹھ جانا: ساون بھادوں میں حبس کی وجہ

سے نہ اُ والا جانور:
**بیشو:** چھوٹے بچے کا عضو تناسل:
(بیشو آ رمونہہ بنانڑاں) مح۔ شرمندہ
ہونا:
**بیشی:** بچے کا پیشاب:
(بیشی بالناں) بچے کو پیشاب کرانا یا
پیشاب کرنے کے لئے تیار کرنا:
**بیگ:** تحریک پر آ گھوڑی یا گدھی:
بیگو، بیگماں ایک نام (بیگم نیشاں)
**بیگی:** تاش کا پتا (بیگم)
**بیل:** (انعام) شادی بیاہ پر گانے بجانے
والوں کو پیسے دینے کی ایک رسم:
(مبارک) بیل بیل معراجے نی بیل
ں تے باراں نی بیل:
(پھلاں نی بیل) چنبے نی بیل:
پھول دار ٹہنی:
بیل بوٹے (کڑھا )
رول کرنا (بیلنے کی حالت)
**بیلدار:** سڑکوں کی مرمتی پر لگے مزدور:
**بیم:** شہتیر:
**بیں:** بیج، تخم، نُطفہ، اولاد:
(حرامی بیں) تخمِ حرام (گالھ)
(بَیں نکلنا) گالھ۔ لاولد۔ بے نسل ہونا:
(بیں پٹا) گالھ۔ نسل کو بدنام کرنیوالا:
(بیں چکا) گالھ۔ نسل ختم کرانے والا:
(بیں مکانڑاں) نسل ختم کرنا:
(بیں کڈھانڑاں) بربادی کرانا، تباہی
کرانا:
نسل ختم کروانا:
**بین:** سپیرے کی بانسری

(بین نانہہ بجائیں مُنڈیا....) گا

**بینت :** بیت۔شعر،چارمصرع

(بینت بولناں) شعرخوانی کرنا:

(بینت) ڈنڈا۔بید کی چھڑی:

**بَینسری:** (بانسری)

**بَینگر:** آکڑ۔تنا :

**بینگرناں:** (اَینٹھنا)

اترانا۔اکڑکر چلنا۔

غُصے سے جسم کوتنا کی حالت میں کرنا

(لڑا کے لئے تیاری کرنا)

بیل وغیرہ کا عام طریقہ۔

**بَینڑ :** (بینڑ) بین

مرنے والے کا نام لے کر میت پر رونا،

بین کرنا( کہہ لمبے بینڑ چھو کدے

نی)

**بینڑیں:** بینی

کلا :

"چٹی مینڈھی بینڑیں کالیاں ں

شرٹ نگ کیتا

اوکھے ویلے ماہیے کدے نانہہ سنگ

کیتا " گال

(چھڈ میری بینڑیں نانہہ مروڑ....) گا

---

## بھ۔ا

---

**بھاری:** جھاڑو:

وزنی:

(بھاری بدھی وی رہے تے ٹھیک نیں

تے تیلا تیلا )اخ

بڑی۔وزنی(نہ اٹھا جانے والی)

اُچی جا نیوں لگایابنی مصیبت بھاری:

(میاں محمدؒ)

(روز تھہر ونڑی کھس کھس بھاری)

آلِ عمران

---

## بھ۔ب

---

**بھب :** بھبک،دبکا:

**بھبوت :** زندگی کے کام کاج،دھندے:

**بَھدرنگ :** بدرنگ،بدصورت،کو خاص رنگ نہ

ہونا:

بغیر رنگ کے بدھ رنگی نیاں سراں)

**بھدّر :** سن کی فصل کو پانی میں ڈالتے ہو

نرم کر نے کے بعد اتاری ہو چھال:

(بھدرے نا بھدر) مح۔بے حِس و

حرکت:

ان ہٹی رسی:

---

## بھ۔ڑ

---

**بھڑک مارناں :** رُعب دار آواز سے بولنا:

بڑی بات کر دینا:

(دانداں نی بھڑک) بیلوں کے گلے

سے نکلی زور کی آواز:

**بھڑانکڑاں :** (بڑانکناں)

گلے سے زور کی آواز نکالنا:

بیل کا ڈر یا ہار کر آواز دینا:

---

## بھ۔ن

---

**بھنیلے :** بھینسوں والے(   بی)بیوپاری:
**بھنیلی :** ساہیوال نسل کی گا   بھینس:

..........................................

## بھ۔و

..........................................

**بھَو جا:** قمیض کی جیب:
**بھُو جا:** (چٹابُو جا)وہ جانور جس کی پلکیں سفید
ہوں:
**بھُونڈا:** مُرغی کے دُم کا پچھلا حصہ:
(بُھونڈے کی اگ لغڑاں) مح

..........................................

## بھ۔ی

..........................................

**بِھیچے :** (بِھی...چے)
(اکھیاں نی، کہہ بِھیچے نی؟)
ٹِچ بٹن:
کھلونوں کی سِیٹی:

..........................................

## پ۔ا

..........................................

**پا:** ایک پا :
(پا)ڈال)فعل امر:
(پاءجاڑاں) بھید پانا:
اللہ کی معرفت حاصل کرنا:
**پاپڑا:** (لِہلی پاپڑا) گندم میں اُگی جڑی بوٹی:
**پات:** کرتوت:
گناہ (چھوٹیں چھوٹیں حر    )
نیا کھیل (اوپری گل یا نئی بات)
(نوِیں پات کڈھناں) مح
(پات) پتے۔۔پردے کی باتیں
"میں اس نے کئی پات کجے وے سے
پر ہُنڑ اوہ آپوں ای   ہونڑ لغا ساتے
میں کہہ کری سکڑاں سا؟ (موقع نا گواہ)

**پاٹ:** دریا کا پیٹ (چوڑا   )
**پار:** اُس طرف (پارے پاس)
دریا کے اس طرف، دوسرے کنارے پر
(سڑکوں پار، پُلوّں پار)
(رار پار) اِدھر اُدھر:
(رار پار کرنا) فیصلہ کرنا:
(پار چاڑھناں) پار لگانا (بخشوانا)
**پارا:** اس طرف والا:
**پاروں:** پار سے۔اس طرف   سے:
دوسری طرف سے:
(پاروں آ    دو ملنگ ہکے ٹُپیاں ہکے
رنگ (بھر جات) بینگن
(پاروں آ    دو انگریز ہک مٹھا ہک تیز
(بھر جات) ٹٹی پیشاب
(پارے مَیرے اُونٹھ کُٹھا ہڈیاں کولوں
شوراِمٹھا (ماکھی) شہد
**پاڑ:** پھٹی ہو   جگہ یا زمین، دراڑ:
درمیانی گہری جگہ، کھا   نما:
(پاڑ) پھاڑ۔تالاب کی سوکھی مٹی کی
پھوٹیں:
**پاڑا:** فرق۔درمیانی فاصلہ۔
"کُوڑا اِفر کو   سچی بانڑاں
سچا سبھا ای پاڑے کرناں"
(یاسر کیانی)
ہل چلاتے ہو   چیر کے ساتھ چیر نا نہہ
رکھنا: (سیاڑے نال سیاڑ نا نہہ رکھڑاں)
پاڑا کرنا:

(دو واری پاڑا کڈھناں اچھیں)
(چاڑھا پاڑا) کسر۔فرق:
(پاڑا پورا نہ ہونڑاں) مح

**پاڑ چھا:** پڑ چھے۔پاڑ چھے (جمع)
کٹی ہو اور چری ہو لکڑی کے
بڑے ٹکڑے:
(تڑ چھے پڑ چھے کرنا) چیرنا پھاڑنا۔ایک
ایک کرنا:
جدا جدا اور الگ الگ کرنا: دشمنی ڈالنا:

**پاسا:** (پہلو) :
طرف،سمت،ہاتھ:
"جیہڑے پاسے لانڑاں کو
اُسے پاسے ڈُلی گشڑیں"
(عارف ادیب کیانی):
(ہاسہ تے پہنیا پاسا) اخ
(پاسا مارناں) پہلو بدلنا: کروٹ لینا:
ایک طرف ہونا۔الگ ہونا:
پارٹی چھوڑنا:
اکیلا چھوڑنا:
(ھک پاسے ہونڑاں) ایک طرف ہونا:
ایک پارٹی کے ساتھ رہنا:
(ھک پاسا ملناں)

**پاسکو:** (پاسنگ) ترازو کے پلڑے:
(پاسکو کرنا) پلڑے برابر کرنا:

**پاسوانڑ:** (پاسوان)
چوکور چیز کا ایک بیٹھا ہوا کونہ یا سائیڈ:
(لکڑی کا بالا وغیرہ)
عام آبادی سے کٹا ہوا (لنک روڈ)

**پاسیوں:** قریب سے،اِس یا اُس طرف سے
(نزدیک تر)
(ھک پاسیوں) ایک طرف سے ہو کر:
سائڈ:

**پاسے پاسے:** ایک طرف،الگ،پَرے پَرے
اُکھڑا اکھڑا،ناراض،دُور دُور:

**پاک:** پیپ،پھوڑے کا گندا خون (زقوم)
گندے رِستے زخم کا مواد:
پاک صاف۔پاک کلام:

**پاکماں:** گھی میں تلی ہو چیز:

**پاکی:** غیر ضروری بالوں کی صفا (پاکی پلیتی)
(نہ میں پاکی وچ پلیتی) بُلھا

**پاکھ:** جان پہچان:

**پاکھا:** (ڈِٹھا پاکھا) دیکھا بھالا:
جان پہچان والا:

**پال:** رکھ،پرہیز: پالنا (امر)
گھوڑے پال: (گھوڑے پال مربع)
(پالنا پوسنا) پرورش کرنا:

**پالا:** جوڑ،مقابلہ،واسطہ:
کبڈی کے گراونڈ کا سنٹر:
(پالا باہنڑاں) وارہ دینڑاں:
(پالا) سردی۔ٹھنڈ:
جوان کیا۔بڑا کیا۔پرورش کی:

**پالک:** پالنے والا (رب) پتوں والی سبزی
"جِن ملائک حیواں انساں
جُھوری نا پالک وی توں"
(سلطان ظہور اختر)

**پالناں:** پرورش کرنا،کھلانا پلانا،بڑا کرنا،جوان
کرنا (پالی پالی بڑا کرناں)
(پلیاوا) موٹا تازہ،اچھی خوراک کھایا
ہوا:

**پالو:** پالتو،گھر کا پالا ہوا مال (راکھماں)

**پاں:** ہارن کی آواز (پاں پاں)
خارش:
(پاں آلا کُتا) خارش زدہ کُتا:
(پاں تے نئیں پئی وی؟) زیادہ خارش
کرتے ہو دیکھ کر کہنا:

**پاند:** (شاخوں کے سرے)
(پاند) پان کا پتا
(مُنڈھ چھوڑی پاند پکڑناں) اخ
" کو جوڑاوے داندان ناں
مُنڈھ نوں نیپئے اِتبار نئیں پانداں ناں"
(ماہیا)

**پاندی:** پندیے یا پینڈے پئے:
مسافر (کھوجی) منزل کے متلاشی:

**پاندے:** (موچھے) سرے، شاخوں کے اگلے
نرم پتے:
شاخیں (کونپلیں)
کمزور سہارے:

**پانڈی:** (مزدور)
سامان لادنے والا، منڈی سے
بوریاں اُٹھانے والا، مزدور، قُلی:
نوکر، غلام (توکو اُسناں پانڈی لغاوا
ایں؟)

**پانجا:** پانچ کا ہندسہ (۵)

**پانجے:** (پانجے پورے کرناں) مح۔ تمام
ضرورتیں پوری کرنا:
سہولتیں پوری کرنا۔ ذمہ داری قبول کرنا:
دھیان دینا:
کمی ۔ نفع نقصان:
(پانجیوں کھٹ) مح۔ پیدائشی کمزور:

**پانڑ:** (آب)
چمک۔ تیز دھار۔
(پانڑ چاڑھنا) مح۔ ورغلانا۔ خلاف
کرنا:
(پانڑ لانڑاں) گرم لوہے کو پانی میں
ڈال کر سخت کرنا:

**پانڑ چا:** (پائنچا)
شلوار کا پائنچہ (موری)
(کہے پانڑ چے اچ پیر پینڑاں) مح
عُجلت کی حالت:

**پانڑیں:** (پانی)
(پانڑیں تکھے بغیر موزے لاہنڑاں)
(اخ)
(بول میری مچھلی پانڑی) ب گ
میکی پتہ پانڑیئے اچ تھیا:
(حیثیت)
(پانڑیں پھیرناں) مح۔ نیکی برباد
کرنا۔ محنت اکارت کرنا۔

**پانڑی کیپ:** واٹر پروف کوٹ (برساتی)

**پانڑی مار:** سیزن کھا ہو لکڑ (دوسالی)
پانی میں پڑے رہنے سے جو لکڑ سخت
ہوجا :

**پاوا:** چارپا کا ایک پایا، تھم:
گا بھینس کے پا (سری پا )

**پاہ:** (گوبھر)
مویشیوں کا اکھٹا کیا گوبھر، فضلہ۔ کھاد:
(پاہ سٹناں) گوبھر اٹھانا مویشی خانہ
صاف کرنا۔
(پاہ تھپڑاں) گوہے کی تاپھیاں بنانا
دیوار کے ساتھ لگانا:
(سُوہریاں تھپڑاں)

**پاہلا:** (پاہلے) جمع۔خانہ بدوش، بھیڑ بکریاں
چرانے والے۔پہاڑی لوگ:
**پا لی:** جولاہا، کھڈی پر کام کرنے والا:
**پائیا:** ایک پا ،1/4 سیر، ۲۵۰ گرام
(پائیا چاڑھناں) خواہ مخواہ کسی کو چوڑا
کرنا۔اُس قابل کرنا جو اس قابل نہ ہو:
**پا :** پا پیسہ۔رقم:
ایک سِکہ (پا پا کی ترسناں) مح
(توں با تے میں پا ) اخ
(پا ) اندر کی بات معلوم کی:
(پا ) بتیس سیر (وزن) سولاں چوا:
(پرانا تول)
(پائیاں لانڑیاں) مح۔بنیاد پکی کرنا۔
پیروں پر کھڑا کرنا۔جمانا، امیر کرنا:

## پ۔ب

**پَب:** پا ں کا اگلا حصہ ( )
(پباں بھار) مح۔بالکل تیار۔تیاری
حالت میں:
جوانی اور نخریلا پن۔نئی عمر کی چال:
پنجوں کے بل:

## پ۔پ

**پپ:** اُبھرا ہوا:
(انڈے سے چوزہ نکلنے کا عمل) کِپنگ:
(پپ ہویا وا) مح۔غصے سے بھرا ہوا:
**پپل:** پیپل (ایک درخت)
(پپلا بنی نیاں رکیاں کھڑ کھڑ لا ہو

آ ؟) ل گ
**پپلا مَنٹ:** ( امنٹ)
بچوں کی مٹھا ، گولیاں:
**پپولناں:** منہ پپولناں (بولنے کا ارادہ کرنا)
(بات کرنے کے لئے منہ بنانا)

## پ۔ت

**پِت:** گرمی دانے (باریک چھاٹ)
جسم پر لال لال دانے ہونا: (پِت نکلنا)
وار۔نمبر:
**پَتّر:** پتے، درخت کے پتے:
(پتر نا نہہ مولنڑ دینڑاں) مح
(پترے ابر تریل) مح
"دو پتر مروڑے نی
تُساں دل پتھر کیتے اساں لوہے کر
چھوڑے نی" (ماہیا)
(ساوے پتر) کتاب
**پُتر:** مما، اولاد:
(پُتر رو نا نہہ ما دودھ نئیں دینڑیں)
(اخ)
(پتر کپتر پنگھوڑے اچ سیانڑتا گسنا)
(اخ)
(پُتر مرسی پر نونہہ نا مانڑاں تے نجھسی)
(اخ)
پُتر سال ویہہ، یا گِدڑ یا شینہ) اخ
(پُتر مویا) گالھ
(توں مھاڑا پُتر لغڑاں ایں) ر
"لوکاں کھھا روی سہرا بن کے
آ پُتر پرا " (نظم)

(...ی صدیقی)

**پَترا:** لوہے کی ... ورکی کترن، پتّی:
(پترا) ڈاڑھی بنانے کا بلیڈ:

**پُترا:** بیٹے کی صورت، (پتر) ...ا، اولاد
(عمروں نکے ... بلا نڑاں)
(للکارنا) پُترا... دَساں:

**پتراں:** (جمع)
"سڑنے بلنے راہیاں ک...
پتراں نی پکھی چھو...ے"
...باقی

**پَتری:** فصل کے سوکھے پتے:

**پُتری:** لاڈ اور پیار کا انداز:

**پتر...:** بھتیجا (پتر ... تے تر...) اخ

**پِتّل:** پیتل (دھات)
(پتل بنایا ای سونا بنڑساں عملاں نال)
(گ)

**پَتلا:** موٹے کی ضد۔ کمزور، باریک
پانی کی طرح دودھ، شوربا، مائع چیز
مہین باریک، ململ:
(ماہی مہاڑا پتلا پتنگ) ما
(پتلے کناں آلا) باریک کانوں والا،
دور کی آواز سننے والا:
(پَتلا پتنگ) نرم شاخ کی طرح:
سوہنا ملوک:
(پتلا پینڑاں) کو کو (اِکا دُکا)

**پتنگا:** (پروانہ)
ایک پردار کیڑا۔

**پتواڑ:** بارشوں سے پکی ہو... زمین:
وہ زمین جس کی ہل چلا... کے بعد دو تین
بارشیں ہو جائیں:

**پِتہ:** (پتہ مارناں) مح۔ غُصے کو جذب کرنا۔
جو دھی کرنا۔ عذاب سہنا:
ایہہ نا نہہ اچرے مویا پتہ اوتر مویا
اسے اوتر مو... ناں میکی کھا... گیا کرتہ
(شیراز طاہر)

**پَتہ:** (پتہ مارناں) مح۔ من گھڑت بات کرنا
اپری چھوڑناں:

**پتّی:** (پتی) چا... :
(پتی) چھوٹا پتا (جمع) مماں
(پتی) حصہ داری، شرکت:
(پتی) خاوند:
(بے پتی) نا معلوم:
(بے پتی گل کرناں) بے پر کی اڑانا:

**پتیلا:** بڑے منہ کا دیگچا، دیگڑا:
(پتیلی) چھوٹا دیگچا۔

## پ۔تھ

**پتھ:** گاہ گاہتے وقت بکھیری ہو... گندم کی تہہ
ان گاہی گندم کے پولے جن پر ابھی بیل
وغیرہ نہ پھرے ہوں۔
عزت، لاج، ن:
(پتھ رکھیو میری.......) قوالی

**پتھروڑ:** پتھروں کی بارش، لڑا... جھگڑے میں
اینٹ پتھر کا استعمال کرنا:
(اِٹ کھڑکا)

**پتھری:** (کنکری پتھری) کنکری:
(گُردے کا چھوٹا سٹون)

## پ۔ٹ

.................................................

**پَٹ:** ران، ٹانگ کا اوپر والا حصّہ:
ریشم کے دھاگے، کچا ریشم:
(پٹے ار کونجلا) ریشم کی طرح ملا :

**پَٹ:** نُقصان۔خرچہ:
(پَٹ کرانڑاں) بے پتہ خرچہ کرانا:
(کتھے مہاڑا پَٹ کرایا ای؟)

**پٹ:** (پٹناں) فعل
اکھاڑناں:
"بہوں نغمے نہ پٹ
اج تے سِدھی با" (سید طارق مسعود)

**پٹ چِٹّا:** بے ترتیبی۔اکھاڑ ڑ۔
مھاڑے کولوں ہونڑاں نہیں ایویں پٹ
چِٹّا (شیراز طاہر)

**پِٹ:** (سر کو پیٹ)
(پِٹ پینڑاں) گالھ
(پِٹ گھٹا) رونا دھونا، سیاپا
(پِٹ کٹا ) سر کو پیٹنا اور کوبی کرنا
فساد کھڑا کیا ہوا۔

**پٹا:** چمڑے کی چوڑی بیلٹ:
(پٹا باہنڑاں) کُتے یا جانور کو گلے میں
چمڑے کی بیلٹ باندھ کر رکھنا، سنھبال کر
رکھنا:
(پٹا باہنڑاں) مح۔روکنا، منع کرنا:

**پٹا کڑاں:** (پٹا کٹاں)
بولنا، تڑتڑ بولنا:
وں کا بولنا (بلارے کی آواز)
پٹکنا (دے مارنا)
زور سے اُٹھا کر دے مارنا (پٹا کی مارنا)
(پھکی لگانا)

**پٹاکا، پٹاخہ:** پھٹنے کی آواز، چھوٹا گولا:
(مُنہ پھٹ کُڑی) کُڑی اے کہہ پٹاکا؟

**پٹاکلے:** چھالے۔داغ:

**پٹامرا:** (بٹامرا) ادل بدل:

**پٹانڑاں:** (پٹاناں)
اُکھڑوانا، جڑ سے اکھیڑنا:
(ڈیمالش کرنا)

**پٹا :** خرچہ کرانے والا (برباد کرنے والا)
(کھر پٹا)

**پٹکا:** کمر بند، صافہ، چھوٹی پگ:
(پٹکا بنا ہنڑاں) پگ بھنی، دستار بندی:

**پٹکار:** خدا کی مار:
دَھپڑ۔طمانچے:
(پٹکار سٹناں، پٹکار مارناں)

**پِٹکڑاں:** (پٹکناں)
شور شرابہ کرنا۔چیخنا چلانا۔رونا دھونا۔
سر پیٹنا:
(پِٹکڑاں) ہاتھوں کو زمین پر مار مار کر
رونا:

**پَٹڑاں:** (پٹناں)
اکھاڑنا (پرانے مُردے اکھاڑنا)
نئی بات نکالنا:
(فحش پٹڑاں) مح۔انہونی بات کرنا۔
بدنام کرنا:
(پٹڑاں) تو مہاڑا کہہ پٹی گھنسیں؟)
گالھ:
(پٹڑاں) ادھیڑنا (رضا پٹڑاں)
(بکسہ پٹڑاں) صندوق کھولنا:
(بیڑہ پٹڑاں) مح۔خانہ خراب ہونا:
(گل پٹڑاں) پرانی بات دہرانا،

مردے اکھیڑنا:
(اِس فر پُرانی گل پٹی ماری)

**پِٹڑاں:** (پٹناں)
ماتم کرنا، چھاتی پیٹنا، سر کو ہاتھ مارنا:
(مویاں کی پٹڑاں) میّت کی چارپا پر
پیٹناں (ہُنڑ مویاں کی پٹ)
(آ تے چِر کی آں پر مہاڑی پٹنی تخ)
(اخ)
(پِٹڑاں) سیاپا، سوگ:
(اجّرے تہاڑا پِٹناں پیاوا)
(پٹی پٹی) رو رو کر اور پیٹ پیٹ کر:
(پٹی پٹی بُرا حال کرنا)
نہ ختم ہونے والا کام (جس کام سے اکتا
جا اس کام کے لئے بولا جاتا ہے)
(کدوں ناپٹناں پیاوا)
(پِٹنے جوگا) اللہ کرے موت آ :

**پَٹنڑ:** (پٹن)
اکھاڑیں:
"میںڈھی مٹی چٹن
میںڈھیاں نہیاں پٹن"
(باقی صدیقی)

**پٹو:** پتو۔کمبل:
(پٹو بانڑاں) مح۔ورغلانا ۔گرویدہ
کرنا:
(جہیا پٹو باہیاس جے اُس توں بغیر گل
کرنا)
(پٹو، پتو) کمبل (تھڑہ)
(پٹو باہنڑاں) گدھی یا گدھے پر کاٹھی
ڈالنا، سواری کیلئے تیار کرنا:
لگانا:

**پٹولا:** ریشمی کپڑوں کا گُڈا، پٹولا:
(گڈیاں پٹولے) بچوں کا کھیل:
نازک ترین، سوہنا، دِل:
(میں نار پٹولے ورگی) گ
(پٹولا) پا ں کے تلوے پر نکلا چھالا:
(گڈیاں پٹولے) کتاب (سلیم مرزا)

**پَٹّی:** (حصہ) ٹکڑا، گا ں کا چھوٹا حصہ۔
(پٹیاں) جمع:
(ستاں پٹیاں نا شریک) مح۔دور دراز کا
مہمان (شریکا برادری)
لا ، سطر:
رسم الخط (الفابیٹ)
قائدے کی پف پٹی (الف، بے)
(پٹی) اکھاڑی)
(تومہاڑا کہہ پٹی کھنسیں؟) گالھ
(پٹی چاڑھناں) مح۔باتوں پر لگانا
ورغلانا:
(پٹی پڑھانڑاں) نیا سبق دینا۔
بات بھلانا (ایہہ اُسے نی پٹی پڑھیاوا)
ایک ہی بات کرتے جانا:
(پٹی ٹُھالنا) بالوں کو تیل جگا کر کنگھی
سے ایک طرف کرنا:
(پٹی کرنا) مرہم پٹی کرنا
(اکھیاں اپر پٹی بنھاں) مح۔بے خبر
رکھنا:
دھوکہ دینا۔فراڈ کرنا:

**پَٹے:** زلفیں، سر کے لمبے لمبے بال:
جو گردن تک آ ہو ہوں:
(پٹے) اکھاڑے۔۔(پٹناں) اکھاڑنا:
(پٹے) اجاڑے:

**پٹیا:** کھودا (اکھاڑا)
(پٹیا پہاڑ نکلتا چوہا) اخ

.................................................

## پ۔ٹھ

.................................................

**پٹھ:** نوعمر بکری (پٹھاں) جمع
**پُٹھ:** پیٹھ۔کمر:
پُٹھ کا گوشت (خاص جگہ)
(پُٹھ چاڑھناں) مح۔نرم کرنا، ملا
کرنا:
اُلٹا کام (توکو پُٹھ ای کرسیں)
اُلٹ، غلطی، گناہ:
نئے بنے کپڑوں کی آکڑ ختم کرنا:
مارنا پیٹنا، سیدھا کرنا:
پھٹکنا، گرم پانی میں ڈال کر دھونا:

**پٹھا:** نوعمر:
مُرغی کا نر بچہ (پٹھی پَٹھا)
پہلوان کا شاگرد:
جوان ہوتا مرغا:
سبز چارہ:
(پٹھے) رگیں، اعصاب:
(پٹھہ اترنا، پٹھہ چاڑھناں)
(سِدھا تے پُٹھا))
اُلٹا۔اوندھا:
بگڑا ہوا، خراب:
فی جانور (سو روپئے پٹھالا یاس)
(پُٹھا کم) غلط کام:

**پٹھڑ:** کبوتروں کے بچے جو پوری اڑان نہ کر
سکتے ہوں:
بارہ چودہ سال کا لڑکا:

**پٹھو:** بوجھ، وزن، بستہ:
کمر کے پیچھے لادا ہوا وزن (فوجی سزا)
دوسروں کے کہے پر چلنے والا:
(پٹھو حکمران) کٹھ پتلی:
گرم (بچوں کا ایک کھیل)

**پٹھڑ:** جوان، بالغ:

**پَٹھہ:** رگ (پٹھے) جمع
جسم کی رگیں (اعصاب)
نر مُرغا جو صحیح جوان نہ ہو:

**پٹھی:** نوعمر مرغی، جس نے ابھی انڈے نہ
دیئے ہوں:
(پٹھا) نر۔۔(پٹھے) جمع

**پُٹھی چکی:** اُلٹا پھیر:

.................................................

## پ۔ج

.................................................

**پجڑاں:** (پجناں)
ٹوٹنا (سودا کر کے توڑ دینا) انکار کرنا:

**پُجڑاں:** (پُجناں)
وارا کھانا (پُجی نی گل اے)

**پُجڑاں:** (پھجڑاں)
(بھٹی میں گرم ہونا)
جلنا۔دُکھ جھرنا:
(پجھے جمڑاں) مح۔لاٹری نکلنا۔
کا ساتھ دینا (تہاڑے تے پجھے جمی
آ )
(پُجھے راہڑاں) مح۔(میں کیہڑے
پُجھے راہی شوڑے) اخ (بھُنے ہو
دانے نہیں اُگتے) غلطی کرنا:

.................................................

## پ ۔ چ

**پچ پچ:** کیچڑ میں چلنے کی آواز:
**پچ پچ:** خوشامد،تعریف:
(پُچ پچ کرنا)پچکارنا
(مہاڑے کولوں پُچ پچ نئیں ہونڑیں)
**بچارا:** بےچارا(بھا چارا)
پوچارا: پوچا مارنے والا کپڑا:
**پچاسی:** (گن) اَسی تے پنج=(پچاسی)۸۵:
**پچانڑاں:** ہضم کرنا، ہاضمے کی صورت:
**پچاڑاں:** (پہنچانا) چھوڑ کرنا:
**پچانوے:** (گن)
نوّے تے پنج=(پچانوے)۹۵:
**پَچڑاں:** (پَچناں) ہضم ہوجانا،کھا کرہضم کر لینا:
(کُتے کی کھیر نئیں پچنی)اخ
**پچکارنا:** پُچ پچ کرنا، پیار کرنا:
**پچکاری:** پانی کی باریک لمبی دھار۔نیمہ:
: ( وچ) گرفت میں۔اختیار میں۔
**پچونجہ، پچ ونجہ:** (گن)
پچاس+پانچ=( )۵۵:
**پَچّی:** شرمندگی(نادم ہونے کی حالت)
(پچی کرنا)مح۔شرمندہ کرنا:
**پچلّے:** (پَ....چل....لے)جمع
کونے کُھدرے:
پچلا (واحد)

## پ ۔ چھ

**پچھ:** زخم،کٹ کا نشان:
پچھناں (ٹک لانڑاں) نشان لگانا:
حجامہ(خون نکالنا)
**پچھ:** (فیملی بیک گراؤنڈ)
(اس نا پچھ پہھارا آ) تغڑا آدمی:
(پچھ کرنا) پیچھا کرنا:
(پچھ لگ) پچھلے خاوند کی اولاد:
**پُچھ:** عزت۔خاطر تواضع:
(پچھ پرتیت)پوچھ گُچھ،
سوال جواب:
(پچھڑاں)فعل۔پوچھنا:
(نیکی تے پُچھ پچھ)اخ
(پُچھ دینڑاں) بیمار کو دیکھ کر کچھ دینا:
: پیٹھ، کمر، جسم کا پچھلا حصّہ(کنڈ)
( کرنا) تلاش کرنا۔پیچھا کرنا،
تعاقب کرنا:
( چھڑانڑاں)جان چھڑانا:
(پچھے) پچھے مڑی تکھیا میں گئے نئیں
سا ہک تھوڑسی باقی(نظم)
**پچھا:** پیچھا:
"جے کو پچھا نانہ چھوڑے
تے کرتکو تدبیراں
وختاں وراں توں قرضہ
قرضہ دیو چا فقیراں"(سلطان ظہور)
**نڑ:** پہچان(پرکھ)نظر
،فرق:
**واں:** سایا:
"میں انسان
مینڈے کئی ویں"(باقی صدیقی)
**پچھ لگ:** خاوند کا سما، اولاد:
**پچھڑا:** کھجور کی شاخوں سے بنا تھیلا:
(پچھڑا پہھری کے فروٹے نا آنڑناں)

پچھِڑاں: (حجامہ کرنا) ٹک لگانا:
پچھ (تیز دھار کے کم گہرے نشان)
قدیم طریقہ علاج۔
پچھُڑاں: پوچھ گُچھ کرنا، سوال جواب کرنا:
تکرار کرنا:
راز اگلوانا:
پوچھنا، سوال جواب کرنا، معلومات کرنا
صلاح مشورہ کرنا، حساب مانگنا:
پچھڑناں: (پچھ...ڑ...ناں)
پیچھے رہ جانا، لیٹ ہونا۔ دیر کرنا:
پچَھڑُ ویں: (پچھ...ڑو...ویں)
اُلٹے پا ں۔ پیٹھ کئے ہو پیچھے آنا:
پچھڑی: لیٹ ہو (مونث)
پچھڑ یاں: لیٹ ہوئیں۔ مونث (جمع)
(پچھڑ یاں ٹھوکڑاں) ح۔ بے تکی
باتیں کرنا:
پچھلا: آخری:
پیٹھ پیچھے:
(پچھلا سبق) سبق:
(پچھلا خصّم) خصّم:
(پچھلا ویلا) اور گزرا ہوا وقت:
پچھل: پچھلا ( والا) آخری (پچھلا پہر)
پچھوکڑ: (پچھواڑہ)
گھر کی پچھلی طرف، ٹھولی
Back Side: (پسِ منظر)
پچھوں: پیچھے سے، عقب سے:
(کنڈی پچھوں) پیٹھ پیچھے
میکے سے (ماں باپ کے گھر سے)
(کو پچھوں آندا ای؟)
(پچھوں) بعد اچ:

(پچھوں کرنا) لواطت۔ لوطی عادت۔
(پچھوں آ ہور۔ جناں اغلے دتے
ٹور) ارخ
پچھوں (پچھوں کھتے نا ایں) گراں
گوٹھ۔ مقام جگہ، گا ں، شہر،
جدی پشتی، رہائش،
اقامت گاہ با اجداد کی جگہ۔
اوقات، ذات پات، قوم:
پچّھی: پلاسٹک یا کھجور کی بنی ٹوکری:
پچھیتری: بے موسمی، موسم گزر جانے کے بعد
بیجی ہو فصل (پچھیتری، اگیتری)
پچھیک: لیٹ۔ دیر (پچھیتری)
گا بھینس کا دودھ دینے کا زیادہ
عرصہ:
پچھے: پیچھے:
پچھلے لوگ، پیچھے رہ جانے والے:
گُزرے ہو :
(پچھے مُڑی تکھڑاں) پیچھے مڑ کر دیکھنا۔
(پچھے رہی گسناں) لیٹ ہونا:
ناکام ہونا۔ س، انتظار میں رہنا:
(پچھے پنیڑاں) ضد کرنا، اصرار کرنا
تنگ کرنا، جان نہ چھوڑنا۔
(پچھے لانڑاں) پیچھے پیچھے لگانا، مرید بنانا
گرویدہ کرنا:
(پچھے لغڑاں) ضِد کرنا:
مان کر چلنا:

## پ۔خ

پخ: حرارت، گرمی۔ ٹمپریچر:

**پچاڑاں**: کوئلے گرم کرنا:
(پچاڑاں) غصہ دلانا (خلاف کرنا)
(کُتے پچاڑاں) مح۔آوارہ پھرنا:
**پَچڑاں**: دہکنا۔انگارے کی طرح (روشن ہونا)
(اگی آر پچڑاں) تیز بخار کی حالت:
(پَچاں پَچاں کرنا) انگارے کی
طرح سُرخ رنگ: نہایت خوبصورت
چہرہ غُصے ہونا:

## پ۔د

**پَد**: (پاد) پھُوسیاں۔ہوا کا اخراج:
(ہک نکما دوا آ پد چیں ساڑے) اخ
(پَد کڈھنے) مح۔ڈرانا،خوف زدہ کرنا:
(پَد نکلنے) خوف طاری ہونا:
**پِدّا**: چھوٹی چڑیا، پدی کا نر، چھوٹا بچہ (گالھ)
(پِدا جیہا تھیا نئیں تے گلاں بہوں
کرنا ایں)
**پِدانڑاں**: (پدانا)
کھیل میں ہرانا۔
(دوڑاناں) آگے آگے کرنا، غلام
گردش (عاجز کرنا)
(گلی ڈنڈے کے کھیل میں دوڑ لگانا)
"وقت وڈا کھڈیار پرانا
ساری عمر پدا "(باقی صدیقی)
ناں اساں نیں پھتو گامے
اساں کی لوک پدانڑیں
(شیراز طاہر)
**پدرا**: برابر، لیول، ایک جیسی، ہموار جگہ:
(پدرا کرنا) مح۔صحیح کرنا، ناں، راہ
لگانا:
**پَدڑانڑاں**: (پدڑاناں) ورغلانا:
وے میں لانا۔ ناپھسلانا:
**پَدڑناں**: وے میں آنا، ہاں کر کے نہ کرنا،
ارادہ تبدیل کرنا
**پِدرانڑاں**: ورغلانا
**پِدناں**: کھیل کھیل میں دوڑنا (ہارنا)
"جا تک کھیڈن اِٹی ڈنہ
کو پدے کو پدا "باقی صدیقی)
**پِدی**: چھوٹی سی چڑیا:
(توں پد پدی میں پد پدا) کہت

## پ۔ر

**پَر**: نِب والا قلم:
لیکن، پھر۔مگر:
پرندوں کے پَر:
(پَر کھولڑاں) اُڑنا۔پر پھیلانا:
(پراں) جمع
(پراں اپر پانڑی نا نہہ پینڑ دینڑاں) مح
(پَر لغڑیں) غرور اور تکبّر پیدا ہونا:
(پہلیاں کی پر لغڑاں) اخ:
(پر کھتہ) پر کٹا:
غریب، بےسرا:
(پَراں ہٹھ کرنا) چھپانا۔حفاظت کرنا:
(پَر پٹناں) بےبس کرنا۔پرواز کے
قابل نہ چھوڑنا:
(پر بنھاں) پر باندھنا۔مجبور کرنا:
(پر چھنڈڑاں) ہوشیار ہونا:
(سُکھڑ ہونڑاں)

**پُر:** (فُل) پُورا پُورا:
(پُر باش) سیر شدہ:
(پر کرنا) پورا کرنا، بھرنا:
نا نا، راضی کرنا:

**پَرا:** (پرے نی گل) سنجیدہ بات:
موقع محل پر کی جانے والی بات۔ فائدہ
مند بات:

**پَرا:** (پَرا) دوسرا، پاروالا (پارا) دوسری
طرف والا:
(پرا کھار) (پری دکان)

**پُرا:** (لہنڑے نی ہوا) مغرب کی سمت چلنے
والی ہوا (پوٹھوہاری میگزین کا نام)
بارش کا امکان ہونا (امید)
(لہنڑے نا پُرا اہُرے سوں بُرا) اخ

**پرات:** دھات کی بنی گول بڑی تھالی:
مٹی کا تھال (صحنک)
حصہ، چال (گندم کی کٹا میں کھیت کا
کٹا ہوا جزوی حصہ)

**پراٹھا:** گھی میں تلی ہو روٹی (پرونٹھا)
(کھار کو پراٹھے پکے وے)
میں کو تہاڑے پراٹھے کھانڑاں آں؟
(رناں والیاں نیں پکنڑ پراٹھے) گ

**پرار:** دوسال (پَروں نیئیں تے پرار)
(پرار سال)

**پرالا:** دھڑے بازی (پوٹھوہاری تنظیم)

**پرانڑاں:** استعمال شدہ، پرانا، پرانی اشیاء:
(پرانڑے) جمع
عمر دراز آدمی:
(ہتھ پرانڑیں کھوسڑے بستا اور )
(اخ)

(پرانڑِیں) مونث
(گل پرانڑی ہو گئی)
(پرانڑی مُنڈھی) لمبی عمر کا آدمی:
(پرانڑی روح) چھوٹے بچے کا سمجھ
داری کی بات کرنا:

**پراندہ:** سیاہ دھاگوں کا لچھا:
عورتوں کا سنگار:
(پراندی) چھوٹا پراندہ:
بچیوں کا سنگار:

**پراہ:** سطح (برابری) موٹا گیج

**پرایا:** نہ، اجنبی، غیر:
(پرایا کھر ٹھکے ناڈر) اخ
(پرا پُتر کدوں بنڑ نیں) اخ

**پرا :** نی، دوسری:
(پرا اَ گی اچ گنڑ چھال مارناں) اخ
(رن پرا انھے کی پھنواٹی ) اخ
(پرا پیڑے نا کہہ درد؟) اخ
(پرا موت ہاسہ) اخ

**پرا :** نے، دوسرے:
(پرا پُترے نا سِر مُٹھا دِسناں) اخ
"لوکاں کھاروی سہرابن کے
آ پُتر پرا ۔" (باقی صدیقی)

**پَرت:** (پَر...ت)
صفحہ، کاغذ، چھپی ہو چیز:

**پَرَٹ:** اُلٹ (امر) اُلٹا کر:
(پرتاں) فعل۔ کروٹ لینا۔ بدلانا
(پَرَٹ مارناں) اُلٹا ہو جانا، بگڑ جانا:
واپسی کرنا، بات کو دوسری طرف لے
جانا (شکست دینا)
(پَرَتّی کے تکڑاں) پیچھے مڑ کر دیکھنا:

**پرَتّا:** (پ.....رَت.....تا)
تبدیلی (اُلٹانے کی صورت)
(پرتامارناں) اُلٹاہوجانا، بیان کوتبدیل
کرنا:
ترجمہ (لپی اتارا)
**پرتانڑاں:** (پرتاناں)
اُلٹانا (دوسری سمت کرنا)
آزمانا (جاچنا، پرکھنا، شرمندگی کے
باعث نہ پوچھنا (نہ پرتانڑاں)
میں مُڑی کے پرتایاای نئیں:
کسی چیزکامُڑکرذکرنہ کرنا (دہرانا)
**پرَتناں:** واپس ہونا، موڑکھانا:
اُلٹاکرنا۔ کاحصّہ اوپرکرنا:
(پہاڑپرتناں) مح۔انوکھاکم کرنا:
**پرِتیت:** (پچھ پرَتیت) پڑتال، سوال جواب:
**پرِتھنی:** (پرِتھنی مارناں) مح، چت کرنا، ملیا
میٹ کرنا:
**پرِچ:** چینی یاکانچ کی رکابی:
(پرِچ پیالی)
(تتی چاہ کی پرِچے اچ باہی کے پینڑاں
**پرچانڑاں:** (پرچاناں)
پسندآنا، دل کوبھانا، من پسندہونا:
خوش ہونا:
"تکھی یَر دِل پرچایا
مونہے نے وچ پانڑی آیا"
(شیرازطاہر)
**پرچاونڑی:** (پرچانی)
غائبانہ افسوس:
سوگ کی رسم:
مرے ہو آدمی کادُکھ:

مَرنے والی کی افسوس گاہ (پُھوہڑی)
(چھانی)
**پرچول:** پڑچول:
پڑتال، کھوج، تفتیش (پرکھ پڑچول)
**پرچولناں:** پڑچولناں:
پڑتال کرنا، پرکھنا، تلاشی لینا:
(گل پتہ کرنی) (گل پھرولناں)
**پرَچی:** پُرزہ، چھوٹاپرچہ، رُقعہ:
ووٹ:
تحریر (چِٹ، لِخت)
**پرداوڑہ:** شیخی۔جھوٹ:
اپری کرنا (اوپرسے ہوکرملنا)
(پرداوڑہ مارناں) مح
**پڑْسینا، پرسیو:** پسینہ:
(پرسیواسناں) مح
ڈریاخوف سے ماتھے پرپسینہ آنا:
(پرَسیوکڈھناں) مح۔محنت مشقت کرنا
**پرَکھ:** پہچان:
تجربہ، دیکھ بھال، چھان بین، ،فرق:
**پرکھ پڑچول:** تحقیق:
**پرَکھڑاں:** (پرکھنا)
آزمانا، امتحان کرنا، جانچنا:
ٹھونک بجاکردیکھنا:
**پرِکھلاں:** مرغیمر غے کی کراسنگ:
**پرِلا:** دوسرا:
اُس طرف، دوسری طرف:
اِس سے آگے والا:
(پرَلے پاس) دوسری طرف:
اس طرف کا (دوسرا) پرَلا پاسہ:
(پرلی) پرلے کی تانیث:

**پرلو:** بے چینی (اضطرابی حالت)
افراتفری (پرلو پیڑیں) مح
**پُرمٹے:** بھنویں:
(پرمٹے مُناں) فیشن کرنا:
**پرمنیا:** منیا پرمنیا:
بڑے نام والا، مشہور آدمی (نامور)
**پَرناں:** پٹکا، چھوٹی چادر (چُنی)
کندھے پر رکھا ہو بڑا رومال:
خوشی غمی پر (پرناں) بطور تحفہ دینا
عزت کرنا:
(پرنے) جمع:
کندھے پر رکھنے والا کپڑا (پرنہ)
چادر نما:
(اساں لیرو لیر پرنے۔۔۔) اختر شیخ
(ٹھو نے پَرنے بہنڑاں) مح
بری طرح نقصان کرنا، دیوالیہ ہونا:
**پرنالہ:** چھت پر سے بارش کا پانی نکالنے کیلئے
ٹین یا پلاسٹک کا لگا چھوٹا سا پائپ:
(خصی پرنالہ) دیوار کے ساتھ اتارا گیا
پانی (سیمنٹی پرنالہ)
(پرنالہ اُتھے نا اُتھے آ) اٹکی ہو سو :
(پرنالے) جمع
(پرنالے ہتھ آنڑی کھلنا) مح
"جس نی چُھگی اتوں لنگن
اُچیاں محلاں نی پرنالے"
(باقی صدیقی)
"مھاڑے بیہڑے وچ
لوکاں نیں پرنالے بغڑیں"
(اختر عثمان)
**پرنگت:** (پَ....رنگ...گت)
احسان (بخشیش) تحفہ۔
(پرنگت باہنڑاں) مح، احسان دھرنا:
**پروٹ:** بھٹی میں ڈالے ہو دانوں کا ایک پُور:
(پُور) تندور میں لگی روٹیاں:
**پروٹا:** جس چیز میں تھوڑے تھوڑے دانے
ڈالے جائیں:
زیور رکھنے کا ڈبہ (مٹی کا ڈولا) پٹاری:
پروستاں: بھرنا
**پَرولا:** چکی نا گندھ صاف کرنے آلا کپڑا:
گھر کی چکی کی نالی سے آٹا صاف کرنے
کا کپڑا، بُجھہ:
"درد پرولا ٹکیا ٹکیا
مھاڑا گل ایہہ سرمایا" شیراز طاہر
**پرونڑاں:** (پرونا) سو سے ہار بنانا:
(اتھرواں نیں ہار پرونڑاں) مح۔ بہت
زیادہ رونا:
**پرُونڑی:** (پرونی)
گندم کی فصل میں اُگی ایک بوٹی:
**پَروں:** اگلے سال یا گزرے سال، پچھلے سال:
**پرُھور:** (سُکی پرُھور) خشک پتوں کے چُورے
کی طرح (انتہا خشک) سفوف
**پرھیاں:** ہئیت، مجلس، کچہری:
**پَرِی:** دوسری طرف والی:
ہل کی چال (پری اور کھری)
سوہنی نار (دیوتے پریاں)
(پری جمال) سیف:
(پری جایا) بہت خوبصورت، ملوک،
**پرے:** اُدھر:
(اُرے پرے) اِدھر اُدھر
دور (دفع) پرے ہو:

**پریٹ:** پریڈ (کِک مارچ)
**پریرے:** تھوڑی دور، تھوڑا پرے:
تھوڑا ہٹی کے:
**پَریوں:** دوسری طرف سے (پریوں ہو کے لنگ

## پ ۔ ڑ

**پَڑ:** خاندان، پیڑھ، پڑدادا، پڑنانا:
(نسل در نسل)
منزل (ڈبل شیڈ) ایک کے بعد دوسرا:
(کوٹھا سے پڑ کوٹھا)
(چھتی سے پڑ چھتی)
پتھریلی زمین: چٹان:
بڑے بڑے قدرتی پتھر:
(نظر پڑ پھاڑی شوڑنی) اخ

**پِڑ:** میدان:
(پڑ چھوڑنا) حوصلہ ہارنا۔ میدان چھوڑنا:
میدان، دنگل، پڑا، مجمع:
دائرہ (گولیاں ناپڑ) (کوڈی ناپڑ)
(پڑ بناں) بازی لگانا:
(پڑ جوترناں) میدان لگانا:
(پڑ پٹناں) کھیل ختم کرنا:
رش ختم کرنا:

**پِڑ:** (پڑ) پلے۔ ذُمے:
(پڑ پیئڑاں) سر پڑنا۔ ذُمے لگنا:
(کُتھے مھاڑے پڑ پئی گیاایں؟)

**پڑ پڑ:** (پڑپڑ) دست نے کی آواز:
**پُڑ:** چکی کے گول پتھر (پاٹ)
(دواں پُڑاں چوں آٹا کڈھناں) مح
مطلب پورا کرنا:
"دواں پُڑاں نے اندر جھوری
ثابت بچے نانہہ کو " (سلطان ظہور)
(پُڑپُڑ کرنا) جواب دینا:
(پُڑپُڑلا رکھڑاں) مح۔ اونچا بولنا
(کنڈا پُڑی گیا) چُھبنے کی حالت:

**پُڑا:** لحاف کے اندرونی حصے کا کپڑا:
**پڑا:** بڑی پڑیا:
**پڑاکل:** (بڑی پڑاکلی ناایں) گالھ:
**پڑُت:** (پ..ڑُت)
اچانک (پُھر سے)
(پڑت کری کے) مح۔ ایک دم سے:
**پڑتّا:** چھوٹا سا۔ ذرا برابر:
(شیطان پڑتا) چھوٹا شیطان:
**پڑتی:** شارٹ راستہ:
**پڑ چول:** پڑتال۔ پوچھ گُچھ:
**پڑ چھا:** ٹکڑا (پارچھا) گوشت کا کتلا:
**پڑ چھتا:** بڑی چوت:
(چُتھا) چُوت:
(تہاڑی ما ناچُتھا) گالھ
(چتھا مارناں) گالھ
**پڑُ چھناں:** (پ...ڑُچھ...ناں)
(اُچکناں) کیچ کرنا۔ پکڑنا:
(مونہے نی گل پڑُ چھناں) مح۔ منہ کی
بات چھیننا:
(ادھ راہوں پڑُ چھناں) مح۔ بد ی
کی بات:
**پڑ چھتی:** کانس، منّھی، برتن اور سامان رکھنے کی
جگہ یا سیمنٹ کا شیڈ:
چھت کے تھوڑے فاصلے پر نیم
چھتا بنا کر سامان رکھنا (نیم چھتی)

**پَڑدبہ، پڑداوڑہ:** خودساختہ بات:
(پڑدبہ مارناں) مح۔اپنی بنا ہو
بات کواوپر کرنا:
بات اگلوانے کے لئے خودکو جھوٹی
بات بنا کر پیش کرنا:
**پڑدادا:** باپ کادادا:
**پڑدندا:** دوہرے دانتوں والا:
(بےترتیب دانتوں والا)
**پڑسانگ:** بانس یالکڑی کی بنی سیڑھی:
(پڑسانگے اپرچاڑھناں) مح
سیڑھی پرچڑھا کرسیڑھی کھینچ
لینا۔منصوبے بنانا، سبز باغ دکھانا:
**پڑکاٹھ:** چھت پرڈالی گئیں چھوٹی چھوٹی شاخیں
**پڑکوڈی:** کبڈی کا میچ، مشہور کھیل (للکار)
(چھپھل کوڈی): لمبی کوڈی:
**پڑکوٹھڑا:** چبارا۔
(کوٹھے تے پڑکوٹھرانی ما ،کوٹھے۔
**پڑچ:** الا (ٹھانڈی)
**پڑنجناں:** (پ..رُنج..ناں)
جھپٹا مارنا۔چھیننا:
**پَڑناں:** کپڑے کاپڑے پڑے خراب ہونا:
(ختم ہونا)
بوسیدہ ہونا (لیر ولیر)
**پُڑناں:** چھبنا، پیر میں کانٹا لگنا، چبھ جانا:
(کنڈا پُڑناں) کانٹا لگنا:
لگت بازی کرنا۔
**پڑھ:** (پھھڑ) دمدمہ۔بند(مٹی کی روک)
پشتہ:
**پڑھناں:** (پھھڑناں) بھڑناں:
لڑا جھگڑا کرنا، گتھم گتھا ہونا:

**پڑھ کارا:** لڑاکا۔پیڑھے نا تجربہ رکھنے آلا:
**پڑھاکو:** ہروقت پڑھنے والا، طالب علم:
(پڑھیانا نہہ باب بنڑیں بیٹھا نواب)
(اخ)
(پڑھیانا نہہ پاء بنڑیں بیٹھا علماء) اخ
**پڑھیانڑاں:** پَڑھیاناں:
تیل نکلوانا:
کولہو سے تیل نکلوانا:
(سریاں یا جمانہہ پڑوانڑاں)
سرسوں اورتارامیرے کا تیل نکلوانا:
(کھانڑی کڈھانڑی)
**پڑوپی:** اناج ناپنے کا چھوٹا پیانہ(برتن)
(پڑوپی)(آدھ سیر)
**پڑواجی:** پلٹی:
کلابازی۔خوشی کا اظہار:
**پڑوانڑاں:**(پڑواناں)
کان پھڑوانا(کان میں چھید کروانا)
**پَڑی:** پتھر کی سِل:
(پَڑیاں) جمع
(نِکا جیا موہڑہ پَڑیاں اُتے گراں ماہیا)
(گ)
قورے نیاں پَڑیاں: مھاڑے اپروں
پڑیاں چا ۔نظم شیراز مغل
(دل اچھے تے پڑی اپرنا نہہ اچھے تے
پری اپر) اخ
(پڑی) بوسیدہ ہو :
(پَڑناں) فعل
خستہ حالت میں پھٹناں:
(پڑی پڑی تن لیراں ہویا) ع
**پُڑی:** پُڑیا:

**پڑیت:** (پڑی....ت)
زبان درازی (بُڑبُڑ)
**پَڑیٹ:** (پَڑ....یَٹ) کمزوری کا بخار:
**پڑیاوے:** دیسی چکی کی بنیاد (پاوے)
(مٹی کے بنے چار پاوے)

..............................................................

## پ۔س

..............................................................

**پَس:** پیپ (رِحنا) پھوڑے کا خون:
(پَس) کچے کنویں کی اندرونی کچی
دیواریں جو پانی لگنے سے گر جائیں:
(پساں) جمع
**پِست:** (شکست) پٹا ۔باریکی۔چھوٹی:
(پِست کڈھناں) مح۔چنگا رِکا کرنا:
(دبا دبا کے پِست کڈھی چھوڑی
س)
**پِست گو:** خوب پٹا کرنا: چھوٹا کرنا (اندری مار)
**پِستہ:** چھوٹے قد کا:
پِستہ کُتا:
"ٹوٹیراں چار چھیرے
پستنگے پئے مارن" (سطان ظہور)
(پِستہ بادام)
**پِستہ پین:** پٹا :
پِستہ پین کڈھنا (مار مار کر ادھ موا کرنا)
**پِسّتہ:** (پ....سِت....تہ)
(ہٹ کر) ایک طرف ۔دور دراڈے:
**پسلی:** پہلو کی ہڈی (سَکی لئی ،پسلی )اخ
**پسوڑی:** فساد (اُلجھن)
**پَسوں:** گدھا، مورکھ، بدھو، ڈنگر، حیوان مال:
(جٹ بھیڑ)
ڈنگر (بے حس)
**پِسوں:** پسو (خارش کرنے والے کیڑے)
(پِسوں پینڑیں) مح۔فکر مند ہونا:
پریشانی۔خوف (خطرہ محسوس ہونا)
(کہہ پسوں پئے وے نی) مح۔جلدی:
**پَسّہ:** مکئی جوار کی سوکھی فصل کا گول اگھٹ:
(پَسّے) جمع
**پسھڑ:** جھجھال (بہت سارے کاموں میں پھنسا
ہوا آدمی:
(کھیڑے پسھڑاں اچ پیا وا ایں؟)

..............................................................

## پ۔ش

..............................................................

**پشتانڑاں:** (لسانا)
پچھتانا، افسوس کرنا:
**پشور:** پشاور:
(لہور تے پشور لگا ویندا اعیسی خیل دور
تے نئیں) گ
**پشوری:** پشاوری:
پشوری چپل:
(دل پشوری کرنا) مح۔دل خوش کرنا:
" کنڑکاں وچوں ڈڈے پٹے
ڈڈے پٹے چوری چوری
نالے کر یئے دل پشوری" (نظم)

..............................................................

## پ۔ک

..............................................................

**پَک:** پکی بات، یقین۔مضبوطی:
(پکی) کھیل، لڑکیوں کی ناراضگی:
اور رضامندی کا اظہار:

پکی (کاٹ)
(پکڑاں) تیار ہونا:
(پکی پکا) تیار شدہ:
(پکا) دیگ پکا :
(پکوا) مزدوری، اُجرت:
(پکڑاں) تیار ہونا (کنڑک پکی گئی)
(زخم پکیاوا) (اکھیں پکیاں ویاں)
خراب حالت:
(بندے پکے وے) مضبوط، آرادے
کے پکے:
(تنگ آ لوگ)
(تخی تخی اکھیاں پکی گیاں) مح
(پکی جماعت) (کچی پکی)

**پکّا:** مضبوط، زوروالا: (کچا پکا) ادھا پکا:
(پکا) سخت پتھر کی طرح (ٹھوس)
اپنی جگہ کھڑا ہوا:
مٹی کا کچا اور پکا گھڑا:
(پکا اور کچا بیر) (کچا اور پکا مکان)
پکا سا ہٹلیا منڑیں سوں بدھ
ماشا سا تولا سا نانہہ اوہ سیر سا

**پکانڑاں:** (پکانا)
یاد کرنا (ہکے گل پکا وی س) سبق
پکاڑاں:

**پکاڑاں:** (پکاناں)
تیار کرنا۔۔۔ کھاڑاں پکاڑاں:

**پکڑ، پغڑ:** گرفت، جکڑن:
جن بھوت کا سایہ (پغڑ پینڑیں)

**پکّی ٹھکی:** پختہ۔ محکم (کانفرم، طے شُدہ)
(ہک پکی جہی لاساں) مار مارنا:
اینٹ کی طرح سخت، مضبوط:

پکی صلاح، نیت:
پکا فیصلہ:

**پکی پینڈھی:** سخت، مضبوط:

**پکیچ:** مضبوطی (پکا کم کرنا) سٹام ناں:
(پکیچ کرنا)

**پکیرا:** (پکیری عمر آلا) پکی عمر کا آدمی، میچوہر:

## پ۔کھ

**پُکھ:** بھوک۔ پیٹ کی بھوک۔ جنس کی بھوک:
(اکھیاں نی پکھ) پیدائشی بھوک:
(پُکھ چوتا) ٹھو وچوں کڈھی
کھانے آلا۔ ذلیل۔ کمینہ:
(پُکھ پہھانگڑے عشق بنیرے) اخ
(پُکھ نانہہ نکلناں) فطری بھوکا آدمی:
توں ویں ہک قیامت نوراں
تکھی تکھی چُکے پُکھ (نظم)

**پُکھا:** (بھوکا، لالچی)
(پُکھے کی کہہ جا ہی نا؟ دو روٹیاں)
(اخ)
(پُکھے کی پُکھا ٹکرے دو آں کی غش)
(اخ)
(پُکھے مرن مراسی اپروں شاہ اور آ گئے)
(اخ)
(رُکھا تے پُکھا) اخ
"دل لوہے نال لوہا ہویا
فِر وی پُکھا پیٹ نانہہ رجیا"
(باقی صدیقی)
(رَجے گھرے نا گتا پُکھا)
(اخ)

(پکھی) موئث:
(پکھے) جمع
(پکھے نی روٹی چِڑکی پکڑیں) اخ
" پکھے پھانڑے رت سکایئے ہوراں
تائیں
باہیے راہیے کیہے گاہیے چوراں تائیں"
(اختر عثمان)

: پنکھا، ہوا دینے والا، پروں والا پنکھا:

**پکھڑناں**: صحت مند ہونا:

**پکھنڈ**: (باکھنڈ)

بہانہ، مکر فریب، دھوکا: جھوٹا مذہب،
اختراع:

**پکھلناں**: مُرغی مُرغے کا کراس کرنا:
(بِٹھ بٹانڑاں)

**پکھلو**: پتنگے (پر لگے کیڑے)

**پکھلوں**: پرندے:

**پکھی**: دستی پنکھا (کھجور کی بنی)
" ہِک بوٹا کلم کلھا
سڑنے بلنے راہیاں کی
پتراں نی پکھی چھولے"
(باقی صدیقی)

**پکھی وال**: خانہ بدوش:
جُھگیاں آلے (پکھی وال)
" مھاڑے نال نا نہہ رُلناں روہ
مھاڑے نال نا نہہ اتھر وڈوہل
میں پردیسی
میں راہ گزرو
میں آں پکھی وال" (شیراز طاہر)

**پکھیرو**: (پنچھی) پرندے:

**پکھیاں**: جمع (پکھی)

(پکھیاں چھولناں) مح
ہم دردی کرنا۔ساتھ دینا:

.............................................

## پ۔گ

.............................................

**پگ**: پگڑی، دستار، صافہ
(پیونی پگے نا خیال رکھڑاں)
شان، عزت، آن:
" توں غلابی چُنی رنگی میں غلابی پگ
اساں دواں نا مِلناں تکھ نہ سکیا جگ"
(باقی صدیقی)
(پگ لوہاڑیں) مٹی پلید کرنا، بے عزتی
کرنا، ذلیل خوار کرنا، بنی بنا عزت
خاک میں ملانا:
(پگ بٹانڑی) پگڑی بدلانا، دوستی کرنا:
دستار بدلنا:
ایک ہونا۔بھا چارہ ڈالنا:
(پگ بنھ) گھبرو جوان۔معتبر سیانے
لوگ۔بڑے آدمی:
(پگ ) دستار بندی، ایوارڈ
انعام اکرام (پگ بنانڑاں) خلیفہ بنانا:
(پگ بنھا ٹورنا) گالھ
(پگ پھا ) پگڑیاں تبدیل کرکے
بھا مے کی رسم (گوہڑے سجن)
دوست یار:

**پُگ**: (امر) پگُڑاں (فعل) جاگنا:
کامیاب ہونا، باری نا، پار چڑھنا:
(میں پُگی گیاں ہُنڑ مھاڑی وارا ے)

**پگا**: بڑی پگ، بڑی پگڑی، پگڑ:

**پُگا**: بالغ، جوان، پورے دانتوں والا جانور:

دُوّنداں یا اسکے اوپر:

**پُگنڑ:** (پُگن)

پُگن پگا :

لڑکیوں کا کھیل، کھیل سے فال

نکالنا::

ہاتھ اُلٹے سیدھے کرنا، مارنا:

**پُگڑاں:** (پُگنا)

کامیاب ہونا، پورا ہونا (توڑ چڑھناں)

منظور ہونا:

باری آنا۔ٹاس جیتنا:

"پتھر بن کے دنیا نے وچ

کو شے نئیں پُگڑِیں" (سلطان ظہور)

**پُگھڑ:** بڑی پگڑی:

**پُگھڑ:** اندر سے خالی (جیسے پگڑی)

روٹی پر اُبھرے ہو پھول۔

ماتھے پہ لگی چوٹ کا ابھار:

**پُگھوڑ:** بڑی پگ:

**پُگھیاڑ:** بھیڑیا:

## پ۔ل

**پَل:** گہا کے اڑتے بُھو سے کے باریک

ذرے:

**پَل:** چل پل، ناگاناً، بالکل دیر نہ لگنا

جھٹ پٹ، ایک پل میں:

"پیار محبت نا ہک ویلا ہونڑاں

پل

دو پل..............." شیراز طاہر

**پِل:** آنکھ میں آیا ہوا گند:

**پُل:** پانی کی لہر:

(ریتو نے پُل بنھاں) کچے کام کرنا:

باتوں سے پورا کرنا:

**پلآ:** یخنی والے چاول (بریانی)

مرغ پلا، گوشت والے چاول:

**پَلا:** (پَل....لا) پلڑا

کپڑا:

(پلا چھڑاڑاں) جان چھڑانا:

(پلا پاک کرنا) طلاق دینا: فارغ کرنا:

(پلا باہنڑاں) پردہ ڈالنا:

(پلا ڈاہنڑاں) ختم شریف یا ماتم کے

لئے کپڑا نا:

دامن۔پلو:

ترازو کا پلڑا:

جیب، تھیلا، شاپر:

(پلا چانڑاں) کرنا:

(پلا نا نہ پھڑا دینا) مح۔قابو نہ آنا:

(پلا مارناں) بلاوہ دینا (اکٹھا کرنا)

(پلا نا نہ پھڑانڑاں) مح، قابو نہ آنا۔

پسلیوں کا پتلا گوشت (پلیاں نا گوشت)

**پِلا:** گولی پلا (بچوں کا کھیل)

کچا پلا۔ان پکا

کُتے کا چھوٹا بچہ (کتورا)

(کچا پلا) ناپختہ:

**پُلا:** نرم نرم، گدیلا:

(پلا پیڑاں) ٹھنڈا ہونا۔نرم پڑنا:

**پلاتنی:** سطحی، کم وقتی۔

**پلانڑے:** (پلانے)

اونٹ گھوڑے، گدھے کی گدی: کاٹھی

(تھڑے)

(پلانڑے کسنے) سفر کیلئے تیاری کرنا:

پلانجنڑاں: (پلانجناں)
بہانے سے کھانا پینا، لوٹنا:
پلاہ: سخت لکڑی والا درخت (پھلاہ)
(بڑھیاں نیاں گلاں پلا ہے نیاں
ہلاں (ارخ)
پلاہمنڑ: (پلاہمن)
بڑ کے درخت کی جھکی ہو شاخیں:
(داڑھی) (پلاہمنڑاں)
پلامبراں: بڑ کے درخت کی شاخیں (داڑھی)
: پلستر، پھاہا، پٹی:
( لانڑاں) مح۔ جھوٹی تسلی دینا:
نڑاں: ( نا)
اُلٹاناں، ناں۔ بدلنا، واپس
کرنا، موڑنا:
(پرتاناں، پرتانڑاں)
پَل مُچھی: کونپل (شاخوں کے سرے)
پلچڑاں: (پ..لچ..ڑاں)
(اُلجھنا)
چمٹ جانے کی حالت۔ لپٹ جانا:
پلچھی: ایک سیدھا جنگلی درخت (سروقد)
مکانوں کی چھتوں پرڈالنے والا کاٹھ:
(پلچھی نے گاہنڈے)
"جیوں پل چھی دے رُکھاں اندر
پلپیدی ہووے کنیر" جسونت سنگھ وِنتا
پلچھی: (پ.. لچھ.....چھی)
مخملی جالی دار کپڑا:
پلسیٹا: کروٹ، پہلو:
(پلسیٹا مارناں) پاسا مارناں، بکھی پھار
ہونڑاں:
پُلس: (پُل....س)

پولیس کا محکمہ:
پُلسیا: (پُل..س...یا)
قانون کا رکھوالا، پولیس کا سپاہی:
سنتری:
ر: (پَل....کار)
پل بھر میں، لمحہ:
(اکھی نی رے وچ) مح
پلک جھپکتے ہو :
پلمبڑاں: (پ..لمب...ڑاں)
لٹکنا، جُھولنا (لمکنڑاں)
(اونچی جگہ ہاتھ ڈالنا)
"جے تُھی پیا ایں تے کہہ بنڑسی
کُسے اُچی جا پلمی نا نہہ"
(عارف ادیب)
پلناں: پرورش پانا، بڑا ہونا، موٹا تازہ ہونا:
پِلناں: گولی کا پلے میں جانا:
گولی سے پلا کرنا، گولی پلاناں:
وار چکنا، گولی سوراخ میں ڈالنا:
(پل پڑنا) شروع ہونا، مارنا:
پلنتھ: (پ۔لنتھ)
سطح۔ اونچا
پُلندرناں: رسی کو گول کرنا (لپیٹنا) رَول کرنا:
(لاہ پُلندرناں) لچھے بنانا
پُلنگ پیڑھا: جہیز، قیمتی فرنیچر (داج داون)
پلوانہہ: موٹی، اونچی اور طاقتور گھاس:
جانوروں کی دل پسند:
پلی: طاقتور۔ موٹی تازی (پالی وی)
پلی: موٹی تازی۔ گوشت والی:
پلی: چھوٹا پُل، پانی کے راستے پر بنی جگہ:
چرخی:

**پُلی :** چھوٹی نہر یا ندی نالے کے اوپر بنی:
پانی کی نکاسی کے لئے بنایا ہوا چھوٹا پل:

**پُلی :** چھوٹا گول پہیہ، گراری:

**پُلی :** نرم۔فوم کی طرح

**پَلے :** حاضر۔پاس (ہتھے وچ، کول) جمع
پُونجی:
(پلے ہو نی گل اے)
(پلے نئیں تھیلا کرنی میلا میلا) اخ
(پلے ہونڑ دمڑیاں ٹھایاں گھڑیاں
بیاہ) اخ
پاس۔موجود:
"یاد کرن سب دنیا والے
جے پلے چج ہوون" (سلطان ظہور)
(پلے بنھاں) پلے باندھنا:
(پلے نا نہہ بنھاں) اپنے جیسا نہ سمجھنا:

**پلّے :** بسترے (منجی پلے) (سوتاں)

**پلے:** موٹے تازے:

**پلے باہنڑاں:** نصیحت پکڑنا، یاد رکھنا:

**پلے چھان:** کپڑے میں چھانی ہو چیز: سفوف

**پلیاوا:** پلا پوسہ، بڑا جوان، موٹا تازہ:

**پلیا نجناں:** فریب کاری سے کھانا یا کو چیز حاصل
کرنا (کھوہ پوچ کرنا)

**پلیٹھی :** پہلوٹھی:
(پلیٹھی ناپُتر)
اولاد، بچی یا بچہ:

**پَلیٹھنڑ :** (پَل...یٹھ...ٹھنڑ) (پپیٹھن)
سرسوں کی سوکھی ہو پھلیوں کا بُورا:
(بیج سے فارغ پھلیاں)

**پَلیو :** (پل۔۔یَو)
تہہ (لئیر)
( بار کی فصل) پلیو:
درخت پر آیا پوا بُور یا پھل:
تندور پر لگا ہو روٹیاں:

**پلیوں:** اپنے پاس سے۔اپنی جیب سے:

**پلیت:** پلید، ناپاک، اَن دھوتا، نجس:

**پلیتھا:** خشک آٹا جو روٹی پکاتے وقت لگایا
جا (خوشامد)

**پلیتھنڑ :** (پلیتھا لانڑاں) خوشامد، نرمی، دکھاوا
کرنا: ٹے کا خشکا، روٹی پکانے کے
لئے خشک آٹا استعمال کرنا:
(پلیتھن لانڑاں) پُورا کرنا، خوشامد
کرنا۔(مح)

**:** **زنانہ بُوٹ**

**پمڑیں:** آنکھوں کے بالوں والی جگہ (گنیاں)
پلکوں کی جڑیں:
(پمبڑی نال پمبڑی نا نہہ لانڑاں) ایک
پل کے لئے بھی آنکھ نہ لگانا:

**پمڑیال:** (پمڑی) پلکیں:

..............................................................

## پ۔ن

..............................................................

**پَن :** پانی (پن چکی)

**پُن :** نیکی، احسان، ثواب، بھلا:

**پناتر:** دانوں کا تُحفہ (رسم)
(پناتر کھڑناں) مکان کی تعمیر پر مبارک
کے طور پر دانے لے کر جانا:

**پِناں:** اون کا گولہ (حلوے کا گول لُقمہ)
گُلہاڑی یا کلہاڑے کی اُلٹی طرف:
(پنیں پہھار مارناں) مح۔اُلٹی بات
کرنا (بیوقوفی دکھانا)

مانگنا (گدا کرنا) سوال کرنا:
(عیدی نا کہہ پناں؟ جیا دینڑاں جیا
کھناں) اخ

**پِنْتناں:** (پ--ِت--ناں)
مسلنا۔رگڑنا۔زور سے دبانا۔

**پنج:** (گن) پانچ (۵) (چاھیت پُناں)
نوسر بازی۔چال بازی:
(لوکاں نال وی پنج تے یاراں نال وی
پنج) اخ

**پنج انگلا:** انگلیوں کا گہنا، زیور:

**پنج پیر:** مُرشد، پنج ہستیاں:
(پنج پیر کنڈی پچھے)
۱۔خواجہ خضرؒ، ۲۔فرید گنج شکرؒ
۳۔بہا الدین زکریاؒ ۴۔جلال بخاریؒ
۵۔لال شہباز قلندرؒ:

**لی:** (گن) چالیس+پانچ=
(پنتالیس) ۴۵

**پنج تن:** پانچ مقدس ہستیاں:
۱۔حضرت محمدؐ
۲۔حضرت علی، ۳۔حضرت فاطمہ بی بیؓ
۴۔حضرت امام حسنؓ، ۵۔حضرت امام
ؓ:

**پنج تُو را:** بکواس۔فضول بات:

**پنجہتر:** (گن) ستر+پانچ=(پنجہتر) ۷۵:

**پنج جیو:** (پازیب)

**پنج رنگا:** پانچ رنگوں والا (رنگ برنگی)

**پنج سورتا:** قرآن پاک، پانچ سورتوں کا مجموعہ:

**پنج سیری:** پانچ سیری کا تول:

**پنج عیب:** شرعی طور پر پانچ گناہ:
(چوری، حرام کاری، شراب جوا، جھوٹ

**پنج گیٹڑا:** لڑکیوں کا کھیل، پانچ کنکریوں اور گیند
سے کھلینا:

**پنج کلیانڑ:** (کلیانڑ)
پانچ نشانوں والا جانور:
چارے سفید کھر تے سفید متھا
پانچ جگہوں سے سفید نشان رکھنا، پانچ
کلیں:

**پنج لگے:** سکھوں کی پانچ نشانیاں:
مذہبی چیزیں:
کچھا، کڑا، کرپان، کنگھا اور کیس:

**پنج لڑا:** پانچ لڑیوں والا، ہار گہنا:

**پنج ویلے:** پانچوں وقت، پانچ وقت کی نماز:

**پنج ونجا:** پچاس اور پانچ:

**پنج وہیاں:** پانچ بیسے، بینکڑہ، ایک سو:

: ہاتھ کی پانچ انگلیاں:
( سٹناں) ہاتھ ملانا:
( باہنڑاں) مح۔مقابلہ کرنا:
( صاحب) حسن ابدال:
( ) جمع
( انگلیاں برابر نہیں ہونڑیاں) اخ
(پنجا ملانڑاں) ہاتھ میں ہاتھ دینا:
پرندوں کا پیر (پونچا)
( مارناں) جھپٹنا:

**صاحب:** حسن ابدال سکھوں کے گورو کی
جگہ:

**سی:** (گن) اَسی+پانچ=(پچاسی) ۸۵

**ہ:** پچاس (۵۰)

: رو دھنوانے کی مزدوری:
پٹوا، مار:

**پنجرا:** (مہاڑے دلے نا اخالی) گ

لکڑی یا لوہے سے تیار کردہ پنجرہ۔ قید

خانہ:

خالی ہڈیوں کا ڈھانچہ:

بنا ہوا مصنوعی گھونسلہ:

**پنجری:** ( ی) کپڑے اور جالی کی بنی ی،

جالی دار تھیلی ( ہ اور پنجری)

**پنج:** مار کٹا (دُھنا )

(پنج کڈھناں) مح

: رو دُھننے کا آلہ:

**ال:** باریک رو کی طرح دُھنا:

خوب مار پیٹ کرنا:

جسم کا دکھنا، درد کرنا (سارا پِنڈا پنجیاوا)

**پنجنی:** یں:

(رُوں پنجنی) رو دُھننے کی مشین:

**پنجوہر:** پانچویں دفعہ:

(پنجوہر لانڑاں) کسی کام کو پانچ بار

کرنا، دہرانا:

**پنجوتھ:** آج سے پانچ دن :

گزشتہ پانچ دن کی بات:

**پنجواں:** پانچویں نمبر پر، پانچوں عدد،

پانچواں آدمی:

چار کے بعد پانچواں:

**پنجیواں:** پازیب:

**پنجہتر:** ستر اور پانچ:

**پنجی:** (گن) بیس + پانچ = ۲۵

تاش کا پتا (پانچ نمبر)

**پنجیری:** ی:

گھی، شکر سوجی اور پھل گری سے بنی

مٹھا (سناسترا، نشاستہ) طاقت والا

حلوہ:

**پنچ:** سردار، چوہدری، پردھان، معزز:

**پنچیت:** ئیت، کانفرس، چوپال:

**پنخ:** حرارت۔ ٹمپریچر:

**تعطیل** دھاگے کا بڑا گولہ:

دینا:
**پِغلناں:** پگھلنا:
**پَنکھ:** پنکھ بکھیرو، پنچھی، پرندے، چڑیا:
"دیپ جلن تے چانن جھوری
پنکھ پتنگ دی آون" (سلطان ظہور)
(پنکھ کرناں) مح
پروں کے چھپانا (حفاظت کرنا)
**پَنگا:** شرارت، خواہ مخواہ کا دخل، ناجائز دخل:
(پنگا کھنناں) مح
**پُنگا:** مکّھی، باریک مچھر نما:
**پُنناں:** (پُنڑ..ناں)
پُنڑناں:
کپڑے سے چھاننا، صاف کرنا:
خاندان تک کو گن گن کر گالی دینا:
**پِنناں:** (پن...ڑاں)
پنڑاں:
مانگنا خیرات لینا، در پر پڑا رہنا:
(عیدی نا کہہ پنّاں جہیا دینا جہیا گھنڑاں
(اخ)
**پنّی:** چھوٹا پناں، گول گیند نما گولہ:
(پنی) حلوے کی پنی (پنیاں) جمع
(پنی) ٹخنوں اور گھٹنوں کا درمیانی حصہ:
**ی:** کیارے میں لگا چھوٹے چھوٹے
پودے:
مرچ، سبزی گوبھی وغیرہ، چاولوں کی
ی:
(پَوچ)
( ی) نِکی نِکی ی (پوچ) اولاد:
(بے چارے نی نکی نکی ی اے)
( ی) نشاستہ:

---

## پ۔و

---

**پَوّا:** ایک پا کا برتن: ناپ:
**پَواڑا:** فساد، جھنجھٹ، جھگڑا (پواڑا پیناں)
(وخت پیار ہنڑاں)
**پواندی:** (پائینتی) پینڈ۔ ہیر
چارپا کے ادوائین کی طرف کا حصہ۔
چارپا کے پیروں کی طرف:
(سراند پواند)
(سراندی سیویا پواندی لک بشکار) اخ
حساب برابر:
**پَوت:** چادر یا چادر نما کپڑا:
(تلا یا رضا نا ہِک پلا (حصہ)
(دو پوت) مکمل حصہ:
**پوتر دوہتر:** اولاد (خو قبیلہ)
**پوترا:** پوتا: مذکر
(پوتری) پوتی۔۔مونث:
**پَوتڑے:** چھوٹے بچے کے کپڑے (لنگوٹ) یپی
پیشاب کے کپڑے:
(پوتڑیاں نا بغڑ یا وا) مح۔ پیدائشی بگڑا
ہوا:
**پُوتنی:** چغلی۔ غیبت: (پوتنی لانڑاں)
(پوتنی نیاں) گالھ
**پَوتھی:** لہسن کی گانٹھ (تھوم نی گُلی بُڑی)
بہی کھاتہ۔ شجرہ نسب:
(پوتھی چھوہنڑاں) مح
(ایہہ بس پوتھی چھوہی کدی س)
**پوٹا:** انگلی کا سرا، پور:
پرندوں کا معدہ (پوٹے کلیجے)

(پوٹا ہنگا ہونڑاں) مح۔اپنے تہیں پورا
ہونا:
**پوٹی:** بچے کی ٹٹی (پوٹی کرنا)
**پوٹھی:** ایک گا ں، پوٹھی بجیال:
**پوٹے:** انگلیوں کے سرے: پَورے، پورَیں:
**پوجماں:** بُھنا ہوا۔مصالحے دار۔
**پَوچ:** نسل، اولاد، جنریشن:
(نواں پوچ) نئی نسل:
**پَوچا:** (لیپ) پچارا، صاف کرنے والا کپڑا:
(ساوی مٹی ناپوچا)
(ابرک ڈال کر دیواروں کو لیپ کرنا)
(پوچالانڑاں) مح۔خوشامد کرنا (پوتا)
(پوچالاڑاں) کپڑے کو اکھٹا کر کے
بُرش بنا کر رنگ کرنا:
(پوچالاڑاں) مح۔راضی کرنا، دکھاوا
کرنا:
کِس چوکاں کی لیبے پوچے (باقی)
**پوچڑاں:** (پوچناں)
پتلا لیپ کرنا:
(خوشامد کرنا)
(پوچڑاں) ناخن رگڑنا، ناخن مارنا:
**پوَچھا:** (پچھ) پُوچھ گُچھ (پُرسا) خبر گیری:
(پوچھا بنڑناں) مح
نِکی جی گلّے ناپوَچھا بنڑی گیا:
**پُوچھڑ:** پُوش، پونجھ، دُم؛
(ہاتھی لنگی گیا پوچھڑ رہی گئی) اخ
کتاوی جتھے بھنڑاں پوچھڑ ماری بھنڑاں
(اخ)
**پوُچھڑی:** چھوٹی دُم:
(کُتے نی پوچھڑی) مح۔نہ سدھرنے والا
آدمی:
(کُتے نی پوچھڑی گُسے سوسال نلے اچ
باہی رکھی فِر ڈِنگی نی ڈِنگی) اخ
**پَود:** نسل، آنے والے بچے۔
(نویں پود) نئی نسل۔
**پُودناں:** پودینہ:
(پودینے کے باغ) کہاوت:
مشہور خوشبودار ست والی بوٹی:
چٹنی بنانے کے کام آتی ہے:
**پُور:** (فلاک) جزوی حصّہ (لَپ لَپ)
گنجائش کے قابل:
تندور میں ایک دفعہ میں لگی روٹیاں:
(ہِک پور)
(گِن گِن لاواں روٹیاں بھر بھر لاواں
پُور)
**پُورا:** (سالم)
(پورانا اللہ ناں) اخ
(وچوں پُورا) مح۔گانٹھ کا پکا آدمی:
(پُورے ناپُورا) سارے کا سارا:
(پورا کرنا) راضی کرنا:
پورا ھیا بیہڑے اچ بڑیائیں تے توں
گلے شکوے شروع کری کدے:
"لوٹے نے پچھے لوٹا بدھا
کو پورا کو ادھا" (باقی صدیقی)
**پَورا:** (پھورا) روٹی کا ٹکڑا:
پَورے (جمع) ریزے۔
**پورناں:** ریزے کرنا۔
**پُوری:** ساری، کُل:
(کھرے نی ادھی باہرے نی پوری)
(اخ)

"تھالے وچ کُٹ چوری
یار بابا یار ملائیں تے زندگی کر پوری"
(ماہیا)
پگا ، کامیابی:
(پوری پینڑی) مح۔ کام پورا ہونا، ٹھیک
گزر ہونا:
(اللہ پوری باہنڑے الاآ) گل
کما میں برکت پڑنا:
نبھاہ کی صورت:
(مہاڑی اس نال نئیں پوری پینڑیں)

**پُورے:** سالم (ثابت) گل: گنتی میں پورے
(گنڈھی نے پورے) اپنے حساب
میں فِٹ: (اندروں پورے)
"جیہڑے باہروں سِدھے ہونڑیں
اندرواندری پورے ہونڑیں"
(عارف ادیب)

**پَوڑ:** ہاتھی اور اونٹ کے پا ں (کُھر)

**پَوڑی:** پکڑی:
پکڑ پکڑ کر:
(دوڑی دوڑی باشے پوڑی بنڑی حیاتی
پتھر (ع)
پوڑی (پوہڑی)
سیڑھی، اوپر چھت پر چڑھنے اور اترنے
کیلئے زینہ ( پوہڑی چڑھناں)
:
باشے پوڑی پوری بڑا ہوئیاں (غزل)
(اختر عثمان)

**پُڑناں:** (چھِنا) کنڈا پُڑناں۔
(آپس کی لگت بازی)

**پوڑیں:** پُہنچنے کی حالت:
چھیتی پوڑیں وے طبیبا...(گ)

**پوسناں:** پالنا پوسنا، پرورش کرنا، جوان اور بڑا
کرنا:

**پُوک:** پہوک، پھوک:
اندر سے خالی چیز (پیاز یا تھوم کی نڑی)
مٹی کی طرح ریزہ ریزہ، دیمک لگنے
سے جو چیز ختم ہو، مٹی سے کھا ہو چیز:

**پُوکڑاں:** (پُوکناں)
غبارہ:

**پُوکنڑیں:** (پُوکنیں)
(جمع) غبارے:
(پُوکنڑیں لغڑاں) پاخانے کا غبارے
کی ہوا کی طرح نکلنا۔ دست آنا:

**پوکھا:** نحوست کے اثرات، براشگون:
صبح صبح کا ٹکرا :
(پوکھا دینڑاں) مح

**پوکھڑناں:** اُکھڑے رہنا (قدموں کا درست نہ
بیٹھنا)
(بے ایمانے نا کھوڑا میش پوکھڑناں)
(اخ)

**پوگھڑاں:** (پوگھناں)
سہنا، برداشت کرنا:
(پوگھنڑ پوگھڑیں) مح۔ اپنے کئے کی
سزا کاٹنا:

**پَولا:** نرم:
(ترپڑ) چپل:
(گرائیں نی مہری پولیاں ناٹھیر)
(اخ)
جوتی کا ایک پیر، کُھلی جوتی:

(پولے مارناں) جوتیاں مارنا:
(پولے ہٹھ رکھنا) مح۔ دبا کر رکھنا:
(زیرِ سایہ)
(پولا پولا) آہستہ آہستہ۔
ہولے ہولے:
(اتنے پولے مارساں جے یاد رکھسیں)
نرم۔ ڈھیلا۔ پلپلا، کھوکھلا:

**پُولا:** گھاس کی گٹھی ( ں کا مجموعہ)
"پُتر اگ نے پُولے ہوون
ماواں ٹھنڈیا چھاواں" (سلطان ظہور)

**پُولاں:** گھاس کی چپل:

**پُوم:** (پہوم) عادت، احساس، خبر:
اس گلے نی اسکی پُوم ای کو نیں:

**پونتھلناں:** تذبذب میں پڑنا، بدحواس ہونا:

**پونجل:** بدحواسی:
پریشانی۔ مصیبت (افراتفری)

**پُونجھڑ:** (ٹشو) صفا والا کپڑا۔
صافی: صفا والا کپڑا (گندی ٹاکی) ٹشو
(ٹھوے نا پُونجھڑ) مح۔ گرا ہوا آدمی
بے حثیت:
میں تہاڑے ٹھو ناں پُونجھڑ نا نہہ۔
(مح)

**پُوند:** (پُوند کرناں) کریدنا: سوال جواب کرنا
(پُونداں کڈھناں) مح
"سوسولڑ نے پیالا سی میکی
کہہ کرناں ایں ہُنڑ پُوند نہ کر"
(سلطان ظہور)

**پُونگ:** مچھلی کی نسل:
(باریک پونگ) پانی پر بنا جالا:
مچھر نما کیڑے:

**پُونگرے:** پانی کے پونگ نما کیڑے:

**پَونڑاں:** پوٹاں:
تیسرا حصّہ ;3/4

**پونڑاں:** (پوٹاں)
چا وغیرہ چھاننے والا:
پھوک یا گند صاف کرنیوالا چھوٹا چھاننا:

**پونڑی:** (پونٹی)
لوہے کی باریک جالی (چھاننی)
بالوں کو لگانے والا ربڑ:
چوتھا :

**پُونڑی:** (پونی)
(اُٹی) رو کا کاتا ہوا گول چھلا:
(پُونڑی چھوہنڑاں) مح
"چرخہ ڈاہ کے بیٹھی انج اے
پونڑی پونڑی تے دل کھنجے"
(باقی صدیقی)
(پُونڑی) سفید رنگ کی طرح۔ خون کی
کمی والا آدمی۔

**پَوہ:** دیسی مہینہ (پوہ مانہہ)
(پوہ سیں ایں ناں رَوہ) اخ
(پَوہ) سحر (پوہ پھٹی آ )
(پوہ پُھٹناں) سحر ہونا:

**پُوہنڑاں:** اثر کرنا:
مجال اے جے اس کی کو گل پوہنڑی
وے۔

**پُوہنجڑاں:** (پُوہنجناں)
صاف کرنا۔ خشک کرنا:

**پَوہنچا:** پرندے کا :
(پَوہنچا) پہنچا (سفر مکمل کیا)
(پہنچ) رسا (گرفت)

(مھاڑی پُہنچے سودورائے) گل
(داکھے ہتھ نہ پُہنچے تھوہ کوڑی) اخ

**پوہلی:** گندم میں پیدا ہونے والی کنڈیاری:
خاردار گھَمس باریک کانٹوں والی بوٹی:
(پوہلی نے کنڈے)

**پوہیا:** محنت (دقیق کام)
(پوہیا ں) ذرا ذرا کام اکٹھا کرنا۔

## پ۔ھ

**پھا:** (پھا) بھا ۔ ریٹ ۔ نرخ:
(پھا بناڑاں) بھا طے کرنا:
(پھہرا اوہ جیہڑا پھا کرے) اخ

**پھا:** (پھاء) بھا
(پھا مارناں) شیڈ یا اس جیسا رنگ
دکھا دینا: (ہم رنگ دکھا دینا)
(پہا کڈھناں) ریٹ کھولنا، بھا نکالنا:
(سنا کہہ پھا ورتنی پئی؟)
(پہا کڈھناں) نئی قیمت ڈالنا:

**پھا:** (پھا پھیالی) تعلق:
بھا :

**پھابو:** (بھابھی) بھرجا ، بھا کی بیوی:

**پھاجی:** باجی ۔ بڑی بہن
سبزی، ترکاری، ہانڈی:

**پھادریوں:** (پہادریوں)
دیسی مہینہ، بھادوں:
(تہاڑے ماریوں ہرویلے بھادریوں
تپیار ہنڑاں)
(پھادریو تپڑاں) مح ۔ دھوپ کی
شدت (ڈاہڈا پھادریو تپیاوا)

**پھار:** (بھار)
پھار، بھار:
" کل نے پھہر وسے بندہ
سارے دکھ چھلے
تے سارے پھار چا "
(باقی صدیقی)
وزن، بوجھ، فرض:
(کھوتی وے تے پھار نا نہہ چا )
اخ
(کھوتے اپر پھار کھوتے کی پتہ نئیں)
وزن، سامان، مال اسباب، قرضہ:
توشہ، اگلے جہان کا وزن پھار:
بیٹی بیٹے کی شادی کا فرض:
لادا ہوا سامان:

**پِھارا:** (بھارا)
وزن دار (بوجھل)
(پھارا پیئڑاں) کام یا تکلیف کے
وقت احسان کر کے کام کرنا:
(گدڑے آلی گل، کسے بندے گدڑے
کی آخیا، تہاڑا گو نہہ چاہی نا! بولیا.... یار
اجکل پہاڑاں اپر ہگڑیں)
پھاریا کتھے جُلیاں ایں؟ لوہکا ہونڑ (اخ
(پھارا) قدر روالا ۔ محترم

**پھارُو:** پھارو، بھارو:
بھیڑ بکریاں، بکرے چھترے:
اُجڑ مال:
بکرا مال، چھوٹے جانور، بھیڑ بکری:
قصاوی مال:
بیوقوف اجڈ:

**پھاری:** (بھاری)

بوجھل،وزن دار،نہ اُٹھا جانے کے
قابل:
(کملی جاں جاں بجسی تاں تاں پھاری
ہوسی)اخ
گھبن،حاملہ(پیر پھارا ہونڑاں)
پھاری جگہ(ڈاہڈی جاء) جن بھوت
والی جگہ:
(اُچی جا نیوں لگایا بنی مصیبت
پھاری(س)

**پہاڑ:** (گلے نا پہاڑ بنانڑاں)اخ
بات کا بتنگڑ کھڑا کرنا۔
معمولی بات کو بڑا کرنا
پتھریلی چٹان:
اوکھ،تکلیف،نا :
کُسے کِدڑے کولوں پُچھیا تہاڑا گونہہ
چاہی نا ۔
آخن لغایار پہاڑاں اپر ہگڑیں۔
(پٹیا پہاڑ تے نکلتا چوہا)اخ
(پہاڑ پرتاں)مح۔کمال کرنا:
میں چرخہ
" ہک مُڈ ھالاہیا
یا پہاڑ پرتیا"(باقی صدیقی)

**پہھاڑا:** (پہاڑا)
بنڈہ(ونڈہ)چارا:
لالزدوری۔کرایہ
(پہاڑا کمانڑاں)مح۔بُرے کام کی
مزدوری۔

**پہھاڑا:** (پہاڑا)
گنتی،دوکا پہاڑہ
مزدوری،کام کرنے کی اُجرت

گا بھینس کا پہاڑے پر ملنا
(بچے کے بغیر)کھل یا چوکھر سامنے رکھ
کر دودھ دوھنا:
(پھاڑے اپر چاڑھناں)لالچ دینا:
(پھاڑہ)پیشہ۔۔۔پیشے کی کما کھانا
عادت:
مزدوری:

**پہاڑے:** پہاڑے یاد کرنا(دوا یکم دُد،دودُونی
چار)
(پہاڑے اپر)کرا پر:

**پہاخ:** پہچان۔
سبھ آدم نی اولادا ے،ذات برادری تے
اساں نی پہاخ اے(قمر عبداللہ)

**پہھاساں:**(بھاساں)
بھت بنانا(حلوے کی طرح کا)
ترکاری یا سوئیاں کا الگ الگ نظر نہ آنا:
(پھاسی وی)بے سلیقہ اور بے ذائقہ
ترکاری:

**پہھاسی:** باسی۔مُشکی(خراب شدہ کھانا)

**پہھاکھا:** (بھاکھا)
(ڈِٹھا پاکھا)دیکھا بھالا
واقف کار،آزمایا ہوا:

**پہھاگ:**(بھاگ)
،نصیب لیکھ۔
(پھاگ پھریاں)نصیبوں والیاں۔
(پھاگ جاگڑیں رہنڑ)
(پھاگاں والیو نام جپو مولا نام)گا
اپنے سے چھوٹی بہن یا بھاوج کو
بلانا،تعظیماً(پھاگ اُرے اچھے نا)

**پہھاگڑ:** بھاگڑ بلا۔جنگلی بلا۔

**پہھامبڑ** : (بھانبڑ)
آگ کا آلا ،شعلوں والی آگ
(ٹھانڈی)
سینے میں عشق کی آگ رکھنا۔راکھ ہونا
(بھانبڑ مچناں)
**پہھاں پہھاں**:(بھائیں بھائیں)
چُپ ،سنسان اجاڑ:
سناٹے کی آواز:
" گڈی لنگ گئی
تے پچھے رہ گیا
پہھاں پہھاں کرنا ٹیشن
شاں شاں کرنے کن" (باقی صدیقی)
**پہھانت**:(بھانت)
رنگ رنگ کی باتیں،
بولیاں، قصّے
منہ اُتنی باتیں:
**پہھان**: (بھان)
(دوہر) تہہ شدہ چیز، کریز:
ریزگاری، ٹوٹے ہو پیسے:
(اِس نی گلاں نی چھن جیھاں پیسیاں نا
پِھن) مستانی (افسانہ)
**پہھانجی**: (بھانجی)
آپس کا خاندانی لین دین
تحفہ تحائف، پانجی کرنا (برتن، ورتن)
(پہانجی) بہن کی بیٹی:
**پہھانڈا**: (بھانڈا)
برتن:
"پہلوں پہھانڈا پورا ہونڑاں
فِر پہھانڈے ناچُو را ہونڑاں"
(عارف ادیب کیانی)

گھر کے استعمال کی چیزیں
کراکری (پانڈے ٹینڈے)
(پہھانڈے نال پہھانڈا ٹھیکری
گسناں) اخ:
(پہھانڈا اپچناں) مح۔راز فاش
ہوناں:
(پہھانڈا ٹنڈر) گھر کا سامان:
(پہھانڈیاں چوں باہر کڈھناں) مح
**پہھاونڑاں**:(بھاوناں)
اچھا لگنا، پسند آنا، چَجنا، دل کو لبھانا،
من پسند (دلے کی چنگا لغڑاں)
**پہھاوت**:(بھاوت)
لگا ،سلوک:
**پہھاویں**:(بھاویں)
چاہے
(بول پہھاویں نانہہ بول را کھیاں
نے کول) گ
**پہھاہ**: (بھاہ)
آگ، آتش:
(پہھاہ لانڑاں) آگ لگانا
بات ختم کرنا:
**پہھا وال**:(بھا وال)
سا دار، کھاتے دار، حصے دار
پارٹنر (پہیال)
**پہھائیا**: (بھائیا)
بڑا بھا ،جیٹھ:
**پَہھت**:(بَھت)
اُبلے سفید چاول، حلوانما چاول:
**پِہھت**:(بِھت)
دروازے کے کواڑ، طاق، ، تختے:

(پھتے پچھے ڈانگ اماں داند آیا
ڈانگ دے) کپت
**پُہتا:** پہنچا:
(پُہتاوا) پُہنچا ہوا۔ ولی فقیر (خبر رکھنے
والا)
**پَہٹھی:** (بٹھی)
بٹھی (فرنس)
**پہٹھ:** (بٹھ)
بڑی بھٹی:
(پہٹھ چھوکڑاں) مح۔ زندگی خراب
کرنا: گزارہ کرنا:
**پُہٹھی:** اُلٹی:
(پٹھی گل کرنا)
**پہھٹھی:** بھٹی:
دانے بھوننے کی جگہ:
شراب کشید کرنے کی جگہ:
کپڑے پہھٹھی چاڑھاناں:
**پھہٹھیاری:** (بھٹیاری)
بھٹی گرم کرنے والی
دانے بھوننے والی
(پہٹھیاریئے پُہن دانڑیں) ماہیا
(بھٹھیارا) (مذکر)
**پہھنجل:** (بھونجل)
افراتفری:
بھونچال، زلزلہ (ترتھلی) زمین کا ہلنا:
**پَہھجناں:** (پجّناں)
ٹوٹنا:
بیلوں کا دوڑ لگاتے وقت لا کو چھوڑ
دینا:
(لیکوں پجّناں)
زبان یا وعدے سے پھر جانا:
ٹانگ یا بازو کا ٹوٹ جانا (بانہہ پجّی)
(پہھجی وی بانہہ گلے دا سنی) اخ
(جیسے جی پہھجنی اوہے جھی لغڑیں نئیں
(اخ)

**پہچھناں:** بڑبڑانا۔
**پہنج:** حرارت۔ ہلکا ہلکا بخار۔ گرمی سے تپا ہوا
چہرہ: (پہنجڑاں) مصدر
**پہڈ:** (بھڈ) بھیڑ:
پہڈے دُدّھ دِتا ای پر مینگڑاں باہی کے
(اخ)
(پہڈے کی کُتا دَسناں) اخ:
(اونٹھاں چوں پہڈاں سیانڑناں) اخ
**پُہگا:** پھیکا، بے رنگا (رنگ اترنے والا)
(اندر سے نرم)
**پُہکتانڑاں:** (بھگتاناں)
پورا کرنا (نبیڑناں)
(آپوں کرن تے آپوں بُھگتن) مح
**پُہرا:** (بُھرا)
مٹی کی کچی غار (خود ساختہ)
(پُہرے) جمع
(پیر پہرہ) ایک زیارت کا نام:
**پُہرا:** (پُہرا) سستا اور پرانا گرم کپڑا۔
(شال نما)
(کسے نے پہرے کی ہتھ نانہہ باہیے
جے اوہ تساں نی شالے کی ہتھ باہے)
(اخ)
**پہرا:** (بھرا)
بھا، ماں جایا (ویر)

(پھرااوہ جیہڑا پہا کرے)اخ
(پھرا پھراں نے ٹوڈرکاں نے)
(اخ)
(پھین پھرا)رشتہ دارلوگ:
**پھر اند:**(بھراند)
بَھرتی، برابر کرنا،کھڈے یا گہری جگہ
میں مٹی بھرنا(بھراند کرنی)
**پھر پھرا:**(بُھر بُھرا)
خستہ، ہاتھ لگانے سے چُور رہونا
نہایت نرم اور خشک
(بھربھری مٹی)
**پھرت:** تاوان(چٹی)
**پھر جات:**(بھرجات)
رت(اوکھا سوال) پہیلی
عقل ذہن کھولنا،امتحان لینا
(کہہ بھر جاتاں باہنڑاں ایں،سدھی گل
کر)
**پھر ناں:**(بھرناں)
پورا کرنا(فُل کرنا)
"پھرناں رہویں اساں نی چھو لی
نا نہہ اکیں نا نہہ تھکیں توں"
(عارف ادیب)
(پانڑیں پھرناں)پانی بھرنا:
(چھٹی پھرناں)تاوان ادا کرنا:
(فارم پھرناں)فارم پُر کرنا:
(پھرناں)مندمل ہونا(زخم بھرا گیا)
ادا کرنا۔تاوان دینا(بھرت بھرنا)
**پھرّ وں:**(بھروں)
یقین۔بھروسہ:
(دل پھروں نہ پینڑاں)مح

دل نہ ماننا،دل کو یقین نہ نا،بھروسہ نہ
ہونا:
**پَھر یا:** بھردیا(امر) بھرا ہوا:
**پھر یا پیتا:**(بھریا پیتا)
غصّے سے لال پیلا ہوا:
غصّے سے بھرا ہوا،غصّے سے بے قابو :
**پہریا:** حال پہریا:
حال دہا ،کوک،فریاد۔پکار:
**پہڑ:** نہر یا دریا کا پُشتہ(بند)تھڑا۔اونچی جگہ:
(بنی ناپہڑ)گول تھلا(حفاظتی بند)
**پھڑانڑاں:**(بھڑانا)
لڑانا،لڑا جھگڑا کرانا:
کُتے ے لڑانا(فساد کرانا)
**پھڑک:**(بَھڑک)
چمک دمک(۲)شدید پیاس۔
(پھڑک اُٹھنی)طلب ہونا۔
**پھڑکنڑاں:** شعلے بلند کرنا،اوراوپر ہونا:
(مچناں)خوش ہونا:
مکھیوں کی بھنبھناہٹ۔
**پھڑ کہانڑاں:**(بھڑکانا)
(خلاف کرنا)کان بھرنا:ہوا دینا۔
بھڑکانا۔طیش دینا:
(بھٹی چڑھانا)کپڑے گُھم کرنے۔
**پھڑتھا:**(بُھجیا)
انگاروں پر اور گلی ترکاری:
جیسے بیگن کا بھرتھا(باجھی)
**پھڑتھو:**(بھڑتھو)
جلدی،دماغ کی خرابی،حواس باختہ
(خیراے نا،کہہ پڑتھو پئی وی اے؟)
افراتفری۔جلدبازی۔نفسا :

**پُہھڑکا:** شعلہ (لَب)
(پُہھڑکا چٹناں) مح۔ غُصہ کھانا:
آگ بگولہ ہونا:
**پہھڑناں:** (بھڑناں)
ٹکرانا، لڑا جھگڑا کرنا، گلے پڑنا
پیچھے دوڑنا، کبڈی میں للکارنا، پہھڑی آ:
لڑا کرنا۔ کُشتی کرنا:
گالی گلوچ کرنا:
**پہھڑولا:** (بھڑولا)
مٹی کی تندورنما گول صندوق، اناج
ڈالنے کا ذخیرہ (انبار)
(پہھڑولا) سر یا ماتھے پر کسی ضرب کی
سوجھن:
(سر پہھڑولا بنڑی گیا) مح
"سکے مٹ پہھڑولے خالی
بُکھے داندا ں گل لی" (نظم)
**پُہھسا:** (بُھسا)
پیلا، یرقانی، پیلیا کا روگی (بِن سنگارا)
**پُہھسکڑاں:** (بُھسکناں)
نہ کہنے والی بات منہ سے نکال دینا:
**پہھسوڑی:** (بھسوڑی)
افراتفری، بے چینی، مشکل (اوکھ)
**پُہھسی:** بھدی، بے رنگ
(بُھسی) زرد (زرد رنگ والی)
(پہھسی ڈڈ) مینڈک (مثال)
خون کی کمی والی عورت:
(پہھسی پہھانڑی) بدصورت عورت
(بغیر سنگار کئے)
"میں کو چیز نا نہہ منگی
مانہہ گھینڑ یں دس نا نہہ امبڑ یئے
میں پُہھسی پہھانڑی چنگی" (نظم)
(باقی صدیقی)

**پہھکاٹ:** (بھکاٹ) کہماٹ
گندم کی فصل میں اُگنے والی دشمن
بوٹی، پیازی (بُھوک نٹ)
**پہکانڑاں:** (بھکاناں)
غبارہ (کنڈوم)
پیشاب کی تھیلی، مثانہ:
فلوس (سپلوس)
**پہھکاں:** جما ہوا خون:
لوتھڑے:
**پُہھگڑ:** ماتھے پر سوجھن کا نشان جو چوٹ لگنے
سے پڑ جا ۔
چپاتی پر اُبھرے ہو پھول۔
**پُہھکی:** جوار یا باجرے کا بھوسہ:
وہ چھلکا جس سے بیج نکلے ہو ہوں
**پہھکھ:** (بُکھ)
بھوک، چاء، غریبی، مال دولت کی
بھوک، پیٹ کی بھوک (بُھکھے کسے جا
نیں) غریب لوگ۔
(پہھکھ چُوتا) در در ما والا:
(پیٹ تے رجی گیاس پر اکھیاں نی پہکھ
نا نہہ گئی) مح
**پُہھکھڑ:** پُہھکھا: (بُکھا)
بھوکا، فقیر، لوبھی:
(رُکھا تے پُہھکھا) اخ
(پُہکھے نی روٹی چر کی پکڑیں) اخ
(رِجے کھرے نا کُتا پُہھکھا) اخ
(پُہھکھے کی پُہھکھا ٹکرے دواں کی
غش) اخ

( ) غریب کنگال، بدحال،
کنگلا، لالچی:
**پہھکھڑا:** (بھکھڑا)
باریک کانٹے والی بوٹی:
کمر درد کیلئے آٹا بنا کر کھانا:
(اٹ سٹ تے بھکھڑا نالے کوار گندل)
(کپت)

**پُہھگا:** (پُگھا)
(اندروں خالی) گھُن کھا لکڑ:
پگڑی، فُٹ بال وغیرہ: کمزور چیز:
(پہھگی) مونث:
رنگ (رنگ پُہھگا پئ گیا)

**پُہھگڑ:** (پُگھڑ)
گرم روٹی پر اُبھرا ہوا پھول:
ماتھے پر چوٹ کی سوجھن کا نشان (ابھار)

**پُہھگتنڑاں:** (بُھگتنا)
کاٹنا، گزارنا، قید بھگتناں، سزا بھگتنا:

**پُہھگتانڑاں:** (پُگھتانا)
پورا کرنا (نبیڑناں)
(آپوں کرن تے آپوں بُھگتنڑ) مح

**پَہھل:** (بھل)
کھانا کھانے کے لئے پوچھا (آفر)
(پہھل مارنا) مح

**پُہھل:** (بُھل)
بھول چوک، غلطی، یاد نہ رہنا، بھول جانا
بسارناں:
پلیکھا، پہھلاوہ (پُہھل لغی گئی)

**پہل:** شروعات، آغاز:
شروع: واری:
(پہل پہل) شروع شروع:

(پہل کرنا) سب سے آگے ہونا:
جلد بازی کرنا:

**پَہھلا:** (بھلا)
(چنگا بھلا)
ٹھیک ٹھاک، صحت مند، احسان نیکی
(کر پہھلا جے ہو پہھلا) اخ
(پہھلے مانس) معتبر، بڑے
آدمی، شریف لوگ:
نیکی۔احسان:
کُسے نا پہھلا نہیں گمانڑاں چاہی نا:

**پِہھلا:** مکوڑا (چیونٹا)

**پُہھلا:** بُھولا:
(فزریں نا پُہھلا شامیں کھر آرہ اس کی
پُہھلا نہیں آکھڑیں) اخ

**پہھلاوا:** بھلاوا۔ نظر کا دھوکہ:

**پہھلا:** نظر کو دھوکہ دینے والا:
(پہھلا ) سراب:
( بَیر) دیکھنے میں موٹا مگر کھانے
میں خراب:

**پُہھلکڑاں:** (پُہھل..ک...ڑاں)
عام کپڑوں میں سردی سے ٹھٹھرنا:
سردی نال پہھلکڑاں پیا ایں کو پلا اپر
کری کہھن: گل

**پُہھلناں:** بھولنا، یاد نہ رہنا:
(پرد گھجی کے پُہھلی نہ گچھیں)
بہلنا۔

**پہلوں:** (سب سوں پہلوں اللہ نا ناں)
"پہلوں پہھانڈا پورا ہونڑاں
فِر پہھانڈے نا چُورا ہونڑاں"
(عارف ادیب کیانی)

نمبرپر، :
پرانے وقت، لوگ:
سب سے (اسکی پہلوں دیئی کَہھن
**پہھلو پہھلی**: (بھلو بھلی)
وِنس ونی (ایک سے بڑھ کر ایک)
(بھلو بھلی دُنیا اے)
"جیہڑے جیہڑے پاسیوں لنگیاں
دنیا پہھلو پہھلی تکی" (عارف ادیب)
: چیونٹی (پہلیاں) جمع
( کی موترے ناہڑہ) اخ
(مو اپر پیرنا نہہ رکھڑاں) اخ
(پہلیاں کی پرلغڑاں) اخ۔اوقات
سے باہر ہونا:
(تھوں مارناں) مح۔گزارہ کرنا:
( ناپہھانڈا پہھجناں) مح
بچے کو نے کا طریقہ۔
**پَہلی**: اول۔پہل کرنے والی:
(پَہلی پَہلی واری مینوں سوہرا لین
آیا) گ
"کون کرایہ دیسی؟
نی اج پندرہ ہو
مُنشی مُچھاں وٹ کے گجیا
مِل نا گگو وجیا" (باقی صدیقی)
**پَہھلی وار**: نیک، خیر و برکت
(اللہ تہاڑی پہھلی وار کرے)
(پہھلیاں کرنا) اللہ کی طرف سے کام
سیدھا ہونا بگڑے کام ٹھیک ہونا:
(اللہ پہھلیاں کرسی)
: اوّل۔شروعات:
( پیٹ پوجا فرکم دوجا) اخ

**پہل**: پرانے وقتوں میں:
**پہھلیا** :(بھلیا )
نیکی، احسان، منّت ( کم)
بھلا کرنا، اچھا کرنا:
**پُہھمبس**: (بھنمپس)
نئی بات (اختراع)
(پہھمبس کڈھناں) مح
**پہھمل پہھوسے**: (بھمل بھوسے)
دردر کی ٹھوکریں:
آوارگی، مصروفیت
(گہیڑے پہمل بھوسیاں اچ پیا واایں
**پُہھملو یا**: بدحواس (بدحواسی کے عالم میں)
**پہھمبیری**: (بھمبیری)
چھوٹا سا اُڑنے والا کیڑا، جہاز نما
(اُڈ بھمبیری ساون آیا) چھوٹی لٹو نما
پھرنے والا بچوں کا تیز تیز پھرنا
چکر کاٹنا، تیز تیز کام کرنا:
(اج تے صحیح پھمبیری بنڑ تا وااِیں)
**پَہھن ترُّٹ**: (بَھن ترٹ)
معمولی ٹوٹ پھوٹ (گزارہ)
**پُہھناں**: (بُھناں)
بھونا (دانے بُھونا)
(پہٹھیار یئے پُہھن دانڑے...) ماہیا
(میں کیہڑا پہھنی کے راہی چھوڑیا؟)
(اخ)
**پِہینڑ**: (پہن ۔۔ڑ) پہن
گھبراہٹ:
(پہنیڑ پینڑاں) مح۔ڈر کا احساس ہونا:
**پہنڑاں**: لمبا کام:
دانے پیسنا:

پہھنڈ: (بھنڈ)
(بھانڈ)
نقال، مسخرا، جگت باز:
پہھنڈ ناں: (بھنڈناں)
نشر کرنا، جگہ جگہ بدنام کرنا:
پراپیگنڈہ کرنا:
پہنڈ ارہ: (بھنڈارا)
مزاروں اور خانقاہوں کا تبرک
روٹی چاول، فقیری کھانا:
پہھنڈی رولا: (بھنڈی رولا)
بے عزتی، فساد، پراپگنڈہ
شور شرابا
پہھنڈی: سبزی، ترکاری، بھنڈی
توری:
(Ladyfinger)
پہھنکار: بھنکار:
مکھیوں کے گڑھ کی آواز:
بہت زیادہ بیٹھی ہو مکھیاں:
(جو جہان نیاں مکھیاں)
پہھنگ: (بھنگ)
سبز بوٹی:
مشہور نشیلی بوٹی، رگڑ کر پی جانے والی
پہھنگی: بھنگی:
(چوہڑا) ٹٹی صاف کرنے والا:
پہھنگھڑا: (بھنگڑا)
خوشی، بساکھی کا ناچ، فقیروں کا دھمال:
پہنڑھاں: (بھنّاں)
توڑنا پھوڑنا، ٹوٹے کرنا:
آپس میں الگ کرنا، جدا کرنا:
سودا ختم کرنا:

پُہھنڑاں: (بُھنّاں)
بھوناں، دانے بھوناں:
گرم ریت میں دانے پھیرنا:
توے یا تیل کی کڑاہی میں خشک کھانا پکانا
پہھوا: (بھوا)
پھوپھی:
پہھوانٹی: (بھوانٹی)
چکر، گردش (ہوش گُم کرنا)
(پہھوانٹی کھانڑاں) چکرا کر گرنا، چکرانا
(رن پرا انھے کی پہھوانٹی آ ) اخ
پہھوت: (بھوت)
جن بھوت (پہوتنی) مونث
بدشکل (کہہ پہھوت بنیڑ یاں واایں؟)
(نکیاں پہھوتاں بڑے پہھوت چھلے)
(اخ)
(پُہھوتنی لانڑاں) مح۔ چُغلی یا عیب
جو کرنا۔
(پہھوتنی ناں) گالھ
پہوٹھی: بےسُرت۔ مدہوش:
(گہری سویا ہوا)
پہھو چھنڑ: (بھوچھن)
دوپٹہ، ململ کی چُنی:
بھا ں یا رشتہ داروں کا دیا ہوا تحفہ:
(سوغات)
پہو جماں: (مصالحے دار)
پہھور: (بھور)
بھنورا (بھور کالا)
رس کا بُورا (باریک برادہ)
بھنور۔
(سر میں گول بالوں کا سا چکر)

**پھورا:** (پھورے)جمع
(ریزے)روٹی کے باریک ٹکڑے۔
(پھوراخیال نانہہ اساں)مح
ذرابرابر۔
(پھورا نانہہ چھورنا)مح
چھوٹے چھوٹے عیب نکال کر باہر رکھنا
**پھورناں:** ریزے کرنا(فعل)
(پھورناں)ہتھیانا۔
**پھوری:** (چنڈ)سخت ماس
**پھور:** بُورا(باریک ذرے)
(پَہور)بامعنی۔۔انتہا یا شدید
(کالا پہور)بہت زیادہ کالا
(ڈھور پہور)حیران پریشان
**باریک چُورا:**
(پھورے)بچے کُھچے ٹکڑے:
**ُپھورا:** (ذرہ)
روٹی کا ذرہ،ٹکڑا
بالکل تھوڑا سا،بہت کم:
**پھورا ہِک:** (بھورا ہِک)
بہت تھوڑا،ایک لُقمہ:
(پھورے کرنا)روٹی کے ٹکڑے کرنا:
**پھورناں:** (ریزے کرنا)
باریک کرنا،چُورا چُورا کرنا:
دا پیچ سے پیسے کمانا،لوٹنا،کم چوری:
**پھوری:** (چنڈ)سخت قسم کی پھنسی نما:
جڑوالی پھنسی (بغیر پیپ کے)
**پھوری:** (بھنور)پھور
بالوں کا وہ چکر جو کسی گھوڑے یا آدمی
کے سر کے بالوں میں ہوتا ہے۔
بھنور کی شکل کا چکر۔

(پھور)جو کسی کے ہنسنے سے اس کے
گالوں میں پڑ جاتا ہے۔
**پھوڑا:** گا بھینس کی گوبھر اکھٹی کرنے والا
لکڑی کا بیلچہ نما اوزار:
**پہوڑاں:** گھومنا پھرنا۔گول چکر کاٹنا:
**پھوڑناں:** پکڑنا(پہنچنا)
" دوڑی دوڑی باشے پہوڑی
بنڑی حیاتی پتھر۔۔۔۔۔۔۔"(ع)
**پہوگڑ:** موٹا بیر۔
**پہوگڑاں:** (بھوگنا)بھگتنا:سزا کاٹنا۔
**پہولڑاں:** (بھولناں)
آوارہ پھرنا:
گردش کرنا۔چکر کاٹنا۔گشت کرنا:
**پُھوسڑ:** (پھوسڑی)اندام نہانی:
**پھوک:** کچے پیاز کی نلیاں(پھوکاں)جمع
(پھوک ہونڑاں)مح۔اندر سے خالی
ہوجانا:
راکھ ہونا:
**پَھوگڑاں:** (بھوگناں)
سہنا۔بھگتنا،دکھ مصیبت کاٹنا:
گزارہ کرنا(بھوگنڑ بھوگڑیں پئے)مح
کیئے کی سزا بھگتناں:
**پھوکنڑوا:** (بھونکنڑ وا)
دماغی خلل(باتوں میں سرکھپا رکھنا)
(پھونکنڑوا)افسانہ
**پھولو:** (بھولو)
بُھالو۔بندر،ریچھ،بھولا بھالا:
**پھول:** چھپی ہو باتیں(راز)
(پھول چھنڈناں)مح۔پردے فحش
کرنا:

پردہ داری (عیب)

**پہھولا:** (بھولا)
مٹی کھودنے والا اوزار (کہی سے چھوٹا)
(بھولا بھالا) معصوم بچہ:
ایک نام (اوپہھولیا..)

**پہھولی:** (بھولی) مونث (سادی)
بھولی بھالی:
(میں ایہڈی وی پہھولی نا نہہ) گل
"پہھولیاں نی گل پہھولی ہونڑیں
شور نئیں ہونڑاں ہولی ہونڑیں"
(عارف ادیب)

**پہولناں:** آوارہ پھرنا (گھومنا) چکر کاٹنا:

**پہھواں:** (بھواں)
زمین، دھرتی
چکر، گردش، پھیر (چاک)

**پہھونتھلناں:** چکرانا، سر پھرنا
(بوکھلاہٹ کی حالت)
حواس گم ہونا، حیرت زدہ ہونا:

**پہھونجل:** بدحواسی (جھنجھلاہٹ)

**پہھونڈ:** (بھونڈ)
ایک کالے رنگ کا کیڑا:
اکثر کمروں میں بھوں بھوں کی آواز
کرنے والا، گوبھر اور گندگی سے نکلنے
والا، سخت پروں والا کالا کیڑا:

**پُہھونڈی:** (بھونڈی)
چیچ بوہٹی کی طرح چھوٹی اور ساون
رُت میں اُڑنے والی بدبودار کیڑی:

**پُہھونڑ:** (بھوں)
غلیظ، گندی، ہر وقت میلی کچیلی رہنے
والی:
کیڑوں کی بل (کُھڈ)

**پہونڑاں:** چکر کاٹنا، وارہ پھرنا۔ گھر گھر جانا،
سیر کرنا:
خوامخواہ کا آنا جانا، بے مقصد پھرنا:

**پہھونکا:** (بھونکا)
بڑی گھنٹی، بیلوں اور اونٹ کے گلے
میں لٹکی ہو گول گھنٹی (بہکا)

**پہھونکڑاں:** (بھونکنا)
کتے کی آواز:

**پہھونکنڑوا:** (بھونکن واہ) کتے کی طرح بھو
کی عادت۔ مالخولیا:

**پہھوہ:** (بھوہ)
بھوسہ، توڑی گندم کی گہا کا چھلکا:
(پہھوہ بیچیاں گزارے نئیں ہونڑیں)
(اخ)
(پہھورلانڑاں) مح۔ جب دونوں
باتوں کا ایک ہی مطلب ہو۔ تو بولتے
ہیں۔ (میں کو پہھورلایا)
(دماغ اچ پہھوہ پہھرن ہونڑاں) مح

**پَہونچا:** پہھونچا:
، کتے بلی یا پرندے کا :
(نہوندر) ناخنون کے سرے:
شلوار کا پانچا، موری، پیر نکالنے کی جگہ:

**پہویا:** (پہھویا کرناں) نہ ختم ہونے والا کام:
چھوٹا چھوٹا کام نمٹانا، سارا دن لگے
رہنا (دقیق کام) چاول دال صاف کرنا:

**پہیاں:** رکھی یا پڑی ہوئیں:
(جتیاں کتھے پہیاں ویاں؟)
کھہروں چنگیاں جتیاں پہیاں)

(مار پڑنے کی حالت)

**پہیاڑاں:** پسانا۔آٹا پسانا (دانے پیہاڑاں)

**پھیت:** بھید۔راز:

"بندے نے وچ بولے اللہ
پھیت دلاں نے کھولے اللہ"
(عارف ادیب)

**پھیڈ:** بھیڑ:

"لوک جانڑ نے پھیڈاں لیلیاں کی
اساں بندیاں کی وی پچھانڑنے آں"
(سلطان اختر)

(پھیڈے! دُدّھ دِتا ای پر مینگڑاں
باہی کے) اخ

**پھیڈو:** بھیڑیں چرانے والا، اُجڈ، مورکھ
آجڑی:

مشہور جانور چھترا، بھیڑ جیسا:

**پھیڈ چال:** (بھیڑ چال)
نقل، اندھی سوچ، (رِ )
بغیر سوچے سمجھے، لکیر کا فقیر:

**پھیر:** (بھیڑ)
نحوست۔برا ۔بے برکتی۔شر:

**پھیر:** (بھیڑ)
لڑا جھگڑا، ساکنوں کی لڑا (کُشتی)

(پھیڑ پھڑ یئے کیہیڑ نہ پھڑ یئے) اخ

(ہاتھیاں نے پھیڑے اچ جنڈاں نی
خرابی) اخ

**پَھیڑا:** (بھیڑا)
بدصورت، منحوس، کوہجا: ماڑے بھوتھے
آلا:

(پھیڑا) بگھیاڑ:

(پھیڑے روڑے کولوں چُپ چنگی)

اخ

(پھیڑیاں نے یار چندرے) اخ

**پھیڑ کارا:** (بھیڑ کارا)
جھگڑالو، لڑاکا، پاپی، عیبی:

**پِھیڑناں:** (بھڑنا)
دروازے کے پٹوں کا بند ہونا، قریب
کرنا۔آپس میں ملانا۔ٹکرانا:

**پھیڑوا:** (عِلت)
لعنت (پھٹکار)

**پھیت پھیت:** بھانت بھانت:
پھیت پھیت نی بولی:

**پہینٹھ:** (گن) ساٹھ اور پانچ = ۶۵، نمبر بنانا:
Point

**پھینڑ:** بہن
شہراں وچ وسدیاں نے پھینڑ اں، بھا
وی بھلا شوڑے (ممتاز اعوان)

**پہینگا:** ( )
(پھری ہو نظر والا)

**پہیوں:** وسوسہ، دل کا چور، فکر، اندیشہ، خوف،
(گھس گھسی) دل جمیت نہ ہونا
(پہیوں پینڑیں) مح

---

## پ۔ئ

---

**پئی:** رکھی ہو :
کتاب کُتھے پئی وی؟
اللہ کری آپڑیں پئی..... بددعا
اپنی پڑے رہے:

**پیئے:** رکھے ہو (جمع)
پھانڈے کُتھے پیئے وے؟

پئی، بھئی: مطلب ہے کہ (آ نخے) بھا :

پیئے: پڑے (دانڑیں بہوں پئے وے)

دانے بہت پڑے ہو ہیں:

.......................................

## پ -- ے

.......................................

پَے : بکری اور بھیڑ کی آواز

ہارنا، بے بسی ظاہر کرنا (پَے کرنا)

بے عزتی ہونا:

پیا، پیاوا: رکھا ہوا، موجود:

موجود:

(چیر پیاوا) ہوا یا چرا ہوا:

(اوہ اگے ہی سوچیں پیاوا) خیالوں میں گُم:

پیا: (پڑا) کاٹنے کی حالت:

(کُتا پیاس) کُتے نے کاٹا:

(کھبا اُتھے ای پیاوا)

(کھڑ اُتھے پیاوا؟)

پیال: ( ل)

حصہ دار (بھا وال)

ایک گا ں کا نام: (ٹھڈیاں پیال)

پیاں: پڑا۔۔یا فعل جاری

(فر میں ٹُری پیاں)

(میں گسناں پیاں ساں)

پیاں: (پِیّا...ں)

پیوں:

(میں پہلوں پیاں کہہ تو پیسیں؟)

پِیپ : جار، تیل ڈالنے کا باریک نالی دار پوناں:

(گندہ خون) زقوم:

پِیپڑیں (پپنی)

باجا، بچوں کی سیٹی، کچی گندم کے ناڑ سے بنی سیٹی (پتے سے سیٹی بنانا)

پِپّو : (پِی۔۔۔پُو)

(پپو بولناں) دیوالیہ ہونا:

بھس نکلنا:

پیپا: ٹین، کنستر:

پیپڑی: (پپڑی)

جمی ہو تہہ، مٹی کی اوپری خشک تہہ (چھلکا)

پیاس کی وجہ سے خشک ہو ہونٹوں کی حالت:

(ہوٹھاں اپر پیپڑی جمڑاں) کو جواب نہ بننا (ہونٹ خشک ہونا)

پیتلا : (اُتھلا) کم گہرا، کم پینڈے والا:

کم گہرا پانی:

کم پیٹ والا آدمی، جو بات نہ چھپا سکے:

(پیتلا پیڑاں) کو کو ۔عام:

(پیتلاں پَینڑاں) نرم پڑنا:

(پیتلا کم) سطحی کام:

پیٹ: معدہ (آندراں)

(پیٹ ہونا) حمل ہونا:

(جی او پیٹا جی تواِیں پُتر تواِیں تھی) اخ

(لحاظے لحاظے اچ پیٹ ہونڑاں)

کہاوت

(فصل کھیت بچہ پیٹ آ جمایا منڈے کھا) (اخ)

(پیٹ نہ پیاں روٹیاں سبھے گلاں کھوٹیاں (اخ)

(پیٹ تے کُتا وی پھڑی گھِناں) اخ

(پیٹے نا کھادا کو نئیں تکھڑاں) اخ

(پیٹے اچ چوہے دوڑناں) مح
(پیٹ نا نہہ رہنڑاں) کمزوری بڑھنا:
(پیٹ اندر بڑناں) جسم پتلا ہونا:

**پیٹا:** چوڑا ،، دریا کا پاٹ:
تانا پیٹا، کھڈی کی بنا :
(پیٹ) پھیلا ، گھیرا:
(پیٹے باہنڑاں) مح۔ سونپنا، سپرد کرنا:
کھاتے ڈالنا:
پیٹا (بڑا پیٹ)
(جی او پیٹا جی۔ توای پُتر تیوں ای تھی)
(اخ)
"یار نثار سواں ناں پیٹا تخیا ای
فِرسواں وچ ساونڑا آیا ترسی کونڑ؟"
(رشید نثار)

**ل:** پیٹ سے نکلا ہوا۔ چھوٹا، کم عمر ( ل
جے)
نسل۔ اولاد (اساں اُس نے ل
آں)

**پیٹی:** بیلٹ (کمر کس)
(پیٹی پھرا) ہم پیشہ:
بڑی صندوق۔ جستی بکسہ جس میں گھر کا
سامان رکھا جا :

**پیٹے نالوبھی:** پیٹ کا لالچ کرنے والا ( )

**پیٹی:** (بدھری) بیلٹ۔ پیٹ باندھنے کا
پٹا، کمر بند:
(پیٹی بھرا) ہم پیشہ:
(پیٹی) جستی چادر کا بڑا صندوق:
بستر ڈالنے والی بڑی صندوق:

**پیٹھا:** کدو (سبزی)

**پِیٹھا:** پیسا۔ باریک کیا:

**پیچ:** سکریو، چوڑی دار کیل، پیچ دار: (پیچ
کسناں)

**پیچ:** جرآت۔ طاقت، اوقات، حثیت:

**:** بَل، پگڑی کے بَل:
پتنگوں کا :
( ) مقابلہ:

**پچکُو:** (پچو) بہت چھوٹا سا:
(پچکو جہیا تھیائیں)

**پچھڑ:** پچھل:
پیٹھ پیچھے (کنڈی پچھے)
پچھلی اولاد:
(اگل پچھل)

**پیٹھی:** پسی ہو ، رگڑی ماش کی دال سے بنے
بھلے، پسی ہو دال:
چالاک ہوشیار، منجھی ہو :

**پیدا:** کما ، فائدہ (لاہا) اوپری کما ، لوبھ
لالچ:

**پِیڑا:** پہنڈا:
مضبوط (تگڑا) پکا، ٹھوس، سخت:

**پیر:** پا ں:
تہہ، بنیاد:
(اس گلے نیں پیرای کو نئیں) بے
بنیاد بات:
(اس نیں تے پیرای کو نئیں) بے
بنیاد آدمی:
(پَیراں ہٹھوں مٹی رِکرناں) اخ
(پیر پُٹھے باہنڑاں) مح
(پیرے اچ جُتی نا نہہ باہنڑاں) مح
انتہا جلد بازی کا مظاہرہ کرنا:
ذرا برابر دیر نہ کرنا:

(اپڑیں پیرے اپر کھواڑی مارناں) مح
اپنے ہاتھوں اپنا نقصان کرنا:
(پیرے اپر پیر رکھڑاں) مح
پیچھے پیچھے آنا (پیچھا نہ چھوڑنا)
(پیر چٹناں) مح۔قدم پرقدم رکھنا:
ساتھ ساتھ:
(کچیا پیراں آلا) مح۔کمزورارادے
والا:
(پَیرے اپر) اُسی وقت، اُلٹے قدم:
(پیریں پینڑاں) مح۔قدم بوسی
کرنا، منت سماجت کرنا:
(دُمے اپر پیر لغڑاں)

**پیر:** ایک دن (سوموار)
(پیر فقیر چھوڑی) مح۔اللہ کے بندوں کو
چھوڑ کر:
بوڑھا، بزرگ:
(گھرے نا پیر ہولا) اخ
(پیر پُتر نا نہ دیسی رن تے نئیں کھسن
لغا) (اخ)
(پیرمنا کے ٹُرناں) اخ
کام کا یقینی ہونا (اچھے بھاگ والا
آدمی)

**پیِڑ:** درد، تکلیف:
پیٹ کے مروڑ:
(چھلا میرا کن گھڑیا میری انگلی کریندی
پیڑوے)

**پیِڑھی:** چوکی (نشست)
(ست پیڑھیاں) سات نسلیں (پُشتیں
(پرانڑیں پیڑھی بہناں) پرانا مزاج
رکھنا:

**پیِڑھ:** بتیسی (بتیس دانت)
**پیھمر ھ:** بُر ، بے برکتی:
**پیِڑھا:** بڑ پیڑ :
ا دامن (پلنگ پیڑھا)
ر پیڑھا، رنگیلا چوکا، دیسی کر :

**پیڑھناں:** تیاری کے لئے سامان کسنا (باندھنا
(کھوڑے پیڑھناں) مح۔تیاری
ل
**پیڑھناں:** تیل نکالنا (کولھو میں دینا)
رس نکالنا:

**پیِڑ**
(چوس پاویاں آلی کرسی)
تو اُسے پیڑھی اپر بیٹھی ایں (خصلت
نسل، اولاد، جد، پُشت:

**پیسہ:** پرانا سکہ:
روپے کا نٹھ سواں حصہ:
لت امیری (پیسہ بڑا)
(پیسے دیئریں بیڑی چڑھناں) اخ
(پیسہ ڈال بہہ جانال) اخ
(پیسے آلیا بہارا ای ریوڑھی کڑا کے دار
ای) اخ
(پیسے کی پیسہ چھکڑاں) اخ
(دُنیا نی اویار) گا

**بیش بیش:** بلّی کو بلانا، بیش بیش کرنا:
: گے آگے (اَگے اَگے)
روبُرو، سامنے رہنا (پیش ہونڑاں)
حاضری دینا:
(پیشے پھرناں) مح (کیتیاں اَگے
ا ں)

بُرا کاانجام بُرا :
(اللہ کرے پیٹے پھرن نیں)
بدلہ اُترنا، جیسا کرنا ویسا بھرنا:
**پِیش پِیش:** بلی کو بلانے کی آواز:
**پَیشی:** حاضری:
ظہر کا وقت (پیشی نی نماز)
"اُٹھ جاگ جمعے نی پیشی آ
ایہہ رکیہ کر دیسی؟" (میت کا کلمہ)
(اُچی پیشی) دوپہر کے بعد کا وقت:
**پِیشی:** چھوٹے بچے کا پیشاب:
**پیکہ:** میکہ (بیاہی لڑکی کے ماں باپ کا گھر)
(ما نیں پیکے یاد اا سناں) مح
"شاداں پیکے آ
کوٹھے تے گلنے ں نی رونق
"نورا" لاڑے وانگوں سجیا
مِل ناگھگو وجیا" (باقی صدیقی)
**پَیلاں:** مورنی کی چال:
(پیلاں باہنڑاں) ناچنا، مور کی طرح
پیر اُٹھانا:
آگے پیچھے چکر کاٹنا:
**پلیتھن:** خشک آٹا:
(پلیتھن لانڑاں) خوشامد کرنا:
**پھلیٹھن:** سرسوں کے صاف کئے بیجوں کا
بُورا:
**پیلیا:** پیلا یرقان (جنڈس)
**پیکلاں:** (پَیلاں باہنڑاں) مح۔ رقص کی چال:
**پَیلیاں:** (پہلیاں) شروع والی (جمع) جوسب
سے آگے ہیں:
(پہلیاں نماشاں) ڈھلتا ہوا سورج:
غروب آفتاب کا وقت: ں نماشاں

پیلیاں نماشیں ای سیئی رہے او؟ گل
**پینٹھ:** (گن) ساٹھ اور پانچ:
پوائینٹ:
(پینٹھ کھیڑناں) مح۔ دھوکہ دینا:
**پَینڑاں:** (پِناں) مذکر
پڑجانا، کاٹنا (گاٹے لغڑاں) چڑھنا، حملہ
کرنا:
(ماسی! کُتا پینڑاں تے نیئں؟)
(پَینڑیں) مونث:
**پِینڑاں:** (پِناں) مذکر۔۔ پینا (نوش کرنا)
سگریٹ بیڑی پینڑاں: سگریٹ نوشی کرنا
سہنا، برداشت کرنا:
(غصّہ پینڑاں) مح۔
(پینڑاں) ہضم کرنا۔ ہڑپ کرنا:
(ہُن اوہ سارے پیسے پی گیا)
دودھ یا پانی پینے کی حالت:
پیاس نا، دوا پینا:
(پینڑاں پلانڑاں) شراب خوری کرنا:
**پِینڑھاں:** (پِٹاں)
گھٹے ہو جسم والا:
(مٹّہ ڈاھڈا) سخت جان:
**پِیہنڑ:** (پیہنڑ پینڑیں) مح۔ صبر نہ ہونا:
برداشت نہ ہونا
**پَیہنڑاں:** (پَیہٹاں)
پَیندا (تھلا) حصہ۔ بنیاد:
(اوقات) حثیت:
(پہلوں آپڑیں پَیہنڑے درتکھ) مح
**پِیہنڑاں:** پیسنا:
(کھہار کھانڑیں جوگانئیں اماں پِنہڑ گئی
(اخ)

(لماں پہنڑاں) مح۔لمبا کھاتا یا وہ کام
جس میں زیادہ دیر لگ جا (لمایّہ ہ)
**پَینڑ یاں لینڑ یاں:** لگے ہاتھوں:
**پینتری:** (گن) تیس+پانچ=(پینتیس)۳۵
**پینڑ:** (پین......ڑ)
پَینڑ کُتا (ایک نسل)
**پینڈو:** (گرائیں) گا ں کا رہایشی،وسنیک:
(لوکل آدمی)
**پَنیر:** (پَن.....یَر)
شکاری کُتا (ے تلاش کرنے والا)
**پَینڑ پٹ:** (پین پٹ)
(بے ساختہ) اچانک۔ایک دم:
**پینجا:** رو دُھنے والا:
**پینچ:** گا ں کا بڑا (بہوں پینچ جیانا نہہ بنڑ)
**پینڈا:** سفر:
(پینڈا مارناں) مح۔سفر طے کرنا:
(پینڈا مکانڑاں) مح۔سفر ختم کرنا:
(پینڈا چھکڑاں) مسافت طے کرنا:
(سُورے کی سُو رسَو کو اہے نا پینڈا ماری
ملی رہنڑاں) اخ
(پینڈا کُھٹا کرنا) مح
"دل عمراں نا پینڈا نا پے
مارغماں نی ڈوہنگی بُکل
لمی کہانی پا ......".(باقی صدیقی)
**پِینڈھا:** تھوڑا سخت (جسے اور پانی کی ضرورت ہو
پینڈھا آٹا (پتلا تے پینڈا)
گھٹے ہوئے جسم والا:
**پینڈو:** (گرائیں) گا ں کا رہایشی،وسنیک:
(لوکل آدمی)
**پِینگاں:** (جمع)

(پینگاں باہنڑاں) مح۔دوستی گانٹھنا:
نئی نئی یاری لگانا:
**پیو:** باپ (تو مھاڑا پیو لغڑاں ایں؟)
میں کو تہاڑا پیو ماریا وا؟
پیو نامال ای؟
اوہ مھاڑیا پیو:
(مھاڑا پیو ای کو نئیں جے میں تکی
چھوڑاں)
باپ،والد:
(پیو لغڑاں ای؟) لحاظ کرنا:
**پیو:** باپ:
پڑو (اِچرے لے نا نہہ پیو)
**پیورے:** باپ دادے:
**پیوں:** خدشہ،فکر،اندیشہ: (پیوں پیڑیں) مح

.....................................................

## پھ۔ا

.....................................................

**پھاپڑ:** پھوکی چیز (بے جان فصل) ناتواں
**پھاپ کٹُن:** چالاک ہوشیار عورت (ہرفن مولا)
**پھاپھاں:** بُڑھی پھاپھاں:
(بوڑھی عورت جس کے منہ میں دانت
نہ ہوں)
**پھاتا:** پکڑا گیا۔گرفتار ہوا (مذکر)
**پھاتی:** (پھاتی) مونث
پھاتی نا کہہ پھتکنڑ (اخ)
**پھاتے:** (جمع)
"ماہلاں نی پھاہی اچ پھاتے
اگے پچھے،پچھے اگے
کھوہ پیاوگے" (نظم) باقی صدیقی
**پھاٹنا:** سفر طے کرنا (گزارنا)

مصیبت جھیلناں:
(میں تہاڑے کِد یوں ساری رات
پھاٹی)
**پھاڈ:** شکایت (چُغلی)
**پھار:** (اپھارا) مذکر۔ پیٹ پھولنا:
**پھاڑ:** (چیر پھاڑ)
( پھاڑ) مخالف دشمن:
زلزلے سے کٹی زمین:
(دراڑیں)
پہاڑ کی پھٹی ہو جگہ۔زمین کا کٹا :
**پھاڑناں:** چیرنا پھاڑنا (الگ کرنا۔جدا کرنا)
**پھال:** دیسی ہل کا پھالا (لوہا) جو زمین کو چیرتا
ہے:
**پھالناں:** ہل چلاتے ہو بیل کا کُھر زخمی کرنا:
**پھانٹ:** (چھڑی) باریک سوٹی
(پھانٹاں) جمع
روشنی کی لکیریں:
**پھانک:** ڈلی:
**پھانکڑاں:** (پھانکنا)
کُھلا کھانا۔سکیل سے زیادہ:
پھاں پھاں کرنا۔سانس کا چڑھنا:
ساہو ساہ ہونڑاں:
**پھاونڑی:** (پھا نی)
دیسی چکی کے اوپر والے پُڑ کا درمیانی
سوراخ:
**پھاوا:** مارا:
وٹ سے چُور چُور:
**پھا ڑ:** بڑے بڑے ننگے پیر (ہاتھی نما)
پھاوڑے کی طرح:
**پھا ڑی:** (چھوٹا پھاوڑہ) گوبر اکٹھی کرنے والا

لکڑی کا بیلچہ:
**پھاہ:** پھندہ (پھاہ لنغی کے مرناں)
(پھاہ) پھانسی، گلے کا پھندہ:
"ایہہ ٹِکا متھا ساڑسی
ایہہ گانی باہسی پھاہ" باقی صدیقی
**پھاہڈ:** شکایت (پھاہڈاں) جمع
(پھاہڈاں لانڑاں) مح
**پھاہی:** دام، پھندہ:
(پھاہیاں) جمع
"آپوں پھسٹریں نال پھسانڑیں
پھاہیاں لانڑیں ٹوڑے پچھے"
(عارف ادیب)

## پھ۔ب

**پِھب:** اُٹھان:
(چھوٹھا آ کھاں تے خوب پھبدا
اے)
**پھبڑاں:** (پھبنا)
اُٹھنا۔خوبصورت لگنا:
جوبن پر آنا۔کھلنا:

## پھ۔پھ

**پُھپھر:** (پُھپھرا) پھپڑا:
**پھپھڑا:** پھوپھی کے گھر والا:
**پھپھیر:** پھوپھی کی اولاد:
**پھپھی:** بوا (باپ کی بہن)

## پھ۔ت

پھت: پھار۔گیس (بیماری)
(پھت چڑھنا) مح
پھتو: ایک نام (پھتہ) مذکر:
(پھتو کُتھے سی چھلیاں جوگی) اخ
(پھتو نیں یار چندرے) اخ

## پھ۔ٹ

پَھٹ: زخم (پَھٹ نہ پھرول) کتاب (آل عمران)
( نال پھٹ ملانڑاں) اخ
لکڑی چیرنے کے لئے کلہاڑے کی
سٹ (چوٹ)
(پھٹ) وار: ہک پھٹ دو پھٹ
( اں اچ پہُچڑاں) بروقت پہنچنا۔
مصیبت میں کام آنا: عین موقع پر
پُھٹ: دفع ہو، دور ہو:
امر (پُھٹناں) فعل:
دفع ہونا، دور ہونا:
کونپلیں نکالنا (پھُٹڑاں)
پَھٹڑاں: (پھٹناں)
زخمی کرنا:
گولہ پھٹڑاں:
(پھٹڑاں) اوقات سے باہر ہونا:
(پھٹی پھٹی گساں) صحیح جوان ہونا:
موٹا تازہ ہونا: گوشت چڑھنا:
(پَھٹڑاں) دودھ کا خراب ہونا:
(دہی بننا) دُدھ پھٹی گیا:
پِھٹڑاں: (پھٹناں)
خراب ہونا

(پھٹیاوا) فحش گو:
صحیح جان والا۔موٹا تازہ:
پُھٹڑاں: (پُھٹناں)
اُگنا۔پھوٹنا۔پُھوٹنا۔کونپلیں نکالنا:
منہ سے بولنا۔اظہارِ خیال کرنا (کو
مونہوں پُھٹ)
بھاگنا۔دفع ہونا۔دور ہونا:
(چل اتھوں پُھٹ)
اُگنا (روئیدگی کا عمل)
پُھٹیاں کلیاں (کتاب) حبیب شاہ
پِھٹڑ: زخمی (پھٹیاوا) پھٹ ہویاوا:
پھٹڑاں: (پھٹناں)
پھٹ کرنا، زخمی کرنا:
(کُتے کا کاٹنا)
(بم پھٹڑاں)
(کپڑے پھٹڑاں)
(آپے اچ پھٹڑاں) تفرقہ ڈالنا:
پِھٹکڑے: جمی ہو چیز کے ٹکڑے:
خون کے لوتھڑے:
پِھٹناں: دودھ کا خراب ہونا:
اوقات سے باہر ہونا:
پَھٹناں: گولہ پھٹناں:
بلاسٹ ہونا:
پَھٹناں: کپڑوں کا پھٹ جانا:
چھوٹنا (گولہ پھٹناں)
اوقات سے باہر ہونا:
پِھٹناں: دودھ کا خراب ہونا:
جوانی چڑھناں:
(پھٹیاوا) فحش، بیہودہ:
پھٹہ: تختہ ( ) جمع

**پھُٹی :** کپاہ، کپاس (خام مال)
**پھٹی :** تختی:
(پھٹی) زخمی:
**پھٹیاوا:** زخمی ہوا:
الگ تھلگ (دور)
تفرقے باز:
**پھِٹیاوا:** (اوقات سے باہر)
فحش گو، گندیاں گلاں کرنے آلا۔ بے
شرم:
" کالیاں پھٹیاں پھوہڑ رناں ہس ہس
کے دند کھڑاون" (سلطان)
**پھُٹڑاں:** پھوٹنا، پتے نکالنا۔
(پھٹیاں کلیاں) حبیب شاہ بخاری
(مونہوں پھُٹڑاں) چُپ توڑنا، مونہہ
کھولنا۔

.......................................

## پھ۔د

.......................................

**پھَد :** دانتوں کے بغیر جگہ:
**پھُد کنڑ:** تڑپنا (چھاتی ناں کہہ پھد کنڑ) اخ
**پھُد :** (پھُد پھُد کرنا) پھدکنا
**پھُدی:** اندام نہانی:
**پھدُو:** بے غیرت (لسہ)
(پھدُو لانڑاں) بیوقوف بنانا:
(پھُد و محکمہ تا جا حوالدار) اخ

.......................................

## پھ۔ڈ

.......................................

**پھڈا:** خواہ مخواہ کا جھگڑا:
رکاوٹ:
**پھِڈا:** ایک طرف بیٹھا ہوا بوٹ یا چپل:
(ٹیڑھا پا ں)

.......................................

## پھ۔ر

.......................................

**پھر :** (پر
کندھوں کی پچھلی سمت دونوں اطراف
کی نرم ہڈی: دستی
**پھُر :** اُڑنے کی آواز (پھُر سے)
**پھرّا:** بڑا خط، پرچا، طلاق نامہ:
**پھرڑا:** ناہموار تختہ یا بالا، اونچی نیچی سطح والا۔
اج سوچاں نا چرخہ پھرڑا، پیا ہچکولے کھاوے
کیہڑے ویلے کو سوانڑی تند پچھی پاوے
(جسوت سنگھ ونتا)
**پھَرکی:** پھڑکی۔ کانپی (اکھ پھرکڑاں) مح
**پھِرکی:** چکر کھانے والی (سلا مشین کی فرکی)
**پھرگل:** کھلا لباس (گا ن)
**پھرلو:** (فرلو) فالتو، بے اصولا، قطار سے نکلا
ہوا:
**پھُرلی:** پرندوں کا مٹی میں کھیلنے کا ایک انداز:
(پھُرلیاں مارناں) مح۔ خوش ہونا:
**پھَرناں:** پھولنا۔ تھوڑی چیز سے زیادہ ہو جانا۔
دال یا چاول وغیرہ کو بھگونے سے پھول
کر زیادہ ہو جانا (معیاری اجناس)
**پھُرناں:** واری آنا (پگنا) جیتنا
اثر ہونا:
(مولوی اُراں ناں دم صحیح پھُرناں) گل
**پھِرناں:** چکر لگانا:
(پھرناں پھرناں) ٹہلتے ٹہلتے
یوں ہی ہوا کھاتے ہو :

**پھرنی:** (چکر کھاتی) گردش کرتی:
(پھرنی نا پھیر) مح۔ مقدر کی بات:
**پھروا:** کہی سے چھوٹا۔ مٹی کھودنے والا اوزار:
**پھرولا پھرالی:** تلاشی، چھانٹی:
**پھرولناں:** تلاش کرنا، الگ الگ کرنا (بکھیرنا
"یاداں نا گرولناں
دُکھ پیا پھرولناں"
(لِ عمران)
" کو اسناں راز نا نہہ سمجھے
کو نا نہہ دل پھرولے"
(باقی صدیقی)
چھانٹی کرنا۔ ورق گردانی کرنا:
**پھروئیں:** پھنسی:
**پھری:** کندھے کا پچھلا حصہ:
**پھری:** جاگی (پیدا ہو )
(وار پھرناں) نمبر آنا (ٹاس جیتنا)

---

## پھ۔ڑ

---

**پھڑ:** ڈھینگ۔
جمع۔ پھڑاں (پھڑاں مارناں) مح۔
**پھڑ:** بہانہ:
(پھڑ بناڑاں) بہانہ کرنا، مکر دکھانا:
جھوٹا دعوی:
**پَھڑا:** بڑا پھٹہ (تختہ)
(پھڑے) جمع
لکڑی کے پتلے تختے ( )
**پھڑاں:** ڈھینگیں:
(پھڑاں مارناں) شوخی دکھانا: اوقات
سے باہر بات کرنا:
**پھڑّت:** اپھارا۔ گیس (بیماری)
**پھڑّت:** پُھر سے:
**پھڑتّی:** شکنجا (پھڑتی اچ پھسناں)
**پھڑ پھٹہ:** فحش گو۔
(پھڑ پھٹی) مونث
(پھڑ پھٹہ ٹھول) مح۔ بھونگا
صاف گو، سچا (راز فاش کرنے والا)
**پھڑک:** مُرغے یا پرندے کے پروں کی آواز:
(مُرغوں کی لڑا کی واری) اچرے ہک
پھڑک ہور لانڑی:
(پھڑکاں لانڑاں) خواہ مخواہ کی لڑا
مُول لینا (چھوٹی لڑا ، مرغوں کی طرح
زبانی کلامی لڑا لڑنا:
**پِھڑکڑاں:** (پھڑکناں)
تڑپنا (جان بلب ہونا)
**پھڑکاڑاں:** (پھڑکاناں)
جان لینے کی حد تک مارنا:
**پھڑنگڑی:** (پھ...ڑِنگ...ڑی)
شکنجہ۔ جوڑ:
(پھڑنگڑی اچ پھسانڑاں) قابو کرنا:
**پھڑی:** ترتیب سے اکٹھی کی گئی شکل میں
گندم کی فصل (گری)
**پھڑیڈ:** (پَھڑ...یڈ)
شیخی (اوقات سے باہر کی ہو بات)

---

## پھ۔س

---

**پَھس:** (پھس پھس کرنا) مح
(مونہہ پھس پھس کرن لگی پیاس)

شرمندگی کی صورت میں بنا ہوا منہ:
سچ سُننے کے بعد حالتِ ندامت:
**پِھس:** دبا  کا اثر قبول کرنے والی چیز
(نہایت نرم و نازک)
(بھر جوان کُڑی) کُڑی پِھسی پِھسی
پینڑیں:
**پُھس:** بھینس کا کیا ہوا بڑا گوبھر:
(پُھس لغاوا) گندگی کا ڈھیر:
**پُھسل:** موٹا آدمی:
**پِھسناں:** پِچکنا پولا یا نرم ہونا۔
موٹی یا پھولی ہو  چیز کا دبا  سے حجم کم
ہونا۔
**پَھسی:** پھنسی (ہسی تے پھسی) اخ
**پِھسی:** مادہ سانپ کی نسل (زہریلی)
گدرا  ۔
(پِھسی پِھسی پینڑاں) لڑکی کا بھر
جوان ہونا:
**پُھسی:** گا  بھینس کا کیا گول گوبھر:
تھائیں اپروں پھسی چا  کھن کُکڑ
کھلیاری چھوڑسن:

................................................................

## پھ۔ک

................................................................

**پھک:** چاول کا چھلکا:
: ہتھیلی بھر چیز:
(  مارناں) ہاتھ پر رکھ کر کو  چیز منہ
میں ڈالنا (پھکی لینا)
(پَھکا چُکا) چھوٹا موٹا:
(  چُکا نا نہہ چھوڑنا) ذلیل و خوار کرنا:
**ل:** پھانکوں:

" گلی گلی نی اُدنی مٹی
ں پھک نا نہہ سکاں"
(باقی صدیقی)

**پھکڑ:** گالھی (برا بھلا)
(توہ پھکڑی) مذمت:
(پھکڑ تولناں) گالھی دینا:
**پَھکڑاں:** معمول سے زیادہ کھانا (پھانکنا)
(پھکے مارنا) کسی سفوف کا ہتھیلی پر رکھ
کر پھانکنا:
"عارف اس دنیا نے وچ
زہر غماں نا پھکڑیں پیئے آں"
(عارف ادیب کیانی)
**پھکڑ یاں:** ہلکی اور فضول ناتیں:
(پھکڑ یاں مارناں) مح
**پھکہ:** مونہہ بھر چاول یا کو  چیز:
(پھکہ جناب نا تھکہ) اخ
(پھکہ پہورا) چھوٹا بڑا (الف سے
ے تک:
(اج تے اس  پہورائیں س شوڑیا)
**پھکی:** پھا  والی چیز (سفوف)
(پھکی دینڑاں) مح
**پِھکی:** پھیکی۔

................................................................

## پھ۔ل

................................................................

**پُھل:** پھول۔
(پُھلے نا کہہ مُل) اخ
(ہِک پھل موتیے دا مار کے جگا۔
(پُھل کرنا) پھٹکڑی کو توے پر یا آگ
میں رکھ کر گرم کر کے ہلکا کرنا:

(پھٹکڑی پُھل کرنا) مح
(پھٹکڑی پھل ہونڑاں) مح
(پُھلے ارہولا) نازک اندام:
(ہلکاپُھلکا) (پُھلاں آر) خوبصورت:
(لوہکاپُھل ہونڑاں) فرضوں کابوجھ
ہلکا کرنا:
(پُھل کیرناں) پھول بکھیرنا:
(پُھل کیرناں) خوبصورت باتیں کرنا:

**پَھل:** ثمر:
نُطفہ۔حمل۔جانور کابچہ جوابھی پیٹ
میں ہو:
(پھل سٹناں) بچہ گرانا:
(پھل پھاراآ) وزنی بچہ
(پھل) دیسی ہل میں لگالوہے کااوزار
جوزمین کوچیرتا ہے:
چاقویاچھری کا پھل (تیز دار)
پھل اور دستہ: کلہاڑی کے دوحصے

**پُھل چتر:** میناکاری۔شیشے کاکام:

**پھلاّ:** گندم کی گہا کے لئے پھلاہی کے
کانٹوں سے بنا گول تختہ (پھلّے) جمع

**پُھلا:** پھولا ہوا (مکئی کے پُھلے ہو دانے)

**پھلا:** (مونہہ پھلیاوا) بخار کی حالت میں پکا
ہوامنہ۔(مونہہ پُھلناں) منہ کے اندر
دانے نکلنا:

**پُھلانڑاں:** (پُھلاناں)
(پُھوک چاڑھناں) منہ پُھلانا:
غبارہ بھرنا،پھلانا،بڑا کرنا:

**پھلاہ:** پھلاہی کا بڑااورقدیم درخت:

**پھلاہی:** خطہ پوٹھوہار کا سب سے خوبصورت اور
خُوشبو بھرا درخت (مونث)

(کو کنڈا پھلاہی نالوں کیریا کرو)
(ل گ)

**پھلرڑاں:** (پھلناں)
پیداوار دینا (پھل دینا) آبادکاری کرنا:

**پُھلرڑاں:** (پُھلناں)
پُھولنا،غبارہ بننا:
درخت پر بُور آنا (پھل لگنا)

**پُھلرڑیاں:** (پھیل)
(پُھلڑیاں) چاول کے پُھلے
(مرنڈے)
(پُھلڑے سیداں) ایک گا ں

**پُھلکا:** چپاتی،روٹی۔۔۔۔ہلکا پھلکا:

**پھلناں:** پھول نکالنا (سریاں پھلی وی)

**پھلناں:** نسل میں اضافہ کرنا۔

**پھلوڑ:** (پھلوہر) (رلا) بے ایمانی۔لورچ:

**پھلی:** (کیلے نی پھلی) ڈَلی (پھلیاں) جمع
(کِکرے نیاں پھلیاں) لمبی بیج دار:

**پَھلے:** گندم کی گہا کا دیسی طریقہ جس سے
پھلاہی کے کانٹوں کواکٹھا کر کے
استعمال کیا جاتا ہے (پھلا) واحد

**پُھلے:** مکئی کے پھول،بُھنے ہو دانے:
(پاپ کارن)

.........................................

## پھ۔م

.........................................

**پُھمڑ:** (پُھمڑی) اون کا بنا ہوا پھول:
ناک کااگلا اُبھراہواحصہ،نوک:

**پھمیری:** (پنبیری) گول چکر:
لٹونماچیز:
پروں والا جہازنما کیڑاجوفضامیں

اُڑتا رہتا ہے:

---

## پھ۔ن

---

**پھنبوڑناں:** (بھنبھوڑنا)
کتے یا کسی درندے کا کاٹنا (جنجوڑنا)
**پھنبیری:** (بھنبیری) ایک قسم کی ٹیٹری۔
تیز دوڑنے والا لڑکا۔
**پھِناں:** دبا ہوا (چپٹا)
(نک پھِناں) چپٹے ناک والا:
(میکی بے نّک پھِناں جمیا) مص
**پُھنجی:** پُھندنا:
دھاگے سے بنا گئے گول پھول:
**پھَنڈ:** مار (پھَنڈ چاڑھناں) کھدر کے کپڑے
کو بھٹی چڑھانا۔ نرم اور ملا کرنا
(پھنڈناں)
(پھنڈڑاں) بٹورناں۔ دھوکے سے
مال بنانا۔ نوسر بازی کرنا:
**پِھنڈ:** رج۔ خوب بھرا اور نکلا ہوا پیٹ:
(اج ڈنگر صحیح پھنڈ بنڑیں وے) گل
(پھنڈ بنڑناں) سَیر ہونا:
(پھنڈ ہونڑاں) زیادہ کھالینا (پھرنا)
**پَھنڈناں:** کھڈی پر بنے کپڑے کو دھونا، ملا
کرنا: کھڈی کے کپڑے کو گوٹ کر دھونا:
(پھنڈ چاڑھناں) مارنا پیٹنا:
رضا کی نئی رو کو درست کرنا:
(دھوکے سے رقم ہتھیانا) پیسے پھنڈناں
**پَھنڈرناں:** حواس باختہ ہونا۔ دماغ پھرنا:
مرغے کا کو چیز لگ جانے سے پھڑک
جانا (تڑپنا) دماغی توازن برقرار نہ رہنا:

**پِھنڈل:** موٹی مرغی:
**پِھنڈناں:** خوش ہونا (پھولے نہ سمانا) پھولنا:
**پھنڈی پھنڈی:** (پُھنڈی پُھنڈی ہوڑاں) مح
نخرے کرنا: خوش ہونا، مچلنا: پروں کو
پھیلانا: رَگیلا ہو کر پھولنا:
"یار نے ہر اک انگ تے نچے
پُھنڈی پُھنڈی جاوے" (سلطان)
**پُھجی:** پُھندنے۔ ر دھاگے یا اون کا بنایا
ہوا پھول:
**پھنگ:** (پر) مرغی یا پرندوں کے پر (بال)
پھنگاں ناں ڈار بنانڑاں (اخ)
**پھنگ لیٹھاں:** پروں کے کندھے: جمع
(پھنگ ) واحد
**پھنگوڑا:** لکڑی کا جھولا (بچی یا بچے کا جھولا)
**پھنّہ:** پھنّے خان (بڑا پھنہ بنڑیا پھرنا؟)
**پِھنّہ:** (نک پِھنہ) چپٹے ناک والا۔
میکی بے نک پِھنہ جمیا
مھاڑا نک بدھا سی کیہڑا؟ شعر
**پھَنیر:** (پھن۔یَر) پھن والا سانپ:
(بڑا پھنیر بنڑناں پھرنا) مح

---

## پھ۔و

---

**پھوارہ:** فوارہ (فوارہ چوک)
(خُونے نا پھوارہ چُھٹی پیا) گل
**پھواڑہ:** بھوسے کا گول ذخیرہ:
چارپا جوڑ کر اس میں بوسہ بھرنا،
بعد میں چاروں طرف سے لپا کر دینا:
**پھوپھڑ:** بکواس (پھوپھڑ تولنا) مح

**پَھوٹ:** برتن کے ٹوٹنے کی لکیر:
تفرقہ، علیحدگی:
**پُھوٹ:** شیخی:
(پُھوٹاں مارناں)(فوٹاں مارناں)
شیخی رنا:
**پھوٹا:** چنگاری۔
**پھوک:** پھونک:
ہوا۔ گیس (پھوک نکلی تے بس)
(پھوک مارناں) دیا نا۔ منہ سے ہوا
دینا:
(ٹھڈیاں دُھداں کی پھوکاں مارناں)
(اخ)
(پھوک مارنا) دم درود کرنا:
(پھوک نکلناں) سانس ختم ہونا:
(پُھوکی کے بخار چڑھنا) تیز بخار کا آنا
**پُھوکاڑاں:** غبارہ (کنڈوم)
**پھوکڑیں:** پھونکنی: دھو
نالی دار پائپ جس سے آگ کو
بھڑکانے کے لئے ہوا دیتے ہیں:
**پَھوکیاں:** کھوکھلی باتیں۔ خالی باتیں:
(پھوکیاں مارناں) مح
**پَھوگ:** رس نکلا ہوا مادہ (کھل چوکھر)
برادہ۔ خالی چھلکا۔ نچوڑا ہوا مال:
"سنگ اٹی نا کچا تھا گہ
گل گنے نا پھوک" (باقی صدیقی)
**پُھور:** پھوار:
**پھوسی:** ہوا کا اخراج۔ ر :
**پھولناں:** کریدنا (تلاش کرنا)
"شرماں نے وچ ڈُبی گچھاں
عیب کدے جے پھولے اللہ"
(عارف ادیب)
تندورے نی اگ پھولنا۔ تندور گرم کرنا:
(اسم گول گُج نا نہہ پھول) اخ
"زہر غماں نے کھولی جُلنے
زخم دلاں نے پھولی جُلنے"
(عارف ادیب کیانی)
"پھول نا نہہ پچھلے پہھیت
اغلی گل سنا" (طارق مسعود)
**پُھوں پُھوں کرنا:** غُصے کی حالت میں بولنا:
"پھوں پھوں لا رکھڑاں
گلے کی اوہ چا رکھڑاں"
(عارف ادیب)
**پُھونڈ:** اُکساہٹ۔ نخرہ، شوخی۔ شیخی۔ ڈھینگ:
(پُھونڈ اچ اساں) مح۔ شیخی رنا:
(پُھونڈ چاڑھناں) مح۔ اُکسانا
**پھونہہ:** قطرہ (ذرا ایک)
(پھونہہ اُسنی) پیشاب کی بیماری:
(پھونہہ چھاٹے لغڑاں) مح۔ بات نہ
سہنا۔
**پھونہہ پھونہہ:** قطرہ قطرہ:
(پھونہہ پھونہہ تلا) اخ:
**پھوہا:** رو کا چھوٹا سا ٹکڑا جس کو عطر میں تر
کرتے ہیں۔ رو کی وہ بتی جسے دودھ
میں تر کر کے شیر خوار بچوں کو پلاتے
ہیں۔ چھوٹا کمزور بچی بچہ۔
**پھوہیا:** ۔مرہم لگا کپڑا:
**پِھوہر:** پھوار۔
**پِھوہڑ:** کھجور کی چٹا ۔
**پھوہڑ:** رُعب دبدبہ (پَھوہڑ بالناں) مح
**پھوہڑ:** بددماغ، کند ذہن:

" کالیاں، پھٹیاں پھوہڑرناں ہس ہس
دندکھڑاون" (سلطان
ظہور)

**پِھوہڑ** :(پوڑ) ہاتھی کے پیر کی طرح:

**پھوہڑاں**:(پھوہٹاں) پرنوچنا۔
ذبح شدہ مُرغی کے پرا تارنا:

**پَھوہڑی**: (پھاوڑا)
گوبھرا کٹھا کرنے والی بیلچہ نما لکڑ:

**پُھوہڑی**: سوگ کی جگہ (تعزیت گاہ)
(پھوہڑی باہنڑاں) مح۔ پکے ڈیرے
لگانا:

.........................................................

پھ۔ ہ۔ ے

.........................................................

**پھہڑاں**:پچکانا۔ کچلنا۔ دبانا،

**پِھیت**: وردی کے کندھے پر لگی رینک کی پٹی:
(پھیتی) کرا ن:
(پھیتیاں) جمع

**پھیتہ**: پکی مٹی کاٹکڑا (کرچ)
کھیلنے والا مٹی کا گول ٹھکر:
(پھیتے پھیتے) ٹکڑے ٹکڑے۔ کرچیاں:
"پھیتے پھیتے سدھراں
سدھراں نیاں گندلاں
گندلاں اپر پھُل"
(شمس الرحمٰن)

**پھیٹ**:(چھیٹ) دھکا
(سٹ پَھیٹ) ٹکر۔ سائیڈ مارنے کی
حالت (نقصان)

**پھیٹی**: تفرقہ۔ جدا، مخالفت، تفریق، دُوری:
(پھیٹی باہنڑاں) مح۔ تفرّقہ ڈالنا:

**پھیر**: چکر (گولا) کمر کا حصہ:
گھیرا (عورت کی ہپ)
(پھرنی نا پھیر) مح۔ زمانے کا چکر:
گردش زمانہ (مقدر، نصیب) بھنور۔

**پھیرا**: چکر: دورہ:
(پھیرا کرناں) چکر کاٹنا:
(پھیرالانڑاں) ایک چکر پورا کرنا:

**پھیرناں**: گھمانا (سیر کرانا)
لہرانا (پکڑ کر چکر دینا)
چُھری چاقو یا تلوار پھیرناں: جوہر دکھانا:
(کھوتے اپر پھیرناں) رسوا کرنا:
(بھاری پھیرناں) جھاڑو لگانا:
(موہنجہ پھیرناں) کچھ نہ چھوڑنا:
(منجی پھیرناں) دانتوں سے چارپا
پکڑ کر گھمانا (کرتب دکھانا)
(گل پھیرناں) بات کو بدلی کرنا:
گل دُووے پاسے پھیری کھڑی س:
(سکے اپر پھیرناں) ٹالنا:
(ہتھ پھیرناں) دلاسا دینا (پیار کرنا)
(موہنہ پھیرناں) سامنا نہ کرنا:
(کنڈ پھیرناں) مصیبت کے وقت کام
نہ آنا:
(اکھ پھیرناں) بے وفا کرنا:
(دل پھیرناں) روحانیت کا اثر قبول
کرنا:

**پھیری**: گھوم پھر کر (گشت کرتے ہو )
(پھیری نا مال)
(پھیری آلا)
(گل پھیری کے آنڑناں) مح
اِن ڈائریکٹ بات کرنا:

(پھیری کے سڑاں) چکر دے کر پھینکنا

**پھیرے:** بڑے چکر (بار بار کے چکر)

(پھیرے باہنڑاں) مح۔ چکر کاٹنا:

(پھیرے کرانڑاں) مح۔ چکر لگوانا:

(پھیرے لوانڑاں) مح۔ بہانے بنانا۔

(پھیرا کی جمع)

**پِھیڑی:** منحنی: چوکور حالت میں نہ رہنا:

**پھیڑی:** گا بھینس جو حاملہ نا نہہ ہو (خالی)

(لَیری) دودھ والی:

(پھیڑی) دودھ کے بغیر:

**پھیس:** پُھوسی (ہوا کا اخراج) ر بادی:

(پھیساں) جمع

(پھیساں نکلنیاں) مح۔ ڈر کی حالت

**پھیکر:** (ٹھیکرا) مٹی کے گھڑے وغیرہ کے

ٹوٹے ہو ٹکڑے: (سخت جان)

**پِھیل:** (پھِیہل) موٹا آدمی (بھارا، وزنی)

**پھینٹڑاں:** (پھیں...ٹ۔۔ڑاں)

حل کرنا: (محلول تیار کرنا)

شربت بنانا:

**پھینٹی:** (پھینٹنے کی حالت)

(پھینٹنا) شربت کو مکس کرنا:

تاش کے پتے مکس کرنے کا عمل:

(تاش پھینٹ ریا)

(پھینٹی چاڑھناں) مح۔ مارنا پیٹنا:

**پھیو:** (پھے۔۔۔یَو)

لکڑی کا بیلچہ۔

گندم کی گہا میں کام آتا ہے۔

---

**ت۔ا**

---

**تا:** کاغذ (جلد بازی)

(تا کرناں) مح۔ جلد بازی کرنا۔

(تا کرناں) مح۔ پیچھے سے آ کر ڈرانا:

(آنکھوں پر ہاتھ رکھنا) جیسے چھاء کرنا:

**تاپ:** تپ، بخار، حرارت، (سُستی)

غصّہ، گرمی:

چڑھیا تاپ مر گیا باپ (کہت)

**تاجو:** بھا ماری عورت:

(کلیجہ کھانڑی)

ایک نام:

**تار:** دھاگے والی ڈور:

لوہے کی باریک تار (وائر)

چِھٹی، ٹیلیگرام، تار، تار گھر:

چُھٹی کا دن (اتوار)

**تارا:** ستارہ:

ہِک تارا، ساز:

گہرے پانی کا عکس:

بالکل تارا جیہیا (معمولی نشان)

، کا ستارہ، نصیب لیکھ:

(لو آلا تارا)

(تارے گھننیوں رات کڈھناں) مح

بلّھے نا بھلاّ نا نہہ ہوسی متھے تاراتے ہوسی

(ارخ)

**تاراں:** گا بھینس کا تحریک پر آنا: تاریں کرنا

پیشاب کی راہ پانی کی طرح سفید رنگ کا

لیس دار مادہ گرانا۔

(کیبل)

**تارناں:** (ڈبونے سے بچانا) پار لگانا:

(تارناں) اچھی والا کرنا:

(تارناں) نفع دینا:
(پیسے تارناں) ڈگری بھرنا۔ رقم ادا کرنا:
(تارناں) لبالب کرنا۔ منہ تک بھرنا:

**تارُو:** تیراک:
(ستاں ندیاں نی تارو) رن۔ چنڈال
رن:
راتیں ندیاں چیرے د اڑی میں
کولوں ڈرے (اخ)
ڈُمے اچ ٹُھھی کے تارو بنڑی گیا
سارے ایہہ جانڑنیں اوہ دلیر سا

**تاری:** تیرنے کی حالت:
ملنگی سب تھوں بڑی سی، تاری مارنیوں
اس آ پڑیں پچھے رتو نی لین چھوڑی:
صفحہ ۹۳لا نمبرے (تھاراں نی اگ)
(تاری مارناں) مح۔ غائب ہونا، دور
چلے جانا:

**تاڑ:** سخت زمین، خشک زمین:
تاڑا کھیاں نی ساول (افسانہ)
(خبر۔ کنسو)

**تاڑکا:** گرمی اور دھوپ کا شدید دبا:
بارش کی کمی سے ختم ہوتا وتر (خشکی)

**تاڑناں:** اُکھ مٹکا کرنا، نظریں جمانا، گھورنا:
جانچنا، پہچاننا:

**تاڑُو:** کھوجی (نظر رکھنے والا)
بدنظر:

**تاڑووتاڑ:** (چٹا کے ناپٹا کہ) برابر جوابدینا:
(بد ی)

**تاڑی:** تالی:
(تاڑی ہمیش دوآں ہتھاں نال بجنی)
(اخ)
(تاڑی مارناں) تالی بجانا۔ بے شرم
کرنا، غیرت دلانا، رُسوا کرنا:
(تاڑی ماراڈانا نہہ باہواساں آپے
اُڈن ہارے ہو)
(تاڑی ماراڈاواں میری ی ی
اے)
(تاڑی بجی) مح۔ جِت نی خوشی:
(تاڑی بجانڑاں) خوش ہونا، ناچنا گانا:
(تاڑی کہلے ہتھے نال نئیں بجڑیں)
(اخ)
"نور بھری" سدھراں نی ماڑی
سرتوں اُچی مارے تاڑی" (نظم)
(باقی صدیقی)
(تاڑی) نگاہ میں رکھی ہو:

**تازی:** شکاری کُتے کی ایک نسل (تازی کُتا)
(سجری تازی) فر

**تاق:** تختہ۔ پھٹہ (دروازہ)
(تاق) مجرد

**تاکھ:** (رگرج) گدھ، مردار کھانے والا:
تاکھیں (جمع)

**تاگا:** تہاگا، تھا گا:
دھاگہ، ڈور (تند) سُوتر:

**تاشاں آر:** تاش کے پتوں کی طرح (مُفت آ
ہو رقم:

**تال:** ڈھول کی تھاپ:
ہاتھوں سے باتیں کرنا، تال کرنا:
(باراں تالنی) چالاک اور ہوشیار
عورت:

**تالماں:** تازہ تازہ مال (سجرا)
(تالماں لوڑناں) جانور کا تازی گھاس

کھانااور پرانی چھوڑ دینا:
**تالُو:** مُنہ کےاندر کی طرف کا اُوپروالا حصّہ:
(تالو) سر کادرمیانی نرم حصّہ:
**تام:** ایک مشہوردھات کانام:
**تام چینی:** پکی چینی، دھات جولوہے کے برتنوں پرچڑھا جاتی ہے:
**تاں:** اس لئے:
**تاں اِیں:** اسی لئے
**تاں جے:** تا کہ:
**تانگڑ:** ٹا پیار کر لیٹنے کی حالت (مُردے کی طرح)
**تانڑاں:** ٹا پیارے ہو :
(تانڑاں سُتاواسا) لماتے کنڈی پھار:
**تانڑاں پیٹا:** دوطرفی (کپڑے کی بنا )
**تانڑناں:** اوپر کرنا۔ پھیلانا (کھول کراوڑھنا)
"اُچے اُچے بوٹیاں تے نمی نمی چانڑنی
رات چٹا ریشمی دوپٹی پئی تانڑنی"
(باقی صدیقی)
**تانڑاں بانڑاں:** (تانابانا) تاناپیٹا، کپڑے کی بنا :
**تانتا:** جھگڑا۔مصیبت:
(تانتامکانڑاں) مح۔جھگڑاختم کرنا:
(تانتامُکڑاں) مح
**تانڑاں پیٹا:** کپڑے کی بنا کاطریقہ (کراس)
**تانڑی:** جولاہے کے تنے ہو لمبے دھاگے:
(کھڈی)
اِتھے تے پوری تانی بغڑی وی (اخ)
**تاول:** اتاول:
جلدبازی:
"تاول جھوری کرنے آلا
ٹھنڑاں بُوتھے پھار" (سلطان ظہور)
**تا لا:** جلدباز
جلدی کرنے والا
**تا لی:** جلدبازی (جلدباز)
(تا لی ترےواری موترنی) اخ
**تاء:** جلدی۔جلدبازی (تا لاپن)
(تا اگےٹو ) اخ
(تا تاء) جلدی جلدی)
**تاء:** تا ، جوش، تپش (توتاءنہ دےنا)
تپش (تندورےناتاءختم ہو گیا)
**تا :** تا کےگھروالی، بیوی:
**تایا:** باپ کابڑابھا :

## ت۔ب

**تبرّاہ:** (تَ۔بر۔راہ)
گالھی:
**تبرّک:** (تَ۔بَر۔رَک)
جس چیز میں برکت کایقین ہو:
جس رزق پراللہ کی کلام پڑھی جا :
دعاوالی چیزیں، ختم پڑھا نیاز، کھانا:

## ت۔پ

**تپ:** سُستی، بخار:
(بڑاتپ) ٹائیفائیڈ:
**تپاڑاں:** (تپاڑاں)
(پھٹھی تپاڑاں) بٹھی گرم کرنا:
تنگ یاپریشان کرنا:
**تپالی:** دھوپ کی حدت:

(تپالی تپاڑاں) مح۔سخت پریشان کرنا:

**تپڑاں:** (تپنا)
گرم ہونا، لال ہونا، غصّے میں آنا:

.................................

## ت۔ت

.................................

**تت تت:** تھتھاپن۔ ہکلانا' تت تت کرنا۔
جواب نہ بننا۔شرم یا ڈر کے مارے بات
نہ نکلنا۔

**تتّا:** گرم:
(تتا پانی) ایک جگہ:
(ہک تتا ہک تتا لا) اخ

**تِتر:** (پرندہ)
(اُٹھ اوہ مانیا تِتر ای) مح
(تتر ہونڑاں) غائب ہونا، بھاگنا:
"واہ واہ مھاڑے باڑے نیا تترا وو
کم اووے چنگا جیہڑا تترا وو"
(سلطان ظہور)
(باڑے نا تِتر) دو بیرن کے قریب
کے شکار کا جنگل:
(تِتری) مونث:

**تَتر:** (تتل) نخرہ۔پُھرتی، چالاکی:
(تَتر مٹھی ہونڑاں) مح:

**تتے:** گرم۔
تتے گُڑے ار چمٹناں (مح)

**تتے تائیں:** اسی جوش میں:

**تتے** : اعضاء کی گرمی (اسی حالت میں)
لگے ہاتھوں:

**تَتیاں:** (تتی یاں) مونث (گرم گرم (جلتی
ہوئیں)

"تتیاں تُھپاں پنڈے سہہ کے آنڑ
اگاون والے" (سلطان ظہور)
(تتے تیاں) مذکر
(تتیاں تویاں اپر لیو دینڑاں) مح

**تِتیاں:** گردش (پھیرے) وارگی:
(تِتیاں دینڑاں) مح۔کونے کُھدرے
تلاش کرنا (کدھر تِتیاں دینڑاں پیا
ایں؟) جگہ جگہ پھرنا:

**تتی:** بختاں ماری:
(تتی جا کو نیئں پیر رکھنا) اخ
"پھانبڑ ٹھڈا ٹھار
تتی اگ ہوا" (طارق مسعود)
گرم جگہ پر رکھی چیز (تتی)
(تتی) (میں تتی لیکھاں ماری)
"میں تتی اسانوں ٹھُٹھی
یا توں کدھروں منگ کے آندا"
(باقی صدیقی)

.................................

## ت۔تھ

.................................

**تتھ:** گرم (غُصے سے بھرا ہوا)
(تتھ ہویاوا) مح

.................................

## ت۔پ

.................................

**تپ:** تاپ۔بخار
(بڑا تپ) ٹائیفائیڈ

**تپڑاں:** گرم ہونا (تپسی تے ٹُھس کرسی) اخ
(جوش مارنا)
غصہ چڑھنا:

## ت۔پھ

تپھڑی: کھلبلی:
تپھ: طمانچہ:

## ت۔خ

تختہ: لکڑی کا چکور پھٹہ:
کالا بڑا پھٹہ۔تختہ سیاہ، بورڈ:
(تختہ) مردے کو غسل دینے والا پھٹہ:
(تختہ) دروازے کا ایک پَٹ:
(تختہ بنناں) مح۔بہت زیادہ کمزور ہونا:
(سکی کے تختہ بنڑی گیا)
(تخت یا تختہ) فیصلہ کُن جنگ:
(تختے اپر بہالناں) سُکھ آرام دینا:
تختے: (برنگے) لکڑی کے چھوٹے تختے جو چھت پاٹنے کے کام آتے ہیں۔
تخڑاں: (تخناں) دیکھنا:
(شیشہ تخڑاں) مونہہ دیکھنا:
(شیشے اچ مونہہ تخی کے آ) مح
تُخم: بیج،نطفہ:
(تخم تاثیرو ے نہ وے محفل تاثیر ہونڑیں (اخ)
تخم لنگاں: تُخم بالنگو،ایک لیس دار بیج:
تخڑاں: دیکھنا (تاڑناں) نظر رکھنا:
(تخی نا نہہ سخانڑاں) ایک آنکھ نہ بھانا:

## ت۔ر

تر: ایک ترکاری یا پھل،ککڑی:
سیراب کرنا،تر کرنا:
(ترآواز،یاتر گلا) سریلی آواز:
(تروتر) لبریز،بھرا ہوا:
(تری) روغن والی ترکاری،زیادہ گھی والی:(ترِی) ابھری:
تراٹ: چمڑے کا چھانٹا (چابک) بیلوں کو ہا اور مارنے کیلئے چمڑے کی دوہری رسّی کا چھانٹا:
ترائی: نیچی جگہ،نشیبی علاقہ (کسّی)
تراوٹ: تازگی،ٹھنڈ،تری:
(تھندیا ) ملا ،روغنی:
ٹھنڈی ہوا کے جھونکے کا احساس:
تران: طاقت (بُتے وچ تران کو نئیں رہیا)
ترامی: لوہے یا سلور کی بنی گول آٹا گوندھنے کی پرات:
ترامبڑا: لوہے یا سلور کی چادر سے بنا کوڑا کرکٹ اٹھانیوالا چھوٹا بیلچہ (ترامڑی چوک)
ترا: سیراب کی حالت:
(ترا کرنا) پانی دینا،سیراب کرنا:
دیوار کو پلستر کیلئے تر کرنا (ترا لاڑاں)
تراہ: (تَ......راہ)
(تراہ نکلناں) خوف سے دل بیٹھنا۔بدک جانے کی حالت (بوکھلاہٹ)
(چونک) خوف۔ڈر:
(تراہ لغڑاں) چونکنا۔اچانک ڈر جانا:
(تراہ کھانڑاں) خوف زدہ ہونا،بدکنا:
(تراہ کڈھناں) خوف دلانا:
تُرب: (تُر......ب)

تاش کی کھیل میں رنگ کے پتے:
**تُرتُری:** تر (بگل)
باجا، شادیانہ (تُریاں باجے) (تُوتڑی
**ترپ:** (ت۔۔۔رَپ)
(امر) کود:
(ترپ لائڑاں) گا بھینس کے نرکا
کود کر کراس کرنا:
(ترپ کڈھناں) مح۔ بیٹھے بٹھا
کسی بات پر اُلجھ جانا (تماشہ بنانا)
**تریڑ:** (ت...رپ... یڑ)
ٹوٹا ہوا جوتا (پرانا)
(مھاڑا تریڑ ڈرناں) مح
(مہاڑا گسنا ای تریڑ) گل
(سوتریڑ مارناں) مح
(تریڑلغڑیں) مح۔ بےعزتی ہونا:
(تریڑے اپرلکھڑاں) مح۔ پلے نہ
باندھنا:
(تریڑے ہٹھ رکھڑاں) مح، غلام بنانا
( تریڑ اُتنیاں گنڈاں) اخ
(گرائیں نی مہری تریڑاں نے ٹھیر)
(اخ)
**تریڑاں:** (اُلانگھنا)
ٹپنا، کودنا، پھلانگنا:
(گی جیہی ٹو ترپ نا نہہ سکے کو)
(بھرجات)
(ترپی ترپی ٹو باہنڑاں) مح۔ غصے
سے پیچ وخم کھانا:
(بُوٹی تریڑاں) مح۔ فضول غُصہ کھانا:
(اج کو بُوٹی تے نئیں ترپی آیا؟)
(کنداں تریڑاں) مح۔ چوری کرنا

بُری نیت سے آنا:
} کیہڑا خوف سا اندرے ناں میں
کنداں کچ وی لا "
"چور بڑا منہ زور سا طاہر کنداں پہن
ترپیا"
**ترپا:** ٹانکنا، کپڑوں کی دستی سلا۔
ٹانکا:
**ترپھڑ:** (ت...رپھ...پھڑ)
جسم پر نکلے خارش کرنے والے چھالے
**تَرپُلیاں:** چوکڑیاں۔
**تُرت:** جلدی جلدی:
(ترت کرناں) جلدی کرنا، فٹافٹ،
جھٹ پٹ:
سجیئے کولوں شُوم چنگا جیہڑا تُرت دے
جواب (اخ)
**تَرتالی:** (گن) چالیس اور تین (تینتالیس)
**ترٹا:** (ت..رُٹ...ٹا)
ٹوٹا ہوا ( ہوا)
**ترّٹھاوا:** (ت...رَٹھ...ٹھا) وا
خوف زدہ، ہراساں (سہا ہوا)
**ترّٹی:** (تَ...رَٹ...ٹی)
(ترٹی گالناں۔ ترٹی چوڑ کرنا) مح
کئے دھرے پر پانی پھیرنا:
**تُرٹّی:** (امر) ٹوٹی
(ترٹناں) ٹوٹنا (دو ٹکڑے ہونا)
(ترٹ پیپڑی) بدبخت:
**تردّد:** تکلّف۔ اخلاق:
(اتنا تردد کرنے نی کہہ لوڑسی؟)
**تردّا:** (ت...رد...دا)
(سرحدہ) موضع کی حد بندی کے نشان۔

**ترڈّا:** (پھوہڑی ترڈّا) سوگ کی جگہ:
(ترڈے کڈھناں) مح۔بے بس
ہونا،
مایوس ہونا: مجبور ہونا:
(آخری نے ترڈّے میلناں) آخری عمر
کالالچ:
**تِرڈّا:** ٹڈا (ترِڈّا جھیا تھیائیں تے)
**تِرڈّی:** کپڑے کاٹنے والی ٹڈی:
(ترڈیاں کی وی مے لغی گئے) اخ
(ترڈیاں) جمع
**ترج:** ترے کونی (تکون)
**ترجل:** تلیر:
کالا سفید پرندہ، سردیوں میں آنے والا:
چڑیا سے کچھ بڑا مویشیوں اور ریوڑوں
میں چگنے اور پھرنے والا پرندہ:
(ترجل پھسانڑاں) دام اور پھاہی میں
لگا کر پکڑنا:
**ترّڑی:** (ت...رڑی)
رضا یا تلا کی رُو کو سوٹی یا چھڑی
سے برابر کرنے کا عمل:
(ترڑی لانڑاں) مح۔اندھی مار مارنا:
بدلے چنگی ترڑی لا ) بارش کی بوچھاڑ
**ترس:** ڈر۔خوف:
(ترس کھانڑاں) ڈرنا، خوف کھانا۔رحم
کرنا:
**ترسانڑاں:** لالچ دینا (خوشامد کروانا)
(ترسا ترسا مارنا) مح
**ترسڑاں:** للچانا، دل کرنا:
چھِک، تانگھ رکھنا (سہکناں، سہکنڑاں)
**ترک:** (تَ...رَک)
گندی اشیاء (کوڑا کرکٹ) باسی اور گلی
ہو :
" کل بنڑیں بنڑیں کے بھنڑیں ساں
اج اندراں وچ ترکڑیں آں"
(عارف ادیب)
**ترِکّی:** (ت...رِک...کی)
تاش کا پتا (ترِکی)
**ترکّا:** اُبسا ہوا، گلا سڑا، گندہ (بُو لا)، باسی:
**ترکڑاں:** (ترکناں)
اُلساں (باسی ہونا)
گلنی ل سڑناں، بدبُو چھوڑنا:
(ترکاوا) گندہ غلیظ آدمی:
**ترکڑ:** بڑا ترازو (منڈی اچ لغا ترکڑ)
**ترکڑی:** چھوٹا ترازو:
**ترِکھا:** (ت....رِکھ...کھا)
تیز (جلد باز)
(ترِکھی) مونث:
**ترِکّل:** (ت...رِک...کل)
تیسرا آدمی، فالتو، غیر:
ثالث، مُنصف:
**تَرکّلا:** (ت....رَک....کلا)
(ترکلا) چرخے کی سیخ:
سلا جس پر سوتر کی اَٹی چڑھی ہوتی
ہے:
(ترکلا) پتلا، کمزور:
(ترکلا ڈِنگا ہوناں) مح۔نخرہ چڑھنا۔
محسوس کرنا:
(تَرکلا ڈِنگا ہونڑاں) مح۔مزاج بگڑنا:
" دردوں ترکلا لُوں لُوں سَلّے
تندغماں نی ودھنی ونجے"

(باقی صدیقی)

**ترکنوں:** دریک (نیم) کے بیج:

**ترکولا:** تنکا:

**ترلے:** (جمع)

ترلہ (واحد) منت سماجت:

(منتاں ترلے کرنا)

(ترلے باہنڑاں) مح

**تَرّم ترم:** (ت...رَم)

ٹپ ٹپ (ترم ترم اتھرو ٹھنڑ یں)

ایک دم قطروں کی صورت آنسو ں کا

گرنا:

**تِرّم:** (ت...رِم)

درخت کی ڈالی۔شاخ (ترّماں کپڑیاں

شاخیں کاٹنا (ترمّاں) جمع

**ترمبُوڑی:** (بَریں) بھڑ۔

**تَرمکا:** (ت...رَم...ک..ا)

چھڑکا :

(ترمکنڑاں) فعل

**تِرمل:** لالٹین میں ڈالنے والی سُوت کی بات

(بتی)

**ترناں:** تیرنا، پانی پر تیرنا:

(تنخواہ ترناں) تنخواہ ملنا:

(جنھے آلے تری گئے نی) مح۔واہ واہ۔

شاباش ای:

(تَرناں) ڈوب کراوپر آنا، لاش تری

آ :

(آپڑیاں بانہہ اپر تَرناں) مح۔

ہمت اور بل بوتے سے کام لینا:

**تَرناکی:** چالاکی ہوشیاری:

(ترناک) چالاک ہوشیار:

**تُرُنج:** (ت...رُن....ج)

جھپٹا (ترنج کڈھناں) انتڑیاں نکالنا

اندر کا مال کھینچ لینا:

**ترُنجل:** موٹی موٹی گول اور لال آنکھوں والا اُلو

جیسا بڑا پرندہ:

رات کے وقت شکار کرنے والا ایک

پرندہ: سیانا،عقل منداور بے ٹھکانہ:

(ترنجلی ار پینڑاں) مح۔ جھپٹ کے

ساتھ:

**ترنگا:** تین رنگوں والا:

(ترنگا) ایڑی سے اوپر والا پٹھہ:

**تَرنگّاہ:** مُردہ جانور (مُردار)

**ترُنگڑاں:** (ترنگنا)

نوچنا۔توڑنا:

**ترُونڑاں:** (ترونا)

حمل ضائع ہونا، گا بھینس کا پھل

گرانا:

**تَرنوٹ:** نازنخرہ۔ڈاٹھ، بانک پن:

(جنڑے نی خالی ترنوٹ تخ) گل

**تروپ:** تین شاخے سے کھلیان کی گندم کو

سے اوپر اٹھانا:

اتھل پتھل کرنا: گندم کی گہا میں وقفے

وقفے سے اُلٹ پلٹ کرنے کا عمل

(ترینگلے نال تروپ دینڑاں)

**تروپا:** ٹانکا (سلا )

**ترھوپ:** سرا (معمولی سا کھا کر گزارہ کرنا)

(پیٹے کی ترھوپ دینڑاں)

**تَروٹ:** کمی، گھاٹا، نایابی:

پانی کی کمی (جہاں کنو ں سے پانی کم

ہوجا : (تروٹ آگئی)

بارشوں کے پانی سے جہاں زمین بیٹھ
جا  :نالی پڑجا  ۔کھڈ کی صورت:
(تروٹ پھرناں) مٹی ڈال کر برابر
کرنا:
**تروٹک:** نایابی، کم یابی، نہ ملنے کی وجہ:
نشے سے ٹوٹا ہوا
کمی، کسر، گھاٹا:
کسی چیز کی تنگی (تھوڑ)
**تروڑناں:** ایک دوسرے سے الگ کرنا، جدا
کرنا:
برتن تروڑنا۔ پتھر تروڑنا۔ پھل تروڑنا:
(سنگ تروڑناں) ساتھ چھوڑنا، بیوفا
کرنا:
**ترُوڑ:** جوش کی حالت (زور)
**ترَوڑ:** سیدھا پیٹھ کے بل جا گرنا، غش کھانا:
(تروڑ کچھی پینڑاں)
(تروڑ ٹھنڑاں)
(بال تروڑ) بیماری:
**تروڑا:** چھوٹی بوری (سیمنٹ ناتروڑا)
**تروڑاں:** (ترونا)
(کم ماہ کا بچہ دینا) بچہ پھینک دینا:
(سُوسُوھک ترُو) اخ:
**ترُوڑاں:** لڑا  کے لئے دوڑ دوڑ کر جانا:
(تروڑاں دینڑیاں) زور لگانا:
**ترُوکل:** کمزور (لِسا، تروکل مال) ڈِھڈل:
**ترِولا:** تری والا، روغنی (ترمال)
**ترولانڑاں:** (تر...و...لا..ڑاں)
(سورج ڈوبنے کا ایک منظر)
شعاعوں کا بکھر کر لال ہونا:
تیل یا گھی کا اوپر اوپر تیرنا:

**ترَونجا:** (گن) پچاس + تین = (ترپن) ۵۳:
**ترھانڑاں:** (دھرانا)
میں تہاڑی کہہ ترھانڑاں آں؟
(کسی قابل سمجھنا)
**ترھوہ:** گھسائی:
کشش۔ کھینچ:
**ترھوہ:** مصیبت، پریشانی (ترھوہ پینڑیں) مح
**ترَھوہ:** لوہے کے کُنڈے جن سے کنویں
میں گری ہو  چیز نکالی جا
(ترھوہ مارناں)
**تروہنڑاں:** (دھروناں)
گھسیٹناں:
(کلیجہ تروہنڑ ہونڑاں) دل کا بیٹھنا:
پیٹ میں بھوک جیسی حالت محسوس کرنا:
**ترہونسلا:** (ترحونصلا)
بے حوصلہ، بے صبرا:
**ترہس:** خوف۔ ڈر:
(ترہس نکلناں) خوف سے دل بیٹھنا:
**ترہتر:** ستر + تین = (تہتر) ۷۳:
**ترہڑ:** (ت....رَہڑ)
ہلکی بارش جس سے کھیت کی صرف اوپر
کی زمین گیلی ہو، اور پھر خشک ہو کر اوپر
سے سخت ہو جا  :
**ترہنڑاں:** (ت....رَہ....ڑاں)
(بِدکنا) ڈرنا (سہم جانا)
(اغلیاں کھُبنڑ پچھلیاں ترہنڑ) اخ
**تری:** تیَری (اُبھری)
(بن تری وی) بھری، لبالب:
(ٹپ تری گیا)
(تری گیا) مح۔ غائب ہو گیا:

(تری) تنخواہ تری کہہ کو نئیں؟)
(تری) روغن:
(لکڑی نال لوہاوی تری گسناں) اخ
**تِری:** (تِ...ری)
تیسری:
(تِری جا ) تیسری جگہ (غیر لوگ)
(تِری واری) تیسری بار:
**تُری:** جو (تُری) لہسن کی تُری (گلی)
(گلی / تھوے نی گلی)
(تُری) تہری:
(تُری) (تُہری گسناں) فعل
لے دے کرنا، دُھرناں، کسی ناطے
یا دعوے سے دبانا نا، لعن طعن کرنا:
**ترے:** (گن) تین:
**تریز:** تکون، تکونا کپڑا، کونے دار:
قمیض یا کُرتے کی بغلی، تکونی سلا
(تریزاں آلا کُڑتہ)
**تریانوے:** ترانوے:
(گن) نوے + تین = ۹۳
**تریاسی:** اسی + تین = (تراسی) ۸۳:
**تر :** تار ، ڈیٹ، مہینے کی گنتی:
(تار )، گزرے وقت کا بیان:
تار گواہ ہے:
مقدمے کی تار :
**تریڈھ:** پٹھ تریڈھ (اُلٹا سیدھا) بگاڑ:
(تریڈھا) یک طرفہ۔ پہلو:
اچھے بُرے کرتوت:
مَن مرضی کے سودے:
**تریڑ:** (فریکشن) ہلکی لکیر (پھوٹ)
لکڑ، برتن یا دیوار کا چیر:
پاڑ، درز، پھٹی ہو[illegible] جگہ:
(دلے اچ تریڑ[illegible]ریاں) مح۔ دل ٹوٹنا:
(تریڑاں) جمع[illegible]
(تریڑاں) کتاب[illegible] (وحید قاسم)
(سانجھاں وچ [illegible]ڑاں۔ کتاب (قمر عبداللہ)
**تریڑا[illegible]** پانی کی دھار۔
جڑی بوٹی، ملی جلی [illegible]اس، بچھڑوں یا
جانوروں کیلئے جم[illegible] کیا ہوا سبز چارہ
( )
**تریغڑ:** اردگرد کے گا[illegible] چہار اطراف:
(سارا تریغڑ اچھ[illegible]ریں ماریا)
**تریوڑ[illegible]** دودھ کی دھار ملا[illegible]ہی۔ دہی اور دودھ
کا ملک شیک:
**تریل[illegible]** شبنم، اوس، پا[illegible]ی کے قطرے:
**تریلی[illegible]** ڈر یا خوف سے [illegible]تھے پر آیا ہوا پسینہ:
**تریمت:** عورت (تریمتا[illegible]) جمع
**تریہ[illegible]** پیاس:
"جتنی تریہہ کسے آں ہووے
اُتنا پانڑی چنگا لگے
کھوہ پیا وگے"
([illegible]اقی صدیقی)
**تریہہ:** (گن) تیس، ۳۰:
**تر[illegible]ایا:** پیاسا، خون کا پیاسا:
(خونے ناتر[illegible]ایا) ویری دُشمن:
**تریہر:** تیسری دفعہ، تیسری بار:
کسی کام کو تین بار کرنا، دُہرانا:
(ترہیر لانڑاں)
**ترَیہکل:** جانگلی، نامانوس (خوف زدہ)
**ترَیہنڑاں:** بدکنا۔

**تر :** تین کا ندسہ (تیسر د

(تر لیا چُھ گا) اخ

غیر، اجنبی:

تیسرا، تیسرا آدمی:

رسم قل، میت کو مرے تیسرا دن:

**تر یا:** پیاسا:

(تر ) پیاسی (وش)

(سمندرے نی ماء تر ) اخ

(پُوہ نئیں چُھلی باول تر ) اخ

راتیں ساری دل بھریا

فزریں اکھ فِرتر

**تریئی:** (تئیس) تیں + تین = ۲۳:

**ترے ماہیا:** سہ ماہی:

.................................................

## ت۔ڑ

.................................................

**تڑ:** تنا، اکڑ (تڑتڑ) پٹاخے کی طرح:

**تَڑ:** سختی آکڑ، مضبوطی، آن:

**تَڑتَڑ:** گولیاں چلنے کی آواز:

بھٹی میں دانے بھُننے کی آوازیں:

بکواس کرنا، بدلحاظی، زبان درازی:

(تڑتڑ بولنا)

**تِڑتِڑی:** پٹاخہ، چنگاری:

**تڑاکا:** چلچلاتی دھوپ:

بدن کو چھبنے والی دھوپ:

(ڈاہڈی تڑاکے نی تُھپ سی)

**تڑاماں:** طنابیں:

(تڑاماں چھکڑاں) مح

**تڑتوپ:** بڑی توپ (گن)

(تڑتوپے اگے چاڑھناں) مح

سکون کا سانس نہ لینے دینا:

**تَڑ چھے پڑ چھے:** ٹوٹے ٹوٹے (حصے بخرے)

(تڑ چھے پڑ چھے کرنا) شیرازہ بکھیرنا:

**تڑفاٹ:** (تڑفراٹ) بدحواسی کا عالم:

بے چینی، گھبراہٹ:

**تڑفڑاں:** (تڑپنا)

پھڑکنا، ہاتھ پیر مارنا، درد یا تکلیف سے

بے آرام ہونا:

دکھ یا غم کی وجہ سے بے سکون ہونا:

**تڑفلاٹ:** کھلبلی (تڑفلاٹ مچڑاں) مح

**تڑکا:** ر:

(تڑکا لاڑاں) رلگانا:

بادی مارنا:

صبح کا وقت، سویرا:

**تڑک:** (ت...ڑَک)

کسی چیز کے ٹوٹنے کی آواز:

(بے قدراں نال لا یاری ٹُٹ گئی

تڑک کرکے) (گ)

**تِڑکڑاں:** (تنکناں)

چنگاری چھوڑنا۔

بگڑنا، جھلّانا۔غُصے ہونا۔

**تڑکے:** منہ اندھیرے، صُبح صبح، پوہ پھٹتے ہی:

**تِڑنگ:** (ت....ڑِں....گ)

اکڑ یا تنا کی حالت:

تِڑنگ ہونڑاں: مح

غصّہ کھانا، لال پیلا ہونا، آکڑ دکھانا:

ایک پہلو ہو کر کھڑا ہونا:

(پٹھے تِڑنگ ہو وے)

(میں گل کیتی مھاڑے در تڑنگ ہو گیا

**تڑو، مڑ:** بھرا اور پھولا ہوا پیٹ:

ترڑترڑی: پٹاخہ۔غصیلہ
ترڑی: دھمکی رُعب، دھونس:
(ترڑھی باہنڑاں) مح۔رُعب ڈالنا:
(ترڑیاں) جمع
ترڑہکا: دھڑکا (تَ....ڑہک...کا)
(دل کی تیز رفتار) تیز دھڑکن:

## ت۔ز

ترزیر: تعزیر (قانون)

## ت۔س

تسّا: پُکھا تسا۔پیاسا:
تُسّاں: آپ، آپ لوگ (احتراماً) تم (تُساں)
(تُساں کی چاہ نئیں اساں کی پرواہ نئیں)
(اخ)
"تُساں نی جو پرواہ نئیں کرنے اُووے
موجاں کرنے" (سلطان ظہور)
□: (تَس...لا)
تانبے یا پیتل کا طشت۔
دیگچے کا بڑا ڈھکن:
تسلی: (تَس...لی)
(تَسلی) چھوٹا ڈھکن:
(تسلی اپر چا دے چاء ٹھنڈی ہو
گیسی)
تسمہ: بوٹ کی ڈوری:
تسوں: ذرا بھر:
(تسوتسو) ذرا ذرا، ایک ایک۔تنکا تنکا:
(تسوتسو بنڈڑاں) مح

تسّی: (تسی) پیاسی:
تشرف: (تَ۔شَرف)
خوبی۔گُن۔وصف۔

## ت۔غ

تغاری: تنگاری:
لوہے کی کڑاہی (دابڑا)
گارا ڈالنے کے لئے استعمال کرنا:
تغڑا: زور والا، ہمت والا صحت
مند (نیا)

## ت۔ک

تک: (تاک) (تک رکھڑاں)
انگور کی بیل، ٹکٹکی۔گھات، نشست۔
دیکھ، دھیان کر
اگے پچھے تکی کے ٹُر (تک یرا)
اج تک، کلے تک
اج تک تے کُج نئیں ہویا کلے ناں پتہ
نئیں (گل)
(تک) کلمہ تنبیہہ (خبردار)
تک! تکی اج میں چھوڑ دِتا
نظر (تاڑ) دھیان، نظر میں رکھی ہو
چیز:
(تک رکھڑاں) مح
(دوو نی چیزے اپر تک رکھڑاں) مح
آس اُمید، اڈیک۔خیال، اندازہ:
(میں کدوں نی تک رکھی وی)
(تک سُنڑ) دیکھ بھال

**تک:** اندازہ۔قیافہ (تک بندی)
(تکے نال کم نہیں چلناں)
(تک تک) چکی کی آواز :
**تُکا:** ایک خاص قسم کا گھنڈی دار تیر۔
بغیر دانوں کے مکئی کا بھُٹہ:
(چلی گیا تے تیر نا نہہ چلیا تے تکا)
(اخ)
(تکاں مارنا) بے تکی بات کرنا:
فضول بات، جھوٹا اندازہ، پھوکیاں
گلاں) قافیہ
تک ملانا، اندازے کے ساتھ:
**تِکا:** تکہ بوٹی:
گوشت کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے:
(تِکا تِکا کرناں) مح
**تکڑاں:** (تخڑاں) تکناں
دیکھنا، گواہ رہنا (تو تخڑاں پیاں ایں)
پسند کرنا (تو تکی وی، بس ٹھیک اے)
**تکلا:** گدی (رو سے بھری چیز)
**تِکلا:** (لچھا) انگوٹھے اور چھینگلی پر چڑھی ہو
ڈور۔
: تمغہ، ایوارڈ، بِلا، میڈل:
بٹن، زیور، گہنا:
لائقی، قابلیت:
(تو بڑا تکھے چا کدے؟)
**تکو:** (تخو) تکو! مرا اُس در (حیرت کی بات)
خلافِ توقع:
**تکوتکی:** دیکھا د :
**تکوتکی:** دیکھتے دیکھتے، ایک دوسرے کو دیکھ کر:
ہاتھ پر ہاتھ مار کر چیز لے جانا:
فراڈ کرنا، دھوکہ دینا:

**تکی** د (مھاڑے آلی گاں تکی اے؟)
**تکی تکی:** (تخی تخی) دیکھ دیکھ کر:
**تکی:** (تکی کہہ ؟)
**تکے:** (تخے یا تکھے) د :
(پہلوں بندہ آپڑیں در تکے)
(تکے وے تہاڑے پچھلے ساہن)
**تکیا سُنڑیا:** دیکھا بھالا:

---

## ت۔کھ۔گ

---

**تکھ:** دیکھ۔
**تکھّر:** (تاکھ کی قسم والا) گِدھ نما
(درندہ صفت) بڑی جسامت والا
**تکھڑاں:** (تکھناں)
دیکھنا، دیدار کرنا (پسند کرنا)
منہ لحاظی کرنا (منہ رکھنا)
بندہ کُسے در تے تکھڑاں
(کُتیا تہاڑا مونہہ نہیں تہاڑے خصماں
ناں) اخ
**تکھڑیں:** دیکھنے:
تکھڑیں تے سُنڑنے اچ بڑا فرق آ:
**تکھڑیاں:** دیکھنے میں:
(تکھڑیاں پُھکھ چکڑیں) مح
: دیکھو۔
**تکھی:** د ۔
**تکھے:** (د )
پہلوں بندی آپڑاں کھار تکھے، فدب
دُووے کی آخے:
**تکھیا اے:** (کُج تکھیا اے؟) کچھ دیکھا ہے؟
**تِگ:** سینے کی ہڈی کا ابھار۔

(تگ نکلنی) سینے کی ہڈی کا باہر آنا۔

## ت۔ل

**تُل:** سرا،سہارا:
(لکڑی کی ٹیک) تھم:

**تِل:** چہرے یا ٹھوڑی پر باریک کالا
خوبصورت نشان:
(تیرے مکھڑے تے کالا کالا تِل وے
ایک فصل:
(انہاں تِلاں اچ تیل نہیں) اخ

**تِل پُھل:** گزارے لا ۔دستیاب چیزیں:
حثیت کے مطابق،جو بن پڑے،
تھوڑا بہت:
(تِل) مٹھا کے اوپر لگانے والے
باریک دانے دار بیج:

**تِل میتھرے:** تیل دار اجناس:
(تِل میتھرے بنڈناں) مح
حصے بخرے کرنا:

**تّلا:** جوتی کا حصّہ:

**تلا:** تلی کی طرح (بڑی تلی)
(سخت اور بے کار زمین)

**تلا:** جوڑی ہو رقم،خزانہ (سکہ)
(تلا جمانڑاں) مح
(اُس صحیح پنڑاں تلا جمایاوا)

**تَلا:** طلاء،سونے کی تاروں کا سنہری دھاگہ

**تلا:** تالاب (پھونہہ پھونہہ تلا) اخ

**تُلا:** ایک نام۔تُلا کمہار:

**تِلا:** گدّا،گدیلا،رو اور فوم کا موٹا گدا:

**تلخی:** کلیجے کا ساڑ (تشنگی)

(تلخی لغڑاں) دل کا جلنا:

**تلک:** نشان۔داغ۔ٹکہ:

**تِلکنڑ:** (تِلکن)
پھسلن:
"تلک تلک دیاں پوہڑیاں تِلکندا اندر
وڑیا...تلکند ھے میری بانہہ مروڑی سونا
رُپا چڑھیا" (بھرجات) مکھن:
پھسلن،پھسلنے والی جگہ،پانی والی جگہ
کیچڑ والی جگہ روغنی اور تیل والی جگہ
(گولی جاءاتھندی جاء)
(تِلکنڑاں) کنارہ کرنا،غائب ہونا:

**تلڑاں:** ( ں)
گھی میں پکانا،چپس بنانا،روسٹ کرنا:

**تلن:** (تَل...ن)
گارے سے لیپ۔

**تلنہڑ:** (تلن)
گہا میں والے دانے:
(گھنڈیاں گاہنڑاں)

**تُلناں:** وزن کرانا۔
تیار ہونا (لڑا کے لئے تیار ہونا)

**تلوبسل:** (تَل..لَو..بِ...سِل)
(تلا ملی)
انتہا پریشانی کی حالت (فکر) بے
قراری بے چینی،اضطرابی حالت:
(تلوبسل لغی وی)

**تلواں:** نچلا (ہٹھواں) والا:

**تلوّاں:** (ت...لُو....واں)
خستہ پٹی،مٹھا (سکھو شہر کا تلوّاں)

**تلی:** ہتھیلی۔(تلوا)
(ہاتھ اور پا ں کا اندرونی حصہ)

(تلی کھناں) تلی پر کو چیز رکھ کر کھانا:
(تلی اپر سریاں جمانڑاں) اخ
معجزہ دکھانا، ثابت کرنا:
(تلی اڈناں) مانگنا۔سوال کرنا:
(تلی اڈہ) بھوکا۔منگتا۔بھکاری (بے
شرم:
(تلی ٹیک) عیبی:
(تلیاں) جمع
(تلیاں ملناں) مح۔افسوس کرنا۔آہ
وزاری کرنا۔پچھتانا:
بےتلیاں ملسی آ :

**تُلی:** وزن کی گئی:

**تلیارہ:** جانور کے منہ پر چڑھانے والی چمڑے
کا شکنجہ (مورکھ)

**تلیکھڑاں:** ہلکا سا چوپڑنا:

## ت۔م

**تماچا:** چانٹا،تھپڑ (چپیڑ) ل:
چمڑے کا ٹکلا (ٹکلا) چوڑی چیز (چھتر)
سانگیوں کا تماشا کرتے ہو ہاتھ میں
رکھنا:

**تُمب:** (دُھم)
دھوم۔شہرت۔نام:
(دُھم پیئڑی) شہرت ہونا:
(چڑ ے جہیاں رہیا آ پڑیں چنگی تمبہا
رکھی س)

**تَمبا:** (بڑی تمبی) شلوار

**تُمبا:** کوڑی بوٹی:

**تمبڑاں:** (تُمبناں)
( ں تُمبڑاں)
باریک کرنا، مارنا پیٹنا (پیو چنگا تُمبیا س
رو کی کرنا (بھُس نکالنا)
(ساڑا کم ں تُمبڑاں) گ
"دل دردی درداں نال تُمبیا رت کالی کی
دھووے" (سلطان ظہور)

**تمبُو:** خیمہ:
کپڑے کا گھر، جُھگی، خیمہ، ٹینٹ:
شامیانہ:

**تمبی:** شلوار:
(تمبی لہڑاں) مح۔بےعزتی ہونا:
شلوار (سُتھن)
(تمبی لوھاڑاں) بےعزتی کروانا:
(تمبی چُھنگ) واہبی لوگ (تبلیغی)
تنگ پائنچوں والا پاجامہ:
(جیہڑے تمبی سوانڑے، اوہ ناڑے نی
چار کھڑیں) اخ

**تُمنڑ:** (تُمن)
ایرانی سکہ۔ڈھیر، زیادتی:
(تُمنڑ چڑھناں) مح
(تُمنڑ مارے وے) مح

**تُمڑاں:** (پھانٹنا) رو کو چھڑی سے ریزے کرنا
مار کٹا کرنا:

**تموچہ:** مشال (مشعل)
تنکوں کو اکٹھا کر کے لگا گئی آگ:
: ایک گا ں:

## ت۔ن

**تن:** جسم، بُت، وجود۔

(تنے اپرلانڑاں) تن ڈھانپنا۔
(تن بیڑی نانہ لغڑاں) اخ
**تِن:** تین (۳) ایک، دو، تین:
**تُن:** کھا (امر)
**ٹُنناں:** (اُڑسنا)
(دبا کر کھانا: توں پہل تُنی کھن) گل
**تُن پُر بونجا:** (بے حسابہ کم) بغیر کسی حساب
کتاب کے: (اندھا کھاتہ)
**تنانڑاں:** اندر کرانا (حوالے پولیس کرنا)
(میں اندر تناساں ای میکی جانڑنائیں)
(تناڑاں) دبا کر کھلانا (رج کرانا)
**تنبا:** (شلوار) بڑی شلوار
(تنبا عیدی اپرنا نہہ لایا تے فر کہہ فائدہ (اخ)
**تنبی:** (شلوار)
(تنبی لاہنڑاں) ذلیل کرنا۔
**تنگی تُرشی:** اچھا اور بُرا وقت:
**تنڑاں:** (تن...ڑ....ناں) (تنناں)
تاناں (کھڈی تیار کرنا)
(کھڈی تنڑناں) (ناڑہ تنڑناں)
پھیلانا۔اوپر کرنا جسم ڈھانپنا:
**تنڑناں:** (تاننا)
خیمے یا آسمان کی طرح تنی ہو چیز:
(ناڑہ تنڑناں) کیلوں پر ازار بند کیلئے
دھاگہ پرونا (کھڈی کی طرح)
**تُنڑاں:** (تُن..ڑاں) (ٹُنناں)
(ٹھونسنا) دبا کر کھانا (فُل ہونا)
اندر کرنا، دبا کر ڈالنا:
(تُنڑاں) بھرنا، منہ تک کرنا:
**تنڑکا:** (ٹُنکا)

ڈھول کی ایک تال:
(تُنڑکا لگانا)
ہلکا جھٹکا، ذرا ذرا پتنگ اوپر کرنا:
**تند:** باریک اور کچا دھاگا:
(تند دھاگے نی) کچی ڈوری:
(تند کہہ پوری تانڑیں بغڑی وی) اخ
(بے چارے نی کہے تندائے) مح۔
ایک ہی بچہ:
(مہاڑے نال کو سدھی جئی تند باہ)
سٹیٹ بات: (تنداں) جمع
میری چُنی دیاں ریشمی تنداں۔۔۔
"دردتر کلالوں لوں سلے
تندغماں نی ودھنی وَنجے"
(باقی صدیقی)
**تندڑا:** باریک ریشہ:
(تندڑے) جمع
(ناخن کے اطراف)
**تندور:** تنور (بھاڑ) تنور، روٹیاں پکانے والا مٹی
کا گول گہرا برتن:
**تندُولا:** ساگ بوٹی:
**تَندی:** پٹھہ:
(تندی بجی تے راگ سُنڑیا) اخ
**تندیاں:** (جمع)
(تندیاں بواڑاں) مح۔کس کر قابو کرنا:
(اچھن دے نانہہ تندیاں بوایاں تے) (گل)
**تنکھ:** جو ں کا بچہ
(تنکھاں) جمع
**تنگا:** تنگ سا سوراخ (گولیاں کھیلنے کی جگہ)
پل گولی کا اڈہ، گولیاں پلانے کا سوراخ:

"سارے پاسے مورے ای مورے
کس کی گتھی تنگا خاں"
(عارف ادیب)

**تُنگڑاں:** (تُنگناں)
فخر کرنا۔ گھمنڈ کرنا:

**تنگی:** پریشانی، فکر، غریبی (خرچے سوں تنگ)
تکی کہہ تنگی اے؟:

**تنہتر:** (دانا) چالاک، فریبی، فنکار۔

**تنہتری:** (دانا) چلاک، فریبی۔

**تنڑی:** (تنی)
رسی، ڈور، طناب، چھک:
(ذرے تنڑی چھک س)

**تُنتُنی:** توتنی، تُوتڑیں:
توتڑیں، باجا، بانسری نما:

**تنھتری:** چالاکی۔
ہمدرد، خیر خواہ (سمجھ دار)

---

## ت۔و

---

**توَا:** روٹیاں پکانے والی لوہے کی موٹی پلیٹ:
گراموفون ریکاڈر:
(تتے توے ار چمٹناں) مح
(تتے توے اپر لیو دینڑاں) ارخ

**توا کھ:** مٹی کی صحنک (مٹی کا گول تھال) پرات

**توانلھ:** دھوئیں کی کالکھ:

**تولعنت:** مذمت:

**تُوت:** ایک درخت (شہتوت)

**توتڑو:** تُوتُو، دُھوتو، وِسل، لگو:

**توتڑی:** بے اختیاری زبان: ساز

**توریا:** سرسوں کی قسم کی فصل، تیل دار فصل:

**توڑ:** جواب (اس ناں کو توڑ نئیں)
حل۔ علاج:
رد، خاتمہ، کاٹ، ضِد:
(توڑ) آخر، سِرا:
(توڑ تک) آخر تک (آخر دم تک)
(توڑ چاڑھناں) نبھاہ کرنا۔ کام پورا
کرنا:
یاری توڑ چاڑھناں:
منزلِ مقصود تک پہنچانا:
توڑے نا جے تنگی ایں تے دسناں کیوں
اے (صدیقی)

**توڑوتوڑ:** آخر تک، اول سے آخر تک:
منہ تک بھرا ہونا (نکونک)

**توڑوں:** ازلوں:
شروع سے، جہاں سے چیز چلی ہو:
(توڑوں اِسے طرح آ)
اوپر سے، رب کی مرضی:
(توڑوں اِسے طرح لکھی وی کہہ کریئے)

**تُوڑی:** بھوسہ، گندم کا پھوک، باریک چُورا:
(پھنڈی وی کنک) پُوہ، بھوہ:

**توَڑی:** تک (پنڈی توڑی)
(اُس توڑی)
(مندرے سوں کھنی گوجر خانے توڑی

**توشہ:** میت کا سامان:

**توشہ تڑکا:** بچا کھچا سامان (ورثہ)

**توگ:** مان، فخر، بھروسہ۔

**توَل:** وزن کے پتھر، باٹ:
چیں کرو یامیں خوچہ تول میں آیا ہے:

**توَلے:** سونے کے اوزان، تولے ماشے:
(کدے ماشے کدے توَلے) ارخ

بے اعتبار آدمی:

**تُومبا:** کھوکھلی چیز، کھوکھلا کدو:

(کڑوی پھکی)

(تار بنا تومبا وجدائیں) شعر

(سُکا کدو) خشک کدو:

فقیروں کا کشکول، پیالہ۔ باجا:

**تُوں:** تُو، احتراماً، تساں یا آپ:

تو (توں با میں پچھی) الخ

توں وی ہک سوداگر میں وی ہک بپاری

سودا کریے لڑ آں دو وار وواری

(باقی صدیقی)

(توں) کولوں ں

میں اس توں باز آیا

**تویتڑی:** سونے کا بنا چھوٹا تعویز

بچے نے گلے اچ تویتڑی باہنڑی:

---

## ت۔ہ

---

**تہ تہ:** مہمل بات، گڈ مڈ بات۔

تم چڑھو تم چڑھو گڈی چلی گئی۔

**تہار:** ترازو دا پلڑا:

(ہک تہار) ایک دفعہ کا تولا ہوا وزن:

**تہارو:** ایک نام:

(تہارو آلیاں چھوڑناں) مح

**تہاڑا:** تیرا، تمہارا:

**تہاڑا:** (تہاڑ الوٹی) دھاڑ، ظلم:

**تہاڑی:** تمہاری:

چار سیر اناج:

(تہاڑی) تانیث

(مھاڑی تہاڑی) میری تیری:

**تہاڑیاں:** تیری:

(مھاڑیاں) میری:

مھاڑیاں تہاڑیاں لمیاں سدھراں ایہہ

گلاں چھلیاں چھلیاں: ع

**تہاک:** طاق، مجرد، جوڑے کے بغیر

(جفت تے طاق)

**تھاک:** (دھاک)

تہہ در تہہ رکھی ہو چیزیں، سامان:

(تھا کاں چڑھیاں ویاں) مح

(تھاک) رُعب دبدبہ:

(تھاک بٹھانا) دھاک بٹھانا:

سکہ جمانا، رعب کے رکھنا:

**تہاکھ:** جُفت تھاکھ:

جمع (تھا کھاں)

تہہ بہ تہہ رکھی ہو چیز فائلوں کے

انبار تھا کھیں:

(نوٹاں نیاں گڈیاں یک کے

اوپر ایک، گڈیاں باند کر رکھنا:

(تھا کھاں لانڑیاں مح

**تھانڑاں:** (دھانا)

دھاوا بولنا، ہلہ بولنا ( بردستی کرنا)

**تھانڑاں:** (دھاناں)

آگے بڑھنا، زبردستی اخل ہونا:

ایکدم رَش کرنا:

(لوکاں تھا دِتی) بھ ڑ، ہجوم:

(ولیمہ کھانیڑیوں تھا دنیڑاں)

لالچ کرنا:

(تہا ) تیسرا (تر حصّہ) تہا

حصّہ، 1/3 حصّہ۔ تیسرا حصّہ:

**تھائیاں:** (دھائیاں)

رش کی صورت: زبردستی:

(تھائیاں دینڑاں) مح

**تھائیں:** (دھائیں)

دھان (چاول کی فصل)

**تُھپ:** (دُھپ)

(تُھپ تلاڑی) چلچلاتی دھوپ:

**تَھتی:** تسلی، حوصلہ، یقین (تھتی دنیڑاں)

(حوصلہ بنانہڑاں) تیار کرنا:

**تُھتھ:** بحث۔ تکرار:

**تھخ:** جلن، ساڑ (دبی ہو آگ)

**تُھدلا:** دُھندلا۔ کم روشن، منہ اندھیرا۔

**تھخاڑاں:** دھواں چھوڑنا (تھوف دینڑاں)

آگ سُلگانا:

نِکی نِکی تُھخڑیں اے کدے پھانبڑ بل
پیسی)ما

**تُھخڑاں:** (دُخّاں)
سُلگنا (دھواں چھورناں)

**تھڑ:** دھڑ (بُنھاں تھڑ) (اپرا تھڑ)
بُنھے تھڑے اچ جان ختم ہو گئی:

**تھڑتھا:** وارے سے باہر: اپنی جان سے زیادہ
کام (رش) بھیڑ (تھڑ تھا چھلناں)

**تھڑکا:** (تَہڑ....کا)
(دھڑکا) دل میں خوف کا احساس:

**تھڑکا:** (تَہڑ....کا)
دھچکا (تھڑکا سہڑاں) نقصان برداشت
کرنا:

**تھڑھکا:** (تَ...ڑھک..کا)
دل کی تیز دھڑکن:
فکر۔اندیشہ (بے چینی)

**تھڑویل: بھاری بھرجسم والا**

**تھنتر:** عیاری (ذہنی اختراع)

**تھنتری:** عیار (منصوبہ باز)

**تُھوڑ:** تھوڑ، دھوڑ:
گرد، باریک اُڑتی مٹی، دُھول:
(مُنہ تھوڑ و تھوڑ ہو وے)
(تھوڑ چھنڈناں) (دھوڑ باہنڑاں/
(تھوڑ کڈھناں) مح
(صحیح تھوڑ کڈھی س)
(تھوڑ پٹناں) مح۔ستیاناس کرنا۔بُرا
حال کرنا۔
(تھوڑ تھمانڑاں) مح۔نام روشن
کرنا۔
دور دراڈے کھرے سوں دور
میں ہک تکھیا تھوڑ و تھوڑ گراں (نظم)

**تھوڑا:** (دھوڑا)
کوکا میدہ، جس کے استعمال سے گلا
خراب ہوجاتا ہے:

**تھوڑ و تھوڑ:** (دھوڑ ودھوڑ)
گرد سے اٹی چیز:

**تھوکھا:** دھوکہ، فریب:
اُسے ای تھوکھا دِتا عارف
جس کی یار بنڑا تکیا
(عارف ادیب)

**تَو:** (توہی) ، تجھ کو:

**تہتر:** (گن) ستر + تین = ۷۳:

**تہریر:** تیسری دفعہ، تیسری بار، تین تہہ:
(تہریرلانڑاں)
(ترے واریاں کرناں)

**تھرانڑاں:** (دھرانا)
سمجھنا۔ پلے باندھنا:
(میں تہاڑی کہہ تہرانڑاں آں؟)

**تُھرنیاں:** (دُھرنیاں)
گالی گلوچ کرنا، بےعزتی کرنا:
مذمت کرنا، برا بھلا کہنا:

**تھروہ:** (دھروہ)
گھسیٹ، رگڑ:
(تہروہ پیڑیں) مح۔ مصیبت، آزار،
خواہ مخواہ کی تکلیف دُکھ اٹھانا:
(تُہروہ) لوہے کی پٹی جس کے ساتھ
لوہے کی کُنڈیاں لگی ہوں:
کنوئیں میں گرے ڈول کو لوہے کا کنڈا
ڈال کر نکالنا (بڑا کُنڈہ/تُہروہ)
: دھوتی، لنگوٹ، کھلے کپڑے کی شلوار:

(اَن سیتا کپڑا)
(تہہ بند) دھوتی، لنگوٹا:
(لکّے کی مِتے آلی چادر)
**تُہمت:** ن، الزام:
**تہوں:** دھواں: (تہوں کڈھناں) مح
(ناساں داروں تہوں دینڑاں) مح
تھوئیں کی میں شِیکاں آپوں (شکور)
**تہوں تہھوٹ:** (دھوں دھوٹ)
دھوئیں کا غبار (دھواں دھواں)
**تہونڑ:** (تہھونڑ)
موٹی گردن (گردن ناں پچھلا پاسا)
**تہونڑاں:** (دھونا)
جدوں گُرے اوہ بنی اپرہی کے چیلے
تھوڑیں (نظم)
**تہی:** اَجہی تہی، ایسی ویسی:
(جہی تہی) (دب کسّا)
(تہاڑی جہی تہی کیتی) دبانا ٹرکانا:

---

**ت ۔ ے**

---

**تَے:** تو ((تے) اچھا:
(تے فر کہہ کریئے؟)
(تے فر کہہ ہویا) تو پھر کیا ہوا:
(تو) کے طور پر بولا گیا:
نے (میں تے کجھ نئیں کیتا)
نے کے طور پر بولا جانا
(اور) یا (پھر)
**تے تے:** تے تے کرنا (فعل) باتیں بنا رکھنا:
(تم چلو، تم چلو گڈی ٹُری پئی)
**تِیتا:** (تہاڑی ما نا تیتا ماراں) گالھ

**تیتی:** پیشاب گاہ: اندامِ نہانی:
(تہاڑی ما نی تیتی ماری) گالھ
**تیتی:** (گن) تیں + تین = (تیتیس) ۳۳:
**تیر:** لوہے کی نوک والے تیز دھار سرے:
(تیر مارناں) مح
کارنامہ سرانجام دینا:
انوکھا کام کرنا: (توبڑے تیر مارناں پیا
ایں)
(تیر مارناں) تیر چلانا، تیر کمان سے
تیر نکالنا
(تیر لنگڑاں) مح۔ نہایت کمزور حالت:
(تیر کھبونڑاں) سخت بات کہنا، دل میں
لگنے والی بات:
**تیر مار:** شکاری، تیر انداز، کاریگر:
(توبڑا تیر مار رہی گیا ایں) طنز
(لڑا نیں سکھاندرو)
**تِیرا:** کندھوں کا ماپ:
ہوشیار، تیز ترین آدمی، ہر فن مولا،
چالاک:
(نِکا جہیا نا نہہ تکھ بڑا تیرا ای)
**تیراں:** دس + تین = (تیرہ) ۱۳:
(تیراں تالنی) تال پر ناچنے والی عورت
چالاک عورت (افسانہ) کہکشاں ملک
(چاتر) (بارہ تالنی، تے تیرہ تالنی)
(ھک سوں ھِک بدھ)
**تیراں تیزی:** مبارک دن:
**تیروں:** اس سال (امسال)
تیروں آ گُٹھ مُٹھیے سال
عمراں کی لکا سی کیہڑا؟
کوٹھی چو نا نہہ کوٹھا چویا

تیروں بدل فرنئیں ہویا (شیراز طاہر)

**تیڑ:** اوپر۔ایک دوسرے کے اوپر:
تہہ بہ تہہ رکھے برتن (قطار در قطار)
برتنوں کو ایک دوسرے پر رکھنا: اونچا
کرنا، جمع کرنا:
(کانسے اپر پھانڈیاں نی تیڑ لغی وی)

**تیز:** چالاک، ہوشیار: (بہوں تیز نا نہہ بنڑ)
دھار والا
(تیز کرناں) دھار کرنا:
(تیزی دسناں) ہوشیاری دکھانا:

**تیزی:** تیز ہونے کی خوبی، گُن، پُھرتی:
(میکی ایہڑی تیزی نا نہہ دس)

**تیسہ:** (بَسولہ)
تیشہ، لکڑی چھیلنے کا اوزار:

**تیسی:** (بَسولی)
(تیسی کرنڈی) مستری کے اوزار:
اینٹ وغیرہ تراشنے کیلئے استعمال کرنا:
(چھوٹے پھل والی دستی لگی)

**تَیسی:** (تُہاڑی اَیسی تَیسی) لعن طعن:

**تیش:** طیش، غصّہ، جوش:

**تیل:** روغن، تیل سرسوں، تیل تارامیرا، مکئی کا
تیل:
(تیل کڈھناں) دبا کر کام لینا:
(چنگا تیل کڈھیا س)
(انہاں تِلاں اچ تیل کو نیئں) اخ
(تیل نکلناں) زیادہ پسینہ آنا، گرمی
محسوس کرنا:
(اَگے تیل نکلنا پیا) محنت مشقت کرنا
بُرا حال ہونا:
(تیل دینڑاں) نقصان کرنا (چنگا تیل
دتا س)

**تَیلا:** تیل کے رنگ جیسا، چمکدار:
(تیلا) گا بیل یا گھوڑے کا رنگ
تیلا رنگ (تیلا گھوڑا تیلا داند)
(فصل کا ایک روگ)
سرسوں کے پودوں پر باریک کالے
رنگ کے مچھر نما کیڑے:

**تِیلا:** تنکا:
(تیلا تیلا) مح۔ الگ الگ، جدا کرنا:
(بدھی بہاری نا تیلا تیلا کرنا)
بکھیرنا، آپس میں تفرقہ ڈالنا:
ہلکی چیز، (ککھ / ککھوں ہولی) ناچیز
کم وزن، بے حثیت:
ککھ نئیں رہیا آپڑاں تے تیلا نئیں رہن
ڑدیزاں گُسے نا (اخ)
(تیلا تیلا گٹھی کری کے آہلنہ بنانڑاں) مح
محنت مشقت سے کام کرنا:

**تیلی:** کہولو چلانے والا: ذات تیلی:
(تیلیے نال بیاہ کری فِروی رُکھا کھاں)
(اخ)

**تِیلی:** کانی، نرسل، ماچس کی تیلی:
(تیلی لانڑاں) مح۔ آگ لگانا، فساد
کرانا: (میں تے ایویں تیلی لا سی)
اگے تک تماشا عارف
تِیلی تے میں لا چھوڑی
(عارف ادیب)

**تیندرے:** (چالے) ، بناوٹ، دکھاوا:

**تیندوا:** کچھوا، پانی کا جانور:

**تِیہ:** تھی:
دھی، بیٹی (تھیاں جمنڑ بغانیاں) اخ

(تھیاں نے لیکھ گُس پھرولے)اخ
(تھیاں اللہ نی رحمت)
(تھیاں/تھیانڑیاں)
تھیاں مال بغاناں:
(تھیاں تن پرایا وے بابلا)گ
(تھیاں مال ڈنگر)جس نے ہتھ رسی
چا دتی:

**تھیلا:** پیسہ تھیلا:بہت کم رقم:
(پلے نئیں تھیلا کرنی میلا میلا)اخ
پیسے تکے تھیلے تکے
مندے ویلے تکے
(عارف ادیب کیانی)

**تیہیں:** دھاوے کی شکل(تھانڑاں)
(تیئیں ہونڑاں)آکڑنا، تاننا:

**تیہیں:** تاں ایں(اسی لئے)
(تیہیں ہونڑاں)مح۔غُصہ ہونا)

.................................................

## تھ۔ا

.................................................

**تھار:** (دھار)
کنارا، تیز دھار، چھری یا چاقو کی دھار،
لکیر:
پانی، ندی، لہر(دھارا)
دودھ کی دھار:
(تھارکڈھناں)گا بھینس کا دودھ
نکالنا:
بچے کا پیشاب کرنا(تھارسٹناں)
سرنج سے پانی پھینکنا(تھارمارنا)

**تھاری:** (دھاری)
لیک، لکیر، لہر:

(سرے نی لیک، ڈورے)
(تھاری بن کے نہ سرمہ پایئے ماں
پیاں دے پنڈ گُڑیئے)گ

**تھاڑ:** (دھاڑ)
(چوراں ڈاکواں نی ٹولی)گروہ:
(تھاڑ پینی)ڈاکہ پڑنا۔
(تھاڑا)ظلم، غضب فریاد، دہا ۔
(تھاڑالوٹی)مصیبت، فت:
(تھاڑمار)لوٹ مار(کتھوں دھاڑ پئی
س؟)
(نہ چلھ تھوڑے نہ تھاڑ مارے)اخ

**تھاڑاں:** (دھاناں)
دھاوا بولنا، حرھ د[illegible]نا۔ہلہ بولنا، کوشش
کرنا۔(تھاوے بندیا تھا، جھیڑی
روزی اُودے کھا)اخ
(رو[illegible]ٹی کھا تے لوکاں تھا دتی)

**تھاک:** (دھاک)
رُعب، دبدبہ، کمہ بٹھانا:
مشہوری، شہ:

**تھاگا:** (دھاگہ)
(بٹیاواسو ختم)ڈور
(گھٹ)دھاگہ ہوا د گہ:
سلسلہ زندگی ڈور:
(تھاگہ لما، تے نئیں غما)اخ

.................................................

## تھ۔ب۔پ

.................................................

**تھبک:** (دھبک)
ایک دم دھڑام سے گرنا، د بک:
(دھم)کی آواز آنا:

تہہ بند: دھوتی، لنگوٹا:
(لکّے کی مے آلی چادر)
تُھپ: (دُھپ)
دھوپ، سورج کی روشنی:
گرمی:
(تڑکا، تھپ نکلنا) سورج کا سامنے
آنا: (کڑاکے نی دُھپ) سخت گرمی:
(تُھپ تلاڑی) (کڑکڑیں تُھپ)
جے ماہیا مھاڑا تُھپے نا کاہلا
چھتری چھام لوا دیساں (گ)
(جیٹھے ہاڑے نیاں تُھپاں وچ.(باقی)
تُھپ چھام: (دُھپ چھام)
دُکھ سکھ، خوشی غمی:
کانا مینہ، بارش (گدڑی گدڑے نا بیاہ)
(تُھپ سیکڑیں) سردیوں میں دھوپ
سینکنا، دھوپ میں بیٹھنا:
بدن گرم کرنا (سینکناں) حرارت لینا:
(تُھپے نی چھام) افسانہ

## تھ ۔ پھ

تھپھ: (دھپھ)
تھاپ، تھپ کی آواز،
تھپڑ:
(تھپڑ) ہاتھ کی مار:
تھپھا: (دھپھا)
چپیڑ، چانٹا:
ہاتھ کی ہتھیلی کی سٹ (مار)

## تھ ۔ ت

تُھت: (دُھت)
مستی بھرا:
(گُٹ) خوش (نشے وچ)
تُھتورا: (دھتورا)
ایک کنڈیالی اور زہریلی بوٹی:

## تھ ۔ تھ

تھ ۔ تھ

تھتھ: تکرار۔ بحث:
(تھتھ لانڑاں) فضول بحث نا:
اپنی بات پر اڑنا:

## تھ ۔ خ

تھخاڑاں: (دُخاناں)
سُلگانا:
دھواں نکالنا، آگ لگانا:
(دھونی لاناں، سلگانا)
گڈی چلنی کھل ویسی
نِکی نِکی دُھخنی آ، کُرے بھانبڑ بل
پیسی) ما

## تھ ۔ ر

تُھرا: (دُھرا)
محور، ایکسل، دونوں پہیوں کو چلانے
والی لکڑ: سلاخ۔
تھرا تُھری: (دھرا دُھری)
رش، بھیڑ:

**تھَہرت:** (دھرت)
دھرتی، زمین حصّہ:
پاتال:
(تھہرت پٹنں) مہا جھوٹی بات کرنا:
(توں تے تھہرت پٹنا ایں) انہونی بات
کرنا: جھوٹ بولنا:
**تھہرکنوں:** (دھرکنوں)
نیم کے بیج (دریکے نے بیں۔ گُچھے)
**تھہرگلٹی ں:** (دھرکلناں)
(تہرکلھا مارنا) دھکنا، زبردستی
کرنا، دھکیلنا:
(بغار کٹانی (زوری تھہکی کھڑناں)
**تھہرنگا:** (دھرنگا)
مُردار (تہرنگا، تھہرنگا) پنجر، ڈھانچہ:
(سُکی کے کرنگ ہونڑاں)
(بہوں د اڑیاں ناں مویا واڈنگر)
**تھہرول:** (دھرول)
(تھوڑی اپرماری وی چنڈ)
بانہہ مارنی، چھاتی وچ دو ہتھ
مارنا، گرانا: کوڈی کھیڈنیاں گردنی پچھے
چنڈ مارنا:
(مونہے بھارسٹناں) (تھہرول مارنی)
نیزہ بازی تے داند دڑا نے ایہہ
چھل کوڈی اچ دھول لگا نے ایہہ
(سلطان ظہور)
**تھہروگھسیٹ:** (دھروگھسیٹ)
کھینچا تانی، پریشانی، دھکے
کھانا:
(رغڑن ہونڑاں)
**تھہروہ:** (دھروہ)
(تھہروہ باہنڑیں) مصیبت میں
پھنسانا:
دَغا کرنا، کھلی بے ایمانی، دھوکا، چھل
فراڈ:
تھکے دھوڑے (چھک تھہروہ)
(تھہروہ) لوہے کے کُنڈے جن سے
کنوئیں میں گرے ہو لوٹے یا
بوکے پھنسا کرنکالے جاتے ہیں:
(تہروہ مارناں)
**تھہروٹھا:** (تھہروٹھاس) اس نے :
(تھہروٹھاوا) گھسیٹنے کی حالت میں:
(سارے تھہروٹھے اِتھے آرہے)
کَنچھے چلے آنا: ساروں کا ایک جگہ جمع
ہونا:
**تھہروڑاں:** (گھسیٹنا) مشکل میں ڈالنا۔ پریشان
کرنا:
(تھہرونڑاں گھسیٹناں)
**تھہریکڑاں:** (دھریکٹاں)
گھسیٹنا (تہروھڑاں، بدوبدی چھکناں)

---

## تھ۔ڑ

---

**تھَہڑ:** (دھڑ)
جسم، سرسے تک کا حصّہ:
(دھڑے اَپروں مُنڈی لہی گیسی پر
پچھے نہ ہٹنا۔
چجرے جیاں دھڑے اچ جان یے۔
(جان دھڑنی بازی لانڑاں)
(مُنڈی بجرے دھڑ بجرے)
**تھُہڑتھُہڑ:** (دُھڑدُھڑ)

لاغرپن۔کمزوری:
(ڈھڑ ڈھڑ کرنا) موت القریب آدمی:
ایہہ آویلا اساں ناں باوا
تُھڑ تُھڑ کرناں ٹُرناں گسناں
(شیراز طاہر)

**تَھڑا:** (دھڑا)
ترازو کے پلڑے برابر کرنے کے لئے
اضافی وزن باندھنا۔
ترازو کا جھکا ہوا پلہ (بھاری پلہ)
(تھڑا کرنا) مح۔حمایت کرنا:
(تھڑا کڈھنا) ترازو کے دونوں پلہ
برابر کرنا:
حمائیتی گروپ۔پارٹی:
(دھڑی بازی)

**تَھڑاں:** (دھڑاں)
ٹولے، گہ، پارٹی، دھڑے:
(تھڑاں) جتھے، گپ
(تھڑاں) گہا ہو گندم کے بڑے
بڑے ڈھیر (تازہ گہایا ہوا بھوسہ)
(تھڑاں ڈارنیاں) دانوں اور بھوسے
کو ہوا میں اڑا کرا لگ کرنا:

**تَھڑا تھڑ:** (دھڑا دھڑا)
(دَبوسٹ) اوپر ۔
(تھڑا تھڑ) زور زور سے، لگا تار:

**تَھڑکا:** (تَ۔ڑھک۔کا) (دھڑکا)
(تھڑکا) ڈر:
خوف، اندیشہ، دل کا دھڑکنا:
روگ۔اخلاج:

**تُھڑکڑاں:** (دھڑکناں)
آخری سانسوں پر ہونا:

**تَھڑلا:** (تھڑل..لا) (دھڑلا)
زور کی بارش، گرج کی آواز:
نڈر، بےخوفی، تھڑلے نال:
(دھڑلا مارناں) دازے کو زور سے دھکا
دینا:

**تَھڑا:** (دھڑا)
(پاسکو) فرق، ترازو کے دونوں
پلڑوں کی سدھا ، برابری۔
(دھڑا) پارٹی گروپ، دھڑا بندی
(پاسہ
ملناں) پرالہ کرنا، حمائت کرنا۔
(دھڑا بندی) گروپ بندی:

**تَھڑلے نال:** (دھ..ڑل.لے) دھڑلے
(بےجھجک) ان جھک ہو کے، بے
باکی نال: ( کڈھی کے) نڈر:

**تَھڑنگ:** (دھڑنگ)
(ننگ دھڑنگ) ناںگا فقیر،
حیاءداری سے دور ( )

**تَھڑویل:** (دھڑویل)
(تھڑویل) بھاری جسم
والا، پہلوان، گھوپ: جوان (چنگا
دھڑویل قسم ناں جوان) زور آور:

**تَھڑی:** (دھڑی)
5 سیر کا پتھر (پنج سیری)
ایک دھڑی کی قیمت (پیاز دھڑی ساٹھ
روپے)

---

## تھ۔س۔غ

---

**تُھسا:** (دُھسا)

لو ، بڑا موٹا اور گرم کمبل:
**تَھسا ڑاں:** (دھساناں)
اندر کرنا، داخل کرنا (گُسے نہ گُسے پا سے
تھسی گو:
(دھسناں) بڑناں:
**تُھسر:** (دھسر)
موٹا سوتر، رف مال، کمبل
**تھغڑ:** دھاوے کی صورت (دھاوایا بلوہ)

## تھ ۔ک

**تھکا:** (دھکا)
رش کا انداز ۔ دھکم پیل، بھیڑ ۔ رش:
(پھوں جناب نا تھکا) اخ
(دھکے کھانڑاں) خجل خوار ہونا:
ذلت برداشت کرنا:
(خیر تھکے تھوڑے کھا کے گھر مُڑی
آیا)
**تِھکے شاہی:** (دھکے شاہی)
زبردستی، زوراوری، من مرضی، ڈکٹیٹر
شپ:
**تِھکم تِھکا:** (دھکم دھکا)
رش، بھیڑ، ایک دوسرے کو دھکے دینا،
گرانے کا عمل، دھکم پیل:
**تِھکڑاں:** (دھکناں)
دھکیلنا، ریڑھنا، کھہنا، چلانا:
زبردستی آگے کرنا (بڑا مشکل تھکی تھکی
کھڑیا)
**تِھکو تِھکی:** (دھکو دھکی)
(زوری، دِھکیاں نال)

زبردستی (بدو بدی)

## تھ ۔م

**تَھم:** دھمادم، ڈھول کی آواز رونق میلہ:
(رولا) شور، پیروں کی آواز:
**تُھم:** چرچا، دھوم:
(تُھمانڑاں) نشر کرنا، مشہور کرنا:
(چھلے میرے دیاں تُھماں پیاں کابل
تے کشمیر)
**تھما ڑاں:** (دھماناں)
(ناں کڈھانڑاں) کمال پیدا کرنا،
اپنے فن میں مشہور ہونا:
(چرے جہیاں رہیا چنگی تھما رکھی
س)
(تھوڑ تھمانڑاں) تیز بھاگنا، بیل یا
گھوڑے کی دوڑ: اُچاتے کھلا کم کرنا،
اتفاق کرنا:
(کہلے گھوڑے نال تھوڑ نئیں تھمڑیں
اخ)
**تھماتڑ:** (دھماتڑ)
عام لوگ (تُساں جئے)
(ہماتڑ) اساں جئے، غریب، بے کس:
(ہماتڑ اسامیاں) (ہماتڑاں نا کہہ آ؟)
**تھماہنٹر:** (دھماہنڑ)
زچگی کا مال، گند:
**تھمال:** (دھمال)
فقیروں کا ایک ناچ، زیاوں اور مزاں پر
ڈھول پر اُچھلنا، خوشی سے دھمال ڈالنا:
مستی سے ناچنا، اُچھلنا کودنا، ٹپناں:

**تھمک** : (دھمک)
سٹ، آواز، تھر تھراہٹ:
**تُھمی** : (دُھمی)
سویل، سویرا (پوہ پُھٹناں) پوہ پھوٹنا:
**تھماڑاں** : (دھماں)
(تھوڑاں تھمانڑیاں) نام پیدا کرنا:
شہرت حاصل کرنا:
(آپڑیں چنگی تھما گیا) ناموری کی
زندگی گزارنا:

................................................

## تھ۔ن

................................................

**تَھن** : (دھن)
دولت، روپیہ، پیسہ:
(تھن جوبن ناں مانڑ نہ کریئے)
**تَھن جگرا** : (دھن جگرا)
حوصلہ، برداشت:
**تُھنڈراں** :(زورنی بغا مارنا)
(اُلناں) بے سمت پھینکنا:
**تُھند** : (دُھند)
تُھند، کُہر دھندلاہٹ، سردی سے ہوا کا
جم جانا:
تھند پئی سیال، ماڑا پئی گیا مال (اخ)
(تھند لا تھند لا نظر اَسناں) کم نظر اسنا،
صاف دکھا نہ دینا:
(اکھیاں اگے تُھند ھ نظر اسنی) موتیا:
**تھندیل** : دھنیا:
(ماری ماری تھندیل کڈھی چھوڑساں)
**تھنکھ** : جوں کے انڈے بچے، لیکھ:
**تھنگاڑاں** :(دھنگاڑاں)

**تَھنی** زبردستی (تنگاڑیں، زوری)
(دھنی) شوقین
(علاقہ) دھن
**تُھنی** گا کی ایک نسل (تَھنی نسل)
**تُھنی** : (دُھنی)
ناف، پیٹ کا بند (بچوں کی کچی ناف

................................................

## تھ۔و

................................................

**تھواں** :(دھواں)
بجھی ہو آگ سے نکلنے والی گیس
تھواں تھکھے میرے مرشد والا
جاں پھولاں تاں لال:
(نویں فقیری دو پہریں تھواں) اخ
(تھواں تہاری) گوڑھا دھواں رجھواں
گوڑھا پُر زور:
تھواں تھاری تقریر کرنا: (ساہی نانہہ
کڈھناں)
**تھوانکھ** :(دھوانکھ)
(کالکھ) دیئے یا بتی سے نکلنے دھویں کی
وجہ سے چھت سے لگی ہو کالکھ (داغ)
(شناک چڑی تو انکھیا آہلڑاں) اخ
(دھوانکھناں) کالا کرنا:
**تھوبی** : (دھوبی)
(کپڑے دھونے والا)
تھوبیاں نیں کھر پئے چور
اوہ نہ لُٹے، لُٹے ہور (اخ)
(تھوبیے نی کہہ گسنی؟ چُھوہ) اخ
**تھوبی پٹڑا** :(دھوبی پٹڑا)
دھوبی پٹکا، (دا) پیٹھ پر چڑھا کر

زمین پر مارنا، گرانا (پہلوانی کا دا )

**تُھوف:** (دھوف)

(تھوپ) (مہکویں شئے) خوشبودار
چیز، بوٹی جسکو جلانے سے دھواں اور
خوشبو پیدا ہو: دھوف دینا، جراثیم مارنا اثر
ختم کرنا:

**تَھوت:** (دھوت)

(تھوت) دھوتی، لنگوٹی (دھوت) بڑی
دھوتی:

**تھوفڑیں:** (دھوفنی)

(تھوفنڑی) پھو ، آگ کو ہوا دینے
کے لئے لوہے کا پائپ (اگ مچانی)
(تھوفڑیں لاڑاں) مح۔ بات نشر
کرنا:

**تُھوڑ:** (دُھوڑ)

(تھوڑ) گرد، باریک مٹی:
(گُوڑیاں نے موتھاں اپر تھوڑ اُڈرنی)

**تھوں:** (دھوں)

خبر بھیت (ذرا تھوں نئیں س کڈھیا)
(تھوں مارنا) گاڑی کا انجن بیٹھ جانا۔
بس کرنا:
(ناسیں تھوں دینڑاں) مح
تنگ پریشان کرنا ڈانٹ ڈپٹ کرنا:
(ڈاہڈی سسوناں رویہ)
(گَلے گلے اپرنا ساں داروں دھوں کڈھنی
(تھوں چھوڑناں) مسنگ کرنا انجن کا
پرانا ہونا۔ بس کرنا.
مجبور ہونا (تھوں شوڑی گیا)

**تھونڑ:** (دھونڑ)

گردن:
(رَگچی، گاٹا، چنگی مُٹی گردن:
(تھونڑ نِویں کری کے ٹُرناں) نادم
ہونا:

**تھونس:** (دھونس)

(تڑھی) رُعب، ڈراوا، دھمکی، دابا:

**تھونڑی:** (دُھونْی)

ر، ہانڈی کو خوشبودار کرنا:
(تھونڑی لانڑاں) مح۔ دوسروں کے
خلاف کان بھرنا:
خبر کرنا، آگاہ کرنا، چغلی مارنا:

---

## تھ۔ی۔ے

---

**تھی:** (دھی)

( ں جمی، کُڑی۔ بیٹی)
(تھیاں تھیانڑیاں)
(تھیاں نے لیکھ کس پھرولی تکھے)

**تھیری:** (تھیری) آنکھ کی پُتلی:

**تھیان:** (دھیان)

پورے خیال کے ساتھ، مگن:
(اپنے تھیانے وچ) سوچ بچار، خیال
خبرداری (بے تھیانا) بے خبرا:

**تھیاڑاں:** (دھیاناں)

(تھی پھنیڑوں نے کھرے آلا)
(پوترا دوہترا) خاندان کے اصلی رشتہ
دار:
(تھیاں تھیاڑیاں) مونث

**تھیلا:** (دھیلا)

پرانا سِکہ:
(پلے نئیں تھیلا کرنا میلا میلا) اخ

(تہھلی)اٹھنی(آدھ روپیہ)
(دِتی تہھلی حویلی)اخ
**تہھیندرے:** مصنوعی اور دکھاوے کا عمل:
چالاکی، ہوشیاری:
(تہھیندرے باز)بہانے باز:

تھ۔ا

**تھاپڑ:** شاباشی:
خوشی سے پیٹھ پر پھیرا ہوا ہاتھ:
حوصلہ افزا :
(تھاپڑ دینڑاں)پیٹھ پر ہاتھ مارنا:
(تھپکنا)
**تھاپڑا:** ( )(لاڈ پیار نال)
ہلاشیری:
حوصلہ(تھبو کناں)
**تھاپھڑاں:**(تھاپناں)
تھوپناں، اوپلے لگانا:
کپڑے دھونے کی آواز:
(تھپ تھپ)بلّا نما چوڑی پھٹی
یا(مُنگلی)سے کپڑوں پر ضربیں لگانا۔
ٹھپ ٹھپ کی آواز:
**تھاپڑناں:**(تھاپناں)
لگانا، تھپکنا:
بچے کو تھبو کنا، سُلانا:
**تپھڑاں:**(تھپناں)
تھاپنا، لگانا، تھپ تھپ کرنا:
(سوہریاں تھپڑیاں)اُپلے تھاپنا:
دیوار کے ساتھ تھاپیاں لگانا:
(سویلے اُٹھی کے پاہ تھپی چھوڑ۔ے

کگڑ کھلیاری شوڑنے)
(قرضہ تھپڑاں)مح۔قرضہ چڑھانا:
سر مڑھناں، ذمے لگانا، ذمہ دار ٹھہرانا:
**تھاپڑی:** کنڈی اپر پیار نال زور نی ماریا واہتھ:
(شاباشی)
**تھاپی:** تیسرا حصّہ، ناپ کا تہا حصّہ:
کم بالٹی یا گلاس میں تھوڑا کم پانی:
آٹا سودا یا کو چیز برتن کے منہ سے کم
ہونا:
(تھاپا جھیا، تھاپی جھی)پورا بھرا نہ ہونا:
**تھاک:** تھاکاں(تھوک)
ڈھیر، سٹاک:
**تھال:** بڑی تھالی(مجمع)ٹرے
چاول وغیرہ ڈالنے کا بڑا کم گہرا برتن
درود، ختم شریف کیلئے پھل وغیرہ
رکھنے کی بڑی گول یا لمبی تھال:
(آل مال تھال)بچوں کا ایک کھیل
تھال ، گیند کے ساتھ کنکریوں کا
کھیل:
(پنج گیٹڑا)
**تھاں:** مویشی باندھنے کی جگہ:
(آنے آلی تھاں اپر)مح۔اپنی اوقات
میں:
(تھاں تھاں)جگہ جگہ؛
**تھاہر:** جگہ، مقام، بیٹھک:
مل بیٹھنے کی جگہ، ص جگہ:
اَتہ پتہ:
(تھاہر لوڑنا)مرغی کا انڈے کیلئے جگہ
تلاش کرنا:

## تھ۔ب

**تھبوکڑاں:** (تھبوکناں)
بچے کو آہستہ آہستہ دینا، سہلانا:
سے اُٹھتے ہی بچے کو پھر سے
دینا،
(تھبوکڑاں) ذرے تھبوکیاں س شاید
کچی رے جاگی پیا:

**تَھبہ:** فائلوں کی تہہ (درجن بھر روٹیاں)
دونوں ہاتھوں میں آ ہو چیز:

## تھ۔پ

**تھپلا:** عام زمین سے اونچی جگہ (تھڑا) تھلا:
ٹوٹی پھوٹی زمین کے اندر کچھ صاف ٹکڑا:
زمین کی ایک قسم۔

**تھپڑاں:** (پاتھنا)
سُو ہریاں تھپڑاں۔اُپلے تھاپنا،
(تھپڑاں) الزام تھپڑاں) الزام لگانا:
(قرضہ تھپڑاں) قرضہ چڑھا جانا:

## تھ۔تھ

**تھتھا:** توتلا، والا، ہکلا کر بات کرنے
والا:

**تھتھیانڑاں:** (تھتھیاناں)
(تھتھانا) منہ بنانا۔غُصہ یا خوشی ظاہر
کرنا۔
(اَلکن) ہکلانا۔لُکنت کرنا۔
ڈر یا خوف سے بات کا پورا نہ نکلنا:
(چور کا لہجہ)

**تھتھا تھُما:** (تتوتھُمو)
ہمت۔حوصلہ (کچی امید)

**تھتھی:** تھتھے کی مونث:
کمہار کے برتن بنانے کا چھوٹا سا آلہ:
(ایک بیماری کے لئے بھی تھتھی لگا
جاتی ہے)

## تھ۔ر

**تھر:** وجود (جسمانی توازن)
(تھر نا نہہ تھمنڑ ہونڑاں) مح۔توازن
برقرار نہ رہنا:
ایک علاقہ:

**تھری:** تہہ:
(تھری بنھاں) سطح برابر کرنا:

**تھرتھری:** کپکپاہٹ:
(گنبنی / کنبڑیں) سردی سے
ٹھٹھرنا، تھرتھرانا۔
ڈر یا خوف سے ٹانگوں میں رعشہ آنا:

**تھرتھلی:** (تھرتھلی پئی)
(رولا پینڑاں) جوش سے آواز نکالنا:
(ہلّی گسناں) زلزلہ نا، بھونچال آنا:
ہر طرف ہل چل سی مچ جانا:
(تھرتھلی) افراتفری، گڑبڑ، بلوا، مہ
خوف وہراس (چرچا ہونا)

**تھر :** تھرتھراہٹ، لرزہ، کپکپی، ڈر کی حالت:
سردی سے ٹھٹھرنے کی حالت:

**تَھرکڑاں:** تھرکناں:
پا ں کی تھرتھراہٹ، ہلنا، پا ں کا

زمین پر نہ ٹھہرنا، جسم تھر کانا، اعضاء
تھر کانا:
**تھری:** تہہ (ملا ) موٹی سطح:
**تھری جمڑاں:** دودھ پر ملا کی تہہ ،موٹی
تہہ:
ٹھہری ہو مائع اشیاء کے اوپر میل کا جم
جانا۔ گاڑھا ہونا:

................................................................

## تھ۔ڑ

................................................................

**تھڑ:** (تھڑ بیڑی نا نہہ لغڑاں) مح
کسی کام میں برکت نہ پڑنا:
**تُھڑ:** (تُھڑ بچ تے لغی رہنڑیں) مح
گھاٹا، کمی، غریبی، محتاجی، تھوڑ:
(اِچرے کئیاں گلاں نی تُھڑاے)
(تُھڑی گئی تے ہور کُھنی ایساں)
**تھڑا:** (تھلا) اونچی جگہ۔ چبوترہ۔ پلیٹ فارم:
اڈہ (تھلا) اُچی جا)
فقیروں کا تھڑا:
عام زمین سے ذرا اونچی جگہ:
برگد یا پیپل کے ارد گرد بنایا پکا گول تھڑا:
(تھڑے) گدھی کے چُلتھڑے:
کاٹھی کا سامان (نرم کپڑے گدے)
کمبل یا بوری کا گدیلہ:
**تھڑاکا:** کمی۔ گھاٹا۔ کسر:
**تُھڑدلا:** تنگ دل والا، کم ظرف۔
**تھڑکڑاں:** (آٹا تھڑکڑاں) مح
آٹا گوندھتے ہو ذرا سا آٹا اُچھل
کر باہر جا گرنا: (مہمان نے کی خبر)
سنبھل نہ پانا:
(تھڑکڑاں) چلتے چلتے پیر کا پھسل جانا:
چال سے بے چال ہونا:
(تھڑکڑاں) بولتے بولتے یا کو
شعر سناتے سناتے بھول جانا:
(تھڑکڑاں) لغزش آنا:
کام میں خامی یا کج پڑ جانا:
**تھڑناں:** چوک جانا: جھول کھانا
رہ جانا، سلپ ہونا، کسر ہونا، فرق پڑنا:
حاصل کرنے میں ناکام رہنا:
گر جانا، پا ں صحیح نہ پڑنا۔ لیٹ ہونا:
وقت سے فایدہ نہ اٹھا سکنا: کسر میں رہ
جانا:
**تُھڑناں:** کم پڑنا۔ تھوڑا ہونا:
(توہرو یلے تُھڑ یا ای رہنڑاں ایں)
(گھاٹے اچ رہڑاں) کام پورا نہ
ہونا: کمی رہ جانا:
(تُھڑ لغڑیں) (کسر لغڑیں) فرق پڑنا:
**تُھڑی:** کمی، قلت، تھوڑ۔
**تھڑے:** تھڑا پلان (گدھی کے پیٹھ پر ڈالنے کا
گدا: (تھڑا) کچا کاروبار:
اونچی جگہ۔
**تُھڑے:** کم ہو۔
(لسی تُھڑے ببلّی نی) اخ

................................................................

## تھ۔ک

................................................................

**تُھک:** لعاب، تھوک:
(تُھک) امر (تُھکی چھوڑ)
(تُھکی چھوڑنا) مح۔ بُرا ماننا۔ چھوڑنا:
(ہک واری جے تُھکی چھوڑیا)

(ٹھکی کے چٹناں) مح۔ کمینہ پن ظاہر کرنا:

بات پر پکا نہ رہنا۔ قول اقرار سے پھرنا:

(ٹھکے نے پراٹھے پکانڑاں) مح

باتوں سے پورا کرنا:

(نالے ٹھک نالے چُت) اخ

(پرایا کھہر ٹھکے ناڈر) اخ

(ٹھکے نے بَن پکاڑاں) مح۔ باتوں سے پورا کرنا:

(ٹھک لوانڑاں) مح۔ کسی کے ہاتھوں نقصان ہونا:

(جا جا تھکڑاں) بھیڑی عادت:

**ٹھک تھِغڑی:** تھوک کا پیوند لگانا۔ باتوں سے کام چلانا:

**تھِغڑی:** تھِغلی (پیوند)

**ڑاں:** ( ڈاں)

دینا (مجبور کرنا)

**ٹھکاڑاں:** (ٹھکاڈاں)

تھوک گروانا (دم کرانا)

**تھکڑاں:** (تھکنا)

ہمت ہارنا، تھک ہار کر بیٹھنا:

وٹ ہونا۔ زور ختم ہونا:

**تھکیواں:** وٹ کی حالت، وٹ:

(فزریں ناکم کری کری تھکی گیاں)

کلے نا تھکیواں نہیں پیا لہنڑاں:

**تھکیا ترُٹیا:** ماندہ:

## تھ۔غ

**تھغڑی:** پیوند (ٹاکی)

(ٹھک غڑی) ولی خرچے سے کیا ہوا کام

(کن تھغڑی ) اخ:

## تھ۔ل

**تھل:** (نشیبی قے)

سسّی ریگستان

اُچے ے شیراں ملے تھل ملے

مُرغائی (س

**تھلّا:** (ہٹھلا سہ) پیندہ، برتن کا حصّہ:

(تھلا سہ) (ٹھ ہ)

ایک گا ں کا نام مشہور گا ں)

**تھلواں:** وا (نچلا حصہ) گالھ

**تھلوں:** (ہٹھو ں) سے:

**تھلی:** (تھڑ ) گھڑے رکھنے کی اُونچی جگہ:

(تھلے تانیث چھوٹا چبوترہ:

چر ے کے گی چوڑی لکڑ:

**تھلّے:** ( نویں اپر زمین پر (مٹی اپر)

(تھلے ہنڑاں) بیٹھنا:

(تھلے ں) سے:

(تھلے غڑاں) زیر ، ماننا:

کھ ٹ پتلی بننا:

(د اڑے د اڑے تھلے لہنڑاں)

کمزور ہونا، قد کا چھوٹا ہونا:

**تھلیوں:** سے (تھلیوں کچھی کڈیا)

## تھ۔م

**تھم:** لکڑی یا سیمنٹ کا ستون (پلر)

ٹل،ٹیک،کھمبا:
چنگیاں نے کم ہونڑیں
بندے دنیا نے تھم ہونڑیں
(عارف ادیب کیانی)

تھمڑاں: (تھامنا)
روکنا (سہارنا) تھامنا:
سنبھالنا۔سرا دینا:

تھمکا: داغ،پھلبہری (چمڑی نا روگ)
چھوٹے چھوٹے داغ (تھمکے) جمع

تھمکنڑ: (تھمکن)
(جمع) داغ:
چھوٹے چھوٹے داغ (برگے چینے)

## تھ۔ن

تھنڑ: (تھن)
لسان (ممّے)
گا یا بھینس کے دُودھ بھرے تھن:

تھنڑترّٹ: (تھن ترٹ)
لٹکے ہو تھنوں کی طرح:
ہارا،لاغر:
ماڑا،کمزور:
دُدّھوں لتھا وامشوم:

تھنڑیاں: (تھنیاں)
گا بھینس کے چھوٹے چھوٹے تھن:

تُھن: چہرہ:
لمبا منہ:
(لمکیا وامنہ) بگڑا یا اُترا ہوا چہرہ:
(تُھن سیکڑاں) منہ کی مار:
(تُھن چڑھے رہڑاں) غُصے کی حالت:

تھندا: روغنی،گھی مکھن والا (مرغن) چربی والا:

تھندیا: تری۔روغن (وجودے اچ گیاوا کھیو مکھنڑ)
(تھندی چیز) ترمال:

تُھنی: تھوتھنی:
(تُھنّی ای مہاڑی ا )
(تُھنی) پھیڑی شکل (لٹکا ہوا منہ)

## تھ۔و

تھَوبا: ہاتھ بھر کر دیا گیا گارا۔گارے نا بڑا پیڑا:

تھوبے: تھوبے (جمع) تھوبہ (واحد)
دونوں ہتھیلیوں میں بھرا ہوا گارا:
گارے کی موٹی تہہ لگانا:
(تھوبے لانڑاں)

تھوتھا: بے جان (تھر نہ سھنبا لنے آلا)
فالج زدہ:
( تھوتھا) زہر (کاپر سلفیٹ)
(تھوتھے) جمع

تھَوڑ: کمی،تھڑ،گھاٹا،لوڑ،محتاجگی:

تھوڑدِلا: کنجوس۔چھوٹے دل والا:

تھوڑا بہوں: تھورا بہت (کچھ نہ کچھ)

تھوم: لہسن،خوشبودار بوٹی:

تھوہ: (تھوا) (تھوہ ماریاوا) ڈھیر پڑا ہوا:
(تھوہ) تہہ بہ تہہ رکھی چیزیں (ترتیب)
(رُٹیاں نا تھوہ) روٹی کی کافی تعداد:
(تھوہ) مقام،ٹھکانہ،نشانی جگہ،کھوج پتہ،یاد۔
(تھوہ لانڑاں) پتہ مقام ڈھونڈنا:
(بےتھوہی گل کرناں) بے پتی بات کرنا

تھوہ تھوہ: (تُھتکار) (حرفِ نفرین) نفرت کی نظر: لعنت۔ تھوکنے کی حالت۔
(تھوہ کرناں) حقارت کا مظاہرہ کرنا:
(داکھے ہتھ نا نہہ پُہچے تھوہ کوڑی) اخ
تھوہ تھوہ: (تھوہ تھوہ کرنا۔ تھوکنا۔ لعنت بھیجنا:
تھوہر: (تھوہڑ) کانٹے دار دُودھلا پودا۔

..............................

تھ۔ہ

..............................

تھہہ: دونوں ہاتھوں میں آ ہو چیز:
(تھبے لانڑاں) تہہ لا لا کے ڈھیر چاڑھناں:
تھہی: اوپر تلے رکھی روٹیاں یا پان کے پتے۔
تہہ در تہہ رکھی چیز (ڈھیر)

------------------------------

تھ۔ء

..............................

تھئی: ہے (جاتھئی سی چھوڑی)
: ہیں، تھے (پیسے سے ختم ہو گئے)

------------------------------

تھ۔ے

..............................

تھیا: ہے، موجود:
(تھئی) مونث: واحد:
( ) مذکر، جمع حاضر:
تھیّا تھیّا: ناچنا، دھمال ڈالنا:
(تیرے عشق نچایا کر کے تھیا تھیا) گ
تھیلا: جھولا، چھولہ، بغلی:
خزانہ۔ مال۔ کما :
(تو کہہ تھیلا کما کے آندا؟)

تھیہو: جدی جائیداد (اصلی مالکوں کی جگہ)
تھیوا: نگینہ (نغ) نگ:
(تھال تھال مندری، مندری وچ تھیوا)
نشان:
تھیں: تیں (سے) کولوں:

..............................

ٹ۔ا

..............................

ٹاپ: روٹی، چپاتی:
(ٹاپ) سب سے اوپر:
(ٹاپ) ٹاپ گئیر:
ٹاپا: اُچھل کود:
اڈی ٹپا، ٹپناں کدناں:
بس یا ویگن کا ٹاپا۔ اگلا حصہ:
ٹاپاں: جمع (ٹاپ) واحد:
روٹیاں:
(ٹاپاں چیر) زیادہ روٹی کھانے والا:
تو کم کری کے کہہ کرسیں
کھر بہی کے ٹاپاں کپیا کر
(عارف ادیب)
ٹاپو: جزیرہ، چھوٹی خشکی:
ٹاٹ: بوری کا ٹکڑا (مُنجے نی صف)
چٹا (Mat)
پٹ سن کی دری (مخمل کی ٹاٹے نا پیوند)
ٹاکرا: آمنا سامنا، بحث مباحثہ، تکرار:
مقابلہ برابری، ٹکرا :
ٹاکو، ٹک: جانوروں میں چمڑے کی ایک بیماری:
(ڈنگراں نی بیماری، سرگرم ہونے نال خون جمی گسنا) چمڑی کا اکڑ جانا:
ٹاکی: (پیوند)

(ٹا کی لا وی کنی تے لا وی کنی)
(اخ)
(اسمانے ٹا کی لانڑاں) مح
کپڑے کترن۔
(ٹا کی نا لغنڑ دینڑاں) مح۔ پریشان
رکھنا۔

ہر اک گلوں چھڑا کری کری کے سوچالا کی
لکھاں یادا تہاڈے لغنڑ نہیں دینڑیں مھاڑی ٹا کی
(شیراز طاہر)

**ٹاس:** مٹی کا کو پیالہ:
کورے نے اپر رکھی توں ایں
کوری ٹا ) مص

**ٹاسا:** سفید ریشمی کپڑا:

**ٹانڈ:** لکڑی کی لمبی سوٹی۔ بانس نما:
(پتلا آدمی)

**ٹانڈا:** جوار یا باجرے کی سوکھی فصل:
(سکی کے ٹانڈا بنڑناں) کمزوری کی
حالت:

میں ٹانڈا توں ساوی
چار د اڑے رلی
فِر دنیا نے میلے وچ
میں وی کلا تو وی کلی (باقی صدیقی)

**ٹانڈے:** (جمع)
سکے ٹانڈے (شاعری کی کتاب)

جس نے سکے ٹانڈے تکے
اگ اُنہاں کی لا چھوڑی
(عارف ادیب)

**ٹانکا:** بخیا، تروپا، سلا ، مرمت،، رفو:

**ٹانکڑاں:** ٹانکنا (سینا پرونا)
کتے کا مار پڑنے سے آواز نکالنا:

**ٹانگا:** تانگہ، سواری کیلیے استعمال کرنا:
گھوڑا گاڑی،
(ٹھانگا) ہک نما لمبی چھڑی:

**ٹانگری:** خشک فصل کے پتے:
(سکیاں ٹانڈیاں ناپھور)
(سوادلی بوندی یا خستہ پٹی، نخدی:

**ٹاہ ٹاہ:** (کھڑ کھڑاٹ) آکڑ:
کورے لھٹے یا نئے کپڑے کی آواز:
(نویں نکور) ٹاہ ٹاہ کرنی چیز:
(ٹاٹا کرنا) ہاتھ مارنا، الوداع کرنا:

**ٹاہل:** (ڈال) بڑی ٹہنی۔
(ٹاہلاں) جمع
(ٹاہلاں اپر چاڑھناں) لارے لگانا۔

**ٹاہلی:** شیشم کا بڑا پیڑ:
(اُچیاں لمیاں ٹاہلیاں وچ چُجے گجری
پینگ) گ

**ٹاہنڑ:** (ڈاہن)
ڈال، موٹی شاخیں:
(ڈھانا

(اُچے بِہے شیراں ملے...) س
(جوترا باہنڑاں) ٹوٹے بازو کو گلے میں
ڈالنا (بانہہ جوترے باہنڑاں)

**جوترے:** رسیاں (بیلوں کو ہل میں جوتنے کیلئے
قابو کرنا۔ رسی کو گلوں میں باندھنا:
(جوترے کسناں) دو بیلوں کو جوتنا، قابو
کرنا (جوترناں)

**جوٹا:** جوڑا (ایک جیسی چیز)
سنگی، دوست:

**جوٹھ:** جھوٹا کھانا، چکھی یا چغلی ہو شئے۔
کمینہ، نیچ:

**جودھی:** جدوجہد (جودھیاں) جمع

**جوڑ:** بدن کے اعضاء:
دو چیزوں کو ملانے والا حصہ۔ بند،
ملاپ:
مقابلہ (اِسناں تے اُسناں آپے اچ کہہ
جوڑ آ)
جوڑنا، اکٹھا کرنا، ملانا:

(صحیح جوڑ جُڑیا)
(جوڑ جُڑناں) اٹھا کٹا تے ترتّکا پَہوہ:
بے جوڑ چیز۔
(جوڑ باہنڑاں) مقابلہ رکھنا:
(جوڑ ہونڑاں) دوستی ہونا:
**جوڑا:** شادی کا جوڑا (دوست)
شادی پر بنایا ہوا شادی کا جوڑا:
(پوشاک)
(جوڑا الوانڑاں) دولہا کو کپڑے پہنانا:
کبوتر اور کبوتری کا جوڑا لگانا:
ہک نر ہک مادہ (کبوتراں نا جوڑا)
(کبوتری تے کبوتر)
جُتیاں نا جوڑا۔ کوڈی نا جوڑا:
گوہڑے سنگی:
دوعدد (مذکر مونث) (نر مادہ)
جفت (نر اور مادہ) جوڑا
(اللہ نے ہر مخلوق کے جوڑے پیدا کیئے)
(جوڑا) لباس، دُولہے کا جوڑا:
پورا لباس، چپل بوٹ:
**جوڑماں:** جُڑواں: ایک ساتھ
**جوڑناں:** تھوڑا تھوڑا اکٹھا کرنا:
ٹوٹی چیز جوڑنا:
(آپس میں صلح کرانا) قریب کرنا:
(جمع کرنا)
چپکانا۔ اکٹھا کرنا:
**جَوڑو:** (جوڑنے آلا) جمع کرنے والا،
کنجوس، شُوم:
ذخیرہ اندوز:
**جوڑی:** (لمی کوڈی نی جوڑی)
(جوڑے نے پھرا، ہمشکل)

میاں بیوی کی جوڑی:
(رب ملا جوڑی ہک انھا ہک
کوہڑی) اخ
(جوڑی) مکمل دروازہ۔ دوپٹ:
**جوڑی:** دانداں نی جوڑی (دو بیل)
(جنے زنانی نی جوڑی) سوہنی جوڑی:
(جوڑی) ٹوٹا، ڈبل بانسری:
(جوڑی جوڑی) جمع کر کر کے:
**جوڑی دار:** ساتھی، دوست:
**جوڑے:** نر اور مادہ۔
(جوڑے آلا کھوہ) رہٹ۔
(جوڑے) پوشاک (پہناوا)
(جوڑے) ملا ۔اتفاق پیدا کیا۔
تفرقہ ختم کیا۔
**جوک:** جونک (جو ) جمع
**جوکے روز:** اِسی روز (آج کے روز)
**جوگا:** لا ،قابل، کام آنے والا:
(نرا کھانڑے جوگا آ) اَت نکما آدمی:
جس جوگا تھیا کرنا پیا:
**جوگیا:** (جوگی کو مخاطب)
زرد رنگ، جوگیا رنگ:
**جوگی:** سنیاسی (جوگ کرنے والا)
(جوگن) مونث
لا ۔قابل (واسطے، لئے)
(آپ جوگی جاءنئیں ساتھ کو بسم اللہ:
(اخ)
**جولناں:** ساتھ جانا (میکی وی نال جول)
(جول) لے جا:
نال ئینہ کھڑناں تے کھوڑی اپر بہالی
جول (اخ)

چا، ہل دانداں کی ہُݨ جول (سلطان)

جولے: کٹ سوئیاں۔

مِلی مِلی کے فِر سامِلناں
ہُݨ مِلناں اوہ اِسرے
عید بریݨے اپر جسرے
کڈھناں کو جولے (شیراز طاہر)

جَوں: (جَو) فصل، گندم سے کم تر، جو کے ستو:
(جھیڑا جَوں راہسی اوہ جوں کپسی) اخ
(کھوتا جوں وی چری گیا مونہہ وی ڈِنگا کری گیا) اخ

جُوں: سر کے بالوں کے کیڑے، جوئیں
(جُوں نا نہہ سُلکڑاں) مح۔ جُوں نہ رینگنا:
ذرا بھر احساس نہ ہونا:

جُوں نِکی جئی شے اے جُھورّی
جے پیوے سر شاہواں
لاہ کے تاج سراں کی کُھرکُݨ
کر کر لمیاں باہواں (سلطان ظہور)

(جُوں نی ٹور () سُست رفتار۔

جُوں رکرٹا: جس کے سر میں بہت سی جوئیں ہوں:
زیادہ جوں والا (گندہ آدمی)

جُون: (نسل) کایا، جنم، شکل:
انگریزی مہینہ (جون) June
(پتہ نہیں کہہ جُون اے؟)

جُونٹ: جوا (بیلوں کے گلوں پر رکھی جوت)
شکنجہ:

جَونڑا: جڑواں (ایک ساتھ دو بچے)

جوندری: ایک قسم کا اناج (سبز چارا)

جَوہ: تلاش، کھوج:
ٹوہ، کرید (کیڑ، سوہ) نگرانی، جاسوسی۔

(جَوہ لانڑاں) سراغ لگانا:

جُوہ: (جائیں) جگہیں۔ علاقے:
سمت، پاسہ (رکھ بیلا، چراگاہ) بستی
نگری:

جوہی: علاقہ، آس پاس کے گاؤں، آبادی:

جَوّی: باریک جَو (گھاس کے بیج)

---

## ج۔ ہ۔ ی

---

جہیا: جیسا
جہیا کلے بدھا جہیا چوراں کھڑیا۔ اخ

جئی: جیسی
(جئی) جیسی:
(جئی کرنی جئی بھرنی) اخ
(جئی نیت جئی مراد) اخ
(جئی زندگی کولوں موت چنگی) اخ
(جئی سلا باہی اغلی لوگما ) اخ
(جئی پھجنی اوہے جئی جُڑونی نہیں) اخ
(جئی سُنڑی اوہے جئی نکلتی) اخ
(بندہ جئی گل کہیس تیں کرے) گل
(جئی زنانی کولوں بندہ چھڑا چنگا) گل

جئی تئی: ایسی تیسی لعن طعن:

جیہے جئی: جیسی (جس طرح کی) جیسے
جیہے جئی ماء اوہے جئی ماسی
کند کنڑے اپر جاسی) اخ
(جیہے جئی روح اُوہے جے فرشتے) اخ

جئے: ایسے
(جئے کہھرے کولوں باہر چنگا) گل
(جئے سے ایہے جئے پھل باہنڑیں

پئے)
(جئے سنگیئے کولوں یار کھلا چنگا)
(جئے جیئڑیں کولوں موت چنگی)
**جئے تئے:** ایسے ویسے (فضول)

---

## ج۔ی

---

**جی:** ہاں جی، ادب سے جواب دینا:
(جی) باپ، بزرگ:
(جی) گھر کے بندوں کی تعداد (افراد)
(جی، سدا جی) سدا زندہ رہو:
(جی) جیتے رہو:
(جی او پیٹا جی، توں ای پُتر توں ای تھی (اخ)
(اللہ نے جی) اللہ نی مخلوق، جاندار:
(جی جان کرنا) اخلاق سے پیش آنا:
(جی جی کرنا) تابعداری کرنا:
(جی گھبرانا) دل گھبرانا، جی متلا ہونا:
(جی نہ کرنا) دل نہ کرنا:
(جی) روح:
(جی) جی جناب، صاحب جی:
جی آیاں نوں: (جم جم آ، ست بسم اللہ)
(جی جیئڑ یاں نے میلے) زندگی ہو تو پھر ملیں گے:
(جی خداناں) اللہ کی مخلوق؛
(کھر ناجی) گھر کا فرد:
(جی کرناں) دل سے چاہنا:
(جی ہو کے) اپنے آپ، صبح صفا سے، ڈر اور خوف کے مارے۔

(جی حضوری) غلامی۔

---

## ج۔ے

---

**جے:** اگر:
جے ایہہ کم نا نہہ ہویا تے فر؟
(جے) جو (توں جے آخیا سا)
(جے) اوہ آخی جے گیا: بمعنی (جو)
(تاکیدی جملہ)
جے خالی ہتھ جانڑاں بُھو رِیّ
چھوڑ پھھڑ و لے پھر ناں (سلطان ظہور
**جیتا:** اضافی وار (واری پگانڑاں)
**جیاجون:** لوک، خدا مخلوق:
(نکی بڑی ساری مخلوق)
**جیے جیا:** جیسا بھی:
جیے جیا مونہہ اوہے جئی چپیڑ) اخ
جیے جیا مال اوہے جئے پیسے
جیے جیا پیو اوہے جیا پُتر
**جئے جئی:** جیسے جئی مُچھ داڑھی اوہے جئی اساں کڑی چاڑھی۔
**جیٹھ:** خاوند کا بڑا بھا (مونث جھیٹھانی)
(دیسی سال ناں تریہا مہینہ > جیٹھ ہاڑ
جیٹھے ہاڑے نیاں تُھپاں وچ
دنیانیاں نظراں توں اوہلے
اس بوٹے نی چھامیں بہہ کے
دلاں نی بولی بولے
(باقی صدیقی)
**جیرا:** زیرہ، گرم مصالحہ، خوشبودار مصالحہ:
**جیڑ:** سکتہ (ساہ چھکیا) سیل پتھر
(جیڑ یا گسناں) حیران و پریشان ہونا

**جی دار:** دلیر، دل والا۔ اخلاق والا:

**جے کُج:** جو کُچھ:
(جے کُج کرے کھیو نانہہ ماء کرے
نانہہ پیو) اخ
(جو کُج تکھڑاں جال اوہ ماچھی نئیں
تکھڑاں) اخ

**جیل:** (جیر)
پیدائش کے بعد جانور کے اندر سے
خارج ہونے والا مواد:

**جیلے:** جیل جیسا مواد (گاڑھا مواد)
مادہ جانور کا پیشاب کے راستے چھچھڑا نما
مواد پھینکنا (جیلہ) واحد

**جی جینڑ یوں:** (جی جینیوں)
جیتے جی (زندہ رہتے ہو )
(اپنی زندگی میں)

**جینڑاں:** (جینا)
زندہ رہنا:
(جینڑ یاں نے میلے) مح
جینڑاں بندہ وے تے کُرے نانہہ
کُرے ملی رہنڑاں: اخ
(جینڑے جوگا) جوگا:
لمبی عمر والا:
(جینڑ یوں جی) زندگی میں۔
(جینڑ یں ر آں تے) زندگی ہو تو
جیڑ یں ر آں تے ملسان لکھ واری
مری گئے آں تے دِلوں بساریاں نانہہ
(بیت)

**جیو:** زبان،

**جیوا:** جیب (کھیسہ، بوہجا)
(پیسے ڈالنے کیلئے قمیص کے ساتھ لگی
تھلی: (پاسے آلی جیو، تے سامنے آلی

**جیون:** (جی..یُونڑ)
جیتے رہیں (تیرے بچے جیون)
(جیون) زندگی:
(جیون) ایک نام:

**جیہا:** جیسے (طرح)
(جیہا کلھے بدھا جیہا چوراں کھڑیا) اخ

**جیہڑا:** جو:
جیہڑا اگ کھانڑاں انگار ہگڑاں (اخ)

**جیہڑی:** جو (مونث)
(جیہڑی رات قورے اچ اے، اوہ باہر
نئیں) اخ

**جیہڑے:** جو (جمع)
(جیہڑے اِتھے پھیڑے اوہ لہور وی
پھیڑے) (اخ)
(جیہڑے گجنے اوہ بھرنے نئیں) اخ

**جِبھو:** (جِبھ۔۔۔۔۔و)
زبان:
جبھو بے اختیاری) (لمبی زبان)
(دنداں ہٹھ جبھو دینڑی) مح۔ غُصے کو
قابو کرنا:
زبان (تو تکڑی)
(جبھو وخت وی دسنی تے تخت وی) اخ
(جبھوے نے پھٹ نئیں مولنے) اخ
(لمی جبھو) گستاخ زبان:

---

## جھ۔ا

---

**جھا:** لمبے ں والی گھاس جھاڑی جس کے

سرے نرم ہوتے ہیں:
(جھاڑو بنانے کے کام آتی ہے:
(جھا نیاں بھاریاں)
**جُھٹناں:** کام میں مشغول ہونا، مصروف ہونا:
پُھرتی نال کم کرنا:
پُوری تُندہی سے کام کرنا:
**جھُنگ؛** اکٹھ:
**جھُنگی:** (جُھنڈ)
سر جوڑ کر دائرے کی شکل میں بیٹھے
ہو آدمی:
ٹولی:
**جھنڈ:** بیری کا درخت:
(جھنڈی آلا کھہار) مح۔ جن گھروں
میں جوان لڑکیاں ہوں:
(جھنڈی آلے کھہار بٹے تے لغڑیں)
(اخ)
**جھنڈ:** جنڈ بُوٹ (جنڈ بیری)
ہاتھیاں نی لڑا تے جھنڈاں نی خرابی
(اخ)

---

## چ۔ا

---

**چا:** (امر) میکی اُپر چا (اوپر کر)
مونہہ پر چادر رکھ کر بچے کو نا (چا
کرنا)
پیار، چاہت
(تُساں کی چانئیں اساں کی پرواہ نئیں)
(اخ)
(چالہنڑاں) مح۔ محبت ختم ہونا:
(چائیوں ٹُہنڑاں) اپنی قدر کو نہ سمجھنا:
(چا سرے اپر رکھڑاں) عزت کرنا:
**چابک:** چھانٹا (تراٹ)
چمڑے کی رسی:
(ٹُرنے کھوڑے کی چابک نئیں ماری
ناں (اخ)
**چاپا:** میں لگی اوپر والی اینٹ کی سطح:
**چاپڑ:** مٹی کی ان پکی چیز:
(کچی مٹی ناٹھلا) مٹی کی سوکھی ٹکی:
(چاپے نی اِٹ) کچی اور سرخ اینٹ:
کم گرم جگہ پر رکھی اینٹ، کی اوپری
سطح والی اینٹیں (چاپا)
**چاپڑناں:** چگم کی طرح چھانا:
خالی تھنوں کو منہ مارنا (دودھ پینا)
**چاپلوسی:** خوشامد
(چاپلوس) خوشامدی
**چاپی:** خوشامد، مٹھی چاپی:
وقت ناں پہیہ اگے ٹُرناں
پچھے کدے نا نہہ آوے
پل پل کر کے سالاں کی ایہہ
چاپی چاپی کھاوے... (سلطان ظہور)
(چاپڑاں) فعل
**چاتر:** چتر چلاک، منہ پھٹ (گل باتیا، سیانا
سُگھڑ)
**چاٹ:** مصالحے دار:
چسکا، سواد، مزہ:
(چاٹ منہ لغنڑاں) چسکا پڑنا:
(چاٹ) چارٹ۔ کاغذ:
**چاٹی:** ( ) مٹی کا بڑا برتن (ڈولا)
**چاچا:** چچا (والد کا بھا )
(نا نہہ چاچا آیا نا نہہ چاچا گیا) اخ

حساب برا

چاچی: چچا کی بیوی

چار پوٹے: چار انگلیوں کے پوروں جتنا: (چٹکی بھر)

(چار پوٹے کاغذ) مح۔ چھوٹا رُقعہ:

(چار پوٹے اگے) مح

چار چوداں: بہت سارے آدمی:

(چار چوداں اچ) مح۔ سرِ عام:

ساری دنیا کے سامنے:

چار چکے: (چار چکے ھ) مح۔ چار ہاتھ اوپر:

چار جنگے: چار ٹانگوں والے جانور

چار خانہ: چیک والا کپڑا

چار : چار آنکھوں والا:

آنکھوں کے اوپر داغوں والا کُتا:

چار چُوکا: چار کونوں والا۔

چارناں: چرانا:

ات چلاک آدمی:

(میں د ڑی بندے چارناں آں)

چارے: (چاروں) چہار سُو، چہار اطراف

چاروں پاسے۔ چارے چوکاں:

(چارے چوکاں موت نے ملیاں رحم

کریں رب سائیاں:

(چارے بنے) خدانخواستہ:

(چارے طاق) چاروں سمت۔

(چارے طاق ملڑاں) مغرب کا وقت

ہونا۔

چاڑھا پاڑا: کمی ، نفع نقصان:

اوپر :

چاڑھناں: اوپر کرنا:

سوار کرنا:

اڑانا:

(اُنگل چاڑھناں) گالھ

(چاڑھناں) پکانا۔ کٹوی چاڑھناں:

(اسمانے اپر چاڑھناں) بہت اوپر لے

جانا: (خواہ مخواہ کی تعریف کرنا:

بکری نا دُدّھ چاڑھنا (کھینچنا) کم کرنا:

(سانگے اپر چاڑھناں) ورغلانا۔ اُلٹی

راہ لگانا:

دوشاخے میں پھنسانا:

گاڑی کو ٹائر چڑھانا:

(سرے اپر چاڑھناں) مح۔ سر پر بٹھانا:

پھانویں تے پھاویں ماڑے

اساں آپوں سرے تے چاڑھے

(عارف ادیب)

(چھاڑ چاڑھناں) مح۔ غلاف

چڑھانا:

(توڑ چاڑھناں) مح۔ نبھاہ کرنا:

( ں چاڑھناں) مح۔ چوڑیاں

چڑھانا

(چَپ چاڑھناں) مح۔ تنبیہ دینا:

(گُڈی چاڑھناں) چٹکنی چڑھانا:

(گڈی چاڑھناں) مح۔ گاڑی پر بٹھانا

(گڈی چاڑھناں) پتنگ اڑانا:

(بندے چاڑھناں) مح۔ خوف زدہ کرنا

ڈرانا:

(ڈنڈا چاڑھناں) مح۔ سختی کرنا:

(ڈولی چاڑھناں) دلہن رخصت کرنا:

فرض پورا کرنا۔

ڈولی چاڑھی چھوڑی اگوں بسے نا نہہ

بسے (اخ)

**چاڑھے:** (ہک سوں ہک چاڑے) مح۔ایک سے ایک بڑھکر: اوپر۔اعلیٰ۔
**چاس:** چاشنی، شیرا، گاڑھا شربت:
**چاکر:** نوکر، مزارع، گا بھینس چرانے، والا خدمت گار (نوکراں اگے چاکر)
(نظم) چاکر.....(سلطان ظہور اختر)
(اساں کمبلی والے نے چاکرآں)
**چاکڑاں:** کُتے کا مار پڑنے پر آواز نکالنا:
**چاکسو:** چاسکو۔جڑی بوٹی:
ایک کڑوی دوا، پھوڑے پھنسی کیلیے:
**چاکو:** چاقو، بند چھری (کاچو)
**چاکی:** ٹکی، ٹکیا، صابن کی ٹکیاں:
**چافتا:** قُل (چوتھے نادرود) چار دن کے بعد دیا جانے والا میت کا ختم)
**چال:** طریقہ، ڈھب، برتا ک:
فریب، دھوکا:
**چال مچالے:** حر ، انداز:
**چالا:** (چالا) نوسربازی:
(چالا) ٹور، چال:
**چالو:** رواں (چالو حالت میں)
چلتا کاروبار۔
(چالو بندہ) بھیڑا:
**چالہیاں:** چالیسواں، میت کے چالیسواں کا ختم شریف۔چالیاں دن:
**چالی:** (گن) بیس+بیس=چالیس (عدد)
**چاں ں:** کھپ رولا، بھیڑ، آوازیں، شور:
**چاں چاں:** شوروغل،
کہہ جاتکاں گڑیاں چاں چاں لا وی
**چانبا:** (چھانبا) دم کرنے والے پتے یا کپڑا:
**چانڑاں:** اُٹھانا، کھڑا کرنا۔

تعریف کرنا۔بڑھاچڑھا کر پیش کرنا:
وقت پوے تے کھسکی گشناں
ایویں بندے کی چا کھناں
(عارف ادیب کیانی)
**چانجا:** تیز طراز، ہوشیار:
(اچھے مغز والا اخروٹ)
(چانجا تے باٹا)
**چانڑاں:** اٹھانا، جانا، قابو کرنا:
خوش کرنا، خوشامد کرنا، خواہ مخواہ بڑا بنانا:
**چانڑناں:** (چاں...ڑاں) چانٹاں
لَو، روشنی، اُجالا، آنکھ کا نور:
(آگہی)
(مناں نہیں ساہنڑ تے چانڑناں
ہو گیاس)
اصلی بات کا پتہ چلنا، علم ہونا:
**چانڑنی:** سفیدی، اجلاپن، چاند کی روشنی۔
(چناں وے تیری چانڑنی تاریا وے
تیری لو) گ
(چانڑنی) شامیانہ:
**چانگڑی:** درختوں کا جُھنڈ:
**چاہ:** رِیجھ، حُب، پیار، چاہت:
(چاہ کو چاہ یے) اخ
(چاہ لہنڑاں) محبت کم ہونا:
شوق، چاہت:
ماہی میرییے نی مینوں بڑا چاہ دو گناں
کرمیریاں (گانا)
(چاہت) پیار:
چا :
**چاہڑاں:** (چاہڑاں) فعل۔محبت کرنا:
**چاہلی:** (گن) ۴۰

(اونٹھ چالیس ٹوڈا بے تالیں) اخ

**چاہنٹر:** (چاہنٗ) بکھرے اور گندے بال
(چاہنٹر کھلر یاوا)

**چاہنٹراں:** (چاہنٹاں) بے ترتیب بالوں والا:
(چاہنٹراں کُتا)

**چاہنڑِیں:** (چاہ...ڑیں) چاہنٹی
بڑے بڑے بالوں والی:
(چاہڑاں) مذکر (چاہڑاں کُتا)

**چاء:** چا :

**چا :** اٹھا :
(میگزین) امتیاز گلنے نوی

**چا ں چا ں:** کُتے کے بچے کی آواز۔
ساری رات چا ں چا ں لا رکھی س

**چایا:** اٹھایا:
(چایا چایا ٹھڑاں) اخ
عزت راس نہ آنا:

---

## چ۔ب

---

**چِب:** (پچک)
کسی برتن یا کسی چیز میں چوٹ سے جو
گڑھا بن جا ۔
داغ۔ (ڈینٹ)
ذات

**چِبّا:** ٹیڑھا۔چب کھڑیا:
(ڈنگا تر ہیڈا) بھیڑا، کوبجھا

**چَبڑاں:** (چبٹاں) چبانا، چبا کر کھانا:

**چُبڑاں:** چُبھنا (لغڑاں پھغڑاں)
عداوت رکھنا:
کانٹے یا چھری کی نوک لگنا:

(کنڈا چُبھڑاں) کانٹا لگنا:

**چُپڑناں:** (چوپڑناں)
ہلکا ہلکا تیل لگانا، گھی سے روٹی کو
نرم کرنا: (تھنڈا کرنا) نرم کرنا، تر کرنا:
(مکھن لگانا، جی حضوری کرنا)

**چبل:** (چوّل) کمینہ، ر آدمی:
(چغلی کے گل کرنے آلا)

**چبولناں:** پپولناں، منہ میں پھیرنا:
مسوڑھوں سے چبانا:

**چبہل:** چھبل، جھبل:
کدال، گڑھا بنانے والا لوہے کا اوزار
کلہاڑا نما، لوہے کی چوڑی برچھی:

**چبھولا:** (کچوکے) بولی، طعنہ، طنز کرنا، اوقات
یاد کرانا۔

---

## چ۔پ

---

**چَپ:** ورغلانے کی حالت:
جوش:
(چَپ چاڑھناں) مح، بھڑکانا

**چُپ:** خموشی۔سکوت:
منہ بند رکھنے کی حالت۔
(ہک چُپ سو سُکھ) اخ
(پھیڑے رونڑے کولوں چُپ چنگی)
(اخ)
(چُپ ناروزہ رکھنا) مح

**چُپ چویتا:** چُپ چاپ:
خاموش طبع:
(چُپ چویتا پُتر مندہ چتیاں آلی تھی)
(اخ)

کس ہنیرے نے وچ گوشا کیتا
جاگ پیا دل چُپ چویتا
(باقی صدیقی)

**چپ چپ:** چپچپاہٹ، گوند، لیسلا مادہ، چپکنے کی حالت: (پرسیونال پِنڈا چپ چپ کرنا)

**چُپ چُپ:** خموش، اداس، بیزار، غمگین:

**چُپ چاں:** سناٹا (سکوت)
ایک دم خاموشی کی حالت:
سناٹا، ویرانی، گہری خاموشی
(دم سادھا ہوا)

**چَپا:** چار انگلیوں کا ناپ، چوڑا :
(چپا ہک روٹی)
1/4 حصّہ
(چپا چاڑھنا) گالھ
کُھلے سینگوں والا بیل (چپا داند)

**چپٹ:** (چوپٹ) کھلا ہوا دروازہ:
(چوڑ چپٹ) مح۔ کام کا ستیاناس:

**چپر:** (چَپ....پَر)
کٹی ہو لکڑی کا ترچھا ٹکڑا:

**چپڑ ناں:** (چُپ....ڑ....ناں)
گھی لگانا، نرم کرنا:
(نالے چُپڑ یاں نالے دودو) اخ

**چپچپی:** چپچپاہٹ:
چپ چپ کرنے والی لیس دار (لیسلی)

**چپیڑ:** تھپڑ، چانٹا (چنڈ) ہتھیلی:
(جیئے جیا مونہہ اوہے جئی چپیڑ) اخ

...........................................................

## چ۔پھ

...........................................................

**چپھڑا:** چوڑا:
(چپھڑا ہونڑاں) بن مرضی کے بیٹھ جانا:
(چپھڑی) چپٹی (مونث)
(سپ جتنا لماں ہونڑاں کروہ اُتنی چپھڑی) اخ

...........................................................

## چ۔ت

...........................................................

**چِت:** کنڈی پہھار، دونوں شانے چِت:
دل، من، جی، روح:
مھاڑے ورھیاں نے جُٹ
بیلی یار تے بہار
چِت چور۔۔لکھ لُٹ
(سید طارق مسعود)
(چِت چاپا گسناں) دل اُٹھ جانا:

**چُت:** (چوُت) ہٹھلا پاسہ، دیئے ناٹھوہ، پینیدہ:

**چِتا:** نام نہاد نخرہ،، مستی، شوخی، چالا:
(چِتے) جمع میکی چِتے نا نہہ دس
(چُپ چویتا پُتر مندہ چِتیاں آلی تھی)
(اخ)

**چِتر:** (فعل) چالاکی، مکر، فریب:

**چِتر:** پھل چتر، بیل بوٹے، چِتر کاری:

**چِترا:** داغوں والا، چتکبرا۔

**چُترا:** (چِترا) چالاک، ہوشیار، مکر و فریب سے بھرا آدمی۔
(نالے چور تے نالے چِترا) اخ
(چِتری) موئنث۔

------------------------------

## چ۔تھ

**چَتھ:** مذاق۔ہاسا(جگتی بات)

**چُتھا:** شکست خوردہ، دوسروں کا تختہ مشق
اندام نہانی (شرم گاہ)

**چِتھناں:** چبانا۔

**چَتھاں:** چتھ کی جمع (ٹھٹھہ مخول) مذاق
جلائیاں نیاں چتھاں ما پھھینڑوں
نال(اخ)

**چتھا:** پیمانے کا برتن(چوتھا حصہ) چوتھا:
چوآ ناں چوتھا حصہ (ادھ سیر)

**چُتھل:** بدکار عورت:

**چُتھے:** چُتھا کی جمع:

## چ۔ٹ

**چَٹ:** (تہہ)
(چٹ دینڑاں) رف پلستر پر ملا
مصالحے کی تہہ چڑھانا۔
(چٹ پٹ) فوری طور:

**چِٹ:** کاغذ کا ٹکڑا:
سفیدی مائل:
(چِٹ سرا) سفید سر والا (کم عقل)
(چِٹ داڑھیا) نام کا بزرگ:

**چُٹ:** گاڑی یا بونٹ پر ضرب لگنے سے داغ
پڑنا(دھبہ) گہرا نشان (ڈینٹ)
(چُٹ کھانڑاں) مح۔مار کھانا:

**چِٹا:** (چِٹابگّا) سفید گورا، ظاہر:
(چِٹاشفید چوٹھ) سفید جھوٹ:
(چِٹاشفید منہ کڈھنا) ذرا شرم نہ کرنا:
(چِٹا دُدھ) سفید دودھ کی طرح:

**چٹاڑاں:** چٹواناں: زبان کو پھیر کر کھلوانا:

**چُٹاڑاں:** مروانا (سزا دلوانا) بے چنگا چُٹیا س

**چٹاک:** ہاتھ چھوڑ کر تھپڑ رسید کرنا، زور سے چانٹا
مارنا جس کے مارنے کی آواز نکلے:

**چٹاکا:** تکرار، بحث:
(چٹاکے ناں پٹاکا) برابر جواب دینا:
(اینٹ کا جواب پتھر)

**چِٹڑا:** (چِٹ...ڑا)
سفیدی مائل۔
(چِٹڑا جیا جاتک)
خوبصورت، سفید رنگ والا:

**چَٹڑاں:** (چاٹنا)
چٹناں، زبان سے صاف کرنا:
(ٹُھکی کے چٹناں) مح۔بے شرم ہونا:
بے غیرت بننا:
زبان سے پھرنا:
(چَٹڑں چُمڑاں) پیار کرنا:
کُتے نال پیار کروتے اوہ مونہہ چٹنا۔
(اخ)
(بے جھی کے چٹیائیں س) اوقات
مینڈھی مٹی چٹنڑ۔مینڈھیاں نیہاں
پٹن۔۔باقی صدیقی

**چُٹڑاں:** نشانے پر مارنا (گولیاں یا اخروٹ
چُٹناں) نشانہ لگانا:
بچوں کا کھیل (گتھی)
(پتلا کرنا) (چنڈناں، تیز کرنا)
(چُٹناں) مارنا پیٹناں:
نشانہ لگانا:
باریک کرنا (چٹنی کرنا)

**چٹخورا:** چسکے باز، لالچی (چنگا چوکھا کھانے آلا)
**چِٹک:** سفیدی:
سواد،، بہار، عشق:
چاٹ:
(چٹک لغڑاں) عادت پڑنا:
عشق ہونا۔ تارلگ جانا:
**چَٹک:** ہوشیار، چالاک (چانجا)
**چُٹکا:** بڑی چٹکی:
(نسواری نا چُٹکا)
**چِٹکا:** دھوپ کا بڑا نشان (ڈاکی تُھپ)
(چٹکا) صاف دھوپ (کوری دھوپ)
(چٹکا) پوٹھوہاری پہاڑی میگزین:
**چُٹکلا:** (ہاسے نے گل)
**چِٹکڑیں:** لوہے کی کُنڈی، (کلّی)
**چُٹل:** مار کھانے کا عادی، ڈیٹھ:
**چٹلاس:** مزے کی عادت:
**چَٹناں:** چاٹنا:
**چُٹناں:** (گوٹنا) نشانہ لگانا:
**چٹو:** بڑے بڑے قدرتی پتھر:
قدرتی بہنے والے پانی کی جگہ
جن پتھروں سے چشمے پھوٹتے ہیں:
(چٹو) وہ پتھر جس پر بیٹھ کر عورتیں
کپڑے دھوتی ہیں (بڑی سِلیں)
چٹو چٹیل، چٹو چارے چوکاں میل، چٹو
ڈم مولا (بال گیت)
(چٹو) ہانڈی چاٹنے والا:
**چٹورا:** بڑی چاٹی، ددھ رڑکن آسطے مٹی نا کھلا
پھانڈا:
چسکے باز:
**چٹی:** نقصان، جرمانہ، تاوان، سزا کے طور

پر رقم دینا
(پہلوں چٹی، فرہٹی، فِرکھٹی)
خصم کرے نانی چٹی دو ہتریاں کی) اخ
**چٹھہ:** ترتیب سے لگی ہو اینٹیں (اِٹاں نا
چٹّا)
**چِٹی:** گوری سفید (چٹی ددھ چانڑنی)
(چٹی مینڈی ہینڑی، کالیاں ونگاں
شرٹ نگ کیتا)
(چٹی خمور) بہت سفید:
اوہ چٹی خمور
جیاں روضے ناں نور (نظم)
(شیراز طاہر)
**چُٹی:** چوٹ ماری۔
(چُٹی کے) مح۔ کوٹ کر۔
**چِٹے:** سفید (جمع)
(چٹے، ماء پیو پھٹے) اخ
**چِٹیائیں:** سفیدی مائل، رنگ اُتر جانا (چٹی پہاء
مارنا)

## چ۔ ٹھ

**چِٹھا:** ، لیکھ، نصیب:
بڑی چھٹی، کھاتا:
(چٹھا کھلناں) نصیب جاگنا:
**چٹھی:** خط پتر، خط کتابت:
سرکاری چٹھی (نوٹس)
(چھٹی آنڑناں) سفارش کروانا:
چِٹھی میرے ڈھول نوں پہچانویں وے
کبوترا) گا

## چ۔ج

**چج:** سلیقہ، سمجھ، عقل، خوبی، شعور، ڈھب، طریقہ:
(چج کھولناں) عقل ظاہر کرنا:
(نانہہ چجاں نے گہنڑیں سوبھے)
(باقی صدیقی)
یاد کرن سب دنیا والے
جے پکے چج ہوون (سلطان ظہور)
**چُجڑاں:** (جھوٹا) جھولا جھولنا۔

## چ۔چ۔خ

**چُخ چُخ:** چُخ چُخ کرنا، افسوس کرنا:
**چخ:** آوارگی۔ڈھیٹ پن (کمینہ پن)
(چخ ماری گونہہ کھادا) اخ
**چِخ چِخ:** فساد۔لڑا :
(چخ چخ لا رکھڑاں) دماغ کھپا کرنا:
بحث مباحثہ کرنا (پریشان کرنا)
**چِخّا:** (سولی)
اُلارہ۔پینگ نما چیز:
(چخے چاڑھناں) مح
(ہڈیاں چخے چاڑھناں) مح
انتہا پریشان کرنا:
**چَخڑاں:** جھک مارنا:
چخاں مارنا۔آوارہ پھرنا:
**چُخڑاں:** افسوس کرنا، تعزیت کرنا (پوچھا کرنا)
(چُخڑیاں چُخڑاں) مح
**چخے:** دور۔دفع (چخے ہونڑاں ایں کہہ نئیں؟)
(مڑے چخے کرس) عورتوں کی زبان

## چ۔د

**چِدّے:** حجت بازی، برا ،عیب:
(چدے کڈھناں) مح

## چ۔دھ

**چدھراہٹ:** چوہدری پُنا، پردھانگی، بڑاپن:
**چدھرانی:** چوہدرانی، معزز (پردھان زنانی)
**چُدھرماں:** چوہدری پنا، بڑاپن، نخرہ، تکبر، غرور:

## چ۔ڈ

**چڈھا:** رانوں کا اندرونی حصہ:
(چڈھے) جمع:
**چڈھے:** ستر کی جگہ (رانوں کے اندرونی حصے)
(چڈھے چیری کتیاں اگے با ں)
(گالھ)
(چڈھے کھلیاری کے بہنڑاں) بد ی:
(چڈھیاں اچ دینڑاں) گالھ
**چڈھی:** کچھی (انڈرویئر)
**چڈھو:** بزدل (لسّہ) بے غیرت:
بلنی بلنی ہس گئی
تُدھ نئیں بدلایا تھاں
وصفے سوں پیا نظری اسناں
چڈھو تہاڑاناں

## چ۔ر

چَر: کھا (امر) گھاس کھا:
چرنے کی حالت:
(کم چَر) کم کھانے والا:
(چَر) قبر نما کھڈہ، زمین کے اندر چیر
جیسا نشان:
بڑا چولہا بنانے کیلئے زمین میں بنا گڑھا:
کپڑا پھٹنے کی آواز۔

چِر: دیر، تاخیر:
چِر ہونڑاں، دیر ہونا:
(ویلا نہ رہنڑاں چِر ہو گیا)
مدت، عرصہ (ہِک چِر)

چُر چُر: دکھاوے کی باتیں (نخرہ) کمینہ پن
،فضول بولنا (چُر چُر کرنا)

چِرا: چارہ (گھاس) گریزنگ ایریا
(چِرا اُدھر تے مینگڑاں اِدھر) اخ

چِرااٹھ: چِرا کی ہو بڑی بڑی لکڑیاں:
(چِرااٹھاں) جمع
(دیگی بالنڑ)

چِرااسی: (گن)
اسی+چار=۸۴

چرانڑاں: (چراناں)
اُلو بنانا:
(اساں کی چرا نانہہ)

چرانڑاں: ڈنگر مال چراناں، پھیرناں:

چرانوے: (گن) نوے+چار: چرانوے

چرخ: آسمان۔
(چرخ چڑھناں) آسمان سے باتیں
کرنا:
(دماغ چرخ چڑھناں) ایری ہوا اچ
پھرنا: اپنے آپ کو بہت سمجھنا، نخرہ کرنا:

چرخڑی: گول پھرنے والی چرخی، گول پہیہ:
(کھوہے نی ماہل)

چَر ڑمرڑ: (چڑمڑ کیتا کاغذ) ردی کاغذ کو گول مول
کر کے پھینکنا:

چرسا: چمڑے کا بڑا ڈول (بوکا) کنواں صاف
کرنے والا:

چِرکا: لیٹ، دیر، وقت گزرنے کے بعد:

چُرکا: دل لگا کر چارہ کھانے والا جانور، مشک
نہ کرنے والا:

چُرکا: لیس دار مادہ، پچس:
گرم چیز کھا کر پیٹ خراب ہونا:
(چُرکا لگنڑاں)
چھوٹے بچے کا پیشاب (چُرکا)
(چُرکڑاں) فعل
بیٹھنا (ذرہ ذرہ پاخانہ کرنا)

چِرکنڑاں: (چِرکناں)
(چُر چُراہٹ)
(چیکناں) چیخناں، بولنا (چِر چِر کرناں)
(منجی نی آواز) چُر چُراہٹ:

چِرکھ: لالچ۔ حرص:

چِرکھا: لالچی۔ بھوکا۔ کھانے کی طرف بار بار
دیکھنے والا:

چرکھا: سُوت کاتنے کا آلہ (چرخہ)
(تہاڑی ما نا چرکھا ماراں) گالھ

چرکھی: چرخی، بھھونی، گول پھرنے والی:

چرگ: چالاک ہوشیار آدمی، باز کی قسم:

چرگا: چرغا، مرغا، سٹیم روسٹ:

چرلاٹ: کُرلاٹ، کوک، چیخ، فریاد، دہا :

چرن: گھاس کھانے کا عمل:
تہاڑی عقل چرن تے نئیں گئی وی؟

**چرناں:** جانوروں کا گھاس کھانا:
(کھوتا جوں وی چری گیا مونہہ وی ڈِنگا بنڑا گیا) اخ

**چرناں:** جانوروں کی طرح بے وقت کھاتے رہنا (بکری کی طرح)
(چرناں) واحد (چرنے) جمع
چرنے کی حالت، جانوروں کا چراگاہ میں پھرنا:
(چرناں چگڑاں) کھانا پینا:

**چرناں:** بوری کی بنی ہو چادر، جس میں گھاس پھوس باندھا جاتا ہے

**چِرناں:** کپڑے کا دو ٹکڑے ہونا: پھٹنا، متکبر ہونا:

**چرنگ:** (چ...رَن...گ)
اکڑا ہوا بدن (چرنگ ہویا وا)

**چرونجا:** (گن) پچاس + چار = ۵۴

**چروکنڑاں:** (چروکناں)
کافی دیر سے، مدت سے:
(کدے کدے ناں)

**چرول چرول:** (چَر...وَل)
کیڑے مکوڑوں کی پیدائش اور ان کے ڈھیر کی ہلکی ہلکی حرکت:

**چرہتر:** (گن) ستر اور چار (چوہتر)

**چری:** چھوٹی نسل کی جوار (ایک فصل)
(چری چگھی پیٹ پھر یا)

**چَر یتا:** خون صاف کرنے والی دیسی بوٹی:
(چر یتا کریتا)

**چَریٹھ:** رگڑ کا نشان:

**چریئی:** گھوڑوں کو پانی پلانے والی لمبی نالی:
کُھر لی چارے کے لئے اور چریئی پانی کے لئے:

.......................................................

## چ۔ڑ

.......................................................

**چَڑ:** (کھٹل) چارپا کے کیڑے:
(چڑاں) جمع

**چِڑ:** نفرت (چڑناں) بُرا منانا۔ چھڑنے کی حالت:
(چڑ بنھاں) مح
ناں، چڑاناں:

**چِڑا:** چڑیا کا نر

**چَڑا:** چوڑا، چوڑا پاسہ، عرض (طول عرض)

**چُڑ، چُڑ:** چڑیوں کی طفیلی بولی:
لڑا، گستاخی کی زبان:

**چُڑمُڑ:** کھنجل پڑنا، الجھنا، کاغذ کو ہاتھ سے دبا کر خراب کرنا:

**چَڑتل:** نخرہ۔ بانکپن۔ خوبصورتی (چال چلنے کا انداز)

**چُڑل:** (چُ...ڑُل)
(چڑل دینا) خواہ مخواہ تنگ کرنا:

**چِڑناں:** چھڑنا، بُرا منانا۔

**چُڑناں:** غم کھانا، روگ لگانا:
(چڑی چڑی مرناں) روگی ہو کر مرنا۔

**چِڑند:** (چ...ڑِند)
افضل (چڑھا ہوا) اوپر:

**چِڑندا:** (چ۔۔ڑِندا)
چڑھا ہوا (سب سے اوپر) اعلیٰ

**چِڑی:** مشہور پرندہ (چڑیا) گھروں کی چھتوں میں رہنے والی (چڑا) نر:
(چڑی مار) شکاری:

(چِڑی نی چُت تے چودھواں حصہ) اخ
(چڑی چھکا) مشہور کھیل، بیڈمینٹن:
(چِڑی ناپر نہ مارناں) مجال نہ ہونا،
جرأت نہ پڑنا:

**چِڑیاں:** (جمع)
شلوار کا نیفہ کونے۔۔ کُرتے کے دامن
کے سلا والے سرے (چڑیاں)
(چِڑیاں کولوں باز مروانڑاں) اخ

..........

## چ۔ڑھ

..........

**چڑھ:** چڑھا ، ترقی، بادھا۔لہر:
خواہ مخواہ کا نخرہ:

**چڑھاوا:** (نیاز) زیارت کی کما ، نذرانہ، پیر فقیر
کی نیاز: نام اور منت کی ہو چیز:
چڑھاوا کرنا (چڑھ کر آنا) پولیس کیس:

**چڑھناں:** (لہنڑاں چڑھناں) ق مغرب،:
چڑھا کرنا:
(لہنیڑیں پاسے نی ہانٹھ) ساون کی
بارش کا رُخ
ابھرنا (اُچا ہونڑاں) ترقی کرنا:
سوار ہونا، چڑھا کرنا، ہلا بولنا، رعب
ڈالنا۔دابا مارنا، دبدبہ ڈالنا:
(ہاہڑ چڑھنا) سیلاب آنا، دریا کا چڑھنا:
(چڑھا چڑھنا) اونچی جگہ چڑھنا:
(چڑھا کرناں) چڑھ دوڑنا، حملہ کرنا:
رُعب ڈالنا، ڈانٹ ڈپٹ کرنا:
(پٹھا چڑھنا) رگ اُلٹی ہونا:
درجہ اوپر ہونا، ترقی کرنا، جماعت پاس
کرنا:
دوسری جماعت چڑھناں:
نشہ چڑھناں بے خبر ہونا:
(جہاز چڑھناں) جہاز کا اوپر اٹھنا:
(کچھری چڑھناں) تار ہونا۔
مقدمہ بھگتناں:
(جٹ چڑھیا کچھری بلے بھئی بلے)
(کھاتے چڑھناں) حساب لکھنا
(گڈی گاش چڑھنا) عزت وقار ہونا
(کٹوی چڑھناں) ہانڈی چڑھاناں
(کھوڑے اپر چڑھنا) فرصت نہ ہونا
دُولہا بننا:
(گلاں اپر چڑھناں) دوسروں کا کہا
ماننا:
(گڈی اپر چڑھناں) سوار ہونا، سفر
کرنا: (تاولا ہونا) جلد بازی کا مظاہرہ
کرنا:

..........

## چ۔س

..........

**چَس:** سواد، مزہ، لطف، چسکا:
(ساری گلے نی چس ماری گئی)
ہُنڑ پھرے پگنے باغے وچ نئیں
پُھلاں نی کو چَس (مص)

**چُس:** معمولی سی آواز:
(چُسکناں) مہین سی آواز نکالنا:
(ملکاں نی کُتی گڈی ہٹھ آ چُس نئیں
کیتی) اخ

**چُست:** تنگ:
(چُست پجامہ) تنگ پاجامہ:
چست چالاک:

ہمت والا (چھو ہلا)

(چُستی) چالاکی،زور،تیزی:

**چسکا:** چاٹ،مزہ،سواد (چسکے خور)

(چسکے اپر) مزے اپر۔آس پر۔

**چُسکڑاں:** سہم جانا،ڈر سے آواز نہ نکالنا

**چُسکی:** ہلکا سا گھونٹ:

**چسکو:** چسکے باز۔مزے لینے والا:

## چ۔غ

**چُغل پھتہ:** چُغل باز۔

**چغلناں:** بات کو گول مول کرنا:

(چغلناں،چغلڑاں) جُھٹا کرنا،کھانا خراب کرنا،تھوڑا کھانا تھوڑا خراب کرنا،منہ میں چبا کر پھر نکال دینا۔

مذاق بنانا (چتھاں کرنا)

(میں چغلاں ں لوک چغلّن مینوں (اخ)

(چُغلی بانڑاں) پیٹھ پیچھے بُرا کرنا:

(کسے نی کنڈی پچھے گل کرنی)

صاف بات نہ کرنا۔لفظوں کو پورا ادا نہ کرنا۔

**چُغلہ:** کونہ۔کوٹھڑی نما مکان۔

**چغلی:** منہ میں رکھی چیز۔مکروہ:

**چُغلی:** غیبت:

**چغوڑ:** جھاگ (شیرہ)

چولہے میں لگی گیلی لکڑ سے نکلنے والی رس:

"چُلہے اچ لغیاں نیلیاں لکڑیاں اِچرے

اسے طرح تُخڑ یاں پیاں سیاں تے

نال ای اُنہاں وچوں شیرے ارتئی تی

چغوڑ باہر نکلنی پئی سی" (اقتباس)

افسانہ۔۔۔بُوزیوراں

اونٹ کے منہ سے نکلی جھاگ

## چ۔ف

**چُف:** ہونٹوں کی آواز:پھوک

(چُف کرنا) دم کرنا

**چفیرے** : (چارچفیرے) چاں طرف (چہار اطراف) (چوگردے،چوپاسے)

## چ۔ک

**چک:** چرخ،پہیہ،چکا،گول پھرنے والا:

کمہار کا چکا،کڑا،گول مول چیز:

(کنویں کا چک) گول فریم:

دانتوں کی کاٹ:

(چک مارنا) دانتوں سے کاٹنا:

(ہک چک مارن دے) (بال بولی)

(چکیں با کھانڑاں) مُ۔پچھتانا:

گا ں کی حد بندی،چک بندی:

(چک) گا ں،نئی آبادی

(چک دولت) گا ں کا نام:

چِک: (تیلیاں کانیاں ناپڑدہ) چلمن
(سجناں نے بوہے اگے چک تان لئی)
چُک: کمر کا درد (پٹھہ چڑھنا)
ایک روگ، کمر کا درد (چُک نکلنا)
(چُک لانڑاں) ٹورناں۔ چلانا (چوبنا)
(مُک چُک) حساب کتاب ختم:
(چُک) اُلارہ، شبہ:
چانڑاں، اپر کرنا:
چَکّا: پہیہ، کڑہ:
ہوشیار، دھوکے باز، چور چکا:
(چور چکا چوہدری لُنڈی رن پردھان)
(اخ)
(شہر لسائیں چکے پہل) اخ
چُکا: ذرا بھر، لپ، ایک ہاتھ:
(مڑے چُکا ہک چا دے)
ہتھیلی پر آجانے والی چیز:
(لپ چُکا باہنڑاں) بھڑکانا، تیل ڈالنا:
(چُکا چُکا) تھوڑا تھوڑا:
(بیں چُکا) نسل ختم کرنے والا:
(چُکا) نوکدار یا کیل لگا ڈنڈا (سوٹی)
چکار: (چور چکار) نقب زن:
چور چکار تے اوگن ہارا
کملا جھل بلّلا
ہکے آس ہنیرے اندر
بخشن والا اللہ......(سلطان ظہور)
چُکاں: بے جا چھاڑ۔ شیطانی:
نوک دار چیزیں:
(چُکاں دینڑ یاں) خانی کرنا:
چکانڑاں: ختم کرنا:
(سارا جُگ مکا چکا چھوڑیاس) گل

مقرر کرنا، ریٹ طے کرنا:
چکری: چکر باز:
(ایک گاں کا نام) ڈھیری چکری:
چِکڑ: کیچڑ:
عقل اساں کی ذراوی کو نئیں
چِکڑ یہہ نے وچ پھسنے پئے آں
(عارف ادیب کیانی)
(چکڑ سٹناں) کیچڑ اچھالنا، بدنام کرنا:
(خوامخواہ کسے اپر چکڑ سٹنا چنگا نئیں)
(چکڑ لانڑاں) وقت سے زیادہ بیٹھنا:
دیر لانڑاں (بہکل بندہ)
چکلا: (چکلا بنڈا) روٹی پکانے کا گول تختہ:
رنڈی خانہ، کوٹھا:
چکمہ: چکمہ دینا، دھوکہ دینا، ورغلانا:
چکن: ململ کا کپڑا، جس میں پھول کڑھے
ہوں: کپڑے کی قسم:
(چکناں نے چیلے)
چکناں: تھندا، تیل ملا ہوا:
(چکنی مٹی) بے شرم، ڈھیٹھ:
چکنا گھڑا (روغنی)
چُکناں: (مکاڑں) ختم کرنا:
ختم ہونا۔ حساب تمام کرنا:
چکناں چور: چُور چُور، کرچی کرچی ہونا:
چکو: چاقو، بند ہوجانے والی چھری:
چکوڑیا وا: جکڑا ہوا:
جسم کے اکڑا کی حالت:
اعضاء کا سُست ہونا، درد کرنا:
چکی ویلا: دیسی گھر والی چکی پینے کا وقت:
(سرگی ویلا)
(چکی راہنڑاں)

(چکی نے پڑ پچھناں)
راہنڑاں، پڑ چھیدنا: (پتھر کھر درے
کرنا)

**چکّہ:** (آر) بیلوں کو تیز ہا کے لئے ڈنڈی
میں لگی نوکدار کیل۔
خراد یا چھری کی نوک، میخ،
باریک کِل:
(چکہ لانڑاں) ہوشیار کرنا:
(ٹُرنے داندے کی چکہ نئیں لا نا) اخ
۲ (چکہ رج) بہت تھوڑا۔ چار انگلی۔ ایک
چپہ۔
(لپ چکہ باہنڑاں) مح

## چ۔کھ

**چکھ:** امر (چکھڑ اں) فعل
ذائقہ& س کرنا:
زبان سے نمک مرچ کا اندازہ لگانا:
ایہہ دُنیانی کھٹی لسّی
ل چکھ نہ سکاں
(باقی صدیقی)
**، پچنے:** دفع، دُور:

## چ۔گ

**چگاٹھ:** چوگھاٹھ، دروازے کا فریم:
(لکڑی نی چاغاٹھ)
چورس فریم:
**چگھا:** بڑی جھگی:
(چگہا گالناں) خانہ خراب کرنا:

(رَل مِل چگہا گالی ناں) کپت
**چکتا،** : ختم کرنا، قرض ادا کرنا۔ حساب ختم
کرنا:
**چگر دا:** چوگردا: چاروں اطراف:
(چھواں پاسے) ماحول:
**چگڑاں:** پرندوں کا دانے کھانا:
(چار گُنا)
**چگلناں:** چغلناں:
جُوٹھا کرنا، منہ میں رکھ کر پھیرنا:
(چُگل پھتا) گھٹیا نیچ آدمی، چغل خور:
(گل چغلناں) بات مکمل نہ کرنا:
**چگھوڑناں:** جکڑنا:
**چکھے:** (چکھے لانڑاں) مح
حجت بازی کرنا:

## چ۔ل

**چِل:** مٹی کی ڈھیم، ہل چلاتے ہو مٹی کی
بڑی بڑی سِلیں نکلنا (مٹی کی سِل)
(چلاں) جمع
**چَل پَل:** آناًفاناً۔
**چِل چِل:** پرندوں کا شور (چڑیاں چل چل لا
وی)
**چل بلا:** :
اِتھرا، بے چین، :
چھلبلی، شوخ
**چِل مچی:** چِر مچی:
ہاتھ دھلانے والا برتن، گول ڈوھنگہ نما
ٹرے، جس سے لوٹے میں پانی ڈال کر
ہاتھ دھلا جاتے ہیں، مہمان کی

عزت افزا کرنا:
چارپا پر بیٹھے بیٹھے ہاتھ دھلا
جائیں:
**چل چلی نا میلا:** بے ثباتی دنیا، فناہ کا مقام:
**چل سوچل:** ایک ایک کر کے چلے جانا:
**چل چلا:** رِیت، رواج (فیشن)
کوچ، ٹورا، روانگی:
**چلا:** خرچ، استعمال (کانزیمشن)
طلب۔ مانگ (ڈیمانڈ)
**چِلاّ:** گیان، وظیفہ، مراقبہ:
اللہ تعالیٰ کی عبادت میں ہمہ تن مشغول
رہنا: چالیس دن کا چلہ:
**چِلا:** (چلاّ، چوچا) چوزہ:
(چلو کباب) ایرانی کباب:
(چِلوں چِلوں کرنا) چوزوں کا آواز
کرنا، مرغی کے بغیر شور کرنا:
**چلانبرا:** (پرچھائیں)
جُل دینے کی حالت (عکس)
ذراسا سامنے ہوکر چھپ جانا:
**چلا ل چلا ل:** وٹ سے بدن یا ٹا
درد کرنا: ساڑ، تڑک۔ درد کی ٹیس۔
**چلا :** آ چلا (کے کی روہڑنا) کام چلانا:
ہاتھ آگے کرنا، وقت گزارنا، وقت ٹپانا:
(آ چلا کرنا)
**چلپاتر:** کچھوا:
**چِلتر:** (چِل...لِت...تَر)
مکر فریب، چھل بھل، بہانہ، چالاکی:
**چلتاپُرزہ:** ات سیانا آدمی، ہرفن مولا:
(کروں، کایئاں)
**چلنیاں پھرنیاں:** راہ ٹُرنیاں:

(اسنیاں گسنیاں) سرسری طور پر:
**چلِک:** چلچلاہٹ، لشکار:
چلچلاتی ہو دھوپ:
**چلک:** چمک۔ لشکاہر:
تیز روشنی، ٹیس، چبھ:
(چلکاں پینڑیاں) چمک سے آنکھ کا
چندھیانا:
**چلکار:** عکس۔ چمک:
**چِلم:** ایک طرح کا لمبی نَے والا مٹی کا حقہ:
(چلم بھرنا) تابعداری کرنا، غلامی کرنا:
کورگڑکرڈالنا:
**چلم بھرنی:** (چلم تیارکرنی) کوکوڈال کر چلم
تیار کرنا۔ غلامی کرنا، مزارع پُنا
(وڈیروں کی چلیمیں بھرناں)
**چلمی:** (چلماں بھرنے آلا
**چلناں:** د ، کنارہ کرنا:
چلے جانا، دفع ہونا:
**چلناں پھرناں:** ٹرناں پھرناں، چال پکڑنی:
(دماغ چلنا) دماغ پھرنا، پاگل ہونا
دماغ کا کام کرنا، چالو ہونا:
ریت رواج پکڑنا، رسم چلنی:
پیدل چلنا، کوچ کرنا:
مرناں، دنیا سے چلا جانا:
گھبرانا (چلناں) (بِرکناں، ٹرکناں)
(اوہ تہاڑے کولوں صحیح چلناں)
مشین یا گاڑی کا چلنا، سٹارٹ ہونا:
**چلنگا:** (چِ...لُنگ...گا)
کپڑے کا بغیر سلا کیا تھیلا:
(ڈھیلی چارپا )
**چلنگڑاں:** (چِ...لُنگ...ڑاں)

(اُلچنا)
پانی کو تھوڑا تھوڑا کر کے صاف کرنا:

**چُلھ:** چولہا، گھر، خانہ آبادی:
آگ جلانے کی ص جگہ )اڈہ
(چُلھا، کھٹیالی)
نا نہہ توں باہی جھونپڑی
نا نہہ میں باہیا چُلھ
دو گئے آں رُل......(اخ)
(نا نہہ چُلھ چھوڑے نا نہہ تھاڑ مارے)
(اخ)
(چُلھا اگی کولوں تے ماء بچیاں کولوں
نئیں رجنی)اخ

**چُلھے:** (جمع)
(چُلھے اچ پانڑیں پینڑاں)اخ
(چلھے پچھے پرد )اخ
(چُلھیاں اُٹھی اُلے)اخ
(چُلھیاں اُلے)مح
پاس بیٹھے ہو دور: چولہے کے پار بھی
نظر سے دور رہنا:
جوگی چُھگیاں پٹی رو
بلنے چُلھے سھانڑیں اُٹھے

**چُلھا چُوکا:** کھانے پکانے کی جگہ، کھانا پکانا:
کھانے پکانے کا کام (ہانڈی روٹی
کرنا)

**چَلھَت:** (جھلیت)
نام نہاد سادگی، جھلاپن:
میں سارا چَلھَت جیا کڈھی چھوڑ ساں:

**چلھٹ:** مٹی کے چولہے کی تہہ۔

**چلوٹی:** کرولی ۔کُلی (دانت صاف کرنے کا
عمل)

**چلو:** چھوڑو (چلو کو گل نئیں)

چلی: (چ ۔ل ۔ل ۔ی)
ان دُھلے کپڑوں کی گٹھڑی

**چلو چلی:** آنا جانا (چلتے رہنا)
(دنیا چلو چلی نا میلہ آ )

**چلھوٹی:** چکر، گردش:
(چلھوٹیاں کھناں)مح ۔ پھیرے
ڈالنا:
(مُڑی مڑی کے اسناں)
للچانا (ترسناں)

**چلھونڑاں:** جُھلسانا۔

**چلھیانڑی:** بغیر چھت کے چھوٹا چولہا

**چلیاپڑ:** گارے کی لپا کا سوکھا ہوا چوڑا ٹکڑا: پاپڑ
سوکھی اور کھنکاتی مٹی جو کچے تالاب کی
سوکھی سطح پر پاپڑ کی مانند آ جا :

**چلیاں:** دھونے والے کپڑوں کے ڈھیر۔

**چُلی:** لپ، ہاتھ کی ہتھیلی، چلو بھر:

**چلیس:** دانتوں کی خارش:

## چ ۔م

**چم:** (چمڑی)
(کم چاہی نا آ چم نئیں چاہی ناں)اخ
(میں چم پٹسی کھنساں)رعب ڈالنا:

**چم:** پانی مار مٹی کی ڈھیم:

**چم:** چوم (امر)

**چم چم:** چمکنے کی صورت (لشکارا)
ایک مٹھا :

**چم تا کھ:** چمگادڑ۔

**چم چھل:** ربڑ کی طرح سخت چیز۔

**چمار:** چمیار،مسلّی (چم لاہنڑیں آلا) مُردہ یا حلال جانوروں کی چمڑی اُتارنے والا:
(چمیارن) (مونث) گندی عورت، کمینی:
(پتہ نئیں کتھے نی چمیارن اے)

**چماں:** جمع۔گیلی زمین میں ہل سے ا والی مٹی کی ڈھیمیں:

**چُماں چٹی:** پیار محبت (بوس وکنار)

**چملا:** ملا ۔چپ چپا:

**چمنی:** انگیٹھی کا سوراخ:
ٹین کا دیا:

**چمبا:** مہکواں بوٹا،سفید پھولوں والی خوشبودار بیل،
چڑیوں کا جُھنڈ (چنبہ)
(ساڈاں چڑیا دا چنبہ وے بابل اساں اُڈ جانڑاں) گ
پوٹھوہاری پروگرام (چمبہ رویل)
(کو چمبہ رویلے پالیا...) گیت
(سید طارق مسعود)

**چمب:** بارش کی بوچھاڑ:

**چُمب:** (بُکل) چادراوڑھ کر بیٹھنے کی شکل:
پرندوں کا پر پھیلا کر بیٹھنا:
اداسی اور پریشانی کی حالت:

**چمبل:** ماس کی بیماری (سکن ڈیزیز)

**چُبھی:** غوطہ:

**چمبلی:** چمبلا۔مذکر (لیسلی) گوندار،چپکلی:

**چمٹا:** آگ پکڑنے کا آلہ:
ایک لوک ساز:
(گھڑا )
(چمٹے نیں مونہہ انگار) اخ

: (چ..مِٹ..ٹا)
ہوا (نہائت میلا سر)
(سر بنڑیا وا)

**چمٹناں:** (چ..مُٹ...ناں)
چمٹنا (داخل ہونا)
(جن چمٹی گیا) بلا چمٹی گئی:

**چُمڑاں:** (چومنا) بوسہ لینا، پیار کرنا (چُمی لینا)
مقدس چیز کا ادب کرنا:
بوسہ دینا، چومنا:
عزت احترام کرنا، پیر ماننا:
زیارت پر سلام کرنا، ماتھا ٹیکنا:

**چمڑناں:** (چمٹ جانا)
جڑناں، ایک جان ہونا، لپٹنا، ساتھ لگنا:
نتھی ہونا، پیچھے پیچھے لگنا:
(کانٹوں کا چمٹ جانا)

**چَم چڑک:** (چمچڑی) چمگادڑ:

**چمچوس:** کنجوس، مکھی چوس:

**چمرکھ:** چرخے کا چمڑا:

**چمکارا:** بجلی کی چمک (آنکھ کو چندھیانے والی روشی:

**چمکاہر:** لِشک، چمک، پانی کا عکس:
(چھا لا)

**چمکانڑاں:** لشکاناں، پالش کرنا (زنگال اتارنا)

**چمکاہنڑاں:** آنکھوں کو چُندھیانا:
(اکھاں چمکاہنڑاں)

**چمکنڑاں:** چمکناں۔لشکنا، چمک مارناں۔
( چمکی آ س) نصیب کی تیزی۔خوش بختی:

**چَم گدڑ:** (چم چڑی) (چام چڑک) چمگادڑ

**چمنی:** دھواں نکالنے کیلیئے پائپ یا انیٹوں کا

چھت سے سوراخ نکالنا۔ یا
کارخانے کا اونچا سوراخ، جس سے
دھواں باہر نکلتا ہو:
انگیٹھی:
(چمنی) ٹین کا دیسی دیا:
(چمنی بالی چھوڑو) دیا جلا دو:
**چموڑناں:** سینے سے لگانا، ہر وقت ساتھ ساتھ
رکھنا: چپکانا:
**چموٹڑاں:** (چموٹاں)
چُرنے:
پاخانے کے مشہور کیڑے،:
(چموڑیں لڑنے) مح۔ ٹِک کر نہ بیٹھنا:
**چِمیں، چمی:** چمی دینا، پیار دینا، بوسہ دینا:
**چمی چٹی:** انگلیوں سے صاف کیا ہوا:

## چ۔ن

**چن:** چاند، قمر،
ٹھاواں مارے پئی چکوری
بدلاں پایا چن کی کھیرا (سلطان)
(چن چڑھیا جگ تکھسی) اخ
(چودھویں نا چن)
(چن جیا متھا)
(چن چڑھے کدے نئیں ) اخ
(چن چاڑھنا) پھبھڑی تے نیاری گل
کرنا۔
(نواں چن چاڑھناں) انوکھا کام کرنا:
(چنے کی گھنڑ لانڑاں) مح
خوبصورت چیز کو داغ لگنا:
دوروں دوروں چنے ار
من پر چا (باقی صدیقی)
اوہ چودھویں نا چن جیاں پا کاں نا من
(افسانہ) مستانی
**چُن چُن:** خستہ حالت۔ ہوا کپڑا:
**چنام:** چُنا ہوا (منتخب) چوٹی والا:
ایک گا ں کا نام:
**چناں:** چاند جیسے (سجناں، سونیا، مائیا)
(مہاڑیا چناں) میرے محبوب
دل کو اچھا لگنے والا:
جینڑیں رہنڑ اوہ پُتر مہاڑے
نالے جینڑ اُنہاں نیاں رتاں
اختر کہہ میں باواں چناں
(چناں وے تیری چانڑنی۔۔۔) گ
میرے چاند:
(چناں) کمرے کی بغلی دیوار (عرض)
(چنیوں بوہا کڈھناں) مجبور کرنا۔
**چُناں:** چُندھا (اکھیاں کی چمکا ہنڑے آلا)
چندھیا آنکھوں والا:
**چناآں:** دریا چناب (لنگ جاوے پتن
چناں دا اویار) گ
**چنا :** مستری پُنا، دیوار بنانا، چُننا، اینٹیں
لگانا، خلا پُر کرنا (تیسی کرنڈی کا کام)
**چنب:** بوچھاڑ
چنبا: مہکواں پودا
(چنبا رویل)
**چنبڑاں:** (جھاڑنا)
(ساریاں چھاڑیاں چنبڑاں) مح
تمام آسرے آزمالینا۔
**چُنبی:** غوطہ، ڈبکی:
(چُنبی مارنا) مح۔ بہت عرصے کے بعد

ملنا(کُرے لی چمّی ماری گیا ایں؟)

**چِنتا:** فکر، کھٹکا، سوچ وچار(چھورا)

**چُنجڑی:** کوے کی کاں کاں، شور:
ہلکی بحث جھگڑا، نوک جھونک:

**چِنج:** تیز نوکیلا سرا۔ نوک:
(چنج لشکاڑاں) مح۔ منہ دسناں۔ سامنے
ہونا: (سویلے سویلے اچھی چنج لشکا  س:
(چنج نشانی) یادگار۔ ثبوت:

**چِند مِند:** صفا  سے نہ کیا ہوا کام:

**چَندرا:** بدنصیب (شوہدا) بے چارہ، کنجوس، شُوم
(بھیڑا چندرا)
(چندرا تار) چاند چڑھنے کے بعد
اتوار:

**چِند ناں:** باریک کرنا (دہرانا)

**چِندی:** نشان (ٹِکہ)
عُہدے کی نشانی:
رائفل کی نالی صاف کرنے کا ڈوری
بندھا کپڑا:

**چنڈ:** چانٹا (دھپڑ)
سخت ماس (مروڑی) پیرے یا ہتھے اپر
نکلنی) مردہ ماس:
(چنڈھیں) ہتھیلی پر پڑے سخت نشان:
(جمع)

**چنڈال:** چنڈی وی (ہرفن مولا) لالچی:
(چنڈال رن)
(چنڈال چوکڑی) (لُچے لوکاں نی جاء)

**چنڈکڑا:** (چن۔۔ڈُک۔۔ڑا)
ہلکا سا تھپڑ:

**چنڈناں:** تیز کرنا، کسی اوزار گرم کر کے ہتھوڑے
سے پتلا کرنا:

**چنڈناں:** پکا کرنا، مضبوط کرنا، نرمی سختی سے گزارنا:
کندن کرنا (بندہ صحیح چنڈیا وا)

**چنڈوکا:** ہلکی چنڈ، ہلکا سا منہ پر ہاتھ مارنا:
شرارت کرنا (چنڈ کڑ الانڑاں)

**چِنڑگ:** (چنڑ..گ) چِنگ
ٹیس، درد کی لہر:
گا  بھینس کی ٹانگ کی بیماری:
(چنڑگ اُٹھنا) لہر کی صورت درد پیدا
ہونا)

**چُنڑگڑاں:** چُنگناں
ذرا ذرا توڑ کر کھانا، بے دلی سے کھانا
کھانا:
بے دلی سے کھانا کھانا:
(چھوٹے چھوٹے لُقمے لینا)

**چنڑگی:** چِنگی
ے کی ایک نسل (چنڑگی  ا)

**چَنگ:** بھلا ۔نیکی۔ اچھا ۔گُن:
تو مندیاں نی معافی نوراں
تو چنگیاں ناں چنگ

**چُنگ:** حصّہ، دانے بھوننے یا چکی پر کاٹ کیا گیا
آٹا (مزدوری) اپنے حصّے کی تھوڑی
یا جزوی چیز الگ کرنا (چونگی لینا)
(چُنگاں) جمعدانیاں نے توڑے (بس
دو چُنگاں ر  گیاں)

**چنگا:** (چنگا) اچھا آدمی:
(مھاڑے نال بہوں چنگا آ)
(چنگا) ہلا چنگا (خدا حافظ)
اچھا، بہتر:
(چنگا میں جلیا  واں) اب میں چلتا
ہوں: چنگا بھلا، ٹھیک ٹھاک:

(سلکھڑاں) نیک، اچھاک، برتا
صحت مند:
(جے بندہ چنگا نانہہ کری سکے تے مندہ
وی نانہہ کرے)
(حلالی وے تے ہِک ای چنگا آ) اخ
جس نے پردے مالک کیجے او ہے سب
توں چنگا (ع) سلطان ظہور اختر
چنگا رہ یا مندہ رہ
بندہ بس بندہ رہ۔ (شیراز طاہر)

**چنگا پھلا**: ٹھیک ٹھاک (اچھا بھلا)

**چنگا چوکھا**: اچھا خاصا (بہتیرا، چوکھا سارا، ودھیا)

**چنگڑ**: پکھی واس قوم:
(چنگڑ خانہ) بد لوگ:
(چنگڑ کھٹے ہو وے)
(چنگڑ وادھا) خانہ بدوش گھرانے:

**چنگوٹا**: خوشامدی (میاں مٹھو)

**چنگی**: محصول چونگی (کاٹ)

**چنگی**: اچھی (چنگی بھلی) نیک، بھلے مانس:
چنگی لغڑیں ہِک کُڑی میکی پوٹھوہارے
نی) گ
: (جمع) اچھے، نیک:
(چنگیاں نیں پنگے تے پنگیاں نیں
(اخ)
چنگیاں نے نال لا کھنساں
آپڑاں آپ بنا کھنساں
(عارف ادیب کیانی)
سنگی لوڑے نی
کنڈے نال چھوڑے نی
(عارف ادیب کیانی)
ویلے پھلا نانہہ کریئے
پھریئے وانگ نواباں
پھیڑے ویلے دُکھ نے جھوری
پھسیئے وچ عذاباں (سلطان ظہور)

**چنگیا**: بھلیا، اچھی عادتیں:

**چنّہ**: مکان کی دیواریں، دائیں اور بائیں
(چنّے)
(چنیوں بوہا کڈھنا) مح۔ تنگ کرنا،
مجبور کرنا:

**چُنہ**: ادھ کھلی آنکھوں والا:

**چنو**: ایک نام (چنو بی) چاند بی بی

**چنی**: چھوٹا چاند، عورتوں کا پیار سے ایک
نام (چنی) چاند بی بی:

**چُنی**: رنگیلا دوپٹہ (پہو چھنڑ)
چھوٹا اور ہلکا دوپٹہ (ماڑا چیلا، لیر)
توں غلابی چُنی رنگی میں غلابی پگ
اساں دواں نا ملناں تکھ نانہہ سکیا جگ:
(باقی صدیقی)

---

## چ۔و

---

**چو**: دوہ (امر) دودھ نکال:

**چوا**: فعل (چونڑاں) چھت کا ٹپکنا:

**چوآ**: (انباہ)، قدرتی پانی جو زمین سے
نکلے، :

**چَووا**: دو سیر اناج کا پیمانہ۔

**چوانی**: (چار آنے، پچیس پیسے) ۲۵:

**چوا** : دوھنے کی حالت:
(منجھی نی چوا سوہنڑی اے) گل
(کسے کولوں چوا کھنیں ار) گل

**چوبھ:** چُبھنے والی چیز تیز نوک)
(چوبھاں)
پُھل تے کنڈ ونویں ہوون
ہکے ڈال نے
ہک کی تک روح خوش ہووے
دوا چوبھاں ل
(سلطان ظہور)

**چوبھا:** باریک نوک شان:

**چوبرگا:** چار بیتا، چار رع:

**چوپٹ:** شطرنج۔

**چُوپڑاں:** چاٹناں۔

**چوپھڑ:** (آلتی پالتی

**چَوتا:** (پہلوانوں ک نگوٹا) جو صرف ستر پر ہی
پورا آ :
(کہہ چوت جے لا وے نی)
معمولی لباس کے بارے کہا جاتا ہے:

**چَوتے:** (جمع) ماڑ ے کپڑے، لیراں (ٹیپی)

**چوتھ:** (اترسوں) رسوں کے بعد کا دن۔

**چوتھا:** آج سے چو ھا دن، چارواں دن
(درود) چو ھے کا ختم، قُل (پھوہڑی
نے چار د اڑے بعد کرنے آلا درود:
(اکھ)

**چوٹاں:** طنز آمیز باتیں:
(چوٹاں مارنیاں) مح
بازارو کیندیاں چُھریاں
عشقے نیاں چوٹاں بُریاں (گال)

**چِوٹ:** (چوٹی)
(چوٹ چاڑھناں) سطح سے اوپر بھرنا۔
(چوٹ) زخم
(اندری سٹ) (جوں چوٹ لگے اوہ
جانڑے) گا

**چوجرا:** (ان دُھدی کھیری) چڈے:
تھنوں والی جگہ کا ماس (گوشت)

**چُوچا:** چوزہ، مرغی کے بچے، چوزے:

**چوچلے:** چونچلے۔

**چَوچَو:** نلکی، چوسنی (میں کو ٹُوڑے کی چَوچَو نہ
آخڑاں) اخ

**چودک:** (یب خانہ) بحث وتکرار:
(دھروہ گھسیٹ)

**چوداں:** (گن) دس+چار=چودہ
(چودھویں نا چن) (چوداطبق) کل
جہان:
(چڑی نی چُت تے چودھواں حصہ) اخ
(چودھیں بگیں چووا) مح

**چودھر:** چودھراہٹ، ئیت پُناں:

**چورسپاہی:** بچوں کا ایک کھیل (پکڑ پکڑا)
(چوراں کولوں پنڈ ھتا لی) اخ
مدعی سُست گواہ چُست:
(چور چکا چوہدری.....) اخ

**چُورا:** برادہ، پھوک، رگڑی ہو باریک چیز:
(چوراشریف) ایک جگہ:

**چوراسی:** (گن) اسی+چار=۸۴

**چورانوے:** (گن) نوے+چار= ۹۴

**چورٹی:** چور (واحد۔مونث)

**چورونجا:** (گن) پچاس + چار = ۵۴

**چورستہ:** چوک:

**چورس:** چارکونہ:

**چُورما:** چُوری کی شکل میں دی نیاز:

**چُورن:** ہاضمے والی پھکی: پسے ہو مصالحے:

**چُوڑ:** گٹھڑی:

(چُوڑھے بنھاں) مح۔ پلے باندھنا:
دوپٹے کا کونہ۔ آنچل:
تکھیں ناماڑے چیلے نی چُوڑھے نال
پیسے بدھے وے نی:
(چُوڑھے نال بنھڑ ہونڑاں) ہر وقت
ساتھ رہنا۔
(چُوڑھ ٹھلی کرناں) جیب ڈھیلی کرنا

**چُوڑ۔** چُول۔
چُول: چارپا کے جوڑ:
(چُوڑاں) جمع۔ چُولیں:
پا اور بازو کے رابطے
(چُوڑ ڈھلی ہو وی)

**چَوڑ:** (ترٹی چوڑ، اُجڑیا وا) تباہی، خانہ
خراب، ویران (چور چپٹ)

**چوڑا:** ران:
(چوڑے) جمع۔ رانیں:
(چوڑا) کُھلا چوڑا:
(چوڑا ہونڑاں) مح

**چُوڑا:** چوڑیوں کا سیٹ، (Set) پورے بازو
پر لگی چوڑیاں:
(چُوڑے والی بانہہ نہ مڑور میں ی
والے ہتھ جوڑ دی) گا

**چُوڑھا:** صفا کرنے والا، جمعدار:

**چُوس:** سیاہی چوس (فوم)
نپی:
(چوسناں) فعل

**چوسی:** چوسنے کی حالت:

**چُوسنی:** بچے کی دودھ والی بوتل کو لگی نپّل:

**چوسالہ:** چار سال کا گھوڑا یا بیل وغیرہ:

**چوسر:** تاش کا ایک کھیل:

**چُوک:** کونہ۔ گوشہ۔ (چُوک چناں)
(کو چوک چناں پھرول نا) لگی چُھپی
جگہ:
کس چُوکے کی لبھے پوچے
کس گُٹھے کی تکے پھالے
(باقی صدیقی)
دوپٹے کا کونہ (آنچل)
بوہٹی کی چُوکے بالناں: رسم
(ترے چُوکہ) ترے کونہ۔ نوک والی
چیز۔ تکون:

**چوکا:** مربع شکل کی اینٹ:
(ٹی آیئرن تے چوکے)
اور چوڑی اینٹ:
(چُلھا چوکا، رسو گھر) چلہا چوکا صاف
کرنا:
پوچہ مارنا:
(چوکا) چار کا ہندسہ:
(چوکا مارنا) کرکٹ کا کھیل۔ چار رنز
**(Runs)**

**چوکڑا:** چار چیزوں کا سیٹ، کھیس، دریاں
وغیرہ، پوری چار چیزوں کی
قیمت، چوکڑا :

**چُوکاں:** (جمع چُوک کی) کونے، زاویئے:
چارے چوکاں موت نے ملیاں رحم
کریں رب سائیاں (س)
کُنڑ چُوکاں کی لبھے پوچے
کُنڑ گُٹھاں کی تکھے بھالے (نظم)

**چوکی:** تاش کا پتا (چار نمبر)
چارپائیوں والی چھوٹی پیڑھی:
اونچا تھلا، اونچی جگہ:

(چوکی چاڑھناں) (مہراج بنا) ایک
رسم:
پولیس چوکی، چنگی خانہ:
**چوکھا:** بہت سارا (چنگا چوکھا) ترمال:
(چوکھا سارا) اچھا سانام:
(چوکھا سارا ناں آ، یاد نئیں اسناں پیا)
**چوکھٹا:** فریم، لکڑی کا فریم، چوکاٹھ:
**چوکھر:** آٹے کا نکلا ہوا چھلکا (چھلور)
**چوگ:** دانہ (چگنے کی چیز) خوراک (نذر نیاز)
(کبوتراں نی چوگ)
روزی۔ دانڑاں پانڑی۔ روزگار
مورکونجاں کی طعنے دینڑاں
تکّی ما کچڑی جمیا
یا تہاڑا پیٹ ٹنگاری
نا نہہ میکی ما کچڑی جمیا
نا نہہ مھاڑا پیٹ ٹنگاری
لخنڑ والے قادر لجپا
جس در در چوگ کھلیاری۔
**چوگا:** چار دانت والا بیل یا گا
(چوگی) (مونث)
(چوگا) چوغا: بغیر بٹن کے ایک کُھلا کُرتا
فقیری لباس:
**چوگٹھا:** چار اطراف، چار کونوں والا:
**چوگردے:** (چار چوفیرے) اردگرد:
**چولی:** (کُرتی) گلے میں ڈالنے کا (اپرن)
کفن کی چولی، غلاف (چھاڑ)
**چولا:** کُھلی قمیض :
**چوکڑاں:** (چانکڑاں) کُتے کا تکلیف میں آواز
نکالنا:
**چوکنّاں:** چار کانوں والا
(ہوشیار)
**چوکھما:** کافی سارا:
**چوکھمبا:** چار منہ والا، دیا، چراغ، چاروں طرف
روشنی دینے والا:
**چولا:** قمیض۔
**چُوں:** مہین باریک سی آواز:
ہوا کا معمولی اخراج:
پُھوسی کی باریک آواز:
(ملکاں نی کُتی گڈی ہٹھ آ گئی، چُوں
نئیں س کیتی) دم رکھنا۔ بڑا دل کرنا
(چودھراہٹ دکھانا)
**چوں جھک:** ایک دم: کچی چھت یا کچی دیوار کا
اچانک بیٹھ جانا:
فالج کی حالت
(حالات کا ایک دم خراب ہونا)
**چُونڈ:** چونچ:
**چُونڈا:** اکٹھے کر کے پیچھے باندھے ہو سر کے
بال:
**چُونڈناں:** نوچنا، نوچ کر کھانا (چُونڈی کے کھا
گیاس:
**چُونڈی:** بالوں کی لِٹ، زُلف (کھلی مینڈھی)
چھوٹی بچیوں کی چونڈیاں باندھنا:
(گُتڑیاں کرنا)
**چونڈے:** کھلے بال:
(چونڈے پٹناں) لڑا کرنا، سر کے
بال پکڑنا: (چونڈے سوں پکڑنا)
**چونڑ:** انتخاب، چنا ۔۔۔ نچوڑ، خلاصہ:
**چونڑویں:** چُنے ہو (چنام)
اچھے اچھے۔ چھانٹے ہو :
**چونڑاں:** ٹیں:

**چونڑاں:** (دھارکڈھنی) دودھ دوہنا:
**چونڑاں:** (جھرنا) چھت کا ٹپکنا۔قطرہ قطرہ
ٹپکنا۔
پہاویں مٹی باہنڑیں رہواں
کوٹھا فروی چو گشڑاں
(عارف ادیب کیانی)
(چونڑیں جا رکھڑاں) خاص کام کیلئے
کو چیز رکھنا۔
**چونڑاں:** چارگنا، چار حصّے زیادہ:
**چونڑاں چونڑاں:** گھی سے تر:
**چونڑماں:** انتخاب کیا ہوا، چنا ہوا۔خصوصی۔
**چونگاں:** (سبزی) کڑوی پھلیاں۔
**چَونہہ چوداں اِچ:** (مح) سرِ عام:
**چُونہہ:** جھانٹ (غیر ضروری بال)
**چوہ موہ:** سراغ، ہلکی پھلکی خبر۔
**چوہا:** (گھتا پہاڑ نکلتا چوہا) اخ:
**چوہر:** چار دفعہ (چار وار)
**چوہرا:** چار تہہ والا:
**چوہنٹھ:** (گن) ساٹھ + چار = ۶۴:
**چوہنڈی:** دوناخنوں کی کاٹ، انگلیوں پوٹوں کی
پکڑ:
(چوہنڈی) چٹکی (دوپوٹے)
(چُوہنڈی مارناں) چٹکی بھرنا:
(چُوہنڈی ہِک) ذراسا:
(چُوہنڈیاں مارناں) مستی کرنا
(نالے ماسی تے نالے چُونڈیاں) اخ
**چَوہی:** چھوٹا ۔
**چُوہی:** چوہیا:
(چکی چُوہی) گھر کی دیسی چکی میں
رہنے والی چوہیا۔

**چو :** ٹپکی:
**چوّی:** (گن) بیس + چار = ۲۴:
**چوّیں:** مرجھا گئے یا مرجھا ہو
**چُووَیں:** چھوٹے چھوٹے خربوزے:
(کمزور پھل)
**چُوئیں:** گوشت کا دانہ (مروڑی)
(چُوئیاں) جمع۔ایک بیماری:
جلد پر نکلے گول دانے:
مروڑیاں:

## چ۔ہ

**چُہا:** دوسیر اناج کا پیمانہ (چار پڑوپیاں ہک
چُہا)
**چہاپڑاں:** خالی تھنوں کو چوسنا (لیہڑاں)
**چہاٹا:** (چٹا چہاٹا) سفید سر: بے عقل بوڑھا:
نِکیوں نی اس یاری ناں دس کہہ کرییے
دوآں ناں ہُنڑ چٹا چہاٹا ہونڑ لغا
(ذہین احمد)
**چہانڑ:** (چہاڑ)
کھلے بالوں والا سر (چہانڑ کھلر یاوا)
**چہاٹی:** لسی بلونے والا مٹی کا گول برتن ( )
**چہاء:** (تاء) (چہا کرناں) آنکھوں پر ہاتھ
رکھ کر محبت جتلانا۔
**چھہر :** قبر نما کھڈا:
**چھہر چھہر :** (چھہر چھہر کرناں) مح
غلامانہ انداز:
**چھہری:** (روزن) شگاف (خلاء)

**چھری:** درز (نالی نما) چھری مارنا:
تار دبانا۔ یا کنسیلڈ کرنا:
**چِھری:** کمینی اور گری ہو عادت والی (لالچی
(چھریاں) (جمع) مونث
(چھرے) جمع مذکر
**چھرل:** بڑا زخم (پھاڑ)
**چھرے:** (ڈیسنٹری)
**چھس پلسا:** لالچ، کھوہ پوچ۔
**چھسناں:** (چھسڑاں) دانوں کو ہلکا ہلکا بھوننا:
(تیل چھسناں) سر میں تیل کی مالش
کرنا:
**چھک:** جھاکا۔ شرم (جھجک)
(کڑی مُچی نا چھک یا ڈبو کُتا پچھے
لایا) گ
**چھل بہل:** رونق:
**چِھلک:** (چھل۔ک)
جھلکی، دیدار۔ درشن:
**چھمبڑاں:** (چھنبناں)۔ پتے جھاڑنا:
(ساریاں ڈالیاں چھمبڑاں) مَ
ہر جگہ پہنچنا، اثر استعمال کرنا:
**چھمکاٹڑاں:** جھلملانا (اندھا پن ظاہر کرنا)
**چھنجل:** جھنجال:
**چُھوٹھ:** جھوٹ:
**چُھوٹھا:** جُھوٹا (چُوٹھے اپر لعنت) اخ
**چھوٹا:** جُھوٹا (سنڈھا) بھینس کا نر:
**چھیاڑیاں:** (چھانیاں)
ہندو ذات کے مردے جلانے کی جگہ:
**چھیک:** چھوٹی پہاڑی یا اونچے ٹیلے کے پہلو میں
ہموار زمین:
(چھیکاں) جمع

مزارعوں کے رہنے کی جگہ۔

.....................................

## چ۔ے

.....................................

**چیتا:** خبردار (چیتا ایہہ گل کیتی آتے)
(یاد)
حافظہ، یادداشت، خیال، دھیان:
**چیپڑاں:** (چپٹاں)
(چموڑنا) چپکانا:
**چیپی:** لیوی، لیوی لگا کپڑا:
**چیتر:** (چیتر، بساکھ) دیسی سال کا
مہینہ (پندرہ فری تا پندرہ مارچ)
(وسے چیتر نا نہہ کھڑ مٹے نا نہہ کھیتر)
(اخ)
(اس کٹے کئی چیتر کٹے) اخ
میں آں کنکاں ناسِٹہ
توں چیترے نی واء
مینڈھے نال نال آ
(باقی صدیقی)
چیتر چڑھناں سبزہ جاگے
پُھلن تھوہر پھلائیاں (سلطان ظہور)
چیترے نی رُت) افسانہ)
**چھیتڑا:** پُرانا کپڑا (لیر پتیر)
**چیچی:** ہاتھ یا پیر کی چھوٹی انگلی:
بیروں کو توڑ کر ان سے پتلا باریک نکالا
گیا بیج (چیچیاں کڈھناں)
(میری چیچی دا چھلا ...) گا
**چِیر:** چیر پھاڑ، عمل جراحی:
(چیر) دیوار یا لکڑی کی پھوٹ (پھاڑ کا
نشان)

(چیری پھوڑ ساں ایں) غصّے کی حالت:
(ہک بریوں چار نکلنے) اچھا جوان:
اچھی صحت کی ضمانت:
(چڑے چیری کتیاں اگے با ں)
گالھ

**چیر:** (مانگ) بالوں کا درمیانی حصہ:
(چیر کڈھناں) فیشن کرنا:
شیشے اگے کھلی کے کنگھی کرنا)(
معیوب فعل تھا مگر اب ۔۔۔۔)

**چیرا:** زخم یا پھوڑے کو نشتر سے پھاڑنا (چیرا
دینا) زخم کتھے تے چیرا کتھے؟) اخ
اپریشن کرنا:

**چیرناں:** چرا کرنا۔
آرے سے چیرنا، لکڑی کی چرا کرنا:
کپڑا ماپ کر پھاڑنا، چاک کرنا:
(ندیاں چیرناں) مح۔ بے خطر کام کرنا
(داڑی میں کولوں ڈرے راتیں
ندیاں چیرے) اخ

**چیرمی:** ترچھی، کاٹ دار (چیری اکھ)

**چیرنی:** نشتر، چیر پھاڑ کرنے والا اوزار:

**چیڑ:** ( خانی) بار بار نا، نام
بگاڑنا، نے کا کو بہانہ:
(چیڑ ں)

**چیَڑا:** (چھڑا) ضرورت سے زیادہ چوڑا:
قابض۔

**چیڑا:** (چیلا) دوپٹہ، سرکی چادر:
(لیڑے، کپڑے)

**چیڑھ:** لیس، گوند، کیکر یا جنگلی درختوں کے
ساتھ لگا ہوا لیس دار گاڑھا مادہ:
کمر درد یا کمر کی مضبوطی کیلئے کھا جاتی
ہے:

**چیڑے:** (چیلے) کپڑے لتے:
کتنے چیڑے کتنے صافے (باقی)

**چیز:** شئے، مٹھیا (کھڈا نا) مال سامان:
(نکے تیں کو چیز گھنی اچھیں)
ایہہ وی کو چیز اے؟
(چیزا ان چیزا) قدر والا اور بے قدرا:

**چیک:** چیخ:
(یاداں جس لے پھہت ٹھکورن پتھر
مارن چیک) ع
(چیکاں) جمع
مینڈا جو بن چیکاں مارسی
تے ہسی تک تک جگ
(باقی صدیقی)
تھوئیں کی میں شیکاں آپوں
اس توں بعد میں چیکاں آپوں
(شکور احسن)

**چیکڑاں:** (چیکناں)
چیخنا، چیخ مارنا (چیکاں مارنیاں)
کوہاٹی چپل کی آواز:

**چیکڑیں:** چکنی مٹی (ملا )
آواز کرتی ہو :

**چیکڑی:** (کیچڑ) پتلا گارا۔

**چیک چہاڑا:** (رولا) شور، کوک فریاد:
(واویلا، غوغا)

**چیلا:** دوپٹہ (سرکی اوڑھنی) عزت:
چادر (گڑ ہیے سرے اپر چیلا کر)
(چیلے) کپڑے لتے:

**چیلا:** شاگرد، گرو اور چیلے (گرو جی! چیلے
بہوں ہو گئے (ج) آپوں پکھے

ہو تے نسی گیسن)

**چیلے:** کپڑے چیلے (شلوار قمیض)

**چیں چیں:** (چڑیوں کا شور)

(چیں چیں میرا پوٹا سڑیا کھچڑا کھاہدا)

بال گیت:

(چڑیاں چیں چیں کرن سرہانڑے

غافلا ں جاگ نہ آ )

(گ)

**چینبل:** مستی۔خوشی کی لہر:

**چینا:** (کالا چٹا) باریک باریک داغوں والا:

جانور یا پرندہ۔ چترا ۔جیسے تلیر

(چینا کبوتر)

(چینی ککڑی، چینے پیر) ب گ

لڑکیوں کا ایک کھیل:

(چیناں باہنڑاں) مح

(چیناں چھیڑناں) مح

(چیناں کھیڑناں) مح

عورتوں کی لڑا (اوہ چیناں چھیڑ یاس

کہہ دساں)

**چینجو:** کھیل، لڑکیوں کا خانے بنا کر ٹپنا، پگنا:

(ٹھیکری نال کھیڑناں)

ایک پاؤں سے خانہ ٹپنا:

(چینجو کھڑانڑاں) تنگ کرنا

**چینک:** چا دانی۔تھرماس:

(چینک تے پیالیاں)

(کو چینک چاء والی۔۔ماہیا)

**چینک:** چیخ:

**چینکڑاں:** چیخنا (آواز نکالنا)

(چینکڑیں آلی جُتی) کوہاٹی چپل:

.................................................................

## چھ۔ا

.................................................................

**چھا:** (جھا)

(جھا کی صورت) سرپرائز:

(چھا کرنا) جھانکنا (حیران کرنا)

(بچوں کو نا)

**چھاڑ:** (جھاڑ)

(چھاڑ) فصل کی پیداوار:

(چھنڈ چھاڑ) لعن طعن، جھڑکیں:

**چھاڑناں:** (جھاڑناں)

صاف کرنا، موٹا موٹا کپڑے سے

صاف کرنا (چنبڑاں، چھنڈناں)

بٹورنا، حاصل کرنا،

(چھاڑناں) پتوں سے دم کرنا:

**چھاڑو:** (جھاڑو)

بوہکر، باری، ہونجھنی:

**چھاڑی:** جھاڑی:

کانٹے دار چھوٹا سا جنگلی درخت،

کنڈیاری، کانٹوں والا چھاپا،:

کانٹوں والا گول درخت:

کم اونچا، جنگلی بیری:

**چھاکا:** (جھاکا) جھجک۔شرم۔ہچکچاہٹ:

**چھاگا:** (جھاگا)

جھاگ میں کپڑا مارنے کا عمل:

ہلکا سا کپڑے کو دھونا (چھا گا مارناں)

**چھالر:** جھالر:

کناری کا کپڑا، خوبصورت باڈر، لیس

کڑھا کی ہو پٹی:

ماتھے کا گہنا:

**چھالو:** (جھالو)

فرماں بردار، بُردبار، برداشت کرنے
اور سہنے والا، نوکر:
**چھانبلا:** مٹی کا بنا اناج کا انبار۔
**چھامبا:** بڑا جھاڑو (چھامبا پھیرنا) مح
پتوں کی وہ ڈالی جس سے دم کیا جا :
**چھامبڑ:** (جھامبڑ)
ہوا یا بارش کے تھپیڑے:
(چنڈ تھپھا)
(چھامبڑ چاڑھناں) مح
**چھانجر:** (جھانجر)
پیروں کا مشہور گہنا:
(میری چھانجر چھن چھن چھنکے) گا
کبوتروں کے پیروں میں پڑی
جھانجریں:
**چھاواں:** (جھانواں)
(جھاما)
میل اتارنے کا کھردرا پتھر:
بدھو، ناسمجھ، بے عقل (لوہلا آدمی)
**چھاہ:** (جھاہ)
کانٹے دار چھوٹا سا جانور (خار پُشت)
**چھا :** (جھا )
جنگلی پودا جس کا جھاڑو بنایا جاتا ہے
(بُوٹی) (چھا نیاں بہاریاں) جھاڑو:
**چھاہی:** (جھاہی)
چھاہ کی تانیث:
جدوں نی چھاہی مو اج چھاہی تکھی:
(اخ)

...

## چھ۔ب

...

**چھِپ:** چپکا ہوا (ایک جان)
دروازے کا آپس میں زور کا بند ہونا:
دروازہ چھپ ہو یا وا (فکس)

...

## چھ۔پ

...

**چھپا:** (جھپا)
کانوں کی بندش، ساں ساں کی آواز:
(چھپے چڑھناں) مح۔ کانوں کے
پردے بند ہونا:
سنناں ئیں، کناں کی چھپے چڑھے وے
نی:
**چھپٹ:** (چھپ... پٹ) جھپٹ:
جھڑپ:
(جھپٹ کھناں) جھڑپ لینا:
**چھپٹ:** (چھ... پہٹ)
چھیننے کی حالت (جھپٹ)
(جھپٹا مارنا) مارنا، چھیننا:
پنجوں سے کو چیز اُڑانا:
**چھپیڑناں:** بند کرنا، دروازے کے دونوں تختوں
کو پس میں سختی سے ملانا۔
**چھپکا:** (چَھ۔۔پک۔۔۔کا)
(جھپکا)
غسل خانہ:
(چھپکا مارناں) ہلکا سا نہانا:
(پانڑیں تارناں)

...

## چھ۔ت۔ٹ

...

**چھترناں:** چتر پن دکھانا۔

(نالے چورنالے چترا)مح

**چھٹ:** (جھٹ)
ایک پل، گھڑی، منٹ، کجھ دیر، فٹ
(چھٹ ٹپانڑاں) وقتی گزارہ کرنا:
جھٹ کھڑی، تھوڑی دیر
(چھٹے گھڑی کی) تھوڑی تھوڑی دیر بعد
بار بار:
(چھٹ منگڑیں پٹ بیاہ) اخ

**چھٹ ٹپا:** (جھٹ ٹپا)
وقت پاس کرنے والا، بے فکرا:

..............................................................

## چھ۔ج

..............................................................

**چھجناں:** (جُھناں)
جھولے کھانا (پینگ چُھجناں)

**چھجک:** جھجک:
جھاکا، سنگ، شرم، ڈر، خوف،
اوپریائیں:

**چھجکے:** (جھجکے)
جھٹکے (ہچکولے)

..............................................................

## چھ۔ڈ

..............................................................

**چُھڈو:** (جُھڈو)
بے عزتا (خاوند) جھاواں جھیا:
رن مرید:

..............................................................

## چھ۔ر

..............................................................

**چھر:** پانی گرنے کی آواز، جھرنا، جلھار:

**چھر:** اصطبل کے ساتھ بنی پکی نالی جس میں
گھوڑے پانی پیتے ہیں:
با لی کے ساتھ بنی ہو پانی کی جگہ:

**چھرٹھ:** (جرٹھ) ج...رٹھ:
(چھرٹھ مارناں) بے دھیانی سے کسی
چیز کا چھین لینا:

**چھرکھا:** (جرکھا)
ندیدہ، لالچی، بُھوکا، آرزومند:
خواہشمند، ترسیا، للچایا، پچتھا:

**چھرھل:** (چھ.....رھل)
(پھاڑ) دراڑ (گہرا زخم)

**چھرلو:** (جُھرلو)
مداریوں کا ایک ٹوٹکا (طریقہ) منتر جنتر
ہیر پھیر، دھوکا، نظر بندی:

**چھرناں:** (جرناں)
جذب کرنا:
برداشت کرنا۔ دل بڑا کرنا:

**چھریٹھ:** (جریٹھ)
خراش، رگڑ، ہلکا زخم، گھسیٹ
(جریٹھاں تے نئو نہدراں) امجد علی بھٹی

**چھریٹھناں:** (جھریٹھناں)
خراش ڈالنا۔
(گوہنڑاں) تیز تیز قلم چلانا،
شکستہ مارنا:
تیز اور خراب لکھا:

..............................................................

## چھ۔ڑ

..............................................................

**چھڑ:** بادل۔
آنکھ کا موتیا۔

**چھھڑی:** (جھڑی)
لگاتار بارش کا سلسلہ:
(چیتر ے نی چھھڑی نہ کوٹھا نہ کڑی)
(اخ)
(جمعراتی نی چھھڑی) اٹھ واری:
آٹھ دن تک لگی رہنے والی بارش:
(باہر لغی چھھڑی اندر رہیو وڑی) اخ
(پھل چھھڑی) آتش بازی کا سامان:
**چھھڑناں:** جھڑنا۔ پتوں کا گرنا:

## چھھ۔س

**چھھسناں:** (جھسناں)
مالش کرنا، تیل رچاناں:
مساج کرنا:
ادھ بھُنا کرنا:
(ستو بنانے کے لئے جَو بھونا)

## چھھ۔ک

**چھھکڑاں:** (جھکناں)
جھکناں، ہچکچانا، پرہیز کرنا:
(چھھکڑیں آلا) شرماکل۔شرمیلا:
(چھکڑاں) سنگناں، شرمانا:
کس آں تکیں
وا کولوں چھھکیں (باقی صدیقی)

## چھھ، کھ

**چھھکھڑ:** (جھکڑ)
آندھی، گرد غبار، ہنیری:
(چھھکھڑ سبھے منظر ٹھکے) کتاب
شکور احسن
**چھھکھڑ بدل:** بادو باراں:

## چھھ۔غ

**چھھغ:** (جھگ)
صابن کی جھاگ۔
غصّے سے نکلی تھوک:
اونٹ کی بلبلاہٹ:

## چھھ۔گ

**چِھھگا:** (جھگا)
کرتہ، قمیض، دیسی لباس (جھگا)
**چُھھگا:** (جُھگا)
گھر، رہائش، جگہ:
(جُگھا گالناں) خانہ خراب کرنا:
**چُھھگی:** (جُھگی)
جھونپڑی، گھاس پھوس سے بنا یا
کپڑے کا گھر:
جس نی جُھگی اتوں لنگن
اُچیاں محلاں نے پرنالے (نظم)
**چُھھگی وال:** جھگی واس
خانہ بدوش، اَوڈھ:
مھاڑے نال نا نہہ رُلناں روہ
مھاڑے نال نا نہہ اتھر و ڈوہل
میں پردیسی
میں راہ گُزرُو

میں آں پکھی وال۔۔نظم (شیراز طاہر)
**چھگے :** (جُگھے)
کچے گھر: کانوں سے بنے ہو :
**چھگیاں :**(جُھگیاں)
کچی بستی:

## چھ۔ل

**چھل :** جھلا پن۔
(فعل امر) برداشت کر، سہار:
**چَھلناں :** جھیلنا، برداشت کرنا (سہارنا)
کل نے بھروسے بندہ
سارے دکھ چھلے (باقی صدیقی)
**چھلڑاں :**(جُھلناں)
لہرانا (کمزوری، لاغر پن)
ہوا دینا، پنکھے کا چلنا:
(کاہنگ چھلناں) بہت زیادہ
مصیبت آنا:
(چھکھڑ جھلناں) آندھی آنا:
(چھنڈے چھلنے رہنڑ) ریڈیو پروگرام
میں آں کنکاں ناسِٹہ
توں چیتڑے نی واء
مینڈھے سرے اُتے چُھل
مینڈھے نال نال آ
(باقی صدیقی)
**چھلکا ہر :** نظارا، جھلک، لشک، چمکار، چانن:
**چھلنگا :** (چُ...لُنگ....گا)
کھلے کپڑے کی بنی جھول:
ما کا ایک کھلا کپڑا:
بچوں کا عام کپڑے کا جھولا:

**چھلی :** (دیوانی)
**چھلیانڑی :**(چلہے چوکے نی جاء، کھٹیالی)
باورچی خانہ (بساری)

## چھ۔م

**چھمب :** بوچھاڑ:
**چھمکہاڑاں :** پلک جھپکانا:
**چھمکڑاں :** پلک جھپکنا:

## چھ۔ن

**چھنڈ :** (جھنڈ)
نوزائیدہ کے بال:
(جھنڈلہا ) بچے کے سر کے بال
اتارنا:
**چُھنڈ :** جُھنڈ :(درختوں کا جھنڈ)
**چھنڈی :**(جھنڈی)
چھنڈیاں (جمع)
کاغذ کی ر کترن:
(چھنڈیاں لانڑاں) خوشی منانا:
(چھنڈی کرنا) مٹ۔ٹالنا:
(چھنڈی دسنا) نہ کرنا۔جواب دینا:
(چھنڈی ہلاڑاں) راستہ دینا، ٹرین
گزارنا:
**چُھنڑکل :**(جُھنڑکل)
چھوٹے دل والا:
**چھنگی :** (جھنگی)
جنگل نما، رَکھ، بیلا، چھوٹا جنگل:

## چھ۔و

..........................................................................

چُھوٹا: بھینس کا نر۔
چھوٹا: پینگ کا الارہ: لہر کی مانند (جُھولا)
نا نہہ اوہ پینگاں نا نہہ اوہ چھوٹے
(باقی صدیقی)
(ع) بس پھانسی نا ہک چھوٹا سا (نظم)
سوہنی فجر تے شام رنگیلی
دم سم جُھورتی کھاوے چُھوٹا (سلطان)
(چھوٹے) جمع
چھوٹے لالے مچھیاں کٹالے
مچھی گئی پانڑیں
اگوں ملی رانڑیں
رانڑی پکائیاں روٹیاں
کھا گکڑے نیاں بوٹیاں ۔ بیل بیل:
(ب گ)
چھوٹی: جَھوٹی (اَوسر)
جوان کٹی (اَن سو منجھ)
چھوٹا: نر (جوان کٹا)
چھوٹھا: (جھُوٹا)
(کوڑا) جھوٹ بولنے والا:
(چھو وے ہک چھوٹھا اور بول جا) گا
(سُنی سنا بات کرنے والا)
چھوٹھی مہوٹھی: (ایویں کہ ایویں، کوڑی مُچی)
جھوٹ موٹ:
(چھوٹھی مہوٹھی دا پالیا لکھ وے) گا
چھورا: روگ، غم۔
جہری چیز گواچ گئی فیر اس دا چھورا کیہ
کرناں (ارشد چہال)
چھول: بڑی چھولی (دامن)

(چھول اڈناں) مح۔ مانگنا: بددعا دینا:
چھول: (جھول)
گی۔لٹک۔ ترازو کا پاسکو
دامن کا کپڑا، جھولی:
پتنگ کی ڈور کا پورا تنا ہوا نہ ہونا۔
(بیلوں کی گردن کے لٹکا ہوا
اور ڈھلکا ہوا ماس)
چھولا: (جھونکا)
ہوا کا جھونکا:
چھولے (جمع) کا خمار
کپڑے کا بڑا تھیلا:
آ پُرے نے چھولے
گُڑیاں رنگے لال پٹولے (باقی)
گہیوں کو نقصان پہنچانے والی سرد ہوا۔
(کنڑک چھولی گئی)
لرزہ، کمبڑیں، تھر :
چھولا: تھیلا
چھولڑاں: (جھولناں)
لہرانا (چُجاناں)
(پکھی چھولڑاں) دستی پنکھے سے ہوا
دینا (ہمدردی کرنا)
چھولی: گود:
(چھولی اچ بہالناں) مح۔ پیار کرنا:
گُڑ تے نا اگلا پاسہ:
(چھولی اڈناں) مح۔ بھیک مانگنا:
واسطہ ڈالنا:
جھولی اڈی دعا یا بددعا منگڑاں: دل سے
دعا یا بددعا کرنا:
(چھولی اچ رکھڑاں) گود لینا:
(چھولی اچ باہنڑاں) صبر کرنا، خدا

کی مرضی پر چھوڑ دینا:
(جھولی اچ پلناں) پرورش پانا،
گزارنا:
**چھونڈا:** جھنجوڑنے کا عمل:
غیبی سزا:
(چھونڈا تے چنگالغاس پر پچی گیا)
بیری سے بیر توڑنے کے لئے ٹہنیاں
جھنجوڑنا:
**چھونڈناں:** جھنجوڑنا (جھٹکے دینا)
**چُھونگا:** کولہے کے اوپر والی ہڈی:
(چُھونگا پھرناں) مح۔ کمزوری سے
آدمی کا لنگڑا کر چلنا: الارہ کھانا:
**چُھونگا:** مُفت میں دیا ہوا مال:
خریدی ہو چیز کے ساتھ فالتو مال:
**چُھونگی:** لٹکے ہو سینگوں والی گا یا بھینس:

.........................................

## چھ ۔ ے

.........................................

**چھیچ:** تکرار، فضول بحث۔ ضد۔
**چھیخ:** مہین چیز۔
**چھیر:** بانکپن (نخرہ)
سج دھج، بناوٹ، شان، نخرہ۔ فیشن
سوہج:
(اج تے چھیر نئیں جھلنڑ ہونڑی پئی)
بہت زیادہ خوبصورت لگنا:
**چھیری:** گلے کی خراش:
**چھینگڑ:** چوہے کی بِیٹھ (ٹٹی)

.........................................

## چھ ۔ ا

.........................................

**چھابا:** چھابڑا، چنگیر، کھلا چوڑا ٹوکرا:
**چھابڑی:** (چھاوڑی) ٹوکری:
(چھابڑی لانڑاں) ٹوکری میں ڈال کر
سودا :
**چھاپ:** انگوٹھی:
(چھاپ تے رومال (پیار کی نشانی)
آپوں گیایں تے گچھیاں بے شک
یاداں کی نا نہہ کھڑیاں نال
د گچھیاں چھاپ پرانده
نالے ہِک رمال (شعر)
(چھاپ چھلا) شادی کے زیور:
مہر، ٹھپہ:
(چھاپڑاں) کاپی کرنا:
**چھاپا:** ٹھپہ:
چھاپا خانہ، پرنٹنگ پر :
(چھاپہ مارنا) اچانک گھیرا کرنا۔ ریٹ
کرنا:
کانٹوں والی ڈالی:
**چھاپڑاں:** (چھاپناں)
ٹھپہ لانڑاں، چھپا کرنا، پرنٹ کرنا:
(چھاپے چڑھی) زیرِ طبع
(نوٹ چھاپڑاں) رقم اکھٹی کرنا، محنت
کرنا:
**چھاتا:** بڑی چھتری:
(چھاتا بردار) ایک فوج:
(بوٹے نا کھلیار) کھنڑیں چھام:
بڑی چھاتی ( )
**چھاتی:** :
(چھاتیاں) لسان، دودھ:
(چھاتی کڈھی گل کرنی) بہادری ظاہر

کرنا حوصلہ،صبر:
(چھاتی نال چھاتی لانڑیں) خوشی کا اظہار کرنا (فخریہ انداز)

**چھاٹ:** نکے نکے دانڑیں:
(چھاٹ نکلنا) خسرہ یا گرمی دانے:
لال لال رنگ کے دانے:

**چھاٹا:** بارش کا معمولی ہمعمولی بارش، چھڑکا :
(چھاٹے نال بیں دیڑاں) مٹھی میں بیج بکھیرنا:
(چھاٹا مارناں) بیج کھلارنا:
(پھوں چھاٹے لغڑاں) مح۔ بات نہ سہنا:

**چھاٹڑاں:** (چھانٹنا) بکھیرنا:
خرچ کرنا۔لٹانا، برباد کرنا۔ضائع کرنا:
(چھاٹاں) دے مارنا:
(میں پغڑی کے چھاٹساں)
(زردی چھاٹن ہونڑیں) مح۔شدید بیماری کی حالت (پیلاہٹ۔کمزوری)
ڈر یا خوف سے چہرے کا رنگ اُڑ جانا:

**چھاٹے:** پانی کے چھپکے، چھینٹے (داغ)

**چھاڑ:** غلاف (پردہ پوشی کی حالت)
خول:

**چھاجے:** پوشیدہ راز:
(چھاجے کھولناں) مح
(میں چھاجے کھولے تے پتہ لغی گیسی)

**چھال:** درخت کی چھال (چھلکا)
چھلانگ:
(چھالیں مارناں) کُدناں ٹپناں،خوش ہونا:
(پانی تکھی چھال مارناں) مح
(چھال مارناں) اوقات سے باہر کام کرنا:

**چھالا:** (آبلہ) گرم پانی گرنے سے جلد کا پھولنا، چھالے اُٹھنا:
جوتی کی رگڑ سے چھالا پڑنا:
(اللہ زبانے اپر چھالے اُٹھن) اپنے لئے بددُعا کرنا (یقین دلانا)
(چھالے) جمع
روگ پرانڑاں بُڑھا ماتم
اس نے اتھروا س نے چھالے
(باقی صدیقی)

**چھالناں:** اُچھالناں، بات کو بڑھانا ٹِپہ دینا۔

**چھانٹ:** چھانٹی ہو چیز:
چونڑی چیز، چون۔
بچی ہو چیز۔کترن (چھانٹویں)
(رہیا کھہیا مال) پچھے ساری چھانٹ رہ گئی:

**چھانٹا:** چابک:
(چمڑے کے دو تسموں سے بنی باریک سوٹی:
گھوڑے کا چابک جو تانگے کے ساتھ لگا ہوتا ہے:
بیلوں کو چلانے کیلئے (تراٹ)

**چھانڑاں:** (چھانٹنا) چھانٹی کرنا، چُننا:
پسند کرنا:

**چھانٹواں:** چھانٹی ہوا مال، چُنا ہوا:

(چونواں، ودھیا)

**چھانڈ:** چھڑا چھانڈ، مجرد:

**چھانڑ:** (چھان)

چھان بُورا:

چھانی ہو چیز، آٹے سے نکلا ہوا

(چھلور) گند:

آٹا نکلی گچھے وچوں

پچھے چھانڑتے بُورا ہونڑاں

(عارف ادیب کیانی)

**چھانڑناں:** (چھاناں)

چھاننی سے گزارنا، صاف کرنا، چھنا

کرنا:

لوک چھانڑنے چھج تے چھانڑنی نال

اساں نظر نال بندیاں کی چھانڑنے آں

(سلطان اختر)

(دانے صاف کرنے والی لوہے کی

سوراخ دار ٹرے)

(چھج کہہ دیسی چھاننی کی مہنڑاں) ارخ

اناج کو صاف کرنے والی بڑی چھاننی:

چھاننا (فعل) صاف کرنا:

(چھانڑناں) گندم صاف کرنے کے

لئے گول سوراخوں والا لوہے کی چادر کا

بنا ہوا برتن:

**چھانڑنی:** چھاننی (مونث)

آٹا صاف کرنے والی:

(چھانڑنی اچ پانڑی باہی کے آنڑناں)

نا کام۔

(کہانی کا ایک حصہ) جس میں ادھا

پھایاڈا سے کہتا تھا کہ " ماں مجھے

سونے سے دریا سے چھاننی میں

پانی لاکر پلاتی تھی"

**چھانگ:** درخت کی کٹی ہو شاخیں:

(چھانگ لاہنڑاں) چھانگناں۔تراشنا:

درخت کی کٹا کرنا، شاخیں اتارنا۔

ٹنڈ منڈ کرنا:

(چھانگ ہونڑاں) دوڑ کے لئے شلوار

وغیرہ اوپر کر کے دوڑنا:

جنڑاں چھانگ ہویا گچھے پیا

(تنبی چھنگی ہو ) دوڑ و دوڑ:

**چھانگڑاں:** (چھانگنا)

تراشنا:

**چھام:** چھا ں، سایا:

(بُوٹے یا کندے نی چھام)

سرپرستی:

(چھام باہنڑاں) ہر دم مدد کے لئے تیار

رہنا (سائبان کی مانند) ڈھک لینا:

(سرے اپر چھام کرنا) مح۔جمع ہونا۔

ہمدردی کرنا:

(جے ماہیا مہاڑا تُھپے نا کاہلا چھتری

چھام لوا دیساں) ل گ

(تُھپے نی چھام) افسانہ (شیراز طاہر)

**چھاوڑا:** (چھابڑا) ڈھکن:

**چھا لے:** ہیولے۔

رات کی تاریکی میں پھیلے ہو درختوں

کے سا (چھا لا) واحد

**چھائیں مائیں:** چھلاوہ:

(ایک دم نظروں سے غائب ہونیوالا)

**چھاہ بٹناں:** دڑ بٹنا۔۔بہانہ کرنا۔

**چھاہنڑاں:** چھاہنٹاں: اُکسانا، ورغلانا:

**چھا :** سیاہی، توے کی کالخ، سواہ، چہرے کے

داغ (چھاہیاں)
راکھ:
پلستر کے دوران رہ جانے والے دھبے:

## چھ۔ب

**چھب:** روپ، شکل، ڈھیل ڈول (منہ مہاندرا)
دِس (ظاہری شان وشوکت)
ظاہر نی چھب ہر کو تکے
سب جوگی بنجارے (سلطان ظہور)
(جھپٹ)
(چھب مارناں) مح۔ چھیننا، جھپٹا مارنا:
(ہلے نا چھب ماری کے چوچا چانڑاں)

**چَھبی:** (گن) چھبیس:

**چِھبیاں:** طعنہ زنی۔ طعنے:
(چھبیاں دینڑاں) مح۔ شرمندہ کرنا:
(چھبیاں دینڑاں) غیرت دلوانا:

## چھ۔پ

**چھپاتا:** پردہ (مہاڑے کولوں کہہ چھپاتا ای؟
(اوہلا چھپاتا) کو چھپانے کی جگہ:

**چھپانڑاں:** (چھپاناں)
چھپانا، پردہ کرنا:
چیز چھپاڑاں (چوری کرنا)
(گل چھپاڑاں) پردہ داری کرنا:
(چھپاڑاں) کارڈ یا اشتہار چھپوانا:

**چھپانڑاں:** (چھپاناں)
چوری کرنا:
پردہ داری کرنا:

کالا پن تے خالی ڈبی سگرٹاں نی
کدے میں باہاں وچ
کدے چھپاں باری او ہلے
اللہ جانڑیں ایہہ کہہ گل؟
جسرے کو چوری کیتی
چیز چھپا (نظم) (بنگ بنگ زنجیر)
: کانیاں ناں چھت:
ی، کٹیا، جُھگی، چھت:
پردہ، اوہلا:
ہوٹل:

**چَھپر:** پیر کا اوپر والا حصّہ، جلد:

**چھپڑاں:** (چھپناں)
چُھپنا۔ پردہ کرنا (لُکڑاں، اکھیوں اوہلے ہونڑاں)
شرمندہ ہونا، چھپڑاں پھرنا:
اخبار یا رسالے میں چھپنا، شائع ہونا، مشہور ہونا:

**چھپکا:** (رسی نال بدھی کُنڈی) عارضی کنڈی، سنگلی (آپڑیں آپ کھلنے آلی)

**چھپنڑ چھوت:** (چھپن چھوت)
(لکّن مٹی) چھپن چھپا
(آنکھ مچولی) بچوں کا ایک کھیل۔

## چھ۔ت

**چھت چھوہنڑاں:** مح۔
آپے سے باہر ہونا،
درد کا برداشت سے باہر ہونا۔

**چھتا:** شہد کی مکھیوں کا چھتا:

**چھتالی:** (گن) چالیس + چھ = ۴۶:

چھتر: چھایا، سایا، اوٹ (اوہلا) چھتر باغ:
چِھتر: پرانی جوتی، بغیر اڈی کے جوتا:
(چھترول کرنا) چِھتر مارناں:
چَھترا: بڑے بالوں والا مینڈھا، بھیڈو:
چھتراہٹ: چھترول:
(چھتر مارناں، لتراڑ)
چھتری: (کپڑے کا چھت) عارضی بچا کے لئے گول موٹا کپڑا، جس کے ڈنڈا لگا ہوتا ہے۔
کبوتروں کیلئے بیٹھنے کا اڈہ:
چھتڑاں: چھت ڈالنا (عارضی گزارہ کرنا)
چھت ڈالنا، مکان بنانا، رہنے کا بندوبست کرنا (کوٹھا چاڑھناں)
چھتی: (گِن) چھتیس
(چھتی) چھوٹی چھت (شیڈ)
(پڑچھتی) ڈبل شیڈ۔ اوپر والی چھتی:
: لمبی زُلفیں (بچوں کے گول کٹ)

---

## چھ۔ٹ

---

چِھٹ: اَن سیتی بوری، اناج دانے کا بڑا توڑہ
چَھٹ: (چھٹ) پُھرتی، تیزی:
مار کے چھٹ اِلاں نے بچے
اُڈنی اِٹی پچ
(باقی صدیقی)
(چھٹ ماری کے) پھرتی نال، تیزی کے ساتھ، ہوشیاری سے بدن میں طاقت ڈالتے ہو :
(چھٹ مارناں) پُھرتی سے کام کرنا:
چھِٹ: ضدی، چیمڑ، پیچھا نہ چھوڑنے آلی۔
(زمانے نی چھٹ) بُری عورت:
بُری لڑا :
سیاپا، فساد:
چِھٹ: (چھٹ) کھٹی ہانڈی، شوربا، تھوم اور پنسار کی چیزیں ملا کر بنا کڑی:
چِھٹ: (چھٹ) چھینٹ۔ قطرہ۔ بوند:
(چھٹاں) جمع
چُھٹ: آزادی، رہا :
(ہلوں چُھٹ موہر پَٹ) ارخ
(چُھٹ) مرد کی منی:
چھٹا: چھٹا آدمی (چھیواں)
چھڑکا، ترمکا:
(چھٹا مارناں) مٹھی میں پانی لے کر مارنا (بپتسمہ یا دم کی صورت)
آنکھیں صاف کرنا:
(چھٹا دینڑاں) کھیت میں کرنا بیج مٹھی میں بھر کر بکھیرنا:
کھنڈی پوٹے کی بیماری میں بچے کے منہ کے سامنے چھاننی رکھ کر پانی کے مارنے کا عمل:
چُھٹا: لمبا میں چھوٹا:
آزاد ہوا، فارغ ہوا:
(گولہ چُھٹیا) گولہ چھوڑا گیا:
(چھٹیاں ہتھیاراں اپراساں) مح
کمینگی ظاہر کرنا (برداشت نہ کرنا)
چھٹانکی: سیر کا سولہواں حصہ، پانچ تولے:
(گنجا پاپی لونڑ چھٹانکی) کہت:
چُھٹڑ: (چُھٹ۔ڑ)
طلاق یافتہ، چھوڑی ہو عورت:
(چُھٹڑ رن)

(چُھڑرن نانہہ کریے پہاویں ہووے
حور)اخ
**چَھڑاں:** (پھٹکڑاں)
چھاج کے ذریعے اناج صاف کرنا کنکر
اور تنکے نکالنا:
(  تے چھانی اچ باہی کے چھٹناں)
(اخ)
(چھڑاں) چاول یا جو کو جھاڑنا۔
(چھڑاں) بدنام کرنا، نشر کرنا:
تینڈیاں گلاں کہید رگئیاں
ایویں چھٹیا ای ڈھولا (باقی صدیقی)
(چھٹی وی) صاف سُتھری:
ہر کام سے نکلی ہو  ہوشیار عورت:
(چَھٹیاوا) صاف شُدہ:
(چھٹیاوا) مہا حرامی، اچھے بُرے
کاموں سے نکلا ہوا آدمی:
**چُھڑاں:** (چُھٹناں) رہا ہونا، بری ہونا، باہرنا:
(چُھٹناں) فارغ ہونا (منی کا باہر آنا)
جنابت سے فارغ ہونا:
چھٹی ملنا:
طلاق ہونا، جان خلاصی ہونا:
(گولی چُھٹناں) گولی چلنا:
ہاتھ سے گرنا (چھوٹ جانا)
ہاتھ سے نکلنا:
**چُھٹکڑاں:** (چُھٹکناں)
آزاد ہونا، رہا ہونا:
چھوڑ دینے کی حالت:
**چُھٹکڑی:** (چھٹی جہی) چھوٹی سی، کم لمبی (ٹوٹکا)
**چھٹّی:** ہر فن مولا (چھٹی وی رن) ات چلاک
ہوشیار عورت:

(ہر گلے چوں پاس)
ہر کام سے نکلی عورت (چھٹی وی رَن)
**چھٹی:** خط پتر، سرکاری لیٹر، نوٹس
( ں گُھٹ گُھٹ جھپیاں پاواں نی
چٹھیے سجناں دی اے) محبت نامہ:
(چھٹی) خط:
(چھٹی چھپاٹی) خط پتر:
**چُھٹی:** تعطیل (رُخصتی)
(چُھٹی) سکول یا ہسپتال سے باہر آنا:
چُھٹی ہونا:
چُھٹیاں (جمع)
(چُھٹی) چھوٹی (لمبا  میں کم)
: (جمع) چھیٹے (چھٹا) واحد)
**چُھٹے:** فارغ ہو (آزاد ہو )
(گولے چُھٹے) بطورِ فائر:
**چِھٹیاوا:** ہر فن مولا:
**چھٹیاں:** کپاس اور سرسوں کے سوکھے پودے:
(کڑیا ں۔چھٹیاں)

## چھ۔ج

**چھج:** (چھاج)
کانوں کی بنی بڑی دستی ٹرے جس سے
دانے صاف کئے جاتے ہیں:
(اناج صاف کرنے آ سطے کانیاں نا
چوکور چھابا (چھج تے چھانی)
(چھج کہہ دیسی چھانی کی مینہڑاں) اخ
(چھجیں تے چوائیں) کھلے دل سے:
ماء دے بگیں چھجیں تھی دے کسے
سببیں) اخ

**چھجا:** سیف گارڈ(   )
چھت یا کھڑکی کے گے بڑھا ہوا شیڈ:
(   آلی ٹُپی) ٹوپی (انگریزی ٹُوپ)
(کالے انجنے نے اگے لغا والو ہے نا
چھجہ) رکاوٹ:

**چھجلی:** سانپ کا پھن:
سانپ کے سر کے پیچھے کی چپٹی جگہ:

**چَھجلہیپ:** پھن والا سانپ:

## چھ۔چھ

**چھچھ:** نِویں جگہ:
علاقہ پوٹھوہار کے ساتھ پھیلا ہوا
(چھچھ ہزارا) ایبٹ باد
(اٹک غور غشتی تا حضرو)

**چُھچھ:** قرِیب، نزدیک (قُربت)
(چھچھ نا نہہ ٹھکنڑ دینڑاں) مح

**چھچھیا ہنٹر:** (چھچھیاہنْ)
بھیگے ہو   کُتے یا چمڑے سے اُٹھی ہو
بُو:
بھیڑ بکری کے جسم کی بُو:
بھیگی بلی یا کُتے کے جسم کی بُو:
لسی وغیرہ کے برتن سے اُ   والی بُو:

**چھچھڑا:** رماس (چھچھڑا)
گوشت سے اُتری   رچربی اور پتلا
ماس:
(بلی نے خواو چھچھڑے) اخ

**:** چھی، چھی: پیشاب (موتر)
(بچے کو شی شی کرانا) پا ں پر بیٹھا کر
پیشاب کرانا:

## چھ۔ر

**چُھرا:** بڑی چُھری، گوشت کاٹنے کا ہتھیار:
(چھرا مارا ایں، چھرا لغی) (گالھ)
بیل یا گا   وغیرہ کو ہل چلاتے وقت
کہنا (ہانکنا)

**چُھری مار:** لڑاکا (قصا   )
(چھری جوگا) بیل کو گالھ
(چُھری لغے س) گالھ

**چھرے:** شرے:
بارہ بور کے باریک شَرے (چھرے)
سِکے کی دھات، باریک باریک گولیاں:

## چھ۔ڑ

**چُھڑ:** لسی بلونے والے اوزار کا ڈنڈا جس کے
آگے گُچھا (پھول) لگا ہوتا ہے:
(لتیاڑی وی جا)
مویشیوں کے کمرے میں پڑا گوبھر اور
پیشاب جو اُن کے کُھروں سے کیچڑ بن
جا   :

**چھَڑا:** کوارا، چھڑا چھانڈ:
(رناں والیاں دے پکنڑ پرا نٹھے تے
چھڑیاں دی اگ نہ بلے) گیت:

**چھِڑ:** ناخن کی جڑ:
اکثر ناخن اتارنے سے رہ جاتی ہے:
(چھِڑ ٹھالناں) مح۔فساد پیدا کرنا:
شوشا کھڑا کرنا، انہونی بات کرنا:

**چھڑانڑاں:** چھڑاناں: باز کرنا

الگ کرنا، آزاد کرانا منع کرنا:
(پھڑی کے مری گیسن چلو چھڑا نیں)

**چھڑ کاڑاں:** (چھڑ کاناں)
دھڑ رسید کرنا:
دو پکیاں جھیاں چھڑ کائیں آ رس:

**چِھڑ کڑاں:** (چھڑ کناں)
چِھڑکا کرنا:

**چُھڑ کڑاں:** (چُھڑ کناں)
چھوٹنا۔ ہاتھ سے گرنا۔
جدا ہونا (آزاد ہونا) ہتھ کڑی کُھلناں:
(مھاڑے کولوں نئیں چُھڑ کڑیں)
لڑا کی حالت میں چھڑانے کا عمل:
آزاد ہونا، فارغ ہونا مسئلہ حل ہونا،
جان چھڑانا (چلو جان چُھڑ کی)
ہاتھ سے کسی چیز کا چُھوٹ جانا:
پیٹ خراب ہونا۔ دست آنا (موشن آنا)
تھک ہار کر بیٹھنا (انتہا تھکن کی حالت

**چَھڑناں:** صاف کرنا۔ چھلکا اتارنا:
(سکڑلا ہنڑیں) چاول یا جو کی کھارا
رکھی کے چھڑناں) کچے بیج اتارنا:

**چَھڑناں:** بے مقصد گھومنا، دوڑنا پھرنا:
(میرے چھڑناں) مح

**چِھڑناں:** چڑ کر باتیں کرنا (بے مقصد شروع ہونا

**چِھڑوڑاں:** چھڑنا۔ بگڑنا:
خانی کی صورت میں شہد کی مکھیوں
کا چھتہ چھوڑ کرنا:

**چھڑیال:** بے قابو (اتھرا)

**چھڑیاکل:** چھڑنے والا، بے قابو، چھوٹی چھوٹی
بات پر غصہ کرنے والا:
(بہوں چھڑیاکل آ) غصیلا:

چھوٹا بچہ، اڑی کرنے والا، ضدی:

**چھڑی:** (چھڑی چھانڈ) خاوند کے بغیر:
(چھڑی) صرف، خالی:
(میں تے چھڑی گل کیتی سی)

**چھڑے:** کنوارے (مجرد) جمع

**چِھڑے:** شروع ہو ۔
(چِھڑناں) فعل۔ فضول بحث کرنا:
بد دماغ آدمی کی بحث:

## چھ۔س

چھ۔س

**چِھسناں:** مسک جانا:
کپڑے کا نرم اور پتلا ہو کر پھٹنا:
پتلا ریشمی کپڑا، باریک جالی دار، کپڑوں
کے ریشے خراب ہونا:
چیلے ہک دو واری لا ، بہوں
چِھسی گئے:
(جے توں سُچا ریشم ایں تے چِھسناں
کیوں ایں؟) صدیقی

## چھ۔ک

**چھک چھک:** کالے انجن کی آواز:
(چھک چھک کرنی آ گڈی)

**چھک:** کشش، تانگھ:
گاڑی کی ٹوہ، رسی تار وغیرہ:
کھمبے نال بدھی وی زنویں وچ تار:

**چھک تانڑ:** ہم دردی، محبت ( بھگت)

**چھَکا:** کرکٹ کا چھکا، چھ رنز:
(چھکا) چھ کا عدد (٦)

(چڑی چھکا)

**چِھکا:** چھینکا:

باریک تاروں سے بناہوا، چھکا،ٹوکرا:

(چھکے اچ باہی کے چیز ٹنگی چھوڑناں)

کیڑوں مکوڑوں سے بچانے کے لئے

تار پر لٹکا دینا:

**چِھکا:** (چھکا) گہا کے دوران بیلوں کے منہ

پر باندھا گیا جالی دار ماسک:

رسی کی بنی ہو جالی جس سے منہ نہ کھل

سکےاور بیل سانس بھی لیتا رہے:

بکری کے تھنوں پر کپڑے کا چڑھا ہوا

تھیلا:

**چھکڑاں:** کھینچنا۔

تھر ونڑاں، بھاریا وزن اُٹھانا:

(پیسے کی پیسہ چھکڑاں) اخ

(حقہ چھکڑاں) حقہ بیڑی یا سگریٹ

پینا۔

(فوٹو چھکڑاں) تصویر کھینچنا۔

(دانڑ چھکڑاں) چار پا کی ادوان کھینچنا

(چھکڑاں) غٹا غٹ پی جانا:

(ساری لسّی چھکی گیاں این؟)

(چھکی رکھ) دبا رکھ (موقع غنیمت

جاننا)

**چِھکو چِھک:** لگا تار، مسلسل، خوب محنت، اپنے

دھیان میں (جنڑاں چھکو چھک لغاوا)

**چھکور:** چنگیر، روٹی رکھنے کا چھابا، تیلیوں سے بنی

ہو ٹوکری:

**چِھکی:** تاش کا پتا (چھ نمبر)

چھوٹا ٹوکرا،ٹوکری:

(مدھانی ٹنگنے آسطے جالی دار تھیلا یا

ٹوکری)

پٹھے کا کچھا:

(لت چھکی وی، کنڈ چھکی وی) تنا:

(چھکی لانڑاں) ایک ہی سانس میں پی

جانا:

**چِھکی تانڑی:** کھینچ تان کر (مشکل سے)

## چھ۔گ

**چِھگا:** چھ دانت والا جانور:

**چِھگی:** چھگے کی مونث:

## چھ۔ل

**چھل:** چکنی مٹی کی قِسم:

پانی کی لہر:

وقت سمندر چھلاں مارے

کنڈھے اتے کھلتی حیاتی

کچے گھڑے الا رے (باقی صدیقی)

دھوکا چال، چھل فریب، چَھل بَل:

"چھوڑا ایہہ بہانے

اکھنا نہہ مِل

مانہہ نا نہہ چھل

میں جانڑاں ہر گل" (باقی صدیقی)

(نکیاں پھوتاں بڑے پھوت چھلے)

(اخ)

(چھل بلو) چھل بل کرنے والی لڑکی:

(چھل بلو) پوٹھوہاری افسانہ:

(چَھل) اُلٹی، قے (بدہضمی کی شکائت

**چِھل:** چھیل (امر)

لُوٹ۔دھوکہ دے(امر)
(چھل بکرا)بوڑھا بکرا:
درخت کی چھال:
(چھلناں)چھال اتارنا،رگڑنا:
دھوکہ دینا:
**چَھل بل:** چالاکی،ہوشیاری:
**چھل بلو:** چالاک ہوشیارلڑکی:
**چھل پتال:** کھلونا(بےاعتبارا آدمی)
**چِھل چھدر:** ضدی،اڑیل۔
**چھلا:** انگوٹھی،مندری،چھاپ:
(چھلا دے جانشانی میرے ڈھول جانی
(گا)
(چھلا میرا کن گھڑیا۔۔)گا
(ما نی مینوں چھلا گھڑا دے)گا
گول کٹی ہو شئے:
ربڑ کا چھلا،کنڈوم:
**چھلاٹیاں:** خون کےفوارے(جمع)
**چِھلڑ:** (چھل...لڑ)
پتلا ماس(اُتری ہو چھال)
پھلوں کی اُترن(چھلکے)
جس ابروں ٹُھٹھا ساں
چِھلڑ سی اوہ کیلے ناں
(عارف ادیب)
**چاھلڑی:** اوپر کا ماس(چھال)
سانپ کی اُتری ہو کینچلی۔
**چِھلکا:** چاول کا چھلکا(پھک)
اسپغول کا چھلکا(پھکی)
زخمے نامُول:
**چھلکڑاں:** چھلکناں(چھلکنا)
برتن سے پانی کا باہر آنا:

(ادھا پھانڈا چھلکڑاں)اخ
(پھرے پھانڈے کدے نئیں
چھلکے)اخ
**چھلاں:** تے(چھلاں)جمع
**چھلناں:** دھوکہ فریب دینا:
(نکیاں پُھوتاں بڑے پُھوت چھلے)
(اخ)
**چِھلناں:** چھلیناں۔چھلکا اتارنا:
**چھلور:** آٹے سے نکلا ہوا چوکھر:
**چھلی:** مکئی کا سٹہ(بُھٹہ)
مکھڑاں تے دُدھاں نی پلی
ساواسِٹہ،دودھی (باقی صدیقی)
( آر)گُندھا ہوا جسم۔مضبوط۔
( )(درخت کی ٹہنی کا اتنا حصہ جس
پر شہد لگا ہوتا ہے)
سوت کی اٹی:
(نہ میں نہ میں تُمبیا نہ میں لاہی )
پنڈلیوں میں جمی درد کی اینٹھن،اُبھرے
ہو پٹھے:
(چھلیاں جمیاں ویاں)مح۔اکڑی
ہو ٹا :
**چھلیا:** (حرفِ ندا)
چھلا،ستانے والا(وَل چھل کرنے والا)
بےوفا،ہرجا :(سُن وے چھلیا)گ
**چھلے:** (جمع)سونے کے سادے رِنگ:
(زُلفاں چھلے چھلے)خالدہ ملک
سُنیا آلے محلے
نی میں کیوں کہڑا چھلے(باقی صدیقی)

چھ۔م

**چھم:** آبشار:

**چھم چھم:** ایک دم چھنا کے کے ساتھ:

اتھرو کیرنا، جدا میں نسو بہانا:

نا نہہ اُس پچھیاں

نا نہہ میں دَسیاں

اکھاں چھم چھم وَسیاں (گ)

بارش کا ایک دم اترنا:

(چھم چھم کرنا بدل آ گیا)

**چھ ماہیاں:** چھ ماہ کا جنا بچہ:

**چھ ماہی:** ہر چھ ماہ بعد:

**چِھمک:** (چِھم۔ک)

درخت کی کٹی شاخ، لچکدار:

(چِھمکی) بید کی چھڑی:

(کدی کدی کرداا ے پیار

کدی مار داا ے چِھمکاں دی مار) گا

## چھ۔ن

**چھن:** چھنڑ کار:

جھنکار، چھنکنے کی آواز، جھانجر کی چھنکار:

اس نی گلاں نی چھن

جیاں پیسیاں نا پھّن (افسانہ مستانی)

**چَھنڑ چَھنڑ:** چھن چھن

گھنگھرو کی آواز (چھن چھنا چھن)

(میری جھانجر چھنڑ چھنڑ چھنکے) گ:

**چھنڑ چھنڑ کپال:** منگن حال (بُرا حال)

**چِھنڑک:** بوند (چِھینٹ)

**چھنا :** چھاننے کی صورت، چھاناں، چھاننی

سے گزارنا، صاف کرنا:

**چھنال:** بُری عورت (یار باز زنانی) چکر باز:

**چھناں:** (کٹورا، منگر) دھات کا پیالہ:

(دُدّھے نا پھر یا چھنا)

نیتاں آلے نے وچ

پیار نی چُوری گُھٹو (آلِ عمران)

**چِھنج:** بحث، فساد پھیلانا (چھنج باہنڑی)

**چھنجوڑنا:** جنجوڑنا:

زور زور سے ہلانا، جگانا:

سے دور کرنا، آگاہ کرنا:

**چھنڈا:** جھٹکا۔ دھکا، دھرول:

(چھنڈا مارناں) زور سے بازو چھڑانا:

**چھنڈناں:** جھاڑ پونچھ کرنا، صاف کرنا:

ڈرنا کیوں ایں چھنڈناں کیوں ایں

جس مٹی وچ جانڑاں (سلطان ظہور)

پھیلانا، کھلیارنا: چھپڑا کرنا، روٹی بڑی

کرنی: (ٹاپ چھنڈناں)

(چھنڈناں پنڈناں) نشر کرنا۔ بدنام کرنا

پند نصیحت، تنبیہ کرنا: جھنجھوڑنا:

(کل چنگا چھنڈیا) گل

**چھنڈیا پھوکیا:** صاف سُتھرا:

**چھنڑ چھوبی:** (چھنجوبی) چھل چھوبی:

(کچی دیواروں اور چھت کے بغیر

(نہا نی) عارضی نہانے کی جگہ:

غسل خانہ (واش روم)

**چِھنڑّک:** (چِھنڑ...ک)

بوند بھر (مجال اے جے چِھنڑک وی سَٹی

گچھے:

**چھنڑک:** (چھَن...نک).

چھناکا، چھن کی آواز:

**چِھنڑ کڑاں:** چھڑکا کرنا:

**چھنڑ کڑاں:** چھن چھن کی آواز کرنا (بجناں)
**چھنڑ کلا:** جھنجھنا (کھلونا)
چھن چھن کی آواز کرنے والا: بچوں کا
وہ۔
پازیب یا چوڑیوں کی آواز:
(مھاڑا چھنڑ کلا) گالھ
**چُھنڑی:** (چھُنی) چپنی
گھڑے کے منہ پر رکھا مٹی کا ڈھکن:
مٹی کی پرچ:
(چھُنڑی) آوے پھھڑ ولے ناڈھکن:
(چھُنڑی اچ پانڑیں باہی کے ڈُبڑاں)
(اخ)
غیرت کھانا:
**چُھنگڑاں:** (چھُنگناں) اسیٹرنا
شلوار یا پائنچوں کا اوپر کرنا (ٹُنگراں)
(نیفے وچ دینڑاں، نیفا موڑنا)
(نک چھنگڑاں) مح۔نفرت کرنا:
شناک بنڑناں:
(نفاست پسندی)
**چھنگا:** شاخوں کی کٹا ۔
کانٹ چھانٹ، تراش:
**چھنی:** چھوٹا کٹورا (چھنا، چھنی) گول پینڈے
والی چیز (چھوٹا برتن)
(نکی کولی) کٹوری:
جھگی، ۔چھوٹی آبادی:
(چھنی) گا ں کا نام (چھنی عالم شیر)
چھنی پُل:

---

**چھ۔و**

---

**چھو:** پٹھے کا درد:
(چھو پڑناں) مح۔گردن کے پٹھے
کا درد محسوس ہونا (اکڑا)
(چھوڈُبڑاں) مح۔حوصلہ پڑنا:
**چھوا:** سایہ
**چھوار:** چھوار (ڈارک بلیو)
**چھوارا:** کھجور جیسا پھل
**چھوانڑی:** (اچھوانی) حریرہ
گھیو شکر تے سُنڈ رلی مٹھا (نشاستہ)
(جاتک کڑی جمنے آلی زنانی آسطے
چھوانڑی بناڑاں) ( ی)
**چَھوت:** چھمن چَھوت (کھیل) آنکھ مچولی:
**چُھوٹ:** کمی، مہلت، وقت: کمی، بچت:
**چھوٹ:** تیز دوڑ (شوٹ) چابک دستی۔تیز
رفتاری:
(دُڑکی لانڑاں) ہوا ہونا:
(چھوٹ بٹناں) تڑ کھا دوڑنا:
(دڑکی لانڑی، شوٹ ماری کے اساں)
میں چنے نے سامنے
کھلتی اکھیاں ٹُوٹ
توں پُھلاں نے اوہلڑے
چھپیا کر کے چُھوٹ...(باقی صدیقی)
**چَھوچھ:** (چھ...وَچھ)
ہجوم (عورتوں اور مردوں کا اکٹھ)
(جو جہان نا چھوچھا اکٹھا ہو یا وا) مح
**چُھوچھنڑ:** تھنی نسل بیل کا لٹکا ہوا عضو۔
**چھوڑ:** (اکھیاں نے چھوڑ) پردے۔چربی کی
تہہ:
اکھیاں اگے چھوڑ آ وی نیں؟)
پردے پڑنا، چربی چڑھنا:

(دھیان نہ دینا)
(چھوڑ) دفع کر (امر)
میکی چھوڑ، توں آپڑیں گل کر:
(چھوڑنا) آزاد کرنا:
(سب کُج چھوڑنا) معاف کرنا، بخشنا:
**چھوڑناں:** رہا کرنا، معاف کرنا، آزاد کرنا:
(چھوڑناں) ترک کرنا، پرہیز کرنا:
(ساک چھوڑناں) رشتہ داری ختم کرنا:
(چھوڑناں) طلاق دینا، واہ واسطہ نہ
رکھنا:
(پیسے چھوڑناں) رعائت کرنا، ادھار
بخشنا:
(کھر چھوڑناں) گھر سے چلے جانا:
(کُتے چھوڑناں) کُتے نا:
(ڈور ڈِھلی چھوڑناں) رعائت کرنا۔
نرمی کرنا:
پتنگ اڑانا:
**چھوکّا:** (چھَ...وک..کا)
پانی میں زور سے ہاتھ مارنے کی حالت:
بد ی سے پانی اٹھانا (چھوکّا مارناں)
**چھولے:** چنے، کچی فصل (ڈڈے) کچی فصل کا
بیج:
سبزی کے طور پر پکا جاتے ہیں:
ایہہ یاری اے، چھولیاں نا بڈنہیں؟ اخ
**چھولنّاں:** (چھ..ول..ناں)
کپڑے کو پانی میں ڈُ ں دینا:
موٹا موٹا دھونا:
**چھومنتر:** (مداریاں نا بول) منتر پڑھنا، غائب
ہونا:
(اکھیاں اگے پردہ باہناں، باہنڑاں)

نظر بندی کرنا:
(چھومنتر نی پوہڑی گُڑ مٹھا دریک
کوڑی) بول
**چھَونڑاں:** چھوناں:
کمہار کا دھاگہ (ڈوری)
جس کے ساتھ وہ چاک سے برتن کاٹتا
ہے (چھوہی) ہلکا سا ہاتھ لگانا:
چھونے کی حالت:
(چھوہنڑاں جیہا تحڑاں) مح
اُچٹتی نظر سے دیکھنا:
(چھونڑی جئی نظر مارنی)
(چھت چھوہنڑاں) مح، درد اور تکلیف
سے اُٹھ اُٹھ کر بھاگنا (بستر پر نہ پڑنا)
(غُصے میں آپے سے باہر ہونا)
**چھونجا:** (گن) پچاس+چھ=۵۶:
**چھوہ:** (چھوہ چھوہ) بکری کو بلانے کی آواز:
**چھُوہ:** دھوبی کا کپڑے پٹکنے کا انداز (آواز)
(دھوبیے نی کہہ گسنی چھوہ، کپڑے تے
مالکاں نے پھٹنے) اخ
**چھوہاڑیں:** ( ی) نشاستہ (گھی ملا کھانا)
**چھوہلا:** کاہلا۔ جلد باز:
شعلہ: تیز مزاج والا، بے صبرا (تیز)
**چَھوہنڑاں:** (چھوہناں)
شروع کرنا، کام کی ابتدا کرنا:
(اس اگے آپڑاں کم چھوہیاوا) گل
(پوتھی چھَوہنڑاں) مح
لمبی گردان کرنی، پیو دادا کڈھی آنڑناں:
(گاکھی دینا) اگلے پچھلے سارا شجرہ نسب
بیان کرنا:
(چھوہنڑاں جیا) ہلکا سا چھُو جانا۔

**چھَوہی:** (برچھی)لڑا والاپراناہتھیار)
(برچھی لغی ڈانگ)
کمہارکااوزار۔
**چھو مو :** (ہک بُوٹی)لاجونتی،شرمیلی بُوٹی:
**چھویاں:** نشان۔

........................................................

## چھ۔ہ

........................................................

**چھہ:** بکری کو بلانے کی آواز:
**چھہتر:** (گن)ستر+چھ=۷۶:
**چھہڑاں:**(چھَہٹ..ڑاں)
جھینپنا،جھجکنا،شرمانا:
ڈرنا،خوف زدہ ہونا،پرے پرے رہنا:
**چھہچھ:** بہت کم فاصلہ:قریب:
(چھہچھ نانہہ ٹھکنڑ دینڑاں)مح
ذرابھرقریب نہ آنے دینا:
**چھہنڑ:** زمین کی ایک قسم۔میرا۔

........................................................

## چھ۔ے

........................................................

**چھِے:** (گن)چھ(۶)
**چھیکا:** حقہ پینے والا(حقے کاعادی)
(حقہ چھکڑیں آلا)حقہ پینے والا
کو پینے والا(توبڑاچھیکاایں؟)
**چھیکا:** چھ کاعدد:
**چھیاسی:** (گن)اسی+چھ=۸۶:
**چھیاٹھ** (گن)ساٹھ+چھ=۶۶:
**چھےانگلا:** چھ انگلوں والا،جس کے پیر کی چھ انگلیاں ہوں:
**چھِیٹ:** چھاپےدار(پرنٹنڈ)سوتی کپڑا:

: (مخول)شرارت( خانی)بُری
عادت:
(نانہہ ملنگاں نوں)
(چھیڑ)چاکر:
( )ڈنگراں ناں (اجڑ)
**چھیک:** دوپاسی سوراخ(کھڈ،آرپارہویا
سوراخ،کھپا)
(چھج بولے پرچھانڑنی کیاں بولے
جسکی پےسوسوچھیک)اخ
**چھِیک:** غٹاغٹ،ایک ہی سانس میں پینے کی
حالت:
(چھیک لانڑاں)ایک ہی سانس میں پی
جانا:
**چھیکڑ:** آخرکار:
**چھَیل:** جوان(چھیل چھبیلا)سوہنابانکا،گھبرو:
بناسنورا(میراماہی چھیل چھبیلا)گا:
**چھِینڑی:**چھینی:
(لوہے کی موٹی کلی)نوک داریاچپٹی
دھاروالی)
لکڑ پھاڑنے کے کام آتی ہے:
**چھیویں:** چھٹی جماعت(6Th)
**چھیواں:** چھٹا:
(چھیواں آدمی)(چھیواں نمبر)

........................................................

## ح۔ا

........................................................

**حاتک:** چالاک۔ہشیار:
(حاتکاں نے حاتک جے کُڑیاں جے
جاتک)اخ
**حاجت:** رفع حاجت۔ضرورت:

**حاضر:** موجود، پیش، سامنے (موقعے اپر)
(حاضر کومہر) اخ:
**حاضری:** موجودگی:
(میں آ خیا حاضری د اچھاں) گل
**حافظ:** قرن مجید کا حافظ، حفظ کیا ہوا:
(زبانی یادکرنے والا)
(خدا حافظ)
**حافظہ:** (یادرکھنے نی گلے نی خوبی) یادرکھنے والا دماغ۔
حافظہ کمزور ہونا، دماغی کمزوری
(یاد ماضی عذاب ہے یارب چھین لے
مجھ سے حافظہ میرا)
**حاصل:** کھیت کی پیداوار:
(حاصل وصول) وصولی:
ڈاہڈے نال پھیالی
منگاں حاصل کڈھے گالی (باقی صدیقی
**حاکم:** خودمختار۔ مالک:
(آپے حاکم آپے کرے نیاں ماہیا) ما
**حاکمی:** راج، سرکار، حکومت، گورنمنٹ؛
**حال:** حالت، حقیقت، حال چال، خیرخریت
(حالوں بے حال) بُرے حال
(حال پینڑاں) وجد میں آنا؛
مستی، وجد میں آنا، ہوش بھلانا:
**حال او حال:** حال پکار، حال پہریا، حال دہا ، فریاد:
**حال چال:** حالت، طورطریقہ، صحت، رنگ ڈھنگ:
**حالیں:** ابھی تک: (اجے تک، ہُنڑ تک)

## ح۔ب

**حُبّ:** محبت، چاہ، حُب علیؑ، حُب رسولؐ:
**حجتی:** حجت کرنے والا، مخولیا، جگت باز:
**حُجرہ:** بیٹھک۔ کمرہ (مسجد کے ساتھ بنی کوٹھڑی:

## ح۔د

**حد:** کنارا، کنڈھا، سرحد، خیر، سِرا:
(حدوں باہر) حد سے آگے:
(تہاڑے اپروں وی حد ہو گئی)
(ہر چیزے نی حد ہونڑیں)
**حد حساب:** حد، حساب (گنتی)
(بے حد و حساب) حد سے باہر:
(حدوں بدھناں) حد چھوڑنا، حد سے تجاوز کرنا۔

## ح۔ر

**حرامبڑ:** حرام زادی:
**حرام کار:** حرام کمانے یا حرام کرنے والا، پاپی:
(مندے کم کرنے آلا)
**حرج:** ہرج، نقصان:
**حرص:** دردمندا، محبت (لالچ) پھیڑے وچ حرص ای ختم ہو گئی۔ گل
**حرف:** (اُکرا) الف بے
(اک حرف تیرے درکارنی)
(حرف اَسناں) حرف آنا، عزت خراب ہونا بدنامی ہونا:
**حریان:** حیران، ہکابکا:

## ح۔س

**حساب:** لیکھا، کھاتا، جمع خرچ (حساب کتاب)
**حسابوں باہر:** بے حسابا، گنتی میں نہ آنا:
**حسابی:** جمع تفریق کرنے والا (تیلا پیچی)
پا پا کا حساب کرنے والا:

## ح۔ش

**حشر:** قیامت، بُرا وقت، قیامت کا میدان،
میدان حشر، حساب کا دن، روز جزا
(حشر نشر کرنا) بربادی تباہی کرنا۔
(اوہ حشر کرساں جے یاد رکھسیں)
(حشر آنداواس) گل

## ح۔ص

**حصّہ:** بنڈ، پتی، مالکی:
(حصہ دار) برابر کا مالک (پہیال)
(حصہ داری) پٹواری کھاتہ
(حصہ باہیاوااِی؟) طنز

## ح۔ق

**حق:** سچ، دعو ، انصاف، کھرا
(حق نی گل کرنی)
حق کا ساتھ دینا (حق گو )
(حق دارے ناحق نئیں مارنا چاہی نا)
(حق نکاح) شریعت کا کام:

**حُقہ پانڑی:** سانجھ، برادری، میل جول:
(حقّہ پانڑی بند ہونا) مح۔ بائیکاٹ کرنا
سوسائیٹی سے الگ کرنا:
نصیحت دلوانا:
**حُقّے ناساڑ:** حقے کی میل، جلے کوکی ساڑ
(راکھ)
**حقی:** حقی گل (جو مذہب اور قانون میں جائز
ہو:

## ح۔ک

**حکمت:** سیانپ، سوچ وچار، عقل:
(دینڑاں وصول گھناں حکمت) اخ
دیسی علاج (طب)
**حکمتی:** حکمت والا، گُنی، ، طبیب:
**حکمے:** (اللہ نے حکمے نال) اللہ کے حکم سے:
**حکیمی:** ویدگی، حکمت (وید پُنا)

## ح۔ل

**حُلّہ:** جھونکا (خوشبو ناحلہ (بھبکا، لپکا)
لہر۔ مہک (واشنا)
**حلالی:** (حلال ناں) فرماں بردار، اچھے
کردار کا مالک۔ حلالی بندہ:
(حلالی وے تے ہک وی بہوں) اخ
**حلیمی:** (دھیمی، عاجزی)
**حُلیہ:** چہرہ (مکھ، چھب)

## ح۔و

**حوانڑاں:** (حواناں)
(گاں مجھ نی کھیری) دودھ والی جگہ:
(چڑے)

**حویلی:** (بڑا کھہار) محل ماڑی (ڈنگراں نا بخرہ کوٹھا) (مالے آلی حویلی)

..........................................

## ح۔ے

..........................................

**حیف:** ہا افسوس (بہوں افسوس) انتہا دکھ اور غصے کے الفاظ (حیف اے)

**حَیل:** کھاد (غذا)
جاں جاں خوتاں تاں حَیل پیئڑاں س

**حَیل کھھیو:** اضافہ (بڑھوتری)
(حِیل کھھیو پیئڑاں) مح
(جتنا منع کرواُتنا حَیل کھھیو پیئڑاں س)

**حِیل:** بہانہ، دیر، بحث، پوچھ گُچھ۔ حجت تمام کرنا:
(حیل حجت نہیں س کیتی گلیں پئی گیا)

**حِیلہ:** جتن، چارہ، بہانہ:
(حیلہ رزق بہانہ موت) اخ
میت کا حیلہ کرنا پھل وغیرہ اور دُعا سے غلطیوں کا معاف کرانا، اللہ سے دُعا کرنا:
(حیلہ وسیلہ) سہارا، مدد، کوشش:

..........................................

## خ۔ا

..........................................

**خادم:** نوکر، خدمت گار، سیوا کرنے والا:
مسجد کی خدمت کرنے والا:
ایک نام:

**خار:** کانٹے:
غصّہ، ساڑ، دُشمنی:
(خار) عداوت، ضد:
(خار) ٹسر ٹسل:
کُتے آلی خار (پکی دشمنی)
(اِجے رے خار رکھی وی س) گل
(خاری یا خوری) پکا دشمن:
(بہوں خوری جنڑاں) گل
(پرانڑیں خار) دل میں رکھی دشمنی:
(پُھلاں نال خاروی ہونڑیں) اخ

**خاص:** ہر خاص وعام:
(خاصاں دی گل عاماں اگے نہیں مناسب کرنی) س
(خاص ا ص) نہایت اعلیٰ آدمی:

**خاصا:** خاصیّت۔ خوبی:
(چوکھا) کافی، بہت سارا، اچھا خاصا:
عادت، اخلاق:

**خاصی:** اچھی خاصی، معقول تعداد:
دنیا اندر کجھ خاصی کُجھ عامی) سیف الملوک:

**خاطر:** لئے، واسطے۔ تہاڑی خاطر:
(میں اُسنی خاطر تہاڑا الحاظ پیا کرناں)
وجہ سے، وسیلے سے:
خدمت، ٹہل سیوا، خاطر تواضع۔

**خاطر دار:** میزبان:

**خاطر داری:** مہمان نوازی:

**خاک:** مٹی:
(کجھ بی کجھ خاکی)
(ہک روز سارے خاک ہو گیساں)
(اساں نے پیو دادے گئے خاک ہو گئے:

(ہڈیاں خاک ہو گیاں)
(خاک در خاک) مٹی میں مل جانا:
(سرے اچ خاک باہنڑاں) مح
**پاگل** دیوانہ ہونا:
(مونہے اچ خاک) مح۔ منہ سے بے
جا لفظ نکالنا:
(خاکونی چوہنڈی) خاکِ شفا:
(خاک اُڈنی) غریبی، بربادی:
(جند میریئے مٹی نی ٹھیریئے خاک وچ
رُل جائیں گی)

**خاکی:** خاکی رنگ، خاکی لفافہ، خاک کا
پتلا، مٹی رنگا:
خاکی وردی لا، ڈاکیا:

**خال:** نسل۔
(خال خال) کو کو ۔

**خالم خالی:** بالکل خالی، صاف چٹ:
(سخڑاں)

**خالی:** (سخنی، سخنڑیں) کوری، اَن بھری:
(بے عملی بات) خالی گلاں نال پورا کرنا:
عقلوں خالی، کم عقل:

**خال خال:** اِکا دُکا، کو ،کو (کُرے کُرے)

**خام:** کچا مال، پلا، سخت (فیکٹری میں تیار
ہونے والا مواد) خام مواد، مال:

**خام خیالی:** کچے ذہن کی سوچ (خوش فہمی)

**خانی:** (خانی ہ) ے کی نسل، ایک سال
کا ا (پرجھڑا)

**خان گاہ:** خانقاء:
سادھو فقیر کا ڈیرہ، بزرگ کی قبر، زیارت:
(تہاڑے پیونی خانگاہ چڑھنی) مح

**خانگی:** گھریلو، برادری، فیملی کا دستور:
اپنے طور پر بانٹی ہو زمین (خانگی
ٹھلے، تقسیم شدہ باڑی)
گھریلو سطح پر کام کرنا۔ خانگی طور پر:

**خانہ:** گھر، کوٹھڑی:
(خانہ خراب) خانہ برباد:
(خانہ خانہ) ایک ایک دراز:
ڈربے، چورس گھر، میز کا دراز:

**خانوادہ:** بڑا خاندان۔ گھرانہ:

## خ۔ب

**خبر:** (کو اندرے باہرے نی خبر تھی آ؟)
ہوش، سُدھ بُدھ، دھیان (گہی) علم
اخبار کی سرخی:
اطلاع، سندیسہ، پیغام:
ریڈیو اور ٹی وی کی خبر:

**خبرے:** اللہ جانے، خورے، شائد:

**خبیث:** بد، بُرا، میلا بندہ:
(مار او خبیثا)

## خ۔ت

**ختم:** مُک مکا، (مُکڑاں) خاتمہ:
درود، دعا کی برکت، پڑھنا پڑھانا، ختم
قرن (بندے مُکی گسنے، کم ختم نئیں
ہونڑیں)

## خ۔د

**خدا:** لوک، جہان، مخلوق:

(خدا اُٹھی کے چا دتی)
(خدا ترٹّی کھلتی) گل

## خ۔ر

**خراب:** مندا، بُرا، کوہجا، بھیڑا:
(جا تک خراب ہوڑاں گسناں)
بغڑ یا، لُچا، :
بُری عادتیں پڑنا:
گندہ گلنے سڑیا، مُسیاوا، داغیا:
سیب خراب ہو گئے:
(پلیت) جُنبی:
راتیں خراب ہو گیاں:

**خرابہ:** خرابی، بربادی، ناس:
بہوں خرابہ ہوسی (بربادی کا ڈر)

**خرابی:** بھیڑا کم، مندہ، بگاڑ، برا شر:
لُچ، بدمعاشی:

**خرات:** خیرات، دان، پُن:
خیر باہنڑیں۔ نیاز، بخشیش،
میت کے پچھے رزق تقسیم کرنا:

**خراس:** بڑی اور بھاری چکی:

**خراسی:** خراسیا، خراس چلانے والا، ایک ذات
قوم:

**خراک:** خوراک، کھادھ، کھانے پینے والی اشیاء:

**خراماں:** بخریت (خیری مہری)
جے ھُنڑ یا تے خراماں نہیں مُڑن لغا۔

**خرچ:** خرچہ پٹھا، زادِ راہ، کھانے پینے کیلئے
پیسے (خرچہ) مال (خرچ زیادہ آمدن
تھوڑی)
خرچ کرنا، خرچنا (پیسے لانڑاں)

**خرچہ پٹھا:** خرچ ہونے والا پیسہ رقم، توشہ، خرچ
پانی، گھر کا خرچا، راستے کا خرچہ، کو
کام کرنے کیلئے اندازاً رقم رکھنا:

**خرچناں:** صرف کرنا:

**خرچیوں تنگ:** تنگ فنگ، تنگ دستی، پھاٹک
غریبی:

**خرچو:** فضول خرچ، زیادہ رقم خرچ کرنے
والا، کھلے ہاتھ والا:

**خرمستی:** (لُچ پُنا) شرلا، لفنگ پُناں (پُچڑاں)

**خُردبُرد:** ضائع شدہ:

**خُردہ:** (خوردہ) کھا ہو چیز (نیاز، تبرک)

**خرے:** خورے، خبرے، شاید:

## خ۔ز

**خزمت:** خدمت، ٹہل سیوا، کھلانڑ پلانڑ، خاطر
تواضع: (خزمت داری)

## خ۔س

**خَس:** گھاس کے تنکے، یا باریک
جڑیں، پانی سے تر ٹھنڈی چک
(خس بھر) تنکے برابر

**خُسا:** کُھسّہ (چمڑے کی دیسی جوتی)

**خستہ:** بُھربُھرا، کرارا:
(ماڑا مندا حال)
خستہ حال ( ترُٹا)

**خسخاس:** خشخاش (ڈوڈیاں آلے دانے) بیج
(خسخاسی داڑھی) کاٹری داڑھی:

**خَسرہ:** جسم پر دانے نکلنے والی بیماری:

وبا مرض:

**خِسرہ:** (خِسرہ یا کھسرہ) چھُتی پُر[…] ہوتی:
(کھسرے تھروڑاں)

**خُسرہ:** ہیجڑا، زنانہ بندہ (نامرد)
(خُسرے نچاڑیں) رسم

**خسیس:** کمینہ (کم ظرف) کنجوس
(میں کدے ذرے خسیس […]ں کیتی)

## خ۔ش

**خُش:** خوش، نہال، موجی:

**خُشبَو:** مہک، واشنا:

**خُشکا:** سُکا آٹا (پلیتھیں)
(پلیتھیں لانڑاں) مح۔ خوشامد کرنا،
پورا کرنا۔

**خُشی:** (کھیڑا، ہاسہ) سُکھ، من مر[…]، گاہ بیاہ،
جشن۔

## خ۔ص

**خصم:** واحد مذکر
خاوند، گھر والا، مجازی خدا[…]سائیں۔
مالک:
(خصم کرے نانی چٹی دو تر[…]یاں کی) اخ

**خصماں:** مالکاں (جمع مذکر)
(خصماں کھانڑیں) گالھ
(کھا خصماں کی) اخ
(خصماں بغیر ساون تر[…]ایاں) اخ
ماڑا اُکتا خصماں ای گالھ (اخ)
نئیں منی توں مھاڑی گل
ہُنڑ خصماں کی بہی کے رو
(عارف ادیب)

**خصمیانی:** مالکن، بڑی، سا خصمی:

**خصّی:** کھسی (ناقابلِ تولید نر)
(ٹھاوا ہُنڑ خصّی کری کھنوس) مح

## خ۔ط

**خط:** خط پتر، لکھا، چھٹی:
جھریٹ، لیک:
ڈاڑھی کی لکیر:

## خ۔ف

**خفقاناں:** سدا خفتی، جھلا:

**خفتی:** خفقانہ روح:
(کھپڑیں آلا، کملا جنونی، جھٹ پٹ
رُسنے آلا: (خفگی کھانڑیں آلا)

**خفتاں:** (کفتاں) عشاء کا وقت، گہری شام:
(ڈونگیاں نماشاں) سونے کا وقت:

**خفگی:** رُوسا، ناراضگی (تڑنگ پُناں)

**خفن:** کفن، مردے کا آخری لباس، کفن دفن:
(مُردیاں نا کفن لاہنڑاں) مح

## خ۔ل

**خلاص:** آزاد، رہا، کھلا، فارغ، انزال:

**خلاصہ:** نچوڑ، ست، مختصر مطلب، اصل مال،
حقیقت:

**خلاصی:** (چھٹکارا) چھٹی، رہا، چھوٹ::

**خُلقی:** اخلاق پیاروالا بندہ، ملاوٹی، ملنساز، ہنس مکھ:

**خلل:** روکا، رکاوٹ، ناس، بگاڑ، خرابی:

## خ۔م

**خُمرا:** فاختہ اور کبوتر جیسا پرندہ:

**خموش:** خاموش، چُپ،، چپ چاں آواز کا نہ آنا۔ خاموشی چھانا:

، ہ: ہ آٹا، کھٹے پن سے اُبھرا ہوا آٹا

( ی) پھولی ہو اُبھری روٹی:

## خ۔ن

**خناس:** (پغڑ یاوا) قصوروار، دوسی، بد، بُرا: خلل، بگاڑ:

**خنساما:** خانساماں، باورچی:

خُندک: غُصہ

**خنوادہ:** خانوادہ (ٹبر) برادری:

**خنزیر:** سؤر:

**خنگاہ:** خانقاہ:

## خ۔و

**خواو:** میں سوتے وقت حالات واقعات سے گزرنا۔ سہم، کوڑ، خیال:

(تیرے خواب تے خیال رہندے۔۔

**خوار:** برباد، بے عزت، خجل خوار، ذلیل:

**خواری:** بے عزتی، خجل خواری:

( کمینے نی یاری سدا خواری) اخ

**خورے:** خبرے، شاید:

**خُش:** راضی، سُکھ:

**خُون:** رشتہ:

(خون سر چڑھی بلناں) مح

(خون کیتا کدے ییں چھپڑاں) اخ

(خونے نیں تر ) مح۔ جانی دشمن:

(خون و خون) خون سے لت پت:

(خون چڑھناں) خون کرنے پرنا:

(خون فر وی خون ہونڑاں) اپنا پھر بھی اپنا ہوتا ہے:

(خون آخر بولی پینڑاں)

(اکھیاں اچ خون اسناں) مح

(خون سٹناں) مح

(خون بہنڑاں) مح

(خون پینڑاں) مح

(خونی) خون کرنے والا:

**خوند:** خاوند، خصم سائیں گھر والا:

**خو :** قریبی۔ رشتہ دار:

(اول خویشاں بعد درویشاں) اخ

سکے رشتہ دار، قوم قبیلہ، برادری:

## خ۔ے

**خیر:** سب اچھا:

گدا ۔ منگن نی حالت، فقیر پُناں:

(روٹی ٹکر منگڑاں)

(دیدار نی خیر باہنڑاں) مح

( بکرے نی ماء کدوں جیاں خیر مناسی؟

(اخ)

**خِیر:** آخر (خیر میکی پتہ سا ایہے ہوسی)

**خِیرا:** آخری:

**خیرا:** (ہک ناں) خیرالدین.

**خیرخبر:** اطلاع (خیر کی خبر)

**خیرصلا:** خیروعافیت:

**خیرخیرات:** پُن، دان، بخشیش:

(اللہ نے نائیں نادینڑاں)

**خیرخریت:** (خیری صلاّ) خیرخریت، خیرمہر، خیر سکھ:

**خیرمہر:** خیرخریت:

**خیری:** سُکھی، خوش، نہال (خیری رہیو)

**خیریں مہریں:** (تغڑے) امیر، صحت مند (سُکھی)

.........................................

## د۔ا

.........................................

**دا:** اور (داحیل پینڑاں س)

لوہے کا ٹوکہ نما ہتھیار (خنجر) (داء)

دا پیچ، پہلوانی کے کرتب:

(داء لغے نی گل) جب وقت مل گیا یا وقت قابو میں آگیا:

(داء لانڑاں) دھوکا دینا:

جو پر پیسے لگانا:

(داء مارناں) جو کی رقم جیتنا:

(داء لا ) دھوکا دینے والا:

(بلی آلا داء) بلی والا دا (درخت پر چڑھنے کا دا )

(بلی آلا داء نانہہ دینڑاں) مح

اصل دا نہ بتانا:

**داب:** بالشت بھر کٹی ٹہنی جو پھوٹنے کیلئے زمین میں دبا دی جا :

(داباں لانڑیاں) نئے درخت پیدا کرنا:

(دابالانڑاں) رُعب ڈالنا:

رعب داب، دبدبہ، جھڑک:

**دابا:** رُعب۔

**دابڑا:** ترامبڑا، لوہے کی کڑاہی:

(دابڑہ باہنڑاں) ڈردسناں، ڈرانا، رعب ڈالنا:

**دات:** احسان، بخشی ہو چیز: (بخشیش)

دات کرنے والا (داتا)

(توں بڈیاں داتاں کھوہی دتیاں)

**داتری:** درانتی، فصل اور گھاس وغیرہ کاٹنے کا آری کے دانتوں جیسا ہتھیار:

(دندیاں آلی چھری)

(جیٹھ، داتری ہیٹھ) اخ

**داتن:** مسواک، سک، دنداسہ:

**داتی:** داتا کی مونث

سخی داتن (سخاوت کرنے والی)

**داج:** (جہیز) بیٹیوں کو شادی پر دیا گیا جہیز کا سامان (داج داون)

(اُدھلیاں کی داج کو نئیں دینڑاں) (اخ)

جس داجے نے گنڈھ تروپے
اکھیاں نی رُشنا پیتی
پھاڑ پرولے پا ...(باقی صدیقی)

**داخ:** قلم:

دیسی انگور (داکھ)

(داخے ہتھ نہ پُہچے تھوہ کوڑی) اخ:

**دادکے:** (پیونے ساکیدار) انگ ساگ، وڈیرے: (حسب نسب بیان کرنے

آلے)
**دادڑ:** بھُنے دانے:
وہ دانے جن میں سختی آ جا :
چبا نہ جائیں (کچے اور خشک)
**داد پوترا:** چچازاد بھا ۔
(داد پوتری) مونث
**دارو:** دوا،نسخہ،دوا دارو (شراب)
علاج (بندہ بندے ناں دارُو) اخ
(کھٹی ناں کو داروں نہیں) اخ
(اپنیاں کیتیاں ناں دارو کو نہیں) اخ
خودکردہ علاج نیست:
شراب:
**داری:** (آداری) خدمت داری،خیال کرنا:
دوکان داری،سرداری:
**داڑھ:** (ہاڑھ) بڑا دانت،عقل نی داڑھ:
(داڑھے ہتھ اسناں) مح۔قابو ہونا:
(ہاڑھ نڑی کرنا) بہت تھوڑی چیز
چکھڑاں:
**داڑھا:** بڑی داڑھی:
(چٹ داڑھا) داڑھ رکھیا واس:
دیوار کے آخر کی چنا ، جوڑ، (داڑھے
چھوڑنا)
**داڑھی پٹناں:** ہتک کرنا، بے عزتی کرنا، بڑے
آدمی کو شرمندہ کرنا:
(تہاڑے پیونی داڑھی پٹاں) گالھ
(داڑھی کولوں مُچھاں بدھنیاں) مح
**داسا:** لیٹی (پیسٹ)
جانوروں کے بچوں کا گوبھر:
**داغی:** (داغ لغاوا) داغدار،روگی،عیبی:
خراب،گلاسڑا:

(چٹے کپڑے کی داغ لغڑاں) رسوا ہونا:
**داغڑاں:** گرم لوہے سے داغ لگانا (نشان لگانا)
داغی کرنا:
فائیر کرنا،گولی مارنا:
**داکھ:** دیسی انگور:
(داکھے ہتھ نہ پہچے تھوہ کوڑی) اخ
**دال:** مونگ اور ماش چنے وغیرہ کے دلے
ہو بیج:
(اتھے دال نظر نہیں اسنی) مح
دال چینی،سک مصالحہ:
(دالی اچ کالا کالا نظر اسنا) مح
(کھایئے دال نبھے نال) (اخ)
**داند:** بیل (داندے نا داندای رہسیں)
جھلا مورکھ آدمی:
(لدے داندے نا پیرنا نہہ ٹغڑاں) اخ
(بھتے پچھے ڈانگ اماں داندیا ڈانگ
دے) کہت:
(ع) نیزہ بازی تے داندبا نے ایہہ
(سلطان ظہور)
**داندیا:** بیل رکھنے والا۔شوقین۔مالک:
(سو داندے آلا وی ہک داندیئے کول
چلا گسناں) اخ:
**دانڑ:** دانؑ
دینا،خیرخیرات،بخشیش (پُن) سخاوت
سوغات،تحفہ:
**دانڑ:** ادوانڑ:
چارپا کی پائینتی کی رسی:
**دانڑاں:** دانہ۔
(اناج)
دانے دانے پہ لکھا ہے کھانے والے کا

نام
(دانڑاں)(اندام نہانی کا ایک حصہ)
(دانڑا) تہاڑی ما نے دانڑیں اچ
ماراں (گالھ)
(دانڑا) بیج، دانہ، فصل، اناج:
(دانڑا جیا تھیائیں) بہت چھوٹا
(دانڑا ) تھوڑی بہت فصل۔ گزارہ:
(دانڑا) ایچک دانہ پیچک دانہ: گا
(دانڑا دانڑا کرنا) مح۔ ایک ایک کرنا
مخالفت ڈالنا۔
(دانڑا سٹناں) مح۔ شرارت کرنا۔ جھگڑا
پیدا کرنا۔
(دانڑاں) پھُنسی (دانے نکلنا)

**دانڑغلولہ:** باریک، مہین دانہ:
(شیطان) شرارتی

**دانڑیں:** (دانے)
جمع (دانڑیں باہی کے دینڑاں) گھر
سے کھلانا۔ پرورش کرنا:
(جس نے کھر دانڑیں اس نے
وی سیانڑیں) اخ
(دانڑیں روٹھا تھیائیں) ناچیز:
(دانڑیں نکلنا) چیچک کے داغ گرمی
دانے، جوانی کے دانے:
(دانڑاں دانڑاں) دانہ دانہ (ایک ایک
بکھری ہو چیز:
(دانڑاں دانڑاں کرناں) مح
چنے اور مکئی کے بھنے ہو دانے:
(دانڑیں سٹناں) مح۔ جال میں پھنسانا
، فریب دینا:
(دانڑیں پکڑاں) خالی ہونا، پلے کُج نہ

رہنڑاں:
(دانڑیں کھانڑاں) تھلے لغڑاں:
میں کو تہاڑے دانڑیں کھانڑاں آں:
فرماں برداری کرنا:

**دا :** دا ما (بچے جناں آلی) مڈوائف
(دائیاں کولوں پیٹ نئیں چھپڑیں) اخ

**دائیا:** حق دعو ، چاہ، آرادہ، خواہش، نیت:
(پرایاں پُتراں اپر کیہ دائیا آ؟)

**دائیں:** اور زیادہ۔
جتنا منڑیں کرو دائیں مستی کرنے۔

---

## د۔ب۔پ

---

**دَب:** (داب) کھر دری تیز دھار گھاس،
زمین پر اُ گی لمبی گھاس:
دب کے واہ، دبا کر ہل واہی کرنا
(بچے نے سرے اپر دب نئیں جمڑیں
باقی نا دھار نئیں رہنڑاں) اخ
(کھلی کھلی پیراں وچ دب جمی آ ) اخ
لمبا انتظار۔
(دبودب) لگاتار، مسلسل:
(دبوسٹ) تُند ہی اور محنت۔
(دب دینڑاں) جھڑکنا:

**داباں:** جمع، داب (قلم)
داب: واحد درخت کی کٹی بالشت بھر
قلم
(داباں لانڑاں) گاڑھنا۔

**دبّا:** جلتی ہو آگ کو دبانا۔
دھواں نکل آنا۔ اندر اندر آگ لگنا:
تندور کے منہ پر ڈھکن یا گھڑا رکھنا:

(دبا دینڑاں) ٹھنڈا کرنا، آگ ہلکی کرنا:
چاولوں کو ڈھکن کے کپڑا رکھ کر
بھاپ کے ذریعے نرم کرنا گالنا:
(دبّا) افسانہ (شیراز طاہر)
(دب باہنڑاں) پریشر ڈالنا، دبا ڈالنا:
(دبی کھانڑاں) دبا کر کھانا، کھلا کھانا،

**دباں:** رُعب سے کی ہو باتیں:
(دباں چاڑھناں) مح

**دباڑاں:** (دباناں)
پر کرنا، دبانا:
(دباڑاں) دوڑانا:
داند دباڑاں، کھوڑے دباڑاں:
جانوروں کی دوڑیں:

**دبڑاں:** (دبناں) دبانا، مٹی ڈالنا: دفن کرنا
(کمے اچ دبڑاں) کام میں لگا رکھنا

---

**دبکا:** (دبکا مارناں، اپری مارنا، دابڑا مارناں)
دھمکاناں ڈرانا، رُعب ڈالنا،
(ڈراوادسنا) دبکانا:
(رعب تھلے کرنا) ڈرانا، انڈر پریشر کرنا:

**دب کے:** واہ واہ، خوب، گھٹ کے، دبا کے:
(دب کے واہ تے رج کے کھا)

**دُ ل:** (دُبل..ناں)
مٹی میں رگڑنا: لت پت کرنا:
(پلسیٹے مروانڑاں)

**دَبڑاں:** دبناں:
دفنانا:
ذلیل کرنا، جھکانا:
کیبل کی تار وغیرہ دبانا:

**دُپریاں:** جمع (دُپری) واحد
(بُرجی نمار کھے پولے)

سوکھنے کے لئے کھڑے کئے گندم کے
پولے۔

................................................................

## د۔ بھ۔ پھ

................................................................

**دَبھ:** ایک مشہور گھاس:
(بڈھیاں ٹھگیاں نی واہی، اگے دبھ
تے پچھے کاہی خ

**دپھڑی:** (رَولا، دفڑی)

................................................................

## د۔ ت۔ تھ

................................................................

**دِت:** ممیااللہ کی دین (دتی وی چیز) نعمت:

**دِتا:** دیا، حوالے کیا، تھمایا،
(دتا چور روہڑیا مور

**دَجگی:** دوجگی:
فرق، :
(دوجگی کرنا) بے انصافی کرنا
برابر حصّہ نہ کرنا، برابر نہ سمجھنا:
**دُکھڑاں:** (دُکھاں)
درد محسوس کرنا:

........................................

د۔د

........................................

**ددّر:** دھدر، چنبل، چمڑی نا روگ، جلد کی
بیماری:
(مونہے نی لب لائڑیں چاہی نی اے)
**دُدّھ:** دودھ:
(دُدھے نی راکھی بلا) اخ
(دُدّھ لہنڑاں) مح۔ غُصے کا ٹھنڈا ہونا
آ کر ختم ہونا:
(دُدھ باہی کے چٹناں) مح
(دُدھ پی کے سینڑاں) مح
(دُدھ) خون، نسل:
(دُدھ ای ایہے جیہا آ)
**دُدھ پُتر:** اللہ کی نعمتیں (اللہ دودھے پتراں آلا
کری) دُعا.
خو لی، سکھ، آرام، آل اولاد:
**دُدھ پتی:** زیادہ دودھ والی چا :
**دُدھ دھوا** : جاتک جمڑیں اپر پُھپیاں نا انعام:
**دَدھا:** کچا، نرم، پلا:
**دَدّھاری:** ساگری کے پاس ایک گا ں:
**دُدھل:** کچی، نرم:
(دُدھل ) کچے دانے والا بھٹہ:
(دُدھل گاں) زیادہ دودھ دینے والی
گا :
(دُدھل گائیں نیاں لتاں وی چنگیاں)
(اخ)
**دَدھے:** مکھن کو گرم کر کے صاف کرنا، سوجی یا
باجرے کو مکس کر کے صاف کرنے کا
عمل، سوجی اور باجرے کا نکلا ہوا
مواد، پھوک:
(سرے نے ددھے کرنا) مح۔ لڑا
کرنا۔ سر پھوڑنا:
(دَدھے کڈھناں) گھی بنانا، مکھن سے
گھی تیار کرنے کا عمل، باجرے کے
دانے یا سوجی ڈال کر مکھن میں گھی کو
صاف کرنا، گھی میں باجرے کے دانے
یا سوجی ملانا۔
**دِدّے:** بڑی بہن:

........................................

د۔ر

........................................

**در:** بوہا، دروازہ:
(دربدر) گھر گھر (بوہے بوہے)
(ہک در بند سو در کھلا) اخ
(درملی کے بہنڑاں)، کُتے آر چوبیس
گھنٹے بیٹھا رہنا، پکا بیٹھنا، منگتا بننا:
(دروں باہر ہونڑیں آلی گل کر)
(درے اپر آ سوالی کیہ خالی نیں
موڑناں چاہی ناں)
(درے اپر) اللہ کے حضور:
(دَرملی کے کھلناں) مح
(درپٹی کھانڑاں) مح۔ پیچھے پڑ جانا:
(دروں باہر کڈھناں) مح

**ڋر:** (کتے کی درکارناں،نسانڑاں) دور کرنا:
پٹکارنا (ڋرُسوراں نیاں)
(سوواری ڋرکیتی فروی بوہے اگوں نئیں
ہٹناں:
(ڋرسوراں نیاں) گالھ .مالکوں کوگالھ
دینا:
(ڋر) دفع:
(ڋر جتگلیں سُتیا) لوری

**در:** طرف:
(اُس در) اس سمت:
(اُرے مھاڑے درکرس) گل

**دُر:** (دُر منہ) لعنت
سچے موتی، گہنا، دُرِ ، دُرِنجف:

**درا:** (لا ) دوکمروں کا درمیانی راہ:
گلا:

**دراٹی:** درانتی (گھاس کاٹنے والی)
(لا اولا ہتھوں دراٹی وی گما ) اخ
دانتوں والی چھری:

**دراڈے:** دور کہیں:
ہکو لاٹ دراڈے ڋسے
باقی چار چفیر ہنیرا (سلطان ظہور)
دوردراڈے میں ہک تکھیا
تھوڑوتھوڑگراں (شیراز طاہر)

**درز:** چیٹی۔روزن:
چنا کے دوران دو اینٹوں کی درمیانی
جگہ:
(درزمارناں) (درز پھیرناں)
(درزاں کڈھنیاں) ٹیپ کے لئے
جگہ بنانا:

**درڈ:** (دَ.رَڈ)
پانی کے بہا سے پڑے ہو کھڈے:

**دراڈے:** دور، پرےپرے، ایک حد سے آگے تک
چلے جانا:
دوردراڈے کھرے سوں دور
میں ہک تخیا تھوڑوتھوڑگراں۔نظم

**درانڑی:** درانی
درانی (دیور کی بیوی)

**دربل:** دربھل:
زور سے گرنے کی آواز:
(دربل کری کے ٹھنڑاں)
موٹی آواز:

**دردی:** درردمند بندہ، سجن (دکھےسکھے ناپہیال

**دردوند:** غم خوار۔

**دردوندا:** دکھیارا، غمزدہ:

**درشن:** سجن کا دیدار، دید (جھوٹے روپ کے
درشن کتاب. (راجہ انور)

**دَرک:** (دَر......ک)
علم، خبر (ہک درک تھئی اے)
(درکی) خبر رکھنے والا:

**ڋرک:** (ڋر...ک)
:
(ڋرکڑاں) ڈرناں خوف کھانا:
ٹٹی کرنا۔جلاب بیٹھنا (ڋرکڑاں پھرناں
(درک کڈھنے) خوف زدہ کرنا:

**دَرکارناں:** کُتے کو باہر نکالنا، دفع کرنا، ڋرکرنا:
جھڑکنا: ٹھکرانا
(درکاریاوا) دوزخی بھیڑا بندہ:

**درگ:** (د....رگ)
نڈھال۔
غم یا خوف سے دل چھوڑ دینا:

(ڈھیر ہونا)

**درگا:** ہند ں کی ایک دیوی، مورتی:

جناب، دربار۔مزار، خانقاہ:

(اللہ نی درگاہ وچوں)

**درنگ:** فالج:

**دَرُوہنگ:** درمی وی جاء(دھنسی ہو جگہ)

پانی کے اثر سے جہاں کھڈا بن جا :

**درماند:** عاجز، لاچار، مسکین، دُکھی:

**دُرمٹ:** لوہے کا بھاری وزن جس سے زمین

سخت یا پر کی جا ۔

(زِنویں کٹناں) فرش کے لئے زمین

سخت کرنا:

**درمڑاں:** دھنسنا(قور درّمی گئی)

**دروٹنی:** (در...وٹ...نی)

د :

**درھو:** ڈر، خوف

(درھو پیئڑاں) ڈر کا دل میں سما جانا:

جا تکے نے دلے وچ درھو پَی گیا:

**دروکھا:** (درو....کھا)

دیاروکھا(دیا رکھنے کی جگہ) شیڈ

**دریہڑ:** (لوچ۔لُس)

(دریہڑاں آلا کھھاہ) زمین پر پھیلنے والی

گھاس کی بیل:

(آٹے نی دریہڑ) گُندھے ہو

آٹے کا ایک جان ہونا۔ربڑ بننا۔

(دریہڑ چھوڑنا) اچھے آٹے کی نشانی:

**دریڑناں:** (اُکیلنا)

ادھیڑنا۔سوئیٹر یا اون کی بنی چیز کو

کھولنا:

بُنی یا سلا کی ہو چیز کو دوبارہ کھولنا:

کھال اتارنا، کُھ نا:

**دُریا:** دھوکہ فریب:

(دُریا لانڑاں مح۔دھوکے فریب سے

رقم بٹورنا:

**دریابرد:** دریا کی نذر، در کے حوالے:

پانی کے بہا سے کٹی ہو زمین:

ضائع شدہ:

**دریک:** بکا ۔

**دریشی:** نوک پلک کی درستگی:

---

## د ڑ

---

**دَڑ:** چُپ:

(دڑ بٹنا) چُپ سادھنا، خاموشی اختیار

کرنا:

(دڑ وٹ د اڑہ کٹ) اخ

(چُپ کر دڑ وٹ جا عشق دا پھول پھلا

نا نہہ)

**دڑا:** رلیا ملیا اناج، دوغلا:

(دڑا مارناں) ملاوٹ کرنا:

بڑی بیٹ:

**دُڑکی:** گھوڑے کی ایک چال:

دُڑکی لانڑاں:(شُوٹ مارنا، دوڑ کر

جانا)

**دڑکا، تہڑکا:** دھڑکا، ڈر، خوف، دل کا دھڑک

دھڑک کرنا:

**دُڑکڑاں:** دوڑنا پھرنا:

**دڑگاٹا:** دوڑ لگانا، درگاٹے پٹناں، دوڑنا(نس

پجھ کرنا) صحت، تندرستی:

جانوروں کا دُم اٹھا کر بھاگنا،

بھاگنا دوڑنا، دڑ گاٹا کڈھناں:

**دڑل:** زور کی آواز، دیوار گرنے یا ٹائر پھٹنے کی آواز:

**دڑناں:** د ں:

**دُڑّنی:** (دُ....ڑُن....نی)
انار کا دیسی بوٹا۔ چھوٹی اور عام قسم:
(دُڑنیاں) جمع
دوپتر دُڑنیاں نیں
آ کے مل ماہیا کم چھوڑ کے دُنیا نیں
(ماہیا)

................................................

## د۔س

................................................

**دَس:** (بتا) امر:
دسناں، بتانا، خبر کرنا، اطلاع کرنا:
(گن) نو اور ایک = دس:
(ہنڑ دس آں پُترا) تنبیہ، تاکید، خبردار:

**دِس:** (Look) (تکھڑیں وچ) شکل وصورت:
(منہ مہاندرا) چھب:

**دِس پس:** ظاہری حالت:

**دَستا:** ۲۴ کاغذ کا دستہ:
(مُٹھ، ہتھی)
درانٹی یا چاقو کی دستی (ہتھی)
فوج کی نفری، فوج کا ایک دستہ:
(کہواڑی بیلچے یا کہی ناڈنڈا)

**دستی:** اگلی ٹانگ کے اوپر والے حصے کا گوشت:
ایک گہنا زیور:
(مُٹھ یا ہتھی)
(دستی) ایک دم، فورا (جگہ اپر) دستی

واپس کرنا:

**دستیے:** اذیتیں:
اچرے وی توں دیں دستیے صول نئیں
چنگیاں لوکاں نے (ع)

**دُسّر:** تاش کا کھیل، دوگٹھیاں :

**دَسڑاں:** (دَسناں)
دکھانا۔
(شیشہ دسناں) اوقات نا۔
(کہنا) بتانا۔ خبر کرنا، بھی کھولنا:
نا، بیان کرنا، سبق د،
سکھانا پڑھانا:
(اکھیاں دَسڑاں) مح۔ رانا، غصے ہونا:
کھل میں تکی دسناں آں لکار
(دسنی بچی مارنی کھبی) اکھ

**دِسڑاں:** (نظر آنا) ظاہر ہونا:
(اکھیاں چوں دِسناں) نظر ٹھیک ہونا :
سامنے ہونا:

**دسوتی:** کپڑے کی ایک قسم:

**دسوتی ٹانکا:** جالی دار کڈھا ، سو سلا کا کام:

**دسوند:** دسواں حصہ: عُشر:

**دسواں:** دسواں حصّہ، دسواں د اڑا۔
(دسویں جا ) کم تعلق آلی جاء۔
توں دسویں جا نا نہ بول:

**دسی:** تاش کا پتا (دس نمبر)

**دسیری:** دوسیری، دوسیر کا پتھر:

**دس سیری:** دس سیر کا پتھر:

**دسیں:** دسویں جماعت:
بتانے کی صورت:
دسیں ناں میں نال چلا جُلساں:

................................................

## د۔ع

دُعا: اللہ کولوں منگی وی خیر:
(دعا پڑھانڑاں) نکاح پڑھانا:
دُعا فقیراں رحم اللہ:

## د۔غ

دغڑ دغڑ: بھاری قدموں کی آواز:
دغڑاٹا: مویشی کی دوڑ (شُوٹ)
دَغڑاں: (داغناں)
گرم لوہے سے داغ لگانا:
(داغیا گسناں) پھل کا خراب ہونا:
توپ چلانا، گولہ داغنا:

## د۔ک

دُکی: دو کا پتا، تاش کی دُکی، دو کا ہندسہ:

## د۔کھ

دُکھ: دل کا درد۔
(دُکھ یاراں ناں، ناں پھر اواں ناں)
(اخ)
دُکھڑا: دکھ درد کا قصہ (زار)
دُکھڑاں: دُخڑاں:
درد کرنا، تکلیف ہونا:
(ہتھ لانڑیوں دُخڑاں ایں؟)
دکھنڑ: پہاڑ (شمال) طرف:

## د۔گ

دُگ: (کھا) امر
دُگ لانڑاں: فریب دینا:
دُگڑاں: دبا کر کھانا (دُگی رہیاں ایں تے اُٹھ)
دُگڑاں: (دُگناں)
دُگنا (دوگنا) دبا کر کھانا:
دَگڑاں: غلے کو چٹو میں کوٹنا:
دُگاڑا: دوہرا فائر، دو گولیوں کا ایک ساتھ نکلنا،
گولیاں کھلیتے ہو ایک گولی کی
بجا دو گولیوں کو لگ جانا، ٹکر ہونا:

## د۔ل

دَل: موٹا پسا ہوا اناج:
سرسوں کا دھڑا (دلیہ) موٹا

دِلّا: دروازے کا ایک طاق، فریم کے اندر
لگی پلا کی پھٹی وغیرہ:
سجن، دِل:
(دِلا، ٹھہر جا یار دا نظارہ لینڑ دے) گا
دَلّا: دلال (کمیشن ایجنٹ)
(دلی) گالھ۔ (مونث)
دلاسا: تسلی:
دلان: کھلا بیہڑا، در و دیوار سے خالی جگہ، کُھلا
کمرہ:
دلا ہنگ: ڈبل قدم، تیز اور بڑے قدم (ڈگ)
(دلا ں مارناں) لمبے قدم مارنا:
ڈگ بھرنا:

دُلدُل: براق (خیالی پراں آلا گھوڑا، عرشی گھوڑا:
(امام کی سواری) (ذوالجناح)
(دُلدُل آ خالی آ) مرثیہ
غم کا ایک منظر:
دَلڑاں: (دَلناں)
مُٹا مُٹا پیہنڑاں، دلیا کرنا (پر کرنا)
ویلے نی چکی چلنی پئی
پئی نِکا مُٹا دلنی پئی (عارف ادیب)
دِلوں: (اندروں) دل سے، دلوں ں:
روح سے، نیک نیتی سے:
دَلیا: موٹی پِسی ہو گندم (اناج)
دلیل: کچی سوچ۔
(میں پئی دلیلاں دے وس وے)
ل.گ.
(دلیلاں اچ پینڑاں) سوچ میں ڈوبنا:
سدا ہونا:
(دو، دلیلیں) دوہری سوچ (کنفیوزن)

## د۔م

دَم: سانس، جان، حیاتی:
(کیہ بھروسا دم دا اوہ یار) گا
(دم درود) پھونک جھاڑ:
(دَم پخت) دیگ دم کرنا، چاولوں کو دم
دینا:
(دمادم مست قلندر) فقیروں کے
نعرے:
(دم کرنا) دعا یا کلام کا پڑھ کر پھونکنا:
(دَم پکاڑاں) سانس پکا کرنا:
(دم دینڑاں) چاولوں کو دم پخت کرنا:
(دم دینڑاں) فوت ہونا، انتقال کرنا:
(دم لانڑاں) حقے کا سُوٹا لگانا:
نشہ پورا کرنا:
حُقہ چھکیا دم لا کے
آنڑیں دیاں کے خُشیاں لگے ویندے او
غم لا کے (ماہیا)
(میں ذرے حقے نا دم لا کھناں)
دَمادَم: ہر دم، ہر پل، ڈھول کی آواز (ڈماڈم)
(دمادم مست قلندر)
دمودم: جلدی جلدی:
دماں: دمہ۔ سانس کی بیماری:
(دَماں کرناں) سانس نکالنا۔ وٹ
دور کرنا۔
دُمب: دُم (پوچھل) (پُوچھڑ)
(اچرے دُمبے اپر پیر نئیں ٹغیاس) مح
(دُمب لماں ہوسی تے ٹھوہ آپڑاں
گجسی) اخ
(دُمب لانڑاں) بدنام کرنا۔ رسوا کرنا:
(دُمب کپا) دُم کٹا۔
دُمبا: (مینڈھا) لیلا، ٹُر کی دُنبہ
دُنبی: (مونث)
دُمی: (بوندی)
کلی جو کھلنے کے قریب ہو، جوار کا بُھٹا۔
(دُمی اچ دانڑاں پینڑاں) مح
(دِسنا! تہاڑی دُنبی اچ وی دانڑا پئی گیا)
باریک دُم، چھوٹی دُم::
دمڑی: سِکہ، پیسے کی چار دمڑیاں:
(چمڑی گچھے دمڑی نہ گچھے) اخ
(دمڑیاں) جمع
(پلے ہونڑ دمڑیاں ٹھائیں کھڑئیں بیاہ

(اخ)

**دمدمہ:** پُشتہ۔

**دموُنہی:** دومونہہ والی، سانپ کی ایک قسم۔
(دومونہی سپڑیں)

**دَمیلی:** دومیلی، ملتے ہو دوراستے:
دوگا ں کےملاپ کاراستہ:

.................................................

## د۔ن

.................................................

**دَند:** دانت:
(دندکڈھناں) مح۔فضول ہنسنا:
(ہتھاں نال بنھیاں دنداں نال
کھولنیاں)(اخ)
(ہسنیاں دنداں نی پریت) مح
(دنداں پہھار) منہ کے بل:
(دنداں پہھارسٹڑاں) مح
منہ کے بل گرانا(ویلے اپرسٹ مارنی)
وقت پردھوکہ دینا:
(دندپسیکڑاں) کُتے کاہارماننا:
(دندکھنڈ) پلاسٹک کی ایک قسم:
(سونے نادند) دانتوں میں خوبصورتی
پیدا کرنا:

**دندانڑاں:** (دنداناں)
آری یادراتی کےدانت تیزکرنا:
(دراٹیاں دندانڑیاں)

**دنداسا:** اخروٹ، کاچھلکا، مسّی، سَک:
اس نے رنگ دنداساسوہے
جس اے یارمنایا(سلطان ظہور)

**دندبَوڑا:** وہ بچہ جس کے دانت گرے ہو
ہوں:(دندبَوڑاکاسیاں ناکھوڑا)

کپت

**دندڑاں:** آری یاداتری تیزکرنا:

**دندل:** باہرنکلےہو دانتوں والا:مذکر

**دَندلی:** بڑے بڑے دانتوں والی یاآگے نکلے
ہو دانتوں والی،ڈرا نی(مونث)

**دندکنڑ:** (دانتوں کی جکڑن)غشی کی حالت
میں دانتوں کاآپس میں جکڑ جانا،منہ بند
ہونا۔
انتہا دکھ اورغم کی حالت:
(دندکنڑپیئڑاں)

**دندڑیاں:** چھوٹےچھوٹےدانت:
(دندڑیاں کڈھڑاں) مح
(لِسے کُتے نی نشانی)
چھوٹے بچے کےدانت

**دندہ:** کنارہ،سرا(آری کادانت)

**دندَ ے:** (دندے) جمع
(دَندَ ےلانڑاں) مح۔موت کے
قریب لے جانا۔

**دندے:** کیہڑابوٹاکپڑاں ایں؟
کلوتری نیں دندے تک
(عارف ادیب)

**دَندی:** مٹی کااونچاٹیلا،تودہ:
اونچی جگہ:
اوہ کُڑیاں ناں دندیاں اپرٹُرناں بن
قطاراں(جسونت سنگھ وِتا)
(اس توں اگے دندی اے) آخری
جواب:
(دندی مارناں) چک مارنا۔دانتوں
سے کاٹنا:
(دندی چڑھناں) مح۔مشکل کام کرنا:

**دُنی:** دنیا، جگ جہان:
(دین گمایا دُنی سے دُنی نہ آیو ہاتھ...)

**د۔و**

**دُوا:** دوسرا، غیر، لوگ:
دلے نے راہ سرے نے اپر
گل دوے نی تھرتی پھاڑے (شعر)
بندہ او بندہ جھوری
دُوے نے کم آوے (سلطان ظہور)
(دووے نیں کھر ٹھول بجناں
سوہنڑاں لغڑاں) اخ
(دوااپاسا) دوسر طرف
(دُووے ناں مونہہ سوہنڑاں تکھی
آپڑاں مونہہ پھناں نیں چاہی ناں)
(اخ)

**دواٹھی:** اَٹے سَٹے کی شادی:

**دوال:** حاص وصول (بچت) حصّہ، نفع:
(میکی کہہ دوال ہویا؟)

**دوال گیر:** دیوار گیر، کپڑے ٹا والی پھٹی:

**دوالہ:** دیوالیہ:
(پچھوں دوالہ ہو گیا) لوئی:
(پورے گھرے نا دوالہ بلا شوڑیاس)
(دیوالہ ہونڑا) گھر برباد ہونا، لکھ نہ رہنا:

**دواں:** (دونوں) دونوں اطراف کا:
(دواں بیڑیاں آلا ہمیش ڈُبڑاں) اخ
(دواں زنانیاں آلا سولی چڑھے سوں ماڑا) اخ
(دواں کھراں نا مزمان پکھا) اخ

**دوبازرا:** منافق:

**دوبازری:** منافقت:

**دَوبدھا:** دونوں پیر جوڑ کر ماری چھلانگ:
(دوبدھا مارناں) ٹپنا:

**دَوپاسی:** دونوں طرف:

**دُوتی:** چغلی، غیبت۔

**دوتر پوتر:** بیٹے بیٹیوں کی اولاد:

**دوتر وانڑ:** نواسے نواسیاں:
(دوتر وانڑ ستیں پیڑھی ویری) اخ

**دولکڑ:** (دولکڑ چوہا پھاتا) کپت
مشکل میں پھنسنا:
دونوں طرف مصیبت نظر نا:

**دَوتی:** (دَوتی پڑوتی) چغل خوری، عیب جو:

**دُوج:** دوسرے نمبر پر، دوسری وار:

**دوحرفی:** مختصر بات (مُکنی گل)
بات کو دو حرفوں میں بیان کرنا:

**دودڑا:** (دَود...ڑا)
رعب۔ دبدبہ (بھاری آواز)

**دَودھی:** دودھ بیچنے والا۔ گوالہ (شیر فروش)

**دَودھی:** (دودھی ) کچا فصل، کچے دانے جن سے دودھ نکلتا ہو)
مکھڑاں تے دُودھاں نی پلی
ساوا سٹہ دودھی (باقی صدیقی)

**دودلیلیاں:** دوسوچوں کے درمیاں:
(کنفوژن کی حالت میں)

**دَور:** (بڑی لنگری) مٹی یا پتھر کا برتن جس میں بھنگ وغیرہ رگڑی جا ، گول کونڈا، بڑا پیالہ:
(دَور) زمانہ۔ وقت

**دورا:** سفر، وزٹ (Vist) را نڈ:

کھلے منہ والا برتن:
(دورہ پینڑاں) بیماری کا اثر ہونا:
**دوردراڈے:** کافی دور (ہٹ کر) لما پینڈا:
دوردراڈے کھرے سوں دور
میں ہک تکھیا
تھوڑ وتھوڑ گراں (نظم)
**د س:** (وحشی) بیوقوف۔ گنوار:
**دوش:** دعو ، الزام:
(کسے اپر کہہ دوش گل آپنے نصیباں
نی)
**دوسانگا:** دوسِٹ (انگلی) والا ڈنڈا، کانٹے وغیرہ
اکھٹے کرنے کا ڈنڈا (دوسلاہنگہ)
**دَوکھر ا:** دوگھروں والا:
(دوکھر اں نا مزمان پگھا) اخ
دوکھر اکُتا:
**دَولا:** شاہ دولا، شاہ دولے کا چوہا، گجرات کا
ایک فقیر۔ دولے شاہ:
غافل، بے پرواہ، بے مغزا، کملا:
سائیں لوک:
**دَولتّی:** (دو...لت....تی)
(دولتی مارنی) پچھلی ٹانگوں کو اکھٹا کر کے
مارنا (لاتیں مارنے والا جانور)
(دولتی) دولت مند آدمی، سرما دار:
(دولتو) عورت کا نام:
**دولڑا:** دولڑیوں والا (ہار)
**دلیلاں:** وسوسے: (ان پکیاں سوچاں)
چناں کتھے گزاری رات وے میں پئی
دلیلاں دے واس وے (ل گ)
میں وچ دلیلاں پیاں
تینڈیاں گلاں کیہڑ رگیاں؟ (باقی)

**دُونڑیاں:** (دونیاں)
دُگنی (دوگُنا)
(شاہاں نیاں دُونڑیاں) اخ
**دُونڑاں:** (دُوناں)
ہک دونڑاں دونڑاں دودونڑی چار:
(دُگنا، چوکھا، گلیر ا، اللہ دُونڑاں دیسی)
**دُونڑی:** (دونی)
(دُگنی) دو کا پہاڑہ:
(ہک دُونڑی دونڑی دودونڑی چار)
**دَوندّا:** دودانتوں والا جانور:
(قربانی کے قابل مویشی)
دودانت والا جانور (بالغ بیل)
(چوگا) چار دانت:
(چھگا) جوان:
( ں کڈھناں) پورے دانت والا:
**دونسلا:** رَل گڈ، مِکس، ایک قسم یا نسل نہ رہنا:
نسل خراب ہونا:
**دوٹائماں:** دووقتا (دونوں وقت)
(منجھ ہک ٹا ملنی اے کہہ دوٹا :
**دَو :** دونوں، میں اور وہ، ہم دونوں (میں تے
توں)
جنڈی نیں وچ پھاتے دو
کھلی گئے فرکھاتے دو (نظم)
(انھی انھا دو کھوہے وچ) اخ
**دَوہا:** شعر، بیت، شلوک (دوہڑہ)
**دہا :** (اکا ، دہا ) اکا ایک، دہا ، دس)
(اکا دہا سینکڑہ)
فریاد:
**دوہترا:** نواسہ (دوہترواتڑ کھار بڑن تے
کنداں وی ہلی گسنیاں) اخ

**دوہتروانڑ:** (دوہتروان) نواسے نواسیاں:

(دوہتروان ہمیش ویری) اخ

دوہتروانڑ کوئلے کالے

ستاں پیڑیاں ویری (سلطان ظہور)

**دوہتھڑ:** دونوں ہاتھوں سے:

(دوہتھڑیاں لغڑاں) دونوں ہاتھ سے

اکھٹا کرنا، جمع کرنا، لالچ، ہوس:

ایک ہاتھ کی بجا دونوں ہاتھ استعمال

کرنا: لالچ، حرص، ناشکرا پن:

**دَوہر:** (دوہری وار) ڈبل:

دوہرلانڑاں، دو وار کرنا:

(دوہر) ڈبل پلے والا کھیس)

**دَوہرا:** (ہٹھ اپر) ڈبل تہہ:

(ہسی ہسی دوہرا ہونڑاں: کھل کر ہنسنا:

پیٹ میں بل پڑنا۔

(دردے نال دوہرا ہونڑاں) شدید درد

کی علامت۔

(دوہرا تر ہیرا) ڈبل ٹرپل:

(دوہرا دَوٹ) موٹا تازہ

**دُو :** دوسری، ایک اور:

(دو جا) دوسری جگہ:

دوسرے کی جگہ بولنا (دو جا بولنا)

غیر کی حمایت کرنا:

(دو واری گل نہ کریں!)

(دو نا نہہ کرناں) بات کو نہ ٹالنا:

(دو واری دال نا نہہ باہی دینڑاں)

(ع ح)

.................................................

**د۔ہ۔ھ**

.................................................

**دَہا کھ:** پورے کا دہ ں کا سہ

حاصل دھروں ھا را

بنی گئے تے ہک ں

**دھال** اغوا۔

(دھال ناں) لڑ وا کر

**دُھت:** مدہوش م، نشے دُھ

**دُھت کالی:** کا ، ایک د ہ:

**دُہرا :** دوبارہ ، دہرانا رنا

دوسری

**دَہسر:** دہشت ف، ڈر

(سپے سر مہاڑی خ

(کھ یا دہسر ما ) اخ

(دہسر ے لوک سانہ

**دَہلا** دس کا ش کا دہلا ٹ کا ہلا:

(نہلے ہلا) مہاچ ک آدمی

(نہلا سُست، غا ، بھیڑ ما آدمی:

**دھن شاوا:** (تھ ) فخریہ ا تعر :

**دھن جگرا:** (تھ ہمت۔ ز بہاد ی:

**د اڑہ:** دِن، اج کہہ د اڑا آ سوموار یا

منگلا

(د ے بنڑاں شادی تار

مقرر نا

(د ے) عورتوں کے ص دن:

(اوہ د اڑہ ڈُبہ جدا ں کھو ی چڑھیا

گُبّہ ) خ

(د ڑ) ایک دن کی مزدوری، اُجرت:

(اچرے پوری د اڑپئی وی) پورا دن:

(د اڑی دار) مزدور:

(غریباں روزے رکھے د اڑیاں

لمیاں ہو گئیاں) اخ

**دیچکا:** دیگچا، چھوٹا برتن، چا یا ہانڈی کے استعمال کا برتن (دیچکا، دیچکی)

**دید:** لحاظ، قدر:

**دیدا:** ڈیلے، آنکھ کی پتلی:

**دیدی:** ماں یا باجی:

**دِیدے:** نظر (اکھیاں نے آنڑیں)

(دیدیاں اچ شرم نا نہہ رہنڑی) مح

(دِیدے پھاڑی پھاڑی تکنڑاں) مح

(اللہ گسے کی دِیدیاں نی ہار نا کردے)

**دیگ:** شادی بیاہ پر چاول پکانے کا بڑا برتن۔

(دیگے نا چمچہ بنڑناں) مح

**دیگر:** تیسرا پہر (دیگر ویلا) عصر کی نماز کا وقت

(دیگری نی نماز)

**دینڑ:** لین دین۔ پانجی:

قرض، ادھار:

(دینڑ کدوں کسے پرانڑاں کیا) اخ

(لینڑ نا نہہ دینڑ میں مرا جے نی پہینڑ)

(اخ)

**دینڑ:** (دینڑ) اللہ کی دین (کرم نوازی)

**دینڑ دار:** دین دار:

مقروض (قیامت آلے د اڑے

وی میں تہاڑا دینڑ داراں)

**دِینڑ دار:** دِین دار

(نیکوکار آدمی)

**دینڑاں:** دینا:

(عطا کرنا) دینڑیں لا دینڑاں پوں

گساں کہھارا وہ باہی) ع

**دیہوں:** سورج۔

لوکو! دیہوں کی روکو (نظم)

(دیہوں) کل۔ آنے والا دن:

**دیہوں دِیوی:** دن د اڑے

**دہی:** جسم کی بناوٹ:

**دیا:** بتی، لیمپ، چراغ:

(دیا بالی لوڑناں) مح

(دیئے نیں ٹھو ہٹھ نھیرا) اخ

(دیئے ار مونہہ بنانڑاں) مح

لو نی خاطر کھلساں میں

دیا بنڑیں کے بلساں میں

(ماجد وفا عابدی)

**دیار وکھا:** دیا رکھنے کی پھٹی، جگہ:

**دیو:** دینے کی حالت (اُرے میکی دیو)

(مجھے دے دو یا مجھے پکڑا دو)

کدوں دیو تے دیو گسے کی سمجھ نہ

آون (نظم رمزاں) سلطان ظہور

---

## دھ

---

**دھاکھا:** دَس کا ہندسہ (دہا ، 10)

**دَھج:** سج دھج، شکل، رنگ روپ:

**دھجی:** ٹاکی، لیر، دستر خوان کا کپڑا:

**دھدر:** (ماس روگ) چنبل، خارش (دھدری)

**دھرکاریا:** دربدر ہوا، لعنتی، پھٹکاری، در سے ٹھکرایا ہوا:

**دھرک:** پتہ۔ خبر (جوہ)

(دھرک لانڑی) اندر کی بات معلوم کرنا:

**دھریک:** مشہور درخت (بکا )

(پوٹھوہار کے ہر گھر میں لگا ہوا درخت)

(دریک تے توت)

**دِھس:** (تکھڑیں وچ) دیکھنے میں، چھب، دِس

**دھوتر پہوتر:** آل اولاد (دھیاں پتراں نی اولاد)

## ڈ۔ا

**ڈاپھڑاں:**(ڈاپھناں)
ایک سانس میں پی جانا:
(چھیک لانڑاں)
پیٹ بھر کر پینا، ہانکھرے نال پینڑاں
(لوبھی)
(توں پہل ڈاپھی کھِن )

**ڈاٹ:** : گٹکا نما ڈھکن:

**ڈاٹھ:** دروازے یا کھڑکی پر ڈالا ہوا اینٹوں کا گول لنٹر:
سنورنا: سوجھ۔خوبصورتی:

**ڈاٹھ:** نخرہ،، چھب، دیکھنے میں خوبصورتی پیدا ہو:
(ڈھاٹھ کڈھناں) مح۔ بیاہے اپر بڑی ڈاٹھ کڈی وی سیا)

**ڈاٹھڑاں:**(ڈاٹھناں)
ڈانٹنا، ڈانٹ ڈپٹ کرنا:

**ڈاٹھی:** سوہنا۔سج دھج والا۔دیکھنے میں خوبصورت:

**ڈاج:** ایک فوجی گاڑی کا نام:
(ڈاج دینڑاں) مح۔دھوکہ فریب کرنا:

**ڈاچی:** (مونث) جوان اونٹنی:
(ڈاچی والیا موڑ مہاروے) گ

**ڈار:** غول، ٹولی (کونجاں نا ڈار)
(کشمیریاں نی ذات)
(چڑیاں نا جھیڑا ڈار سا خورے کُتھے گیا)
(لِ عمران)

**ڈارناں:** اُڑانا (اُسانا)
غلے کو ٹوکری میں رکھ کر ہوا کے رخ اڑانا۔
(پیسے ڈارناں) فضول خرچی کرنا:
(ڈاری مارنا) اُڑ جانا، پردیسی ہونا:
(ڈاری) پرواز۔ جہاز کی فلائٹ:
(گڈے ڈارناں) پتنگ اڑانا:
(ڈارو) اڑا :
پُھلاں چوں خشبو نا نہہ ڈارو
موسم رولا باہنڑیں (نظم)
(لِ عمران)

**ڈاری:** اڑان۔فلائٹ (اُڑنے کی حالت)
اساں مُڑ کے نئیں آنڑاں ساڈی لمی اڈاری وے: گ
(ڈاری) اڑانے کا عمل (طوطے ڈاری چھوڑے)
(ڈاری کڈھناں) مح
(ڈاری مارناں) مح

**ڈارُو:** اُڑنے والا (ڈاروسپ)
(اڑانے والا)

**ڈاک:** (ڈاکو ڈاک) مح۔جس طرح ڈاک کی گاڑی جاتی ہے۔تیز تیز:
(ڈاک گڈی) ڈاک گاڑی:

**ڈاگنڑ :** پیٹ کی لالچی عورت:

**ڈالا:** بڑی ڈالی (خوبصورت شئے)
(شاہ ڈالا) نیارا۔خوبصورت:
سامان والی کھلی گاڑی کا پیٹ:

**ڈالی:** ٹہنی (پتا پتا ڈالی ڈالی)
تحفہ۔چڑھاوا، نیاز:
گتے یا کاغذ کا خوبصورت مزار سا بنا کر مزار پر رکھنا:

(ڈالی تارناں) تحفہ پیش کرنا۔ رشوت
دینا۔
(ڈالیاں چاڑھناں) میلوں کی ریت
رسم:
**ڈانڈا:** شارٹ کٹ راستہ:
(ڈانڈا ہٹناں) دوڑ لگانا، شُوٹ مارنا:
جمع (ڈانڈے) قلابے
(ڈانڈے ملانڑاں) مح۔ قلابے ملانا
سرا جوڑنا۔ بات کو بات سے ملانا،
**ڈانڑ:** اُبھری ہو ناڑ (رگ)
**ڈانگ:** لاٹھی، سوٹی:
(چوراں نے کپڑے ڈانگاں نیں گز)
(اخ)
(ٹھو اچ ڈانگ دینڑیں) مح۔
تنگ کرنا، مجبور کرنا:
(ٹھو اچ ڈانگ اسنی) مح۔ تنگ
ہونا۔ مجبور ہونا:
(پھتے پچھے ڈانگ، اماں داند آیا ڈانگ
دے) (کہت)
(ڈانگاں) جمع
(ڈانگو ڈانگ) سوٹیوں کی لڑا :
(ڈانگ مارنا) مح۔ ان پتی بات کرنا:
(ڈانگ پھیرنا) اُلانگنا۔
**ڈانگر:** ڈانگ کی طرح سیدھا (کھڑا)
ڈنگر نما (مورکھ، جانور ٹائپ)
**ڈانگری:** مِل یا کارخانے میں کام کرنے کیلئے
ایک پورا لباس پہننا (ڈانگری لانڑاں)
(ڈانگری) ڈنگر چرانے آلا۔
چرواہا، مورکھ، ڈانگر:
**ڈانگو ڈانگ:** سوٹیاں مارنا اور کھانا، سوٹیوں سے
لڑا کرنا، سر کھولنا:
**ڈاں ڈاں:** فضول شور شرابا:
**ڈاہ:** پھیلا (امر) :
منجی ڈاہ، پلے ڈاہ
(گوڈے گوڈے گوڑا، ڈاہ بیٹھی مُوڑھا)
(اخ)
(ڈاہ) زور کی آواز، پٹاخے کی آواز، ٹائر
پھٹنے کی آواز:
(ڈاہ ڈاہ) گولیاں چلنے کی واز:
تاک میں بیٹھنے کی حالت:
(ڈاہ کرنا) گولی مارنا، گولہ چھوڑنا (تراہ
کڈھناں)
(ڈاہ کھانڑاں) مح۔ نیچا ہونا۔ ہار ماننا:
کُسے گلے ناڈاہ نئیں کھانڑیں
جیہڑے پکے عشق نے اندر
(عارف ادیب کیانی)
**ڈاہڈ:** زور، زبردستی:
(ڈاہڈ آ پڑیاں نال ای ہونڑاں ناں)
(ڈاہڈ پُٹڑاں) سخت مزاج:
**ڈاہڈا:** سخت، مضبوط:
زوراور (جابر)
(ڈاہڈے) جمع
(ڈاہڈے نا سوتیں و ) اخ
ڈاہڈے نال پھیالی
منگاں حاصل کڈھے گالی (نظم)
**ڈاہل:** درخت کے موٹے حصے (ٹاہنڑ)
(تنے سے اوپر)
(ڈاہل) بڑی ٹہنی درخت کے بڑے
بڑے حصے:
(ڈاہلاں اپر پینگاں باہنڑیاں)

(ہرڈا ہلے نے سینے اپر، بہوں گرائیں
نیاں گُڑیاں اچھن پینگاں باہنٹر (نظم)
(ڈاہل کڑ کناں) ندھی سے ڈال کا
ٹوٹنا::

**ڈاہلی** شاخ۔
(چنبے نی ڈالی) مح۔نرم ونازک۔

**ڈاہنٹر:** (ڈاہن) ٹاہنٹر
بڑی ٹہنی، شاخ:

**ڈاہنٹراں:** (فعل) نا:
منجی ڈاہنٹراں، پلے ڈاہنٹراں:
چرخہ ڈاہنٹراں:

**ڈاہو:** چوری یا ڈاکے کے انتظار میں بیٹھا آدمی:
(موقع کی تلاش میں)

**ڈاہی:** سہارنی، بیساکھی، سرا، ٹیک:
(ڈاہی دینڑاں) مح۔سہارا دینا:
(ڈاہی) ----۔(منجی ڈاہی)

---

## ڈ۔ب

---

**ڈَب:** نشان، داغ (چٹا کالا نشان) دو رنگے
نشان:
(ڈب کھڑبہ) مختلف داغوں والا:

**ڈَبا:** : داغوں والا:
بڑی ڈبیا:
گھی کا ڈبہ:
فریم۔چوکھٹا، چورس خبر یا اشتہار:
(چوکور صندوق نما)
(ٹین ڈبہ)
ریل گاڑی کا ڈبہ (اپارٹمنٹ)
کو انجنے نا تہوں ماہیا۔
ڈَبا ڈَبا ٹہونڈ رہی آں، کہیڑے ڈبے
وچ توں ماہیا:

**ڈُبا:** (ڈُوبا)
اوہ د ڑا ڈُبا جدوں کھوڑی چڑھیا
گبہ (اخ)
نیفے میں دی ہو شلوار کا حصہ (ٹیک)
(ڈُبے لانڑاں) اڑیسنا: چیز چھپانا:
شلوار کو جیب کی طرح استعمال کرنا:
نقاب (منہ کا پردہ)
(ڈُبا) ڈوبا۔۔۔خیالوں میں غرق ہوا:

**ڈُبڑاں:** (ڈُبناں)
غرق ہونا، پانی میں ڈوبنا:
(ڈبی مرناں) شرم حیا کرنا، غیرت کرنا:
(ڈُبڑاں) مگن، مست ہونا:
(ڈُبڑاں) سورج کا اترنا، غروب ہونا:
چھپنا۔سورج کا اُترنا۔غروب ہونا:
(دیہوں ڈُبی گیا)
(شرم وے تے چھنڑی اچ پانی باہی
کے ڈُبی مرے) اخ
(ڈُبڑاں) شرمے نال مرناں، غیرت
کرنا:
(ناں ڈبڑاں) مح۔نام ختم ہونا، باپ
دادا کا نام بدنام ہونا:
(رقم ڈبڑیں) مح۔پیسہ برباد ہونا،
نقصان ہونا:
ادھار دی ہو رقم کا واپس نہ ہونا:

**ڈبو:** (کتے کا ایک نام) داغوں والا
گڑی مُجی ناں چھوٹھ پھلایا،
ڈبو کتا پچھے لایا (کپت)

**ڈبی:** ڈِبیا:

ٹین کا چھوٹا ڈبہ:(تیلیاں آلی ڈبی)
ماچس:(نسواروں ڈبی، پالشے نی ڈبی)
ڈَبے: (ڈبا کی جمع) داغوں والے:
ڈُبے: ڈوبے(غروب ہو )غرق ہو :
(ساہ ہوانہ لینی ادبوں ڈُبے سبھے تارے
(سلطان ظہور)

## ڈ۔ٹ

ڈَٹ: جھوٹی بات:
(ڈَٹ مارناں) ڈرانا، دھمکانا:
(ڈٹ) جم جانے کی حالت) ایک جگہ
جم کر کھڑا ہونے کی حالت: ڈٹ جانا
ڈَٹا: (کاک کا ڈھکن)
ڈاٹ، ڈکا، رکاوٹ۔ڈھکن، کاک
حقے کی نڑی کا ڈٹا:
(اِس ناں نڑی ڈٹا ای کو نئیں) پکی
بات نہ کرنا) کچا آدمی:
ڈٹے: بھرے ہو (ٹھن ڈٹے وے)
(ڈٹے) اپنی جگہ پر اٹل:

## ڈ۔ڈ

ڈڈ: مینڈک:
(عاشقی ناں بیاہ ڈڈاں گُٹھیاں
گالیں کسرے گاں ں پکھی آں)
(ب گ)
(ڈڈ پنڈ وڑے نی بولی سمندرے نی)
(اخ)
ڈُڈ: (دُدھ) دودھ، بچے کی توتلی زبان:

ڈڈا: (ڈڈے) جمع۔چنے کی کچی فصل، کچے
بیج،
بنددانہ:
کھانے اور پکانے کے کام آتے ہیں:
ڈڈے پٹیے چوری چوری
نالے کریئے دل پشوری (نظم)
ڈڈار: ترمبوڑ۔(ڈیمو) بھڑ کا نر:
ڈڈرا: گدرا جسم والی لڑکی یا لڑکا:
ڈَڈّو: (نر) مینڈک:
(ڈَڈّو پنھاں) بارش کے لئے کسی کے گھر
میں گندگی پھینکنا (شیطانی کام)
ڈَڈوٹپہ: مینڈک کی چال (ٹپنا) کودنا، اچھل کر
چلنا (سزا)
ڈُڈّو: انگوٹھا:
(ڈُڈو دسناں) مح۔شرمندہ کرنا:
(میں تکی ڈڈو دیساں) کچھ نہ دینا، خالی
بھیجنا، انگوٹھا دکھانا:
(ہنڑ مھاڑا ڈَڈّو کُھن) مح
ڈڈا، ڈڈبیں: اُچھل کود، دھمال کی آواز:
ڈُڈنا: (ڈوڈنا) انگوٹھے کی طرح چھوٹا اور
گول (یونا)
پین یا قلم کا ڈھکن:
ماءلی سلم پُتر ڈُڈنا جھیا، ماء ڈبڑیں ر
پُتر چُناں رہیا۔بھرجات۔۔(لاہ لوٹا)
ڈَڈّے: (بوٹ) کچی فصل کے چنے (چھولے)
تکے ڈاہڈے ڈِنگ پھڑ نگے
کون مکونے خالی ڈڈے
(عارف ادیب)
کنڑکاں وچوں ڈڈے پٹیئے
ڈڈے پٹیے چوری چوری (نظم)

**ڈَڈے:** (کِکری) کیکرنمادرخت۔

**ڈ۔ر**

**ڈرانڑاں:** (ڈرانا)
دھمکانا، دھمکی دینا، خوف زدہ کرنا:
(ریکانڑاں)
(اکھیں کڈھنیاں)
عذاب قبراور جزا سزا کا بیان کرنا:
پاگل بننا:

**ڈرانکڑاں:** (ڈرانکناں)
حلق سے آواز نکالنا (حلق پھاڑنا)

**ڈراوا:** (بڈّاوا) (بجوکا) (ہَوا)
خوف دلانے والی چیز:
کھیتوں میں چڑیوں اور کو ں کیلئے
کھڑا کیا ہوابُت (ڈراوہ)
دھمکی، رُعب، کسی دوسرے آدمی کا ڈریا
خوف دلانا:
(ڈراوادسناں) مح (پیو کی اچھن دے)

**ڈرناں:** ڈرنا، خوف کھانا (ترہنڑاں) سہم جانا
سیب یا جن کا سایہ ہونا، زیارت یا
کسی پکی جگہ (مقدس جگہ) سے ڈر جانا:
دل چھوڑنا:
(جہیڑا ڈرناں او ہے مرناں) اخ

**ڈَرُو:** ڈرپوک:

**ڈَرُوکل:** ڈرپوک، تھوڑ دلا، بُزدل (ترٹھاوا)

**ڈَری ڈَری:** خوف کے مارے:

**ڈ۔ڑ**

**ڈَڑناں:** بچھنا: (دراز ہونا)
سخت مار دینا۔ اترنا۔

**ڈ۔ز**

**ڈَز:** نقصان۔ (ڈزکھانڑیں) مح
(ڈزلغڑیں) مح۔ نقصان، گھاٹا:
گولی چلنے کی آواز:
(پنج ڈزی) پنج فائر کرنے لی بندوق:
(ڈزپینڑیں) گھاٹا پڑنا۔
نقصان ہونا، تروٹ اسنی: (تروٹک)
(ڈزکھانڑیں) نُقصان برداشت کرنا،
حوصلہ رکھنا:

**ڈَزا:** فائر (آواز)
جھوٹی خبر (ڈزامارناں) مح
(ڈزاکڈھناں) مح۔ بے پر کی اڑانا:

**ڈزے:** فائر۔
(ڈزے کڈھنا) افواء پھیلانا
(پنج ڈزی) ایک رائفل کا نام

**ڈ۔س**

**ڈُس:** (شگوفہ) شاخوں سے پتے پھوٹنے کی
جگہ:
چھوٹے چھوٹے اُبھرے ہو نشان
(ڈُس) نویں پتراں نے مُنڈھ:

**ڈُسکنڑاں:** (ڈُسکناں)
(بسُورنا) سِسکیاں بھرنا
رُک رُک کر رونا۔ رونے کی سے
صورت بنانا۔ ڈریا خوف سے اندرہی

اندراندر رونا، آواز نہ نکالنا: (رِندھی
ہو آواز میں رونا)
میں ڈُسکنڑ لغی پیاں، پر بولی نا نہہ سکیا
جے ہے انہاں کنجیاں وچ ہک کنجی وی
سی۔ (کنجی افسانہ)

## ڈ۔ف

**ڈَف:** ڈفلی، ڈھولکی:

## ڈ۔ک

**ڈَک:** قدرتی پانی کا تالاب:
جہاں رکاوٹ کے ذریعے پانی آ کر
اکٹھا ہو:
روک، رکاوٹ (ڈک لانڑاں) مح
لکڑی کا چھوٹا مگر موٹا ٹکڑا، لمبے تنے کے
حصّے:
(ڈک کرنا) ٹکڑے کرنا:
(ڈک ڈک کری کے پانڑیں پینڑاں)
(غٹاغٹ)
(ڈک لانڑیں) رکاوٹ ڈالنا:
نصیحت کرنا، روکنا:
اڈہ۔رکاوٹ (روک)
اُچیاں کنداں ڈک نا نہہ سکن
پُھلاں نی خشبو
(باقی صدیقی)
(ڈک ٹھل) روک رکاوٹ (پابندی)

**ڈَکا:** روک، رکاوٹ:
بہتے ہو پانی کے آگے بند باندھنا:
(ڈک باہنڑاں) روکنا، بند کرنا
(ٹکڑے کرنا)
(ڈکالاڑاں) منع کرنا، ٹھاکڑاں:
بھینس یا گا کا دودھ روکنا:
پٹی پٹی پانڑیں جا
بنی بنی ڈکالا
او ہے بوٹا پَھلے پُھلے
جس بوٹے آں پانی لگے
کھوہ پیاوگے (باقی صدیقی)

**ڈَکاں:** (جمع) رکاوٹیں:
(ڈکاں) روکوں......میں روکوں:
وگنی واء سے نیاں لہراں
ڈکاں ڈک نہ سکاں
باری اچ بیٹھا تکاں (باقی صدیقی)

**ڈَکرا:** ٹکڑا (ادھ پکا خربوزہ)
چڑھی جوانی (جٹی) بھرا بھرا وجود:
(ڈکرے) جمع (ٹکڑے)
ڈکرے کرنیں ہک دوو نے
پیسے رُتے خاطر....(سطان ظہور)

**ڈَکڑاں:** (ڈکناں)
روکنا۔منع کرنا:
(اگوں ہو کے روکڑاں) مح
نگرانی کرنا۔حفاظت کرنا:
(مہاڑے ڈنگر ڈکیاں میں پانڑیں پی
اچھاں)
(ڈکڑاں) میت اپر ڈکے نی رُوٹی دینا:
لوگوں کو روک کر کھانا کھلانا:
(ڈکڑاں) ناراض بندے کی موڑناں:
راضی کرنا:
(ڈکڑاں) بند کرنا، قید کرنا: اندر کرنا:

بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنا:
(باڑ لگانا) کھیتوں کو مویشیوں سے محفوظ کرنا:

**ڈَکرانڑاں:** بڑا ڈکار مارنا۔ آواز کے ساتھ قے کرنا:

## ڈ۔گ

**ڈَگا:** بجری اور ریت کا پیمانہ (2 مربع فٹ)

**ڈَگڈولے:** (دھکوں کی مار) کبھی ادھر کبھی اُدھر:
(ڈگ مگ ڈولناں) مستی کی حالت:
(ڈگ ڈولے کھانڑاں) مح
(رار پار پھرنا) ادھر اُدھر:
(ڈواں ڈول ہونا) گھبرانا ، بے کسی کی حالت میں دربدر پھرنا:
غریب کلے نا ڈگ ڈولے کھانڑاں پیا:
(گل)

## ڈ۔ل

**ڈَل:** کیلے کی بھری ڈال:
جھیل، ڈَل جھیل (کشمیر)
(ڈل ڈل کرنا) مح۔ آبدیدیا ہونا
آنسو چڑھنا:
(اکھیاں اچ پانڑی ڈل ڈل کرنا) گل

**ڈُل:** (بہہ) امر
(ڈُلڑاں) فعل۔ گرنا، بہنا، کسی چیز کا گر کر بکھر جانا:
(چینی ڈُلی گئی، گھیو ڈُلی گیا)
کپڑے یا برتن سے گر کر ضائع ہونا:

**ڈَلا:** ڈھیلا (ڈھیم، گڑے نا ٹھلا، کچا روڑا، کچی پٹوانڑیں)
زمین پر کھڑا تھوڑا سا پانی:
(ڈُلا وا پانڑی)
کھڑا ہوا کم پانی (پانیے نا ڈلا کھلتا وا)
ٹو جتنی جگہ:
پانی کا چھوٹا سا گڑھا:

**ڈُلڑاں:** دل آنا، فریفتہ ہونا ( ور ہونا)
خواہش ظاہر کرنا:
گرنا، ضائع ہونا، بہناں:
پانڑیں ڈُلی گیا:
(ڈُلیاں بیراں نا اچرے وی کُجھ نئیں گیا
(اخ)
(کبھیو ڈُلیا تھال نہ مہنڑاں نہ گاہل) اخ

**ڈَلو:** پانی کا چھوٹا ڈول:

**ڈَلی:** ٹِکیہ، چوکور ٹکی، برفی نی ڈلی:
(تیرا انگ انگ برفی نی ڈلی نی) گا
خربوزے کی کامپ:

**ڈُلے:** گرے، بہے، ضائع ہو :
چنے چودھویں رات مسافر پُھلے نے
اکھیاں وچوں سُچے موتی ڈُلھے نے
(باقی صدیقی)

## ڈ۔م

**ڈَم:** جلی ہو جگہ کا نشان:

**ڈَم ڈم:** ڈھول کی آواز:

**ڈَم ڈمہ:** ڈھول کی آواز، ڈم ڈم
( ڈم ڈمے اچ جا کھڑیا) کبڈی میچ:

**ڈُم:** کھڑے پانی کا گہرا جوہڑ:
**ڈَمڑیں:** کپڑے دھونے کا ڈنڈا:

---

## ڈ-ن

---

**ڈَن:** ڈنٹھل (پھول کا حصہ)
**ڈِن کڈناں:** اُچھل کود، مستی:
ڈھول بجی گسناں۔ جیتنے کی حالت میں
خوشی کا اظہار کرنا:
**ڈَنا:** (ڈنڈا، ٹلا، اِٹی ڈنا)
نظر نہیں اسنا اڈا بنہ
گُتھے کھیڑاں اِٹی ڈنا (اختر عثمان)
**ڈِنا:** کپاس کا بند پھول:
**ڈَنڈ:** شور شرابا، رَولا، کھپ۔
(بس کر! ڈنڈ با ہنڑیں نال ہن کجھ نہیں
ہونڑاں:
ایویں ڈنڈ نہ باہ
ایہہ تے ہونڑاں سا (طارق مسعود)
**ڈَنڈا:** (سوٹا، لٹھ،) لکڑی یا بانس کا ٹکڑا
(ڈنڈا پیراے بغڑیاں تغڑیاں نا) گل
(ڈنڈا بیڑی) جیل میں قاتل کی سزا:
(ڈنڈا چلانڑاں) حکومت کرنی:
(ٹھو اچ ڈنڈا دینڑاں) زبردستی
کرنا، پریشان کرنا:
(ڈنڈا چھپانڑ) کھیل:
(ڈنڈے مارنا) سزا دینا:
(ڈنڈا تھوہر) کانٹے دار پودا جس کو
توڑنے سے دودھ نکلتا ہو:
**ڈَنڈا ڈولی:** بچوں کا ایک کھیل:
**ڈُنڈل:** پھول کے والا تنکا۔ پھول پکڑنے
کی جگہ:
**ڈَنڈُ ول:** (ڈنڈ۔ ڈُول)
آسمان پہ چھایا گرد و غبار:
**ڈَنڈکا:** چھوٹا ڈنڈا:
**ڈَنڈ گلہٹ:** شور و غُل۔
مشہور گی (نیاں)
دور دراز پھیلی ہو خبر:
**ڈَنڈی:** سونے کی بالی کا وہ حصّہ جو کان میں ڈالا
جاتا ہے:
پھل اور پھول کا حصہ:
(ڈنڈی) دستی:
(پکھی بنی کشمیر ڈنڈی بنی لہور) گ
(گپ ڈنڈی) کچا راستہ،
(ڈنڈی مارنا) ترازو میں دھوکا کرنا، کم
تولنا:
ڈنڈی مار نیوں ڈرنے کو نہیں
جسرے اشناں تولی چلنے
(عارف ادیب کیانی)
**ڈَنگ:** گا وغیرہ کو لڑنے والی بڑی مکھی:
**ڈَنگ:** نیش، چوبھ،
زہری کیڑے کی کاٹ:
(چُبھن)
(ٹھہویں نی ذات ڈنگ مار نیوں نہیں
رہنڑیں)
بچھو ڈنگ جے مارے کِسے کی
وَیر نہیں اُس کی ہونڑاں
ایہہ تے اُس نی عادت جھوری
اس نا کہہ رونڑاں (سلطان)
**ڈَنگ:** وقت، ویلا (پہر)
**ڈَنگ ٹپانڑاں:** مح۔ (ویلا پورا کرنا)

وقت گزارنا، آ چلا کرنا:
(گزر گزران)

**ڈِنگ:** موڑ (ٹیڑھاپن)

**ڈِنگ پھڑنگا:** زیادہ خم دار (ٹیڑھا میڑھا)

**ڈِنگ واڑ:** ٹیڑھی سلا (منحنی خط)

**ڈَنگا:** سلا تروپا:
(ڈنگے مارناں، ڈنگے لانڑاں)
راستہ (پگڈنڈی)

**ڈِنگا:** ٹیڑھا (ہک پاسہ)
بدمعاش (لُچا)
(بال ڈِنگا کرنا) مح۔ گالھ

**ڈَنگر:** جانور (مورکھ)
مال مویشی (پالتو جانور)
(مھاڑے ڈنگراں نے گاٹے خالی
نانہہ کو گھنگھرو نانہہ کو ٹلی) ع
حیوان، مال، مویشی، چوپا :
احمق، بیوقوف:
بے وصفے بے عملے ڈنگر پئے مراداں
پا ن (سلطان ظہور اختر)

**ڈَنگر** : مال ڈنگر، مویشی:

**ڈَنگڑاں:** (ڈنگناں)
موٹا تروپا لگانا۔ رضا کی سلا کرنا:
سانپ یا بچھو کا کاٹنا

**ڈَنگی:** کیڑے مکوڑے، مچھر وغیرہ (پتنگا)
بچھو:

**ڈَنگی ڈنگالی:** (برسات کے موسم میں نکلنے والے
کیڑے مکوڑے (ڈنگی ڈنگالی نا موسم)
ساونڑے نا موسم:

**ڈِنگی:** ٹیڑھی (کج دار)
(ڈِنگی انگلی نال کھیو کڈھناں) اخ
ڈِنگی پگ تے اُچا شملہ
دل تنگ تنگ کے ہویا کملا
(باقی صدیقی)
(ڈِنگیاں) جمع
قلم میرے نے اتھروسٹے
حرفاں ماریاں لیکاں
تاں اس ورقے اُوپر جھوری
پیاں ڈِنگیاں لیکاں (سطان ظہور)

**ڈِنگی چیر** : ایک طرف سے مانگ نکالنا:
(ٹیڑھی مانگ) فیشن (بے حیا )

**ڈَنی:** ہتھی (دستی) پھول کا نچلا حصہ:

---

## ڈ۔و

---

**ڈَو:** ڈوڈو کرنا (کاں اُڑانا)
شرم دلانا (پورے گرائیں اچ ڈوڈو پئی
ہونڑیں پئی:

**ڈوا:** سخت قسم کا زکام:
گلا بند ہونے کی حالت:

**ڈَووا:** (ڈَو...وا) ڈوغا
زمین کی ایک قسم (موہری تے ڈووا)

**ڈَوب:** دو پہاڑیوں کے درمیان والی جگہ:
پہاڑ، یا اونچی جگہ سے پھیلی گہرا :
نشیب میں دکھا دینے والی جگہ یا
پانی:
(ڈوب پینڑیں) مح۔ دل کا بیٹھنا، ڈوبنا
غشی، دل کا گھٹنا۔ بلڈ پریشر لوہ ہونا:
(ڈوب اٹھنی) مح
(ڈوبے اسنے) دل کا ڈوبنا، کمزور ہونا
بیٹھنا:

ڈوبا: قلم کے ساتھ سیاہی لگانے کا عمل، قلم
ڈبونا۔ دوات میں ڈبو کر لکھنا:
(ڈوبالانڑاں) یرا بس ہک ڈوبالانڑ
دے)

ڈوڈا: (ریٹھا) کالے بیج
بڑی ڈوڈی، پوست یا کپاہ کا دانہ۔
(ڈوڈے کھیڑناں) گولیوں کی طرح
کالے بیج کھیلنا:
(اکھیاں نی کہہ ڈوڈے نی) م ح

ڈُوڈنی: ڈھکن کے اوپر کی گولا (پکڑ)

ڈَوڈی: (ڈوڈی) بُوٹی (شوگر کا علاج)
(اَن کھڑ یا پُھل) بند کلی:

ڈَوڈی: (بھٹنی) سر لسان۔
عورتوں کی چھاتی کی گھنڈی۔

ڈوڈے: (بیج) ریٹھے۔
(ڈَوڈے کھیڑناں) کانچ کی گولیوں
کی جگہ ان سے کھیلنا۔

ڈور: سوتی دھاگہ، ڈوری (ماجھا)
شیشہ بھرا پکا دھاگہ،
گڈیاں نے پیچے لڑانڑیں آلا تھاگہ:
(ساہ) کچی ڈور، سانس:
لاہ ٹکے نی ڈور
میں تیری محرم نا نہہ (ل،گ)

ڈور پھور: گھبراہٹ کی حالت، بوکھلایا ہوا،
حیران، ہکابکا:
(ڈھور پھور پھرے ماں فزریں
شامیں نال نال) مصرع

ڈورا: بہرہ، قوت بصارت سے محروم:
(باواڈورا) ایک نام:
(ڈورا منگ) سُننے کے باوجود نہ سُنے۔
نہ سُننے والا، بہرہ:
(ڈورا بندہ بہشتی ہونڑاں) ارخ
(ڈورا، کونتریلہ) گا ل:
(ڈورانا) ایک نام
ڈورے اگے گایئے انھے اگے نچیئے۔
(ارخ)

ڈوری: (باریک سوہنی سجاوٹی رسی، تسما، تنی
کانوں سے بہری (مونث)
(تھے نی ڈور)

ڈورے: ڈورا کی جمع (بہرے)
(حاشیے)
(ڈورے سٹناں) م ح۔ عشق کرنا:
آنکھوں میں سرمہ لگانا۔ دھاری کھینچنا:
(ڈورے کھچ کے نہ سرمہ پایئے ماں
پیاں نے پنڈ گڑیئے) گ

ڈوریا: (تھاریاں آلا ودھیا سوتی کپڑا)
دوپٹہ، چارخانہ، باریک کپڑا (ململی)

ڈوکا: کھجور کی قسم:
گا بھینس کی تھنوں میں رہ جانے والا
دودھ:
(ڈوکے کرناں) م ح۔ تحریک پیدا ہونا،
گرم ہونا:

ڈوگا، ڈوغا: کھیت، باڑی، زمین:
ڈوگا (ڈوغا) جمع۔ ڈوغے:
مھاڑے ڈوغے لوکاں جوگے (نظم)
(اختر عثمان)

ڈول: بالٹی نما برتن، گول ڈبہ، رسی اور ڈول
پانی بھرنے کا برتن:
(ڈول ہونڑاں) چلنے پھرنے سے زخم
کا سوجھ ہو جانا:

(ڈیل ڈول) وضع قطع، شکل، چھب،
بناوٹ۔ چال ڈھال:
(ڈول اسنی) مح۔ اس جیسا ہونا۔ ہم
شکل ہونا:

**ڈولا:** (لسی آلا ڈولا) بڑی ڈولی، مٹی کا برتن
دُدھ بلونے کا مٹی کا گول برتن جس میں
لسی بلو کر رکھی جا ۔
آڑی آڑی اسنی سی چاپا ڈولا لسی نا
دل کڈھی کڈھی کھڑنی سی چاپا ڈولا لسی نا
(زمان اختر)
(لاڈلا ڈولا) ضدی اور لاڈلا بچہ:
(کہہ ڈولا بیاہی کے آنداس؟ (طنز)
(ایہہ ڈولا کتھے لوڑناں سا) طنزیہ
(ڈولا) ڈولی میں آ ہو نخریلی اورنا
پسند دُلہن:

**ڈولڑاں:** (ڈولناں)
خوف کھانا، کانپنا، لرزہ طاری ہونا:
قا دا آپڑیں جا
نا نہہ تھکے نا نہہ ڈولے اللہ
(عارف ادیب)
(ڈگمگانا، تھر کناں، تھڑکناں)
للچانا، نیت خراب کرنا:
(دیکھ پرایا مال منوں نہ ڈولیئے) گ
بے ایمان ہونا:
(ڈولڑاں) توازن برابر نہ رکھنا:
لڑکھڑانا (جنڑاں ڈولی گیا)

**ڈولی:** دلہن کی ڈولی، پالکی:
(ڈولی چڑھدیاں ماریاں ہیر چیکاں۔)
الوداع ہونا، ڈولی اُٹھانا۔
(ڈولی) مٹی کا چھوٹا برتن
(ڈولی) جالی دار الماری
(ڈولی) لرزی (لرزے کی حالت)

**ڈوم:** مراسی:
(ڈوماں نے گھر بیاہ۔ جو من پہھاوی
اوہے گا) ا خ
(ڈوم) نٹ (مذکر)
(ڈومنیاں،) نٹنیاں (مونث)
(نہ لین نہ دین گا اوڈ وما اغلی عیدی تک

**ڈومڑیں:** (دومنی)
مراسن (مونث)
(ڈومنی نی نتھ، کدھے کن کدے ہتھ)
(ا خ)

**ڈَونڈی:** ڈھنڈورا، منادی:
(ڈَونڈی پٹناں) مح

**ڈَونگا:** سالن کا بڑا پیالہ:
بڑی کشتی:

**ڈوہ:** کوّے کو اڑانے کی آواز (ڈوہ ڈوہ کرنا)

**ڈوہلناں:** انڈیلنا۔ مائع چیز کا گرانا:

**ڈوہلا:** بازو کے اوپر کا حصہ:
کُہنی سے اوپر کا حصہ (ابھرا ہوا مسل)
(ڈوہلے دسناں) جوانی ظاہر کرنا:
طاقت دکھانا:

**ڈِوہلناں:** بہانا، گرانا، بکھیرنا، ضائع کرنا:
جان ورکرنا:
فِروی ایہہ ان مُلاسنگی
ساریاں تے رت ڈوہلے
(باقی صدیقی)

**ڈَو :** گول یا کشتی نما سالن کا برتن:
(ڈَوہنگے) جمع

**ڈُو** : ڈُو ، گہرا: گہرا(نشیبی علاقہ)
(ڈُوہنگے) جمع۔گہرے
(دل دریا سمندوں ڈوہنگے کون دلاں
دیاں جانے ہُو) گُجا آدمی

**ڈوہنگی:** گہری،نشیب والی:
رمز کی بات( گہری بات)
درد حیاتی ڈوہنگی کسّی
ایہہ دنیانی کھٹی لسّی
ں چکھ نا نہہ سکاں
(باقی صدیقی)

**ڈَو** : لکڑی کا چمچہ،ترکاری ڈالنے کا بڑا چمچ۔
(جس نے ہتھ ڈو ، اُسے نا سبھ کو )
(اخ)

.................................................

## ڈ۔ہ

.................................................

**ڈَہلناں:** دہلنا،خوف کھانا، ،دہشت زدہ ہونا:

**ڈُہلناں:** (ِگرنا) بہنا۔
(بہوں لالچ کرنا)
اوکھا ویلا پُھلاں ِکیاں
پیسے پچھے ڈُھلاں ِکیاں
(عارف ادیب کیانی)
(ڈُھلاں ڈُھلاں کرنا) رونے پر آجانا:
آبدیدہ ہونا۔
(ڈُھلی پینڑاں) بے صبری کا مظاہرہ
کرنا۔فریفتہ ہونا۔

**ڈہو:** ڈاکو(ڈاہو)،راستہ روک کر لوٹنے
والے(ڈکیت)
(پچھے پئے لوک)(جان کنہیں آلے)
جانی دشمن:

.................................................

## ڈ۔ے

.................................................

**ڈیڈھ:** 1/1/2 (ہک ادھا ہک پورا)

**ڈیڈھی:** مسوڑھے(ڈیڈھیاں) جمع
(کھرے نا چھتیا واراہ) گیٹ
ڈیوڑھی، پورچ:

**ڈیرا:** تھاں، پکی جگہ،حویلی، چھا نی،پڑا ،
عارضی تھاہر،خیمہ؛
(دنیا عارضی ڈیرہ، نہ میرا نہ تیرا) اخ
(ڈیرہ سرائیں ہونڑاں) مح۔د نکالا:

**ڈ** : خط(انگریزی)
نخرہ:
خط۔لکیر:
(ڈ مارنا) مح،نخرہ دکھانا:
(ڈ باہنڑاں) مح۔چھوٹی لکیر ڈالنا:
(ڈیشاں دسناں) مح۔
(ڈ ڈرامہ) تصنّع ،دکھاوا:

**ڈیل ڈول:** شکل صورت:

**ڈیلا:** آنکھ کی پُتلی ،گولی،آنہ(آنڑاں)
مٹی کا روڑا:

**ڈِیم:** (ڈُھیم) مٹی کا بڑا روڑا( کچا پتھر)

**ڈَیمو:** ڈَڈّار۔بِھڑ کانر:

**ڈَیں** ٹیک۔

**ڈَینڑ:** ڈین:
(بندے کھانڑیں آلی بلا) آدم خور
چڑیل،پچھل پیری، کلیجے کڈھنی:
(ڈینڑ وی ست کھار رکھڑیں)(اخ)
.(کوہجی ڈرا نی زنانی) :
(ضدل تے کوہجی عورت)

ڈھ۔ا

ڈھانڑاں:(ڈھاناں)
نا،کھولنا،(بلے ڈاھڑاں)
(منجی ڈھانڑاں)چارپا پیش کرنا
بٹھانا،قدر کرنا:
ڈھاہل: درخت کی بڑی ٹہنی:
ڈھک: حفاظت(باڑ)رکاوٹ:
ڈھو : لکڑ کا چمچہ(ہانڈی کی چمچ)
ڈھینگلا: راستے میں گاڑھا ہوا بڑا سوٹا(لکڑ)
رکاوٹ ڈالنے والا:
لکڑی کے ڈنڈے، کھمبے:
بجلی نے بلے، ٹیلی فون نے بلے:
(ڈھینگلا کھلا کرنا)راستہ بند کرنے
کے لئے لکڑی کا دوشاخہ گاڑھناں
(ٹھوکڑاں)
(ڈھینگلا مارنا)مح۔آپڑیں کرنی:
(اُس آ نڑی آپڑاں ڈھینگلا ماریا)
سنجیدہ گفتگو میں اپنی لغوبات کرنا۔
(آپڑیں ڈانگ مارنی)سوٹا،لٹھ ڈانگ:

ذ۔ا

ذات: قوم قبیلہ،جد،اصل،نسل:
جنس:
(ٹکے نی ہانڈی گئی کُتے نی ذات نڑتی
گئی)(اخ)
ذات بلادری: قوم قبیلہ۔کوڑماں،آپس داری

ذ۔ر

ذر: دولت۔
ذرداں:(ایک نام)
ذردی: پیلاہٹ۔انڈے کی ذردی۔
ذرو:(ایک نام)
ذروں: ماسا یک۔ذراسا(بہت تھوڑا)
ذری: سنہری۔گولڈن(ذری جُتی
ذرے ذرے:(نکی نکی گل)پھوراپھورا:
(ذرہ ذرہ)ریزہ،را برابر:

ذ۔ے

ذیل: ذیلدار کا علاقہ،تقسیم:
ذیلداری: علاقے کا ایک عہدے دار،عہدہ
ذیلداری

ر۔ا

را: (داد کے)حسب نسب والے:
(راطوطا)باتیں کرنے والا طوطا:
(راءکرنا) کھڑکھڑاہٹ دور کرنا،ملا
کرنا:
ہل" کھری"ہونڑیں یا"را"ہونڑی:
(کھڑی ہل) کھڑکھڑانے والی
(را)ہموار:smood
(لاٹو کی را کرنا)لٹو کی کیل درست
کرنا،را کرنا:
راتو رات: رات و رات،ایک ہی رات میں:
راتی: راتیں(رات کے وقت)

کھلیاں چاپا کس عشقے ناپھار
راتی آویں مینڈھے کھار (باقی صدیقی

**راٹھ:** (راٹ۔لاٹ) حاکم:
امیر، سردار، اصیل، معزز، بڑا
آدمی (نائیں آلا)
(توں بڑا راٹھر گیا ایں)
مُردے نی کو قبرجے پٹے
اوہ تکسی انہو
راٹھ تونگر مُفلس اندر
فرق نا نہہ لبھسی کو (سلطان ظہور)

**راج:** حکومت، بادی، حکم حاکمی:
(آخی نا تہاڑے پیونا راج آ) عیش
بہار، موج
(راج پئے کرنے آں)
(راجاں ناکم کرنا) مستری پُناں:
(راجاں رنگاں اچ ہونڑاں) مح
خو ل وقت گزارنا:

**رار:** اِس طرف (اُرلے پاسے)

**راروں پاروں:** اِدھراُدھر سے، آگے پیچھے سے:
کو ۔غیر متعلقہ:
(راروں پاروں کُسے کی گل کرنے نی لوڑ
نئیں)

**راس:** ٹھیک، موافق:
کا ساتھ دینا:
(راس آنا) آب وہوا کا موافق ہونا:
راس نہ آنا (تکی گڈی راس نئیں آ )
دی ہو بخشی ہو، عنایت کی ہو
(جاگیر) عنائیت کی ہو چیز:
سچ غریب ناپردہ جھوری
جھوٹ اے راس غریباں (سلطان)
(راس برتناں) مح
(میں کو تہاڑی راس باہنڑاں یابرتناں
آں) اخ
گھوڑے کی باگ:

**راساں:** (باگاں) لگام، گھوڑے یا بیل کی دو دو
باگیں:
(راساں چھکڑیاں) مح۔تھوڑا قابو کرنا
ٹھہرانا، گھوڑے کو کھڑا کرنا:

**راشک:** آدم خور، خونخوار، خونی قسم کا آدمی:
(راکھش بدروح) وحشی، ڈرانی
شکل، ظالم دیو:

**راضی:** (راضی بازی، بخش) نہال، خوش وخرم:

**راضی ناواں:** راضی نامہ، صُلح صفا، معاہدہ:

**راکھا:** رکھوالا، چوکیدار:
(توجُل، مہاڑا اللہ راکھا آ)

**راکھماں:** پالتو، گھر کا پالتو جانور، مالکے نی چیز:
(راکھی) خصماں آلی
(سارے حق لکھاری نے راکھمیں)
حقوق بحقِ مصنف:

**راکھی:** چوکیداری، سنبھال، رکھوالی (راکھی
چوکی) راکھی کرنا:
(دُدھے نی راکھی بلاّ (اخ)

**راکھے:** چوکیدار (جمع)
اس کھوہے نے راکھے سبھے
فِروی کو پھیت نا نہہ لبھے
(باقی صدیقی)

**راگ:** سُر، لے (دُھن کا میل)
گیت، گانا، راگ رنگ (باجا گاجا)

(تندی بجی تے راگ سُنڑیا)اخ
بے وقت ناراگ:
(راگ چھوہنڑاں)مح۔لمارواس:
روتے روتے چُپ نہ کرنا:
**راگی:** راگاں ناں جانو، گائیگ:
**رال:** چکی نی کلی، مانڑیں:
(لیس،تھوک)رال ٹپکنا:
**رام وڑوم:** بے فیض۔(کچھ حاصل کئے بغیر)
بےنسل، بےاولاد:
**رام رولا:** (رولا گولا)شورشرابا:
**رام کہانڑاں:** (رام کہانی)
لمبی کہانی:
(تُو رَمکانڑاں باہی رکھاس چلے آں)
**راند:** (کھیڑ)بازی،شغل
جھگڑا،لمبا فساد:
(لمی راند)نہ ختم ہونے والی بات:
**رادھناں:** راہنڑاں(چکی رادھناں)چکی کے پُڑ
کھردرے کرنا چھینی سے:
(ٹک لانڑے)
**رانڈیاں:** آوارہ گردی:
**رانگلی:** گہری، گوہڑی(رنگ چھوڑنے آلی)
زیادہ سرخ کرنے والی:
(مہاڑے ہتھاں نی ی رانگلی،موڑ
ماہیاموڑ)گ
**رانگلا:** رنگ رنگیلا، شوخ، رنگ برنگا، سوہنا:
رانگلا چرخہ:
**رانڑی:** راجہ کی تانیث(رانی)ملکہ
(تو وی رانڑی میں وی رانڑی کُنڑ
پھرسی پانڑیں؟)اخ
(رزق راجہ رت رانڑی)اخ

**رانڑی خان:** (رانی خان)
ایک لوک کردار(اُچا آدمی۔آکڑ
خان)
**راول:** بانکا سردار، سیلانی فقیر، جوگی:
**راویل:** کی قسم کا سفید پھول:
ایک نام۔
(راول رویل)ریڈیوناں پوٹھوہاری
پروگرام:
**راہ:** (راستہ، وٹ، لانگھا، ڈھنگ)
ذریعہ، ریت، رسم دستور:
(راہے اچ باڑی لتے ہتھ کیاڑی)اخ
(راہ جانڑے تے شاہ جانڑے)اخ
(راہ پیایاواہ پیا)اخ
(راہوں کراہ نانہہ جائیے پھاویں
ہووے دُور)
بکی بکی کیہڑا راہ؟
پیر محمد سچا شاہ
(راہ لاڑاں)مح۔راستے پر لگانا:
نا:
خبردار کرنا(اللہ تو کی راہ لا )
گھر سے نکالنا(دفع کرنا)
(راہے اچ پیاوا)سفر میں۔
آسان کام:(بےتوقیر)مفت کا مال:
(راہ باہنڑاں)مح۔صحیح راستے پر ڈالنا،
اجنبی آدمی کو راستہ بتانا:
(تو میکی راہ باہی شوڑا گے میں آپوں
چلا گیساں)راستہ بتانا، صحیح راستے پر
ڈالنا:
کام سکھانا، کاریگر بنانا:
(راہ تکھڑاں)مح۔انتظار کرنا، راستے

میں آنکھیں رکھنا:
(راہ گساں) مح۔
مسافر، راہگزرو، اجنبی،
عام آدمی، ہرکس وناکس:
(راہ گُزرو) مسافر۔ راہ جاتا آدمی:
(راہ پینڑاں) مح۔ اپنے گے دیکھنا،
اپنی سوچنا، اپنے کام سے غرض رکھنا،
اپنی راہ پر چلنا:
سفر کاٹنا، منزل کا خیال رکھنا:
(راہ مار) لٹیرے، راستے میں مسافروں
کولوٹنے والے:
(راہ ڈکڑاں) مح۔ راستہ روک کر
بیٹھنا، جھگڑا کرنا، نقصان پہنچانا:
(راہ دساں) مح۔ نا، پٹی پڑھانا
خلاف کرنا:
(لاہورے ناراہ سارے دسی چھوڑنے
کرایہ کو نئیں دینڑاں) اخ
(راہ لانڑاں) مح۔ سیدھے راستے پر
ڈالنا: (خدا راہ لا س)
(راہ روکڑاں) مح۔ راستہ روکنا،
شکائت کرنا: جھگڑا کرنا:
(راہ مَلناں) مح۔ راستہ روک کر بیٹھنا:
(راہ بنانڑاں) مح۔ راستہ بنانا، نیکی کا
کام کرنا: محبت پیدا کرنا:
(دل کو دل سے راہ ہوتی ہے)
(راہ نکھیڑناں) مح۔ راستے جدا کرنا،
الگ ہونا، گروپ بندی کرنا:
(راہے اچ کنڈے کھلیارناں) مح۔ راہ
بند کرنا، تنگ کرنا (بُرا عمل) اعمال خراب
کرنا:

(راہوں راہ ہونڑاں) مح۔ وسیلہ، سبب:
(دیئے سے دیا جلنا)
(راہ بخرے کرناں) مح۔ اپنی کرناں،
اپنے فیصلے اور پروگرام خود کرنا:
(راہ باہ کرناں) مح۔ اپنی بات اور اپنے
نفع نقصان کا خود ذمہ دار ہونا:
(راہ صاف کرناں) مح۔ اپنی قبر ٹھیک
کرنا، اگلا جہان اچھا کرنا:
(راہے اچ کنڈے دینڑاں) لوگوں کو
تنگ کرنا:
عادت سے مجبور:
(راہ کھولناں) مح۔ راستہ آزاد کرنا،
آنے دینا، ٹریفک بحال کرنا:
اختراع نکالنا:
(راہ بند کرناں) مح۔ راستہ بند کرنا،
آنے جانے سے منع کرنا، روکنا:
(راہ ٹھلناں) مح۔ راستہ اترنا:
راستہ الگ ہونا:
(راہ کرناں) مح۔ الگ ہونا۔ اپنا راستہ
جدا کرنا:
(راہوں کراہ ہوناں) مح۔ راہ سے بے
راہ ہونا، راستے سے ہٹ جانا:
(راہ کریانڑاں) مح۔
سٹ کرانی، بہانے سے الگ ہونا:
جان چھڑانا:
(راہ جُلناں) مح۔ ہرکس وناکس، راہ
گزرو، عام آدمی۔
(راہ جُلنیں نے ہتھ سنہیہ دینا) مح۔ فرض
پورا کرنا
(راہ مکاڑاں) مح۔ سفر تمام کرنا:

ترکِ تعلق ہونا، رشتے داری ختم کرنا:
(راہ کرناں) مح۔ جدا ہونا، الگ ہونا،
دور ہونا:
(راہوں نا نہہ لنگڑاں) مح۔ نفرت
کرنا، پرہیز کرنا، دور رہنا:
(راہ تکڑاں) مح۔ مزماناں نیں راہ
تکڑاں۔
انتظار کرنا، ڈیکڑاں:
(راہ ڈیکڑاں) سجناں نیں راہ تکڑاں۔
تانگھ رکھنا:
(تیریاں اڈیکاں سانوں ماریا)
(راہ مکڑاں) مح (اچھن کچھن ختم
ہوناں) آنا جانا بند ہونا:
(راہ سوڑا کرناں) مح۔ راستہ تنگ
کرنا، تکلیف دینا (قبر تنگ کرنی)
(راہے اچ ہگڑاں) مح۔ گندگی کرنا:
بے شرمی (بے حیا )
(راہ چھوڑناں) مح۔ راستہ چھوڑنا، نیک
کام کرنا، صدقہ جاریہ کرنا:
پھیڑے بندے نیں راہوں نہ لنگڑاں:
آنا جانا بند کرنا (میں تے کدوں نا راہ
چھوڑیا وا)
(راہ چُھٹناں) مح۔ راہ ختم ہونا، نفرت
ہونا اصلیت کا پتہ چلنا:
(راہ باہڑاں) مح۔ راستہ بنانا، ہاتھ پکڑنا
بار بار۔ آنا جانا:
(تو بڑا اُٹری ٹُری کے راہ باہے وے)
(راہ پُھلاڑاں:) مح۔ بھول جانا
وسارنا، بڑے عرصے کے بعد چکر لگانا:
(اج کدھر راہ پُھلی گئے او؟)

(راہ کُھلناں) مح راستہ بننا، ذریعہ بننا:
آنے جانے کا بہانہ بننا:
(راہ سِدھا کرناں) مح۔ خرت
سنوارنا:
(راہ راہ اسناں) مح
(جمعہ جمعہ اٹھ د اڑے)
نیا آدمی:
مدت ہو بیٹھاں بالی پردیئے نی لَو
یے ، راہ راہ اسناں کسرے لوکو جھٹ
پروانہ بدلی گسناں) شعر
**راہنڈی:** شارٹ کٹ (آگے سے ہو کر ملنا)
بات کو اچک لینا:
**راہنڑاں:** بیجنا۔ راہی کرنا (کاشت کرنا)
جو راہنڑیں آں اوہ کپڑیں آں
اساں ہور کری کہہ سکڑیں آں
(عارف ادیب)
(راہنڑاں گاہنڑاں) فصل کی مشقت:
کئے کا انجام:
قدرت نا دستور قدیمی جو راہسیں اوہ
گاہسیں (سلطان ظہور)
**راہوں:** (راہوں راہ ہونڑاں) مح
(راہوں نا نہہ لنگڑاں) مح
**راہی:** بیجا (فصل کی بوا )
(راہی کرناں) مح۔ فصل بونا،
کرنا، کاشت کرنا:
(راہی ہونڑاں) مح۔ مسافر ہونا،
سدھارنا، چلے جانا:
(راہی) ایک تخلص:
**راہیا:** راہی۔ مسافر (کلمہ مخاطب)
اِتھے ڈھولا اِتھے ماہیا

دو پل بہہ کے جاویں راہیا (باقی صدیقی)

**راء:** میٹھی آواز:

(راءطوطا) باتیں کرنے والا:

چلنے میں بے آواز:

(لاٹو راء کرنا) لٹو کی کھڑ کھڑاہٹ ختم کرنا: لٹو کی میخ ٹھیک کرنا:

را ، مشورہ، سوچ بچار۔مرضی:

(تہاڑی کہہ راءاے؟)

راجا، را ، ایک ذات (را )

(را دونی چند)

**راء:** را ۔مرضی:

ہوں اوداندا ہوں جدھر خصماں نی راء (اخ)

**را :** باریک بیج، ذرہ:

(را ناں پہاڑ بنانڑاں) اخ

(را برابر اکھیاں اچ شرم نا نہہ ہونڑاں

**را :** را برابر (ذرا بھر) ذرات

(را برابر روادار نا نہہ) گل

(را ناں پہاڑ بنانڑاں) اخ

(را ) درست سمت

(را پھڑی گیا) راستے پر چل نکلا

## ر۔ب

**رُبڑناں:** مٹی وغیرہ میں لوٹنا: گرد آلود کرنا۔

**ربوں:** اللہ کی طرف سے، نصیب، مقدر (لیکھ) اللہ کی طرف سے:

(ربوں ای کہھاٹا، فر فائیدہ کُنڑ دیئی سکڑاں؟)

نصیب میں لکھی ہو چیز:

## ر۔ر

**رپٹ:** رپورٹ:

## ر۔پ

**رپھڑ:** فضول جھگڑا (
**رپھڑی:** فسادی: جھگڑال

## ر۔ت

**رَت:** لہو، خون، زور، قت:

(رَت گن) پھ ا:

(رَت رانی رز راجہ) اخ

(رت کڈھانڑ ) مح۔خون نکلوانا

(تو بہوں رَت ڈھا وی؟)

اہمیت دینا:

(گھیاڑا کھاہ نہہ کھاہ مونہہ رتو پھر یا) اخ

(رَت بہنڑاں) مح۔خونی بیماری:

(رَت رونڑاں) مح۔خون کے آنسو رونا:

(رتونی تھانس) ذرا برابر خون، ایک قطرہ خون:

(رت ڈوہلناں) مح۔جان قربان کرنا:

فِر وی ایہہ ان لا سنگی
ساریاں تے ت ڈوہلے
(باقی صدیقی)

(رتونیں تر ) خونی دشمن۔

**رُت:** موسم، زمانہ، وقت، بہار:
(آ رُت بہار کنڑکاں پکی گئیاں)
(نظم) نذیر بٹ
(چیترے نی رُت) افسانہ

**رَتا:** سرخ۔لال:
(رتہ لال) زیادہ سُرخ:
(ڈھوک رتہ) ایک جگہ کا نام:

**رتا کھ:** سُرخ مٹی (گاچی)
پانی کی دشمن مٹی:

**رتائنڑ:** (رتا )
بچوں کی ایک بیماری:

**رتکل:** گکھی نما (فاختہ) ہلکے سرخ رنگ کی:

**رتو:** خون میں سے (رتے وچوں)
(رتو نے تر ) خون کے پیاسے:

**رتیاں:** رتی کی جمع: رتی ماشہ
سُرخ رنگ کی طرح (خون جیسی)
(رتیاں پھیکراں) پوٹھوہار کی پرانی
آبادیوں کے نشان:

## ر۔تھ

**رَتھ:** ہاتھیوں کی فوج، بادل، کالی گھٹا:
(رتھ چڑھنے) بدل بنڑناں:
چناں تاریاں نال میں راتیں
گل کراں نا نہہ کتھ
چٹے دُدھ آسمانے اپر
دِسنے کالے رَتھ (شیراز طاہر)
ہتھ محنتاں نے رتھ
باہواں سدھراں نا زور
(طارق مسعود)

## ر۔ٹ

**رَٹ:** ضِد، اصرار:

**رُٹ:** بڑی روٹی (ہاتھی کی خوراک)

**رٹا:** جھنجھٹ۔تکرار:
دہرا ، ضد، بار بار پڑھنا (رٹناں)
(اس تے بکے سبق رٹیاوا)
(رٹا) ایک جگہ کا نام: کھو رٹہ
رٹی وی چیز:
زبانی یاد (رٹا لانڑاں) سبق یاد
کرنا، دہرانا، پکا کرنا:
(رَٹا باہنڑاں) اصرار کئے رکھنا، پکی ضد
کرنا:
مری گیاں میں مری گیاں
ایہے تہاڑا رٹا
جا قرآن مہاڑے کولوں
کھاہدا ای کیہڑا کھٹا (شعر)

## ر۔ج۔جھ

**رَج:** دولت، امیری،
(رجڑاں) کھلا کھانا، پیٹ بھر کر کھانا:
(رجے کھرے ناں کُتا پکھا) اخ
(رَج منجھ پچا گئی یا فر سِکھ) اخ
خوب خوشی سے، نہال خو ل:
(دب کے واہ تے رج کے کھاہ)

**رجڑاں:** (رجناں)
پیٹ بھرنا، شکم سیر ہونا (بکھ دور کرنا)
امیر ہونا:

تسلی ہونا، دل بھرنا۔
(دلے نی چاہ لاہنڑی)
(اے تن میرا جے چشماں ہووے میں
مرشد ویکھ نہ رجاں ہُو)
(رجناں)(رجی گسناں) دل پورا ہونا:
(بہوں     رجی گیا ایں؟)
**رُجھناں:** چھیدے ہو    کانوں کا    ۔
مشغول ہونا۔

..........

## ر۔چ

..........

**رچانڑاں:** رچاناں:
رنگ جمانا (تساں تے چنگا بھلا بیاہ
رچا    کدا)
اک مک کرنا:
**رچڑاں:** (رچناں)

پُر کرنا
:جتھوں جتھوں کند نیویں اے اِٹاں

رچو ہور
جنڈ عمل نی پکڑیں آلی بیہڑے نے
بشکار (دلپذیر شاد)
رچ بس جانا، لگن میں مست رہنا:
سرائیت کرنا:
(رچنا لساں) ہنسی خوشی رہنا::
**رچے رچا** : خوش خوش:
ہم خیال (دِلوں)

..........

## ر۔چھ

..........

**رَچھ:** (رچھ کان) نا    کے اوزار، ہتھیار:
(رَچھاں بغیر ھ نہیں مرنے) اخ
**رِچھ:** ریچھ، جنگلی جانور، بھالو:
**رچھانڑی:** (        ) نا    کے اوزار کی تھیلی:

..........

## ر۔خ

..........

**رخڑاں:** (رکھڑاں) رکھنا، سنبھالنا (دھرناں)
(رکھڑاں) عزت رکھنا، پت رکھنا۔ لج
رکھنا:
(رکھڑاں) خیال رکھنا:
(رکھڑاں)     ل رکھنا:
مال مویشی رکھنا:
**رَخنہ:** پیپ، گندہ خون:

..........

## ر۔دھ

..........

**رِدھا:** پکایا۔ ردھاوا۔ پکا ہوا کھانا:
**رُدھا:** مصروف، کام میں لگا ہوا، محنتی آدمی:
**رَدھے:** اینٹوں کی چنا    کی درجہ بندی:
(ردہ واری)
(رَدھار کھڑاں) مح
ہُنڑ صحیح ردھار کھیاس (قابو کرنا)
**رُدھے:** کام میں لگے ہو    (مصروف)
**رَدھیا:** (رَدھیاوا) نافرمان (درکارا ہوا)

..........

## ر۔ڑ

..........

**رَڑ:** زیرِ کاشت رقبہ:
**رُڑ:** (امر) بہہ

پانی سے کٹی ہو جگہ:
(رُڑناں)فعل

**رَڑا:** علاقہ،فصل سے خالی:
(رڑیوں لاہنڑاں) مح۔ خالی ہاتھ بیجنا:

**رَڑک:** (رڑکڑاں)فعل
ہڈیاں چبھانے کی آواز (درد کی ٹیس،لہر

**رِڑک:** (رڑکڑاں)فعل
(بلوناں) مدھانی پھیرنا:
(اُچی ماڑی تے دودھ پئی میں رِڑکاں
رگڑ،جس سے آہ کی کیفیت پیدا ہو:
دل میں لگنے والی آواز:

**رِڑکا:** ادھ رڑکا، دہی اور دودھ کی ملاوٹ،
شربت(شیک)
دودھ اور دہی کی لسی (طاقتور)
بار بار بات کا دہرانا،فضول بحث:

**رَڑکڑاں:** (رَڑکناں)
چبانا، دانتوں میں دبا کر کھانا، کتے کا
ہڈی چبانا:

**رِڑکڑاں:** (رِڑکناں)
(بلوناں) لسی بنانا:
(دہی رڑکناں) مکھن نکالنا:
(پانڑی رِڑکیاں گھِیں چڑھناں) اخ

**رُڑناں:** بہنا۔تیرنا(آپوں تے رُڑیا میکی وی
نال روہڑیا س)
بھُونا(روسٹ کرنا) رُوڑناں:

**رُڑناں:** لڑھکناں،گرنا، آنا، پھسلنا، دریا میں
بہنا۔سامان پانی کی نذر ہونا:
(ایہہ پٹھا ای رُڑناں) دوسروں کے
برعکس بات کرنا،مخالف بات کرنا،الٹی
کھوپڑی:

(رُڑھنی بیڑی نیاں ریڑاں چنگیاں)
(اخ)

**رُڑھناں:** خوب ،روسٹ ہونا، روڑ دانے:
(پُھلیاں سوں بغیر)
(رَوڑھناں) بھون بھون کر لال کرنا:
(ڈُلناں،بغڑاں) بہنا:
پراٹھے کو خوب گھی میں ،
(رُڑناں) گوڈیاں بھار گھسیٹیاں کرنا:
رَوہڑے اپروں رُڑھناں:

**رڑے رٹ:** کھلے میدان:
(رڑے اپرنسانڑاں) مح۔ کھلے میدان
دوڑانا:
(رڑے اپر بہنڑاں) مح۔ جہاں سے
کچھ وصول نہ ہو:
(رَڑے رَٹ) سامنے سامنے:

---

## ر۔س

---

**رسا:** پیپ۔

**رسالو:** لوک کہانیوں کا ایک کردار (سورما)
پورن بھگت کا سوتیلا بھا (راجہ رسالو)
لاہور کا ایک بی شاعر (راجا رسالو)
(مرحوم)

**رست،رسد:** سامان، کچا اناج، دانہ پانی:
(سکی رست)
شادی بیاہ کے موقع پر دی جانے والی
اشیاء:
کھانے کی بجا سامان دے دینا۔
(سکی رست چا دینڑاں) چاول چینی
وغیرہ:

**رسلا:** (گاڑھا) رس والا، رسیلا:

**رُسناں:** روٹھناں، خفا ہونا، ناراض ہونا:

**رِسناں:** (رِسناں) پھوٹنا، بہنا، قطرہ قطرہ نکلنا:

اندروں پھجیا ہوئیاں ایں تے ہک واری رو کھن

کچے پھانڈے وانگوں پھونہہ پھونہہ رِسناں کیوں ایں

( صدیقی)

**رسناں لساں:** (آباد رہنا، ہنسی خوشی رہنا) رونق میلا۔

( بھلے ساں پتہ نئیں کدوں مصیبت آ )

**رسو :** باورچی خانہ، کچا کچن، ہانڈی روٹی کرنے والی جگہ (رسو گھر)

(چن پکا روٹیاں تارا بنڑے رسو )

(اخ)

**رسول بنڈ:** تقسیم، ہک جہی بنڈ، مساواتِ محمدیؐ:

**رَسیا:** رس بھریا (شوقین)

(رسیا نمولیا دے، مرے اُٹھی کلیجے پیڑ )

(اخ)

**رسیماں:** ناراضگی کی حالت:

## ر۔ض۔غ

**رضا:** مرضی، اللہ نی رضا، میت کا افسوس:

(تعزیت)

من، خوشی:

(رضا ہونڑاں) انتقال ہونا، فوت ہونا،

اگلے جہان چلے جانا:

(رضا اللہ نی) پوٹھوہاری مضمون

(غزالہ تسنیم)

**رغڑ:** رگڑ، گھسا

(رغڑ دینڑیں) نقصان دینا

**رغڑا:** رغڑا چاڑھناں، صحیح سیدھا کرنا:

**رغڑناں:** گھسانا

## ر۔ف

**رَفل:** رائفل، بندوق:

**رفلا:** ایک دم منہ سے بات نکالنے والا

## ر۔ک

**رکاوی:** رکابی۔مٹی کی پلیٹ (تھالی) کھانا روکنے والی (کنارے دار)

(رکاوی نی پھانجی نا نہہ کرنا) مح

دُنیا داری اور اخلاق سے گری بات:

لین دین اور ہمسائیگی کے نا قابل آدمی:

**رکڑ:** راکڑ (رک...کڑ)

سخت پتھریلی زمین، بے آباد:

اوہ ٹھکیاں ناں چڑھناں لبھنڑاں

اوہ رکڑاں نیں پینڈے (جسونت سنگھ )

رکڑ کرے لپاڑے کرے

حرف کہہ کہہ کھاڑے کرے

(یاسر کیانی)

## ر۔کھ

**رِکھ:** پرہیز، راکھی، سنبھال، پناہ:

مانہہ نال رنجھیٹے ٹوردے

رکھ مینڈھے پیار نی لج

(باقی صدیقی)

(میریا ڈھول سپاہیاں ں رب دیاں
رکھاں) گ
(رکھاں (چھانگڑی) چھوٹا جنگل:
گھنے درختوں کا علاقہ،
(رکھے وچوں بوٹے کپڑاں)

**رُکھی:** روکھی۔خشک روٹی:
(رُکھی سکھی کھا فقیرا ٹھنڈا اپانڑی پی)
(مص)

**رُکھا:** رُوکھا۔خشک:
(رُکھاتے پُکھا) اخ
چڑ چڑا (بے ملاوٹا) بداخلاق

## ر۔گ

**رَگ:** ناڑ،نس،خون کی نالی،شریان:
انھے تے کانڑے نی ہک رگ بدھ
ہونڑیں) اخ
شیطان آدمی:
(رگ پغڑناں) مح۔
(رگاں کہنناں) مح

**رِگ:** کمزوری کی حالت:
(رِگ رِگ کرناں) مح

**رُگ:** بھری ہو ہتھیلی:
(گھلاتے پھر یا وا ہتھ)
کاغذاں نا رُگ گیا
چھٹی دردنی ہک نا نہہ آ (شعر)
(ادھی تک) ہتھیلی۔(منگڑیں آلے کی
آٹے نی رُگ باہی)

**رگاہ:** معمولی خراش:
(رگاہ نا نہہ لغنڑ دینڑاں) مح

**رگیدناں:** نرغے میں لانا:

## ر۔ل

**رَل:** امر (رَلناں) فعل۔آپس میں ایک ہونا
اتفاق سے رہنا۔مِل جُل کر رہنا:
(رلتی) نیا شامل ہونے والا ممبر:
(رلیاں ملیاں، ہک مک ہونا)

**رَلا:** ملاوٹ،کھوٹ،دڑا
(چٹا) لوہرچ۔
(رلا) گولیاں تے کھوڑاں نی کھیڑے
وچ جرمانہ ایک گولی اضافی جرمانے کے
طور پر دینا:
(رلا) جنسی ملاپ،دوجزو (کراس)
(رلا) محلول۔شربت:

**رلاڑاں:** (رلانا)
مِکس کرنا،شامل کرنا۔
(ترہیا رَلیا،جُھگا گھلیا) اخ
شربت میں چینی حل کرنا، کرنا:
(رلاڑاں) ایک کرنا،راضی کرنا۔
قریب کرنا:
(رلاڑاں) گا یا بھینس کو ٹیکہ لگوانا
گھبن کرانا:

**رُلاڑاں:** (رُلاناں)
دربدر کرنا،خاک میں ملانا،
خجل خوار کرنا:
(جند میریئے مٹی نی ڈھیریئے خاک وچ
رُل جائیں گی)

**رَلناں:** (رَلناں) شامل ہونا (جُڑناں) ایک ہونا
گروپ بندی کر ،سازباز کرنا،شر

ہونا۔(ں ناری توں خاکی بندہ،
نال تیر کی رلاں)ص

**رَلناں مِلناں:** ند(اُنہی ویہہ نافرق)قریب
قریب جیسا:
(دواں شکل آپے وچ رِلنی ملنی)
درمیانہ، درمیانہ میل ملاپ،(رَلناں
مِلناں)

**رُلناں:** (برباد )
مٹی گھ ال پھریاوا(رُلیا کھلیا)
بُرے ل، خجل خوار، دھکے کھانا:
(گُسے جوگا نہ رہنڑاں)

**رَلی:** (رَلی ٹرنا)ایک ساتھ چلنا:
(گاں رَلی) گھبن ہونا، حاملہ ہونا:
(رلی م )اتفاق اور اتحاد۔
(گاں لی وی یا پھیڑی ہے؟)
میں سِٹ ں ساوی
چارد اڑے رلی
فِر دنیا یں میلے وچ
میں وکھ کہلاتوں وی کہلی (باقی)

**رَلیا:** شامل ہوا:
(تر رلیا چُھ گا گلنے)اخ
(روز اول سوں نصیب رَلے سے)
شادی کا بندھن:

**رلیں چھلیں:** خو ل، آباد(اللہ رلیں چھلیں
کری)دعا

.....

## ر۔م

.....

**رَمالی:** لنگوٹی، دھوتی(پہلوانوں کا چوتا)

**رَمبا:** (گُھرپا)مالی بابا کا گوڈی کرنے والا
ہتھیار:

**رَمبی:** چھوٹا رنبہ، موچی کا چمڑا صاف کرنے
والا ہتھیار:

**رمڑاں:** پھلنا پھولنا(آباد ہونا)خو لی پکڑنا:

**رمکا:** رکاوٹ:
(رمکا مارناں)قصہ یا کہانی شروع کرنا
اپنی ٹانگ اڑانا:

**رمکاڑاں:** لمبی کہانی(رام کہانی)

**رَمز:** اشارہ، بھیت:
(لکھے نیاں رمزاں لکھے نی ماءای
جانڑیں)(اخ)

.....

## ر۔ن

.....

**رَن:** عورت، زنانی:
(لِسے نی رن جنڑے کھنڑے نیں
پھاوی)اخ
(رَن پرا انھے کی پھوانٹی )اخ
(رناں والیاں نے پکنڑ پراٹھے(گ
(چور چکا چوہدری لُنڈی رن پردھان)
(اخ)
(رناں نیں سوکر)اخ
(رن مزور)جورو کا غلام۔

**رَنجور:** زخمی، بیمار، دُکھی روگی:

**رِند:** اُستاد آدمی، سیانا بندہ، شراب خور:

**رَندہ:** لکڑی رندنے(صاف)کرنے والا
ہتھیار:
(رندہ پھیرنا)تراشنا، صاف کرنا
برابر کرنا، ملا کرنا:

**رَنڈہ:** (رنڈوا)جسکی بیوی مرجا :

(رنڈا کرن گیا کڑما آپڑیں کرے یا
پرا (اخ)

**رَنڈی:** بیوہ عورت۔(رنڈی نے پُتر بادشاہ)
(اخ)
(رنڈیاں وی رونڑ تے سہاگنڑیں وی
رونڑ)اخ
(چور چکا چودھری رنڈی رن پردھانڑ)
اخ

**رنڈ یپا:** بیوگی کا زمانہ،حال:

**رنگ:** رنگت،دِس،وضع،رنگ ڈھنگ:
انداز،طرز(چالا)
خوشی،عیش،سماں،رونق میلا:
(رنگ اچ بھنگ باہنڑاں)مح۔کام
میں خلل ڈالنا:
(و جا مولا دے رنگ)
(رنگو رنگ)تاش کا رکھا ہوا رنگ:
(رنگ سٹناں)شادی کے دن مقرر
کرنے کی رسم منگنی وغیرہ:
(رنگ لانڑاں)مح۔ بدل دنیا:
(اللہ ایسا رنگ لایا جے سارے کم
سدھے ہو گئے)
(رنگ کھولناں)مح۔رسوا والا کام
کرنا:
(تو کو رنگ ای کھولسیں)
انوکھا کام کرنا:
(رنگ کھولناں)تاش کا رنگ ملنا:
(رنگ کرانڑاں)کپڑے یا دوپٹے کو
رنگوانا:
(رنگ کرنا)چونا ڈسٹمپر کرنا:
(رنگ دَسناں)مح۔حقیقت ظاہر کرنا؛
کارنامہ دکھانا:

**رنگ برنگا:** مختلف رنگوں والا،ر ۔
(رنگ رنگیلا)میرا ماہی رنگ رنگیلا:

**رنگڑاں:** رنگناں:
رنگ کرنا،نیلے پیلے کرنا،دیوار اور مکان
چونا کرنا،ڈسٹمپر کرنا:
دوپٹہ یا چُنی رنگ کرنا:
میں جدوں وی چُنیاں رنگیاں
گلاں ہویاں ساریاں تنگیاں(شعر)

**رنگڑاں:** (رنگناں)
دوپٹے کو رنگ چڑھانا۔
(کاسنی دوپٹہ نی میں اج رنگیا)گ

**رنگروٹ:** نیا بھرتی ہوا فوجی(نواں سپاہی)
(ریکروٹ)

**رنگڑ:** رانگڑ(تیلا تیلا فصل)

**رنگلا:** (گوہڑے رنگے آلا)شوخ،سرخ
رنگ گہرے رنگوں والا:
(رنگلا پیڑہ)رنگیلی بڑی چوکی:
(رنگلا دانداسہ)ہونٹوں پر چڑھنے والا
ہونٹوں کو سرخ کرنے والا:

**رِنھاں:** ہانڈی پکانا:
(رِنھاں پکانڑاں)
اجرے کٹوی رِنھی

**رنھا:** پکوا ،پکوانے کی صورت:
(رنھانڑاں)کسی سے دیگ یا چاول
وغیرہ پکوانا:

---

ر۔و

---

**رَو:** گرم پکا ہوا گنے کا گاڑھا رس:

روا: نسل۔خاندان:

رواس: ہمیشہ کا رونا۔روگ:
(ہر ویلے نا رونڑاں) پھوہڑی

رواں: (چالو، راہ پیاوا) رواں دواں:

روانڑاں: (رواناں)
تنگ کرنا، پریشان کرنا، (رُلاناں)
(روانہ) کوچ، ٹورا، ودائیگی:

رُوپ: نلی دار ہڈی کا مواد:
خوبصورت پن (زردی مائل رنگ)

رَوٹ: بڑی روٹی (رُٹ)
(رُٹ) بڑی روٹی، (رُٹ) ہاتھی کا
کھانا:

رَوٹھا: اتنا گُج:

روٹی ٹکر: کھانا پینا، ان پانی:

روٹی ویلا: دوپہر کا وقت، روٹی کا وقت:

رُودھل: رونی صورت:
روانکلی شکل (رپھڑی)
(رونڑاں کیّاں ایں؟ شکل ای اہیے جئی
اے)
ماڑا، رونی صورت:
سُست، کاہل:

رَوڈہ: گنجا سر:
(سر مُنیا، ٹِنڈ)
بے سنگا، نِکے نِکے سنگاں آلا:

روڑ: سخت بھنے دانے، ان پُھلے:
(روڑا) واحد
(روڑے) جمع۔اینٹوں کے ٹکڑے

روڑا: مٹی یا پتھر کا ٹکڑا:
(روڑا) کھنگریاں آلا بٹہ، پکی ڈھیم
قدرتی پکے پتھر، روڑے، کھنگر، اٹاں
نے ٹوٹے:
پتھری روڑی، موٹی کرش:
سڑے ہو دانے (ان پُھلے)
(روڑا) گُڑے نا ٹھلا:
(رَوڑا) گرمی کا موسم
(رَوڑا سیالا) دونوں موسم

رُوڑا: (رُوڑا) (میں گلنے س دا روڑا کوڑا) س
گند، نجس چیز، گڈر کوڑا:

رُوڑ: رُوڑاں (جمع) لمبی ہونک
کُتے کی لمبی آواز جسے نحس جاتا
ہے۔(فریادیں)
(پچھتاوا) نا نہہ جے تو فر روڑاں بٹیاں

رَوسا: غصّہ۔ناراضگی:
رُسنے نی حالت، خفگی، ناراضگی:
(میاں بیوی نا کہہ روسا آ؟)

روغنی: تر، گھی والی (تری آلی چیز)
(روغنی کٹوی) مٹی کا چمکدار برتن، روغنی
برتن:

رول: ہو چیز:
کاغذ کا بنڈل:
(بربادی) خرابی:
مینڈا جو بن چیکاں مارسی
تے ہسی تک تک جگ
توں اپڑیں ہتھیں رول نا نہہ
مینڈھے پیونی اُچی پگ (باقی صدیقی
بلڈوزر:

رولا: شور:
ڈمک ڈمک ڈھولک وجی
گُڈیاں رل کے ی گھولی
رولا سُنڑ کے ماسی پھولی

چھوٹھی مھوٹھی گجی
ڈمک ڈمک ٹھولک وجی
(باقی صدیقی)

**رولا رپا:** شوروغل:
(رولا رپا) پوٹھوہاری ڈرامہ:

**رَولا رَپا:** شورشرابا (کھپ، شور، ہلڑ، ناانصافی رپھڑا، جھگڑا، بکھیڑا:
(ہک مولا، ہور سبھے رولا) اخ.
(رَولا) (ادھر کہہ رولا آ؟)
ہوا، افواہ، خبر (ڈنڈ) بُرا حال، مندی حالت:

**رولا گولا:** (رولا گولا) شورشرابہ:
رولا گولا میں نا نہہ باہنڑاں
اوکھا سوکھا وقت ٹپاساں
(عارف ادیب)

**رولڑاں:** (رولناں)
(حالوں بے حال کرنا) مٹی میں ملانا:
حثیت ختم کر دینا:
ریڑھنا، کاغذ رول کرنا:
خجل خوار کرنا، دربدر پھرانا:
چُنناں (ایروں ایروں لاہڑاں) صاف کرنا (رولناں، پھرولناں) انگلی مارنا:
ورد کرنا (تسبیح کرنا)
لوکاں کی دسنے نی خاطر
سَکی تسبیح رولی چُلنے
(عارف ادیب کیانی)

**رَول:** موڑ، موج، لہر (میکی اسناں روں تکھن دے)
موڑ تکھڑاں:
(رَوئیں اچ کرنا، ڈِھلا کرنا) غصّہ اتارنا:

**رُول:** صاف شدہ کپاس، رو:
(رُوں رُوں لا رکھڑاں) مح
ہولے ہولے رونڑاں۔
لماتے مٹھا رونڑ:

**رونٹ:** چہرے کے داغ، چھائیاں

**رونڑ:** (رونڑ) رونے کی حالت (رون دھون)
(ا) رون دھون، سیاپا، آہ وزاری، غم کی حالت:
(انہاں کی اپنا ہی رون دھون پیاوا)
پھوہڑی۔
(اُسکی تکھی میکی وی رون آ گیا)
دکھ محسوس کرنا، دلے اچ رونڑاں:

**رَونڑاں:** (روناں)
پتلا حلوا (زکام اور بخار کیلئے)
(رونڑاں) رونا
(رو رو پھاوا ہونڑاں) مح
(لوکاں نیاں رون اکھیاں ساڈا روندا ای دل ماہیا) ماہیا

**رونڑقی، رونقی:** شغلی (ہاسہ مخول کرنے آلا ہنس مکھ:

**رَوند:** رائفل کے کارتوس:
پولیس کا گشت (پھیرا ٹورا)

**روہ:** (امر) رہ (رہنڑاں) ٹھہرنا، رات بسر کرنا:

**روھہ:** غصّہ، خفگی، رَوسا:
(لسے نا روہ کھندو لے اپر) اخ

**رُوہدھل:** ست، غافل (رونی صورت)

**روہڑ:** پھسلن (ڈھلوان جگہ)
(روہڑناں) اوپر سے گرانا:

ضائع کرنا۔نقصان کرنا:
(سب کُجھ روہڑناں) مح

**روہی:** روہ بھریا، غصے والا آدمی، موڈی:
(روہی) برساتی نالہ:
(دُکھ رَوہی دے) کتاب

**رُہڑناں:** لُڑھکناں

..........

ر۔ہ

..........

**رہت:** رہت بہت، رہتل، کلچر، بسیوا (اُٹھن بہن) تہذیب:

**رہڑا:** (ریڑھا، ہتھ ریڑھا) گدھا گاڑی:

**رہڑی:** ریڑھی (لکڑی نا ریڑھواں چھابا) ٹھیلا:

**رہل، رحل:** قرآن پاک کو رکھ کر پڑھنے کی تختی نما ڈبل پھٹی:

**رہنڑاں:** (رہناں)
ٹھہرنا، زندگی بسر کرنا، رات رہنا:
باقی رہنا، ناکام ہونا:
(رہ جانا) فیل ہونا:
کمزور ہونا:
تھک ہار جانا (جنڑاں رہنڑاں گسناں)
(گٹے گوڈیاں توں رہی گسناں)
(رہنڑاں کھہنڑاں) بچا کُچھا۔

**رہی کھہی:** بچی کچھی، باقی، ماڑی کمزور۔

..........

ر۔ء

..........

**رہئی:** باریک ذرات (باریک بھوسہ)

..........

ر۔ے

..........

**ریب:** (اَوریب)
ترچھی چال۔کپڑے کی ترچھی کاٹ۔

**ریتی:** (وا ) (فائل)
لوہے کو رگڑنے اور ملا کرنے والا اوزار: گول ریتی، چپٹی ریتی:
(ریتی ناچِیلا) دوپٹے کی ایک قسم:

**ریتناں:** عزت مٹی میں ملانا:
(توتے ساری ریتی چھوڑی) مح

**ریٹھا:** مشہور بوٹی، کالی گٹک، کالے بیج:
ریٹھے کا تیل جو بالوں کے لئے اچھا ہوتا ہے:
ٹھینڑاں کالا آدمی، ریٹھا جھیا، ٹینڈا۔بونا

**رِیرا:** عادت، معمول:

**ریڑا:** ضِد، اصرار (لَمّا روَنڑ)
(ریڑا ں) مح۔پکی ضد کرنا:

**ریڑکا:** جھگڑا، بحث:
(اِکناں اُٹھ کے ریڑکا پا دتا، اک تھوندیاں پھرن مدھانڑیاں نی) مص

**ریڑھ:** (ہریڑ) پنساری بُوٹی:
جمع (ریڑھاں)
(ریڑھاں بٹناں) ازار بند کے سروں کو ہریڑ کی طرز پر گانٹھ لگانے کا عمل:
فیشن دار خوبصورت گانٹھیں:
(ریڑھ کی ہڈی)
رُڑنی بیڑی نیاں رِیڑھاں چنگیاں (اخ)

**رِ :** نقل، برابری کی ہوس:
دوسرے جیسا ہونے نی کوشش کرنا:
(نئیں ریساں شہر لہور نیاں)

ریسل: رِ کرنے والا:
ر بر : دیکھاد (ریسےنال)مقابلہ
بازی:
ریکھ: لیکھ،بخت، ، بھاگ،مقدر:
رَیل: لوہے کی پٹڑی، ریل گاڑی کی پٹڑی۔
(رَیل) گاڈر، ریلوے ٹرین:
(رَیلے آلی سڑک) ریلوے لا :
رِیل: دھاگے کی نلکی:
رینڈا: چھوٹا گول نما(ہدوانے کی چھوٹی قسم)
(اُور ینڈیا)(رینڈیاجہیا)ماندا اور
کمزوربچھی ۔
رینجھ: (رِیجھ)
شوق،سدھر(حسرت)
(رینجھے مو ،کھندلے دبنڑہو )اخ
رِینجھے نال میں کوٹھی چاڑھی لغڑیں لگی
لگی (مصرع)
ریوڑی: گڑ سے بنا تِل والی گول مٹھا ۔
(پیسے آلیا بہارای ریوڑی کڑا کے دار
ای)اخ
چکوال کی مشہورریوڑی:
( کی ریوڑیاں کھانڑاں)مح۔
چالاکی ہوشیاری دکھانا:

ڑ۔ا

ڑاں: موٹی اور بھدی آواز:
ڑانکنڑاں: ڑانکناں:
گدھے کی آواز۔کٹے کا بولنا۔

ڑ۔پھ

ڑپھی: ہڑپ کرنا، پورا منہ بھرناں:
(ڑپھی لانڑاں) کھوڑاں یا گولیاں نی
پوری لَپ گھتی اچ سٹناں:

ڑ۔چ

ڑِچ: پکی ضد،اصرار،بچوں کی بے جا خواہش:
(ڑِچ ں)مح۔ضد پرقا رہنا:
(ڑِچ پہھناں)مح۔ضِد پوری کرنا:

ڑ۔ک۔گ

ڑُک: گٹھلی، بیج، گٹک:
ڑُگ: ضِدی،مغرور۔

ڑ۔ن

ڑَنگ بڑنگ: اُلٹے سیدھے کام، بے معنی
باتیں:
الجھی ہو بات(پتہ نہیں کہہ ڑنگ
بڑنگ کیتے وے س سھ نہیں اسنی)
ڑُنگڑاں:(ڑُنگناں)
شامل کرنا،لٹکانا،ساتھ لگانا،نتھی کرنا:
مصیبت میں ڈالنا:
(بے چارے بے گناہ کی نال ڑُنگی
چھوڑیا نیں)

ڑ۔و

**ڑوت:** ہٹ دھرم۔ من مرضی
والا، ضدل (ضدی) غلط بات پر ڈٹنے
والا (ڈنگر مزاج)

**ڑوں:** (ڑوں ڑوں لا رکھڑاں) رونے کی
لمبی آواز:

**ڑُونک:** گیدڑ کی لمبی ہونک (آواز)

**ڑُونکڑاں:** (ڑُونکناں) ہونکنا۔ نحس آواز:
گیدڑوں کا بولنا:

ڑ۔ے

**ڑیاٹ:** بھوکا، لالچی، خودسر (من مرضی والا)
(ڑیاٹ ڈنگر) صرف جانور کے لئے
بولا جاتا ہے:

**ڑِیک:** گٹھلی:

**ڑیک:** دا ، اڈہ:
(ڑیک دیڑیں) ہلکا سا دبا ڈالنا:

**ڑیکہ:** شکنجہ (ناک آ ٹ کرنے والا دا )
(ڑیکہ چاڑھنا) مح

**ڑیکڑاں:** (ڑیکناں)
(اڈہ لانڑاں) دا میں پھنسانا:
(چنگا ڑیکیاس)

ز۔ا

**زابر:** جابر (طاقت ور)

ز۔ب

**زاروزار:** فریاد کی حالت

لگا تار رونا۔

**زاری** : فریاد لگانے کی حالت:
(کِس اَگے زاری کریے؟)
اللہ ھوزاری، اللہ ہُو زاری
اَگے اَگے آپ نبیؐ پچھے اُمت ساری:
کرکر زاری اکھیاں اتھرو
سُچے موتی روہڑے نی
پچھے دو دل توں نا نہہ جوڑے
کیڈے مانڑ تروڑے نی
حسن دلگیر

**زبان:** (جیبھ، گل) وعدہ، اقرار
(زبانی) منہ زبانی۔ بغیر لکھے لکھا ،
(زبان دراز) (بہوں گلاں کرنے آلا)
باتونی:
(اے زبان تخت وی دسنی، تے وخت
وی) (اخ)
(زبان لمی کرنا) بداخلاقی کا مظاہرہ کرنا:
(بدزبان) قول اقرار سے پھرنے والا
بکواسی، گندہ آدمی:
(بدزبانی کرناں) زبان سے پھرنا:
(مونہے اچ زبان نہ ہونڑاں) مح
سادگی: شریفوں کا شیوہ خاموش رہنا:
(زبان دیڑاں) وعدہ کرنا، رشتہ دینا:
(زبان ٹکڑاں) زبان کرنا:
(زبان وچوں گل کڈھنا) گل پوری
کرنا: سودا کرنا:
(زباناں کرنا) گالی دینا، بُرا بھلا کہنا:

**زبر:** اعراب:
اوپر:
فاتح، طاقت ور:

(اہیہ چیز اس چیز توں زبر اے)
اچھی، سوہنڑی، اوپر، قیمتی:
**زبراں زیراں:** پڑھنے میں آسانی پیدا کرنے
والے اعراب:
نُقطے کڈھناں: زیراں زبراں لانڑیاں:
نے کی کوشش کرنا:
(زیر زبر نا فرق نہ اچھنڑ دینڑاں)
انصاف کرنا:
پورا پورا حساب رکھنا:
(زیر کرناں) نیچا دکھانا، چت کرنا۔ تابع
کرنا:
(زِیرو کرناں) ختم کرنا، ملیامیٹ
کرنا، شرمندہ کرنا:
(زیر نہ ہونڑاں) ہار نہ ماننا، ضد پراڑے
رہنا، تسلیم نہ کرنا:

## ز۔چ

**زِچ:** (زچ کرنا) تنگ کرنا، بے بس کرنا:

## ز۔ح

**زحمت:** دُکھ، تکلیف، روگ، جھنجھٹ:

## ز۔خ

**زخماڑاں:** زخمانڑاں:
گھائل کرنا۔ زخمی کرنا:
(کِکّر تے انگور چڑھایا ہر گچھا زخمایا)

## ز۔ر

**زرد:** پیلا۔ یرقانی رنگ:
(زردی چھاٹن ہونڑاں) چہرے پر پیلا
پن ہو جانا، خون کی کمی ہونا:
(زردیاں چھاٹیاں گئیاں) خوف اور
خطرے سے چہرے کا رنگ اُڑ جانا،
یرقان کی صورت میں چہرہ اور آنکھیں
پڑ جانا:
(زرڈُو) زرداد، ایک نام:
(پتر پیلے زرد ہو گئے) پت جھڑ میں
پتوں کا سوکھنا، جھڑناں، کمزور پڑنا:
**زَرُونی چھٹ:** (مح) قیمتی آدمی:

## ز۔م

**زماراں:** مدت۔ عرصہ۔ زمانہ:
**زمی دار:** کھیتی باڑی کرنے والا، کسان، زمین کا
مالک:

## ز۔ن

**زنویں:** مٹی، دھرتی، بھواں (زمین)
(زِنویں چھوڑنا) مح۔ اوقات سے باہر
ہونا:
(زنویں دوز) زمین دوز (بیسمنٹ)
**زنان خانہ:** زنانہ پوشن:
**زنانہ:** عورتوں کی ایک قسم، زنانہ صورت:
(کُھسرا) ہیجڑہ۔ مخنث:
**زنان وادھا:** (جو جہان نیاں زنانیاں)

زنانہ اگھ:

**زنانی:** (عورت، رَن) بیوی:

**زناہی:** زانی، زنا کار، حرام کار:

**زنجیری:** سنگلی، گلے کا ہار:

**زنگال:** (زنگ) کوڑہ، جنگال، اُلی:
(لوہے نی مَیل)

---

## ز ـ و

---

**زور:** طاقت، تران، اختیار، کرم، کوشش
(زور کرنا) ڈنٹ کڈھناں، ورزش
کرنا، پہلوانی:
(زورے اپر) مح
(منج کِلے نے زورے اپر کھہر نی) اخ
(زوراز وری) زبردستی، طاقت کے بل
بوتے پر:
بے اختیار:
(زورے کی زور تروڑنا) اخ
(زوراں اپر ہونڑاں) عین شباب،
جوانی ناں زور (پورے زورے اپر)
(گرمی پورے زوراں اپر سی) فُل گرمی
سخت گرمی:
(زورو، زور) زبردستی دھگانے بدوبدی:
(زور) دعو (مھاڑا کہہ زورآ؟)

**زوری:** زبردستی، بدوبدی:
آپ نا نہہ لایاں اکھیاں لگیاں زورا
زوری (گ)
اصرار کرتے ہو :

**زوری زروی:** زبردستی، نہ چاہتے ہو ۔

---

## ز ـ ہ

---

**زہر:** عرق، جس کے پینے سے موت واقع
ہوجا :
جیہڑا گُڑ دِتیوں مرے، اسکی زہر دینڑ یں
نی کہہ ولوڑا اے) اخ
(زہروں بُرالغڑ اں) نفرت کی حدتک:
(زہری بندہ) کوڑا آدمی، کڑوا، تلخ
مزاج:
(زہروں بُرا) بے حد بُرا آدمی:

**زہر باد:** ایک بیماری، روگ:

**زہر مہرا:** پتھر، زہر کا توڑ:

**زہری:** زہریلا:
ضِدّی آدمی:

---

## ز ـ ے

---

**زیادتی:** حد سے بڑھی ہو بات:
(زیادتی کرناں) مح۔ بدفعلی کرنا:
ایہہ تے سراسر زیادتی اے:

**زیارت:** (باوے کمال نی زیارت) دربار:
(زیارت کرنا) چہرہ مبارک دیکھنا، کعبے
کی زیارت کرنا:
(زیار) زیارت کرنے والا:

**زیان:** نقصان، گھاٹا، خسارہ:
(کھرے نا زیان مُلکے نی شہرت) اخ

**زیب:** سجاوٹ، سنگار، رونق (ٹُھک)
(اہیہ گل تکی زیب نئیں دینڑ یں)
چجنی یا سجنی:

**زیر:** (علامت)

(زیرکرنا... انا، کرنا،

(زیرنا نہ...س) برتری تسلیم نہ کرنا،

(زیر) ماتح...

(زیر) اند...یرجامہ، زیرزمین:

..........

س...ا

..........

**س:** (کدا س...س۔آ خیاس)

**س:** اچھا اور... کے معنوں میں استعمال ہونے وال... (جسرے. پُتر کی سپتر) (تےچ...)

**سا:** فعل ماضی... صیغے میں استعمال ہونے والا لفظ:

(سا، تھا)

(اوہ آیا سا)

(میں گیا سا)

(اوہ گئے...)

(سا، رے، گا) راگ، سرگم کی سرُ:

(سا، د...اڑا) اُسی دن، اُسی ایک دن:

(ساری د...اڑی)

(سا) سارا، تمام:

**ساتھ:** سنگ ساتھ، میل، اکٹھ:

(سنگ ساتھ) دوست اور سہیلیاں:

ہمجولی، ہم عمر:

(رَلناں) دوستی، ایکا، اتفاق

مدد، حمایت:

(اُٹھ نی لوہیے بکریے، تیرا ساتھ گیا ای دور) اخ

(آپ جوگی جائیں "ساتھ" کو بسم اللہ) اخ

**ساٹن:** ایک ریشمی کپڑا:

**ساجھا:** سانجھا، مشترکہ:

**ساجھی:** مشترکہ، سانجھی

(سانجھی ماء وی ماڑی) اخ

**ساخ:** ساکھ۔ بھرم۔ اعتبار:

**ساخیا:** اچھے برتا والا آدمی، بھرم رکھنے والا:

(لاکھیئے کولوں ساخیا چنگا) اخ

(ساخ کھٹی کرناں) مح

**سادمرادہ:** کورا، بے رنگا، صاف (بغیرلخیا)

(اَن چھپا)

بھلے مانس، شریف آدمی:

**سادی:** بھولی بھالی (کم عقل) مونث

(سادہ) مذکر

تہاڑا ناں کہہ؟

سادی...

تکی ہِک گل آ کھاں؟

نانہہ نانہہ میں ایہڈی وی سادی نانہہ:

**سادھو:** (سادھوسنت) فقیر، جوگی:

(سادھواں کی کہہ لغے سواداں نال) اخ

**سادھناں:** برداشت کرنا، حوصلہ رکھنا:

مہم جو کرنا:

(توں بڑا کلی سادھی یاں اے) اخ

(مورچہ سادھناں) مح

**ساڈھ:** (ڈیڈھواں) 1/1/2

(ساڈھ لانڑاں) اضافی سود، ایک کے ساتھ آدھ کا اضافہ:

**سار:** خیرخبر، اطلاع، یاد، (پچھ پچھ)

(سار کھناں) خیال کرنا:

(سار) دیوار کی موٹا (چارانچی نی سار

"نو"انچی نی سار) چنا
(سار)(ہی) کے معنوں میں جیسے
(اپھنڑسار) آتے ہیں:
(بڑنے سار) داخل ہوتے ہیں:
(کھانڑسار) کھاتے ہیں:
(جمنڑسار) پیدا ہوتے ہیں۔
**سارَے:** ہرطرف۔اردگرد(چارچفیری)
**سارے:** (سارے) تمام۔کُل:
سارے آخنڑ ٹِکا راجہ،مرزا تے سلطان
اتنیاں نانواں اندر جوڑی گُمیا ہِک
انسان (سلطان ظہوراختر)
**ساریاں:** سب،کل،سارے:
فِروی ایہہ ان مُلا سنگی
ساریاں تے رت ڈوہلے
(باقی صدیقی)
**ساڑ:** جلاپا،رنج،غصّہ،ویر،حسد:
(اندرے نا ساڑ)
(دِلے نا ساڑ)
(ساڑ) جلی ہو روٹی کا ٹکڑا:
(ساڑ) دیگ یا ہانڈی کے لگا
مصالحہ(گریڑی)
(ساڑ) ہانڈی کا لگ جانا:
**ساڑا:** فا ل:آ ٹ
گولی وِیرتے ہو گولی کا پیڑھی کی لکیر
پرجا کھڑا ہونا (ساڑا ہونا)
واری سے باہر ہونا۔
(ساڑا) جلن۔
**ساڑی:** اساں نی(ہماری)
جلا :
اگی نے کئی عاشق عارف
ساڑی سٹے عشق نے اندر
(عارف ادیب)
**سازی:** ساز بجانے والے(سازندے)
**ساس:** ٹھنڈی آہ:
(ساس مارنا) آہ کڈھناں،بددعا نکالنا:
**سافا:** صافہ،سر کا کپڑا،بڑا رومال،پگڑی:
**ساک:** رشتہ،برادری،انگ ساک،خون؛
خو قبیلہ،ساکیداری۔رشتہ داری:
منگنی بیاہ) کڑما :
(ساکاں نالوں سک کُسے نئیں لاہے)
(اخ)
(ساک زگوجرخان)ادارہ:
(گوہڑے ساک) خونی رشتہ دار:
کتاب(سلیم مرزا)
**ساکرا:** (سُکھڑ) تھوڑا بہتر:
(عام چیزوں میں پڑی تھوڑی بہتر چیز)
قدکرتا ہوا(ساکری) مونث:
**ساکھ:** بھرم،اعتبار،عزت:
**ساکھیا:** اعتباری آدمی:
(لاکھیے کولوں ساکھیا چنگا) اخ
**ساکنڑ:** (ساکن) مردکی دوسری بیوی۔
بیوی کے بعد آنے والی بیوی:
(ما نی ساکنڑ تھیونی سہیلی) اخ
**ساگ:** پتوں والی بوٹی،سبزی،سرسوں کا ساگ:
ہرے پتے،پالک :
(لسی نا ساگ تے مھنڑ)
**سالم:** پورا،سارا،ٹھیک،سلامت،سالم ثبوت
ٹھیک ٹھاک (سالم منڈی)
**سالن:** (نڑاں،ردھا پکا،دال شال،نی
چیز،باجھی:

**سالڑاں:** (سالناں) گوشت:
(سالناں گھر گالناں) اخ
**سالھ:** راج۔مستری کا ہتھیار:
کندسِدھی رکھنے آلا لاٹو (ساہل)
**سامڑیں:** سا نی (فصلِ خریف)
**سامنڑ:** ساون (دیسی مہینہ)
(خصمان بغیر سامنڑ تر ایاں) اخ
**ساملہ:** سانولہ (گندمی رنگ والا)
**ساملی:** مونث:
**سامی:** (اسامی) اسم کی جمع
کسان، گا ں کی رعیت
قبر کی لحد:
(پیسیاں آلی سامی) بڑا گاہک:
**سامبڑاں:** سنبھالنا:
**سامبیا سلیٹھیا:** پوری طرح سے سنبھالا ہوا:
**سامو ساٹے:** برابر، ہم پلہ:
ایک ہی قیمت کی چیز:
**ساں ساں:** سناٹے کی آواز:
کان کی آواز:
(ڈوہنگی تھرتی واز نہ آوے ساں ساں
کرنے کن) شیراز طاہر
**سانبھ:** سنبھال، رکھ، اشت، حفاظت:
(اللہ ہُنڑ سانبھی کنے تے چنگا آ)
**سانجھ:** پہیالی، حصے داری، ساتھ، ک،
مشترکہ کاروبار بھا والی، پتے داری:
**سانجھا:** اکٹھا، مشترکہ:
(رانجھا ساریاں نا سانجھا) اخ
**سانجھی:** مونث:
(سانجھی ماء وی ماڑی) اخ
**سانجھا کھاتا:** مُشترکہ حساب:

**سانجھا امید:** تعلقات بھا چارہ:
**سانجھ میل:** رابطہ، واقفیت:
**سانجھی پڑھا:** مخلوط تعلیم، لڑکوں اور لڑکیوں کی
اکٹھی تعلیم:
**سانڈھ:** آوارہ، آزاد، نر گھوڑا یا نر بیل ( )
(نر) پالتو:
**سانڈھو:** سالی کا خاوند، ہم زُلف:
**سانڑ:** (سانڑ)
گا بھینس کی پیشاب گاہ:
(سانڑ) چاقو چھری تیز کرنے والا گول
پتھر: گرینڈر ویل
grinder wheel
**سانگ:** دوشاخہ
نیزہ، برچھی، سُول:
(سانگے اپر چاڑھناں) مح۔مشکل میں
پھنسانا:
(مٹھی سانگ کلیجے اندر ہر دم رڑک
مریندی) گ
(سانگ) سوانگ۔نقلی کام
تھیٹر، لوک تماشا، شادی بیاہ پر پروگرام
کرنا:
ہیر رانجھا یا سسی پنوں کا سانگ رچانا:
(کہیہ سانگ لایا وا ) تماشا، پھنڈی:
**سانگیا:** سانگ رچانے والا:
**سانگا:** سلانگا، دوسلانگا، دوشاخہ:
**سانگی:** سانگیا، سانگ رچانے والا، نقلی، جوکر:
**سانواں:** برابر (کِکے جہیا) ایک جیسا، ملتا جلتا:
(سانواں ساٹا) سامے ساٹے:
**سانولا:** تھوڑا کالا (سانولا رنگ)
**ساوا:** ہرا، سبز، کچا:

(ساواگھنار) سرسبز، گہرا سبز
(ساواخودی آر) کچی فصل جیسا:
(ساوی خود) کچی اور سبز جیسی ہو
فصل:
(ساوے پٹھے) چارا، تر و تازہ فصل:
(ساوا) ہرا، سلیٹی گھوڑا،
(بہیڑا، داند، بیل)
(ہلا ساویا) بیل کو ہانکنے کے لئے
آواز دینا:
مکھڑاں تے دُدھاں نی
ساواسِٹہ، دودھی (... صدیقی)
**ساوا کچوچ:** (گوڑھا، گہراساوا) سبز، ہرا، کچا:
(ساوا کچور)
**ساول:** سبزہ۔ ہراپن (پانیئے نی ہریالی) کا
(تاڑاکھیاں نی ساول) ...سانہ:
(ساونڑے نیں انھے کی ساول ای نظر
اسنی) اخ
سبزہ (ہریالی)
**ساونڑ:** (ساونڑ بھادریوں) برسات کا
مہینہ:
(دیسی ورہے نا پنجواں مہینہ)
(خصماں بغیر ساونڑ تر... ئیاں) اخ
**ساوی:** (سٹ ساوی جے نظر آوی) نسوار
(ساوی کھودے آر) سبز چارے کی
طرح:
**ساوے:** سبز سبز (ہرے)
ساوے نوٹ:
وچ کچہری نظری اشنے
کالے کالے کوٹ
کُنڑانہاں نے نیڑے گچھے

منگڑیں ساوے نوٹ (نظم)
(راجہ افضل عامر)
**سانڑی:** فصل خریف، ساون کے موسم کی
فصلیں:
(ہاڑھی ساونی) دونوں فصلیں:
**ساہ:** خرگوش:
(ساہ) سانس، دم:
(ساہے نا کہہ وساہ) اخ
(گوہٹے نال ساہ مارناں) اخ
(مو ... کیاں؟ ساہ نہیں رہیاس) اخ
(ساہ اُ ... کُتی کی ہگنڑ آ گیا) اخ
(ساہ کڈھنا) دَمہ کرنا، آرام کرنا، وقفہ
کرنا۔
(ساہ نہ کڈھن دینڑاں) بے آرام رکھنا:
پریشان کرنا، کام میں لگا ... رکھنا:
(ساہ دماں اپراسناں) سخت اذیت سے
گزرنا:
(ساہے آلا مال) لائیوسٹاک:
(ساہ لما کرنا) مالے کی دعا دینڑاں:
(ساہ ستا) جان، دم، ہوش، طاقت:
(ساہ او کھے کھناں) دَمہ ہوناں، وقتِ
نزع:
(ساہ کڈھنا) سانس نکالنا
(ساہو ساہ ہونڑاں) سانس چڑھناں،
سانس چڑھنے کی حالت: پریشانی اچ
ہونڑاں:
(ساہ پَینڑاں) ہوش آنا:
(ساہ پَینڑاں) تھوڑا ہوش میں آنا
(ساہ، پینڑاں) سانس پی جانا:
رُعب ڈالنا:

(میں تہاڑا ساہ پئی گئیساں) ڈرانا، دم
خشک کرنا: تراہ کڈھنا، خوف زدہ کرنا:
(ساہ سکاڑاں) ڈرا رکھنا:
(خوفے نال ساہ سُکڑاں) خوف سے
دم بخود رہنا:
(ساہ چھکی رکھڑاں) چہرے پر رنج دُکھ
اور خوف کا رہنا: دم سادھناں، سانس
روک لینا:
(ساہ نکلناں) مرنا، دم نکلنا، اوکھا
ہونڑاں:
(سُخے نا ساہ کہھناں) آرام اور سکھ سے
زندگی بسر کرنا:
(شکر گرے سخے نا ساہ کِدا)
(ساہ نہ کڈھنا) مصروف رہنا:
(بھونجل پئی رہنڑیں)

**ساہل:** دیوار کو اونچا اور سیدھا رکھنے والا
مستریوں کا اوزار ڈوری نال بدھا والا لٹو
(ساہل سوتر)

**ساہن:** جابر۔ زورور:
دوڑ والا بیل: سانڈھ:
(کھلا چھوڑیا داندیا گھوڑا، ساہن ڈنگر)
(توں جہیڑا ساہن ڈکیا واکڈی آنڑ)

**ساہنسی:** سنیاسی (جڑی بوٹی کا جاننے والا)

**ساہی:** سرا، مہلت:
حوصلہ، آسرا، مدد:
دَم۔ گھڑی پل کا آرام:
(ساہی کڈھناں) تھوڑی دیر آرام
کرنا۔ سانس نکالنا:
(ساہی دینڑاں) مدد امداد کرنا، ہاتھ
بٹانا:
(ساہیاں) واریاں:
(دوترے ساہیاں اچ چڑھا چڑھی
گئیساں)

**سائنڑ:** (مالکیانی) گھر کی ما عورت۔ بھلے
مانس عورت:
(سا )(Sighn) دستخط، سا
بورڈ:

**سا :** (اصیل سا ) شریف، ، بیبا آدمی،
اصیل ڈنگر، سا مال:

**سا :** پیشگی پھنگی نہ:
(سا لانڑاں) مح۔
ہاتھ کی بنی چیز (مضبوط) دیسی کام
جیسے (سا نی جُتی وغیرہ)

**سائیں:** مالک، زمین دار:
رب سائیں:
(جھلا، سائیں لوک)

---

## س۔ب

---

**سُبا:** بیماری (خسرہ)

**سببیں:** کسی وجہ سے: سبب سے
(ماءدے بگیں چھجیں، تھی دے کِسے
سببیں) اخ

**سُبڑ:** گھاس کی ایک قسم (نرم اور پھولدار)

**سبونڑ:** صابن (کپڑے دھونے کا سوڈا)
(میل خورا)
(میلے میلے کپڑے سبونڑ لا کے تھونڑیں
آں) ل.گ:

**سُبو:** صُم بُکم

**سُبہ:** خسرہ۔دانے

سُمی: (گھاس یا فصل کی مروڑی ہو رسی)
(کنڑ کے نی سُمی) کنڑ کے نیں کچے
تیلے مروڑی کے رسی بناڑیں:
سبے کُج: ہر ایک چیز (سب کُچھ)

## س۔بھ

سبھ: سارے، تمام، کُل، سبھے:
(پیٹ نا نہہ پیاں روٹیاں سبھے گلاں
کھوٹیاں) (اخ)
سُبھڑاں: اچھا لگنا (سوہبھڑاں)
سختی لوکاں کی نہیں سبھنی
ہوجانڑی بیزاری
نرمی اتنی جھوری نہیں چنگی
سخت ہونڑی لاچاری
(سلطان ظہور)

## س۔پ

سَپ: سانپ، مشہور زہری کیڑہ:
(سپ) مح۔ سانپ کی خصلت جیسا:
دشمن۔ خوری:
سپے کی سپ لڑے بس کس کی چڑھے
(اخ)
(سپاں نے پُتر مِتر نہیں بنڑنیں) اخ
(سپاں نیں پُتر سَپ) خ
(سپے نی موت اسنی تے راہے اچ آنڑی
بہنڑاں) اخ
(سپے ناڈنگیا سیلی کولوں ڈرناں) اخ
(سپ کڈھناں) مح
(توجیہڑا سپ کڈھناں کڈھیَ کہھن)
(مح)
(سپ لڑناں) مح۔ غُصے سے بھڑکنا:
(سپے نے پُترے کی سو سال دوُدھ
پلایئے آخر ڈنگ مارناں) اخ
(سپڑیں) سانپ کی مادہ:
بین نہ بجائیں مُنڈ یا گُت سپنی بن
جا گی: گا
(سپاں نے مونہاں اچ دیئے نہیں
بکنے) اخ
(سپ سُنگی گسناں) مح۔ صُم
(سپ وی مری گچھے لاٹھی وی بچی گچھے)
(اخ)
سُپُت: (پُتر) خوبصورت مما، ہونہار:
سَپَت: دانا، عزت، عقل:
سَپتّا: (سپت..تا)
دانا۔ عزت دار، شریف، نیک نام:
سُپتّر: (سُپُت..تر)
نیک اولاد۔
(پُتر، سپُتر پنگھوڑے اچ سیانڑاں گسناں)
(اخ)
سَپَتّی: (سپ.. پت..تی)
نام نہاد سُگھڑ سیانڑیں:
سوہنی، عزت والی، شریف زادی، نیک
نام (اہیڈی سَپَتّی نہ بنڑ)
(سپتا) مذکر:
سپڑیں: ناگن (گُت سپنی بن کے شو نکے)
(دومونہی سپنی) ایک قسم، زہری، دو
مونہہ والی:
سپ کُنج: کینچلی۔ سانپ کی کھلڑی:

سُپوں: (سُپ۔۔۔پُوں)
ایک دم۔کھڑے کھڑے
کھڑے کھڑے جگہ سے اوپر اٹھا لینا:
(سپوں چا کھڑناں)

پپی: (پانڑیئے نی پپی،ٹپ) بوند،قطرہ
گھونٹ:

## س۔ت

ست: (گن) سات

ست: نچوڑ،عرق:
(نسوار وناست)
(ست بسم اللہ) مح (جی آیاں کی)
خیریں آ ،جم جم خوش آمدید:
(ست پھرا ) ستاں پھراں نی
پھیرہ:
(ست پُشتاں) پیڑھیاں،ست نسلاں:
(ست پیڑھیاں) سات پُشتیں:
(ست خصمی) ستاں جنڑیاں نی رَن۔
بدمعاش عورت:
(ست ویہیاں) ایک سو چالیس۔
(ست ویہہ خیریں) مح۔
بالکل خریت،ہر طرح سے خریت:
(ڈاہڈے نا سوستیں ویہیں) اخ
(ست سویل) علی الصبح
(ست ست موار کھاں) خوشی سے
مبارک باد دینا:
(ست ترپڑ مارناں) مح۔سوجوتے مارنا
مقابلے میں کہیں زیادہ بہتر سمجھنا:
(ست سمندروں پار) مغربی ممالک
(بہت دور)
(ستاں پانڑیں تھوتا) مح۔پاک
صاف (جتی ستی)
(ستاں تھیاں جھیا پُتر) نہایت
سادہ اور شریف لڑکا:
(ستاں نُوراں اچ) مح۔بہت بہتر:
(ست اناجیا) سات اناج پیدا
کرنے والا کھیت:
(ست رنگا) سات رنگوں والا:
(بابلا تیرے محلاں اُتے ست رنگیا کبوتر
بولے)
(ست سلام کرنا) مح۔جان چھڑانا:
(ست ماہیا) سات ماہ کا بچہ:
(سَت پُتری) (ستاں پُتراں آلی)
سات بیٹے پیدا کرنے والی،
سات ں کی ماں:
(ست بغانا) بہت دور کا آدمی:
(بالکل اجنبی) غیر جس کے ساتھ کو
جان پہچان نہ ہو:
(ست برگا) پھول کی ایک قسم۔
(ست ربڑی گینت) موٹی تہہ والی گیند
(بُر والی گیند)

سَتا: سات کا ہندسہ (ست) سات
(ساہ ستا) ہوش حواس،جان،طاقت:
(اَن ستا) بے طاقتا،بے جان:

سُتا: سویا ہوا( رےاچ) غافل:
(سُتا مویا اک برابر) اخ
(سُتیاں نیں کٹے جا گڑیاں نیاں ں
(اخ)

ستار: (باجا۔یک تارا) گٹار:

ستاراں: (گن) دس اور سات=۱۷:
ستاراں سو: (مح) بہت سارے لوگ، گواہ:
(میں کلھاتے ساں ستاہراں سو بندہ
کھلتا وا سا:
ستاہٹھ: (گن) سٹھ تے ست=٦٧، ساٹھ اور
سات:
ستاں اسماناں سوں اپر: مح۔ عرش معلیٰ پر:
ستاں زِنویاں تھلے: مح۔ پاتال میں:
(زِنویں نے اَوڑھے)
ستا : (گن) بیس اور سات (ستائیں) ۲۷:
ستائیں: ستائیں رات، (ستھییں نی رات)
ستائسویں رات (لیلۃ القدر) ماہ
رمضان کی ستائسویں شب:
ستاہٹھ: (گن) سڑسٹھ۔ ساٹھ اور سات:
ستاسی: (گن) اسی اور سات:
سُتاں: سِٹاں (انگلیاں)
(ترینگلے نیاں سِٹاں)
ستر: ننگ، تنگیز، پردہ، اُہلا:
(ستر چھپانڑاں) ستر کی حفاظت کرنا:
اپنی عزت وعصمت کا خیال کرنا:
نا نہہ سترے نی چادر دِسی
نا نہہ رشتے کم آ ...(باقی صدیقی)
(گن) سات دا ہے=ستر (۷۰)
(ستر گاش چاڑھناں) مح۔ نشر کرنا
بدنام کرنا، ایک ایک بات کھول کر بیان
کرنا،
عزت خراب کرنا:
(عورتوں کا لڑا میں ایک دوسرے کے
خصم )
(ستراں بہتراں اچ) (بڑھا، مت
مارا) (پاغل)
ناسمجھ، بڑھاپے کی وجہ سے بات کو مکمل نہ
سمجھنے والا، بدمغزہ:
ستّتر: (گن) ستر اور سات=۷۷:
ستّری: گن) تیس اور سات:
سَتو: جَو کو بھون کر پیسا گیا آٹا (جو کا آٹا)
شربت میں ڈال کرنا پئیے جاتے ہیں
ٹھنڈا اثر رکھنے والے:
(ستو، گڑ گتو، کب گھولوں کب گتوں)
(کپت)
ستواں: ساتواں:
ستونجا: (گن) پچاس اور سات=۵۷:
سَتی: ساتویں (اٹ نی ستی) تاش کا پتا:
ذات، قوم:
ایک ہندوانہ رسم:
سُتی: سو ہو ، غافل (بے سُدھ)
(صرفہ کری کے سُتی آٹا کھا گئی گتی)
(اخ)
سَتے: ساتوں (ستے خیراں) مح
سُتے: سو ہو (غافل)
(سُتے پُترے نیں مونہے اپر پیار دِتا نا نہہ
ما کی پتہ نا نہہ پیو کی) اخ
(ہو یئے گتے رہیے سُتے) اخ
سُتے گتے اِتبار نا نہہ کریئے
خورے ایہہ نیں پینڑاں
سو کو ہے ناں دُشمن ہووے
آ کے راہیں بھنڑاں (شیراز طاہر)
ستیں: ساتویں:
غریب نی آہ ستیں اسمانڑ گسنیں
(ستیں ویہیں) ایک سو چالیس:

## س۔تھ

سِتھا: چمٹی ہو سخت چیز:
شہد کے خالی کو دبا کر بنایا گیا گیند:
دھاگے پر پھیر کر جوتیاں گانٹھنا، دھاگے
کو سخت کرنے والا گولہ:

ستھر: (کوندل کی نرم پُھوہڑی)
پرالی، سُکی کوندلے نا بستر، پولی:

سُتھرا: (چنگا صاف) صاف ستھرا، اُجلا،
دھویا، اور نہایا ہوا:
سچا کھرا:
(ستھرا بولناں) سچّی تے کھری گل کرنی:

سُتھرِم: (سُتھ...رِم)
صفا ،ستھرا ،صفا کی خوبی (گُن)

سُتھن: (سُتھ....تھنڑ)
(شلوار)
(مڑے سُتھن سانبھی کے بہیں)
مانگی ہو شلوار پر فقرہ مارنا:
(ستھن لہنڑیں) بے عزتی ہونا:

سَتھری: فصل کی پولی (دَتھی، دَتھا)
پُولی (گڈی)

سُتھری: سُتھری: صاف، دُھلی ہو :
(سُتھریاں سنانڑاں) مح۔گالی نکالنا:

## س۔ٹ

سَٹ: چوٹ (ضرب)
سنیارے نی سوسٹ لوہارے نی ہِک
سٹ، ارخ
(ہرے نی سٹ باہنڑاں) مح۔جان
لیوا صدمہ پہنچانا: ٹھوکر:
ضرب (سٹ پھیٹ) ٹکر، چوٹ، زخم:
(سَٹ کڈھناں) گھبن کرنا (دھکہ
دینا) ٹھیکا مارنا:
(سٹ کڈھی تے پرے) مح۔اپنے
مطلب کی بات:
(سَٹ کڈھی کے پاسے) مح۔مطلب
کے یار:
(سٹ سہنڑاں) صدمہ برداشت کرنا:
(سٹ لغڑیں) نقصان پہنچنا۔زخم آنا
دُکھ ہونا:
(سٹ لوانڑاں) گا بھینس کونر سے
ملانا:
(سٹ کرانڑاں) نقصان دینا
(ہِک سٹ، دو سٹ) ایک دفعہ دو
دفعہ:
(سُورے نی سٹ) گالھ۔سؤر کی اولاد

سِٹ: انگلی (سِٹ) چھڑی:
شاخ (ترینگلے نی سِٹ)
(سِٹاں) جمع

سَٹ پسٹہ: جُوں کا تُوں، اسی حال میں:
(اِدھر اُدھر بکھرا ہوا)
ع) مھاڑے کولوں ہونڑاں نہیں ایویں
سٹ پسٹہ (شیراز طاہر)

سٹانڑاں: چھڑوانا، دور کرنا:
(پہھیڑ پہھر اسٹانڑاں) بہن بھائیوں
سے دور کرنا:
(اٹاں سٹانڑیاں) اینٹیں انا:
(مٹی سٹانڑیں) مٹی انا، بھرا کرنا،

ڈھیر کرنا:
(سٹانڑاں) رکھنا۔ اتھے سٹی چھوڑ:
(کُھتے سٹیے) کہاں رکھیں:

**سٹڑاں:** پھینکنا، گرانا:
ترکِ تعلق کرنا (برادری وچوں کڈھناں
(سٹی چھوڑنا) دل سے بھلانا، شوق ختم
کرنا:
(بندے کی بُریاں عادتاں سٹنیاں
پینیڑیاں)
(پچھلیاں عادتاں سٹناں) ترک کرنا:
(سٹڑاں) گرانا، گُم کرنا:
پیسے کُتھے سٹی آیاں ایں؟
بیں سٹناں (بیجا کرنا)
بیں سٹ نال پسینہ ڈوہل
سونا اُگسی جھولو جھول... (سلطان ظہور)

**سَٹڑاں:** پھینکنا۔ گرانا (ماری سٹناں) مار دینا:
عادت چھوڑنا (چھوڑ کے معنی)
ناراض کرنا، چھوڑنا، پرے کرنا، ترکِ
تعلق کرنا:
(رَوڑھنا) ضائع کرنا:
اندر کرنا (جانی اچ سٹناں) جان بنانا:
(سٹڑاں) گرانا (سُپوں چا کے سٹیا
س)
گم کرنا (پیسے کُتھے سَٹی آیاں ایں؟)

**سُٹّہ:** سوٹا، ڈانگ (بڑی سوٹی)

**سِٹّہ:** باجرے کا سِٹہ، خوشہ:
جناں نے کھلاڑے اوہ سِٹے چا پھرن
(اخ)
میں آں کنکاں نا سِٹہ
تو چیترے نی واء......

میںنڈھے سرے اُتے جُھل
میںنڈھے نال نال آ (باقی صدیقی)

**سُٹی:** سوٹی (انھاں سُٹی ہکے واری کھڑاڑاں)
(اخ)
(سُٹی ماریاں پانڑیں نئیں کرناں) اخ

..................................................

## س۔ٹھ

..................................................

**سَٹھ:** (گن) چھ دا ہے = سٹھ (٦٠)

**سِٹھنی:** بیاہ شادی اپر مخولیا گیت:
(سٹھنیاں دینڑیاں)

..................................................

## س۔ج

..................................................

**سَجّا:** دایاں (سجا ہتھ، سجا پاسہ)
(سجے ہتھ) دائیں طرف:
(سجّا دھو کھبے کی۔ کھبہ دھو سجّے
کی (اخ)

**سُجّا:** سوجھا ہوا، ورم کھایا، سوجن آ :

**سُجّا پُجّا:** غصّے کی حالت، ناراض:
(پتہ نئیں کہہ واس فزریں نا سُجا پچّا وا)

**سِجا:** ،نرم، ہوا:
(سجا ترپڑ لغڑاں) بے عزتی ہونا:
(سجا ترپڑ مارنا) باتوں باتوں میں ذلیل
کرنا:
(بہوں مانڑ ساس، اگوں سجا ترپڑ لغا سا)
(ٹکا سا جواب ملنا)

**سجرِسُو:** شیر دار ہونے والی نئ گا یا بھینس:

**سجر بھٹ:** علی الصبح، منہ اندھیرے۔

**سجرا:** تازہ (سجرے) جمع

(سجرے پھلاں دے گجرے) گا
(سجری) سجرے کی تانیث:
(سجرسُو) تازی شیردار گا :
"مِیں کریاں یاد
فِر پِھلی گچھیاں
دکھ کدے نئیں رہنڑیں سجرے" (نظم)

**سُجڑاں:** (سجھناں)
سوجھنا (موٹا ہونا)
ناراض ہونا:
ایویں بنڑنے رہنڑیں
گل کروتے سچی گسنیں (عارف ادیب)

**سجاڑاں:** (سجاناں)
حاصل وصول ہونا:

**سُجاڑاں:** (یُوتھا سجاڑاں) مح
مونہہ موٹا کرنا، ناراضگی کا اظہار کرنا:

**سجاکھا:** نظر والا، دور اند :
(سجاکھی اکھ) دور تک دیکھنے والی آنکھ

**سجنوڈی:** نیکی (سجناں آلی گل) وفاداری،
بھلا :

**سِجی:** گِیلی (مونث)
(سکی نال سجی وی بلی گسنی) اخ

**سجی:** دائیں طرف والی (مونث)
(دسنی سجی تے مارنی کھبی) اخ
(سِجّی) جلی ہو لاش جو پہچانی نہ جا سکے:
(بلوچی کھانا) کوئلوں پر پکا ہوا گوشت:
(سجی) چولہے کی راکھ۔ (سہاگہ)

**سَجّے کھبے:** اردگرد (دائیں بائیں)
نال بندے نے دنیا نے وچ
دشمن سجے کھبے ہونڑیں (عارف ادیب)

## س۔چ

**سچ:** (سچ تے کوٹھے اپر کھلی کے نچ) اخ
(سچے کی کہہ ڈر) اخ
(چھوٹھ مٹھا سچ کوڑا) اخ
(سچ آکھاں تے مرچاں لغنڑ یاں) اخ
اج کل سچے کی سچ کو نئیں آکھڑاں:
سچ آخاں تے راتیں کُتھے رہیاں؟ اخ

**سَچّا:** سانچا، ٹھپہ، نشان، کلبوت، ڈا :
ڈھال کر بنا جانے والی چیز کا ٹھپہ:
اینٹوں کا بڑا ٹھپہ (سانچا)
(سچّا خراب تے اِٹ خراب)
کھرا، سچ بولنے والا، حق گو، اصل:
(دلوں صاف) پاک صاف، خالص:

**سُچا:** (اصلی) ملا ۔ چمک دار (سُچا موتی)
(سُچا تے کُچا)
(سُچے بلور) کنچے:

**سچیا :** سچا (اصل گل) سچ، سچی بات:

**سچج:** (سُگھڑ پَن) گُن۔ خوبی۔ سلیقہ
(سچج کھولناں) بڑا مے کے شوق میں
کام بگاڑنا:

**سچجا:** (گُنڑاں تے خوبیاں آلا) سلیقہ مند
آدمی:
(سُگھڑ، سیانا) کاریگر، دار:

**سچجّی:** (س۔چ۔جی) (مونث)
سُگھڑ۔ عقل مند
(سچجّی گُنڑ؟ جس نے گُچھے ہتھ ڈولا)
(اخ)

**سچل:** سچا، دِلوں سچا، نیک، اصلی:
(سچل سرمست)

**سچیں مُچیں:** سچی مُچی (سچ سچ) اصل میں۔اصل
بات:
**سِچ نبیڑا:** کھرانیاں، فیصلہ، سچا فیصلہ، جیت:
**سچلا:** (حقیقت اچ، اندروں)
آخرکار:
نرول خالص:
**سُچل:** (پرکھ پرچول) حقیقت:
**سچم:** گا یا بھینس کا دودھ کو ہلا کر مکھن
نکالنا (سچم کڈھناں)
**سچو سچ:** ٹھیک ٹھیک، سچ سچ، سچا بیان، حلفیہ
بیان:
**سُچی:** اصل شیشے والی (خالص۔نرول)
ایک گُن خوبی، اچھا کردار:
کھری، ٹھیک، اصلی:
**سچی مُچی:** (سچ مُچ) حقی، ٹھیک:

..........

## س۔خ

..........

**سخانڑاں:** (سخاناں)
راس آنا:
مزاج کے مطابق ہونا:
سکھانا، تربیت دینا:
**سخالا:** پڑھا ، خلاف کرنا
(سخالڑاں) کسی کے خلاف کرنا
**سخڑاں:** (سخناں)
خالی:
(سخڑاں پھانڈا ) مح
(ہتھ مُتھ سخڑاں خدا پردہ رکھڑاں) اخ
**سخڑاں:** (سخناں)
(تواِچڑے سخڑاں ایں)

**سختی:** دبا (بہوں سختی چنگی نئیں ہونڑیں)
مضبوطی۔سخت قسم کی چیز
مصیبت، دُکھ۔تکلیف (سختی نرمی تے
لغی آ )
(سختی پچھی کے نئیں اسنی) اخ
**سختی نرمی:** (اوکھ سوکھ، وخت) غمی خوشی:
**سُخی:** سُکھی:
(تھوڑا کھانڑاں سُخی رہنڑاں) اخ
**سکھلی:** آسان

..........

## س۔د

..........

**سَد:** (آواز) بلاوہ، سدا، آواز ہوکا، پکار)
(سد) لوک گیت کی مشہور طرز، لمبی
تان:
(سدی کے آنڑناں) بلا کر لانا:
(سدیاوا) بلایا ہوا:
(بغیر سدے) بن بلا :
(سدا دینا) گھر گھر جا کر ی یا منگنی کا
بلاوہ کرنا، خبر کرنی:
(نا کے ذریعے پیغام نا)
**سُد:** مرمت، درستگی (سدھیا )
(سُد کرناں) مح
**سُد سواد:** زندگی کا مزہ:
**سُدھ بُدھ:** عقل، مت۔ہوش۔
**سدا:** ہمیش (ہر ویلے) ہمیشہ (سدا نہ باغیں
بُلبل بولے سدا نہ باغ بہاراں)
**سدّا:** بلاوہ، دعوت نامہ:
(وی وکیل لیایا سدا، نالے کھوڑا جوڑا
**سِدّا:** سیدھا، مستقیم۔

(سدھاتیر) ناک کی سیدھ میں۔
(سداہو گوورنہ........)
**سَداں:** (بلا ں) آواز دوں
(ایک نام)
آوازیں (سُراں)
**سُدا :** سودا ۔خبطی، پاگل (جھلا)
**سَدناں:** (بلانا) گو! چاچے کی سدی آنژ:
سد بھیجنا، طلب کرنا، مدد چاہنا:
(سنہیا بھیجنا) پیغام دینا، پکارنا:
(ہوکا دینڑاں)

.........................................................

## س۔دھ

.........................................................

**سدھناں:** عادی ہونا۔
**سُدھ:** سمجھ بوجھ، عقل، علم، پہچان، دھیان،
ہوش، خیال:
(سُدھ بُدھ)
(کو کھرے نی سُدھ بُدھ تھئی آ؟)
(بُدھ تے سارے کم سُدھ) اخ
**سِدھ پُٹھ:** اُلٹا سیدھا:
**سدھر:** ارمان:
سدھر (کتاب لِ عمران)
سدھراں (جمع)
سدھراں ناسیک۔(امتیاز گلنے نوی)
**سُدھرناں:** ٹھیک ہونا، راہ راست پرنا، سیدھا
ہونا:
**سِدھیں ہتھیں:** آسانی سے:
سیدھی طرح سے، خوش اپی سے:
**سدھیا :** درستگی
(سدھیا کرناں) کج نکالنا
درستی، مرمت، اصلاح، سوتر سے
سیدھا کرنا، ایک لا میں:

.........................................................

## س۔ر

.........................................................

**سَر:** (کانا) سرکنڈوں کا جنگل (کا )
تالاب:
(اوہ وچ شوق سمندر تر نے جھیڑے
واقف سَر نے)
(ایاز سر) حیات سر روڈ گوجر خان:
گوجر خان کے قریب محمود ایاز کا بنایا ہوا
تالاب:
(سَر) تاش کی ایک بازی:
(سر) جیت، ختم:
(سرسر) آواز، سرسراہٹ:
**سُر:** نرم الاپ، تان (ساز کی آواز)
**سِر:** (سِری، مُنڈی) کھوپڑی:
(سِر بڈھے سرداراں نیں) اخ
(سِر سلامت ہونڑ تے ٹُپیاں نا کو
کال نئیں) اخ
(سِرے نے بال تھوڑے تے قرضہ
زیادہ) اخ
(تہاڑے پیونا سِر) گالھ
(سِر دُکھڑاں) معمولی تکلیف ہونا:
ذراسی پریشانی ہونا:
(سِر گھر کڑیں نی بہل نا نہہ ملناں)
انتہا مصروفیت۔
(سِر تہھرناں) ذمہ داری قبول کرنا
ضمانت دینا۔
(سِر رکھڑاں) مال مویشی کا جان دینا۔

مالک یا گھر کی مصیبت مویشی پر آنا۔
(اوکھی جا کو ئیں سر رکھڑاں)
(سر پیتڑی) مصیبت آنا:
(سر دیتڑاں) جان قربان کرنا:
خواہ مخواہ آگے ہونا:
لالچ کرنا:
(سر چاتڑاں) سر اٹھانا، ہوش میں آنا،
طبعیت بحال ہونا، (اکڑنا) نخرا کرنا۔
(سر پگڑی بھتڑاں) پریشانی لاحق ہونا۔
سوچ و بچار کرنا، انتہا ٹینشن لینا۔
(سر سٹناں) شرمندہ ہونا، پچھتانا صحت
کا خراب ہونا، آخری دم پر ہونا، جانور کا
گردن ڈھیلی چھوڑ دینا۔
(سر پھرا) پاگل:
(سر کھاڑاں) پریشان کرنا۔ مغز خراب
کرنا (سر کھولناں) زخم کرنا:
(سر چڑھناں) چڑھا کرنا، غلبہ
حاصل کرنا:
(سرے نی باہنڑاں) مح۔ خون خرابہ
کرنا:
(سرے پیرے نی پیتڑی) مح۔ جان
پر بننا:
(سر تخڑاں) سر کی جوئیں صاف کرنا:
(سرے نی بلا گل باہنڑیں) مح۔
مصیبت مول لینا:
(سرے اپر کھناں) مح۔ ڈنڈے یا
سوٹی کی وار کو سر پر لینا:
(ذمہ داری قبول کرنا)
(سرے اپر کربلا باہنڑاں) مح
جنگ نا:

فساد کھڑا کرنا:
(سرے اپر) بالکل سر کے اوپر:
دیہوں سرے اُپر آ گیا:
(سارا کم مہاڑے سرے اپر آ)
(سر پیتڑاں) مح۔ سر پڑنا، ذمے لگنا:
(سر پھرولناں) جوئیں نکالنا:
(سر ملوڑاں) اچھی طرح سے سر کو نہ
دھونا: (موٹا موٹا دھونا)
(سوگز رسہ سرے اپر گنڈھ) اخ
(سر ناں) کام بننا:
(برناں سرناں) خو ل، آباد:
(سرے اپر بہالناں) مح۔ مسلّط کرنا:
(سر الانڑاں) مح۔ نبھانا۔ وفا کرنا:
(سر وں لاہڑاں) مح۔ فارغ کرنا:
پکا آدمی (جنڑیں سر الایا)
(سرے نا لودھو) مح۔ سر سے نہ اترنے
والا:
مصیبت لانے والا:
(سرے اپر چا رکھڑاں) مح
(سرے اپر) مح۔ موجود:
(سرے اپر کھلناں) مح۔ موجود رہنا:
(سرے ناں) ٹھیٹھ آدمی۔
(سرا) کنارا۔
(سرا) بُوتھا۔ بڑا سر۔
(کسے نے سرے اپر رہنڑاں) دوسرے
کے سہارے بیٹھے رہنا۔
(سر لوانڑاں) قتل ہونا، قربان ہونا۔
(سرے اپر بہنڑاں) سر پر سوار ہونا۔
(سر چِٹا کرناں) بزرگ بننا۔
اساں تُھپے وچ تے سر چِٹائیں کیتا؟

(سِر مونہہ اں) قرضہ چڑھانا۔
(سِر مونہہ کالا کرناں) بُری مزدوری کرنا
(سِر تھِڑنی بازی لانڑاں) جان پر کھیلنا
(سِر چِڈھیاں وچ دینڑاں) شرم سار
ہونا۔
(سِر چھنڈناں) ناراضگی کا اظہار کرنا
مویشی کا سر ہلانا۔۔بُری عادت
عورتوں کا بال خشک کرنا۔
بات کا اثر نہ لینا۔(دوسُنڑی کے سِر
چھنڈی چھوڑیاس۔
(سِرے اکھیاں اپر) بسرو چشم۔
(سِر باہنڑاں) سر تھوپنا۔سر پر لینا۔
(سِر دینڑاں) زبردستی داخل ہونا۔لالچ
کرنا۔
(سِر د کے بڑناں) پوری کوشش کرنا۔
زبردستی کرنا، ڈھیٹھ بننا۔
(سِرے نیاں کھانڑاں) تن من لگانا۔
(سِروں چُھلناں) وارے سے باہر
ہونا۔بس سے باہر۔انتہا مجبوری کی
حالت۔
(سِر پینڑاں) سر پڑنا۔ذُمے لگنا۔
(سروں لاہنڑاں) دفع کرنا، جان
چھڑانا (فارملٹی پوری کرنا)
(سِر نانہہ سُکڑاں) ہوش نہ آنا۔
جلدی جلدی۔
(سِر پھِرناں) پاگل ہونا۔
(سِر سہاگا) نجس بول:
جلتی آگ پر کہنا، جوفرفر کی آواز نکالتی
ہو۔
(سِر کھپانڑاں) دماغی محنت کرنا۔

(سِر منانڑاں) بال کٹانا،
سِر منا تاریاد آیا (اخ)
**سُرسَر:** تعلقات، گل بات، رابطہ:
حرکت، جنبش
**سِرسرار:** جن بھوت۔نظر نہ آنے والی مخلوق۔
**سَرسَری:** طائرانہ:
(سرسری نظر) طائرانہ نظر
**سِرا:** کنڈھا، کنارہ، کونہ:
(سِرا) بڑا سِرا:
(سِرا کرانڑاں) غائب ہونا، چکر دینا:
گیا سِرا کری گیا:
(سِرا لوڑناں) انتہا تک جانا:
انت بُری:
(چٹ سِرا) سفید بالوں والا:
(بزرگ ہوتے ہو بھی کم عقلی کی
باتیں کرنے والا:
(کو سرانہ پغڑانڑاں) بھید نہ دینا:
(سِرا) گاں منجھنا سرا۔کھوپڑی:
(سوگز رسہ سِرے اپر گنڈھ) اخ
(سِرا لغڑاں) نبھاہ ہونا:
(سِرا) مُنڈھ۔شروعات:
(مکڑیں جاء۔سِرے اپر)
(سِرا سراند) نبھاہ۔توڑ۔منزل:
(اس ناں سِرا سراند لغڑاں مشکل آ)
**سرالے:** (جمع) سرالا (واحد)
کرسالا:
لال قسم کا لمبا اور کانٹوں والا گھاس:
آرارو کسی پاروی کسی وچ کسی نے
سو ۔
اَسّے کتے نی بہار را میں پیدا ہو

(ایک رت) کرسالے:

**سراں:** سرا ،رات کاٹنے کیلئے: جگہ
مسافرخانہ: پرانے دیسی ہوٹل، ڈیرہ:
(اکبر بادشاہ نیاں سراں)
(وارث سراں دی رات وانگوں)
(لمی سراں) گُف، غار

**سُراں:** (ادھ بولے گا ن، ہیکاں، ڈھولے)
طرزاں: ناک کے نتھنوں

**سراند:** سرہانے والی طرف:
(سراند پواند) سراور پیروں کی طرف:
(سراندی سیو یا پواندی لک بشکار) خ

**سراندُو:** سرہانا۔

**سرھاندی:** چارپا کے سرہانے کی طرف، سرکی
طرف (سرھاندی پوھاندی)

**سربر:** پوری۔ مکمل:
(سربرنئیں پینڑیں) مح

**سَر برتی:** آپ بیتی (اپنی کہانی)

**سربند:** انتظام، بندوبست، جوڑمیل، تعلق،
نانہہ کو اوکھے ویلے ناں
نانہہ سربند سو ویلے ناں
(عارف ادیب)

**سُرت:** ہوش (مغز ناکم کرنا) سمجھ داری، عقل
آس دلے نی تولہ ماسہ
سُرت پھلا تینڈا ہاسہ (باقی صدیقی)
شعورمت:
(سُرت سنبھالناں) شعور رکھنا، بڑا ہونا:
(جدوں نی سُرت سنبھالی) جب سے
ہوش آ :
باشعور ہوناں (دس بارہ سال کی عمر) بڑا
ہونا:

(ہنڑوی سُرت نہ آ تے فِر کدوں
اَیسی)
(سُر تے آلا) چالاک، ہوشیار:
سیانا، سمجھدار:
(سُرتی وچ) جدوں نی عقل آ :
(دھیانے وچ) ہوش میں:
(سُرت نہ اساں) ہوش نہ آنا، شعور نہ
رکھنا ناسمجھ رہنا (اسکی اجے وی سُرت
نئیں آ تے فِر کدوں ایسی؟)

**سرچناں:** راضی ہونا۔

**سرچاڑاں:** راضی کرنا:

**سرچیماں:** راضی نامہ:

**سُرخی:** لالی، رتی، سوہی:
لپ سٹک:
(سُرخی) ہونٹوں کی لالی:
(سرخی) سورج غروب ہونے کی لالی:
(سُرخی) سرخ اینٹ کی کیری (پوڈر)
(سرخی) اخبار کی سُرخی، بڑی خبر:

**سردا:** ایک مشہور پھل، کابلی خربوزہ:

**سردا :** ٹھنڈیا ، دودھی چیز:
(چارے مغز)
(بدام تے خشخاص دودھے اچ رغڑی
کے بنایا وا شربت)

**سِر دردی:** سرکا درد (اوکھا کم) ذمہ داری
(کھاپا)

**سِر ڈُب:** سرتک ڈوبنا، بخار کی حالت میں، پسینے
سے شرابور (بھرا ہوا) سالم، مُنہ سرتک
ہونڑاں:

**سِر سام:** سرکا بخار، سرکو سردی لگ جانا، دماغی
مرض:

سَرسَر: ہوا کی آواز، سرسراہٹ:
سرسری: معمولی، عام۔
سرسی: نبھاہ کی صورت:
اکھاں ناورتارا کرساں
دل نی گل دلدارا کرساں
تہاڑا مھاڑا تاں گج سرسی
جے جنڑ یاں اُس چارہ کرساں
(نیاز جوشی)
سِر صدقہ: سر کی خیرات، (وارناں، جانی نی خیر)
سرفہ: بچت، سیانڑپ، کفایت:
(گھٹ خرچ)
(سبھے سرفے) بچت کے ساتھ:
کفایت کے ساتھ (تھوڑا تھوڑا کر کے)
(سرفہ کری کے سُتی آٹا کھا گئی کُتی)
(ارخ)
سِرک: رسی، ڈوری، ے پکڑنے کیلئے لمبی
رسی:
(سرکاڑاں) وں کو رسی کے ذریعے
آگے سرکاناں، چلانا (سِرک مارناں)
سرکاڑاں: کھسکانا، آگے پیچھے کرنا، چھپانا:
(سرکا) کھسکا، چرا، چھپا:
سِرکپ: ڈاہڈ آدمی۔ قاتل:
ٹیکسلے نا ھک بڑا شطرنج باز:
سرکڈھ: بڑا، مشہور (اُچا آدمی، چونڑماں)
اُچے سروالا: بزرگ آدمی:
سِرکردہ: انتظامی۔ بندوبستی (فیصلہ کرنے والا)
سِرکڑاں: کھسکنا، ذرا ذرا ہلنا (ہولیں ہولیں
ٹُرناں)
سُرکنڑاں: سُر کی بھرنا، چسکی لینا:
(چاہ ناں شڑوکا لانڑاں) رینگنا۔

سرکوپ: بڑا آدمی (پنچ اور لیڈر قسم کا آدمی)
سِرکھپا: مغزماری، سردردی، سوچ بچار:
سَرگ: (سرگی ناویلا) سحر، صبح صادق کا وقت:
(سرگ) پوٹھوہاری رسالہ:
سرگی: علی الصبح:
(سرگی ناویلا) منہ اندھیرے۔ (دھمی
ویلا)
(سرگی نیاں تاریا لوچا دے۔۔۔) ل
گ:
(سرگی اُٹھنا) روزہ رکھنا:
(سرگی اُٹھی ہل جُغڑناں)
(اُچی سرگی) علی الصبح
سرگی ناویلا ہو یا جاگ پیاں ٹلیاں (ص
سُرما: مشہور کالا پتھر، کھرل کیا ہوا، آنکھوں
میں ڈالنے کیلئے:
(انھیاں وی سرمے باہنڑلغی پیاں)
(ارخ)
سُرمے دانڑی: لکڑی یا لوہے کی دوات جس
میں سُرمہ ڈالا جاتا ہے:
سُرمچو: لکڑی یا لوہے کی سلا:
(جس سے آنکھوں میں سرمہ ڈالا جاتا
ہے) سلا:
(جئی سلا باہی اگلی لوگما) ارخ
سِرمُوندھ: اُلٹا لیٹا ہوا:
بے خبر۔ بے ہوش
سرناں: فیض حاصل کرنا۔ پھل پانا:
(برناں سرناں) مح۔ خو ل)
(اللہ نے فضلے اچ)
اساں شکر خدا نا کرنے آں
جے لبھے وی تے سرنے نا نہہ

**سرناواں:** سرنامہ، عنوان، پتہ، تھوہ، ٹھکانا:

**سَرنڈّہ:** (سرنڈا چڑھنا) رونگھٹے کھڑے ہونا۔ سردی یا خوف سے بالوں کا کھڑا ہونا: میں بُتے کی سرنڈہ چڑھناتے تخیا سا پرروح کی سرنڈہ چڑھنائیں ساتخیا (اقتباس)

**سُرنگھ:** سرنگ، زمین دوز راستہ:

**سرنگی:** ستار:

**سُرمچو:** سُرمہ دانی کی سلا ۔

**سَرو:** اونچا سیدھا درخت (قد سرو دا بوٹا) (ماہی مھاڑا سروناں بوٹا) گ

**سروٹ:** کانے، سرکنڈے:
(سروٹے نی بہاری) جھاڑو:

**سروڑی:** چھوٹا سَر (شاہ دولے کا سر)

**سِرموندھ:** بے ہوش (بے سُدھ)

**سِروند:** (سِر.....وَند) بندوبست، انتظام:

**سِروں:** پکا پکا (پورے کا پورا) سالم:
(سِروں) مطلق۔ بالکل (مُفت)
(سِروں لاہنڑاں) مح۔ جان چھڑانا:
(سِروں پھار لاہنڑاں) مح۔ فرض پورا کرنا:
(فرائض کی ادائیگی) قرض اتارنا:
(سِروں دینڑاں) مح۔ دے کر حق نہ رکھنا:

**سِروں مارناں:** جان سے مارنا:

**سِروں لہنڑاں:** سر سے اُترنا، جان چھوڑنا۔
(شُکر، سروں لتھا)
(سروں) سر پر سے:
(مصیبت سروں ٹلی)

اللہ کا کرم ہونا، مصیبت کا ٹلنا، مصیبت دور ہونا:
(سِروں لاہنڑاں) سر سے اتارنا، جان چھڑانا: دفع کرنا:
(سِروں پیروں لاہنڑاں) مح بے پردگی کا مظاہرہ کرنا:
(سروں پیروں لاہی کے لغڑاں) مح مکمل اور پوری طرح، ایک طرف مکمل دھیان کے ساتھ کسی چیز کے پیچھے پڑنا:

**سرھانڑاں:** تکیہ، سر کے رکھنے والی گدی: رو بھرا تھیلا:
(سرہانے بیٹھنا) میت کے لئے پڑھا کرنا:
(سرہانڑے آلے پاسے) قبر یا میت کی سرہانے والی سمت:

**سریاں:** سرسوں:
(تلی اپر سریاں جمانڑاں) اخ
(سَریاں پھوٹیں نا نہہ پیئڑ دینڑاں مح
(سریاں پھلنی) مح

**سِریوں:** مُختصر (مکنی گل) آغاز ہی سے، شروع ہی سے (سریوں نا نہہ کری گیا) بات شروع کرتے ہی:
آخر (خیر)

**سُری:** سُر والا، سریلا آدمی:

**سِری:** نکا سر (گاں منجھ یا بکری نی سِری)
(سِری) بکری بکرے کا سر:
چھوٹا تھم (پلّر)
(پا کے رکھنے والا تراشا ہوا پتھر)
(سِر الگانے والی عورت) فسادن:

سریر: بدن،جسم(پنڈا)
سریلا: سُر والا،سوہنی خوبصورت آواز والا:
سر : سلیش،ٹوٹی ہو چیز کو جوڑنے
والی گوند،الفی:
سِروں پیروں :غریبی کی حالت میں،
غریب بے چارہ( نہڑاں،نگارا)
سرینہہ : ایک درخت،پھلی دار،جس کی پھلیاں
بکریاں شوق سے کھاتی ہیں:
پانی کی قدرتی نہر یا گزرگاہ(ہڑھ)

## س۔ڑ

سڑاند: جلی ہو چیز کی بو،سیاہند:
(ساڑے نی بَو)
اُبلے ہو دودھ یا جلی ہو روٹی کی
بُو:
گلی سڑی چیز کی بدبُو:
سڑت: جلن:
سڑناں: جلنا،حسد کرنا(آگ لگنا)
دل میں کسی کے لئے بغض اور حسد
رکھنا:
(کٹوی یا ہانڈی ناتھلا سڑناں۔)
کٹوی لغڑیں)
(بوٹے سڑی گئے)درختوں کا سوکھنا:
(کڑھنا،دلوں سڑناں)
سڑنے بلنے:دھوپ میں جلتے ہو :
سڑنے بلنے راہیاں کی..(باقی صدیقی)
سڑوکا: چُسکی۔چا کا گھونٹ بھرنے کی آواز:
سڑیاھد: حسد،تعصب۔
سڑیاھدہ:متعصب۔

سڑیکل: حسدی۔بُغضی:
سڑیل: بدمزاج،چڑچڑا،حسدی،بغضی:
سڑیاہند: جلنے کی بُو،مشک،لساہن،ترکاہن:

## س۔س

سس: ساس۔خاوند کی ماں،بیوی کی ماں۔
(جمع)سسری
(سس تے جماترا)
(نونہہ تے سس)
(پتہ ای؟کیاں توڑنیں چڑھنا تہاڑا
مہاڑا رشتہ ایہہ؟
رشتے نیں وچ ماڑی اے تہاڑی سس یا
مہاڑی سس)شعر(شیراز طاہر)
سُستی : بخار،حرارت،گرم سرد(تپ)
ڈِھل مَٹھ:
سُسر :دُھول۔
شوہر کا باپ۔
سَسری: ساس کی جمع
سُسری:مشہور اناج دشمن کیڑا:
(فلانڑاں سُسری آرسیہی گیا)

## س۔ف

سفڑاں: بھوک سے پیٹ کا اندر ہونا۔
سفیدی: چونا لگانے کا کام:
(چٹائیں)
(آ نی گُڑیو گارا کریئے چونا رنگ
سفیدی
میں بسم اللہ سو سو واری کھر آیا اج

قیدی) گ
انڈے کی سفیدی
صبح کی سفیدی (فجر)

## س۔ک

**سَک:** (سِکلا) موٹا چھلکا (کِکرے نے چھلکے) سکڑ۔ دانداسہ:
(دمڑی دا سَک مل کے) گ

**سِک:** چھک، تانگھ، خواہش:
(اج سِک متراں دی ودھیری اے)

**سُک:** خشک۔
(سُک پَک) نہائت خشک

**سُکا:** خشک (باریک پتلا) کمزور:
(سُکا سِنہ) خشک اور نم لود۔ جو حاضر ہو
(جیہڑا سُکا سِنہ تھیا چا دیو)
(سُکا سانڑاں) بالکل محفوظ

**سَکاں:** سکوں:
(اُٹھ نا نہہ سَکاں مِل مِل ماراں) اخ
باری کھول کے تکاں
(تکاں تک نا نہہ سکاں) باقی صدیقی

**سُک پَک:** خشکی، سُکی زمین، خشک جگہ:
(سُک پَک) بالکل خشک:
(بِن بارشوں کا موسم)

**سکدّا:** (س..کد..دا)
الجھن، پریشانی (کہہ "سکدا" باہیاوا ای؟)

**سُکڑاں:** (سُوکھنا)
خشک ہونا:
ایہہ گل سُکڑیں باہی چھوڑ (ح)

نہ ہونے والی بات:
"تُساں نیں احسان بہوں اے
کدے وی نہیں مکڑیں
مھاڑے وی ایہہ اتھرو
رُکڑیں نا نہہ سُکڑیں"
(وحید قاسم)

**سکڑ:** (چھلکا)

**سکرنڈ:** تازی کے بعد بارش پڑنے سے کھیت کی اوپر والی سخت تہہ:

**سکروڑ:** مٹی کے سخت ڈھیلے۔
مٹی کی وہ تہہ جو بارش کی وجہ سے سخت ہو جا ۔

**سَکلا:** (دنداسہ)

**سِکلا:** درخت کا خشک چھلکا (چھال)
(سِکلا لاہنڑاں) مح
اپنے فائیدے کی بات کرناں:

**سُکلا:** (کمزور) سُوکھا ہوا۔

**سکلونڈے:** درخت کی سوکھی اور اُکھڑی ہو چھال:

**سَکی، سکے:** سگی (حقیقی)

**سُکی:** خشک۔
(سُکی نال سجی وی بلی
گسنی) اخ
(سُکی لَنی پسلی پھهنی) اخ
لوکاں کی دسنے نی خاطر
سُکی تسبیح رولی جُلنے
عارف ادیب کیانی)
(رُکھی سُکی کھا فقیرا.....)

**سِکی:** لکڑی کی پتلی گٹك:
(سِکیاں) جمع

**سکّے :** رشتے دار،خونی، چاچےتا ہقریبی
رشتہ دار:
(سکیاں نالوں سَک کُسے نئیں لاہے)
(اخ)
**سکےسودھرے:** چہیتے رشتہ دار،قریبی،خونی،
زیادہ عزیز:
(جن رشتہ داروں کا زیادہ درد کیا
جا )
(ایہہ تے اس نے سکے سودھرے وے
ناں)
(طعنہ زنی کرنا) اساں کہیڑا اُجّ لغڑیں
آں:
**سِکّے :** سوکھے۔خشک:
سکے اپرٹالناں: (مح) خالی ہاتھ بھیجنا:

.............................................................................

## س۔کھ

.............................................................................

**سُکھ :** خوشی( بھاگ نصیب)
(ہِک چُپ سوسُکھ)اخ
(سُکھ نئیں د سکڑاں ایں تے دُکھ وی
نہ دے)(سُکھ نال نصیباں نیں)
**سِکھ :** شاگرد، چیلا، ایک قوم (خالصہ)
(سِکھ نانہہ سِکھ گمانڈ وسِکھ )اخ
گرونانک کے پالکے (مونث) سکھنی:
**سکھالا:** پڑھا (مت،پٹھی پٹی،کن پھھرناں
(دوّے نیں آکھے با اپرٹُرناں)
**سکھالناں:** (سخالناں)(سکھانا)
پڑھانا، نا،
پٹھی مت لانڑیں: اُلٹے راستے پرڈالنا
ایہہ کُسے نے سکھا اپرآ:

**سکھاڑاں:** (سخاڑاں) سخاناں:
کام کی ٹریننگ، دینی کام سکھاناں، بتانا
ہنرمند یا کاریگر بنانا:
پھاوڑاں، بھاناں (چنگالغڑاں)
موافق آنا، راس آنا:
**سُکھڑ:** سیدھا بانس کی طرح۔
(سُکھڑ ہونڑاں) گروتھ کرنا۔ پنپنا۔
**سَکھڑاں:** سَخڑ اں: (سَخناں)
خالی: (ٹھوٹھا، پھوکا، کورا)
(سخڑاں ٹھول) بھونگا، گپّی۔
وچوں خالی:
(سخڑاں پھانڈا) خالی برتن: بے زر:
(ہتھ مُتھ سخڑاں، خدا پردہ رَخڑاں)اخ
**سِکھڑاں:** سخڑ اں، سخنّاں:
( )
نواں نواں کم جاننا، گُر سمجھنا،
جاچ سخنی، علم پڑھنا:
(تواچرے سخڑاں ایں) مح۔چھوٹا، کم
عقل:
**سکھّل:** سانی، سہولت، سُکھ، آرام:
**سکھلا:** (س...کھل...لا)
(آسان)
آسانی سے ہونے والا:
جوآرام میں ہو:
"انھے سے ہُنڑ کلے ہو گئے
چلو ہور سکھلے ہو گئے" (عمران عامی)
**سکھلی:** مونث:
نانہہ کو چنگا ویلا تکیا
نانہہ کو گل سکھلی تکی
(عارف ادیب)

**سُکھی:** (سُکّھی)
(آرام سے) نہال
دکھوں اور پریشانیوں سے دور،
آرام سے زندگی گزارنے والا:
(کھلے آں پر سُکھی آں)
**سگارتا** (سغارتا)
کافی (چنگا، چوکھا) کارآمد
(پھیر اسغارتا ہو گیا) آنا فضول نہیں
ہوا۔

.......................................

## س۔گ

.......................................

**سگنڑ:** سگن:
اچھا گُن، خوبی، شگون، فال:
کڑما :
سَیت، مہورت، نیک فال (بھلی رسم)
بیاہ شادی کی رسمیں:
(ہتھ لال ی سگڑاں دی) گ

.......................................

## س۔گھ

.......................................

**سگھے:** ادھورے یا انہونے کام:
(سگھے پورے کرناں) مح۔کمی گھاٹا پورا
کرنا:
(سگھیاں توڑی بُڑناں) مح۔آخر دم
تک دشمنی پالناں:
**سُگھڑ:** سیانا (سچا، گرہستن، گھریلو)
(مُورکھ پُھلے نا نہہ سُگھڑ کھا گُتھوں؟
(اخ)
(میں انجانی ہور کی جانڑاں جانڑیں سگھڑ
سیانڑی) اخ
چٹیاں، سوہنڑیاں، سُگھڑ ناراں بیٹھیاں
رونڑ نصیباں (سلطان ظہور)

.......................................

## س۔ل

.......................................

**سَل:** سوراخ (موری) ڈِرّل:
(سلناں) (سلڑاں) سوراخ کرنا:
(سینے اچ سَو سَو سَل) دُکھوں کی آماجگاہ:
(سَلے آلا پیسہ، سَلّہ، **1/64** روپیہ)
( سلناں) دُکھ دینا، غم پہنچانا، صدمہ
دینا:
نکیاں نِکیاں یاد یاں گلاں
یاد کری کے سلّاں: نظم
**سِل:** (پڑی) پتھر کی سلیٹ:
**سِل پتھر:** (سِیل پتھر)
(سیل پتھر) افسانہ. شیراز طاہر
(سِل پتھر ہونڑاں) سکتے میں آجانا، پتھر
کا ہوجانا:
مرچ مسالہ پیسنے والا پتھر:
(سِل وَٹہّ، بٹّہ)
**سُل سُل:** سلسلاہٹ:
(سُل سُل کرنا) بے آرام رہنا:
ہلنا جلناں۔حرکت میں رہنا:
کیڑے یا جُوں کا کپڑوں کے اندر
حرکت کرنا۔رینگنا:
چال، سُلسلاہٹ،
رینگنے کی حالت:
(رام کری کے بہو، کہہ سُل سُل لا آ)
تنبیہ کرنا:

**سَلّا:** سیدھا آگے دیکھنے والا جانور
(سلّے آر منڈی سٹی گسناں)
(کہے پاسے تکھنے آلا) بھیڑا جانور:
(سلّے آر سر مارناں) مح

**سلاخ:** (سونے نی سلاخ) مح۔ قیمتی آدمی:
سیخ (لوہے نی کانی) سلاخاں (جمع)

**سلانٹ:** چھڑی یا سوٹی کی ضرب کا نشان:
(سلانٹاں) جمع
(سلانٹی) بچوں کے کھانے کی چیز:

**سلامی:** فوجی سلام:
(معراجے کی بیاہ نی سلامی)
(سلامی) مارچ پاسٹ:
(سلامیاں) مبارکاں، پیسے، رقم:
(ریل کی اونچی پٹڑی) (ڈھلوان جگہ)
دولہے اور دُلہن کو مبارک باد میں ملنے
والی رقم:

**سلا** : لکڑی کا دوشاخہ۔ کانٹے دار جھاڑیوں کو
کاٹنے کے لئے استعمال کرنا:

**سلاہ:** (صلاح) سلاہ مشورہ:
(بندہ کندے کولوں وی سلاہ چا
گھناں) (اخ)

**سلاہنڑاں**، سلاہناں:
(چنگا آکھڑاں) گُن گانا: تعریف کرنا:

**سلڑاں:** سوراخ کرنا (برچھی یا نوکدار چیز چبھونا)
چھید کرنا، سوراخ کرنا:
(سپّے کی برچھی نال سلڑاں)
(چبوناں) زخم کرنا، زخمانا
اقبالِ جرم کرنا:
( سلناں) دل دکھانا۔

**سُلڑیاں:** چھوٹی قسم کی ی وم:

زمین سے ایک دم نکلی ہو بوٹی:
ایکدم سے سر کو اوپر کرنا، اُٹھ کھڑا ہونا:
(سُلڑی) واحد

**سُلفا:** پچی وی چلم یا ٹھہ (انگارے کی صورت)
(رن نہا کے چھیڑوں نکلی سلفے نی لاٹ
ورگی) گ

**سُلکڑاں:** (سُلکڑاں)
رینگنا۔ کھجلی ہونا:
جان پڑنا (تھوڑا بہتر ہونا)
(ہُنڑ تھوڑا سُلکیا) سانس لیا:
(جُوں نا نہہ سُلکڑاں) مح۔ بالکل اثر نہ
ہونا (جوں نہ رینگنا) مح
(سُلکڑاں) رینگنا، کیڑے مکوڑے کا
چلنا:

**سُلکا ڑاں:** (سُلکاناں)
کھانا تھالی میں ڈال کر گرم کرنا:

**سلکھڑاں:** (س۔۔لکھ۔۔ڑاں)
اچھے لچھن والا، مبارک:
بھاگ بھرا، نیک، مقدر والا،
بختاور:
(کو گھُنڈ سلکھڑاں، کو چُھنڈ
سلکھڑاں (اخ)
(اساں ایہڈے سلکھڑیں کُتھے؟) مح

**سَلّما:** لم سلما، چنگا لما، اُچا لمّا، بادھو:
دو ٹنگاں سدھیاں کری کے لیٹنے نی
حالت:

**سلوتری:** ڈنگر ڈاکٹر (گھڑ وید، وٹرنری ڈاکٹر)

**سلوکا:** واسکٹ (ہنگی) کپڑے کی بنی جیبوں
والی بنیان:

**سُلوں:** (اَنکُر)

انکھوا (بیجوں کے نکلے پتے)
ڈنگر سُلوں کھا گیسن:

**سُلونڑاں:** (سلوناں)
نمکین:
سالناں، ترکاری:
سوہنا، پیارا، فلمی اداکارہ (سلونی)
(سانولا سلونا)

**سلھا:** بے دھیانا، گھسا، غافل، سدھے
مونہے آلا:
(سلھے ناسلھا) بے حس وحرکت، بے
فکر۔ غافل:
(سلھے ار پیاوا) بے سُدھ۔ بے جان:

**سلیپر:** باٹا کے بغیر ایڑی کے جوتے:
گھر استعمال کی جوتی:
(لے دے سلیپر کالے جےتوں میری
ٹور ویکھنی) گ
(ریل کی پٹڑی کے رکھے لکڑی کے
موٹے تختے)

**سلیتا:** مونگ ماش یا گھاس کا گڈھا:
فصل کی ڈھوا کا طریقہ:
گدھے، گھوڑے یا اونٹ پر کٹی ہو
فصل کا اکٹھا کر کے لادنے والا بوری کا
کپڑا:
(گدھے پر لادی ہو گھاس کا گڈھا)
بڑا بورا:
(بھُو سے سے بھری ہو بڑی گٹھڑی)
ایک من کا سلیتا۔ من من کا بوجھ:
(برا بھو نے دو سلیتے سٹی دیاں)

**سلیٹی:** (سلیٹی رنگ) آسمانی:
(لٹھے دی چادر اُتے سلیٹی رنگ مایا) گ
سلیٹ پر لکھنے والے چاک کی قسم:

.................................................

## س۔م

.................................................

**سِم:** تسخیر کا ایک عمل:

**سُم:** لوہے کا کڑا، خول، شام:
(نعل)

**ساک:** گھاس کی ایک قسم۔
مکئی کے فصل میں اُگنے والی گھاس:

**سمھال:** سنبھال، ہوش، (راکھی)
رَکھ، حفاظت، ہوش، مت:
(سنبھالا کرنا) مح

**سمھالا:** (سنبھال)
بچا، راکھی (بے نی بے سمھالا کریں)
(لوک کہانی کا مکالمہ)

**سمباہنڑاں:** ختم کرنا (آٹا سمبھی گیا)

**سمارناں:** سنوارنا (خوبصورت کرنا) سلیقہ دکھانا

**سُمب:** سُنھ، پھُٹ، پانی رِسنے کا مرکز۔

**سُمبا:** موٹا سُوا (بوری سینے والی بڑی سُو)

**سمرانڑاں:** درست کرانا، ٹھیک کرانا:
عقل بتانا:
(گا بھینس کا نظام تولید ٹھیک کرانا)
(بذریعہ علاج)

**سِمڑاں:** پانی چھوڑنا: نمی پیدا کرنا (جیسے کورا گھڑا)

**سمبند:** واہ واسطہ، تعلق، ساک
(سمبندی) ایک رشتہ

**سمرناں:** تربیت اصل کرنا (سدھرناں)
(سمری سمری بہنراں) نخرہ دکھانا:

**سنھار:** (حاملہ مویشی)

**سمچناں:** (س..چ..ناں)

جذب ہونا (گھل مل کر رہنا)
(آپے اچ سمجھو تے بڑی گل اے) گل

سمولا: سارا،کل (پورے ناپورا، سبھے کج)

سمی: مردانہ، زنانہ لوک ناچ (ڈھول سمی)
سمی مھاڑی واری میں واری.....) گ
لوک داستاں:

سمیاں: (ڈھول سمی ناڈرامہ)
(سمیاں باہنڑاں) بھنگڑا ڈالنا،
ناچنا،خوش ہونا:

---

## س۔ن

---

سُن: شَل ۔ بے جان
(سردی نال پیر سَن ہو گئے)

سِن: تر (بھیگی ہو)(سِن یا سَک)
ٹاس کرنے کا طریقہ:
(سِنی) گیلی

سنا: سنا ۔سنا ہور کہہ حال ای؟

سنار: حاملہ

سناٹی: جنگلی بوٹی جس کی جڑوں کے ٹکڑوں کا
ہار بنا کر یرقان کے لئے گلے میں ڈالا
جاتا ہے:

سُنّاں: سونا (گولڈ)
کو سُنے نا کل ماہیا
لوکاں نیاں رونڑا کھیاں ساڈا روندا ای
دل ماہیا:
(سُنے نی مہر) امانت:
(تصدیق شدہ)
(تہاڑے پیسے سُنے نی مُہر اے) پکے

ٹھکے:
(نِرا سُناں) مح۔ ہیرا اور قیمتی آدمی:

سَنا : شنوا ،دادفریاد،عرض رپورٹ:
(اتھے تے سنا کو نئیں)
(سنا دیڑاں) کانوں میں آواز کا
پڑنا۔(تکی سُنا نیئں دیڑاں، اُچا
سُنڑناں ایں)

سُنبھ: سوتا (پانی پھوٹھے کی جگہ)

سُنت: (ٹوٹی) ٹونٹی
(حضرت محمدؐ کا ہر عمل)
ختنہ۔

سنتالی: (گن) چالیس اور سات = (۴۷)

سُنتاں: حقیقہ، رسم، کرانے کی رسم:

سنترا: سنگ ترا (مالٹا)

سنتولے: سَنڑ وں نیں چھلے وے تیلے (چھال)
(تنکے) آگ جلانے کے کام آتے
ہیں:
(چھیلی ہو سن کی فصل)

سُنتی: ختنہ، (مسلمانی بہالناں) کرانا:
(سُنتی بہالناں) سُنت ادا کرنا:

سَنجا: چڈا (پٹ)

سُنجا: ویران، غیر آباد، چُپ چُپ، خالی خالی
بے رونق (لگا مُگا)

سَنجالی: حصہ۔ پھیالی (شراکت)
بے شک فِکراں اگ اے بالی
جے توں آکھیں بانہہ سنجالی

سَنجے: رانوں کے درمیانی حصے:
(پٹ)(چڈے)
(تہاڑی مانے سَنجے اچ ماراں) گالھ:

سَندھ: گہرا جوہڑ:

(سندھ مارے وے) مح
**سندا:** (ہوڑاں سندا) موجود:
**سندے:** ہوڑیں سندے (پاس ہوتے ہو )
**سَنڈھ:** بانجھ گا یا بھینس:
**سُنڈھ:** (سونٹھ) ہاتھی کی لٹکی ہو لمبی ناک:
پنسار بوٹی:
**سَنڈا:** (بھینسا) بھینس کا نر:
(سنڈیاں نا پھیڑ جنڈاں نی خرابی) اخ
(سنڈا) مستنڈا:
(سنڈے آر پھرنا پیا لکڑی کی دو پھٹ
نئیں ماری سکڑاں:
(سنڈے آر جان سٹی وی س) ہٹا کٹا:
(سَنڈے آلے کُھروں لسی لوڑناں)
(اخ)
**سنڈل:** بانجھ ہونے کی وجہ سے موٹی تازی گا
بھینس یا موٹی عورت:
**سُنڈھ:** سونٹھ (زچگی کی خوراک)
**سَنڈی:** موٹی (بھینس)
**سُنڈی:** ماڑی شکل، پھیڑی نولی:
(سُنڈی) کپاس کی سُنڈی۔ کیڑا:
(سُنڈی نا سوراخ) مح۔
سیانا عقل مند آدمی (سونا آدمی)
**سَنڑ:** (سَن)
سُوت۔ سوتری نی فصل:
(سنڑ دبڑاں) دبا کر نرم کرنا، چھیل
کر رسی بنانا:
**سَنڑٹبری:** بمعہ فیملی (ٹبرے سمیت) بمعہ اہل
عیال:
**سُنڑ:** سُن:
سُن (امر) (سُنڑو ے بلوری اکھو الیا)
(سُنڑ دلے نیا ٹوٹیا ٹھڈھوں منوں
کھوٹیا) گ
**سُنڑناں:** (سُنٹناں) سُنتا
سنا دینا (سُنڑناں ایں میں کہہ بابا؟)
(سُنڑ یانائیاں سُنڑ یا گرائیاں) اخ:
**سنڑے:** ساتھ، سمیت، سنگ، بمعہ، نال:
**سنگ:** ساتھ، جوڑ:۔ گلا (نرخرہ)
(سنگ چیرناں) مح۔ گلا پھاڑنا:
اونچا بولنا:
**سِنگ:** (سِینگ) جانوروں کے سر کی شاخیں:
(سر سے باہر نکلی ہڈی)
(کھوتے کی سنگ نہ جمسن، پٹھا ای
رہسی) اخ
(سِنگ جُڑے وے) گھنی رشتہ داری:
**سنگ چور:** ایک زہری سانپ (سنگچوڑ)
**سُنگڑاں:** (سنگناں)
شرمانا (جھکناں) لجھانا
**سُنگڑاں:** سونگھنا:
(مُشکاں سُنگڑاں) مح۔ خواہ مخواہ کسی کے
پیچھے پیچھے چلنا:
محسوس کرنا، ناک سے لگانا:
(ثنا کی کرنا) صفا پسند بننا:
**سُنگڑناں:** سکڑنا (شلنگ ہونا)
**سنگل:** زنجیر، لوہے کی کڑیوں کی رسی، قیدیوں کو
پہنا جانے والی بیڑی (ڈنڈا بیڑی)
(سنگل) دروازے کی زنجیر:
(سنگل مارناں) کنڈی چڑھانا:
ڈیڈھی نیاں سنگلاں کیں لائیاں
ماہی سُتا رہیا میں لنگ آئیاں (گ)
(بالو بتیاں مارو سنگلاں نال..........)

سنگلی: مونث (چھوٹی سنگل) زنجیر
سنگلی اندر جے کرہوون
نانہہ ہک جیاں کڑیاں
پہار ہکسا راچا نانہہ سکنڑ
ٹُن نکیاں بڈیاں (سلطان ظہور)

سَنگی: ساتھی، دوست:
سَنگی لوڑے نی
کنڈے نال چموڑے نی
(باوا عارف ادیب)

سِنگیاں: کراس کلیاں (اِٹیاں)
لکڑی کے چوب دار ڈنڈے جو رسی کے
ساتھ باندھ کر چھوٹے بچھڑوں کے منہ
پر لگا جاتے ہیں، جس سے بچھڑا
گا کا دودھ پی سکتا:

سنگھ: حلق، نالی (نرخرا)
(سنگھوں لہنڑ ین نی دیراے)
مطلب پرستی:

سنوں: (سنوں بی) ایک نام

سنھ: نقب (سنھاں) جمع
(ہکے سنھی نے چور) مح۔ آپس میں مِلا
ہوا گروہ:
راتی سنھاں لا
فزریں لکراں تھلے
بہہ کے کھیڈے تاش
دادو ہک بدمعاش (باقی صدیقی)

سنھا: ہل کا لمبا ہتھی والا ڈنڈا:

سنھار: حاملہ مویشی:

سنھی: پلاس نما ہتھیار (لمبے دستے والا پلاس)
جمور جیسا اوزار، لوہار کا گرم لوہا پکڑنے
والی دستی، لمبا پلاس:

(کدے اگی وچ کدے پانیے وچ)
(اخ)

سنہیا: پیغام
(سنہے مھاڑیاں اکھیاں نیں)

سِنے: گیلے (سِنیاں) گیلی (جمع)
(سُکیاں نال سِنیاں وی بلی گسنیاں)
(اخ)

(سِن ملسیں کہہ سَک؟) بازی یا شرط:

سُنے: سونے (گولڈ)
(سُنے نا مُل سنیارے کول) اخ

سنیارا: (بہوں سنیارا بندہ) معمولی سی چیز کی
بھی قیمت لگانے والا:
زرگر، سونے کا کام کرے والا:
سنیار یا کھہڑ ھ چُوڑی
یار بایار ملائیں تے زندگی کر پوری:
(ماہیا)

---

## س۔و

---

سَو: (سَو بو) کھیڑ خبر (اطلاع) گہی:
ذہنی طور پر گاہی:
(کن سو) کنسو):
کان لگا کر باتوں کے ذریعے چھپ کر
سنی ہو بات:
(کنسوئیں کھناں) جاسوسی کرنا:
(سو) صد: (گن)
اکڑ بکڑ پنبہ پو
اسی نوے پورا سو (گ)
(سوو چوں دو) دوفی صد:
(اچرے سو جائیں رہنڑیاں.......)

(سوکرو تے..........)
(سود اڑا لا کے ہگڑاں)اخ
(سوگلیم کری کے ہھڑاں)مح
(سوسو پھیرے مارناں)مح
(سوگز رسہ سرے اپر گنڈھ)اخ
(سوسنیارے نی ہک لوہارے نی)اخ
(سوگلاں سُنڑنیاں پینڑیاں)مح

**سُو:** (جمنڑ جمانڑ)ڈیلوری:
پیدائش، گا بھینس کا شیرخوار ہونا،
(سُونڑاں)بچہ پیدا کرنا:
(ہک سُو سوترو)اخ

**سُووا:** گا بھینس کا پھل (بچی بچہ) نسل
(سوانڑاں)نسل پیدا کرنا:
(سُووا پھکڑاں) گا یا بھینس کا آخر تک دودھ پینا)
(سُووا) پھل،نسل:
گا بھینس کی نسل (سووا چنگا آ)
(سووا) کمہار کی آنکھ، تیز دانت، ہتھیار
(سُووے کھوتی کھلے کمہار)اخ
(سُووا) نہر کا کھالا:
(سووا) برف توڑنے کا اوزار:

**سَوا:** 1/1/4 ایک عشاریہ پچیس:
(ہاتھی جینڑ یوں لکھے ناں، مویاں سوا لکھے ناں)اخ
(سوالکھ) بہت زیادہ، کافی، بہتیرا،
بہوں:(سوالکھ)

**سوال:** زہر(فنگس)
کھانے پینے کی چیزوں کا زہریلا ہونا:
(سوال لغڑاں) زنگ خوردہ ہونا:
(سوال کرناں) مانگنا:

(سوال باہنڑاں) مشکل میں ڈالنا۔
(سوال جواب کرنا) تکرار کرنا:

**سواد:** (دند گئے سواد گیا)اخ
مزہ۔ذائقہ:
(ہن سواد کدھا ای) بدلہ، اجر، ٹکاسا
جواب:

**سوار:** سواری کرنے والا:
(چڑھے کھوڑے سوار)مح۔سرے اپر سوار رہنڑیں آلا، ہر وقت سر پر سوار رہنے والا:
(گھورا ٹھہ تے ہک مزہ سوار ٹھہ تے دو مزے)اخ
گھوڑا سوار:
(بندہ ٹھی گڑھی کے آخر سوار ہونڑاں)
(اخ)
ایک نام ۔۔ جنزل سوار:

**سوارناں**، سمارناں: سدھا کرنا، ٹھیک کرنا:
سجانا: سدھیا کرنی:

**سوالناں:** سُلاناں، بستر نا(تھاپڑناں)
تھبوکناں۔لوری دینا:
(پری! سیج تے کون سوالیا ای؟)
(اُسکی اندر سوالی آپوں باہر نکلی آ )
(سوالناں) ہم بستری کرنا:
(سوالناں) بچے کو کندھے سے لگانا:
سُلانا:

**سواں:** (سنواں) وقت۔ویلا:
(نیکی ناں سنواں نہیں رہیا)اخ

**سواں:** خطہ پوٹھوہار کے ایک چھوٹے دریا کا نام:
وادی سواں:

(بغڑاں پیا سواں ڈھولا) گیت
نذیر بیگم کی آواز:
(سوائیں) سواں کا باشندہ،
وسنیک، باسی:
قربان سوائیں نا بٹیا
دل لا کے اساں کہہ کھٹیا (ماہیا)
(اندر مہاڑے آتو دَساں بغڑاں
ہک سواں) مصرع
**سَواں:** (سواں) سو ں:
کس نال سواں؟
**سوانڑاں:** کپڑے سلا کرانا:
سوانڑاں (تروپا لوانڑاں، ٹانکا لوانڑاں
(عیدی نے چیلے کدوں سواسیں)
(سوا ) سلا کی مزدوری، اُجرت:
**سوانڑی:** (خاندانی عورت (سیانی سگھڑ زنانی)
مالکن، گھر والی:
**سواہ:** سہاگا، کوئلے کی خاک:
(سڑی سواہ ہونڑاں) خاک ہو جانا، ختم
ہونا:
(مسلمان سوہے توں ڈردے ہندو
ڈردے گور) اخ
**سواہ:** خاک:
بھسم، ساڑ (دھوڑ) چھا ستیاناس:
(سڑی سواہ ہونڑاں) خاک ہونا، ختم ہو
جانا:
**سَو بھ، سوہبھا:** تعریف، نیک نامی،
عزت، وڈیا :
(لالی) رونق:
**سوبھڑاں:** (چنگا لغڑاں) پھبنا (میچ کرنا)
ہار سنگار سوبھے اس نارے
جس کی چاہوے سائیں.....
اسنے رنگ دندا سا سوبھے
جس اے یار منایا......(سلطان ظہور)
نا نہہ پچاں نے گھنڑیں سوبھے
نا نہہ سترے نی چادر دِسی
نا نہہ رشتے کم آ ....(باقی صدیقی)
**سو، بھو:** خیر خبر۔ معلومات:
**سَوت:** بستر، بچھونا (جمع) سَوتاں۔
(بستروں کے سیٹ۔
(پورے بسترے)
(سَوت) سوجھن، ورم:
**سَوتا:** سونے کی حالت ( کا عالم)
پچھلا پہر۔
(سارَے سوتا لغا واسا) تمام لوگ سو
چکے تھے:
**سوتر:** موٹا دھاگہ، راج مستری کا دیوار بنانے
کیلئے سوتر رکھنا، سیدھا کرنا:
(سوترے اچ کرنا) م۔ صحیح سیدھا کرنا:
(سوتر کرناں) بل نکالنا:
(سوتر یا وا) جان پکڑا ہوا:
**سوتری:** (سُتلی) ڈوری، رسی (سنڑ) ایک
فصل:
(سوتری ں) رسی بٹناں:
**سوتک:** (سودک) جاپا:
بچہ جننے کی پلیدی (جاہلیاں)
چالی دن تک عورت کا ناپاک رہنا:
(سودک) سود کی بیماری۔ (ہواخوری
**سوتلِ:** زیادہ سونے والا۔
**سَوٹا:** لٹھ، چوبی دستی، (مہتر، ڈنڈا)
(عقلے آلے کی شارا مورکھ کو سوٹا) اخ

**سُوٹا:** کش، حقے یا کوکا کش، گھٹ:
(سُوٹا لائڑاں) سگریٹ پینا یا چرس وغیرہ
کا دم بھرنا، سوٹا لگانا:
(اُنہاں کدِیوں وقت تے ویلا ڈِٹھے نا
ہِک سُوٹا سا) نظم (شیراز طاہر)
کو چلماں نال سُوٹا
یار بنا یار ملائیں تے پھانسی نا دے چُھوٹا
(ماہیا)

**سوٹھا:** دلاسہ، سرا۔
اپنے دل کی بات (صلاح)
(دل سوٹھا) دل کی بات دل میں رکھنا:
دل نال سوٹھا کرنے لوک
نا نہہ جینڑے نا نہہ مرنے لوک
(اختر امام رضوی)
رازونیاز کی بات:
(دل سوٹھے) کتاب (سلطان سکون)

**سوج:** ورم (سوجھن)

**سوختے:** (جلی کٹی باتیں)
(سوختے سنانڑاں) مح

**سُودا:** آسودہ حال۔خو ل:
ایہہ نہیں سُودا ہو سکڑاں:
(سُودا، سودی) ایک نام

**سودا:** (سَوداسلف) کریانہ
(سوداکرنا) بیوپار کرنا:
اپڑاں سوداکری کے عارف
اپڑیں ہتھوں بکڑیں لوک
(عارف ادیب)
(سَودا) سودا پن:

**سودھناں:** جان پر کاٹنا (برداشت کرنا)
(کھا گلہ سودھے کھلا) اخ

**سُور:** (بھیڑا) پلید جانور:
(سُورے نا جنا یا وا) مح
(سُورے نی رن) گالھ
(سُورے نی سٹ) گالھ
(سور بڑیا وا)
(سُورے کی سُور سوکوا ہے نا بلا ماری ملی
رہنڑاں: اخ

**سُورا:** (جا تک گلاں کرناں؟ آخاں، سُورا
سُورا کرناں) اخ

**سوراہ:** سوراتے (چانن) روشنی:
بیشک سوراہ پئے دِسنے پر گھچاں کدھر
نُس؟ (ع)
سوراہے نیاں باہنڑاں: مح۔ ہرفن مولا:

**سَوڑ:** خفگی تنگی (ہُسڑ، غبار) گھوٹ:

**سوڑا:** تنگ۔کم سوراخ والا (سوڑی) مونث
(سوڑہ) ایک گا ں کا نام:
سوڑی جُتی تنگ کرنی۔مح
(دل سوڑے نا نہہ ہونڑ تے راہ سوڑے
نہیں ہونڑے) اخ

**سُوڑھی:** بھُنے ہو چنوں کا چھلکا:

**سوزی:** آہ بھرنے والے (قوال) ذاکر کے
ساتھی:

**سَوس:** زخم خشک ہونے کی حالت:

**سُوس گڑوسا:** موٹا۔پھولا ہوا:

**سُوسے:** موٹی موٹی اور کچی روٹیاں: اُپلے نما
(کہہ سُوسے تھپے وے نی؟)
(سُوسا) واحد:

**سوکا:** خشکی۔بن بارشوں کا موسم:
(خشک سالی)
"جدوں ملے ایہے آنے، سوکا کدوں

مکسی؟" (کہانی کا کردار) پھونکنڑ واء:
**سَوکڑا:** بچوں کی ایک بیماری (بچے کا سوکھ جانا)
( ماں)
**سَوکنڑ:** (سوکن)
(مرد کی دوسری بیوی)
**سَوکی:** (بے آبی) خشکی (خشک سالی)
**سَوکھ:** آسانی (سہل)
**سَوکھا:** سہل، آسان (ایزی) خو ل:
(سوکھی) مونث:
(اوکھی سوکھی گزری گئی)
**سُوکھا:** بیماری: روگ:
(سُوکھا لغڑاں) بات کو دل پر لے لینا:
روگ پالنا:
**سُودک:** زچگی کے دوران لگی ہوا (سود کی ہوا)
**سوگ:** (سوگ دلاں نا روگ) اخ
تعزیت۔ افسوس۔ سیاپا۔ پھوہڑی:
(کلے نا سوگ پیا واس)
**سوگی:** سوگ میں پڑا ہوا (رنجیدہ)
**سو گی:** (میوہ کھوپا) ساوگی:
**سُول:** پیٹ کا درد۔ (پیڑ)
نہ ختم ہونے والا درد (غُم)
(سُول مو میں سُول مو ) کہانی
کلیجے نا درد (ساڑ) دکھ
(سُول پیر الغڑ اں) مح۔ نہایت عُجلت
کی حالت۔
**سولیاں:** (س...وَل...یاں)
آسانیاں:
(بندہ کرے کولیاں رب کرے سولیاں)
(اخ)
**سول بیلا:** مرنے کی حالت: (شدت دکھانے کی
حالت) فزریں نا سُول بیلا لغا واسا:
بے چینی، اضطراب:
**سَول:** بوٹ کے تلے:
**سولا:** سولاں کلیا شعر:
(سولے سنانڑاں) بکواس کرنا:
**سولاں:** (گن) دس اور چھ سولہ:
**سولناں:** راس آنا۔ موافق آنا:
**سُولی:** پھانسی:
خاک شاہی ہور کہہ ہونڑیں؟
تختوں ٹھالے سُولی چاڑھے (شعر)
**سولہاں:** (گن) سولہواں درجہ (ایم۔اے):
**سولہے:** سولاں کلیئے شعر:
(سولہے سنانڑاں) مح۔
**سونچل:** ایک ساگ بوٹی:
**سونگھا:** پانی کی تلاش میں ماہر آدمی:
(پانی سونگھنے والا)
**سُوں:** سے (کولوں)
لاہور سوں پنڈی:
میں اس سوں باز آیا
(آپڑیں سوں چنگا کو نئیں) اخ
**سونچل:** ساگ بوٹی۔
**سُونڑاں:** (سُوناں)
جنم دینا:
شیر دار ہونا، بچہ جننا:
(سووے کھوتی کلے کمہار) اخ
**سوما، سُما:** (چوآ) پانی کے پھوٹنے کی راہ:
اصل۔ مُڈھ۔ مونہہ:
**سُونج:** کولہے کی ہڈی:
**سُووا:** بڑی سو :
پیدائش کا عمل یا زمانہ:

(ایدکی سوا کھٹ آ)
سوہ: (کیٹر)خبر۔جاسوسی:
سوہالا: شادی کا دوست ۔ بھا چارا
سوہانجڑاں: پھول دار درخت جس کے پھول پکا جاتے ہیں۔
سوہرا: مرد کی بیوی کا باپ(بیوی کے مرد کا باپ)
( واری مینوں سوہرالینڑ آیا)
(سوہریاں نے گھر جوا کتےنی جا )
(اخ)
(سوہری)مونث(گالھ)
سوہگ سپونڑی: حفاظت، دیکھ بھال، پرہیز:
سوہا: لال۔سُرخ(سُوہاجوڑا)لال جوڑا دلہن کا لباس(سُوہی)مونث:
(سوہاگھٹ ہونڑاں)غصے سے لال پیلا ہونا:
سُوہری: اُپلے(تھاپی)
(تُخڑیں سُوہری آر)مح
سِنی سُوہری تُخڑیں، بل بل نکلے تھوں
خوش وسے اوہ بیہڑا جتھے مسافرتوں:
(ڈاکٹر کوثرمحمود)
سوہل: سہل پسند۔سُست۔کاہل(لیزی)
سوہلا: سوہلا کلیا شعر(ترانہ)گیت:
(سوہلے سنانڑاں)مح
سوہنڑا: (سوہنڑاں)
(خوبصورت)دلکش:
سو سلا: سینے پرونے کا کام، کشیدہ کاری: تمام اشیاء۔چھوٹی چیز سے بڑی چیز تک:
(داجے اچ سو سلا تک نئیں س

چھوڑی)
سو: (گاں سو کہہ نئیں)شیر دار ہونے کی حالت:
(گاں کدوں سوسی)
(سُو کُتی ار پینڑاں)مح
(سو نانکہ)دھاگہ ڈالنے کی جگہ:
(سُو)باریک پن، سلا کرنے والی
سو:
(زنانی بنانڑ لغے تے سو نے نکے وچوں وی بنا سکڑیں)اخ
سو: اجوا کا بیج، پھل:
(آروی کسی پاروی کسی وچ کسی نے سو)بھرجات:
(سو ہو)غافل:
اجوا کی سوکھی ہو پھلی(بیج)
(سو چاڑھناں)ترکاری بنانا:
(سو سکڑاں)خوف زدہ ہونا:
جنڈی نیں وچ پھاتے دو
سکے مھاڑے اندروں سو
(نظم)
سویل: صبح(اٹھو سویل ہو گئی)
سویلے سویلے کم مکا:
(ست سویل)علی الصبح
(سجری سویل)سحری
(تھوڑالد سویلے آ)اخ

.........................................

## س۔ہ

.........................................

سہاہ: خرگوش۔
(سہاہ اُ ، کُتی کی ہگنڑیا)اخ

(گوہٹے نال سہاہ مارناں) اخ
**سہاڑاں:** آگ نا۔لائٹ آف کرنا:
دُکھ ختم کرنا:
**سہاگا:** کوئلوں اور لکڑیوں کی راکھ، جلی ہو
راکھ، راکھ کی ڈھیری:
(سِر سہاگہ ای) بھڑکتی ہو آگ پر
فقرہ کسناں:
(ستاں چلہیاں نا سہاگہ) لعنت بھیجنا:
"اج نے سہاگے وچوں
کل نی انگاری کڈھے
نویں اگ لا " (باقی صدیقی)
سونے کو صاف کرنے والی مٹی۔
**سہانجنا:** پھولدار درخت، جسکے پھول پکا
جاتے ہیں (کلیاڑ) کچنار:
**سہت:** سہت بہت (ذاتی تعلق)
(سہتاں پالنیاں) مح۔اپنے ص
دوستوں کا خیال رکھنا:
**سُہج:** رُعب، دکھاوا نخرہ:
(جھٹ گھڑی نی خوبصورتی)
(مڑے ایویں سہج جیا بنایا وا)
ٹکہانڑاں، دکھاوا کرنا:
**سِہکڑاں:** سہکناں:
ترسنا، تانگڑاں، دلوں چاہنڑاں:
(اندر اندر گھلناں)
(سہکی سہکی) لمبی آرزو کے بعد:
(ترس ترس کر)
(سہکی سہکی چن چڑھیا او وی ڈنگ
پھڑ نگا) اخ
للچانا۔ترسنا۔خواہش رکھنا:
ترسناں (رجھاناں)

رنجھ۔آرزو (ترسیواں)
پچھلیاں گلاں کی دل سہکے
کسرے وچ ترنجن بہہ کے
ڈھولا ماہیا گاں.......(باقی صدیقی)
**سہریاں والا:** (مہراج، بنہ) دولہا:
**سہڑی:** چڑی، چھوٹا پرندہ:
**سَہیڑناں:** نازل کرنا، اپنے سر مصیبت ڈالنا:
گُتھے مصیبت سہیڑی کدی؟:
(کن سہیڑناں) کان لگا کر آوازیا
باتیں سُنتا:
**سہکڑاں:** ترسنا: خواہش رکھنا۔
**سہکماں:** ( )
بڑی آرز ں اور منتوں کے بعد ہونے
والا کام (سہکماں بچہ)
(سہکماں ترسناں) مح
**سہکی سہکی:** محرومیوں کے ساتھ۔خواہشوں کے
باوجود۔
سہکی سہکی چن چڑھیا او وی ڈِنگ
پھڑ نگا۔(اخ)
**سُہلا، سوہلا:** ترانہ، نغمہ، خوشی کا گیت:
(سولہ کلیہ)
**سہم:** ڈر، خوف، ترس:
(مشوے کی مارنیوں ذرے سہم نئیں س
اسناں)
(سہم باہنڑاں) ترلے کرنا، واسطے
باہنڑاں:
کُوکڑاں، فریاد کرنا، دُکھڑے اور
محرومیاں بیان کرنا:
**سہے صرفے:** کفایت کے ساتھ، بچت کرتے
ہو

سہنڑاں: برداشت کرنا، صبر کرنا،
سہارنا:
جرناں، برداشت کرنا، جذب کرنا:
انڈوں سے بچے نکالنے کا عمل:
مرغی کا انڈوں پر بیٹھنا، چھاتی ملنا:
سُہنڑاں (سوہناں) خوبصورت، :
سہنڑک: صحنک، مٹی کا بڑا گول تھال، بڑی رکابی:
(آٹا گوندھنے والی مٹی کی پرات)
سہیہ: خاردار پیٹھ والا جانور (خارپُشت)
(سیہہ نیں کنڈے) بڑے لمبے نوک
دار کانٹے:
دیوار میں گاڑھنے سے گھروں میں لڑا
ہوتی ہے
مکئی کی فصلوں میں جا کر مکئی کو خراب کرتا
ہے:
(سہہ نا کنڈا دبڑاں) لڑا کرانا (فساد
کی جڑ)
سہہ کا شکار کرنا:

---

## س۔ے

---

سی: کُٹی مارپیٹ۔
(سی لانڑاں) مارپیٹ کرنا۔
سَے: جوں ہی:
سیاڑ: (چیر) ہل چلا ، ہل چلنے کی گہری لمبی
لکیر:
سیال: سیالا۔ ٹھنڈا موسم، سردی کا موسم:
ایک ذات، قوم (سیال)
سیالا: (پوہ ماہنہ نی رُت) دسمبر جنوری)
سردیوں کا موسم:

سیالی: سردیوں کے دن رات:
(سیالی رات لمی د اڑ نکی)
سیانڑاں: عقل مند، ہوشیار، سیانا بزرگ:
(سیانڑی) مونث:
(سیانڑی گُنڑ جس نی کچھے ہٹھ ڈولا)
(ا خ)
(پڑھیا لخیا)
قیافہ شناس، فلسفی، ڈاکٹر، :
(کُسے سیانڑے کی دَسو آر)
سیانڑناں/ سیانناں:
جان پہچان کرنا،
پہچاننا:
شناخت کرنا، واقف کار ہونا، کسی کے
بارے میں علم رکھنا (واقفی جگاڑاں)
سیانڑپ: عقل مندی (ہوش، عقل)
سمجھداری، چالاکی، پرکھ، دانا ، عقل:
سیانڑی: عقل مند، سمجھدار بی بی (سگھڑ سیانی)
(ایانڑی سیانڑی)
سیاہی چوس: (چوسڑ) موٹا رف کاغذ:
سیا : سیب (پھل)
سیپا، سیپوا: (رسی) سن کی موٹی رسی، بوری کا منہ
سینے والی ڈوری (سوتری)
سیپ: فصلانہ (نا موچی کو زمین دار کی طرف
سے ہر فصل پر ملنے والی مزدوری:
(ہاڑھی سا نی نی مزدوری نی رِیت
سال بدھا اناج، کمی جمی نی مزدوری:
(لوہار اتر کھانڑاں)
سِیپ: تاش کا ایک کھیل (ایک ادبی رسالہ)
سیپی: اناج پر رکھا ہوا کا ماں (کمی جمی)
زمین داراں کولوں سالو سال دانڑے

گھنیں آلا، نا ، موچی (سانجھا کمی)

**سَیت:** ساعت، گھڑی، پل، نیک اور اچھا دن:
(پتہ نئیں کدوں سیت ہوسی)
(سیت کڈھانڑاں) اچھا دن دریافت
کرنا:
(سَیتی آں) تھوڑی دیر کے بعد:

**سِیت:** سیتے وے یعنی سِلے ہو :
(اَن سِیت) ان سِلے کپڑے:

**سیٹی:** وِسل، باجا:

**سیجل:** نمی، رطوبت، وتر، تری:
(جتھوں دریا لنگی گچھے اُتھوں سیجل نئیں
گسنی (اخ)

**سیخ:** سلاخ، سریا، تار:
(بوٹیاں سیخے لانڑیاں) مح۔ تپانڑاں
تنگ کرنا، پریشان کرنا، ستانا:

**سیخ:** دیمک (سیخو نا کھادا وا) دیمک کا چاٹا
ہوا:

**سَیدا:** ہیرناں خاوند، سَیدا کھیڑا:

**سیدھ:** (شیدھ)
نشانہ، تاڑ، جہات (پاسا) سیدھی راہ
(شیدھ) ناک کی سیدھ:
(شیدھ مارناں) سِدھا دوڑناں، شاٹ
کٹ کرنا:

**سیر:** سولہ چھٹا نک کا ایک سے:
ہزار (۱۰۰۰) گرام
(سیرے کی ہک واری تولی ناں) اخ
(سیر سر ساہیاں نال پھارے ہونڑیں)
(اخ)
(جنڑے خالی گل کیتی سیر خون بدھی گیا)

**سِیرے:** کلیجے (نرم گوشت) کتلے
(تہاڑے سِیرے کھاں) گالھی دینا:

**سیٹر:** بھگو (امر) تر کر

**سِیڑ:** (دراڑ) درد کی لہر:
ٹانکا (دھاگے کی سلا )

**سیٹرناں:** (بورنا)
بھگوناں۔ تر کرنا:

**سَیڑناں:** (گلے ڈالنا) مصیبت گلے ڈالنا:
کُتھے مصیبت سَیڑی کِدی آ؟

**سیٹرناں:** کپڑے سلا کرنا (ڈنگے مارناں)

**سیک:** (سینک) آنچ۔ تپش
(سدھراں ناں سیک) افسانہ

**سیکڑاں:** سیکنا۔ تاپنا۔
(آپڑیں بالی کے سیکڑاں) مح۔
اپنے پا ں پر کھڑا ہونا۔

**سیل:** (ہونٹوں سے بجا ہو سیٹی)
سیلاں (جمع) سیلاں مارناں: سیٹی مارنا:
بنے بنے سیلاں مارے
تُھپ تکھے نا نہہ چھاں
ماہیا مھاڑا اا گی ناواڑہ
کرسی مانہہ بدناں (نظم)
(سیل) آمدن:

**سَیل:** سیر سپاٹا، واک، چہل قدمی:

**سِیل:** (چیر) چھوٹی فصل میں ہل چلا
جس سے جڑی بوٹی ختم اور فصل کی لا
میں وقفہ پڑ جا :

**سیلا:** چاول کی ایک قسم۔

**سیلی:** رسی (سپے نا ڈریا سیلی کولوں ڈرناں) اخ

**سیم:** جسم پر نکلے ہو سفید داغ (سیم تھور)

**سِیمٹی:** پکا۔ گچھا۔

**سِیں:** سے:

"تُساں کی تے پتہ اے میں ساری
سروس وچ ڈپلومیسی سیں کم نئیں ۔کھدا"
(ناول) کوکنٹر بیر صفحہ نمبر۱۲ الین نمبر۱۹
"تنگ جناں سیں دنیا ساری لسیاں
عمراں پاون" (سلطان ظہور)
سردی۔پالا:
(جاں مینہہ تاں سیں)اخ

**سِینڈھ:** ناک کا مواد(ریشہ)بلغم

**سِینڈل:** جس کی ناک ہو:

**سینڑاں:** (سَیناں)
سونا( کی حالت)
موت حیاتی مھاڑی ناں جندرا ہتھ تہاڑے گنجیاں
کہہ سولے اُٹھنا مھاڑا کہہ نماشیں سَینڑاں
بُرا کرنا(ہم بستری کرنا)
آپڑیں ما نال سینڑاں: گالھ
(سَینڑاں)اشارے
(کلھے نیاں سینڑاں کلھے نی ماء جانڑنی)
(اخ)

**سِینی:** ٹرے(جس میں مہمانوں کے ہاتھ دھلا جائیں۔

**سیوا:** سیبا(بوری سینے والی پٹ سن کی باریک رسی:
(سیوا کرنی)خدمت داری(ٹہل سیوا)
مزماناں نی ٹہل سیوا کیتی اے کہہ کو نئیں؟
(سیوا کھتری)ایک نام

**سے:** تھے: اوے آ سے(ماضی قریب)

**سیاں:** تھے (کھانڑے سیاں، لانڑے سیاں)
ماضی بعید:

## ش۔ا

**شابا:** شاباش(شاوا، واہ، بلے، واہ بھئی واہ)
ہلاشیری:
(کو شاباوی لغتے برابر ہونڑیں)اخ

**شارا:** اشارہ، ہاتھوں کی زبان،
اشاروں کی زبان
(اِنڈی کیٹر)چوک کی بتی:

**شال:** گرم چادر، دوشالا:
شالا: ایک نام(خو ل)
(شالا)اللہ کرے(دعا)
(کسے نے پُھرے کی ہتھ نا نہہ باہو
جے اوہ تساں نی شالے کی ہتھ باہے)
(اخ)

**شام:** خول

**شامت:** فت، مصیبت، سزا:
(جیہڑا اگے پچھے تکھے اوہدی شامت آ
اے(ب کھ)

**شاملات:** سانجھی زمین، گا ں کی مشترکہ زمین
قبرستان، تالاب وغیرہ:
(دیہہ شاملات)

**شامی، شامیں:** شام کے وقت(دیغر سوں بعد)

**شاں:** تیز رفتار چیز کی آواز، تیز ہوا کی آواز:

**شاں شاں:** تیز ہوا کے بعد کانوں میں آتی آواز:
گڈی لنگھ گئی تے پچھے رہ گیا
پھاں پھاں کرناں ٹیشن
تے شاں شاں کرنے کن(باقی صدیقی

**شانکا:** مقابلہ:

**شاوا:** شاباش

**شاہ:** بادشاہ(ساہوکار)

فقیر، سیّد، پیر، استاد (شاہ چن چراغ)
نکی نکی کنڑ اراہ
پیر محمد سچا شاہ:
(شاہ جانڑیں راہ جانڑیں) اخ
(شاہاں نال دُونڑیاں) اخ
(کالا شاہ) کالا سیاہ، گوہڑا رنگ
(میرا ماہی کالا شاہ گوریاں نوں پرے
کرو)
(شاہ) بلا شیری (ٹیک) حوصلہ افزا :
اسکی ساری تہاڑی شاہ یے:
(شاہ مات) برابری، ضِد بازی، مقابلہ:
(شاہ مات لانڑیں) پُورا پُورا مقابلہ کرنا:

**شاہنڑاں:** (شاہنڑاں) (چھاہنڑاں)
ورغلانا (مخالف کرنا)

**شاہ بالا:** خوبصورت، بانکا، :

**شاہد:** گواہ (سچا جانو)
(سود اڑا چورے ناں ہک د اڑا
شاہدے نا) (اخ)
(تو بڑا شاہد ایں)
شاہد، ایک نام:

.................................................

## ش ـ ت

.................................................

**شُترا:** تیز رفتار (چالاک) اونٹ کی قسم

**شُتری:** (مونث) چلاک عورت:
ہوشیار، سیانی (فلانی بڑی شُتری اے)

**ل:** (ش..تُول)
اِشتعال ـ بھڑکانے کی صورت:
( ل دینڑاں) مح

.................................................

## ش ـ ٹ

.................................................

**شٹڈ:** (ش..ٹڈ)
کف لِنک (سٹیل کے دوطرفی بٹن)
ڈبل کاج کے بٹن:

**شٹک:** (سِدھا سٹک) ناک کی سیدھ میں:
آگے پیچھے دھیان نہ دینا:

**شَٹل:** لہر ـ موج:
(شَٹل چڑھناں) جوش پیدا ہونا،
جذبات اُبھرنا:
(شِٹل) سلا مشین کی پھرکی ـ
(شَٹل) شٹل گاڑی، ریل گاڑی:

**شَٹّلی:** (ش ـ ٹلی)
جذباتی آدمی ـ لہری ـ موجی:
کچا آدمی (فٹ تیار ہونے والا،
پروگرامی)

.................................................

## ش ـ د

.................................................

**شُدّا:** (چِدا پِدا، شُہدا) گھٹیا آدمی:
(شُدیاں نے کھر شدے آ ) اخ

**شُدنی:** (ہونی، ہونڑی) رب کی رضا:

.................................................

## ش ـ ر

.................................................

**شر:** برا ـ خرابی ـ ظلم:
(اللہ ظالماں نے شرسوں بچا ) دعا

**شرشر:** بیٹھی ہو گا بھینس کے پیشاب
کرنے کی آواز:
(شرشر کری کے موترناں)

(شُر شُری لانڑیں) چھوٹے بچے کا
پیشاب کرنا:
(شرڑ) پانی بہنے کی آواز:
**شرّا:** کارتوس کی گولیاں (شرے) جمع
**شربتی:** میٹھے پانی کی طرح:
میں اِتھے تے ماہیا تربت
(ساڈے کھوہے نا پانڑی شربت)
ل گ
شربتی اکھیاں (شربتی) ڈرامہ:
**شرع:** شریعت کا کام، اسلام کے اصول:
(شرع اچ کہہ شرم آ) اخ
**شرلا:** (موترے نی دھار، موتر، چھُر لا)
شُر شُری جیسیا، ہوا آدمی، گپی:
**شُرلی:** ہوا، آتش بازی کی قسم:
(شُرلیاں) ہوائیاں: جمع
**شرم:** لَج، لحاظ (جھاکا)
(بے شرمے نے ٹھو اپرا ک جمیا،
یار چھا میں ہسن) اخ
(شرماں آلیاں) تھیاں پھنڑاں:
(میں شرمے نال اندر بڑی اوہ آکھے
مھاڑے کولوں ڈری) اخ
**شرماکل:** (شرمیکل)
شرمیلا، شرم کرنے والا:
**شریک:** پہیال، حصے دار:
(شریک گُنڑ ما ناٹھھڑ) اخ
میں بیٹھی چیڑا لیکاں
نیواں کیتا ای وچ شریکاں (باقی صدیقی)
(شریکاں نیں بول) رشتے داروں کے
طعنے:
(شریکا) شریک، برادری (جہاں پورا
پورا اترنا ہو) ان اور غیرت کی جگہ:
**شرے نیاں:** تشر اور فیصلے (لمبی کتھا)

## ش۔ڑ

**شرڑ:** گڈی یا پتنگ کا ہوا میں اُڑنے کی آواز
سرسراہٹ:
**شرڑپ:** کم گہرے پانی میں گرنے یا تیرنے کی
آواز:
پانی میں چھلانگ لگانے کی آواز:
**شرڑپی:** ڑپھی لانڑاں، گُتھی وچ گولیاں یا
کھوڑاں ناں شرڑپ کری کے پینڑاں:
جیسے منہ میں ہڑپ کر کے چیز ڈالی جا
**شُرڑت:** ایک دم سے (چھوٹ مار کر)
**شرڑتی:** (چھڑتی) شارٹ کٹ، دوڑ، چھوٹ:
(شُرڑتی مارناں) مح۔ راستے کو سیدھا پار
کرنا، مختصر کرنا۔

## ش۔س۔ط

**شِست:** نشانہ، تاک۔
**ن:** (ابلیس) خدا کا منکر:
شیطان چیلا، شیطان مکولا:
(شیطانے نیں کن ڈورے) مح۔ خدا نہ
کرے:
( ن، پینڑاں) جنسی خواب دیکھنا:
( نے کی دور کرناں) مح۔ لاحول
ولاقوۃ۔
( نے کی بٹے مارناں) حج کا ایک
رکن:

(   نی کرناں) مح۔شرارت کرنا،فساد پھیلانا:
(شیطان پڑتّا) نِکا شیطان۔شرارتی جاتک:

## ش۔ک

**شِکرا:** باز سے چھوٹا پرندہ، پنچھی (تیز اکھیاں آلا)
(فلانڑاں شکرے آرتاڑناں) گل

**شکنڑ:** (شکن)

**شکنجی:** شک کرنے والی، وہمی (شکی عورت)
شکنجبین (لیموں کا شربت)

## ش۔گ

**شگنڑ:** (شگن)
شادی بیاہ کی رسومات:
شگون، فال، سیت (شُبھ گھڑی)

**شگوفہ:** کلی، کھلی ہو   پتی، خوبصورت شئے:
(توں بڑا شگوفہ رہی گیا ایں؟) لاڈلا

## ش۔ل۔م۔ن

**شُل:** سُن (ادھ مویا، ادھ رنگ، بے جان)

**شملہ:** کلف لگے کپڑے کی پگڑی جس کا ایک سرا درمیان سے اوپر نکلا ہوتا ہے۔
عزت اور وقار کی نشانی:
اُچے شملے نال نا نہہ چھپن
دلے نے گجے روگ (باقی صدیقی)

**شناک:** حساس طبعیت۔
شناک چڑی تھوانکھیا آہلناں (اخ)

## ش۔و

**شَو:** دکھاوا، نمائش، شوخی، شیخی مارنا:

**شوہ:** (شوہ شوہ کرناں) مرغیوں کو   نا، دور کرنا:

**شوٹ:** (چھوٹ) دوڑ۔تیز رفتاری سے
(شاباپتر شُوٹ مار)
توں پھلاں نے اوہلڑے
چھپیا کر کے چُھوٹ (باقی صدیقی)
(شوٹ کرناں) گولی مارنا:
(شُوٹ وشوٹ) تیز تیز۔

**شودا:** (شُہدا) بے چارہ، نمانا، عاجز، غریب:

**شَورا:** (سُوپ) پتلا رس۔لا ن ترکاری یا گوشت کا نمکین پانی: شوربا:
پارے میرے اونٹھ کُٹھا
ہڈیاں کولوں شورا مٹھا (شہد) بھرجات:

**شَوشا:** انوکھی بات، شرارت:

**شوشلا:** کم ظرف (شو مارنے والا)

**شُوم:** کنجوس، منحوس، چندرا، بھیڑا:
(شُوماں نی کھٹّی، کُتّے گئے چٹّی) اخ
(سخی تے شُوم ہک برابر) اخ
(سخیے کولوں شُوم چنگا جیہڑا اتُرت دے جواب) اخ

**شوں:** گرم شئے پر ٹھنڈا پانی پڑنے سے آواز نکلنا:

**شوں شاں:** (اکڑ) جھوٹی آن بان:
(شڑوں) ناک سڑ کنے کی آواز:

**شونق:** شوق، چاء (رِیجھ)
تہاڑے شونقاں دِتا مار کنڑ کاں پکی
گئیاں (نذیر بٹ)
**شونقی:** شوقین:
**شونقنڑ:** شوقین (شوق رکھنے والی) مونث
(شونقنڑ میلے نی)
**شُونک:** پھنکار (گُت سپڑیں بن کے شُونکے) گا
**شُونکنڑاں:** پھنکارنا:
سانپ کا پھنکارنا:
ہِک واں
دنیا تکے
ہور ویں مینڈھے اندر شونکنڑ (نظم)
(باقی صدیقی)
**شوہ:** مرغیوں کو پرے کرنے کی آواز۔
**شِویت:** شکل، چہرہ (بگڑا ہوا منہ)

---

## ش۔ے

---

**شی شی:** شی شی کرنا (شیکڑاں) مرغیوں اور
پرندوں کو اُڑانا:
(شی شی بہالناں) چھوٹے بچے کو
پیشاب کرانا:
**شیشی:** کانچ یا پلاسٹک کی چھوٹی بوتل:
شیشی بھری غلاب کی پتھر پہ توڑ دوں..
(ب گ)
**شِیکڑاں:** مُرغوں کو پرے ہٹانا۔
(تھویں کی میں شِیکاں آپوں)
شکور احسن
**شِینہ:** شیر:
(بلی شِینہ پڑھایا شِینہ بلی کی کھاونڑ آیا)

(اخ)
**شَے:** چیز:
**شے:** (ش..ے)
گلی ڈنڈا کھیلنے کیلئے بنا زمین
میں بالشت بھر لمبی اور دو انچ گہری
کُھدی ہو جگہ:
(اِٹی اور ڈنڈا رکھنے کی جگہ) شے دینا:
**شَیرا:** واہ شیرا، جواناں (بہادری کا القاب)
(بہادر پُتر)
**شِیرا:** (کہہ شِیرا کھو لیا وا ای؟) زیادہ میٹھی
چیز: گُڑ کا رس
**شیہہ:** (شاہ دینڑاں) بھڑکانا، ابھار:
**شِیشہ:** آئینہ (کدے شیشے اچ منہ تکھیا ای)
(شیشہ تکھڑاں) چیر کڈھناں، سنگھار
کرنا (شیشہ تکھڑاں) مح
گریبان میں منہ ڈالنا (اوقات کو سمجھنا)
شیشہ تکھی دل کھبرایا
آپڑاں آپ نظر نا نہہ آیا
(شیراز طاہر)
شیشہ تک کے کو نہ سوچے
ایہہ جھلکارا کس ناں
شیشے اندر اپڑاں چہرہ
کسے کسے کی دِسناں (سلطان ظہور)
شیشہ لا دروازے آں
ہولی ہولی نکل روحا ماہیا پُچھے جنازے
آں (ماہیا)
**شیکڑاں:** مرغیوں کو پرے کرنا۔ دور کرنا:
"شوہ شوہ" کی آواز کے ساتھ:
تھویں کی میں شیکاں آپوں (شکور)
**شِین:** حرفِ تہجی

شِین نانہہ آخاں شاذو مارے (اخ)

**شبنگڑناں:** چھینگڑناں۔ تکرار کرنا، لڑا کے لئے تیار ہونا:

..............................................

## ص۔ا

..............................................

**صافہ:** سر پر باندھنے والا (پٹکا) پگڑی، دھوپ میں سر پر رکھا جانے والا کپڑا، چادر، پگ، ٹوپی کے گرد لپیٹنے والا کپڑا:

(میں وی پِٹا صافہ رنگاں تو وی رنگ دوپٹہ) ع

کتنے چیڑے کتنے صافے
ہاڑے جیٹھے نی تُھپے وچ
دُنیانی نظراں توں اوہلے
اس بوٹے نی چھاویں بہہ کے
دلاں نی بولی بولے (نظم)

..............................................

## ص۔ب

..............................................

**صبر کتا:** (سور کتا) کافی سارا، پورا پورا۔

**صبونڑ:** (صَبو..ن) (صَبو..نڑ) صابن:

..............................................

## ص۔ح

..............................................

**صُحبت:** میل جول، بیٹھک، اُٹھنڑ بہنڑ۔ (صُحبت) (ہم بستری)

**صحنک:** مٹی کی بڑی تھالی، پرات آٹا گوندھنے والا مٹی کا برتن:

**صحیی:** ٹھیک، صحیح۔ محسوس ہونا، لغڑاں، جسرے:

..............................................

## ص۔ر

..............................................

**صِرف:** نِرا۔ رُکھا۔ بس: (کلھا) Only

**صرفہ:** بچت، کنجوسی:

(صرفہ کری کے سُتی آٹا کھا گُتی) (اخ)

(صرفے ناں ٹرفہ) مح

بچت کی بجا زیادہ خرچ ہونا:

..............................................

## ص۔ف

..............................................

**صف:** پھوہڑی، چٹا، قطار:

**صفا:** (صفن صفا، صفاچٹ) کونہ مونہ (گنجا) پاک صاف۔ نرول (صفامروہ)

**صفت:** تعریف، بڈیا:

سلاہن۔ صفتاں ناں مالک اللہ:

(آپڑیں صفت کیتی گونہہ کھانڑاں ہک برابر) (اخ)

**صفڑاں:** پیٹ کا خالی رہنا:

(پیٹ صفی گیا) پیٹ کا اندرے خالی ہونا بھوک کا بڑھ جانا:

**صُفہ:** بڑا کمرہ:

..............................................

## ص۔ل

صلاح، صُلح: راضی نامہ، سمجھوتا، صلح صفا
میل ملاپ:
(صلح مارناں) کھانے کو بلانا:

## ص۔ن

صندوق: لکڑی یا لوہے کا بکسہ، چھوٹی پیٹی تابوت
(اُوک بوک دھڑ ماری صندوق)
ل۔گ
صندوقڑی: صندوقچی،، چھوٹا صندوق، بکسہ:

## ص۔ے

صِینی: سینی، تھال، مجمع، ٹرے:

## ض۔ا

ضابطہ: ضبط، نظم، قاعدہ قانون، رُعب:
(مشوے اپر بہوں ضابطہ باہیا واسا)
ضامن: کسی کی جگہ ذمہ داری قبول کرنے والا:
(ضامن بنٹا) ذُمہ اٹھانا:
(ضامنا دے یادوا) ارخ
(امام ضامن) بازو پر باندھنے والا تعویز
(اللہ ضامن ای) اللہ نیں حوالے:
ضامنی: ضمانت، سیکیورٹی، ذمہ داری:
(یادرہی تے آئیندہ ضامنی نیئس جانڑلغا

## ض۔د

ضِدل: (جِدّ ل) ضدی، اڑیل:
(بہوں ضدل جا تک آ اڑی بنی کنیں
چھوڑنا ای نیں)

## ط۔ا

طاق: خانہ، دیوار میں رکھی ہو جگہ۔
آہلا، چھتی، شیڈ۔
(طاق) اکیلا۔
دروازے کا ایک در (پلّا)
(کواڑ) آدھا حصہ:
(چارے طاق ملے وے) مغرب کا
وقت (نماشاں ناں ویلا)

## ط۔ر۔ل۔م۔ن۔و

طرفین: غیر، اجنبی:
طلبڑاں: (طلب کرنا)
طمع: لالچ، حرص، ہوس (گوشت کی بوٹی)
(طمع سوگنا ہاں نی مار) ارخ
طنبور: ڈھیر (طنبور چڑھے وے) مح
طنبورا: ستار، باجا، تمبورا
طور: طریقہ:
(طور طریقہ) چالا، ڈھنگ:
طوفاں: (طُو.....فاں) لہریں، ڈھیر، مصیبت:
(قرضے نیاں طوفاں چڑھنیاں) مح

## ظ۔ا

ظاہر: سامنے:

(ساہمڑیں) دِس، بظاہر،حقیقت:
(گل ظاہر کرنی) چھپی ہو بات کا
سامنے آنا۔ پردہ فاش ہونا، ہونا:
جن چڑیل یا کسی سیب کا ظاہر ہونا
(نکلنا) دفع ہونا:
(ظاہر باطن) اندر باہر:
**ظلم:** قہر،ہنیر، جبر تشدد:
(ظلم ناں بوٹا کدے نئیں پَھلناں)
(اللہ ظلم ظالماں سوں بچا )
**ظن:** وہم، خیال:

---

## ع۔ا

---

**عاماں:** عام لوگ۔
خاصاں دی گل عاماں اگے نئیں مناسب
کرنی (س۔م)
زمانہ۔دور۔
**عائیں مائیں:** عام آدمی:
**عَدل:** انصاف (نیاں) فیصلہ، حق:
(عدل کریں تے تھر تھر کنبن)
**عِلتی:** عیبی، پکی عادت والا:
**عُلس:** (پیر فقیر نی برسی) میلہ (عُرس)
**عرش:** رب العزت کی کُرسی، آسمانوں
سے بلند مقام، عرش معلی:
(عرشی فرشی) ملائکہ اور انسان:
(عرش فرش) زمین آسمان:
(عرشوں آیاں چار کتاباں)
(عرشاں ناں تارا) ترین، منظورِ
نظر۔
**عرض:** درخواست، گزارش:
(عاجزی نی گل)
**عرضی:** درخواست، چھٹی:
(ترلا، منت)
**عذر:** اعتراض؛
(عذر خواہی) تعزیت۔
**عشق:** محبت، شوق، پریم:
(عشق تے مشک کدے نئیں ) اخ
(عشق نہ پُچھے ذات)
(کُجھ بھانگڑے تے عشق ہنیرے) اخ
**عِشقی:** (عشق کرنے والا) حسن پرست:
عشقی روح (عشقی ٹٹو)
**عطر:** پھولوں کا رس، نچوڑ، خوشبو:
**عطر فلیل، پھلیل:** خوشبو دار تیل:
**عطر دانی:** عطر کی شیشی:
**عقل:** (مَت، سوجھ، سیانپ)
(افسوس جے عقل مُلیں نئیں مِلنی)
(عقل نا انھاں) بیوقوف:
(عقل چرن گسنی) مح۔ ہوش میں نہ
ہونا:
(عقلے نی انھی، گنڈھی نی پوری) اخ
اندروں سیانڑی:
**عقلوں باہر:** نہ سمجھ آنے والی بات، جس کو
عقل نہ مانے:
نہ مننے آلی گل (ایہہ گل عقلوں باہر
اے)
(بیوقوف سجنے کولوں عقل وند دشمن چنگا)
(اخ)
**عل اعلانیہ۔ ڈنکے کی چوٹ پر**
**علم:** سوجھ بُوجھ، پتہ:
(علموں بس کریں اویار)

(میکی اِس ... ناں اُ کا علم نہیں)

**عُمرے نیاں روٹیاں**: ہنر، کاریگری، انعام
بھارا نفع:

**عمل**: فعل (کرتوت) نیک عمل۔ بدعمل:
کرتب، نیک کام:
(عملاں) ...:
(عملاں ... بیڑے پار) اخ
(عملاں کی ... بے پردنہ کریاں بہوں ہوسی
منہ کالا) نظم
(عملی) سُلفی، فطرتی۔۔ عامل آدمی:
(بےعملا) ...ما۔ ردیاوا۔ گناہ گار
(جے میں ...کھاں عملاں ولے....)

**عملا**: (کارندے کامے) مزارعے:
(دفتر کے آدمی) دفتر کا عملہ:

**عیب**: بُرا نقص خرابی ماڑی عادت، گناہ
(بےعیب) عیب کے بغیر
پاک ذات اللہ دی:

**عیبی**: عیب دار، گناہ گار، پاپی:

**عید**: (عیدی ناں ...وتھاں جھیا دیہڑاں جھیا
...کھناں (اخ)
خوشی نا د...ڑا:
(نکی عید) عیدالفطر:
(بڑی عید) عیدا ... قربانی آلی عید:
(عید آ ... پرتوں نہ آیا)

**عیدی ناچن**: باریک پتلا چاند، عید کے مہینے کا
چاند:
مشکل سے دکھا دینے والا:
کافی عرصے کے بعد نظر آنے والا:
(عیدی ناں چن بنناں) مح
کم کم ملاقات کرنا: (سالاں بدی ملنا)

(توں تے عیدی ناں چن ای ... گیاں
ایں)

**عیدی**: تحفہ تحائف (عیدی نے پیسے

**عین**: (ع) عینک، ناک کی سیدھ، ع...
سامنے:
(عین اُسے ویلے) بالکل اُسی وقت:
پورا، بالکل:
(عین) الف بے نا حرف. (...)

---

# غ

---

**غ**: (گ) نی جا بولیا گسنا
(لگڑاں، لغڑاں)

**غبار**: (ڈھوڑ) گرد، مٹی، گرد و غبار
دلے نا غبار (ٹینشن)

**غدر**: بغاوت، یار ماری:

**غرض**: (غرض ماڑی) مطلب، چاہ، مراد، حرص
لالچ:

**غرضو**: لالچی، لوبھی، مطلبی یار:

**غرق ہونڑاں**: (ڈُبنا، رڑناں) دریا بُرد ہونا:
نشے میں غرق، مست دُھت

**غریب غُرباء**: نادار
(غریباں روزے رکھے د...اڑیاں
لمیاں ہو گئیاں) اخ

**غش**: بے ہوشی (دند کنڑ)

**غضب**: ظلم، دھاڑا، (تھاڑا) غضب خدا ناں
اللہ کا غضب، قہر، انتہا غصے کی حالت:
(غضب ہو گیا) انتہا ظلم کی خبر سن کر
کہنا:

**غلاف**: چھاڑ، چولی:

**غمناکی:** اداسی،غمی،غم کی حالت:
**غیر:** (پرایا،اوپرا،بغانا) نہ،نامحرم:
(غیرغیر ہونڑیں) مح
**غیوی:** بےاعتبارا۔ گپی:

# ف

**فات:** بلا،آفت،مصیبت:
(فات زنانی سی سُکی کے تیلا ہو گئی)
چڑیل،شرارتی لڑکی:
(فاتو) عورتوں کا ایک نام (فاطمہ)
(فاتی) چنگا بھلا سُتا واساں اس فاتی آنڑی جگا شوڑیا (افسانہ) سیل پتھر
**فاش:** گندہ،پلیت،بیہودہ:
(فاش بکڑاں) فحش باتیں کرنا:
**فاش:** ظاہر،برملا،کھلم کھلا:
(پردے فاش کرنا) راز ننگے کرنا:
**فاقا:** فاقہ،بکھ،گزران:
**فالصہ،فالسہ:** باریک،گول،دانے دار پھل
(کاسنی رنگ کا کھٹا پھل)
**فتو:** پھتو (فتح دین،ایک نام)
**فتور:** فساد۔خرابی،بگاڑ،کپت،رَولا:
(بغاوت)
**فتولہ:** کھٹکا۔پریشانی کا احساس
ایویں تے دل فیل نئیں ہونڑاں
لکھ فتولے وچ دلے نیں (شعر)
(فتولے) جمع
**فَٹ:** جھٹ پٹ (اُسے ویلے،اُسی وقت،فٹا فَٹ:

**فُٹ:** پیمانہ،12انچ ایک فُٹ:
(پُھٹ) دور ہونا،دفع ہونا:
(پُھٹناں،پُھٹاں کھانڑاں)
**فِٹے مونہہ:** ( مونہہ) گالھ (لعنت)
(فِٹے مونہہ شوقے ناں،پچھے گُڑیاں لایاں گسناں)
**فزریں فزریں:** (سویلےسویلے،منہ ہنیرے) منہ اندھیرے،صبح صبح (لو لو )
فزریں فزریں کرلے بیباجے کج اے توں کرناں (سلطان ظہور)
**فدا :** (سرلتھ)
جان قربان کرنے والا:
فدائین گروپ:
**فرّا،پھّرا:** جھنڈے کا کپڑا،پتلا کاغذ،چِٹّھا:
(پھرّےلِخڑاں) بڑے بڑے خط لکھنا:
جواب طلبی نامہ۔(فرفر کرنا) ہوا میں جھولنا:
گڈی یا پتنگ کا اُڑنا،فرفر کرنا:
**فراڈیا:** (چتے باز،چھلیا) دھوکے باز:
ہیرا پھیری کرنے والا:
**فراڈ:** دھوکا،فریب (چَھل)
**فراک:** بچے کی خوبصورت قمیض (کُھلا کُرتہ)
**فرد:** (جناں،جی،مرد)
چارج شیٹ (فردِ جُرم) دستاویز پٹواری کا ایک کھاتہ:
(فرد) فرد ملکیت،فہرست،تفصیل:
**فرش پرتناں:** جگہ جگہ چھان مارنا،تلاش کرنا: (مح)
**فرض:** ڈیوٹی،پہرہ،ذمہ داری:
حق شرع کے مطابق:

رہن سہن کے طریقے، فرض نماز
روزے زکوۃ، اٹل بندگی:

**فرفر:** تیز، رواں (فرفر کتاب پڑھناں)
زبانی پڑھنا، سبق یاد ہونا:

**فرقو فرقی:** ایک جیسا نہ ہونا، اونچ نیچ، چھوٹی بڑی:
امیر غریب (بکھو بکھ) غیر مساوی:

**فرگل:** (پھرغل، گا ن نما کُرتہ، چوغا)
کھلا لباس:

**فرلو:** حساب کتاب اور کھاتے سے باہر:
اڈے سے باہر چلنے والی بس یا ویگن
فرلو پھیرے لگانے والی (فالتو)
ایکسڑا۔ گینڑیں قطارے سوں باہر:

**فرما:** کلبوت، سانچا، چوکھٹا، شیٹ:

**فَرمیشِ:** فرمائش، ڈر، سفارش، بگار (بغار)

**فَرنِ فَرن:** تیز ہوا یا تیز گاڑی چلنے کی آواز:

**فِرنی:** پھرنی، دودھ والی کھیر (کسٹرڈ)

**فرنیل:** فنیائل، کیڑے ماردوا، جراثیم کُش:
پانی میں ملا کر فرش دھویا جاتا ہے:

**فقیر:** منگتا، کنگلا، پگھا:
درو ، سائیں، صوفی:

**فقیری:** درویشی (فقیرا فقیری دورای، اُچی لمی
کھجورای)

**فناہی:** بربادی (فناہی پٹناں) مح۔ اجاڑنا۔

**فوتگی:** فوت ہونی کی صورت۔ ماتم،

---

# ق

---

**قابض:** قبضہ ہو لوگ، زورآور:
طاقت کے بل بوتے پر حکومت کرنا
(پٹوار گیری) قبضہ بھرناں (لحڑاں)
(ناں کرنا)

**قابل:** (جوگا)
لا ، سیانا، پڑھیا لخیا:
عالم فاضل:

**قابو:** (ہُنڑ صحیح قابو آیا)
قابو اسناں: پکڑا جانا، حراست میں آنا،
گرفت میں آنا (قابو آیا وا)
(ہُن ڈاہڈا قابو آیا ایں؟)
قابو باہنڑاں: لڑا جھگڑے اپر قابو
باہنڑاں)
ول کرنا (سہناں) برداشت کرنا:
(آپڑیں آپے اپر قابو باہڑاں)
مجاہدہ کرنا (غُصے کی قابو کرنا)
غُصہ پینا:
قابو کرنا: زورآور یا بدمست جانور کو
پکڑنا:
گرفت میں لینا:
قابو چڑھناں (ہتھے چڑھناں) ہاتھ
لگنا ہاتھ یا ہوا:
قابوتوں باہر ہونڑاں: وسوں باہر، آپے
سے باہر ہوناں:
قابو نہ ہونڑاں: قابو میں نہ آنا، حکم نہ
ماننا،
(بے قابو) زوراور (وسوں باہر)

**قاتلی:** قاتل، قتل کرنے والا، خونی:
(جانوں مارنے آلا)

**قرونڑ:** قارون۔ قارون کا خزانہ:
کنجوس، سنجوڑہ:
فرعون کا دولت مند وزیر:

**قاری:** قرآن پڑھنے والا، قرآت کرنے والا:

**قاضی:** مسلمان منصف، شرعی جج:
(آپے قاضی آپے کریں نیاں مائیا) گ

**قبضہ:** مالکی:
(قبضہ دینڑاں) خالی کرنا، قبضہ چھوڑنا، حوالے کرنا:
(قبضہ کرنا) ناحق چیز دبانا، دوسرے کی چیز پر حق دبانا، زبردستی مالک بننا:

**قبضے:** دراوزے اور چوگاٹھ کو لگے لوہے کی چُول:
(قبضی) ہلکی قبض:
(قبضے اچ) قابو میں، گرفت میں، اختیار میں:

**قتلام:** قتل عام، مار دھاڑ، خون خرابہ:

**قد:** قد کاٹھ، اونچا، ڈیل ڈول جسم کی پیمائش (قدے اپر لد) ارخ
قد بُت: جسامت، کاٹھی، جسم کی بناوٹ:
(قد کڈھناں) بڑھنا، دراز قد ہونا:
(جان چانڑاں)
اپر ہونڑاں، جوان ہونڑاں:
قد کرناں: (بدھناں) بڑا ہوناں:
بارشوں سے فصلوں کا بڑھنا:
(بڑھوتری)

**قدر:** عزت مان، قیمت (بڈیا )
(نکے بڑے نی قدر پچھان)
(قدراں) کتاب، سلیم مرزا
(قدر نبی دی معلم ہوسی قبراں وچ گیاں نوں)
قدر جاننا: مُل باہنڑاں۔
عزت کرنا:
پہچان کرنی:
قدر پھلاں دی بلبل جانے صاف دماغاں والی)
(قدر موجب) درجہ وار، قدر مطابق، رُتبے کے لحاظ سے:
(قدر باہنڑی: مُل باہنڑاں)
اہمیت جاننا، قدر جاننا:
عزت احترام کرنا، شکریہ ادا کرنا:
دُنیا اُتے تھوڑے رہ گئے قدر شناس سُخن دے)
(قدر قیمت) عزت، مُل، قیمت:
(قدر کرناں) عزت کرنا، مان بدھانا:
(قدر گھٹانڑاں) رُتبہ کم کرنا، شان میں فرق یا کمی لانا:
(قدر گھٹاون، نہ شرماون دُنیا دار کمینے)
(س)
(قدر نہ ہونڑاں) احساس نہ ہوناں؛
(مُفت نی چیزے نی قدر نیئں ہونڑیں)

**قدرتی:** (ربّوں) اللہ کی طرف سے (جماندرو)

**قدم:** قدم اکھڑناں: پیراں اپر کھڑا نہ ہونا، جم کر کھڑا نہ ہونا۔ ہارنا، شکست کھانا:
قدم اُگے نہ ہونڑاں: (اگے پیر نا نہہ پینڑاں)
ڈرنا (شرمانا)
جھجکناں، درد غم یا محبت کا پیچھے کھنچنا:
جُدا نہ ہونے کی صورت:
قدم :(پیر )منت سماجت کرنا، منانا راضی کرنا:
قدم پیچھے نہ ہٹناں: (جا اپر قا رہڑاں)
ثابت قدم ہونا:

(قدم جمڑیں) پیر جمنے، قا ہونا، پکا
ہونا:
(ذرا پیر جمن دے فر کرنے آں)
(قدم چانڑاں) کام کرنا، منصوبہ بنانا،
پروگرام کرنا:
(سوچی سمجھی کے قدم چائیں)
بچے کا پا ں پر چلنا:
(قدم تھرناں) قدم مبارک رکھنا
داخل ہونا:
عزت بخشنا (غوثاں قطباں دے
سر میراں قدم مبارک تھریا)
(قدم پچھناں) قدم ٹوٹنا، پریڈ میں پیر
یکساں نہ اٹھانا:
(قدماں اچ پینڑاں) تابعداری کرنا،
منت سماجت کرنا معافی مانگنا:
(قدم زنویں اپر نہ ٹِکڑاں: زمین پر قدم
نہ رکھنا نخرے کرنا، تکبر غرور کرنا، دماغ
اونچا ہونا:
قدم دینڑاں: سفر کرنا، چل کر جانا، جہاں
موت لے جا موت کے مقام پر
پہنچنا:
(قدم رکھڑاں) تشریف لانا، پہنچنا، آنا
کسی بزرگ یا ولی کا گھر میں داخل ہونا:
(قدم بدھانڑاں) قدم بڑھانا، آگے
ہونا، سفر طے کرنا، اتفاق کرنا، راضی
نامے کی کوشش کرنا، پیش رفت کرنا:
(قدم نہ رکھڑاں) نفرت کرنا، پکی
ناراضگی کرنا:
(قدماں اچ ٹِھنڑاں) زیر ہونا
شرط قبول کرنا، سرِ تسلیم خم۔

(سر تیرے قدماں اچ رکھیا) گانا:
(قدمے قدمے اپر) قدم قدم پر، جگہ
جگہ۔ پل پل ہر مقام پر:
(قدم لخے ہونڑاں) دمی کی میں
جہاں تک جانا لکھا ہو، دانہ پانی،
تقدیر:
(قدم ملانڑاں) ساتھ دینا، اکٹھے چلنا،
اتفاق کرنا پریڈ میں قدم ایک ساتھ اٹھانا:
(کِک مارچ)
(قدم نا نہہ چانڑاں) کو کاروا نہ
کرنا:
ڈھلا پیناں، سُست ہونا۔ تھک جانا:
بغیر اجازت کام نہ کرنا:
تابعداری کرنا، فرماں بردار رہنا:
(قدم نا نہہ اُٹھڑاں) طاقت نہ ہونا
سکت نہ رکھنا:
(قدماں نی مار) پیدل سفر، نزدیک جگہ:
(دوں قدماں نی مارائے)
(قدم مُکڑیں) سفر ختم ہونا، مرنا، اگلے
جہان سدھارنا:
(قدمے قدمے اپر ٹوکڑاں) نصیحت
لگانا:
(قدماں نی گل) تھوڑی دور، نزدیک تر
دو قدم کی بات:
(قدم لمے کرناں) تیز تیز چلنا، رفتار
میں اضافہ کرنا:

**قدیمی:** پرانی، زمانہ قدیم سے چلی آ :
(رسم ریت) قدیمی گل (قدیمی ذات)
رب کی ذات
اللہ پاک:

**قرآن:** قرآن چانڑاں: قرآن پاک کی قسم اٹھانا:
قرآنے اپر ہتھ رکھڑاں:
حلفیہ بیان دینا:
سچ سچ بولنا، قرآن کو گواہ رکھنا:
(قرن بخشواڑاں) قران خوانی کروانا
ایصالِ ثواب کی محفل کرنا (ختم شریف
پڑھوانا)
(قرآن گواہ رکھڑاں) جھوٹ نہ بولنا:
(قرآن گواہ مائیا جے عیدمنا ہووے)

**قربان:** قربان کرناں: جان وارنا، اللہ کے نام پر
مرنا:
(قربان ہونڑاں: نثار ہونا، وارنا (میں
قربان میں صدقے) وارے وارے
جانا:
(قربان کرنا) وارنا، بھینٹ چڑھانا:
(پتر قربان کرناں) انڑی کھانڑاں۔
غیرت کرنا:
(ہک پُتر نہ سہی) مقابلہ کرنا:
قربان سوائیں نیاں بٹیا
دل لا کے اساں کے کھٹیا
(گ)

**قرضہ:** ادھار، قرضہ، مستعار لی ہو چیز:
(مویاں اپر مٹی جینڑ یاں اپر قرضہ) اخ
(قرضے نال بال بال بنھاں) مح
زیادہ مقروض ہونا:
(قرضہ لاہنڑاں) ادھار اتارنا:
(وارث شاہ نماز دا قرض وڈا.....)
(قرضہ چکانڑاں) قرض ادا کرنا، قرضہ
ختم کرنا:
(قرضہ چانڑاں:) ادھار سر پر لینا:
(قرض دار) دین دار، مقروض۔
قرضو :
(قرض دینڑاں) ادھاری رقم دینڑ یں:
(قرضہ سر چاڑھناں) ادھار سر پر دھرنا

**قرضو** : مقروض، قرض دار:

**قِسم** : نمونہ، ڈھنگ، طرح۔ نسل، قسم قسم نیں
پھل:
(سمجھ نیئں اسنی کیہڑی قسمے نا بندہ آ)

**قسم:** (قسم کھانڑاں) حلف اٹھانا:
(خواجہ خضر تے بیٹھ کے قسم کھادی)
(باوا جی نی قسم، معظم نی قسم)
قسمے: قسم ہے (قسمے نال)
اللہ نیں قسمیں:
(قسم چوانڑاں) قسم اُٹھوانا
(قسم چوا کن تہاڑی یاد اچ جینڑ یں آں)

**قضائیوں:** رَبوں، اللہ کی طرف سے:
(آ قضا ) جیہڑی اللہ نی طرفوں
گچھے۔
(آ قضا تے رہنڑی نہیں) جو آنی ہے
وہ آ کر رہے گی:
(قضائیں) روز ازل سے لکھی ہو (جمع
(چوراں نوں مور، موراں نوں قضائیں)
(آ کھ محما گلیں کیو نکر ٹلن قضائیں)

**قضّیہ:** جھگڑا، مصیبت، دُکھ، کھاپا:

**قَضیہ:** جھنجٹ، مصیبت، فساد (پہھا را قضیہ
سا) بڑا مسئلہ:
(قضیہ پینڑاں) اوکھی گل اسنی
مصیبت پڑنا:
(قضیہ ں) اوکھ ں، مصیبت
کاٹنی:

(قضیہ کھڑا ہونڑاں) جھگڑا پیدا ہونا:
(قضیہ گل باہنڑاں) جھگڑا مول لینا،
مصیبت سر لینا:
(قضیہ مکانڑاں) جھگڑا ختم کرنا:
(قضیہ نبیڑناں) جھگڑا نمٹانا، تصفیّہ کرنا،
جھنجٹ نبیڑنا: جھگڑا ختم کرنا
(قضیئے ماری) وچاری، نمانی، دکھاں
ماری:

**قطاروقطار**: (سدا اُڈاراں نال قطاراں)
قطار کے اندر (لا میں)
اُس چیچی انگلی نال شارہ کرنیاں آکھیا
جے ساریاں قطاروقطار بہی گھو:
(اس نی چیچی انگلی وچ سونے نی چھاپ
لغی وی سی)

**قطر**: تنکا، خس (کپڑے کی کترن) (ٹاکی)

**قطعی**: (قطعی) اٹل
بالکل:
(ایہہ گل قطعی نئیں ہو سکڑیں)

**قلاچ**: (دلاہنگ) ڈگ۔
لمبے قدم (قلاچاں مارناں)
لمبے لمبے قدموں سے چلنا، بے ڈھنگی
چال:

**قلاش**: برباد، بدحال (نہنگ) مفلس:

**قلبوت**: (کلبوت) ڈھانچہ، جسم، سانچا، سچا:
جوتوں کے لئے بنایا گیا لکڑی کا سانچا:
(کلبوت چاڑھناں) مح

**قلعہ فتح کرنا**: مح (توں بڑا قلعہ فتح کری آیا ایں
کو بڑا کام کرنا:

**قلعی**: قلعی کھولناں (مح)
پردہ فاش کرنا، پول کھولنا:

**قُلفا**: قُلفی، جما ہوا دودھ کھویا (قُلفا ملا )

**قلم**: کانی، لکھنے کا ہتھیار، پین (Pen)
شیشے کاٹنے والا ہیرا (قلم)
(قلم لانڑاں) نئی ٹہنی کاٹ کر دبانا،
درخت یا پودا بنانا:
(قلماں کرانڑاں) بالوں کو تراشنا:
(قلم پھیرنی) قلم چلانی، فیصلہ کرنا تحریر
ختم کرنا، خری تحریر:
(ہنڑ قلم پھری گئی) معاملہ ختم ہو گیا:
(قلم ناتھنی) لکھاری، ادیب، عالم
فاضل دمی:
(قلم کڑھنی) قلم بنانے کا چاقو، شارپر:
(قلم کھسانڑی) قلم چلانا، زیادہ لکھنا،
مُنشی گیری:
(قلم کھسا ) قلم نی مزدوری۔ کلرکی:
(قلم بغاڑیں) جو تقدیر میں لکھ دیا گیا
(جو قلم نے لکھ دیا)

**قلندر**: فقیر، بے پرواہ، آزاد، رند:
(رچھ یا باندر نچانڑیں آلا)
(بندر کے نچانے سے قلندر نہیں بنتا)
(رِچھاں نیں بول قلندر جانڑن) اخ

**قُلی**: (لاڈو، پانڈی) مزدور:
(تو قُلی تیراں میٹ) اخ

**قندھار**: (کندے پچھے قندھار) اخ
ایک شہر کا نام:

**قنون چھانٹنے**: بحث کرنی (جتاں کڈھنیاں)
باریکی نکالنا (ڈھچراں کرنیاں)

**قنون پھہن**: قانون توڑنے والا:
(قنون اپر چلنا) قانون موجب کم کرنا،
عمل کرنا قانون کی پال کرنا، اچھا شہری

بنا:
(قنون ہتھے اچ کہنھاں) قانون توڑنا:
قنون گو: قانون جاننے والا۔
(قانون چھاٹنے آلا) وکیل:
(قنون کڑھناں) قانون بنانا، قانون
کی اختراع کرنا:
قنون کھڑنی: قانون بنانے والی مجلس
ئیت: (پرھیاں اسمبلی)

**قنونڑ:** قانونی باتیں کرنے والی عورت:

**قنونی:** قانونی، قانون دان (بہوں سیانا)

**قُوت:** خوراک، غذا، (دوروٹیاں آدمی کا سکیل
مقدار:

**قور:** (قبر) ڈھیری، گور، مردے کو دفن کرنے
کا گڑھا، نشانی، مزار:
(قورے اچ لتاں ہونڑیاں) مح
(قوراں اڈ یکدیاں نیں جیویں پُتراں
نوں ماواں) اخ
(آپڑیں قورے اچ پینڑاں) اخ
(قورے اپر گسناں) قبرستان جانا، دعا
کرنا، باپ دادا کی روح کو ایصال ثواب
کرنا: قورے اپر ہتھ کھلے کرنا:
فاتحہ پڑھنا، بخشش کی دعا کرنا:
قورے اچ پینڑاں: مرنا، گور حوالے
ہونا:
(آپڑیں قورے اچ پینڑاں)
حق انصاف کی بات کرنا:
(قورے اچ لتاں نیں کُج شرم کر)
بڑھاپے میں لغویات کرنا:
(قورے اچ لاہنڑیاں) مُردہ دفن کرنا:
(قورے اچ لاہیں) موت کی بددُعا
دینا:
(قورے جو گیا) مرنے جو گیا، تُجھے
موت ،تو مرجا ،بددُعا دینا:
(قور کُھناں ایں) تیرے لئے قبر تیار
کروں: (بددُعا دینا)
(قورے نے دندے:) قبر کے کنارے
موت کے نزدیک، موت کے انتظار
میں زندگی گزارنا:
(قورے نے مردے پٹناں) مردے
اکھاڑنا: پرانا فساد کھڑا کرنا:
(قورکول نہ ہونڑاں) بھیڑے بندے
کولوں دور رہنا:

**قہر کمانڑاں:** غضب ڈھاناں، ظلم کرنا، ہنیر کرنا
حد سے باہر زیادتی کرنا:

**قیانس:** قیاس، سوچ بچار، خیال، اندازہ:
(ایانڑاں گل کرے سیانڑاں قیانس
کرے) اخ

**قیامت:** (اج دنیا کل قیامت) روزِ حشر:
قیامت آ وی؟
(قیامت ٹُرٹنی) انسانیت کا آخیر ہونا،
ظلم زیادتی کا غلبہ ہونا، آفت، مصیبت
آنا: (سونامی)

## ک۔ا

**کاپ:** کپڑے کی تکونی کاٹ:
(کاپاں) شاخیں (چھتری کا فریم)

**کاپا:** کپ ٹک کرنے والا: باتوں سے چیز
ہتھیا لینے والا:

**کات:** ٹین کٹر، قینچی (انوکھا کام)

(کم کات) کام کاج:
اللہ نے نیارے کم:
مُکھ بندے نا آپ بنایا تکو کات ربانی
پھر کے تکو عالم سارا ہے کو ہک نا ثانی
(سلطان ظہور)

**کاتی:** ایسی جگہ جہاں لگایا ہوا پیسہ نفع دے:
(کاتی لانڑاں) مح

**کاٹ:** کٹوتی (دانڑیاں نی کاٹ) پتنگ
(کاٹ) تہاڑی مہاڑی کاٹ:
(بچوں کی ناراضگی)
(کاٹ) دھار
(راستہ کاٹنے کی حالت)

**کاٹھ:** (بالن) لکڑ کاٹھی:
(کاٹھ) لکڑ کا چھت (کچا چھت)
(کاٹھ مارناں) مح۔ بات ختم کرنا۔ دفع
کرنا:
(کاٹھ نا بلا بنایا میا ں گُنڑ کرے؟)
(اخ)
(بڑکاٹھ) موٹی موٹی شاخوں کے اوپر
رکھی چھوٹی چھوٹی شاخیں۔

**کاٹھا:** وہ کبوتر جس کے پروں پر کسی رنگ کا
نشان ہو:

**کاٹھڑا:** کاٹھ کا بنا ہوا برتن (پیالہ)
کاغذ اور مٹی کا بنا گول برتن جس میں
خشک آٹا وغیرہ ڈالا جا :

**کاٹھی:** زِین:
جلد:
جسم کی بناوٹ (بُنھی)
(اس نی بِکیاں نی کاٹھی ای اسے طرحے
اے) صحت:
پرندوں کے کندھے:
(کاٹھی باہڑاں) لگانا، دبا میں
رکھنا:
(بڑکاٹھی) کھڈی کے کپڑوں کو گرم پانی
میں دھونا آ کڑ ختم کرنا)
(بڑکاٹھی چاڑھناں) مح۔ مارنا پیٹنا:

**کاج:** کم کاج:
(کموں کا جوں ر طالب میاں فضلےؒ نی
(اخ)
بٹن لگانے کی جگہ (کاج بھرنا)

**کاچی:** گُندھے آٹے کا پتلا کیا ہوا پانی
(مویشیوں کو پلایا جاتا ہے)

**کاچھ:** (کاچھ ہویا) شلوار یا تہمد اوپر کئے ہو
کاچھا نما حُلیے کے اندر:

**کاچھا:** نِکر (گھٹنوں کے اوپر والا پہناوا)

**کاچھی:** پینپر (مونث)

**کاکا:** بچی بچہ، چھوٹا معصوم (بے بی)
حلق کے اندر لٹکا چھوٹا سا لوتھڑا:
(کاکا) سسی نا آ جڑی:
(کاکا) بزرگ آدمی:
کاکا جی کی زیارت (سوات)

**کاڈھا:** کاہڈا، زور، ہمت، حوصلہ، محنت مشقت:
(ایہہ نہیں کاڈھا کڈی سکڑاں)

**کالا:** رنگ (اُڈوے کالیا کاواں، جتھے
میرے ٹھول سیاہی ناں نانواں) گ

**کالاشاہ:** نہایت کالا (سیاہ رنگ)
تک تہھویں کیتا
بتی نا شیشہ وی کالاشاہ (باقی صدیقی)

**کالاپانڑیں:** دور دراز د ، ٹاپو، ھک سزا:

**کاڈ:** کارڈ، پتلا صاف گتا:

کھلا خط۔ پوسٹ کارڈ:
**کاڈھ:** ایجاد (نویں چیز، نویں بنت) کھوج
(نواں نویکلا کم، نواں خیال سوچ)
اختراع
**کاڈھواں:** کڑھا کیا، کشیدکاری والا کپڑا۔
کڈھا یا نمونے والا مال چادر، کاڑھی
ہو :
**کار:** کم کار، دھندہ، فعل، عمل (کرتوت)
کاروبار، محنت، کما مزدوری:
(کارگھنڈن ہونڑیں) مح
(کار) موٹر کار:
( رکچھ کار کیا کر۔۔۔۔)
**کارا:** بڑی غلطی، بڑا گناہ، کارنامہ، فعل،
کرتوت: فساد:
**کارساز:** (کم بنانے آلا۔رب) (اللہ کارساز آ)
مددگار:
**کارونده:** (کارآمد)
کامیاب آدمی، کام کا آدمی، کام آنے
والا: (کارنده) کارکن، آ گو:
(کاروندی) اثر رکھنے والی چیز، دوا:
(کام آنے والی اشیاء)
کارآمد (کاری نی چیز)
**کاری:** صحیح، ٹھیک، کارگر، اثر والا:
سخت، ضرب:
(کاری نی گل) نتیجہ خیز بات:
(کاری نا بندہ) ٹھیک آدمی، کام آنے
والا:
(کاری) کارآمد، صحیح:
(کاکاری) عورتوں کو قتل کرنے کی رسم:
(کاری نیاں دولانڑیاں) جما کر چانٹے
مارنا:
**کارے:** (کارا) واحد
اُلٹے کام (پُٹھے کم)
(کھلو کھارے) قتلام:
(کارے قضا) خدانخواستہ:
**کاڑ:** آواز، درخت اکھڑنے یا ٹوٹنے کی
آواز: (کاڑ کاڑ)
**کاڑھناں:** قہوہ بنانا، ابالناں، گاڑھا کرنا:
سونف اجوا کو گرم کر کے قہوہ بنانا:
کسی چیز کو پانی میں ڈال کر ابالنا:
(ہڈیاں نا کاڑھا) نالا ، ناخلف اولاد
پریشان کرنے والی اولاد:
**کاڑھا:** جوشانده:
(کاڑھیاں چیزاں ناں رس) کساندا:
(جانی نا کاڑھا) جان کا عذاب:
غم، روگ:
**کاسنی:** (ہک ٹھنڈی بوٹی، جامنی رنگ)
(کاسنی دوپٹے والیئے، مُنڈا......)
**کاسبی:** جولاہا، کسبی (کسب نا جانڑو، کمی جمی)
**کاغذی:** باریک، مہین، باریک چھلکے والی اشیاء
نرم، معیاری، کاغذی بادام اخروٹ:
**کاک:** (ڈٹا، ڈکا) پھوکا۔ ڈھکن:
(کاک پُل) جگہ کا نام:
ایک درخت کی نرم چھال (Cork)
(کاک) بڑا بھا ۔
**کاکا:** ایانا، ناسمجھ (جاتک) چھوٹا بچہ:
**کاکڑا:** بچوں کا ایک روگ، بیماری، دانے:
(کاکڑا لاکڑا)
**کاکی:** بچی، چھوٹی معصوم لڑکی:
**کاگ:** (کاں) کوّا (فال بنانا) اڈیکناں:

(کاگ بنیرے بہنڑاں) مہمان کا آنا:
(کاگ) ایک ہلکی چیز جو مچھلی کی ڈوری
کے اوپر بندھی ہوتی ہے مچھلی لگنے کی
نشان دہی کرتی ہے:

**کال:** وقت (سماں، ویلا)
قحط، خشک سالی:
بُرا وقت (کُھ) موت
(کال نی بدھی نہ مرے بال نی بدی
مرے) خ
(اڈ یک نالوں کال چنگا) خ
(تہاڑے کھر تے کال ای پیار ہنڑاں
ما پرکو چیز نہ ملنا:

**کالجا:** کلیجہ، جگر، حوصلہ، برداشت:

**کال جیبھا:** جسکی زبان کالی ہو، منحوس بول والا
آدمی:

**کالخ، کالکھ:** کالک، سیاہی، بدنامی، رسوا :
(مونہے اپر کالکھ ملنی) بے شرم ہونا:
بے عزت ہونا، بدنام ہونا:

**کالر:** قمیض کا گلہ، کالر:
گول پٹی (کلینڈن)

**کالی:** کالی ماتا:
(کالی شاہ) کالی سیاہ:
(کالیاں) جمع
کو کالیاں راتاں نی
زندگی مک جاسی نہیں مکدیاں باتاں
نی:
کالو۔ایک نام:
(کالی سری) نحس عورت:

**کالا شاہ:** کالا سیاہ:
(سوواری جے کمبل دھوییے فر کالے نا
کالا) س

**کالی کھنگ:** کالی کھانسی
(لمے دورے آلی کھانسی)

**کاماں:** کام کرنے والا، نوکر، کمی، کرن ہار:

**کامپ:** کچی ٹہنی، خربوزے کی ڈلی، کتر
کٹی ہو باریک چیز:

**کاں:** کوّا، کاگ، مشہور کالا پنچھی، چالاک
ہوشیار:
(پھر اپھر انیں ٹوڈر کاں نیں) اخ
(اُڈوے کالیا کاواں، جتھے میرے
ڈھول سپاہی داناواں) ل گ
(کائیں نی ہڈی کھانڑاں) مح
زیادہ باتیں کرنا:
(بنیرے اپر کاں بولناں) مہمان کا آنا:
بنیرے اُتے کاں ماہیا
دورے دیاں سجناں دے پُھل
ویندے نی ناں ماہیا

**کاں کاں:** (کاں کاں لا رکھنا) مح۔لڑا
جھگڑا کرنا:
کاں کاں کر کے زخم پھرولیں
اُڈ جا کالیا کانواں (سلطان ظہور)
(کاں کاں کھرڑے ناپانڑی سکا
شوڑنی) اخ

**کانا:** سرکنڈا، تیلی، قلم:
مشہور گھاس (سَروٹ)

**کانٹا:** (کناں نا ھک گہنڑاں) زیور، کانٹے
بالیاں:
(پیتل یا سونے نے کانٹے، کناں نا
سوہج)
(کانٹے کھڑانڑاں) زیور بنانا:

(کنیں کانٹے پا ہو نی)ما
(کانٹا بدلناں) ریل کی پٹڑی بدلنا،
برانچ لا اختیار کرنا،علحیدہ ہونا:
**کانس:** کارنس،شیڈ،چھتی،چھت کے بنی
چھتی:
برتن ٹا کیلئے بنا جاتی ہے:
(کانسے اپر بہالنا) مح۔ دِید لحاظ کرنا:
**کانگ:** ہاڑھ،طغیانی،چھل،ٹھاٹھ:
(کانگاں) جمع۔ سیلابی بارش:
(کانگاں بغڑیاں) مح
چڑی ہو ندی (کسّی)
رَولا،شور،ھاھا کار،شورشرابا:
(کانگ تُرّ ٹناں) دریااورندیاں بہنا:
طوفانی بارش ہونا:
**کانگڑی:** کانگڑی پہلوان،مویامار یا(سُکلا)
کمزور،دکھاوے کا پہلوان،ڈھانچہ:
(جوار یاباجرے کا ٹانڈا)
کمزور جسم والا:
کشمیری انگیٹھی (کانگڑی)
کانگڑے کے علاقے کی بی
بولی،ڈوگری لہجہ:
**کانجی:** دودھ کی لسی،کچی لسی:
(کانجی ہا س)
**کانڑ:** (کانڑ) درخت کا کھایا ہوا تنا:
آبلہ (نکلی ہو آنکھ کا خول) سوراخ:
سونے کی کان،نمک کی کان،(خزانہ)
معدنیات:
(کانڑ) بَین:
(کانڑ کرناں) گول دائرے میں ہو
کر بین کرنا۔اور سر پیٹنا:

(میّت کے لئے ماتم کرنا)
**کانڑاں:** ایک آنکھ سے اندھا(مذ)
جیسے آنڑاں سے کانڑاں
آنڑاں جس سے چیزیں دکھا دیں
کانڑاں،آنڑیں کی نفی (آنڑیں کا اُلٹ
جسرے پُتر سوں کُپتر
ہیں سوں کہیں
آنکھ سے نکلا ہوا نڑاں (خول)
(انھیاں چوں کانڑاں سردار) ارخ
(کانڑاں) چور،شرمسار،زیر،گناہ
گار،ماتحت:
داغی،گلاسڑا پھل،عیبی،شرمندہ:
(توں کو کانڑاں ایں)،ہینڑاں۔
تھلےلغا (چور)
**کانڑچھو:** بگڑا ہوا ایک نام:
**کانڑی:** ایکا آنکھ سے اندھی:
کانڑی (کانی) تیلی،قلم،تیر:
(کانڑے کی تانیث)
(کانڑی بنڈ) بے اصولی تقسیم،بے
ایمانی:
(کانڑی باہنڑاں) دو کی جگہ ایک:
(آخری کانڑی) آخری گولی یا آخری
اخروٹ:
(کانڑی) ایک آنکھ والی:
(اگے سی کانڑی اپروں پئی گیا پانڑی)
ارخ
کانڑی (کانی) تیلی،قلم تیز پتلا کانا،تیر:
**کانواں:** کوّے کی ذات:
اُڈوے کالیا کانواں
جتھے میرے ڈھول سپاہی نانا نواں

کانواں نا کہہ کاں کاں کرنا
(سلطان ظہور)

**کاوڑ:** کڑواہٹ، غصہ، طیش:
ناراضگی:

**کاویا:** قلعی کا ٹانکا لگانے والا بجلی کا اوزار:

**کاہ:** (کہاہ) گھاس (کھبّل، پلوانہہ)
(کاہ باہڑاں) مح۔ جانوروں کو گھاس
ڈالنا: سمجھنا۔ پلے باندھنا:
(اوہ اساں کی کدوں کاہ باہنڑاں)
(کاہ کپڑاں) گھاس کاٹنا:

**کھہآ:** (گھائل) زخمی
کھہا ہو گیاس پر بولیا نئیں۔
(کھہا ہونڑاں) نقصان ہونا، ذلیل
خوار ہونا۔
(ٹھو ہٹھوں پانی نکلی گسناں)
بے خبری یا در پردہ بربادی نکلنا:
گمراہی میں کو بڑا نقصان کر بیٹھنا:
(اگلا کھہا کری گیا، اسکی پتہ ای نیئں)
جڑیں کٹوانا:

**کاہٹی:** ڈور کے ساتھ بندھا پتھر (روڑہ)

**کاہل:** (کاہلی) جلد بازی:

**کاہلا:** جوشیلا، ، بے چین، تیز۔ نرم نازک:
جے ماہیا تُھپے نا کاہلا چھتری چھام لوا
دیساں: ل گ

**کاہلی:** ابال، جلدی، شتابی، سوڑ، گھبراہٹ:

**کاہی:** دریا کے کنارے اُگی لمبی گھاس:
سرکنڈے، کھڑے پانی پر جمی سبزے کی
تہہ:

**کاہو، کہو:** ایک جنگلی درخت، سوٹی بنانے اور
کلہاڑے کے دستے بنانے کے کام آتا
ہے۔

**کائیاں:** ات چالاک، سیانا، کوّے کی طرح:
(چتر چلاک)

**کایاں:** کایا۔ تن، جسم، شکل:
جُون، دکھ بناوٹ:

## ک۔ب

**کب:** احمق، ہوڑمت، ہوڑی، ہٹ دھرم،
ظالم:
اڑی ضد، گھمنڈ۔ گمان۔ ظلم:

**کُب:** کمر کا ابھار (نکلی ہو کمر)
(کُبّے کڈھناں) خامیاں نکالناں:

**کبت:** کپت:
لوک شاعری کی قسم، اکھان بھرے
بول:
(اوت کبت) کپت، بکواس:

**کِبّر:** ۔ بڑا تکبر، مان، غرور، گھمنڈ:
(کِبر بولا پیش اسناں) اخ

**کُبہ:** (خم دار) کبجی
(اوہ د اڑا ڈُبہ جدوں کھوڑی چڑھیا
کُبہ) اخ
(کُبے کی لتے نا گُنڑ) اخ
(کُبے کڈھناں) مح۔ الزام تراشی کرنا۔
اینٹ کا ایک طرف کا آدھا گول حصہ:
جُھکی کمر والا (اوکڑیا وا)
رکوع کی حالت۔
(کُبہ کمہار) ایک نام:
آدھا گول، تیر کمان جیسا ٹیڑھا:
بنیرے کی کُبی اینٹ، کُبہ شیڈ:

(کُبی) مونث:

کبی: ناراض (الزام تراشی)

(کبی ہونڑاں) مح

کبیں: حرام زادہ (حرام کا بچ) (بیں، کبیں)

## ک۔پ

کَپ: (امر) کپناں (فعل)

کاٹنے کی حالت، کٹنا، کاٹ:

(کپی کپی کھانڑاں) مح۔ غُصے کی

حالت میں:

(کپ ٹک) حرام کی کما :

(کپ) کوپ، چا کی پیالی

(Cup)

(کپ ٹک) ماردھاڑ۔ ناانصافی:

(کپی ناں) گالھ:

کپاٹکی: کانٹ چھانٹ (بے ایمانی)

کپاٹکی کرنے ساں

کلوتری نے دندے ساں

(عارف ادیب)

کَپت: (ک۔۔پت)

(اُوت کپت) جومنہ میں آ :

(کپتی) مونث ( ) مذکر:

کِپت: (ک۔۔۔پت)

جوڑے ہو مصرعے (تگ بندی)

کپر: مغز۔ سر

کپڑاں: کانٹا (بوٹے کپڑاں)

(دُووے کی کپڑاں) مح۔ بدخو کرنا:

کو اس نے پتر ٹھا

کو اس نیاں ٹہنیاں کپے

(باقی صدیقی)

کپنڑ کوٹ: پرانے کپڑوں کا ڈھیر۔

کپڑیاں: (سُولاں) تیز دھار کی کاٹ:

(پیٹے اچ کپڑیاں پینڑیاں) مح

کپی: کاٹی ((کپی ناں) گالھ

کُپی: لوہے کی پیالی (موبل آئل کی کپیُ)

سے کُھلی اوپر سے تنگ قسم کی بوتل:

(کُپا) بڑی کُپی۔

## ک۔ت

کَت: گرم آ ہو کُتی (مُشکی) تحریک

کنارا۔ سرا:

کاتنے کی حالت۔

کِت کِت: کبڈی کھیلتے وقت سانس بھرنا:

(کِت کِت کرنا)

کُت: کتے کا مخفف:

کُتا نسل۔ کتے لوگ:

(کُت کھانڑ بوٹ) مح

(کُت) ٹیکس، مالیہ

صدرحمت آ آ سلطاناں

پھاگ لا ئیں کے کی

جھیڑا کُت لپاڑے کی

اوہے مُوہری نکے کی۔

(کت چباڑی) کتے کی شکل:

کُت کپت: گالی گلوچ، کتے کی طرح بھونکنا۔

شور کرنا: (کت کپت بکڑاں)

گالی گلوچ۔ بکواس:

کُت کتاڑی: گدگدی:

کُتّا: (اَسّہ کَتّہ) (اسوج کاتک) دیسی سال

کا آٹھواں مہینہ۱۰اکتوبر تا۱۰نومبر:
اسّے کتے نی بہارآ (گندم کی کا
موسم)
کُتا: (کُتا) مشہور وفادار جانور:
کمینہ، ذلیل۔بکواسی (بھونکنڑ آلا)
چوٹھا،فضول:
(رَجے کھرے نا کُتا پُھکھا) اخ
(نا نہہ کُتا تکھے نا نہہ کُتا بھونکے) اخ
(کُتے نی دُم کسے سو سال نلے اچ باہی
رکھی فرڈِنگی نی ڈِنگی) اخ
گھر جما کُتے نی جا (اخ)
(ماسی کُتے کولوں بچائیں تہاڑی لسی
کولوں توبہ) اخ
(ہوئے کُتے رہیے سُتے) اخ
(پیہڑا کُتا خصماں کی گالھ) اخ
(ٹکے نی ہانڈی گئی کُتے نی ذات پرکھی گئی
(اخ)
(لاڈلا کُتا مونہہ چٹے) اخ
(ہِک کُتا چکی چٹے دوا اس ناں ٹھوہ
چٹے) اخ
(کُتیا! تہاڑا مونہہ نئیں تہاڑے خصماں
ناں) اخ
(پیٹ تے کُتا وی پھری کھناں) اخ
(کُکڑ تے کُتے کُس رجا ؟) اخ
(کُتے کی کھیر نئیں پچنی) اخ
(کُتا وی جتھے بہنڑاں پوچھڑی ماری
بہنڑاں) اخ
(مونہے نال کُتے بناں) مح۔کُتے کی
طرح بھونکنا، ہر وقت بک بک کرتے
رہنا:

(کُتے نیں ٹھو چوں کڈھناں) مح
ذلیل وخوار کرنا:
(کُتّا) چِمٹا:
گتے کے ساتھ لگا ہوا کاغذ پکڑنے والا
چِمٹا:
(کُتیاں جوگا) کُتے کھا جائیں:
(کُت کھانڑ یوَٹ) کُتے بوٹیاں کھائیں
(کُتے پخاڑاں) مح، آوارہ پھرنا:
(دِر کُتیا جنگلاں سُتیا جنگلاں لغی لڑا )
(لوری)
(کُتے کی دِر کرنا) پرے کرنا، دھتکارنا:
(کُتے نی لک) مح، کُتے کو پانی ڈالنے والا
برتن (بُرا آدمی)
(کُتے گونہہ) فضول، بے قیمت ( ر)
بھیڑا، مندا، گندہ، مکروہ آدمی:
(کُتے نی پاں) کُتے کی خارش:
(کُتے ناپُتر) گالھ
(کُتے کھڑن) کُتے خصم بنیں (گالھ)
(کُتے نی جَت) بڑھے ہو بالوں کو
دیکھ کر کہنا:
(کُتے موتر) دار گُھم ( وم)
مکروہ:
چھتری دار:اور نجس گُھم (فضول آدمی)
(کُتے مُوترن) جگہ ویران ہوجا ۔
کھنڈر بن جا ۔کُتے پیشاب کرنے
لگیں۔خانہ خراب ہو:
(کُتیاں نیں مُوترے نی جاء)
(کُت جاہیاں کھناں) مح
مُڑی مُڑی کے اساں:بار بار آنا۔بے
شرمی، بے غیرتی ملناں۔ذلالت پر اترنا:

(کُتے کھان، کھانڑ) گالھ
(ہل کے دوران بیلوں کو ہانکناں) بیل
کو گالھی دینا:
(کُتا) سگِ مدینہ۔ ابو کہف کا کُتا:
(میں تیرے در دا کُتا ہوواں)
(جو مالک دی راکھی کردے صابر بُکھے
ننگے) س
(سُتے کُتے اعتبار نہ کریے.......) مصرع
(کُتے کھنگ) کھانسی کا روگ:
(کُتے کھاج) کُتے کھُرک (خارش زدگی
گھڑی گھڑی خارش کرنا، کھاجنا:
(کُتے پُوچھڑی) کُتے کی دُم، ان سدھریا
آدمی۔ بگڑا ہوا (ڈِنگا)
(کُتے فیل ہونڑاں) سائیکل کے چین کا
خراب ہونا:

**کتابڑی:** کتابچہ، پمفلٹ، چھوٹی کتاب، کاپی:

**کتاوا:** (کتا....وا)
ونڈہ، لیری گائیں منجھی نا پہاڑہ:
خوراک (کھل یا چوکھر ملا بھوسہ)
(کتاوا) بوٹ یا چپل کے اندر رکھا پتلا
چمڑا:

**کُتکاڑی:** گدگدی:

**کتر:** کانٹ، تراشہ، کاٹ (ٹاکی)
(کتراں) جمع۔ ٹاکیاں:

**کُترا:** مشین یا ہاتھ سے کٹا ہوا چارہ:

**کُترناں:** چارا کاٹنا، کچی فصل کاٹو کہ کرنا:
(کُترا) بھُو سے اور سبز چارے کا مکسچر:
(کُتر یاں لغڑیاں) کاٹ محسوس کرنا
کسی چیز کا بُرا لگنا:
(پیٹے اچ کُتر یاں لغڑیاں) مح

(جت لاہنڑاں) جانوروں کی طرح
بال کاٹنا:
سبزی کاٹنا، چھوٹے چھوٹے پیس کرنا،
چوہے کا کاغذ اور کپڑے کاٹنا، ریزہ ریزہ
کرنا:

**کتناں:** کاتنا (تند کڈھنی، پونی کڈھنی) چرخہ
چلانا:
کت گڑے نہ وَت گُڑے، لاہ
بھڑولے گھت گُڑے) نیک عمل کمانا:

**کتورا:** کُتے کا چھوٹا بچہ (کتورے) جمع
گِدڑاں وانگوں جے رہیے
تے جاجا پینڑ کتورے (سلطان ظہور)
کُتیاں نال کتورے ہونڑیں
بندیاں نے نال مُورے ہونڑیں
(عارف ادیب)

**کِتی:** (خط) لکیر
کنارہ (گولی پلے نیں کنارے)
(کِتی لائڑں) ہِک پاسے کرنا، کنارے
لگانا۔ باہر کرنا:
ہُنڑ صحیح کِتی لایا س:
(گِن) اکتیس (۳۱)
کاتنے کی حالت۔

**کُتی:** کُتے کی مونث (کُتیا) بے غیرت:
(سو کُتی آر پینڑاں) مح
(ملکاں نی کُتی گڈی ہٹھ آ چوں نیں
س کیتی) گل
(چھنی آلی کُتی آر) چھنی سے آ ایک
کُتی (مثال)
(صرفہ کری سُتی آٹا کھا گئی کُتی) اخ

.......................................................

## ک۔تھ

کتھ: (گل کتھ) بات چیت (مضمون)
کتھا سے نکلا لفظ
(کتھ) مختصر بات:
چناں تاریاں نال میں راتیں گل کراں
نا نہہ کتھ
چٹے دودھ اسمانے اپر دِسنے کالے رَتھ
کتھا: (چونا کتھا) پان کا مصالحہ
قصہ۔لمبی کہانی:
(کتھا چھوہنڑاں) مح
کُتھوں: کس جگہ سے، کہاں سے:
(کتھوں کڈھاں) کہاں سے لا ں:
کَتھی: بُوٹی۔جس سے مٹی کے کچے یا لسی وغیرہ
کے برتن دھو جائیں (بالنڑ وغیرہ)
کُتھے: کیہڑی جا ، کس جگہ (کہاں)
سچ آ کھاں تے رات کُتھے رہیاں؟
(اخ)
کُتھے کرُے: کہاں:

## ک۔ٹ

کَٹ: اثر:
(کو دوا کٹ نئیں پئی کرنی)
چیر، ٹک، کاٹ تراش:
(کٹ) کاٹ، کمیشن، ٹیکس:
(کٹ وٹ کرنا) ترمیم کرنا تحریر ادلی
بدلی کرنا:
(رنگ کٹ، رس کٹ)
(کٹ) چا کا آدھا کپ

کِٹ: فوجی بیگ:
(کٹ لانڑیں) دبانا، سزا دینا:
فول بنانا:
بھینس یا کٹی کٹے کو آواز دینا، روکنا:
(ہک لانڑاں) آواز دینا:
کُٹ: مار کُٹ، مار کٹا ، پٹا ، پھنڈ:
ڈھول کا ایک حصہ، جس پر ڈنڈا مارا جاتا
ہے:
(کیہڑی کُٹ) کو دور جگہ:
(کُٹ) کُٹھ، گوٹھ، بستی جو دُور ہو:
کٹّا: بھینس کا بچہ (نر) کٹی (مونث)
کالا موٹا (ہٹا کٹا)
(ستیاں نیں کٹے جا گنڑ یاں نیاں ں
(اخ)
کٹار: (کٹا....ر)
گل کٹار، پرندہ (بُلبل)
گنجی کٹار ٹھو ہ پتلے ناں
شامی کھا باٹ فزریں نکلے نا نہہ:
تین تارے جیسا، جدید ساز:
(Guitar)
کٹا کٹ: (تلواریں چلنے کی آواز، دبادب، فٹا
فٹ:
کٹاں: کونے دار، تکونی کاٹ:
(کٹاں آلیاں بانہہ) ایک فیشن:
بازو کاٹنے کا گُر، خوبی، طریقہ، شلوار
قمیض کی کٹا ، کٹا سلا :
کٹڑ: انتہا پسند (اپنے عقیدے پر پکا کار بند
رہنے والا) ضدی.....(نظریاتی)
کٹناں: (کوٹنا) (مارنا)
ڈنڈے یا مُنگلی سے کپڑے دھونا:

مارنا پیٹناں: دوا کٹناں:
(چوری ں) روٹی پر گھی ڈال کر
باریک کرنا:

**کٹوا:** مٹی کی بڑی ہانڈی، لنگر یا دعوت کے
موقع پر کٹوا رکھنا:
(کالا کٹوا) کالا سیاہ آدمی:

**کٹورا:** مٹی یا سلور کا پانی پینے والا پیالہ:

**کٹوی:** ہانڈی، ترکاری گوشت پکانے کا مٹی کا
برتن:
(کالی کٹوی) کالی سیاہ چیز:
(کٹوی نیں تھلے ار) بہت کالی چیز کی
مثال:

**کٹی:** (کاٹی) کاٹ کی:
بھینس کا بچہ (مونث)
(جاگنڑیاں نیاں ں)

**کُٹی:** (کُٹی) کاٹ، اَن بَن، بائیکاٹ:
(بول چال بند)
کٹے کی مونث۔
(کٹی کٹا نکھیڑناں) مح، ہتارا کرنا۔

**کُٹی کُٹی:** کُوٹ کُوٹ کر:
شرافت تے کُٹی کُٹی کے بھری وی سی:
مکئی کو ڈنڈوں سے کوٹنے کا عمل:
کُٹی کُٹی جا تکے نی بنا کڈھی چھوڑی س:
مار مار کر ادھ مویا کرنا (چنگا بنا کے
کٹناں)
بچوں کی ناراضگی:

## ک۔ٹھ

**کٹھا:** چھوٹی نہر (پانی کی گزرگاہ)

**کُٹھا:** ذبح کیا ہوا:
پارے میرے اونٹھ کُٹھا
ہڈیاں کولوں شورا مٹھا (بھرجات)
(ماکھی)

**کٹھیالی:** چھت کے بغیر چھوٹی چار دیواری والا
کچن:

## ک۔ج

**کَج:** پردہ کر (امر)
نقص۔

**کُج:** کُچھ:
آپوں تے کُج کری نیں سکڑیں
لوکاں کولوں کھسنے پئے آں
(عارف ادیب کیانی)

**کج کج:** کچھ کچھ، تھوڑا تھوڑا:

**کج، کج:** کو ءچیز، بعض (کُج بندے) کو یا
بعض آدمی:
(کُج) تھوڑا بہت، معمولی:
(کُج دانڑے بھلے کُج جندر ٹھلے) ارخ

**کج کجا:** کچھ، نہ ہونے والی بات:
جے کج کجا ہو گیا تے تہاڑی خیر نیں

**کج نئیں** نہ کُچھ ، سب خریت:

**کج نا نہہ کج:** کچھ نہ کچھ:
کج نا نہہ کُج تے ہوسی عارف
پڑھنے لخڑیں گُڑھنے پئے آں
(عارف ادیب)

**کجڑاں:** (کجناں) ڈھانپنا: پردہ کرنا:
جس نے پردے مالک کجناں
اووے سب توں چنگا (سلطان)

**کجی:** سنار، حاملہ، ڈھکی چھپی:
**کجے:** ڈھکے ہو (پوشیدہ)
ون سونی دنیا نے وچ
کو ننگے کو کجے ہونڑیں
(عارف ادیب)

## ک۔چ

**کچ:** شیشہ (کچا بلور) کچی بات:
کچا شیشہ، بلور (کچ وی منکا، لعل وی منکا)
(چوٹھ) خامی، کمزوری:
(کچ پک) کچی پکی، بے یقینی:
خراب نیّت:
**کچ داڑھیا:** خشخاشی ڈاڑھی والا:
**کچ ماچ:** (مکوہ) بوٹی، ساگ، ترکاری پکا جاتی ہے:
کچھڑی: بغل کے دانے
**کچ لہو:** گندہ خون، بے رنگا، کم سرخ، پیپ بنا خون:
(پا کونال نکلتی کچی رَت)
**کچ کواری:** نوعمر لڑکی، بن بیاہی:
**کچا:** ناپائیدار (کچی بات کرنے والا
نرم (ڈڈرا، سبز، ساوا)
(کچا کوٹھا) مٹی گارے کا مکان:
(کچا پکا) (ادھ پکا) ادھ گلا:
(کچا راہ) کچا راستہ، کچی سڑک، کچی گلی:
(کچا) اناڑی۔ سکھاندرو:
(کچا) نواں، ناتجربے کار:
(کچا) چھوٹھا، بے وفا:

(کچا) لا لگ، کناں نا کچا:
(کچیاں نیاں لغیاں گلنے ں پہرنیاں)
(کچا رنگ) رنگ جلدی اُتر جانے والا:
(کچا پَینڑاں) شرمندہ ہونا:
(کچا پئی گسناں) جھوٹ ثابت ہونا:
(کچا کاہ) ادھ گلی سبزی یا ساگ:
(کچا بُھنا) (ادھ بھُن) اَوہلاں:
(کچا پلا) ان پکا، ماڑا کو ہجا (جیئے جا تھیا)
(کچالو) کچالو (اربی) ایک گول جڑ (ترکاری)
(کچاوا) محمل، اونٹ پر بنی کاٹھی (عماری)
**کُچا:** نقلی، دونمبر:
سُچاتے کُچا:
**کچچ:** چج نہ ہونا، بے ہنر، **کچجا**، بے ڈھنگا:
**کچجی:** (ک..چج..جی)
بے سلیقہ عورت (پھوہڑرن)
**کچر:** (کچ...چَر)
کب تک، کس وقت تک:
(کدوں جیاں، کدوں تک (کچر تک)
عرصہ۔ معیاد:
**کچر کچر** : (کچ...چَر) (کچ....چَر)
کیچڑ میں چلنے کی آواز (کچر کچر)
بارش میں ہوا، نہایا ہوا (کچر کچر کرنا)
**کچرے جیاں:** کب تک، عرصہ، کدوں تک:
**کچرا:** کوڑا کرکٹ، گندگی (گند، گدڑ)
بچا کھچا:

( کچرا) دلیا، ٹوٹے دانے:

**کچکڑا:** کچاجھیا، پانی رنگا، سلیٹی رنگ ( گرے رنگ )
نقلی موتی ( کچ )

**کچم کچا:** بالکل کچا، اُکا کچا

**کُچلا:** کانٹوں والی روٹی جو کُتے کو مارنے کے لئے پکا جاتی ہے۔ زہریلی روٹی۔

**کچو:** چاقو:

**کچوچ:** جُت:
( کچوچاں کڈھناں ) مح
جُتاں کرنا، بال کی کھال اتارنا:
عیب جو کرنا، غلطیاں نکالنا، ڈکٹیشن دینا:

**کچوچ:** ساوا کچوچ، ات ہرا۔
(ایک سبز گھاس )

**کچے ہڈھ:** کچیاں ہڈیاں، جوڑ، اعضاء:
(نویں سو منجھ گاں ) سجر سو :

**کچی:** ( کچی ) زیادہ پانی ملا دودھ
( کچی ) وعدہ خلاف، ڈرپوک، نابالغ
( کچی پلی ) ان پکی۔
( کچی پکی ) نرسری کلاس:
( کچی گل ) کچی بات، ادھوری بات:
( کچی ٹاپ ) ان پکی روٹی:

**کچی بہار:** برساتِ کے گندے دن، مینہ رُت:
پھوڑے پھنسی کا موسم:

**کُچی:** جعلی، نقلی (سُچی تے کُچی )
( کُوچی ) چھوٹا برش:

**کُچی مُچی:** جھوٹی موٹی، جھوٹ موٹ:

( گوشت کی بدبو

کِدا: لیا:
(کِداسا) لیا تھا:
کداڑا: جنپ (چھلانگ) غیر سنجیدہ فعل:
(کداڑا کڈناں) مح۔ اچھل پڑنا
(جذباتی ہونا)
(کداڑے کڈناں) کلانچیں بھرنا:
کدالی: زمین کھودنے والا ہتھیار (کدال)
کُدرے: (کُرے) کبھی:
کُدناں: اچھلنا، کودنا، ٹپنا، قلانچیں بھرنا:
خوش ہونا، نخرہ کرنا، تکبر غرور کرنا:
(بندہ پیسے نے سرے اپر کُدناں)
آ کڑ دسنی:
کدنت: کبھی بھی ، بالکل :
کدوں: کب، کسوقت:
کب، کس وقت (کس ویلے)
کدوں ناں: چروکڑاں، کافی دیر کا:
(اوہ تے کدوں نا گیا وا)
کُدھر: (کیہڑے پاسے) کس طرف:
کُدھروں: کس طرف سے:
سارا پنڈ اچھانن ہویا
کُدھروں نکلے دردو چارا (سلطان)
کدے: کبھی، کسی دن (کدے تے سمجھ نادانا!)
کاش (کدے میں شاعر ہونڑاں)
کدے میں باہر چلا گسنا، کدے بدل
بری گسناں فصل چنگی ہو گچھے آر:
(کدے جاچے نیاں کدے مانویں
نیاں) اخ
(کدے تولے کدے ماشے) اخ
(کدے کدائیں) کبھی کبھی:
(کدے کُرے) کبھی کبھی:
عرصہ دراز، بعد: (مدتاں بعد)
(کدے کدار) کبھی کبھی: کسی کسی دن:
کدے کدے) کبھی کبھی:
(کدے نا کدے) ایک نہ ایک دن:
(کدے ناں) کبھی کا:
(کدے نئیں) کبھی (ایہہ گل
کدے نئیں ہو سکڑیں:
(کدے کُرے) کبھی۔ بہت عرصے
کے بعد۔

## ک۔ڈ

کڈ: نکال (امر)
کڈاہک: کہیڑا، گُج ( سارا)
کڈاھانڑاں: نکلوانا، پیسے نکلوانے، گھر سے
باہر کروانا:
(اچھن دے خصمے کی جے کھروں نا نہہ
کڈھایا تکی)
کڈھا :
کشیدکاری، پُھل کاری، سو سلا
کا کام:
کڈھناں: باہر کرنا، دِھکناں، کھدیڑنا:
نکالنا (کتھوں کڈھاں؟)
(کڈھناں بُنڑناں) بیل بوٹے بنانا:

## ک۔ر

کر: (امر) کرنے کا حکم:
(کرکتن وَل تھہیان کُڑے)

**کراڑ:** ہندو بنیا، بپاری:

**کرانٹھلا:** بغیر کُنڈے کی کڑاہی: لوہے کا پرانا برتن
جس میں کوڑا کرکٹ پھینکا جا :
گارا یا سیمنٹ ڈالنے والا لوہے کا کھلے
منہ والا برتن:

**کرانڑی:** چکر:
(کرانڑی نا کھار) بھڑ نما کیڑے کا گھر
جو دیوار کے ساتھ بناتا ہے:
(جس کی چکنی مٹی کان اور گلے پر لگا
جاتی ہے)

**کرانسل:** گندم کی کٹا میں ریتلی خاک اور میل
جو کاٹتے ہو منہ سر اور ہاتھوں پر جم
جاتی ہے:
(باریک ریتلے چمکدار ذرّے)

**گَراہ:** (راہوں کراہ) بے راہ:
راہوں کراہ نا نہ جایئے پہھاویں
ہووے دور (اخ)
(کراہ پینڑاں) مح۔ راستہ بھٹکنا:
(کوہجی راہ) غلط راستہ (پُٹھا چالا)
بلیڈ (ان پدھری ناہموار زمین کو برابر
کرنے کیلئے لوہے کا بلیڈ) پھٹہ:
(کراہ مارنا) پھٹہ جس کے گے لوہے
کی پلیٹ لگی ہوتی ہے بیلوں کے پیچھے
ہل کی طرح باندھ کر مٹی لے جانا، بھرا
کرنا:

**کراہت:** گھِن۔ نفرت:

**کراہنڑاں:** درد کی شدت سے آواز نکالنا، بخار
کی حالت، زخمی حالت میں نکلی آواز
نکالنا:

**کرا :** (تو کجھ کرا ایں) کرانے کی حالت

**کَربھل:** سلسلاہٹ، ہلچل، کیڑوں کا چلنا، بے
چینی:
(کیڑے نا کربھل کربھل کرنا)
زیادہ پیدائش:
ہجوم:

**کرتا دھرتا:** (بانی مبانی) ذمہ دار۔ بڑا:
(ساری کاروا کرنے والا)

**کرتُو:** نام نہاد معتبر (خواہ مخواہ کا نمبردار)

**کُرتی:** (کُرتی) زنانہ قمیض، انگرکھا:
(کُرتی، کُرتا) لباس:
(لال کُرتی) پنڈی کا ایک علاقہ:

**کُرجناں:** مایوس رہنا، غم کرنا، دل رنجیدہ کرنا:

**کَرّچ:** (ک..رَچ)
کپڑے کاٹتے وقت قینچی چلنے کی آواز:
گاجر مولی کھانے کی آواز:
(کرچ کرچ)

**کِرچ:** (کِر...چ)
(کِرچی) شیشے کا تیز ٹکڑا:
شیشے یا ہڈی کا ٹوٹا:
(کرچاں) جمع

**کَرچناں:** کریچناں (داند پیسناں) دانت
رگڑنا:
(سُتیاں راتیں دند کریچنے نی بیماری)

**کرکٹاں:** قطبی تارے:

**کرسالے:** لمبی گھاس کے سروں سے نکلنے والے
تیز اور نوکیلے بال (کرسالے)
(اسّے گتے نی بہار را میں پیدا ہو
(بھرجات)

**کِرک:** (کِر...ک)
آواز، ے کی مادن کی آواز:

کرکنڑی سے پیدا کی ہو آواز:
(مصنوعی آواز)
(کرک مارنی) مادن کی آواز نکالنا،
خوراک یا کھانے میں ملی ہو مٹی یا
ریت:
پتھر کی رگڑ (مٹی ملیا آٹا)
نفرت:

**کرکلی:** کڑیاں نا رقص، ناچ:
چھپکلی کی کٹی ہو تیز دم کا پھرنا:
(گول دائرے اچ تیز پھرنا) چکر کھا کر
گرنا، ککلی کھلینا:
(ککلی کلیر نی پگ میرے ویر نی) گ
ہاتھوں کی مضبوط کنگی بنا کر گھومتے
ہو کہنا:
پنجوں کے بل گول ناچنا، کرکلی باہنڑاں
(کرکلی چڑھناں) مح۔ انتہا مصیبت:
ایک پا ں ادھر ایک پا ں اُدھر:
(اندر پینیدی کرکلی باہر پینیدا ہاسہ)
ل، گ

**کرکرا:** کرک والا، ریتلا:
اَن بھانا، بے سوادا:
شرمندہ ہونڑاں:
بے ذائقہ (سارا مزہ کرکرا ہو گیا)
کھرے نی کھنڈ کرکری باہر نا گُڑ مٹھا
(اخ)

**کُرکڑاں:** (کُھرکڑاں) غُرانا (کُتے کی عادت

**کرکڑاں:** رڑکنا، ہڈیوں کا آپس میں رگڑ کر آواز
پیدا کرنا:
(کریچناں)
(جوڑے آلے کھوہے نا ہولیں ہولیں

چلنے نال آواز پیدا کرنا:

**کرکی:** (ک...رَک...کی)
(لوہے نی کرکی) مح۔ مضبوط چیز:

**کرگاں:** رگیں، پٹھے (ناڑ)

**کرگاہ:** (کارگاہ) لکڑی کا ڈھانچہ جس پر ازار
بند بُنا جاتا ہے:

**کرلاں:** آہیں۔
درد اور تکلیف سے نکلی آواز (جمع کا
صیغہ)

**کُرلانڑاں:** (کونجے آرروناں) آہ زاری
کرنی:
(نا نہہ کونج وانگوں کُرلاندی میں) گا

**کُرلی:** کلی:
(کُرلی کرناں) منہ میں پانی پھیرنا۔
منہ صاف کرنا:

**کرنیاں کرنا:** مح۔ کم پورا کرنا، نبھانا، ذمہ
داریوں کو پورا کرنا (بڑا ابنا)
بادھے کھاٹے پورے کرنا:

**کرَنڈ:** (کھرنڈ) بارش سے کھیت کی سخت
ہو تہہ: پھوٹ، زمین کے اوپر کا
سخت حصّہ:
بارش سے بویا ہوا بیج زمین میں دَب
جانا (کرنڈ پئی گئی)

**کرُنڈ:** سمٹا ہوا:
سردی وغیرہ سے جسم کو سکیڑ لینا۔

**کرنڈوا:** سلاخوں والا تختہ، جسے زمین میں چلا کر
کرنڈ کو دوبارہ نرم کیا جا تا کہ بیج
آسانی سے نکل آ (کرنڈوا پھیرنا)

**کرنڈی:** کرنی۔
تیسی کرنڈی، راج مستری کا ہتھیار:

(کرنڈی) سرسوں کا تیل یا گھی ناپنے
کی دستی لگی کولی:
(دوکرنڈیاں تیلے نیاں باہی دیو)
معیاری کپڑا (کرنڈی نیں کپڑے)
**کرنگ:** ، ڈھانچہ (سُکا وا جسم)
(سُکی کے کاں بنڑیاوا) مریل۔ ہڈیاں
نی مُٹھ:
(کرنگ) بے رنگ:
نالہ کرنگ، نالئی:
(کرنگ بننڑیں) چھوٹی نہر (کسّی)
**رکرناں:** بکھرے بکھرے ہونڑاں، الگ ہونا
ہِک ہِک ہونڑاں:
پردیسی ہونڑاں، جُدا ہونا:
(رکرناں) رکراں رکراں کرنا،
کھیو تے مصالحہ الگ ہونڑاں:
اچھے چاول کی نشانی (اچھی پکا )
(ہِک ہِک چاول رکر یاوا)
**کرنی:** کم، عمل: (کرتوت)
معجزہ، کرامت، اولیا (اللہ نی کرنی)
**رکرنی مُٹھی:** (آہستہ آہستہ) ایک ایک کر کے۔
خرچ کا پتہ نہ چلنا۔
**کرو:** (کر....و)
ڈِنگ، موڑ (ایل بو)
**کرُو کرُو:** کُتے یا اور کو نسل جس کے زیادہ بچے
ہوں: کیڑے مکوڑوں کی آواز۔
**کروا:** ٹونٹی والا پانی کا برتن، لوٹا:
**کروٹھا:** کتنا کُچھ؟:
(کروٹھے ناں؟) کتنے کا:
**کروگی:** گھریلو۔
**کرُوسلاں:** گوسنے

**کرول کرول:** (کَر۔۔۔وَل)
لاتعداد رینگتے ہو کیڑے:
کیڑوں کی پیدائش:
**کرول:** چالاک (کائیاں، چاتر، کرن ہار)
قدم، ناپ (کرم)
**کروندا:** (کَر...وند..دا)
کارآمد۔ مفید:
**کروندا:** (ک..رَوں..دا)
اچاری پھل، زردہ پکانے میں کام آنے
والا:
**کرونڈیا:** سپ، زہری، غصیلا:
**کَروہ:** گوہ (سانڈے کولوں بڑی)
(سپ جتنا لمبا کَروہ اتنی چھڑی) ارخ
**کروہڈ:** لمبا فساد۔ بھیڑ جھگڑا (افسانہ) علی
عدالت:
**کروہڑاں:** دبا کر رگڑنا، میل اتارنا:
**کرہ:** گہا کے لئے کھولی ہو گندم:
گول چکر:
**کُرے:** کہیں، کبھی:
(کُرے چلا گیا ہوسی؟) کہیں چلا گیا
ہوگا:
(کُرے اچھیاں ناں) کبھی آ نا:
**کُرے کُرے:** کبھی کبھی:
**کرَیت:** فرق، نفرت۔
**کرَیہت:** گندگی کا احساس، بُو۔
**کریچ:** نفرت:
مٹی ملی چیز، ریتلا پن:
دانتوں میں آ ہو رگڑ:
پرانا کریچ آدمی (ات چالاک)
**کریچی:** بیل گاڑی، گڈھ:

(کرینچی مارناں) کبڈی میں ہاتھ چھوڑ
کر دونوں لاتوں سے پھنسا کر گرانا:
کراچی شہر:
**کریوں:** مونگ ماش کا پھل (پھل پھول لگنے کا
زمانہ)
**ِکریا:** الگ ہوا:
(ِکریا ِکریا کون ِکریا؟) ب۔گ

## ک۔ڑ

**کڑکڑ:** درخت گرنے کی آواز:
**کُڑکُڑ:** مرغی کے بولنے کی آواز:
(اٹھے پہر گھرے اچ کُڑکُڑلغی رہنڑی)
بری بات:
(انٹا کتھے تے کُڑکُڑ کتھے) اخ
**کُڑا:** دائرہ (کڑامارناں) گول دائرہ کھنچنا:
**کڑامار:** جانوروں کی بیماری پردم کرنے والا:
(کڑا) لوہے کا گول سریا:
بازو کا گہنا۔
**کُڑا:** (بڑی کُڑی) طنز
**کڑاں:** مرغی کی آواز:
**کڑاکا:** انگلی کا چٹخنا۔
(کڑاکے کڈھناں) مح
**کڑانکڑاں:** انڈے پرآ ہو مرغی کا بولنا:
**کڑانگا:** (کڑاں....گا)
کڑواپن، گلے کو لگنے والا:
**کڑا :** (کڑا....ا )
(ونڈہ کڑا ) مساوی تقسیم:
**کڑاہ:** حلوہ پکانے والا گول کڑاہی نما:
(رس کاڑھنے یا حلوہ پکانے والا لوہے کا
بڑا گہرا تھال)
**کڑاہی:** حلوہ:
(سڑے کی ساڑ بیئے نِت کڑاہی
چاڑ بیئے) اخ
(کہہ ای؟) کڑاہی اے:
کہہ ای: کڑاہی اے کھاسیں؟:
گول کھلے منہ والی ہانڈی:
گارا اور سیمنٹ استعمال کرنیکے لئے
لوہے کا کھلے منہ والا برتن:
(بڑا کرانٹھلا)
**کُڑتی:** (کُڑ...تی)
قمیض، چھوٹا کُڑتا، عورتوں کا پہناوا:
**کُڑتا:** (کُرتا) کُھلی قمیض:
کُڑتا وی خاکی اے
شملہ وی اُچا اے
لاچہ وی سُچا اے.... (باقی صدیقی)
(کھومیاں آلا کُڑتا) تریزوالی قمیض۔
**کڑچھی:** (کڑ....چھی)
حلوہ یا چاول ہلانے والا سیدھا چمچہ:
**کڑچھا:** (کڑ..چھا)
دیگ ہلانے والا بڑا چمچہ۔
(آ گو) نام نہاد آدمی۔
**کڑک:** (کڑ...ک)
دل میں چُبھی ہو بات:
دل کو توڑنے والی بات:
(دلے اچ کڑک رکھڑیں) مح
**کڑک:** (کڑ...ک)
بھاری آواز، گرج، غصّہ (بدلے یا بجلی
ناں کڑاکا)
(کڑک رکھڑاں) دل میں رنجش رکھنا،



(کڑّ لا کڈھناں) مح۔سرپرائز دینا:
کارنامہ سرانجام دینا: بڑا کام کرنا:
کُڑم: (تھی پُتر ے نیں سوہرے)
کڑما: منگنی کی رسم:
(رنڈا کرن گیا کڑما، آپڑیں کرے یا
پرا (اخ
کڑوکے: (کھڑوکے)
خراٹے:
اُٹھ جاگ کھڑوکے مارنیں
ایہہ سوونڑ تیرے درکارنیں
کڑوہلا: (کھڑوہلا) انبار
(مٹی یا چادر کا دانے زخیرہ کرنے والا
برتن:
کڑوہلی: چھوٹا گھڑا
شادی کی رسم (کڑوہلی پھرناں)
کَڑھناں: جوش کھانا۔ہانڈی کا اُ
کُڑھناں: دِل جلانا:
کڑی: زنجیر کی ایک کڑی، حصّہ:
کڑی: ایک پکوان، سالن، لسّی میں مصالحے
ڈال کر پکانا:
(جیہے جی تہاڑی مُچھ داڑھی، اوہے جہی
اساں کڑی چاڑھی) اخ
کڑی: (بڑنگا)
لکڑی کا شہتیر:
(سانے نی چھوڑی نہ کوٹھانہ کڑی) اخ
(کڑیاں) جمع
تیرے گھبرو کڑیل وانگ کڑیاں (ع)
(سلطان ظہور)
کَڑی: (کڑیاں) جمع۔مکانوں کا لمبا سلسلہ:
کُڑی: لڑکی، بالغ لڑکی (کُڑی اے یا پٹاخہ)

(چھوہری، مٹیار، جاتکڑی)
(نِکی جہئ کُڑی لمب بودھا) بھرجات
(سو دھاگہ)
(کُڑی پیٹ گندم کھیت آ جمایا منڈے
کھا) اخ
راہے اچ کُڑی ہک تکی
ارماناں نی چڑھنی ٹھکی (باقی صدیقی)
کُڑے: اے لڑکی (مخاطب) چرخہ کت کُڑے:
کڑیاں: (کڑواہٹ) کڑواپن:
(کڑیاں مارناں) تارے میرے کے
تیل کو گرم کر کے اُس کا کڑواپن دور کرنا
(اثر ختم کرنا)
(کڑیاں کڈھناں) مح۔مزاج تبدیل
کرنا: آدمی کو ٹھنڈا کرنا: آکڑ ختم کرنا:
کڑیاں: جنگلی پودوں کی سوکھی ڈالیاں:
سرسوں کی فصل کی کٹی شاخیں۔جن سے
بیج اتار لئے گئے ہوں:
(تندور یا چولہے کا ایندھن)

## ک۔س

کَس: قدرتی جنگل (ویرانہ) پانی سے کٹی جگہ
پھٹی زمینیں:
(کس درڈ) پانی سے بنے بڑے نالے:
(فی کس) اوسط فی آدمی:
(کس چڑھنی) بخار، تاپ:
کُس: (کہڑا، کہڑی) کون، کس نے:
کُس اگے فریاد کراں میں
کلھی بہہ کے یاد کراں میں
او کھے او کھے ناں.....(باقی صدیقی)

**کُس:** زنانہ گُجھا انگ، شرمگاہ:
(تہاڑی ما نی کُس) گالھ
(کُس کپی نیاں) گالھ
(خواہر کُس) ایرانی گالھ
**کسّا:** گھٹی چیز، کسری، تھوڑا، گُجھ، گھٹنا:
(کسر میں رہنا) گھاٹا، فرق:
(کسّا مارناں) زور سے گھسانا (دَھکے
کی حالت:
**کسار:** گندم کے خوشوں پر آ ہو تیز
بال:
(جس ایلے بال اسنے، کنک کساری
گسنی)
سخت کھر درے اور تیز بال:
**کساڑاں:** ٹالنا، دیر کرنا:
**کساندا:** جوشاندا، کاڑھا (ایک دوا)
**کساوا:** (قصاوا) قصاوا مال:
قصا کے قابل مال مویشی:
کمزور۔ بیمار:
(ہلے آلا) (دُڈّھے آلا) تے کساوا:
تین قسم کے جانور:
**کساواں:** (گھساواں) تھوڑا ایچت کے ساتھ:
**کسا:** گھسا، ٹال مٹول کرنے والا، بہانے
باز:
**کسب:** (کم کاج) پیشہ، شُغل:
روپیہ (پھڑ) بہانہ:
**کسبہ:** کام، علت (ہر وقت کا شغل)
**کسبی:** ہاتھ سے کام کاج کرنے والا:
ہنری، کاریگر: کسب کرنے آلا:
(عیبی)
**کسّر:** تھوڑا، نقصان، گھاٹا:
(کج، مند) خرابی، روگ:
(کسر لغڑیں) فرق پڑنا، کمی پڑنا:
(کسراڑیاوا) بیماری میں مبتلا:
(کسراں) جمع
(کسراں موڑنیاں) بدلہ لینا، پچھلے
گھاٹے پورے کرنا:
(کسریاوا) بیمار، سُست (نقصاسنی)
**کسرت:** (ورزش)
**کِسرے:** کِس طرح، کیسے:
**کُسڑاں:** چھکڑاں، قابو کرنا، زور لگا کر پکڑنا،
کھینچنا، تاننا (کھینچ کر باندھنا)
تنگ کرنا:
کھینچناں (چھکڑاں) کَس کر باندھنا۔
زور لگا کر باندھنا، بڑی ٹائٹ کرنا:
(کَسّی کے بنھاں)
**کس لَے:** کس وقت، کب:
**کُسناں:** کِس کا (مالک کون)
**کُسناں:** ذبح ہونا، قتل ہونا، کوہیا جانڑاں:
(کُساوا) کٹھاوا، ذبح کیا
ہوا، مرنا (ڈاہڈی موت)
: (ماڑا سنگ، ماڑی صحبت) بُری دوستی:
**کسنگی:** (بھیڑا سنگی، کھوٹا) بے وفا ساتھی:
(نال کسنگی سنگ نہ کریئے کل نوں لاج
نہ لائیے) مصرع
**کسوہنڑاں:** بدصورت (بدشکلا)
**کُھسا:** رگڑ یا دھکے کی صورت:
(کھسا مارناں) زور دے کر گھسانا:
**کُھسا:** کسر، فرق: (کُھسہ کڈھناں) فعل
**کُسہنّاں:** (کُ.. سُھن ...ناں)
گھونسہ:

**کسی:** دردحیاتی ڈھونگی کسی
ایہہ دُنیانی کھٹی لسی
چھکاں چھک نہ سکاں (باقی صدیقی)
برساتی نالہ تنگ پیٹ والا جو گہرا نہ ہو:
چھوٹی نہر، سوآ، کھالی۔
قدرتی اور صاف پانی کا بہنے والا نشیبی
نالہ:
(چھوٹا کس) پتلا، کم گہرا:
(جھانگڑی) گھنے درختوں والی جگہ،
تھوڑی ویران، غیر باد زمین:
چھوٹا کس، ویران جگہ:
نشیبی زمین، برساتی نالہ، قدرتی پانی بہنے
کی جگہ:
(کسّی دار گسناں) ٹٹی پیشاب کرنا:
(کسّی دار کھڑناں) بُری بات، عیب:
کسی وچوں فزریں
لبھی اس نی لاش
دادو ہک بدماش
(باقی صدیقی)
(کسیاں) جمع:
(بڑھیاں کی کسیاں دسناں) اخ
منڈیاں تکیاں میلے تکے
کسیاں جنگل بیلے تکے
(عارف ادیب کیانی)

**کسیٹی:** گھسیٹی
پاخانے کرنے کے بعد چوتڑوں
کو رگڑناں
(کسیٹی کرنا)

**کُسے:** (کسی) کسی آدمی نے
کُسے رکیہ کہہ لغے؟
کُسے نی ماءنیں سو .........

## ک۔ش

**کش:** سگریٹ یا حقے کی کش:
(کش لانڑاں) حقہ پینڑاں، دھواں
چھوڑنا:

**کُشتہ:** مارا ہوا (کُٹھا) (سونے کا کُشتہ)
سنیاسیوں کا کام، ایک دوا:

## ک۔ف

**کف:** بازو کے سرے:
دھات کی میل (کف کُھلنی پئی)

**کُف:** خاندان:
(کُف ناویری) اپنے خاندان کا دُشمن:

**کفناڑاں:** کفن لپیٹنا، کفنیر ناں، مُردے کو کفن
دینا:
(مرگ رسم)

**کفنی:** درو کاان سیا کپڑا، بغیر بازوں کے
کُرتہ:
(دوہرے ایپرن کے طرز پر)

**کفور:** کافور، مشک کافور (اک چٹا مسالہ)
(خشبو)

## ک۔ک

**ککّا:** کسیرا، بھورا (دھموڑی رنگا) سنہرا
(مٹیالا گھوڑا، ککاوُ چھا)
( ں مُچھاں آلی رَن)

(نرول کھرا آدمی)

**ککارا:** شور، ہلا گلا، چیخ پکار، کرلاٹ:

(رونڑ کوکنڑ)

(حال پہریا)

**ککّر:** (کورا، جمیا واپانی، گھنی ٹھنڈ)

(ات سردی) سردیوں میں پانی کی سطح پر
جمی تہہ والی برف، شیشے کی مانند:

(ککّر جمڑاں) مح

**کِکر:** کیکر، مشہور مسواک بنانے کا درخت:

(کِکرے نے بالے) کاٹھ:

(کِکر تے انگور چڑھایا ہر گچھا زخمایا) س

(اساں نے کھرے نے پچھے .....) نظم

**ککرایا:** ککر جما پانی:

**ککری:** (ککری پتھری) گُردے کی کنکری:

**کِکری:** چھوٹا کیکر، چوڑی اور گھنی چھا ں والا:

بساہ نا نہہ کھانڑاں:

انتہا اشت کرنا:

(کِکری کِکری کرنا) مح

ماں کا انتظار:

(ساری رات ماء کِکری کِکری کرنی رہی
س:

**ککریل:** انڈے والی مرغیوں کے (نر) بچے
(کاکریل) جنکو سے ہی علیحدہ کر
دیا جاتا ہے **(Sexing)** کر کے الگ
کرنا:

**ککُرے:** (اکھیاں نا اڑکا)

(ککرے آ راڑ کڑاں) مح

**ککُّڑ:** مرغا:

(ککُڑ تے کُتے کُس رجا ؟) اخ

چٹا ککڑ کہوا چھوڑو
شملے دور کھساں پھاویں قید کرا چھوڑو

(ماہیا)

(ککڑاں ناں بگ) بہت ساری مُرغیاں:

(ککُڑ خانہ) پولٹری فارم:

(میں وی ککُڑ کھاساں) پوٹھوہاری ڈرامہ

**ککُڑ پال:** (فارمر) (کوکڑی) انڈے مرغی کا
کام کرنے والے:

**ککُڑ خانہ:** مرغی خانہ:

**ککُڑ کوں:** مرغے کی آواز (بانگ) اذان:

**ککُڑ کھانڑاں:** مرغے کھاناں، اچھے کھانے کھانا:

(ککُڑ تے کڑائیاں کھانڑاں) مح

**ککُڑ کھُڈا:** مُرغیوں کا ڈربہ:

**ککُڑی:** مُرغی (مونث)

(ککُڑیاں: مُرغیاں:

(ککُڑی آ پڑیں ماڑی نا نہہ وے تے انٹا
دووے نے کھارنیں دینڑیں) اخ

**ککی:** سنہری (ککے رنگ کی گھوڑی **(Bay)**

**ل:** (ککی .... یاں)

سنہرا پن:

( ل نماشاں) غروبِ آفتاب سے
کا وقت:

( ل نیں ٹھوک) ایک گا ں کا نام:

(ککے بال) سنہری بال (گوریاں ار)

(ککے بوجے) لال اور سفید رنگ کے:

(ککے) ایک قوم:

**نڑاں:** بندر کی آواز (بولنا) چیخنا:

---

## ک ۔ کھ

---

**ککھ:** خس و خاشاک (گوڑا)

جیہاں نے وچ ککھ وی نئیں
نآں نانہہ کھیاں میلے ناں
(عارف ادیب)
(ککھ گریلا) بالنڑ: چھوٹی موٹی
شاخیں۔
(کگھ ہلیا تے چور چلیا) اخ
(ککھے نی عزت نانہہ رہنڑی) مح
(ککھ پہھنی دونانہہ کرنا (اَت نکما نکھٹو،
بال ویہلا: (کم گھسا)
(ککھے کولوں ہولا) مح۔ عزت وقار نہ
ہونا:
(ککھے سوں لکھ ہونڑاں) اللہ کا کرم ہونا،
زمین سے اٹھا کر آسمان پر رکھنا، امیری
غریب کا مالک اللہ:
ککھوں ہو پھاویں لکھ
نئیں رجی فر وی اکھ (شیراز طاہر)
(ککھیں پلائیں ہتھ باہنڑاں) مح
ڈوبتے کو تنکے کا سہارا
(ککھوں کانوں نکلناں) مح۔
بے قدری ہونا۔

**کُکھ:** کوکھ، بچے دانی، رحم، کونا، کھونجا:

**کُکھی:** (کُکھی مکھی) مفت خورے۔

## ک۔گھ

**کُگھی:** فاختہ:
**کَگھی:** رِندھی ہو آواز:
(کگھی باہنڑاں) ایک ہی آواز میں
سب کچھ کہنے کی کوشش کرنا:

**کُگھو:** وِسل۔
"مُنشی مُچھاں وٹ کے گجیا
مِل نا کُگھو وجیا"
(باقی صدیقی)

## ک۔ل

**کل:** آنے والا دن
"اج نے سہاگے وچوں
کل نی انگاری کڈھے
نویں اگ لا" (باقی صدیقی)

**گَل:** مشین:
(گل) مشین کے پُرزے:

**کُل:** سارا، تمام، نسل، قبیلہ (پیڑھی)
(جوڑ جمع) پونجی، کُل رقم:

**کِل:** میخ، میکھ۔ ناک کا کوکا

**کِل کِل:** جھگڑا، بحث، گپت

**کل کلوتر:** اج تو کل، آنے والا کل (آئندہ)

**کلا:** کلا بگڑنا، مشین کا خراب ہونا، کسی
پُرزے کا کام نہ کرنا:
فتنہ، لڑا، جھگڑا:
(کلا خراب) دماغ پھرنا:
(کلا کلالا رکھڑاں) جھگڑا فساد کھڑا
کیئے رکھنا:
(کلا) قلابازی، اُلٹ بازی، ہنر:
گُن:

**کِلّا:** کھونٹا
بیل گا باندھنے کا کھونٹا:
(کلا بڑناں) مح:
(کلا قا ہونڑاں) مح

منج کلے نے زورے اپر کھہرنی) اخ

**کلاڑی:** (چکتی)

**کلاں:** کل کی جمع (کل کلاں)

(کلاں) مشینیں

(سوکلاں ہتھ ہلاں) اخ:

"ٹُرناں پھرناں فتنہ

سُتیاں کلاں جگا "(باقی صدیقی)

(سُتیاں کلاں جگانڑاں) مح۔مُردے اکھیڑنا۔

**کلاں:** بازارکلاں (اوزاروں وغیرہ کا بازار)

**کلات:** کمینی عادت (کلاتاں) جمع

**کلاتروں:** پیٹ اور بغلوں کے دانے:

(ایک نحس بیماری)

**کلھاٹ:** پہلوان (کہول کرنے آلا) کُشتی کا ماہر

**کلاچ:** (ڈگ) دلا ہنگ، ہرن کے بھاگنے کا انداز:

(کلاچاں بھرنا) اُچھل اُچھل کر دوڑنا:

**کلاڑی:** دُنبے کی چکی (چربی دار حصہ)

**کلاوہ:** دونوں بازو ں میں آنے والی چیز:

(کلاوہ مارناں) بغل گیر ہونا،

جپھا مارناں:

(کلاوے اچ نہ اسناں) زیادہ موٹا:

(کلاویوں باہر ہونڑاں) بہت موٹی چیز، بڑے پھیر والی چیز:

**کُلاہ:** دیسی ٹوپی، سہنری نوکدار ٹوپی (کُلاہ)

(کُلھے اپر پگ بھنی)

شادی بیاہ پر دولہے کو پہنا جانے والی دستار:

**کِلاہ:** کھونٹا، بڑا کیل، جانور باندھنے کے لئے:

(کِلاہ بڑناں) (اوکھا ہونا) مصیبت میں گرفتار ہونا:

(کِلاہ بڑناں تے فریاد اسنی س ایویں نئیں)

مصیبت کے وقت یاد کرنا، پناہ لینا:

(کِلا پٹناں) نیزے بازی کرنا:

معرکہ مارنا:

(کِلاہ ڈاہڈا ہونڑاں) تگڑی سفارش ہونا

(کِلاہ) کِلا زمین:

**کلاہنڑاں:** (عیب نکالنا) بُرا بیان کرنا:

**کلبوت:** شکنجہ، لکڑی کا فرما، اڈا:

(کلبوت چاڑھناں) مح

**کلبوتر:** کبوتر، مشہور پنچھی (پرندہ)

(کبوتر بازی) کبوتر اڑانا، شرط لگانا:

(لہکا کلبوتر، گاشی کلبوتر، جانگلی کلبوتر)

(کلبوتری) مونث

(جے ہواں میں کلبوتری) ل گ

**کِلّپ:** بالوں میں پھنسانے والی بڑی فیشنی سُو:

بالوں کا ایک گہنا (کیچر)

بالوں کو جُوڑہ بنا کر پیچھے کلّپ لگانا:

(Clip)

( رکھدی کلپ والا پاسہ) گ

**کلچوڑاں:** کنپٹی:

**کلچیٹ:** کالی چڑی۔

**کلشورا:** کالے رنگ کا شوربہ۔

کالے رنگ کا آدمی۔

**کِلک:** (کِل..ک) واحد:

کِلکاں (جمع) نرسل:

**کلھ:** (اکل، کلیاپا) (اکلاپا) اکیلاپن:

**گلھا:** اکیلا، چھڑا، ایک آدمی:
صرف، بزا (اُکا)

**کلکانڑاں:** گھی یا تیل کے اندر خوب جلانا:
(کلیجہ کلکڑاں) مح

**کللنگہ:** بازوں کو سے ہاتھ ڈال کر قابو کرنا:
دونوں کندھوں کے اردگرد (آٹھ) کی
طرح بندھی ہو پٹی (کللنگا مارناں)

**کلف:** (ہار)
چاول کی پیچ (مایاں) اکڑ:

**گُلفا:** ساگ کی ایک قسم:

**گُلفت:** کوفت (پریشانی)

**گُلفی:** مٹی کا ڈو (ٹھنڈا کھویا)

**کلھم کلھا:** :
ہک بوٹا کلم کلھا
سڑنے بلنے راہیاں کی
پیار نی پکھی چھولے
(باقی صدیقی)

**کلما کنڑ:** کلموہی۔
: قولنج (بادگولا)

**گلُو:** سادہ بندہ:

**کلُوت:** نجس۔گری عادتوں والا:

**کلوتر:** (گل۔۔وَت۔۔تَر)
بڑا آرہ۔۔(ظالم ۔بےرحم، سنگدل)

**کلوتری:** آری:
کیہڑا بوٹا کپڑاں ایں؟
کلوتری نے دندے تک
(عارف ادیب)

**کِلھناں:** (کِھلناں) زور لگانا (نہ اہیڈا کلھ)
(اوکھا ہونڑاں) بے رخی سے جواب
دینا: اُکتا کر بولنا، جوش سے بولنا

(ٹل لگانا)
(قبض کی حالت میں پیشاب بیٹھنا)
(سُووے کھوتی کلھے کمار) اخ:

**کلھوٹا:** اناج کی کوٹھی۔ انبار (بھڑولہ) اناج
رکھنے کیلئے مٹی یا لوہے کی چادر کا گول
برتن:
(سوکلھوٹا تتر موٹا چل مداری پیسہ کھوٹا)
(ب گ)

**کلھوڑا:** اسم (واحد۔مذکر)
بدصورت:
(کلھوڑی) واحد۔مونث
(کلھوڑے) جمع۔مذکر

**کلوکھارے:** ظلم، بربریت۔

**کلونت:** اسم صفت (واحد۔مذکر)
گائیک (کنجر کلونت) گانے بجانے
والے:

**کہلا:** (واحد۔مذکر)
اکیلا، :
(کہلے کھوڑے نیاں ٹُھمماں نہیں
ٹُھمڑیاں) اخ

**گلی:** اسم (واحد۔مونث)
ڈوڈی (ان کھڑیا پھل)
(چھڑا بول مصرع)

**کِلی:** اسم (واحد۔مونث)
چھوٹا کلا، کھونٹی، ٹنگنی، دیوار گیر:
(ہک ہک کِلی اپر ٹنگیاں ہتھیں آپوں سو
تصویراں) مص
(میخ) لوہے کی کیل:
(کِلی) مونث
(کِلی سادھناں) مح۔تو بڑی کِلی

سادھی یاں ایں؟

**گَلی** : اسمِ صفت (واحد۔مونث)

گونگی (گلی نیاں □سر

کام۔روزگار(کم کاج)
(بُرے کماں نے بُرے نتیجے)اخ
(کموں کاجوں ر طالب میاں فضلےؒ
نی)اخ
(کم چاؔہی ناں چم نیں چاہی ناں)اخ
نوکری،،پیشہ،کسب:
کم چلانڑاں: گزر اوقات کرنا، گزارہ:
(وقت ں ویلا لنگھانڑاں)

**کمام:** کم دھندا، کاروبار، کما ناذریعہ
کما ،آمدن، کارگزاری:
(کمام)(پُٹھا کم)
(کو کمام کیتا ہوسی س)

**کما :** کما پُتر(کمان والا، کما کرنے آلا،
کھٹی کرنے آلا:
(کمانڑاں)کھٹناں کماناں:
روزی کمانے والا، گھر کا سربراہ:

**کمبڑیں:** (کپکپی)(تھر ) کانپنے کی حالت:
سہییں نال کمبڑی نیں کھلنی:

**کمل:** جھلا پن، خلل، پاگل پن، دماغ کی گڑبڑ

**کملا:** جھلا، دیوانہ، سودا :
( )جمع۔جس نے کھر دانڑیں
اس نیں وی سیانڑیں

**کملانا:** (مرجھانا)اداس ہونا:

**کملی:** چھوٹا کمبل(کالا بُھورا، دُھسا)
(میں تے چھوڑناں پر کمبل نیں چھوڑنا)
(اخ)
(کملی، ،سودا )
(کملی نہ لا اکھیاں۔۔)گا

**کمی:** (تر کھانڑاں لوہارا کرنے والے لوگ)
(کمی جمی)مہتر۔چھوٹی ذات کا آدمی:
کاریگر طبقہ:
اساں نے کھرے اچ کیہڑی گلے نی
کمی اے؟(کمی کھاٹا)تھوڑ:

**کمیرا:** کم تر، ناچیز(چھوٹے پن کا اظہار)
سجدیوں اُٹھ جبرئیلے آ خیا میں ناچیز
کمیرا:

## ک۔ن

**کن:** (کان)
(کن مارناں)مح۔پرے رہنا:
ڈرنے کی حالت:
(ڈووے کن خبر نا نہہ ہونڑاں)مح۔
کانوں کان خبر نہ ہونا)انتہا راز میں
بات کرنا:
(کن کپ تھغڑی لا)اخ
(لم کناں)لمبے کانوں والا:
(کناں توڑی)چالاک ہوشیار آدمی:
چھپا ہوا رُستم(وچوں کناں توڑی)
(کن کڈناں)کمزوری کی حالت:
(کن پتلے ہونا)گھنڈی پوٹے نی
شکایت:
(کن )کانوں کی ایک بیماری
(سوجھن)
(کن پھڑوا کے مگھر لانڑے)اخ
(کن نا نہہ تخیے تے کُتے پچھے دوڑی
پئے)اخ
(کناں اچ گل نا نہہ تھہرناں)مح
(کن من)(کن منڑ)بوندا باندی:
(کن سیڑھناں)دور سے آتی آواز کو

پہچاننے کی کوشش کرنا:
(کن کھرکڑاں) شرمندہ سا ہو کر کھڑا ہونا، سوچنا:
(کن کھرکڑیں نی بہل نا نہہ لبھڑاں) اُکا بہل نہ ہونا۔ فرصت نہ ملنا:
(کن کُھرنا نہہ ہلانڑاں) مَح۔ سُتا رہنا، حرکت نہ کرنا، بالکل نہ بولنا:
(کن کترا) چالاک، ہوشیار آدمی:
(کن لانڑاں) کان لگا کر بات سُننا: غور کرنا:
(کن پغڑناں) کان پکڑنا، توبہ کرنا، باز آنا:
(کن پغڑانڑاں) معافی اڑاں، نصیحت کرواناں:
(کن چھکڑاں) سبق یاد کرانا، ڈانٹنا:
(کن چانڑاں) ہوشیار ہونا، اِدھر اُدھر دیکھنا:
(کن کھلے کرناں) ہوش میں رہنا، خبردار رہنا:
(کن کھولناں) نصیحت کرنا، ڈانٹنا، دبانا، پریشر ڈالنا، اچھی بُری بات کا بتانا:
(کن تھرناں) کسی کی بات غور سے کان لگا کر سُننا۔ غور سے بات سُننا:
(کن کپڑاں) دھوکہ فریب دینا، چالاکی ہوشیاری کرنا:
(کن کُترا) ات چالاک ہوشیار آدمی:
(کن کول) کان کھجورا:
(کن مروڑناں) نصحیت کرنا:
(کن صاف کرانڑاں) کانوں کی میل صاف کرواناں: ہوش سے بات سُننا:

(کن چانڑاں) کان کھڑے کرنا، ہوشیار ہونا:
(کن سٹڑاں) مسکین بننا۔ عاجزی اختیار کرنا:
(کناں کولوں لنگڑاں) بہت قریب سے گزرنا۔ حادثے میں بال بال بچنا۔
(کن کوا) لمبے کانوں والا۔
(کن کھنوترناں) کان صاف کرنے والا آلہ۔
(کن کُترا) چالاک ہشیار
(کن سوئیں کھناں) جاسوسی کرنا

**کنّا:** (نشان) ہل میں جوتے ہو بیل کی گردن پرسخت کھردرا نشان (چنڈھ)
(کنّاہ لغڑاں) نشان پڑنا:

**کناری:** دوپٹے یا چادر کے سرے یا کنارے: کنگری:

**کنال:** پرات، مٹی کی صحنک (موچی نی کونڈی)
کنالی، دوری (دورا)
(بیس مرلہ زمین)

**کنبڑیں:** کپکپی:

**کنتر:** ذرا برابر:
(کنترے کڈھناں) عیب نکالنا:

**کُنتر:** راز والی بات کی خبر: خبر، راز کی بات:

**کُنتری:** ٹوہ لگانے والا، جاسوسی کرنے والا:

**کنٹھا:** موتیوں والا ہار (منکے دار)
ایہہ چُوڑا ابا نہہ مروڑسی
ایہہ کنٹھا کڈسی ساہ.....(باقی صدیقی)

**کنج:** کیسے، کیونکر، کس طرح:
(کنجوں)

**گُنج:** (کونہ) نالا، ناڑہ، آزار بند، کمر بند:
**گُنج باڑاں:** آزار بندڈالنے والی کانی۔
**گنج کھولنا:** (گالھ) ناڑہ کھولناں:
**گُنجاڑہ:** آزار بندڈالنے والی جگہ (شلوار کا نیفہ)
**گُنجی:** چابی، گاڑی یا کی چابی
(گُنجیاں) جمع
موت حیاتی مھاڑی ناں جندرہ ہتھ
تہاڑے گُنجیاں، مص
**کنچا:** بلور (کانچ کی گولی)
**کنّچی:** مونث (گلوجے کتاب کا ایک افسانہ)
(کنّچی) چھوٹی گولی (سوہنڑی کُڑی)
**کنچے:** کانچ کی گولیاں:
**کَند:** (دیوار)
(ساڈی کندے تے ماری آاِٹ وے)
ل۔گ
(کندے نال وی کن ہونڑیں) اخ
(کندے پچھے قندھار) اخ
(کندھ کنڑے اپرگیسی) اخ
(ساریاں کنداں لمبنڑ یاں) مح
(کندے نی کند) مح۔بُت نما:
(کندے کولوں مشورہ کہھناں) ان
چیزے بندے کولوں وی پچھی کہھناں:
(کندھے نی چھامیں) دیوار کے سا
میں:
(چارے کندھاں) چار دیواریں، کھولا
(چارے کندھاں کمبنڑ یاں)
دو ہتر واٹراں ناں کھر اسناں، نواسوں
کی بددُعالینا:
**کِند:** غیرت، انا،
**کنداں:** (کندنی جمع)

(اُچیاں کنداں ڈک نا نہہ سکن پُھلاں
نی خشبو) باقی صدیقی
**کندالی:** مٹی کھودنے والا ہتھیار: کدال
**کندلا:** درخت کی نرم اور لمبی شاخ:
(کندلے) جمع
(کندلے کڈناں) مح۔نیا نیا جوان
ہونا: پرپُرزے نکالنا:
**کندلُک:** ک ن د۔لُ ک (واحد، مونث)
جلولی: بالوں والی کیڑی:
**کندھالی:** کدال:
کھدا کے کام آنے والا دستی لگا ہتھیار:
**کندھاڑا:** کندھا:
**کَنڈ:** پیٹھ (مغراں نے دو حصّے) کمر:
پیٹھ۔پُشت۔جسم کا پچھلا حصہ:
(کنڈی پچھے قندھار) اخ
قلماں کنڈی پچھے
ہتھاں وچ پٹاخے تکے
(عارف ادیب کیانی)
(کنڈ دسناں) مح پیٹھ دکھانا، ہار ماننا:
(کنڈ دینڑاں) مح۔نفرت کرنا، ناراض
ہونا: ہار ماننا
(کنڈ لانڑاں) مح چاروں شانے چت
کرنا:
(کنڈ کرناں) مح ناراض ہونا:
بےادبی کرناں (مقدّس چیز کی طرف
پیٹھ کرنا)
کنڈ دینڑاں) مح ہارنا، مات کھانا:
(کنڈی بھار) پُشت کے بل۔چت:
**کُنڈ:** کُ ن ڈ (واحد، مونث)
چارہ ڈالنے والی مٹی یا سیمنٹ کی کھولی:

(کتاوا کرنے آلی مٹی نی لمبی تے ڈونگی
نال)
(ڈنگر گنڈی اپر کھلتے سوہنڑیں لغڑیں)
(ڈنگراں ناں تھاں)
**کنڈا:** کانٹا۔خار:
دریا کا کنارا:
وزن کرنے والا کانٹا:
(ترکڑی،ترازو)ترازو،ایمان کا کانٹا:
کمپوٹر کانٹا:
(کنڈا اتار) خاردار تاریں:
(راہے نے کنڈے) اعمال
(کو کنڈا اچھلا ہی نالوں کیریا کرو....)
(گ)
(کنڈا کڈھناں) مح کھنگالناں،سروں
لاہنڑاں: پتہ صاف کرنا:
(کنڈا کرنا) غیرت کرنا (کِند کرنا)
(لغت بازی) مخالفت:
حسد کرنا۔رنجش رکھنا۔کدورت رکھنا:
(گل پُڑنی)
ایک دوسرے کو دل سے نہ چاہنا:
(پُڑناں) چُبھناں (فعل)
(کنڈے پُڑناں) کانٹے چبھنا:
چوبھ محسوس ہونا:
ایک دوسرے کی ضِد کرنا (خار کھنا)
(گل پُڑنی) محسوس کرنا:
**کُنڈا:** (سرے ناں مُڑیا ہویا لوہا) (ہُک)
(Hook)
لوہے کی ہُک:
مزدور یا پانڈی کے ہاتھ میں اُٹھایا ہوا
لوہے کا کنڈا جو بُوری اُٹھانے کے کام
آتا ہے:
(کُنڈا باہنڑاں) مچھلی کے حلق میں
کانٹا ڈالنا (مچھلی پکڑنا)
(کُنڈہ کرنا) مح۔رار پار کرنا،ختم کرنا:
نقصان کرنا (روہڑنا) برباد کرنا:
گھاٹا کھانڑاں،مال سے ہاتھ دھونا:
فارغ ہونا،نقصان کر کے بیٹھ جانا:
**کُنڈل:** پیتل کا گول بالٹی نما برتن:
دائرہ
نھیرے کُنڈل مارے وے
لو نے ہر ہک تارے وچ (شکور)
سانپ کے بل (دائرے کی صورت)
**کنڈلی:** کتے کے گلے کا پٹہ (بیلٹ)
**کُنڈلی:** سانپ کا گول ہو کر بیٹھنے کی حالت:
**کُنڈلے:** گھنگھریالے (چھلے دار)
(کُنڈلے سِنگ) خوبصورت سینگ:
**کنڈور:** لسی پینے کا بڑا پیالہ:
**کنڈی:** (کنڈی پچھے) مح۔پُشت پناہی:
پنج پیر کنڈی پچھے:
پیٹھ پیچھے (غیر موجودگی میں)
**کنڈی:** گانی (عورتوں کے گلے کا ہار)
**کُنڈی:** چٹخنی:
(کُنڈی) کُنڈ: جانوروں کو چارہ ڈالنے
والی لمبی نالی نما جگہ:
**کنڈیاری:** کانٹوں والی ایک بوٹی جس کے ساتھ
گول کانٹوں والے پھول لگتے
ففففففہیں۔کرونا جیسے۔
میری تاہنگ دا پلہ کنڈیاری نال اڑیا سی
(ارشد چہال)
(کوڑا ساگ) اونٹ کی خوراک:

(کنڈیاری) ایک گاں کا نام
**کنڈے:** (کنڈہ کی جمع) کانٹے:
سنگی لوڑے نی
کنڈے نال چموڑے نی
(عارف ادیب)
**کنڈھے:** کنارے (ساحل)
وقت حیاتی چھلاں مارے
کنڈھے اُتے کھلتی حیاتی
کچے کھڑے اُلارے
(باقی صدیقی)
**کنڑ:** کچا فصل، گُھودھ (ادھ گلے چاول)
**کنڑمنڑ:** بوندا باندی:
**کُنڑ:** (کُنڑ) کون:
(میں وی رانڑی تو وی رانڑی کُنڑ
پھرسی پانڑی) اخ
(تُوں کُنڑ؟ میں خواہ مخواہ) اخ
(کُنڑ؟ مکھی نا پیو کھنڑ) کہت
کُنڑا ایں؟ اچھا میں ہُنڑ کُنڑ ہو گیاں
فِر کُنڑ تے کُنڑ سہی (گل)
**کنڑا:** بنیاد:
(کنڑا کُھنڑ ناں) بنیادیں کھودنا:
(کنڑا کُھنڑ اں ایں) گالھ۔ بددعا:
**کُنڑا:** نسل، جد، اولاد (بنیاد)
(مھاڑے کُنڑے وچوں ہویاتے۔)
**کُنڑم:** (کُنڑ۔۔۔م)
بچی یا بچے کے سسرال:
**کنڑما:** منگنی:
(رنڈا کرن گیا کنڑما آپڑیں کرے یا
پرا) اخ
**کنڑی:** بوند:
(کنڑی ہک) مہین سی چیز (ناچیز)
(کنڑی بُن نا نہہ ٹُھنڑاں) مح۔ بارش کا
نہ ہونا:
گلے ہو چاولوں میں کچھ سخت چاول:
اِچرے تھوڑی کنڑی رہنڑیں:
(کنڑی ہک تھیائیں تے) بوند برابر:
(کنڑیاں) بوندیں (جمع)
(کنڑیاں) پوٹھوہاری تنظیم گوجر خان
(کنڑی) ادھ گلا چاول:
(اچرے کنڑی رہ گئی)
چاولوں کے گلنا میں ذرا فرق رہنا:
(کنڑی) تھوڑے کچے چاول:
(ہک کنڑی ہور دیو، دبہ دیئی کے چاول
پکانے، کنڑی دینڑیں:
**کنڑے:** کنڑا کی جمع
جئی ماء جئی ماسی
کند کنڑے اپر جاسی (اخ)
رحمت کی بارش:
(رحمت نیاں کنڑیاں)
(کنڑیاں) بارش کے قطرے۔ ہلکی
بارش:
**کنستر:** گھی کا ٹین:
(کنستری) چھوٹا ڈبہ:
ٹین، پیپا (16 سیرا:
(کنّستری) چھوٹا ٹین)
**کنسو:** خبر (سُوہ) ٹوہ:
(کنسو کُھنی) چوری حال معلوم کرنا:
جاسوسی کرنا، حالات جاننے کی کوشش
کرنا:
(کن لانڑاں، سہیڑناں)[

(کنسوئیں کھناں) مح۔گھر گھر پھرنا:

**کنک:** (کنڑک)
گندم (ایک فصل)
(کنک رنگی) پوٹھوہاری افسانہ
(کنڑکاں پکی گیاں) نظم (نذیر بٹ)

**کُنکہ:** (کُنڑکہ)
بچی ہو چیز:
(کُنڑ کے لغڑاں) مح:

**کنک ونی:** گندمی رنگ والی:
(نہ چٹانہ کالا رنگ)

**کنگ:** شور شرابا (فساد) کرودھ:
(کلے نی کنگ باہی وی س)
سر پر پڑا ہوا شور (کنگ باہنڑیں) مح
(کنگ باہنڑیں) رولا باہنڑاں، فساد
کھڑا کرنا:
(اٹھے ویلے نی کنگ) لڑا لڑتے
رہنا) چُپ نہ ہونا:
خیر کنگ گُسے نے سر پئی کے رہسی

**کنگا:** فتنہ۔فساد (خونی جھگڑا)
(کنگے کرانڑاں) مح۔
(کنگا ہونڑاں) مح۔نقصان ہونا، تباہی
ہونا: کنگھی سے بڑا:

**کنگرا:** کنارہ۔سرا:
تاج والی فصیل (کونے دار)
(عرشاں نا کنگرا) نازک ترین آدمی:
(توں بہوں عرشاں نا کنگرا جی چھوڑیا)
(زمانے سے خوبصورت) بانکا

**کِنگری:** دوپٹے کی کناری (کڑھا والی)

**کنگڑاں:** دولہے کے ہاتھ میں بندھا ہوا گانا
(شگن)

**کنگروڑ:** ریڑھ کی ہڈی (مُہرے)

**کنگلہ:** وچارا (ہتھ متھ خالی) دیوالیہ:
(منگڑیں آلا نکھٹو) سب کچھ برباد کر
دینے والا۔ہارنے اور جوا کھیلنے والا:
(ہاتھ جھاڑ کر اُٹھ کھڑا ہونا) بالکل کنگلا
ہونا:

**کنگڑیں:** گھاس کا بیج (باریک خشخاش کے دانوں
کی طرح:

**کُنگڑیاں:** گندم کے اُبلے ہو دانے:
(نیاز کی تقسیم)
(مونہے اچ کُنگڑیاں باہنڑاں) مح
خاموشی اختیار کرنا:

**کنگوسا:** غنودگی کا عالم:

**کنگھے:** خونی پھیڑ
سر کے دو ٹکڑے:
(نہیں تے کنگھے ہو گیسن نی)
(کنگھے کرنا) مح۔سر مرواناں۔لڑا
کروا کر قتل کروانا:
بڑی کنگھی:
(بالاں نی چیر کڈھنے آلی)
لکڑی یا مصالحے نی بنی شئے)
کنگھی (باریک دندیاں آلی)
جواں کڈھنے آلی کنگھی:
بالوں میں کنگا کرنا، بال سنوارنا:
(کنگھے ہونڑاں) لڑا فساد کرنا،
ناراضگی مول لینا:
ایک دوسرے کا نقصان کر کے بیٹھنا
بہت بڑا فساد (نہیں تے کنگھے ہو
گیسن)
(بے عزتیاں، بے رُعبیاں)

کنوتیاں: کانوں کے سرخ سرے(لُوئیں)
باریک کان:
کُتے کے کٹے ہو کان:
کنوں کڈھناں: مح۔ بات دماغ میں پہنچانا:
ایک دفعہ بات کرنا، فرض پورا کرنا:
کَنی: ایک طرف کا جھکا (گڈی کنی مارنی)
جھول دینا، ایک طرف گرنا:
پتنگ کی جھول (کنی دینڑاں) مح:
(کنی دینڑاں) پتنگ کو کنی دینا، دونوں
ہاتھوں سے پکڑ کر اُڑانے میں تعاون
کرنا:
پتنگ کا ایک طرف الارہ کھانا: جھول
کھانا، گرنا:
(کنی مارناں) ڈرنا۔ کترانا۔ پاسے رہنا:
(کنی تے کنارے) الگ تھلگ۔ بے
تعلقی:
کَنے: پرے پرے۔ دور دور:
(دلے کی رکھیئے کنے کنے) گ
(کنے کنے) کنارے کنارے
بیلوں کی گردن پر لگے ہل جتا کے
داغ:
(چھکی چھکی ہل تہاڑے لغے اساں کی
کنے) ع
(کنے کنے) کنارے کنارے، پاسے
پاسے:
(کنے) فلانے کنے (فلانے کول)
کنوں: کانوں سے:
(ہک کنوں سُنڑناں تے دووے کنوں
کڈھی چھوڑناں) اخ
(کنوں کڈھناں) مح۔ خبردار کرنا:

کنیر: ایک درخت، پھل:
جیوں پچھی دے رُکھاں اندر ہسدی
ہووے کنیر (نظم) کوکن بیر
پُھل گرنڈے، ککو کنیراں
پیلو پکیاں پھُر وچنگیراں..(سلطان)
کَنیں: (کنیں پینڑاں) مح۔ سرگوشی کرنی:
(کناں وچ کُوک مارنا) نا:
(کنیں سُنڑناں) اپنے کانوں سے
باتیں سُننا، یقین کرنا:
(اکھی تکھیاں تے کنی بجھیاں وی کرے
چُو ں ہو گسنیاں) اخ

## ک۔و

کوار: نیا پن (لڑکی کا کنوارا پن)
(سِیل بند) ان کُھلی چیز:
کوار مصلیٰ: لڑکی کا ہمیشہ کے لئے کوارہ رہنے کا
فیصلہ یا عمل:
کوار گندل: (ایک لیس دار، رَت نکھار بُوٹی)
ایک زہریلی بوٹی کا گُودا:
کوارا: چھڑا، ان بیاہیا۔
(بنجارا، ساڈے پنڈ دا اجے کوارا) ل گ
کواری: کوری (ان ویاہی) استعمال کے بغیر:
کُنواں: مُرغی کے پروں میں پڑی جو ں کی قسم
کوپ: چا کی پیالی یا پیالہ۔
" کرنل آخیا تے چاء ناں کوپ چا کے
منصور درتخیا" (ناول) کوکنڑ بیر صفحہ نمبر ۱۳
کوت: اسلحہ خانہ:
کُوت: سکیل (آدمی کی خوراک) دو روٹیاں:
جتنی بھوک لگی ہو:

**کوتل:** (کئی لاکھ)
ایک ایرانی گھوڑا:
**کوٹ:** تاش کے کھیل کی بازی (کوٹ کرنا)
(کوٹ پتلون)
**کوٹ:** (کُٹ) گُٹھ (چارے کٹاں)
(چارے پاسے) اطراف، سمت:
**کوٹی:** (نکا کوٹ، باسکٹ)
**کوٹھ:** گڑھ، قلعہ، پکا محل:
**کوٹھا:** (کو...ٹھا)
گھر، مکان:
شاداں پکے آ
کوٹھے تے گلنے ں نی روٹرق
نوراالاڑے وانگوں بجیا
مِل ناگُو وجیا (باقی صدیقی)
چبارا:
(کوٹھے اپر) چھت پر، اوپر، کوٹھے پر:
(کوٹھا) ناچنے گانے والی کا کوٹھا، رنڈی
خانہ:
(کوٹھا) کچا کوٹھا، لکڑی اور مٹی کی چھت
والا کمرہ:
(کوٹھا) اندر، بُت۔ دل (اندروں کوٹھا
مضبوط ہونڑاں چاہی نا) (اندری کوٹھی)
اناج کا گودام:
**کوٹھڑی:** (کو...ٹھ...ڑی)
چھوٹا مکان، صُفّے نال بنڑتا نِکا مکان:
**کوٹھی:** (کو.....ٹھی)
سوہنا کُھلا گھر۔ جدید طرز کا مکان:
اناج کا گھر (بھڑولا)
(کوٹھی لغڑاں) جیل میں قیدی کی ایک
سزا:

(کوٹھی) حوصلہ، ہمت، دل:
**کُوچ:** (کوُ...چ)
مسافرت، سفر کی حالت
(کُوچ کرنا) ڈیرے پٹنا، حالتِ سفر:
(کُوچ کرنا) دنیا سے سدھارنا،
سفرِ آخرت باندھنا:
اج کُوچ مسافر کر چلیا
ماواں تے پھیٹڑاں ناں سَل چلیا:
(موت کلمہ)
(کُوچ پر کُوچ) مسلسل سفر، پڑا در
پڑا۔
**کُوچناں:** موٹا موٹا رنگ کرنا:
**کُوچی:** بُرشی (چھوٹا برش)
(کُوچی ڈاڑھی)
**کودی:** اچھل کود (کُدناں)
(کودی کرنا) مح، آپے سے باہر ہونا:
اُچھل اُچھل کر جانا:
**کوڈ:** (کو...ڈ)
بڑی کوڈی، سیپی
(کوڈ) زیارتوں پر رکھی بڑی سیپی:
(کوڈ) کوڈ نمبر.....ٹیلی فون پر کوڈ نمبر
لگانا:
**کوڈو:** ڈراموں کا کردار:
**کوڈی:** (کو......ڈی)
کبڈی:
(کوڈ کوڈ کرنا) سانس بھرنا:
کوڈی ہک ارمان
رنگ برنگے روپ بدل کے کھیڈن
سب انسان..(باقی صدیقی)
سیپی:

شطرنج کا مُہرہ:
پرانی کرنسی (کوڈی مُل)
ایک پرانا سکہ:
(کوڈیاں نے بھاء) سَستے مُل
(کوڈی مُل پینڑاں) ٹکہ مُل پینڑاں:
(ہِک کوڈی نا جاتک نئیں (لڑکا)
**کوڈی کرکلا:** چھپکلی:
**گور:** (گو...ر)
نیا پن، کوار:
(کور پھنی) نیا پن ختم کرنا:
نئے برتن استعمال میں لانا، نئے کپڑے
پہن کران کا نیا پن ختم کرنا:
نام (اجیت گور) (ڈاکٹر دلیپ گور
ٹوانہ)
**گورگور:** کُتے کے چھوٹے بچے کو بُلانا، دودھ ڈالنا
گورگور کرنا:
(گور) کُتھے، کہاں
(گورگیاں سیں؟) پہاڑی بولی
**کورا:** (نواں) بے داغ، چِٹا، کورا کاغذ:
(ان دھوتا) کورالٹھا:
(کورے ڈولے دہی جمایا) ل.گ:
(کورا) کھرا، بے لحاظ، کورا جواب دینے
والا:
(کورا جواب) کھرا جواب، ٹکاسا
جواب:
جو استعمال میں نہ آیا ہوا (کورالٹھا) کورا
گھڑا:
(نواں نکور) ٹاہ ٹاہ کرنا: فیکٹری سے
نکلا ہوا:
(کوراپھانڈا) م.ح۔ صاف سچا آدمی:

(کھرا) ٹن ٹن والا:
(کورے) جمع
فلمی نغمے سنڑ کے
ہوٹل اچ ہر گا ہِک نا دل
کورے پھانڈے وانگوں وجیا
مِل نا گُھگو وجیا (باقی صدیقی)
**کورا:** (گو...را) مذ
سردیوں میں جوہڑوں کے پانی کی سطح پر
جمی ہو برف:
(کورا) سخت سردی کے باعث صبح صبح
زمین پر جمی برف کی سفید تہہ:
**گورگنڈے:** کسی کنارے پر:
**کوری:** (مونث) جو استعمال میں نہ آ ہو:
کورے کھڑے نیں اپر رکھی توں ایں
کوری ٹاس: ع
**کوڑ:** کوڑی بوٹی (صحت کے لئے مفید)
(کوڑ) کوڑی دوا، کوڑیاں چیزاں)
(چرتیا کریتا)
(گوڑ کھاڑاں) کڑوی بوٹیاں استعمال
کرنا:
غصے ہونا (بگڑنا)
(کوڑ) غصّہ۔ ، کاوڑ، چُپ:
**گوڑ:** (گو...ڑ)
جُوٹھ، چھل دھوکہ:
(کوڑ پکڑاں کوڑ رِجناں) م.ح۔ چوی
گھنٹے کوڑ مارناں:
(سچ بولاں تے ماء مارے کوڑ ماراں
تے کُتا کھاں) اخ
جُوٹھ، جھوٹ، دروغ گو :
(گوڑا) جس گلے ناں سر پیر نہ وے:

(گوڑے اپر لعنت)

(گوڑ گسے نیں کھرے ناں نیں)

(گوڑ مارناں) جھوٹ بولنا:

(گوڑ کرناں) وعدہ خلافی کرنا:

**گوڑے:** (گوڑا کی جمع) جُھوٹھے:

گوڑے نا سِر پیر نیں ہونڑاں:

نہ توں صدقے ونجیں

نہ میں واری جاواں

ایویں گوڑے ہاسے

تینڈے نال وٹاواں (باقی صدیقی)

(جھوٹا) چوٹھا، کوڑ مارنے آلا:

(گوڑا) گند، گدڑ، پھوک، چھٹن:

(گوڑا) مُنگاں ماہنہ ناں گوڑا۔ ڈھیر:

(کٹی ہو پھلدار فصل کی ڈھیریاں)

**کوڑا:** (گو.....ڑا)

کڑوا (کوڑا زہر)

چھڑیل یا غصیلا ڈنگر (کوڑا)

مندے تکھڑیں پینڑیں

کوڑے مٹھے چکھڑیں پینڑیں

(عارف ادیب)

**گوڑا:** کوڑہ، دُرہ، دوپٹہ یا کو چیز بل چڑھی بل دے کر دوہرا کرنا، کوڑہ بنانا:

(کوڑا چھپاکے جمعرات آ اے)

**کوڑا:** زنگ (کوڑ الغڑاں) زنگ لگنا۔

**کوڑا چھپاکی:** (گو.....ڑا) (چھ... پا...کی)

(کوکلا چھپانڑ)

بچوں اور بچیوں کا مشہور کھیل:

کوکلا چھپاکے جمعرات آ اے.

جھیڑا اگے پچھے تکھے اُہدی شامت اے:

**کوڑ تما:** (گو...ڑ) (تُم....ما)

(تمّاں) ایک کڑوا پھل، دوا:

(تُمّے نی پھکّی)

**کوڑماں:** (گوڑ....ماں)

(ٹبر) خاندان، برادری:

(سارا کوڑماں گردھویا وا)

(تہاڑے کوڑمے نیں مونہے اچ دیاں)

جدی کو گالھ نکالنا:

**گوڑھا:** (گو....ڑھا)

معذور:

کوہڑا (نمانا، ڈِھلا، تھوتھا، انج پیر ماریا)

(بہوں کوڑھا ایں) اُٹھا ہو کو چیز گرجا تو کہا جاتا ہے:

(چوٹھ ماراں تے کوہڑا واں) قسم

(اللہ کوہڑیاں کرے) مح

(زباناں اپر کوہڑ اُٹھے) مح

(ہتھ کوہڑے ہونڑ) مح۔ اگر کو چیز اُٹھا ہو:

**گوزہ:** (بد )

مٹی کا بنا ٹونٹی والا لوٹا۔

(اس تہاڑیاں نمازاں پڑھئیے توں اساں نے گوزے پھنیں) اخ

کوزہ پھیر کے تک خاں مُلاں

یار میرا الجھ جاسی؟ (سلطان ظہور)

**گوس گسے کی:** ایک دوسرے کو

**گوسا:** (گو....سا)

نیم گرم، سہتا سہتا:

بخار کی حالت۔ ہلکا بخار:

(کوسی) مونث:

**گوک:** (گو....ک)

چیخ،فریاد: (کوکاں) جمع
(کُوک مارناں) زور سے آواز نکالنا،
گاڑی کا وسل دینا:
سیٹی بجانا (گڈی کُوک ماری)

**کوکا:** (گو....کا) واحد
(نکے نا تیلا) گہناں (کل) سونے کی
میخ:
(سنہری رنگ)

**کوکڑی:** انڈے خریدنے والا:

**کوکلے:** (گو....ک....لے)
(ڈنگے ٹیڑھے حرف، نئی نئی لکھا
بچے کی تختی کی لکھا :
(اِجڑے کوکلے باہنڑاں) گل
(چھنڑمنڑ کوکلے) ایک کھیل:

**کوکلاں:** (گو....ک....لاں)
راجہ رسالو کی بے وفارانی (کوکلاں)

**کوکو:** چھوٹے بچوں کا مرغی کو بلانے کا انداز:

**کوکے:** (گو....کے) جمع
کانوں میں پڑے بڑے تیلے (ٹُپس)
(لڑکیوں کا فیشن)
ایک قوم:

**کوکنڑ بیر:** (گو....کنڑ) (بَے....ر)
جھنڈ بیری کے سُرخ بیر:
(کوکن بیر) ناول ارشد چہال

**کُوکڑاں:** (گو...ک....ناں)
چیخنا،فریاد کرنا:

**کوکھڑاں:** گہری سوچ سوچنا:

**کَول:** (گو....ل)
پاس، نال، نیڑے:
بول پہھاویں نا نہہ بول
روہ اکھیاں نیں کول (گ)
(کول کول) قریب قریب:
(مکے کول بدّو) اخ
(کولے نا بندہ) محلے دار (گرائیں)
"رہنڑاں نئیں ایہہ کول کسے نے
اشنڑاں پیسہ گشنڑاں پیسہ"
(عارف ادیب)

**کول:** (کول) بڑا پیالہ، مٹی کا گول برتن:
بڑا گول چھنا، منگر، ر، بڑا کٹورا:

**کوّل:** (ک....وَل)
پُٹھ: اُلٹ:
(بندہ کرے کولّیاں رب کرے سولّیاں)
(اخ)

**گولا:** (گو....لا)
کوئلہ، جلی ہو لکڑی کا ٹکڑا (سڑی لکڑ)
(سڑی کے کولہ ہونڑاں) مح۔حسد کی
گ میں جلنا:
(کولیاں نی دلالی اچ منہ کالا) اخ
بدنامی مُول لینا:
شکر کولا، پیپسی کولا ( وب)
(سنٹر کولا) ایک جگہ، پشاور روڈ (پنڈی)
(کولے آلا انجن) بھاپ سے چلنے والا
انجن:
(دنداں کی کولا مارنا) دانت صاف کرنا:
(کولیاں آلی انگیٹھی) جس میں کوئلے
جلا جائیں:
(کولے چُنڑناں) کوئلے اگٹھے کرنا:
مزدوری کرنا:

**کُولا:** (کُو....لا)
نرم، ملا ، نازک، کومل، ملوک؛

(مکھڑیں تے ریشمے آر)لَوا،سَوہنڑا
اَن داڑھیا:
**کولوکول:** (کو...لو..کو....ل)
پاس پاس (نیڑے نیڑے، گوانڈی)
ایک دوسرکےساتھ:
**کولوں:** (کو...لوں)
(میں تہاڑےکولوں کہہ منگڑاں آں؟)
(پلیوں،ہتھوں،جیبوں)
**کولی:** (کو...لی)
سلور کی کٹوری۔چھوٹا پیالہ (نکا کول)
دھات کی پیالی (چھنی،نکی کٹوری)
**کولی:** (فصلاں نے مُنڈھ) کٹی ہو فصل کی
جڑ:(کولیاں) جمع
**کُولی:** ملا (پالش شدہ)
**کُولے:** (جمع)ملا ۔نرم ونازک:
کُولیاں ہتھاں اُپر کھیڈے
مُشکیں زُلفاں واہوے (سلطان ظہور)
**کولیاں:** (ک....ول..یاں)
بگڑے ہو کام:
(بندہ کرے کولیاں رب کرے سولیاں)
**کُوں:** باریک ذرہ برابر۔
(کُواں) جمع
مرغیوں کی ایک بیماری جس سے اُن
کے پروں میں مہین قسم کی جوئیں پڑ جاتی
ہیں:
(کُوں چکانڑاں) مح۔خاتمہ کرنا:
کسی چیز کا جڑ سے ختم کرنا:
**کونامونا:** بغیر بالوں کے سر،یا جسم (مونا ڈنگر)
(مونا) بغیر سینگ کے جانور:
لُنڈمُنڈ:

**کُونٹھا:** (کُوں....ٹھا)
(کونٹھاوا) مح
تیز رفتاری سے (کُونٹھا والنگی گیا)
**کُونڈا:** (کُوں....ڈا)
صحنک، برتن، جس میں دہی جمایا جاتا
ہے:
(امام جعفر صادقؒ کی نیاز (کونڈے)
(کونڈا کرنا) نقصان کرنا:
(فلانڑیں ناں کونڈا ہو گیا) گل
**کونڈرے:** جمع۔درخت کے ساتھ لگی سوکھی
ٹہنیاں (کونڈرے کنڈے)
**کُونڈی:** (کُوں....ڈی)
لنگری،دَوری،مرچ مسالے رگڑنے
والا برتن (مٹی کی پرات)
**کُونڑ:** کون:
**کُونڑ:** (کسر) دونوں اطراف کی پیائش میں
آیا ہوا فرق:
**کُونڑ کسر:** فرق فیر (نوک پلک)
**کونک:** چکور
**کومبے:** پپوٹوں کے اندرونی سرے:
**کوہ:** (امر) کوہڑاں) فعل
کوہڑیں یا ذبح کرنے نی حالت:
(کوہی چھوڑیا ای) مح۔تونے تو مارڈالا:
(کوہ) سوا میل (پینڈا) سفر:
**کوہتھر:** گند (بچا کُھچا مال)
**کوہر کنڈے:** کنارے (منزل)
**کوہڑا:** ناطاقتا۔معذور۔
کوہڑے ناں روہ کھندلے اپر (ا خ)
گوریاں ناں موہڑا کنگال کُتا کوہڑا
(کپت)

( ہک کوہڑادوآ پدیں ساڑے )اخ

**کوہڑی:** ( گو ہ.....ڑی )

جزامی، بیمار ( ہتھوں پیروں محتاج )

( اللہ کری میں کوہڑاواں )تسلی دینا:

( مہاڑی زباناں اپر کوڑھ اُٹھے )

**گُوہل:** پن چکی کے پانی کے لئے بنا گئی بڑی نال جو دریا، یا نہر کے پانی کو کاٹ کرلا جا :

**گُوہنڑ:** جمی ہو میل:

( گُوہنڑاں لاہڑیاں )مح۔ اگلا پچھلا سب صاف کرنا ( دبا کر کھانا )

**گُوہنڑاں:** ذبح کرنا ( حلال کرنا ) مار دینا:

( گُھنڈی چھری نال کوہنڑاں )اخ

عذاب دے کر مارنا:

**گُوہنڑاں:** رگڑنا، پنسل گھسانا۔

عیب جو کرنا۔

**کوہ قاف:** پریاں اُترنے والا پہاڑ، دیو اور پریوں کی نسبت سے مشہور:

( کوہ قافاں اچ ) بہت دور، حد سے باہر:

( پتہ نہیں کیڑیاں کوہ قافاں اچ چلا گیا )

خبر عطر نہ ہونا:

"ایہہ میوے کوہ قافاں پکے

گُس کھاہدے گُس " ( یاسر کیانی )

**کوہجھا:** ( گو ہ....ہجھ...جھا )

( بھیڑی شکل آلا ( برمونہا )

( کوہجی ) بدشکل۔ کج والی ( مونث )

**گُوہلی:** مٹی کا انبار ( دانے ڈالنے والا )

**کویل:** ( ک...وے...ل )

( بے وقتی )

وقت گزرنے کے بعد کا وقت:

( سویل، کویل )

( کویل ہونڑاں ) دیر ہو جانا، وقت گزر جانا:

نامناسب وقت، بے مقصد کام:

**کویلے:** ( ک...وے....لے )

بے وقت۔

( ویلے کویلے ) بے وقت ( چرکا )

ویلا کویلا تے تخیا کر:

( ویلے نی نماز کویلے نیاں ٹکراں )اخ

## ک۔ہ

**کہہ:** کیا:

( کہہ؟ ) کیا ہے؟

( کہہ ای؟ ) کڑاہی اے ( طنزاً )

فِر کہہ کری کُھنسیں؟ کیا کرلو گے؟

( کہہ کہہ آنڑاں ) کیا کیالا ں؟

لوک پتہ نہیں کہہ کہہ کرنیں؟

"بندہ نچے عشق نے اندر کہہ کہہ تکے عشق نے اندر"

( عارف ادیب کیانی )

**کہنڑ:** مکھیوں کا اگھ ( مکھیاں نا کھر )

**کہنڑ:** خارش والی بیماری ( پٹا کلے )

( کہنڑ نکلناں )

**کُہنڑ:** تانبا ( کہنڑے نیں گلاس تے برتن )

**کُہنڑ:** گُن: کیڑے

**کُہوکی:** کا غلبہ

**کہیڑا:** ( کہے...ڑا )

کون ( کہیڑا )

(کس نام کا آدمی)
(کہیڑے باغے نی مولی) حیثیت:

**کہیڑا ویلا:** (کہے....ڑا) (وے....لا)
(کویلا، کہیڑا وقت) بہت وقت گزر جانا:
(کہیڑا ویلا ہو گیا)

**کہی:** (کہ...ہی)
کدال:
مٹی کھودنے کا ہتھیار، اوزار:
(کہی تے پھولا)
(توں بڑا کہیاں پیاں مارنا ایں) مح
(کمائیاں کرنیاں) محنت کرنا:

**کہّی:** (کہ...ہی)
کیا ہے؟
کہہ ای؟ (کڑا ہی اے)
کیا ہے؟ (غُصّے سے کہنا)

**کہّی:** (کہ..ہی)
اوپری، کیسی
(کہیے جی گل کیتی س) ماڑی گل

**کئی:** (کے... )
(کو ) چوکھے، بہت سار، بعضے:
(کئی تے ہونڑیں ایہے جئے.......)

**کی:** کو:
(اُس کی موڑو) اس کو موڑو:

**کیتا:** کیا (میں کُج نئیں کیتا)
(کیتی) مونث
(میں کو گل نئیں کیتی)

**کیاری:** باغیچہ:
(اِہدر کنڑ کاں اُہدر کنڑ کاں وچ کیاری باتھونی) گ

**کیاڑی:** (کے...یا..ڑی)
گردن کا پچھلا حصہ (گدی)
زبان کی جڑ، گردن:
(کیاڑی سوں پغڑناں) کیاڑی اچ مارنا:
(راہے اچ باڑی لتے ہٹھ کیاڑی) اخ

**کیتیاں:** (کی......تیاں)
کیا عمل، کرنی، بھلیا ، احسان:
(کیتیاں سا ہمنے اسنیاں) نیکی کا بدلہ
(ہورکو نئیں آ پڑیں کیتیاں نا دکھ )

**کیتلی:** (کے.....ت...لی)
دیسی پتیلی، ٹونٹی والی دیگچی (Kettle)

**گیڈا:** (گے....ڈا)
گُچھ (قدوں بتوں ) سارا:
"ڈاہڈا رولا پئی گیا عارف
کیڈا شور مچا رکھڑاں"
(عارف ادیب)

**کیرا:** (کے...را)
گلے میں گرنے والا ریشہ، بلغم:

**کیرناں:** (کے....ر...ناں)
بکھیرناں، ایک ایک کر کے ڈالنا، الگ کرنا:
صاف صاف کھولی کے (کریا کے)
(اتھرو کیرناں) بین کرنا، رونا، کرلانا، دُکھ کہانی بیان کرنا:
" کو کنڈا اپلا ہی نالوں کیریا کرو
نظر غریباں ول پھیریا کرو" (گال)

**کیری:** (کے.....ری)
اینٹوں کی سُرخی:
(کیری) (سڑ کے اچ یارا ہے اچ

کیری سٹنا)
راستہ پکا کرنا، مضبوط کرنا:

**گیڑ:** جاگ:
غافلا ں کیڑ نا نہہ آ ۔۔۔(مص)

**کیڑا:** (کی....ڑا)
(کیڑا) پڑھا کو۔ استاد آدمی (جانو)
(کیڑا) محقق (پارکھ)
(کیڑا مکوڑہ) چیونٹا:
(رب پتھرے وچ وی کیڑے کی روزی دینڑاں)

**کیڑو:** (کے....ڑی) اِ
(گیڑو) ہوشیار، جاگنے والا، ہوش میں رہنے والا:
(راتی کیڑے اچ رہنڑاں)
( سے جاگ اُٹھنا:

**کیڑی:** (کی......ڑی)
چیونٹی، (کیڑی رَب نا جی) :
رینگنے والے کیڑے:
(کالی کیڑی) قحط، کال:
مہاڑے آسطے تے تہاڑے کھر کالی کیڑی پئی وی (کو چیز ، اگوں نہ کرنا)

**کیڑے:** (کیڑے وچ رہنڑاں) بیداری کی حالت۔
(کیڑے) تندور کے کم سینک پر روٹی لگانا۔
(تیے کیڑے لانڑاں) مح۔ دونوں حالتوں میں اپنا کام چلالینا۔

**کیف:** بوتل میں تیل ڈالنے والا (جار)

**کیس:** (کے....س)
سر کے بال، سکھوں کے لمبے جوڑے:
(مقدمہ)

**کیسلا:** (کوڑا اچھیا) بدمزہ، خراب سواد (کوڑی دوا)
(گوڑا)

**کیسی:** زمین پر رگڑ کر گانڈ صاف کرنا (کیسی کرنا)
(گانڈ گھسیٹناں)

**کیسر:** (کے....سَر)
(پیلا کیسر) زعفرانی، پیلا زرد، یرقانی:

**کیکڑا:** (کے...ک...ڑا)
پانی کا ایک کیڑا: ا

**کیلناں:** (کی..ل...ناں)
قائل کرنا۔ منانا، راضی کرنا:
سانپ کو منتر کے ذریعے قابو کرنا:
"عاشق بھور فقیر تے ناگ کالے
بانجھ منتروں مول نا نہہ کیلیے جی"

**کیاں:** کیوں؟
"اوکھاویلا پُھلاں کیاں
پیسے پچھے ڈُھلاں کیاں"
(عارف ادیب کیانی)

**کینٹور رینٹ:** غلط کاروا

**کینٹھا، کنٹھا:** (کن....ٹھا)
موتیوں کا ہار، گلے کا ایک باریک سنگار:
گہنا:

**کینڈا:** (کیں...ڈا)
ناپ، برابر کی پیائش کرنا، فاصلہ رکھنا:
(کیہنڈا) کس کا؟ ایک بولی:

**کینسرناں:** (کیں..سر...ناں)
کھانے میں دھات کا زہر ملنا:

**کیچہڑ:** (کِی...چھڑ)
غریب آدمی، جس کو ہر کو دبا کر رکھے
(کیچڑ جھیا)

**کیہڑا:** کون، کس طرف:
کیہڑا کیہڑ اڈُکھ و چھوڑ ادساں تکّی ما
کیہڑے لِحڑیں آلے کولوں مھاڑے
لیکھ
لِحڑیں آلے لِحیا آپوں تخیانیں اُس
اندر۔۔مھاڑ ادکھ سمندر ما

**کیہڑی:** کون سی (کیہڑا) مذ
(کیہڑی قیامت اچھن لغی؟) اخ
(کیہڑی گلی جتھے پھتونیں کھلی) اخ
کون سے (کِدھر)

**کیہڑے:** کیہڑے پاسے گچھاں؟
"کیہڑے پاسے گشنے پئے آں
لوکاں کی کہہ دسنے پئے آں"
(عارف ادیب کیانی)

.............................................

## کھ۔ا

.............................................

**کھا:** (کھ.....ا)
(گھائل) ڈو پھٹ، گہرا زخم:
(کھا ہونڑاں) نقصان ہونا:
تہاڑا تے ہاسہ آ، اگلے ناں کھا ہو
گیا:

**کھاٹا:** (کہاٹا) گھاٹا، گھاٹا وادھا، نفع نقصان:

**کھاسی:** رگڑ (گھسی ہو جگہ)

**کھانڑی:** (گھا....نْی)
(اُوکھلی)
(کھانڑی) دیسی کھولو:
(کھانڑی کی میل لغڑاں) مح
(کھانڑی کڈھانی) تیل نکلوانا:
(کھانڑی مھانڑی ڈوڈے) لوک گیت
(کھانڑی مھانڑی کرنا) گول چکر میں
پھرنا:

**کھابرناں:** (گھا....بر...ناں)
گھبرانا، ڈرنا، خوفزدہ ہونا: سخت گرمی یا
پسینے کی حالت۔ میں گھبراہٹ محسوس
کرنا: اورا کیلے پن میں ڈرنا:
طبیعت کا خراب ہونا:

**کھاٹ:** دھوبی گھاٹ، کپڑے دھونے کی جگہ۔
پتن:
(کھوٹ) سونے کی ملاوٹ:

**کھاٹا:** (گھا.....ٹا)
خسارہ: نقصان
(کھاٹی) پہاڑ گلی:
(کھاٹی) گلا، درہ:

**کھاٹا بادھا:** کمی ۔تھورا بہت:
خوشی غمی:
"جس کے نے وچ کھاٹا آ
اوہ کم کرنے توں ڈرنے نا نہہ"
(عارف ادیب)

**کھاٹی:** (گھا....ٹی)
چڑھا ،سلوپ، اونچی پہاڑی:
(لہا چڑھا )
(اُچی کھاٹی) مشکل کم، اوکھی گل:

**کھار:** گھر، ٹھکانہ، منزل (کوٹھا)
(اکھیاں نے پار کھار ساخورے کدھر
گیا) شعر:
"کھلیاں کس چاپا عشقے ناپھار

راتی آویں مینڈھے کہار"
(باقی صدیقی)

**کہاریاں:** غضب اور کمال کی بات:
(کہاریاں نا بندہ) کار مد آدمی:
مفید اور فائیدہ مند:

**کہارے:** (کلھو کہارے) ظلم اور دہشت:

**کہاک:** (کہا....ک)
چلاک، ہوشیار (کائیاں، کروں)

**کہانڑ:** (کہا....ن) (کہاں....ڑ)
گھاٹی، درہ، دلدلی نالہ:
(گارے نی کیتی وی کہانڑ)
(گارے نا بڑا ڈھیر)
(گھان) گہرا برساتی نالہ:
(روہتاس کی گھان) نہر (کس)

**کہاہ:** (گھا....ہ)
گھاس:
کہاہ بوٹ، خودرو بوٹی

**کہا :** (کہا.... )
(رغڑ) (کہا لانڑاں) مح
رغڑا دیناں:

---

## کہ ۔ٹ

---

**کہٹ:** (گُھٹ....ٹ)
گھونٹ، بڑی چسکی:

**کہٹ:** کم۔تھوڑا:

**کہٹو کہٹ:** کم ازکم (گھٹ توں گھٹ)
تھوڑے سے تھوڑا:

**گُہٹ پہھرناں:** چُسکی لینا:
صبر کرنا، برداشت کرنا:

**گہٹناں:** تھک جانا: کم پڑنا۔
کم ہونا، تھوڑا رہ جانا۔ آہستہ آہستہ کم
ہونا (پینڈا کہٹناں)

**گُہٹناں:** (ٹوہڑاں)
ٹانگوں اور کمر کو ہاتھ سے دبانا یا سر کو
دبانا، وٹ دور کرنا:

**گہٹی:** کم ہو ، ختم ہو :
(کہٹی نا علاج نئیں) موت:
(کہٹی وی چیز پوری کرنا) کمی پوری
کرنا:

**کہٹیو:** (کہٹ....یَو) وٹ:

---

## کہ ۔چ

---

**کہچول:** برتنوں کو دھونے سے نکلا ہوا گندہ پانی:

**کہچولناں:** گھولنا:
(کہچول) کھنگالے ہو برتنوں
کا گندہ پانی:
(بڑا کچول) دال کم پانی زیادہ:

---

## کہ ۔د۔ڈ۔ر

---

**کہدا:** لیا۔حاصل کیا:
(دِتا کہدا معاف)

**کہدھر:** (کدھ...ھر)
(کدھر، کہیڑے پاسے)

**کہڈا:** چھوٹے قد والا (بونا)

**کہر :** گھر
(کہر نئیں تے باہر نئیں) اخ
(کہرے نا بوہا یا درکھڑاں) اخ

( کھرےنا پیر ہولا ) اخ
( کھر پھوک تماشا دیکھ ) اخ
( کھر بسانڑاں ) شادی خانہ آبادی:
( کھرےنا مال ) ذاتی، پالتو۔
( کھروں کھر پورا کرنا ) مح
( کھر پُھٹیا دہسر مویا ) اخ
( کھرےنا بوہایا درکھڑاں ) مح
اوقات نہ بھولنا:
( کھرے رکیہ اگ لانڑاں ) مح
فضول خرچی کرنا:
(چورے نیں کھرےتک گسناں ) مح
( کھروں ہولا باہروں ہولا ) اخ
( کھر نیں تے باہروی نیں ) اخ
( کھرےنے بچھیاں نے دندکو
نیں رگنڑناں سال رگنڑے ہونڑیں )
اخ
( کھرےنی گل کھرےاچ رہے
تے چنگی اے ) اخ
**کھر پھیتو:** گھر کا بھیدی:
"واہ واہ لمڑیں نی اے ریتونی
کھر ٹاہنڑیں نے کھر پھیتونی"
(سلطان ظہور)
"قربان سوائیں نی اے ریتو
کو بندہ ملے کھر پھیتو"
**کھراٹ:** پن چکی، جندر:
**کھراٹی:** دُلہن کے گھر لا جانے والی مٹھا :
چھوارے تے مکھانے:
**کھر آلا:** خاوند، خصم، میاں (سرناسائیں)
**کھر آلی:** (ووہٹی، رَن، سوانی) بیوی:
**کھرانڑی:** چکر، گردش۔

بھڑ نما کیڑا جو مٹی کا گھر بناتا ہے۔
**کھر باہر:** اندر باہر، گھر گھاٹ، ٹھکانہ
وسیب:
**کھر داری:** (گرہستی، ٹبرداری، گھریلو ذمہ
داریاں:
**کھر جوا** : سوہرے گھر رہنے آلا داماد (جوا
( گھر جوا کُتے نی جا ) اخ
**کھر گھھٹاوا:** اپنے گھر کا نقصان کرنے والا:
بیوقوف، پاگل:
**کھر کڑاں:** غُرغُرا کرنا، کُتے یا بلی کا غصے میں
آواز نکالنا:
ڈانٹ ڈپٹ، جھڑک:
غصّہ، بدلحاظی کرنا، گستاخی کرنا:
**کھرل:** ضائع ہونا:
گم ہونا، غائب ہونا:
**کھروہ:** گو: سانڈے کی شکل والی:
( کھروجتنی چچھڑی سپ اتنا لما ) اخ
**کھروں:** اپنے گھر سے:
( کھروں میں اچھاں سنیہے توں دیں
(اخ)
( کھروں باہر کڈھناں ) مح۔ دھتکارنا
( کھروں بلا ٹالناں ) مح
( کھروں ہولا باہروں دہسر ماریا ) اخ
( کھروں رُٹھی باہروں بیرنا نہ کھا
(اخ)
( کھروں بے کھر کرناں ) مح
کھروں باہر پیرنا نہ کڈھنڑ دینڑاں:
**کھرے:** گھر میں، اندر، موجود:
(رہیو، ابا اور کھرے وے )
( کھرےنا پیر ہولا ) اخ

(باہرے نی پوری کہھرے نی ادھی) اخ

کہھ۔ڑ

**کہھڑ:** بنا۔تیار کر:
سنیاریا! کہھڑ ھ چوڑا
یاربا! یار ملائیں تے وعدہ کر پورا (ماہیا)
**کہھڑا:** گھڑا۔پانی کا گھڑا:
سوہنی کا کچا گھڑا:
(کہھڑے ناپاڑیں سکڑاں) مح
(گڑگڑ کہھڑے ناپاڑیں سکا چھوڑنی
(اخ)

کہھ۔ڑ

**کہھڑاڑاں:** بنوانا (زیور بنوانا)
**کہھڑا:** بنوا:
(کڑھا کے رکھیاوا؟) طنزاً
(کہھڑ ناں) بناناں، گھڑن نی
مزدوری:
(میں کہھڑیاوا، کہھنی گو) گالھ
(چھلا میرا کہھن کہھڑیا؟) گ
**کہھڑناں:** (پے کولوں ایجاد کرنا)
اختراع کارنا:
تراشنا، زیور بنانا:
کانی قلم پنسل کڑھنا:
(کولوں گل بناڑیں) گل جوڑنی:
**کہھڑونج:** (کہھڑ....وَنج)
گدھے یا اونٹ پر بھار لادنے کے
لئے بنایا گیا لکڑی کا ڈھانچہ:

**کہھڑونجی:** پانی کے گھڑے رکھنے کے لئے بنایا
گیا لکڑی کا ڈھانچہ:
**کہھڑولی:** بیاہ کی پرانی ریت:
(کھوہے اپروں کہھڑولی پھہرناں)
گھڑے کی تصغیر۔
(کہھڑے وی ہانڈ کہھڑولی وی ہانڈ)
(اخ)
گانڑ گانڑاں:
**کہھڑونج:** لکڑی کی بنی چوگاٹھ:
(اٹاں ٹھہو ہنڑیں واسطے کھوتیاں اپر رکھی
گسنی:
(جا تکاں نی کھیڑ) کھوتی بنانڑاں:
**کہھڑی:** چھوٹا گھڑا:
بازو کی گھڑی:
وقت، پل، گھڑی گھڑی، پل پل:
باربار، گھڑی مڑی، گھڑی، پل:
سیکنڈ، جھٹ گھڑی:
**کہھڑیا کہھڑایا:** اداکار، جوکر:
بنیا بنایا، تیار شدہ مال، ریڈی میڈ:
**کہھڑیال:** بڑی گھڑی، ٹا پیں، ٹل:
(کہھڑی کہھڑی نے گھڑیال) مح
وقت وقت کی بات:

کہھ۔س

**کہھسا:** رگڑ، رگڑا، ڈھیکا، دھکا:
(جماع کی ضرب)
نقصان۔
(کہھسک) رگڑ
**کہھساڑاں:** وقت ضائع کا، ٹالنا، رگڑنا،

پنسل کھسانڑیں:
(متھا کھسانڑاں) بے ثوابی نماز:
**کھَسڑاں:** گِھسنا (ایہہ کو گھسی گیسی؟)
**کھُسڑاں:** چُوک جانا، گُھسناں (بچت ہونا) گریزاں
**گھسیٹ:** خراش، رگڑ:

## کھ۔گ

**کھگا:** (سنگ بیٹھا)
(کھگا ہونڑاں) ایک آواز ہونا:
(گلے نیاں رگاں ناں بہی گسناں)
**کھگرا:** لہنگا، بڑے گھیرے آلا زنانہ پہناوا)
**کھگری:** چھوٹا لہنگا (بھوجو کی لغی وی کھگری
**گُھگو:** اُلو، بدھو:
(بچیاں نا کھڈا ناں) گگُو گھوڑا، باجا:
**گُگی** نی آواز (گھگوگھو۔ یوسف کھوہ)
**گُھگی:** مشہور پنچھی، پدہ (فاختہ)
میسی (گُجی)
**گھگیاڑاں:** آواز نہ نکلنا، گلا بند ہونا:
(کھگی آواز)

## کھ۔ل

**کھل:** :
**کھلا:** ، واحد:
(کھا گلا سودھے کھلا) اخ
**کھُلاٹ:** (کھلنے آلا بندہ) پہلوان:
**گھُلڑاں:** (کھول کرنا) کُشتی کرنا:
پہلوان ناں پھڑناں:
پانی میں کسی چیز کا حل ہونا:
غم اچ چھورنا:
ھک مک ہونا، گُھل مل جانا:
(گُھلناں) بجناں، تر ہونا:
**کھلھسہ:** ، واحد (کاں کلسہ) افسانہ
**ھلسری:** :
**گھلو گھارے:** (کہلو کہارے)
انھی ہنیری، بربادی، اجاڑی، قتلام:
**کھلیوں:** (اَگل کھرا)
اکیلے اکیلے، خود غرض۔
کھلیوں نہ جانڑاں ساڈے نال نال
چلو جی (گا)

## کھ۔م

**کھمکار:** (گُھوں کار) آواز:
چرخے نی گھوں کار:
**گَھمکاڑاں:** پھیرنا، چکر دینا (بَھوناں)
(گھمکا کے مارناں)
**گُھمرے:** گھنے (سایہ دار پیڑ)
نا نہہ اوہ گُھمرے گھنرے بوٹے
نا نہہ اوہ گوہڑی چھاں
ایہہ نئیں مینڈھا گراں (باقی صدیقی)
**گُگُھمڑاں:** (پِھرنا، چکر کھانا) گھومنا:

## کھ۔ن

**کھناں:** لینا:
(اندر کھناں) گالھ
(کھناں دینڑاں) لینا دینا:

"جتھے چنگی محفل ہونڑیں
عارف ڈیرہ لا کھناں"
(عارف ادیب کیانی)
عیدی نا کہہ پھناں؟
جیہا دیہڑاں جیہا کھناں (اخ)
**کھنٹا**: بڑی گھنٹی، ٹلی:
وقت:
(ایک ) سا ٹھ منٹ:
(مہاڑے کھنٹے اپر چڑھ) گالھ:
**کھنٹہ گھار**: (چورستا) بڑی گھڑی والا چوک:
( گھر دِلی)
**کھنڈ**: (جُھنڈ، چُہنڈ) گھونگھٹ، منہ کا پردہ:
ڈوہنگی بُکل (گُھنڈ مکھڑے توں چا)
**کھنڈ چکا**: (سجری بوہٹی نا منہ تکھڑیں نی رسم) نقاب کُشا:
**کھنڈ ور**: بڑا پیالہ:
(کھنڈ وری) چھوٹا پیالہ۔
**کھنڈی**: نرخڑے کی ہڈی:
(کھنڈی پوٹا) بچوں کی ایک بیماری
**کُھنڈی**: گندم کی تیلیوں کے سخت جوڑ:
(گانٹھیں)
(گُھنڈی چھوڑنا) گندم کی صاف گہا نہ کرنا:
(گُھنڈی رکھڑاں) دل صاف نہ رکھنا
نیت کا خراب دمی:
(گُھنڈی) اصل بات، رمزکی بات
(گُھنڈی کھولناں) عقدہ حل کرنا:
اندری گل ظاہر کرناں:
"گُھنڈی کھولاں میں بے عقلا نالوں

غیب ایمانے" (سلطان ظہور اختر)
**کھنڈی**: گلے نی بڑی ناڑ
(کھنڈی پوٹا)
(کھنڈی) حلق:
**کُھنڈی**: گاہے دانیاں وچوں نکلتے کنکے نے ناڑ (تیلیاں) نے جوڑ (گھنڈیاں) جمع
(غُنڈ پُنا) دل میں رکھی ہو بات
**کھنگھرو**: (پیراں نا گہنا) ناچ:
(ڈنگراں نے گل ٹلیاں تے گھنگھرواں نی مہیل)
"میں آں کلے بدھا ساہنی
گل جس نے کھنگھروٹلیاں"
(شیراز طاہر)
(کھنگر وبجڑاں) مح۔ موت کی نشانی:
**کھنگڑیاں**: (کنکے نے اُبلے وے دانے)
نیاز:
(سجر سوڈنگرے کی کھلانڑے) گرم خوراک:
**کھنڑ**: مکھیاں نا چھتہ:
گندہ میلا سر، تھِندا:
**کُھنڑ**: اناج کھانے والے کیڑے (گُھن)
**کھنڑاں**: گاڑھا:
گھنا، سایہ دار، گھنی چھا ں والا:
(گھناں) ٹبردار، بڑی فیملی:
**کھنڑکے**: جُو میں (تلاش) ساتھ ساتھ:
(کھنڑ کے لغار ہنڑاں) مح
**کھنگریلا**: کنڈل بالاں آلا، چھلے دار:
**کھنوک**: گھوڑے پیچ کرسویا ہوا (گہری )

.................................................................

## کھ۔و

..........................................

**کھواڑا:** (کھو...وا...ڑا)

کلہاڑا:

(اگوں کھواڑا کڈی مارنا) مح۔انھے واہ

جواب دینا:

**کھواڑی:** چھوٹا کلہاڑا (کلہاڑی)

(او ہے کھواڑی او ہے بنجہ) اخ

**کھوٹ:** تنگی (ٹینشن) سوڑ:

(امر) تنگ کر:

ایک قوم:

**کھوٹا:** (رَٹا) رگڑ کر باریک کیا ہوا شربت:

**کھوٹناں:** (سکیڑنا) بھینچنا۔تنگ کرنا، مٹھی بند

کرنا۔رگڑنا، باریک کرنا:

(کھوٹناں) مصالحہ پیسنے کا ڈنڈا:

لنگری ناٹھنکا:

**کھور:** (گھور)

شکن۔ناپسندیدگی کا اظہار۔

ماتھے اُکی جھریاں (غصے سے دیکھنے کی

حالت)

(کھورناں) نظر جما کر دیکھنا:

(کھوربا ہنڑاں) متھے اپروٹ

باہنڑاں۔بھیڑا مُنہ بنانڑاں:

(کھوری کے تخڑاں) غصے سے دیکھنا:

ہتھ مختناں نے رتھ

باہواں سدھراں نا زور

متھے غیرتاں نی کھور

کنڑکاں ساویاں کچور (طارق مسعود)

**کھوڑا:** گھوڑا:

(کھوڑا وی حاضر تے مدان وی حاضر

(اخ)

(کھوڑا ٹھے تے ہک تماشا سوار ٹھے

تے دو تماشے) اخ

(پیر منا کھنو کھوڑا دبا کھنو) اخ

(کھوڑے اپر چڑھناں) جلدی میں

ہونا:

تو تے ہر ویلے کھوڑے اپر چڑھیا

رہنڑاں ایں (مح)

**کھوڑا:** (بندوق کا کُتا) ٹریگر

گھوڑا (اسپ)

نال نئیں کھڑنا تے کھوڑے اپر

بہالی جول (اخ)

(کھوڑا کھوتا ہک برابر) اخ

(چلنے کھوڑے کی چابک نئیں ماری

ناں) اخ

(گئی گلے کی کھوڑا وی نئیں پچھنا) اخ

(کلھے کھوڑے نال تھوڑاں نئیں

تھمڑیاں) اخ

(اچھوخیری نال کھوڑا بنو بیری نال)

اخ

(دندبوڑا تے کاسبیاں نا کھوڑا)

(کپت)

(اکاں نا کھوڑا)

(کھوڑا تے مرد کدے بڈھے نئیں

ہونڑے) اخ

(ماء پنڑے پتر کھوڑے گنڑے) اخ

**کھوڑی:** (کھو.....ڑی)

**کھوڑی:** (گھوڑے کی مادہ)

گھوڑی چڑھنے نے ویلے نا لوک گیت:

(ویر میرا گھوڑی چڑھیا)

(کھوڑی راجہ) فقیر لوک (سیلانی)

(سیویاں بنانے کا اڈہ)
گو بنانے آسطے اُچی کھوڑی:
چھت چُونا کے آسطے لکڑی نی
کھوڑی رکھڑاں:
اِٹاں نی ترتیب (کھوڑیاں لانڑیاں)
(کھوڑی چڑھناں) دُلہا بننا، مراج
بنڑناں:
لکڑی نی کھوڑی: چھت رنگ کے
والی گھوڑی:
**کھوک:** (سُتا، رے اچ) خوابِ خرگوش:
(ان گھوک) گہری :
**کھوکر:** چرخے نی گھوگ، شُوک، گونج:
شہرت، دھوم:
**کھوکھ:** گہری سوچ:
(کوکھڑاں) سوچناں، یاد کرنا:
**کھگو کھوڑے:** (بچوں کے کھڈا نے)
(مٹی نے گلوجے، بھانڈے)
**کھول:** (کہول) کُشتی، مقابلہ، لڑا :
آپے نال میں کُھلی کھنساں
لوکاں نال میں کُھلاں رَیاں
(عارف ادیب کیانی)
(رِچھاں نیں کھول قلندر جانن) اخ
(کھول گھمایاں) قربان ہونا، وارنا:
(کھولناں) حل کرنا:
(رنگ کھولناں) عجب کم کرنا:
(توکو نہ کو رنگ ای کھولسیں)
(کھول گھما سٹھ گز پھاڑی دیساں
ادھ گز) اخ
**کھول:** لیل کھول:
سُستی (جلھ پُنا، بس گھولنا)

(کام چوری)
**کھولناں:** حل کرنا، پانی میں ملانا، پتلا کرنا۔
رلانا (رلانڑاں)
**کھولیا:** ملویا وا، رَلا ملا، ملاوٹ، گُھلی ہو چیز:
**کھولہ میلا:** (گھو.....لا) (مے.....لا)
گھپلا، سازباز، مشورہ، گڑبڑ:
ہیرا پھیری، ول چھل:
(آپے اچ کھولا میلا کرنا) ڈِیل کرنا:
**کھوئیں:** کچے چھت پر نکلی باریک قسم کی گھاس:
**کھونکی:** غنودگی ( کی حالت)
**کھوں کھوں:** چرخے نی آواز، گونج:
**کھون:** اونٹ کی کُہان:
**کھوناں مونا:** ٹنڈ، مُنیا وا سر، صفاچٹ) رَوڈ
(روڈی ٹنڈ قصائیاں نی، چکی پیئے
نائیاں نی)
**کھوہجی:** کج والی (ٹیڑھی) بے سلیقہ:
**کھونی مھونی:** بے سنگی:
سِنگاں توں بغیر گاں منجھ:

---

## کھ ۔ ے

---

**کھیرا:** (گھیرا، گولا ، گول پھیر)
(گُڑتے نا دامن) دائرہ:
(کھیر انگ کرنا) زندگی تنگ کرنا:
**کھیرناں:** گھیرا مارنا، آگے آگے لانا۔ پھسانا
اکھٹا کرنا، جمع کرنا، بے بس کرنا، چکر
دینا (میری جان دُکھاں نیں کھیری)
بُکھا:
**کَھیڑ:** گا بھینس کا دودھ:
**ھھیل کرناں:** دل زخمی کرنا (گھائل کرنا)

گھیل ہوڑاں: دِل ہارنا (جان دے دینا
گھیو: (کہیو) گھی (پنگھار یا ہویا مکھن)
(جو کجھ کرے گھیو نہ ماء کرے نہ پیو)
اخ
گھیو شکر: گھی شکر (یک مِک) گوہڑی
دوستی:

---

کھ

---

کھ۔ا

---

کھا: (کھا چُھر یے ماس) اخ
(شیہنیا کھا، نا نہہ کھا، مونہہ لہوے پھر یا
(اخ)
کھانے کی حالت (کھانا)
پیٹ بھرنے کیلئے کو چیز کھانا:
(کھا) (گولی کھا)
(چنڈاں کھانڑاں) مار کھانا
(نہ سر کھا) امر:
(کھا خصماں نا سر) مح
کھاپا: (کھا...پا)
(سیاپا، کھپ رَولا) پریشانی:
(کھپڑاں) پریشان ہونا، سوچنا
فکرمند رہنا:
(جا تکے ماریوں کھپی کھپی ادھانئیں
رہیا)
کھاتے وچ ہونڑاں: مح۔حساب وچ، گنتی
قطارے وچ:
(کھاتے نہ لانڑاں) مح۔کھاتے سے
باہر کرنا:
کھاج: (کھا...ج)
گُھرک، خارش:
(تکی بہوں کھاج لغی وی) جلدی
(کھاجناں ،گُھرکناں) خارش کرنا:
کھاد: خوراک، کھانے کا سلسلہ، پہاڑا، رشوت
بہانہ (اُسنی رَوزے نی کھاد بنڑی وی
کھادخوراک: (کھاہ...د)
گھیو مکھن، دودھ ملا ،اضافی خوراک
کھادا: (کھا...دا)
(کھایا ہوا) کھادا تے یوایا کدے نئیں
پھلناں:
(نگلیا وا، کھاہدا وا) ہضم کیا ہوا:
کیڑوں کا کھایا ہوا، کھا ہو
دانے اناج: (کھنڑ لغے دانے)
بیماری نال کھادا وا:
(کھادا کو نئیں تکھڑاں) اخ
کھادا پیتا: (کھا...دا) (پی...تا)
کھایا پیا، ہضم کی ہو خوراک، غذا:
(اچھا یرا! کھادا پیتا معاف کریں)
(کھادے پیتے) ردانے:
کھادھڑ: (کھا...دھڑ)
کھا ہو ،سُسر لگی، خراب بیج
یا اناج:
کھاڈی: (کھا...ڈی)
جبڑا:
کھاڈ: اُٹھا ہوا منہ (بڑا منہ)
(کدھر کھاڈ چایا چلنا ایں)

مویشیوں سے بچھڑی گا  یا بھینس:
حیران پریشان: (کھاڈ کھلا کیتا وا) پورا
سر:

**کھارا:** (کھا...را)
کلر والا، نمکین، کیسلا (سواد)
ٹوکرا، بڑی کھاری، خوانچہ، بڑا چھابا:
(تو تاں نیاں پھانٹاں ناں بنیا ٹوکرا)
"میں کھارا سٹیا
کجھ توں دُکھ دِتا
کُجھ لوکاں پٹیا" (باقی صدیقی)
"گلنے ل چُپ تے کوٹھے لگّے
کِتھے بہواں کِتھے لاہواں کھارا
میں بنجارا........." (باقی صدیقی)

**کھاری:** (کھا...را)
ٹوکری، ناڑ، سرکنڈے نی بنی پٹاری:
(پا ہو آلی کھاری) (کھاری ہٹھ لکڑ
ڈکڑیں)

**کھاڑا:** (اکھاڑا) کشتی کی جگہ، مجمع
رکڑ کرے لپاڑے کرناں
حرف کہہ کہہ کھاڑے کرناں
(یاسر کیانی)

**کھا کھاں:** (کھا....کھاں)
کُھو کھاں۔رخسار (کُھو....کھاں)
جباڑے، جباڑی (کُلھاں)
(کھا کھاں، باچھاں)
(اندر بڑیاں کھا کھاں) کمزور پچکا ہوا
چہرہ:

**کھا گو:** نکما ٹبر (نکمے کھانے والے)

**کھال:** گارے میں پانی ڈالنے کے لئے مٹی کا
ڈھیر کھلا کرنے کی حالت تا کہ اس میں
پانی کھڑا ہو سکے:

**کھالا:** (کھا...لا)
نالہ، بڑی نالی، کھیتوں کو پانی دینے
والا نالہ:
گارا کرنے کیلئے مٹی کے ڈھیر کو پدھرا کر
کے پانی ڈالنا:
(کھال بنانا) ڈھیر کو کُھلا کرنا:
کھال کُھلی کرنا تا کہ پانی ساری مٹی
میں جذب ہو جا  :
(کھال) چمڑا (کھل)
سُوا، نالہ:

**کھانڑ پکانڑ:** (کھاں...ڑ) (پ..کاں...ڑ)
خانہ داری، کھانے پینے کا بندوبست:
چلُھے چوکے ناں کم، کھانا پکانا:

**کھانچا:** (کھاں...چا)
خوانچہ، ٹوکرا، اُچا کھارا (کانیاں نی
دُکان)

**کھانگڑ:** (کھاں...گڑ)
پرانی شِیر خوار گا  بھینس:
(عرصے نی سو  وی گاں منجھ)
(گاڑھے دودھ والی)

**کھانڑیوں:** کھاتے ہو  :
(کھانیوں پینیوں پھاگ پھری
تھوانڑ پُونجڑ کی جمعہ) اخ

**کھاہ:** (کھاہ کھاہ کری کے ہنسنا۔کُھلی ہنسی
ھسناں: خوب ھسناں:
(کھاہ) کھا۔ڈُگ، پیٹ بھر:
(مرنے جو گیا کھاہ تے دفع ہو)

**کھاوا:** روزمرہ کی خوراک (بڑی خوراک)

**کھا :** (کھا.....اُو)

کھانڑیں آلا، اُڑانے والا (کھا پیو
موج اُڑا)
(کھا) بےفکرا، بے چنتا:
(کھا پی سبھی رہنڑاں) (اجاڑو) گھر
گھٹاوا:
**کھا :** (کھا...ا)
رشوت خور، حرام خور:
(کھا آدمی) کھانے والا، ٹرخانے
والا:
**کھا مال:** کھلانے پلانے والا دمی (اسامی)
کسی کیس میں پھنسا ہوا آدمی، مالدار
انجان، بھولا:
**کھا :** مال، رشوت (کھا چنگی کہہ ما) اخ
(کھا لتھا) نہایت پریشان کر دیا:
جہاں سے مال ملے:
گہری کھڈ:
**کھا :** (مونہہ کھا تے اکھ شرما) اخ
(کُت کھا بوٹ) اخ
(کھا گلا تے سودے کھلا) اخ

## کھ۔ب

**کھب:** بائیں سمت (پر)
(کھبا پاسہ، کھبی ، دِلے آلہ پاسہ)
**کھبا:** (کھب.....با)
بائیاں، بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا:
**کھبّل :** (کھب....بل)
گھاس کی ایک قسم:
زمین پر پھیلنے اور جڑیں چھوڑنے والا
گھاس:
دیسی گھاس:
**کھبڑاں:** (کھب.....ڑاں)
(دھسنا)
کیچڑ میں دھسنا، نرم جگہ میں دھنس جانا:
کیچڑ میں چلنا:
کسی کام میں مصروف رہنا (رُجھناں)
(پتہ نہیں کیہڑے کمے اچ کھبیا وا ایں)
(کھوبہ) دھسان
کچی جگہ، پھنسانے والی جگہ، رکاوٹ،
(کھوبے نا ماڑا دمی) (کھوبے اچ پیر
نہ رکھڑاں) مصیبت یا مشکل جگہ ساتھ
نہ دینا۔ کام نہ آنا:
(اگلنے ں کھبنڑ پچھلیاں تر ہینڑ) (اخ)
**کھبو :** (کھب...بُو)
بائیں ہاتھ سے کام کرنے والا (کھبو)
**کھبو ہڑاں:** (کھ...بو ہ..ڑاں)
(د نا)
**کھبیڑناں:** (کھ....بی.....ڑ....ناں)
قابو کا، لگام باہنڑاں، رسی کسناں:
**کھبی:** بائیں ہاتھ سے کام کرنے والی:
(دسنی سجی مارنی کھبی) مح
**کبھی:** (کھبھ...بھی)
منہ کا شکنجہ:
(کھبی چاڑھناں) جبڑہ قابو کرنا:
(کھبّی چاڑھناں) تنگ کرنا، زچ
کرنا:
جبڑے کو قابو کے کے لیے رسی یا
ڈھنگ کی کو اور چیز باندھنا:
(کھبی چاڑھناں) گائیں یا منجھی کی سرد
گرم ہونے نی صورت وچ در یکے نے

پتراں نی کھبی چاڑھناں، تاں جے اوہ
منہ بند نہ کرے لیلاں سٹنی رہ:

## کھ۔پ

**کھپ:** (گھپ)
(رولا، شور، پواڑا)

**رِکھپ:** ایک قسم کی گھاس:
"رِکھپ سروٹ تے کاہی کپ کے
وڈیاں وقت ٹپا "(وقار آس)
(رِکھپ کڈھناں) مح۔ جان مارناں:
براحال، سخت محنت کی وٹ:
(رِکھپ نکلناں) مح
(مھاڑی تے کھپ نکلی گئی)

**گھپا:** (گھپ... پا)
(بڑی مَوری) بڑا ابل:
(ہتھ) خالی جگہ، دُوری، فرق:

**کھپ:** ٹینشن، پریشانی۔

**کھپانڑاں:** (گھ.... پاں....ڑاں)
تنگ کرنا، ستانا، پریشان کرنا:
(دِل ساڑناں، سِر کھپا ) سر دردی:
"گُج نا نہہ دِسیا گُج نا نہہ لبھیا
آپڑاں مغز کھپا تکیا"
(عارف ادیب)

**کھپا :** (کھ... پا )
نصیحت پر عمل نہ کرنے والا:
(من مرضی والا) اَن من:

**کھپرا:** (گھپ...را)
کڑانگا،
ترش، غصیلا، کم ملا ، بے ذائقہ

کھپریاں دوائیاں: زچگی کے دوران
دی جانے والی جڑی بوٹی سے بنی ی

**کھپڑاں:** (گھپ...ڑاں)
جی ہلکان کرنا (کُڑھنا) ختم
ہونا:
ہانڈی کا اُ ، ساگ یا کڑی کا اُ
(کٹوی کھپڑیں پئی) ہانڈی کا اُبل اُبل
کر باہرنا:

**کھپڑیں:** اُبلتی ہو ہانڈی:
دماغ کی پریشانی: بے چاری تھیو
ماریوں بہوں کھپڑیں: گل
ٹینشن لیتی ہو :

## کھ۔ت

**کھت ناپ:** گندے پانی کا جوہڑ (مقامی لفظ)

**کُھت:** کھودی ہو مٹی (کھڈا)

**کُھتا:** (کُھت.....تا) تَوڑا
پھل توڑنے کی حالت (میں امرود
کھُتا؟)
میں نے امرود توڑا؟:
ہوا، کُڑتا کُھتا وا:
پھٹی ہو قمیض:

**کُھتڑ:** (کُھت...بڑ) چیلے کھُتا:
(ماڑا، بھیڑا) فقیر، بہت گرا ہوا آدمی:
غربت کا مارا ہوا (کُھتڑ جہیا)
خراب پوزیشن، ماڑی گزر اوقات
کرنے والا:

**کھتری:** (کَھت...ری) ہِندو، سِکھ
ہند ں کی ایک ذات، کشتری:

سیوا کھتری: ایک آدمی جاہیا ری بھا
خان کا رہنے والا تھا:

**کھتونی:** (کھ...تو...نی)
زمین کے کھاتے:
کھترانی، پاس بُک، زمین کی مالکی کا
تقسیم کردہ کھاتا:

.................................................

## کھ۔ٹ

.................................................

**کھٹ:** چارپا ، منجی، بڑا کھٹولا:
(جم نہ ڈٹھا بوریا سفنے آ کھٹ) اخ
(کھٹ) امر) کما.....کما کی حالت
(کھٹ کھٹ) آواز

**کھٹ:** امر (کھٹناں) فعل۔کھودنا، کھودنے کی
حالت:

**کِھٹ:** نمک کا بڑا ٹکڑا (روڑا)
(لونڑے نی کِھٹی) ٹکیاں ٹکڑے:

**کھٹڑاں:** کھٹناں: (فعل)
نفع حاصل کرنا، کھٹی کما ، مزدوری کرنا:
"نیواں کیتا ای وچ شریکاں
تاں کے کھٹیا ای ڈھولا؟"
(باقی صدیقی)
(ع) پھیڑے سنگے توں کُسے کہہ کھٹیا وو
(سلطان ظہور)
"قربان سوائیں نیاں بٹیا
دل لا کے اساں کہ کھٹیا؟" ل۔گ

**کھٹا:** ترش (کھٹے) جمع
(کھٹے کھانڑاں) مح۔نقصان اٹھانا:
جا قرآن مہاڑے کولوں کھاہدا ای کیہڑا
کھٹا (ع)

**کُھٹّا:** (کُھٹ....ٹا)
کھوٹا، کھوٹا سکہ:
(کُھٹے پیسے ارمُڑناں) اخ
(کُھٹا پینڑاں) مح۔وعدے پر پورا نہ
اُتا، کردار کو داغ لگنا)

**کھٹارا:** (کھ...ٹا...را)
کھچکی ہو سواری (کھڑکھنی گڈی)

**کھٹ مِٹھا** (کھٹ....مِٹھ....ٹھا)
کھٹا مٹھا سواد، مٹھی چٹنی، دُہرا سواد:

**کھٹناں:** (کھٹ....ناں)
کھودنا، پٹناں، ٹویا مارناں (کھنڑ ناں)
(کھوہ کھٹناں) کنواں کھودنا:

**کھٹناں:** (کھٹ....ناں)
کمانا، نفع حاصل کرنا (جو وٹیا سو کھٹیا) اخ
(ع) کھٹن والے کھٹ گئے جھوری میں
پیا بیٹھا سوچاں (سلطان ظہور)

**کُھٹناں:** (کُھٹ....ناں)
مکناں، ختم ہونا (تھڑناں)
(اساں نے کھروں دانڑیں کدے وی
نئیں کُھٹے) (اللہ کی برکت)
(نکھٹناں) ختم نہ ہونا:

**کھٹا:** (کھ...ٹا)
ترش چیز، املی، آلو بخارہ وغیرہ:

**کھٹو:** (کھٹ...ٹو)
کھٹی کما کے والا (کما پُتر) محنتی:
(نکھٹو) نکما، کام چور (ٹاپاں چیر)

**کھٹولا:** (کھ...ٹو...لا)
چھوٹی چارپا :
(اُڑن کھٹولا) پریوں کی سواری:

**کھٹی:** کھٹ....ٹی)

(کھٹی کما ) مزدوری، آمدن۔
(بڑی کھٹی کما آلا جا تک آ)
(کھٹی) زرد ترش (نمبو سواد آلی)
"ایہہ دُنیا نی کھٹی لسّی" (باقی صدیقی)
(کھٹی) کھٹیاں ناں بوٹا (مالٹے کی طرز کا پودا)
چکوترے کی قسم، نہایت ترش پھل:

**کُھٹی:** (کُھٹی کُھٹی ٹو کی بن بنا نڑاں)
ڈو کرنا:
(باراں برسی کھٹن گیا سی، کھٹ کے....)

**کھٹی بٹی:** (کھٹی کما ) محنت مزدوری:
(پہاڑی افسانوں کی کتاب) ڈاکٹر صغیر

**کھٹیا:** (کھٹ.... یا)
کمایا، حاصل کیا، نفع وصول ہوا:

**کھٹیا:** (کھٹ... یا)
حاصل کیا، کمایا:
"قربان سوائیں نیا بٹیا
دِل لا کے اساں کے کھٹیا" ل گ

**کھٹیاہن:** (کھٹ.... یاہ.... ن)
کھٹی بو (باسی چیز کی بدبو) کھٹیاند:

**کھٹیائیں:** (کھٹ... یا... ایں)
کھٹاس، کھٹا ترش سواد، کھٹا سواد:
کھٹا دہی:

**کھٹیا:** (کھٹ.... یا )
کھٹاس، کھٹا، ترشی، کھٹا سواد:
(کھٹے کھانڑاں) نقصان اٹھانا، پھل نہ پانا، بے سود رہنا:

## کھ۔ج

**کھجل:** (کھج.... جل)
خجل خوار، خراب، بے پت، بے عزت:
خجل کرنا: گُسے جا جوگا نہ چھوڑناں۔
بدنام کرنا۔

**کھجی:** (کھج.... جی)
کھجور، میوہ:

## کھ۔چ

**کھچ:** بیہودہ مذاق:
(کچھاں مارناں) مح
بکواس، گپ:
(کھچاں مارنیاں) بیہودہ باتیں کرنا:

**کِھچ:** کشش، چھک، موہ لینے کی کفیت:
کِھچ لاٹونی ڈور
اپروں ہور ایہہ دنیا وچوں کُج ہور
(عبدالقادر قادری)
(**کِھچ کِھچ کرنا**) باربار ہنسنا، ہنسی کو نہ روک سکنا:

**کُھچ:** کھونہ، کُھنج، آہلنہ نما جگہ،
(کھتے کُھچے اچ بڑیا وا ایں) صاف نہ نظر آنے والی جگہ:

**کھچل:** خجل خراب، بُرے حال۔ پریشان حال
رُلیا کھلیا، بے عزت:
(ایویں بلا کے خجل کیتا س) گل

**کھچر:** خچر، گدھے اور گھوڑے جیسا ایک جانور۔ کھوتے تے گھوڑے نیں ملاپ نال جمیا:
(پستہ گھوڑا)

(دُنیا کھچرے نی مثال، پچھوں لت تے
اگوں چک) اخ
**کَھچرا:** (کھچ....را)
ڈیٹھ، مکرا، چالاک، بے شرم:
**کھچرا:** کھچاں مارنے آلا، فحش گو:
بے شرم (کھچر کی قسم)
**(کھچری) مونث**
**کھچری:** کھچری: چلاک، مکری، فریبی،
پھٹی وِی، بھیڑی:
**کِھچکلی:** (کھچ.....کل.....لی)
(مجموعی ہاسا) قہقے:
**کھچکڑاں:** (کھچ....کے...ڑاں)
(اِنجر پنجر ہلناں)
جوڑ ٹھلے ہونڑیں۔ پُرزوں کا لُوز ہونا:
نا کام ہونا، ہمت ہارنا:
بوڑھا ہونا (جنڑاں **کھچکی گیا**)
**کھچی:** (کھچی کرناں) شرمندہ کرنا:

کھ۔د

**کِھدناں:** (کھد.....ناں)
دفع کرنا، پرے ہٹانا، دور کرنا:
**کھدڑ:** (کھد.....دڑ)
(کھڈی کا بُنا دیسی کپڑا)
**کِھدو:** (کھد...دُو)
کِھنو، گیند، (لیراں نا گولہ) کھنڈوری:
**کھدولہ:** (کھندولہ) (کھد....دُلہ)
(پرانیاں لیراں نا بسترہ (کھندولہ
رِنجھے مو کھندلے دبنڑ ہو (اخ)
(لِسے نا رَوہ کھندولے اپر) اخ

پرانا لیف:
**کھدیڑناں:** (کھ....دے...ڑ...ناں)
باہر کڈھناں، دھکڑاں، درکارناں،
کھدناں:
(کھدیڑے کڈھناں) فضول دوڑنا
پھرنا (آوارگی)

کھ۔ڈ

**کُھڈ:** (کُھڈ)
سوراخ، بل:
(کُھڈے اپر چوہا وی ہُشیار ہونڑاں)
(اخ)
(کُھڈ چورائے کہہ چوہا) اخ
(کُھڈے لغڑاں) مح
(ایک پاسے لغڑاں)
کنارے لغڑاں فارغ ہونا:
(کُھڈے لا لانڑاں) مح
**کِھڈا:** (کھِڈ...ڈا)
(لتاں اڈی کے ٹُرنے آلا، چوڑ لتا)
**کُھڈا:** **بڑا سوراخ**
**کھڈار:** (کھڈیار) کوڈی کھڈیار۔ کھڈاری،
کھلاڑی:
کھیل کا شوقین (چنگا کھڈیار) چمپیئن:
**کھڈاڑاں:** (کھ...ڈا...ڑاں)
کھیل میں شامل کرنا، خوش کرنا:
(بچوں کو اُٹھا کر نا)
(کھڑانڑاں) کھیلانا
**کھڈاوا:** (کھ....ڈا....وا)
جی نے والا (چھوٹا بچی بچہ)

دل وہ:
کھلونا:
**کُھڈ لا:** (کُھڈ...لا)
ککڑ ڈکڑیں ناں ڈربہ:
کچا ا،اینٹوں کا بنا چھوٹا سا گھر
(کُتے ککڑ ڈکنے واسطے)
**کھڈوڑاں:** (کھَ..ڈَو...ڑاں)
کھلوناں، بچوں کے کھلینے کا سامان:
(باوا، چھنکڑاں)
(میرا دل چناں کچ دا کھڈوا ناں) گا
**کھڈی:** (کُھڈ...ڈی)
کپڑے تیار کے کی دیسی مشین:
(جولاہے نا اڈہ)
**کُھڈ لے:** ککڑیاں کبوتراں نے کُھڈ لے:
(مٹی کے ڈربے)
**کھڈیار:** (کُھڈ...یار)
کھلاڑی
وقت بڑا کھڈیار پرانا
ساری عمر پدا (نظم)

---

## کھ۔ر

---

**کھر:** (خر) گدھے کی فطرت والا:
بھدی آواز والا:
کھرا، تلخ مزاج، ایک ذات (بلوچ)
مُصطفی کھر:
(کھرا، سِدھا)
**کُھر:** (کُھر)
پا (گائیں مجھیں نا پیر)
(منہ کُھر) جانوروں کی ایک بیماری:

**کھرا:** سچا کھرا آدمی:
تلخ، کڑوا:
(کُھٹا کھرا) اصل اور نقل:
نرول، صاف، بے میل، اصل، خالص
سچا:
**کُھرا:** (کُھ...را)
نشان۔ پیروں کا کھوج:
(کُھریوں نا نہہ چھوڑنا) مح۔ ایک جیسی
عادتیں رکھنا (ہم فطرت)
(کُھرا) اتہ پتا، خبر، نشان:
سُراغ (کو کُھرا نمیں لبھڑاں)
(اسلم مستریے نا کو کُھرا وے؟)
برتن دھونے کی جگہ:
صحن میں بنی ایک طرف برتن دھونے کی
جگہ:
میلا پانی بہانے کی ڈھلوان جگہ جہاں
سے پانی آسانی سے نکل جا :
**کھراس، خراس:** (کھ...را...س)
بڑی چکی، آٹا مشین (کہراٹ)
**کھراسنا:** (کھ...راس...ناں)
راہنڑاں، پتھر پھنڈنے:
**کھراسی:** (کھ..را..سی)
چکی کے پُڑ چھیدنے والا مستری:
**کھراوڑناں:** گا بھینس کے جننے کی حالت:
**کُھرپا:** (کُھر...پا)
رمبا (کُھرپا درانٹی)
(کیارے نی گوڈی کرنے آسطے ہک
اوزار)
جانور کے کُھر جیسا:
**کُھرپی:** (کُھر....پی)

چھوٹا رمبا (کُھر پی) چھوٹی تیز ہشیار لڑکی:
(بڑی کُھر پی اے)

**کُھر چناں:** (کُھر...چ...ناں)
میل اُتاا، رگڑنا، کُھر چ کُھر چ کر صاف کرنا۔
رگڑنا، کھنوترناں (گریڑناں)
تیز دھار چمچے سے جمی ہو چیز اکھاڑنا:

**کُھر سُو:** بُلبل۔

**کُھرک:** (کُھر...ک)
خارش (کھاج، جلول) چمڑی کا ایک روگ (Skin Deasos)
(کھرک مٹھی ہونڑاں) مح

**کھرکا:** (کُھر...کا)
گدھے کا بچہ (کھوتا کھر کا ہک برابر) (اخ)
(کھرکا) گدھے اور خچر کی اولاد:
نسل بدنسل:
پاروں آ شاہ جمال
کھوتا کھر کا سب حلال"
(کھرکا) "خرکا"...اور "خرکا" سے خرکار (پٹھان، گدھوں کا کام کرنے والا)

**کَھر کلا:** گھوڑے کی مالش کرنے والا کنگھا:

**کِھر کلا:** بھڑ کا چھتہ (کِھر کلے کی ہتھ باہنڑاں) (مح)
مصیبت گلے ڈالنا:

**کَھر کی:** (کُھر...کی)
عورت کو گالھ دینا (کھر کی نی)
(بڑی کھر کی ایں) گالھ

خچر کی نسل:

**کھرَل:** (کُھر...ل)
(کھرل کرناں، جڑی بوٹی رگڑناں)
راجپوت جٹ، ایک ذات:

**کُھرلی:** (چرنی) (کھولی) جانوروں کو چارہ ڈالنے والی لمبی نالی نما جگہ:
کُنڈی:

**کُھرناں:** پانی لگنے سے زمین کا آہستہ آہستہ :
صابن کا استعمال کے سے کم ہونا:

**کھروڑی:** (کھردری منجی) ننگی بان کی چارپا :

**کِھرونڈ:** ناخن کی جھریٹ (کھرونڈاں) جمع

**کَھری:** سچی۔صاف صاف:

**کَھریاں:** (جمع) سچی اور کھری باتیں:
(کھریاں سنانڑاں) مح

**کُھری:** ایڑی، پیر کا پچھلا حصّہ، اَڈی)
(کُھریاں) جمع:
(کُھری مار) جلدی کر (امر)
کُھری مارناں) مح

**کُھرے:** (گا بھینس اور بکرے کے سری پا )
پا ں کے نشان:

**کُھریوں:** فطرتاً۔

**کھرینڈا:** (کھ..رِیں..ڈا)
زخم کے ٹھیک ہونے کے بعد زخم پر بنا ہوا باریک چھلکا:
(کھرینڈا پٹناں) خارش کر کے چھلکا اتارنا:

.........................................................................

کھ۔ڑ

.........................................................................

کھڑ کھڑ: کھڑکنے کی آواز
کھڑ کھڑ: مہین آواز
کھڑ کھڑ: کھلنے کی حالت
کھڑاڑاں: (ہتھوں دینڑاں) ضائع کرنا، گُم کرنا:
(انھاں سُٹی ہکےوار کھڑاڑاں) اخ
کھیل کرانا (بچے کو نا)
کھڑاک: کھڑکار، کھڑک کی آواز (کھڑکا)
(سر پرائز) واہ جی ڈاہدا کھڑاک کیتا ای: کارنامہ:
کھڑاماں: (کھڑا...ماں)
لکڑی کی چپل (جُتی)
کھڑاں: میل کی تہیں۔
کھڑباجی: ٹھوکر لگنے سے ایسا گرنا کہ گر کر قلابازی کھا جا :
کھڑ بیڑناں: شکنجہ لگانا۔ اٹیرن پر چڑھی بل دار رسی
کھڑتی: (کھ۔۔ڑُتی)
تنگ جگہ (کونہ)
کھڑتال: ہمی یالڈی کا ساز
کھڑپچے: (کھڑ...پے..چے)
کا بلے۔ پیچ (میخ کی جگہ چوڑی دار کِل)
کھڑپینچ: (کھڑ....پین....چ)
پردھان، چوہدری، بڑا آدمی، معتبر:
کھڑک: (کھڑ.....ک)
معمولی سی معمولی آواز۔ مہین:
کھڑک: بے خوف (کھڑکی کے بولنا)
(کھڑکی کے) رُعب سے:
(کھڑکی کھڑکا ) رُعب داب سے:
کھڑک: تختہ، جس پر کھڑے ہو کر بیلوں کو دوڑایا جاتا ہے۔
کھڑکا: کانوں (سرکنڈوں) کا دروازہ:
کھڑکار: کھٹکھٹانے کی زوردار آواز۔
کھڑکاڑاں: کھٹناں، دستک دینا، دروازے پر ہاتھ مارنا:
کھڑکڑاں: کھٹکنا:
دروازہ کھٹکنے کی آواز:
کھڑناں: ساتھ لے جانا، نال کھڑناں:
(تکی کھوتے کھڑن) کھوتیاں جوگی:
"میں کیہڑے پاسے گشناں آں
توں کیہڑے پاسے کھڑناں ایں؟"
(عارف ادیب)
(تہاڑی ما کی کھڑاں) گالھ
کھڑنا: (کھڑ...ناں)
کھلنا، پھل اور پھول کا منہ کھلناں:
(کھڑیا اے پھل انار دا)
(تکھی کے کھڑی گیا) چہرے پر رونق جانا:
(کھڑ کھڑ کری کے ہسناں) خوشی سے پھولے نہ سمانا:
(کھڑناں) پھولوں کا کھلنا:
مکئی کے دانوں کا بھٹی میں پھلے بننا:
کھڑوچ: (کھڑو....چ)
کونہ کُھدرا۔ ایک کونے میں بنی جگہ۔ ترے کونی:
کھڑوڑ: (کھ....ڑ)
کھردری (ان پدھری) ناہموار:
کھڑونج: پانی کے بہا سے پڑا ہوا کھڈا:
کھڑوچ: وہ حفاظتی بند جہاں سے کھیت کے پانی کی نکاسی کی جا :

**کھڑ، کھڑی:** (کھڑ....کھڑی)
کسی چیز کا، رواں نہ چلنا:
(تھرتھراہٹ والی)
گاڑی کے ٹائر کا جمپ چلنا:
(کھڑکھڑالاٹو)
ایک جگہ جم کر نہ چلنا:
(ریڑھا یا ٹانگہ وغیرہ)

**کِھڑی:** کِھلی:
"مٹی کِھڑی
مٹی ہسی
مٹی رو
مٹی فرجا مٹی ہو " (اختر امام رضوی)

**کھڑیال:** سرسوں کی سوکھی ہو ڈالیاں
جن سے بیج نکال لئے جائیں:

**کِھڑے متھے:** (کِھ..ڑے) (مَتھ....تھے)
کُھلے متھے، خوشی خوشی (ہسنیوں ہسنیوں

**کِھڑیا:** کِھلا (پھول کی طرح)
(ٹم ٹم فجر ناتارا کِھڑیا) سلطان
(کِھڑے) کِھلے:

**کھڑیا:** لے گیا (کُس کھڑیا؟) کون لے گیا؟
(کھڑے) لے گئے:

.........................................

## کھ۔س

.........................................

**کھس، خس:** (خَس)
گھاس، تنکے (خس وخاشاک)
ایک گھاس جس سے خس کی ٹٹیاں بنتی
ہیں:
(کولر میں لگی گھاس)

**کھس:** (کھس)
کام کاج، گھر کی صفا (بہاری کھس)
جھاڑو وغیرہ دینا:
(روز تھہر ونی کھس کھس بھاری........)
(آلِ عمران)

**کُھسّ کُھس:** سرگوشی:

**کُھسر کُھسر:** معمولی حرکت:

**کِھسرا:** (کِھس...را)
بغیر ایڑی کے چپل، پتلے تلے والی۔
جیسے ہوا چپل:

**کُھسرا:** (کُھس...را)
زنانہ آدمی، زنخا (خواجہ سرا) ناچا، ہیجڑا:

**کُھسر پُھسر:** (کُھس...سَر) (پُھس....سَر)
(کانا پُھوسی، منہ جوڑی گلاں کرنیاں)
(گوشے بانڑیں) سرگوشی کرنا،
سازش، سکیم:

**کھسڑاں:** (کھس...ڑاں)
کھوہنڑاں، چھننا (ہتھیں پینڑاں)
(ایہہ غم تہاڑے حیاتی مہاڑی نہ
مہاڑے کولوں کھس) مصرع
حق مارنا، ناجائز تنگ کرنا، زبردستی کرنا:

**کھُسڑاں، کھسناں:**
پھٹنا، پرانا ہونا (لیر ولیر ہونا)
غم زدہ ہونا:
(جُدا اچ دل پیا کُھسناں) جدا ہو
دِل کی حالت:
(مہاڑے کولوں نئیں کُھسنے)
دور یا مشکل ہونے کی صورت میں انکار
کرنا:
(مہاڑی تے جیب ای کُھسی وی) پیسے
گر جانے کی صورت:

(ایہہ تے ہنڑای کُھسناں شروع ہو

گیا)غیر معیاری کپڑا:

کُھسڑ: (کُھس...ہَڑ)

(نکارا، بے فائیدہ)

(بغیر سوں ٹانڈا)

(کُھسیا کُھسیا وابندہ، ماڑا) غریب

بھیڑی حالت:

کِھسکناں: (کِھس...کڑاں)

کِھسکنا (ٹُھوہ گھسیٹناں)

پاسے ہونڑاں۔ دسے بغیر چلا گسناں:

کھسکاڑاں: (کَھس...کا...ڑاں)

(خاموشی نال مال پرے کرنا) چوری

کرنا:

(کَھسکا) چور

کُھس کُھسی: بے چینی (اضطرابی حالت)

---

## کھ۔ک، کھ

---

کُھکڑی: (کُھک....ڑی)

دیسی خربوزہ:

کِھکواڑا: جڑے (کھکواڑے) جمع

کُھکھل: گرد۔

کیوں راہواں دی کُھکھل چُپ سی

(ارشد چہال)

---

## کھ۔ل

---

کَھل: (کھال)

جانور کی چمڑی (چم) کھلڑی:

(کھل) ٹھہر (ہُنڑ کھل وی)

کُھل: آزادی۔اختیار:

(کُھل لیڑیں) مح۔آزاد ہونا:

(کُھل) افسانہ (قمر عبداللہ)

کَھلا: سیدھا، کھڑا۔

(کھلی) مونث۔۔۔ کھلی چڑھا ۔

کھلاڑہ: کھلیان:

(جناں نے کھلاڑے اوہ سِٹے پئے چُننن)

(ارخ)

(کھلاڑہ دینڑاں) دانے بخشیش کرنا:

کھلتا: کھڑا:

(کھلتاوا) ٹھہرا ہوا:

کھلتا کھلتا: کھڑے کھڑے:

(میں کھلتا کھلتا مُڑنا آں)

کُھلڑاں: (کُھل....ڑاں)

بے تکلف ہونا (کُھلا چوڑا ہونا)

آزاد پھرنا، باغی ہونا (پٹہ کڈھاناں)

(کُتا کھلاوا) کُتا کھلا ہوا ہے:

(بوہا کُھلاوا) دروازہ کھلا ہوا ہے:

(تہاڑا منہ بہوں کُھلی گیا) بد ی کی

حالت:

(زخمے ناں منہ کُھلناں) زخم خراب

ہونے کی حالت:

کھلڑاں: (کھل....ڑاں) کھلناں

کھڑا ہونا۔ٹھہرنا:

(راہے اچ کھلناں) ملاقات کرنا:

مقابلہ کرنا:

سیٹ اپر کھڑا ہونا (نامزد ہونا)

(کیہڑی گلی جتھے پہا گوئیں کھلی) ارخ

ٹھہرنا، انتظار کرنا، کھڑا ہونا:

(گلے اَپر کھلناں) بات کا پکا ہونا:

ویلا کھلی گیا یا کھلو گیا؛

کھڑا ہوا:

(باقی صدیقی)

(وم)

برسا

کھلنڑ: (کھلنْ) اگر کھلیں (شرطیہ)

کھلے رہیں (فعل جاری)

کھلیں:

(چیڑے اُڈن صافے کھلنڑ)

(باقی صدیقی)

کِھلہ: گری ہو پرانی حویلی۔ اجاڑ

جگہ (کھنڈر نما حویلی)

(کھلہ) جوتی۔ کھسرا:

کَھلی: کھڑی:

(کھلی چڑھا) بالکل سیدھی چڑھا

(کھلی) بند۔ مشین کھلی گئی:

کُھلی: لمبی چوڑی:

بند کی ضد (اوپن)

گلے سے آزاد:

(کُھلی چرے بدھی مرے) اخ

کِھلی: ہاسہ۔ تماشا

(کِھلی باہنڑاں) ہنسی اڑانا:

(کِھچ کِھلی) قہقہوں کی بھرمار:

کَھلیٹن: (کھل... یٹ... ٹن)

سرسوں کی پھلیوں سے بیج نکالنے کے

بعد بچا ہوا بُورا:

کھلیٹر: ششماہی۔ فصل کی فصل:

کمی جمی کی مزدوری (سیپ)

کھلیارناں: پھیلانا (کپڑے کا کھول کر دکھانا)

"توں جتنا داج کھلارسیں

برساتی پانی سے زمین میں بنے ہو
گڑھے:
زمین کا کٹ کر بڑے بڑے کھڈوں کی
شکل اختیار کر لینا:
**کھِندلناں**: پانی کا گدلا ہونا:
(کھندلیاوا) گدلا پانی:
**کھندولا**: (کھن...دُل...لا)
گودڑی، پرانی رضا تلا کا بستر۔
(لسّے ناروہ کھندلے اپر) اخ
**کھندو** : (کھن...دُو)
بڑی سو ،رضا سینے کی سو :
**کھنڈ**: (کھن.....ڈ)
شکر (بُورا) دیسی چینی:
(کھنڈ تے کھیر ہونڑاں) مح۔ محبت کے
ساتھ رہنا:
اکٹھا کرنا (اِک مِک ہونا)
**کُھنڈ**: (کھن...ڈ)
دیسی ہل کا ٹھیہہ جس کے اوپر
ہتھی لگی ہو ہوتی ہے اور لوہے کا پھل
لگا ہوتا ہے:
**کُھنڈا**: (کُھن.....ڈا)
(کُند) چھری یا چاقو کی دھار تیز نہ رہنا
(کُھنڈی چھری نال کواہااِیں) گا
بیل کو گاٹھی دینا جو ہل میں نہ چلتا ہو:
ناکارہ
(بڑا کُھنڈہ آدمی آ) سُست ۔ ر:
**کِھنڈناں**: (کھنڈ.....ڑاں)
ہوناں۔ بکھر جانا، الگ ہونا،
پھوٹ پڑنا، بے اتفاقی ہونا:
(تتر بتر ہونا)

(کھنڈی پُھنڈی گساں) ایک ایک ہو
کر نکل جانا، کو اِدھر کو اُدھر:
(کھنڈناں) چوڑا ہونا، پھولے نہ سمانا:
(بہوں نہ کھنڈ) زیادہ خوش نہ ہو:
**کھنڈی**: عیبی، کجی۔
ٹوٹی یا مُڑی ہو چیز۔
(کھنڈی ٹُھن) وہ جوہڑ جس میں ٹوٹے
اور ربرتن پھینکے جاتے تھے۔
**کُھنڈی**: (کُھن...ڈی)
کُند، بے دھاری:
بغیر دھار کے چُھری (کھُنڈی چھری)
(اہیہ تے رُٹھی زنانی ناں نک وی نئیں
کپڑیں) (اخ)
دل کی بُری عورت:
(وچوں بڑی کُھنڈی اے)
(کُھنڈا) مذکر۔ دل کا صاف نہ ہونا:
(کُھنڈ رکھناں) دل میں میل رکھنا:
حسد اور بغض پالنا:
**کھنڈوری**: (کھن...ڈُو..ری)
کپڑے کا بنا گیند (کھنڈوڑی کھیڑناں)
گیندی:
لِیراں ناں بنڑیا گینت (کھِنوں)
کپڑے کی کترن سے بنا چھوٹا گیند:
**کھنڈوں مٹھا**: (کھن....ڈوں)
انتہا میٹھا (بہوں مٹھا، مٹھا کھنڈ)
(ہنڑ تے مٹھا کھنڈوں رلغڑاں ای)
**کُھنڈھا**: (کُھن......ڈھا)
بے دھارا، کُند:
**کُھنڈھ**: کُھنس، حسد، بُخل:
پردہ، نقاب:

**ِکھنڈ ناں:** پھولے نا نہہ سمانا:
**کُھنڑاں:** کھجانا۔خارش کرنا۔
**کُھنڑ ناں:** کھودنا:
**کُھنس:** (کُھن ...س)
بُغض، حسد، جلن:
وَیر، خار، دلوں نفرت، دُشمنی:
(کُھنس کرنا) بُرا منگنا، اچھا نہ چاہنا:
**کھنکھار:** (خونخوار) ڈرا نی اور گہری کھا والی
جگہ: (کھنکھار کس)
**کھنگ:** (کُھن.....گ)
کھانسی کی مرض (کھنگ مٹھی ہو گیسی)
(گلی وچ کھنگڑاں) بُری بات:
گلی وچوں لنگی نا نہہ۔لنگیاں ایں تے
کھنگی نا نہہ (عارف ادیب کیانی)
(کھنگڑ نا نہہ دینڑاں) دبا میں رکھنا:
(کَھنگڑاں) فعل۔کھانسنا۔
**کھنگا:** بڑا خاندان (ٹبر)
(کھنگا کھانڑیں آلا آ)
**کھنگار:** کھانسنے سے نکلا ہوا بلغم (ریشہ)
**ُکھنگالنا:** (کَھنگ...گال...ناں)
( لنا) دھونا۔
(اپواسنا) کورے برتن کو کھنگالنا۔
(پانی اتارناں) ہلکی صفا کرنا:
سروں لاہڑاں، فارغ کرنا۔
**کھنگر:** (ِکھنگ....گر)
جلی ہو اینٹ (قوم ذات)
کالے روڑ:
**کھنگرا:** کٹی ہو شاخ کا بچا ہوا حصہ:
درخت کے ساتھ اُڑنے والے
حصے (کُھنگرے) (چیلے کُھنگرے نال
اڑی گسنے) کٹی ہو شاخوں کے ماندہ
حصے۔
(کُھنگرے کولوں پھڑ وا کہھنساں
پر۔۔۔)
**ِکھنگڑاں:** ناز کرنا، فخر کرنا۔گھمنڈ کرنا
(کیہڑی گلے اپر کھنگڑاں ایں؟)
**کھنڑ کڑاں:** (کھن ...ڑ..کڑاں)
بجناں، دھات کی کسی چیز کا ٹن ٹن
کر کے آرناں آواز دینا:
**کھنگڑاں:** (کَھن ..گ..ڑاں)
کھانسنا، گلا صاف کرنا:
**کَھنگڑاں:** کھانسنا (کھنگارنا)
" گلی وچوں لنگی نا نہہ
لنگیا ایں تے کھنگی نا نہہ" عارف ادیب
**کَھنگورا:** کھانسنے کی واز:
(کھنگورا لانڑاں) مح۔طیش دینا:
للکارا، نے کیلئے کھانسی جیسی
آواز نکالنا:
(میکی کھنگورا ِکیّاں ماریاس؟ میں پُچھی
کے ر ں) لڑا کا بہانہ:
**کُھنگی:** (کُھن.........گ......گی)
(اڑا) رکاوٹ، درخت کی ٹوٹی
شاخوں کے حصّے۔
(کُھنگی لہنڑاں) مح۔میدان صاف
ہونا۔
**ِکھنگڑاں:** اترانا۔ناز کرنا:
مانڑ کرنا، فخر کرنا:
(پتہ نئیں کیہڑی گلے اپر َکھنگڑاں)
**کَھنتاں:** خارش کرنا:
**کُھنتاں:** (کُھنڑ ناں) کھودنا:

**کھنوترناں:** (کھنو..تر...ناں)
ناخنوں سے رگڑنا (کریدنا)
(نُونہاں نال مٹی لاہڑاں)
خارش کرنا:
زخم چھیلنا:
کھرینڈے پٹناں:

**کِھنوں:** (کِھن..نُوں)
کپڑے کا گیند۔

---

## کھ۔و

---

**کھواڑاں:** (کھ...وا...ڑاں)
تھان سے کپڑا اُپھڑواناں، خریدنا:
(تو وی جوڑا کھوا کہن)
پھل تڑواناں، اکٹھے کرنا:

**کھوا :** (کھوا...ا)
(کھلانے پلانے آلا) سخی، کھلے دستر
خوان والا:

**کھوبھا:** (کھوہ...بھا)
دھسان:
دَلدل (پھسلن، اوکھی جاء) مصیبت:
نقصان:

**کھوپا:** (کھو......پا)
(کھوپرا، گری ناخول) ناریل
(کھوپے) بیل یا گھوڑے کی آنکھوں
پر بندھی پٹی، یا عینک نما:

**کھوپڑی:** (کھو........پڑی)
کھوپڑی، سری، سر کا خول:
(لغڑاں تہاڑی کھوپڑی کم نئیں کرنی)

**کھوپے:** (کھو.....پے)
کھوپڑے:
(کھو ہے اچ جُھڑے ڈ اں نیاں
اکھاں اپر چڑھے کھوپڑے)
چمڑے کے پردے:

**کھوتا:** (کھو.....تا)
گدھا (کھوتے ناں ک ا ای رہسی)
(کھوتا جوں وی چری گ تے موہنہ وی
ڈِنگا کری گیا) اخ
" کھوتا جے مکے ہووے
تاں وی نجس رہنڑاں" (سلطان
ظہور)
مونث (کھوتی) گدھی، بیوقوف احمق
(جھلا)
(کھوتے کی کھیرا و نٹھے ں منڈے) اخ
(کھوتیاں کولوں کھودلنڑاں) اخ
(کھوتے چڑھیا) بدنام، خوار، عیبی:
(کھوتے اپر پہھار رکھو تے پتہ ای نئیں)
(بال گیت)

**کھوتی:** (کھو....تی)
(گدھے کی مونث) گدھی:
(کھوتی ٹورناں) ٹُھکانا
(بڑی کھوتی زنانی اے) پھوہڑ عورت
(وے کھوتی تے پہھار نہ چا) اخ
(ایہہ کھوتی ہے؟ د اڑی سو کم کری کے
بہنڑیں)
بیوقوف۔ ناسمجھ:
(جتھے نی کھوتی اُتھے آنڑ کھلوتی) اخ
(مطلب ہویا پورا کھوتی سٹیا پُھورا)
(اخ)
(کھوتی ناپُتر) (بڑی کھوتی) گالھ

(کھوتی کُھبڑاں) مح ۔ پھنسا ہوا کام:
(مہاڑی کو ئیں کھوتی کُھبی وی) مح
(کھوتے) جمع
(کھوتیاں نا ہیڑ) ہجوم
(کھوتی گھڈ انڑ ہونڑاں) مح
نقصان کر کے واپس نا۔
(کھوتی گڈھانڑاں) نر سے میل کرانا
**کھوتے کھرک:** (کھو۔تے) (کھر.....ک)
(گدھے کی خصلت جیسا)
بیوقوف، سیدھا، پاگل (بُت دماغ)
(کھوتے بُوہڑ) کم عقل، کُند ذہن:
**کھوٹ:** (کھو.....ٹ)
(رَلا) سونے میں گھاٹ کی ملاوٹ:
بے ایمانی، جھوٹ، کھوٹی نیت،
منافقت:
**کھوجا:** (کھو.....جا)
خواجہ (پیاری نسل)
(بدھا لینے والے، کھوجے)
**کھوجناں:** (کھو.....ج...ناں)
تحقیق کرنا (کھوج کڈھناں)
(پرچول کرنا)
(اس پایا بھیت قلندر دا راہ کھوجیا اپنے
اندر دا) (بُلھا)
**کھوجی:** (کھو......جی)
(کھوج کڈھنے آلا) سراغ رساں:
**کھوچل:** (کھو.....چل)
وا، چوڑی مار پیچ:
بڑا فریبی:
ات گہرا بندہ، چھلیا:
**کھوچلا:** (کھو.....چ.....لا)

کھوچل، کچھکیاوا، جِسنیاں چوڑیاں
ماریاں ہون، نکارا، ر۔لُوز:
**کھوسا:** (کھو.....سا)
چمڑے کی نوک دار جُوتی:
(گل کرنا ای مہاڑا کھوسڑا)
(کھوسہ ملتانوں آیا) گ
شادی بیاہ پر پہننے والا۔ کھوسہ پہننا:
دُولہے کا پہناوا:
**کھودا:** (کھو.....دا)
ان داڑھیا، اَن مُچھا:
تھوڑی تھوڑی داڑھی والا:
(داڑھی کھودی اکھیوں انھا) اخ
(کھودا ا) ے کی ایک نسل
**کھور:** (کھو......ر)
خُور، وَیر، دُشمنی، ضِد، عداوت:
(خور بناں)
(کُتے آلی خور) سخت ضِدی آدمی:
**کھوروں کڈھنا:** (کھو...رُوں) کڈھ....
ناں)
(مستی کرنا)
بیل کا اگلے کھروں سے مٹی اڑانا:
لڑا کے بہانے ڈھونڈنا:
(ایویں کھوروں کڈھنا) طیش
میں آنا: (ڈھینگیں مارنا)
**کھوڑ:** (کھو......ڑ)
اخروٹ:
(دنداں نا کھاہدا واحصّہ) کیڑا لگا دانت:
(کھوڑ ضلع اٹک)
**کھوسڑا:** (کھو....س.....ڑا)
(اَت پُرانی جتی) کھوسڑے،

کُرٹا پرانا کھسرا:
(ہتھ پرانے کھوسڑے بسنتا ہورآ )
(اخ)
وہی پرانی بے ڈھنگی چال:
**کُھوک:** (کُھو.....ک)
رُخسار، گال (کھوکاں) جمع
(کھوکاں پٹناں) شیطانی کام:
(کھوکاں کڈھنیاں) صحت مند ہونا:
**کھوکا:** لکڑی کا ڈھانچہ۔ کمرہ:
اندر سے خالی چیز:
**کھوکڑ:** (کھ..وَک...کڑ)
اُلٹا کام (توں کو کھوکڑای کرسیں)
**کھوکلا:** خالی ڈھانچہ۔ خالی بُت:
کمزور:
**کِھوکناں:** (کِھو...کڑاں)
انتہا غُصے کی حالت میں بولنا:
**کَھولا:** (کَھو.....لا)
(پرانی خستہ حویلی، کھنڈر)
چھت کے بغیر چار دیواری:
**کھولناں:** (کھو....ل...ناں)
ا ـ
(کھولناں) سنبھالے نہ جانا۔
(پیسے کھولناں) مح۔ پیسوں کو جلدی میں
ضائع کردینا:
(پانڑی کھولناں) اُبالا کھاناں۔ جوش
کھانا:
(خون کھولنا) مح۔ انتہا غصے کی
حالت:
کھول کے بیان کرنا، تشر کرنا:
تھان کھولنا، کپڑا ناپنا (کھلیارنا) چوڑا
کرنا:
دوکان کھولناں، کتاب کھولناں:
**کھولنّاں:** (کھ ـ ـ ـ ول ـ ـ ـ ناں)
نا، تنگ کرنا۔
**کھولی:** (کھو....لی)
(کُھرلی) جانوروں کی رہنے کی جگہ:
**کھولے:** چھت کے بغیر پرانے گھر۔
غیر آباد حویلی:
گِرے ہو دانتوں کی جگہ۔
**کُھونجا:** (کُھوں......جا)
تکون:
گونہ، کُچھ، نُکّر، گُٹھ:
(تکھ کرے کُھونجے اچ پیا ہوسی)
**کَھونچا:** (کَھوں...چا)
کھرچنے کا کام دینے والا:
لوہے کی لمبی ڈنڈی والا چمچہ جو آگے
سے چوڑا اور تیز ہوتا ہے:
دودھ کے کڑاہ میں ہلانے والا چمچہ۔:
(کُھرچا، کھونچا، دیگے نا چمچہ (مسّد)
**کُھونڈا:** (کُھوں.ڈا)
بڑی موٹی سوٹی یا ڈنڈا اجس پر کوکے یا
چمکدار کیل جڑے ہوں:
(کالا کھونڈا) کالے رنگ کا بڑا ڈنڈا
(باوے ہتھے اچ کھونڈا چایا وے)
(کھُونڈہ کھڑکاڑاں) مح۔ دبش
باہنڑاں: ڈرانا، دھمکانا۔
**گَھوہ:** غار:
**کُھوہ:** (کُھو......ہ)
کنواں، پانی بھرنے کی جگہ:

( کھوہے دی مٹی کھوہ)اخ

"میں اتھے تے ماہیا پربت

ساڈے کھوہے ناپاڑی شربت"۔گ

ہمیش تر ایا کھوہے اپر گسناں)اخ

( کھوہ کھتناں) دوسرے کے لیے بُرا

سوچنا:

(جیہڑا دوئیاں آسطے کھوہ کھتناں اسنے

آپڑیں اگے کھوہ اسناں)

(چاہ کُن را چاہ درپیش)

( کھواں) جمع

( کھووں نکلناں) مح۔انتہا خوشی کی [redacted]

حالت (ہمدردانہ کیفیت)

کھوہ یوچ: لالچ (چھوٹا موٹا ہاتھ [redacted]

کَھوہ گَھوہ: غُصے کی حال [redacted]

کھوہ کھاتے: ( [redacted]

فض [redacted]

پڑ، میدان: کھلیان:
(وسے چیتر گھر مِٹے نہ کھیتر) اخ

**کھیچل**: (کھے...چل)
تکلیف، محنت (تنگ کرنا)
(**کھیچل کرنا**) بے جا تکلیف دینا:

**کھیدے**: (کھیدے کڈھناں) مح
آوارہ پھرنا۔

**کِھیر**: (کھی...ر)
گا یا بھینس کا وانا:
دودھ والی جگہ (کِھیری)
دوددھ اور شکر کا میٹھا پکا وا محلول:
(کُتے کی کھیر نئیں پچنی) اخ
(مِٹھی کھیر پکا محمد کُتیاں اَگے تھرنی)
عضو تناسل (فارسی)

**کھیر ماں**: دُدھل بچھی ، دو دانت یا دو سال
سے کم عمر کا بچھڑا:

**کِھیری**: (کِھی...ری)
گا بھینس کی دودھ والی جگہ (تھن)
(کِھیری لاہنڑاں) جننے پرنا:
(واناں)

**کھیری مُورتی**: ایک علاقے کا نام (پہاڑی
سلسلہ) مفرور لوگوں کی پناہ گاہ

**کھیڑ**: (کھے...ڑ)
کھیل، تماشہ، من پرچاوا:
(دل وہ، انوکھا کم)
(کھیڑناں) کھیلنا

**گھیڑ**: (کھوہر، کھہہ، ترہیڈی گل،) بحث
(کھیڑ گھنی) بحث مباحثہ کرنا، بہانہ
تلاش کرنا، راہ روکنا، ضد۔ اڑی:

**گھیڑا**: (پکی تلاش)
(کھیڑے پینڑاں) راکھی کرنا، پیچھے
پیچھے رہنا، سراغ لگانا (ایہہ تے پکا ای
کھیڑے پئی گیا)
نہ چھوڑنا، مغر پینڑاں:

**کھیڑی**: پشاوری چپل۔

**کھیڑے**: ہیر کے سسرال۔
(کھیڑے) ناقابلِ کاشت زمین
(کھیڑے پٹناں) مح

**کھیس**: سوتی کمبل

**کھیکھنڑ**: (کھے...کھنڑ)
بہانے، چالے، مستی، جھوٹھ موٹھ، پکھنڈ
جھل فریب (میکی ایہہ کھیکنڑ نہ دَس)
زنانیاں ناں مصنوعی رونڑ (مکر)
"خوب نہوایا، عطر لایا، چِٹے کپڑے پایا
اتنا کھیکھنڑ کر کے مینوں کیوں مٹی وچ
پایا" (سلطان ظہور)

**کھیل**: کنوئیں کے ساتھ بنی پتھروں کی حوضی:
جانوروں کو پانی پلانے والی جگہ:

.................................................

# گ

.................................................

## گ۔ا

.................................................

**گا**: (گ....ا) گا
(گا) امر (گانڑاں) فعل
(گانڑاں بجانڑاں)
(نٹ تے ڈوماں نا پیشہ)

**گابھا**: پیٹ، حمل۔ ڈھڈ:
گوگڑ، پھولی ہو توند:

گھبن۔حاملہ:

**گابھو:** (گا....بھو)
عورتوں کا ایک نام۔

**گاپھا:** (گا...پھا)
ایک دفعہ سے کما ہو دولت۔لاٹری
(گاپھالغزاں) مح۔چھکا لگنا
موٹی رقم،ڈھیر دولت،ڈھیر مال:
(پوراپھکر یا وامنہ)
(گپھ کرناں) پوری چیز منہ میں ڈالنا:

**گاٹا:** (گا...ٹا)
موٹی گردن (دھون)(Nape)
(ایہے تے کہھا ٹا جے کناں نے بشکار
گاٹا آ) اخ

**گاٹی:** (گا...ٹی)
چھوٹا گاٹا ( گردن) کمزور:
کنکر والی ڈور جس سے بچے پتنگ
لوٹتے ہیں:

**گاٹی:** (انٹی)
روڑہ بدھی وی ڈور، گڈے لُٹنے سطے
کھیڑکھیڑنا:

**گاچی:** (گا......چی)
مٹی ناڈھیلا،ڈُھل:
تختی کو پوچنے والی چکنی مٹی:
(ملتانی گاچی) پوچا:

**گاڈ:** (گا...ڈ)
گارڈ، ریل گاڑی کا بابو، جھنڈی ہلانے
والا:
راکھا(Guard)

**گاڈی:** کوچوان (گڈی چلانے آلا)
لوہے کی چھوٹی گول نما ریڑھی:
(گاڈی چلانا) بچوں کا کھیل:
سائیکل کے رِم میں ڈنڈا دے کر چلانا:
(گاڈی لانڑاں) آگے آگے لگانا،نوکر
بنانا،ساتھ ساتھ رکھنا:
(گاڈی لا رکھڑاں) مح

**گاڈی چوہا:** گلہری:

**گار:** گارے کی طرح کی حالت (کیچڑ)
(گار مچی وی) ہر طرف کیچڑ ہی کیچڑ
ہونا،پھسلن (تِلکن)

**گارا:** (گا...را)
بھوسہ اور مٹی ملا کیچڑ۔
"آ نی گُرٹو یو گارا کر چونا گ
سفیدی
میں بسم اللہ سوسوواری کھر یا ج
قیدی:"
مٹی میں پانی اور گوبھر وغیرڈال کر
گاڑھا کیچڑ بنانا،فرش کی لپا کرنا:
(گارے مٹی نی کند) کچی دیوار:
(گارے نی چنا ) کچی چنا :

**گاڑا:** سوکھی ہو گھاس کا گول ڈھیر۔
(گاہ گاڑیوں روٹی لنگروں) اخ

**گاش:** آ کاش (آسمان) بہت اوپر:
وقت اچھیا ٹلہ مارے
گاش چڑھے سدھراں نی اِٹی (باقی ص)

**گاشی:** (گا...شی)
گاش چڑھنے آلے:
آسمانی
کبوتر کی ایک نسل (گاشی کبوتر)
دیر تک اُڑنے والی نسل:
(ستر گاش چاڑھناں) مح۔پردے

فاش کرنا،نشر کرنا:

**گاگر:** (گا.....گر)

سلور کا گھڑا(گاگراں)جمع۔پانی

کا برتن:

(گاگریں)موٹی عورتیں:

**گال:** شادی بیاہ کا گیت(گالھیں گانڑاں)

(گال چاڑھنی)اونچی سُر:

(گال)رُخسار

**گالھ:** (گا...لھ)

مندا بول(گالھ،بکواس)

"ڈاہڈے نال پھسیالی

منگاں حاصل کڈھے گالھی"(باقی ص

**گالا:** (گا.....لا)

سکیل،اور گنجائش کے مطابق مال(پُور

چکی کے ٹپ میں پڑے ہو

دانے(چکی پیہنڑاں)(گالا کڈھناں

(گالا کڈھنا)پُور پورا کرنا:

اگلے دانے پُورے کرنا:

"اکھیاں اگے مُڑ مُڑ آ

جیوں چکی نا گالا....."(باقی صدیقی)

**گالا:** پہاڑی کی اونچا پڑ جانے کا قدرتی

کٹا (گلا یا مارگلہ وغیرہ)درہ

بنی گالا:ایک جگہ

**گالناں:** (گا.:ل...ڑاں کر)

ڈھلا کرنا،پگھلانا:

(مونہہ باکراتے ٹھوہ گاوا) اخ

**گا نڑ:** (گا.... نڑ)
گیت،نغمہ:

**گاہ:** (گاہ)
گندم کی گہا کا عمل:
سوکھی ہو بے ترتیب گندم کا ڈھیر:
(کھلیاں گڈیاں ناں ڈھیر)
(گاہ تے بیاہ) خوشی کا سماں:
(گاہ کھولناں) بغیر سوچے کام شروع کرنا:
(رَن بیا ہے اچ تے داند گا ہے اچ خراب ہونڑاں) (اخ)
(تُو بڑا گاہ گاہی کے آیاں اے) کو بڑا کام کرنا۔فساد کھڑا کرنا۔
(توں آپڑاں گاہ کھولی کِدا)
(گاہ باہنڑاں) اچھے بھلے کام کو خراب کرنا:
(گاہ گاڑیوں پر شادلنگروں) اخ

**گاہڑاں:** گندم کی فصل کی گہا کرنا، بھوسہ اور دانے الگ الگ کرنا:
(ڈنگراں نال یا ٹریکٹر نال فصل کی لتیاڑنا)
(گاہڑاں) ناجائز تنگ کرنا۔
(زمانہ گاہڑاں) ح، جہاں دیدی:
"وچ انہاں نے ککھ نہیں ہونڑاں
ایویں ٹانڈے گاہنڑیں لوک"
(عارف ادیب)

**گاہکی:** (گاہ...کی)
(وٹک، وِکری) خریداری:
(گاہک) خریدار:

**گاھل:** (گاہ....ل)
گالھ، توہ پھکڑی، لعن طعن:
(گالھیں کڈھنا) بُرا بھلا کہنا:
بکواس کرنا:

**گاھنڈے:** (گاہ...ل...ڈے)
(گڑیاں تے گاہنڈے:
(اَن کڑھے بالے)
درخت کی سوکھی موٹی شاخیں جن سے چھت بنایا جاتا ہے:
(دریکے نے گاھنڈے) کاٹھ:

## گ ۔ ب

**گبّنڑ:** (گب....بنڑ)
سنار، حاملہ (رَلی وی گاں یا منجھ)

## گ ۔ پ

**گپ:** (گپ)
جھوٹی صفت (کوڑ کباڑ) گپ شپ:

**گپڑاں گوپ:** گھپلے کی صورت:

**گپی:** (گپ.... پی)
گپ لگانے والا۔باتونی:

## گ ۔ پھ

**گُپھرے:** گھنے (سایادار

**گپھی:** کولہے کے جوڑ کی ہڈی:

## گ ۔ ت

گُت: (چوٹی) بالوں کی گندھی ہو لمبی چٹیا:
(چوٹی مینڈھی جیاں) پوری عمر تک:
(گُت کرناں) بالوں کو سنوارنا، کنگھا کرنا:
(گُت کپڑاں) مح۔ بُرے عمل کی سزا دینا:
(گُت پٹناں) مح۔ چٹیا سے پکڑ کر مارنا

گتا: (گت...تا)
بیلوں کو جوتنے کے لئے جوے میں لگے دونوں طرف کے ڈنڈے (گتے)
(گتا کڈھانڑاں) مح
(گتے آلا) وہ شخص جو دوڑ کے بیلوں کو باہر کی سمت سے قابو رکھتا ہے:
(باہرے گتے آلا) اندرے گتے آلا)
کتاب کی جلد کے کیلئے موٹا پَرت:
(کاٹھی نا گتا) جِلد
(گتا) امتحانی گتا:

: (گت....کا)
شمشیر زنی کی طرح لکڑی کی دو چھڑیوں سے لڑا کے کا فن:
( کھیڑناں) ایک کھیل:

گتنکوڑاں: (رچنا) پوری حد تک گھی یا شیرہ بھرنا:
(چونڑیں چونڑیں چیز) (سرشاری)

## گ۔تھ

گُتھی: ایک کھیل (زمین میں کیا ایک سوراخ)
کپڑے کا گول بٹوہ (تھیلی)
(ہنگو آلی گتھی) مح

"سارے پاسے مورے ای مورے
کس کی گتھی تنگا آ خاں؟"
(عارف ادیب)

## گ۔ٹ

گَٹ: (گَ ٹ)
دَم کیا ہوا تعویز، دھاگے کی گول گانی:
سنائی نا گٹ پیلے یرقان کے لئے استعمال ہوتا ہے:

گُٹ: (گُ ٹ)
بیل کی ابھری ہو پیٹھ کا نشان:
(گُٹ کڈھناں) بیل کا صحیح جوان ہونا:
(گُٹ ہونڑاں) خوش ہونا، مست ہونا۔ نہال ہونا:
(گُٹ گُوں) کبوتر کی طرح گُٹکناں:

گِٹ مِٹ: (گِ ٹ)(مِ ٹ)
انگریزی بول چال، اوپری زبان:
(گِٹ مِٹ کرنا) نہ سمجھ نے والی باتیں:

گِٹا: (گٹ...ٹا)
ٹُخنہ:
(گٹے گوڈیاں سوں رہنا) کمزور ہونا:
بوڑھا ہونا:
(گِٹیاں اچ بہنڑاں) مح
(گِٹا گودانا نہہ کریانڑاں) مح
ماں بہن میں نہ کرنا۔

گٹا: (گٹ....ٹا)
لکڑی کا گٹو، شہتیر:
(چنگا گٹے آر جنڑاں سا) موٹا تازہ

گُٹک: (گُٹ....ٹک)
مِٹھا ہاسا:
کبوتر کی آواز (گٹگوں)

گِٹک: (گِٹ....ٹک)
گُٹھلی (ڑک)

گُٹکا: (گُٹ.....کا)
لکڑی کا چھوٹا چورس ٹکڑا گاڑی کے ٹائر
کے پیچھے رکھنا (گُٹکا لانڑاں)
(دروازے نیں پچھے لکڑی نی روک)

گُٹکڑاں: (گُٹ....کَ...ڑاں)
دل میں لڈو پھوٹنا:
ہاسہ پھُٹناں، دِلے نے اندر ہسناں:
خوش ہونا، خوشی نال بولنا۔ دند کڈھنا:
(کبوتر کا بولنا)

گٹگُوں: (گُٹ....گُوں)
کبوتر کی واز (غٹرغوں)

گٹو: ان گڑھیا شہتیر:

گِٹو: (گِٹ...ٹُو)
(لوہکے قدے آلا)
(گِٹکو) لکڑی نا موچھا (ٹکڑا)

گِٹی: (گِٹ....ٹی)
کیل یا پیچ لگانے سے دیوار میں
ٹھونکی چھوٹی سی لکڑی:

---

## گ۔ٹھ

---

گُٹھ: پر کیا ہوا بھوسہ:
(کپڑوں کی چھوٹی گٹھڑی)

گِٹھ: (گِ۔ٹھ)
پورا کھلا ہاتھ، بالشت:
(چیچی سوں انگوٹھے جیاں)
(گِٹھاں ناپڑاں) پیمائش کرنا:
(بیٹھیاں گِٹھ کھلوتیاں مُٹھ) اخ
(گِٹھ مُٹھیا) بونا آدمی:

گِٹھ مٹھیا: (گِٹھ....مُٹھ...یا)
نکے قدے آلا، گھڈا، لوہکا قد،
مندرہ:
(چھوٹے قد والا)
تیروں آ گِٹھ مُٹھیے سال
عمراں کی لمکاسی کیہڑا؟ (شیراز طاہر)

گُٹھ: (گُ...ٹھ)
کونہ، کھونجا، نکر (گُٹھاں جمع)
(بوہٹی کی گُٹھے بالناں)
(مکان کی اندرونی دو دیوراں کا کونہ)
(گُٹھاں) جمع۔ کھیت کے اندرونی
کونے:
(گُٹھ کڈھناں) کھیت کے کونے میں
ہل چلانا (گُٹھ کڈھنا اچھیں)

---

## گ۔ج

---

گَج: (گَ۔ج)
(گجڑاں) فعل۔ گرجناں، بادلوں کا
بولنا:
(زورلا کے بولنا، رعب ڈالنا)

گُج: کِلی: key
لکڑے کے دروازوں کے ہر جوڑ میں
سوراخ کر کے دی گئی بانس کی پن:

گجرا: (گَج....را)
(پھُلاں نا ہار) بالوں میں گجرا لگانا:

"لایاں فرتو کانٹے گجرے
میں کریاں یاد، فر پُھلی گچھیاں
دُکھ کدے نئیں رہنڑیں سجرے"

**گُجری:** (گُج....ری)
گجری عورت، دودھ بیچنے والی:
گوالے کی عورت:

**گجریلا:** (گَج....رے .....لا)
(گاجر بھت) گاجر کا حلوہ:

**گجناں:** گرجناں:
جیہڑے گجنے اوہ ہَہر نیں نئیں (اخ)

**گِجناں:** عادی ہونا:

**گجی بجی:** (گَج....جی)(بَج....جی)
دھوم دھام سے، ٹوہر، ٹھاٹھ:
(گجی بجی، شوشانال)

**گُجی:** میسی (بات کی پکی)
پینڈی (مضبوط)
اندرونی (گُجی مار) اندرنی سٹ

## گ ۔ جھ

**گُجھا:** (گُجھ....جھا)
گہرا آدمی:
(میسا، گُجھا بندہ، ڈو ) گہرا:

**گِجھناں:** (گِجھ....ناں)
ہلناں، عادی ہونا (مانوس ہونا)

**گُجھناں:** (گھج....ناں)
گوندھنے کی حالت:
(مہاڑے کولوں آٹا نئیں گُجھناں)

**گُجھی:** (گُجھ....جی)
اندرونی، لُکی چھپی:
**گُجھی** مار (اندری سَٹ)

**گُجھے:** (جمع) گُجھا (واحد)
نہ نظر آنے والے (گہرے) اندرونی
"اُچے شملے نال نا نہہ چھپنڑ
دل نے گُجھے روگ"
(باقی صدیقی)

## گ ۔ چ

**گَچ:** (گَ....چ)
ایک خاص قسم کی مٹی:
چونے دار پلستر، چکنی مٹی:
(گچ) تر
(پانڑیئے نال گچ ہویاوا) بھرا ہوا:
(گچ کرنا) تر کرنا (گندھنا)
(گچ اساں) گلے کا رندھ جانا: روتے
روتے گلا بند ہونا: انتہا غم کی حالت:

**گِچ:** گِچی (گِ۔چ)
(تھونڑ) گردن:

**گِچی:** (گِچ....چی)
گردن (گدی، پچھلا حصہ)

## گ ۔ چھ

**گُچھا:** (گُچھ....چھا)
(پھلاں تے انگوراں نا اکٹھ) خوشا
(گچھا) چابیاں کا بڑا چھلا: لسی بلونے
والے ڈنڈے کے آگے لگا پھول
(کراس لکڑ)

**گُچھی:** (گُچھ....چھی)

(دھاگے کی **لچھی**)

## گ ۔ د

**گِد:** (گِ۔د)
گُودا،نرم شئے، چھلکا اُتار کر سے
نکلا نرم مادہ:
(اکھیاں نی میل)

**گدا:** (گ....دا)
بھیک، آٹا، پیسے، روٹی کپڑا مانگ کرلینا:
(گدا کرنا)

**گدا :** (گ...دا )
(فقیری پن، منگ پُنا)

**گُدڑ:** (گُد...دَڑ)
کوڑا کرکٹ، گندمُند:

**گِدڑ:** (گِد...دَڑ)
گیدڑ (لومڑے تے کُتے آر)
بُزدل جانور:
(گِدڑے نی موت اچھے تے اوہ
شہرے دارُڑی پینڑاں) اخ
(نس گِدڑانس) کتاب
(سیانڑاں گِدڑ) کتاب
(گِدڑسِنگی) ہرن کے دماغ سے نکلا
کراماتی کیڑا جسے سندور میں رکھا جاتا
ہے۔

**گِدڑی:** گیدڑ کی مونث:
(گِدڑی گدڑے نا بیاہ) نالے تُھپ
نالے مِینہ:

**گدی:** (گد....دی)
(رُوں پھھر یا کپڑا) زِین:
(جدی راج)
استاد کی جگہ بیٹھنا (گدی اپر بہنڑاں)
جانشینی (پیر فقیر نی گدی)

**گُدی:** گردن۔

## گ ۔ دھ

**گِدھا:** (گِد...دھا)
(شادی بیاہ پر گانا بجانا اور ناچ گانا)
(گِدھا باہنڑاں) مح
رگ وید میں گندھرب یا گاوندروب
دیوی کا نام ملتا ہے،اور اس دیوی یا
عورت کو آسمانی مخلوق سمجھ کر آریا اس کی
پرستش کرتے تھے۔اس عورت کی شکل
اور آواز بہت خوبصورت تھی۔اس کا
گانا سن کر آریا اس کی آواز کو خدا آواز
کہتے تھے۔وہ عورت گانے کے دوران
جو ساز استعمال کرتی تھی اس کو گِدھا ریا
گِدھا کہا جاتا تھا۔

**گدھی:** (گد....ھی)
بیوقوف، نکمی زنانی:
(ساری عمر گدھی نی گدھی رہسی)
گنوار، پھوہڑ:
(گدھا) مذکر
مطلب آسطے کُسے گدھے کی باپ بنڑایا
سا (اخ)

## گ ۔ ڈ

**گُڈا:** (گُڈ....ڈا)

(روں نا پُوتلا، پٹولہ) گُڈی کانز:
(گُڈا) پتنگ:
(گُڈا)(گُڈی گُڈا)
(گُڈو) ایک نام:
(گُڈے ڈارناں) پتنگ اڑانا:
(گُڈے بنانڑاں) پتنگ بنانا، تیار کرنا:
افوائیں پھیلانا:

**گڈا:** بونا:

**گَڈوا:** (گَڈ...وا)
مٹی کا گول برتن کھلے منہ والا (ڈولا)
(بڑی گڈوی)
(لوٹے نی قسم، بغیر ٹوٹی نیں لوٹا)

**گڈوی:** (گَڈ....وی)
(گڑوی) گھی یا دودھ ڈالنے کا سلور یا سٹیل کا چھوٹا گول اور تنگ مونہہ والا برتن:
(گڈوی بجانا) گڈوی آلیاں منگتیاں:

**گڈی:** (گَڈ....ڈی)
ریل گاڑی (بس موٹر)
(روٹی وی پکی وی تے گڈی وی تیار اے)
(گڈی) پُولی، فصل کا دتھہ:
" ہک گڈی چلے
اگے نا پہیہ پچھے
پچھے نا پہیہ اگے " (باقی صدیقی)

**گُڈی:** (گُڈ....ڈی)
گُڑیا:
چھوٹی پتنگ:
(گُڑیاں نے گڈیاں پٹولے)
(گُڈی گڈا)
(گُڈی گُڈے نا بیاہ) افسانہ
علی عدالت

**گِڈی:** سوراخ میں لگانے والی چھوٹی لکڑ:

**گُڈی باز:** (گُڈ....ڈی)(باز)
پتنگ باز:
(گُڈی بازی) گُڈیاں نے پیچے باہنڑاں: بازی لانڑاں:
(گُڈی چڑھنی) مشہورگی ہونی، نام بلند ہونا۔ شہرت حاصل ہونا:

## گ ۔ ڈھ

**گڈھا:** (گَڈ....ھا)
گٹھا، گٹھڑا:
کٹی فصل کے پُولے:
(گڈھی) مونث ۔ پُولا:

## گ ۔ ر

**گُر:** گن، پیچ، کسب، ہنر، د ری:
(اصول مڈھ)
(گُر جانڑناں، گُرے نی گل کرنا)

**گراٹ:** پن چکی (جندر)

**گراٹو:** کی ایک قسم:

**گرائی:** دولہے کے ساتھ آ ہو رسماً چھوارے اور مٹھا (شگن)

**گراڑی:** گیئر (دانتوں والا پہیہ)
چین تے گراڑی:

مِٹھے خواب دو پہراں توڑی تخڑاں رہنڑاں واں
پھونڑیں رہنڑیں سُتیاں مغز گراڑی خورے کیوں

(اسجد شاہ)

**گراں:** گاں:
ایہہ نئیں مینڈھا گراں (باقی صدیقی)
گراں گراں پھرناں: آوارگی
(گراں گو) گاں کی ثقافت:
(رہت بہت)
(جس گراں نئیں گسناں اس ناناں کہہ کھناں) اخ
(ہاتھی پھرے گراں گراں جس ناں ہاتھی اُس ناں ناں) اخ
(گراں گوٹھ) گاں اور اس کے آس پاس:
(گرائیں) اپنے گاں کے لوگ:
(گرائیں) جاہل اور پینڈو لوگ:
وطنی، مُلکی (ہکے گرائیں نیں بندے)
(گرایاں کہہ حال ای؟)

**گرارا:** (گ...را...را)
غرارہ، گھگرا:

**گرال:** لکیر (مونہہ سے نکلے پانی یا کھانے کی لکیر)
ان ڈھلے منہ کی حالت:

**گراہ:** (گ...راہ)
لُقمہ، روٹی کا نوالہ (بُرکی)
(سونے نا گراہ) قیمتی کھانا:
(کھلائیے سونے نا گراہ تکھیئے شیرے نی نگاہ) اخ
(پیرے نہ باہی جُتی، مونہے اچ رہیا گراہ) (اخ)
(سنگے اچ گراہ تے مونہے اچ مُوٹا) اخ
(اکھ پھرکڑیں نا نہہ مِلی مونہے اچ رہیا گراہ) اخ

**گراہی:** (گ...را...ہی) (اُگاہی)
وصولی، رقم وصول کرنا:
(گراہی کرنا)
(گراہی آسطے گیا وا) وصولی واسطے:

**گِرج:** (گِر.....ج)
گِدھ، مُردے کھانے والی (تاکھ)

**گُرج:** کریز، سلوٹ۔

**گِرد:** (گِر...د)
(آلے دوالے، چوپاسے)
(گِرد ہونڑاں) چڑھا کرنا:
(سارے مہاڑے گِرد ہو گئے)
مغر ہونڑاں۔ اگے پچھے ہونڑاں:

**گردا:** (گر...دا)
گرد (مٹی گٹا، دھوڑ)

**گرداوری:** (گر...دا...وری)
گرداوری کا کام، زمین کا حساب کتاب
لخت پڑھ، ششماہی زمین کی فصل بھرا :

**گردنی:** (گر...د...نی)
ذِمے (پلے، اپر) فرض:
(سارا بھار تہاڑی گردنی اپر آ)
بوجھ، ذمہ داری:

**گرڑ:** (گ...رڑ)
پتھروں کی گڑگڑاہٹ، چکی یا بھاری چیز کی آواز:

**گرز:** (گر...ز)
سِر توڑ ہتھیار:
(قورے اچ فرشتیاں گُرز چا ہوسن) (نیزہ نما ہتھیار)

**گرسلاں:** (گر...سلاں)

بھاپ یا پسینے سے جسم کا نرم پڑنا:
**گِرگ:** گِدھ
**گِرگل:** کِچی (دودھیا بُھٹہ)
**گرگابی:** (گر...گا..بی)
زنانہ بند جوتی، اُچی ہڈی آلی :
**گرلا:** گروپ، اکٹھ:
**گرم:** گرمی دینے والا:
(گرم) کُتیا یا گدھی کا تحریک پرنا
(گرم ہونا)
(گرما) بڑا خربوزہ (ایک پھل)
(گرما گرمی) غُصے کی حالت میں کی
ہو بات:
**گرمی سردی:** (گر...می)(سَر...دی)
(تتا ٹھڈا، اوکھا)
بد ی:
(آپے اچ گرمی سردی ہو ) جھڑپ:
**گرو:** (گُ...رُو)
پیر، استاد، دھرم، مہری، مرشد:
گرو جی چیلے بہوں ہو گئے، بُکھے
ہو تے آپوں نسی گیسن:
**گروجن:** بام مچھلی کی ایک قسم:
**گروڑا:** سوجھن کا نشان (ماتھے پر چوٹ لگنے
سے ماتھے کا اُبھرنا:
**گرولناں:** تندور کی آگ پھولنے والا ڈنڈا:
"یاداں نا گرولناں
دُکھ پیا پھرولناں" (نظم) لِ عمران
**گِرہ:** (سولہ گرہ ہک گز) کپڑے کا ناپ:
**گری:** (کنڑ کے نی پھڑی)
کافی لمبی تہہ کی ہو گندم کی فصل:
(گِری۔ گِریاں) جمع۔ باداموں کے

بیج:
**گِری:** (گِ...ری)
کھوپا، بدام، تخم، مغز (گلی)
**گریڑی:** (گ...رے...ڑی)
دیگ میں لگے جلے چاول:
(دیگے نے تھلے نال لغا حلوے
یا چاولاں نا ساڑ:
**گریڑناں:** کھنوترناں:
(صاف کرنا) سِٹے یا بُھٹے سے دانے
رگڑ کر اتارنا:
وچلیاں گلاں جانڑناں، (بھید لینا)
کُھرچنا: رگڑ کر کسی چیز کو اتارنا:
(گریڑیاوا) تگہ۔ کمزور بچی یا بچہ:
میں ناماریاوا۔ بیمار:
**گریوی:** (گ...رے...وی)
بخشیش:
گریبی، گاڑھا شوربہ:
رس دار سالناں:

---

## گ۔ ڑ

---

**گُڑ:** گن۔ وبا پھوڑا (گڑ نکلناں)
**گُڑ گُڑ:** (حقے کے بولنے کی آواز)
(پیٹے نے مروڑ) پیٹ کا بولنا:
**گُڑ:** کڑھی ہو گنے کی رس سے بنا گول
پنے:
(جیہڑا گُڑ دِتیاں مرے اُسکی زہر
دینڑ یں نی کہہ لوڑاے) اخ
(جتنا گڑ با ہوا تنا مٹھا) اخ
(گنے ناں نغرست) رس، مٹھا ڈلا،

روڑہ:

گڑا: (گ...ڑا)
دولت مند (رجھیا کجیا، ہو تھبے آلا)
(وچوں گڑا آ)

گُڑا: (گ...ڑا) واحد
(گوہڑے) جمع
رو کے سفید گولے:
(بوہٹی نے پیراں ہٹھ گڑے رکھڑاں)
رسم
برف کی مانند سفید رو :

گُڑپ: (گ...ڑپ)
چُپ گُڑپ، سناٹا، سکوت:

گڑپھ: (گ...ڑپھ)
ہڑپ، منہ بھری چیز:

گڑتّی: (گ..ڑت...تی)
(گڑتی باہنڑاں) گھٹی ڈالنا:
جنم گھٹی (جمن آلے بچے کی کسے نیں
ہتھوں مٹھی چیز کھلانی) (گڑھتی
باہنڑاں)
اُسے بندے نی عادت اپر کسناں
(جماندروں عادتاں)

گڑک: (گڑ...ک)
پکی وی ہانڈی کا اُبالا:

گڑگجا: (گڑ...گج...جا)
ڈبل گرج۔
گرجنے کی آواز، مسلسل بادلوں کا گرجنا:
(گڑگجا پینڑاں) مرغ کے رکھے
انڈوں میں بچوں کا مرجانا:
"اج بدل مستی کرنے آ
گڑ گجنے جھمڑیں آ "

(سلطان ظہور)

گڑگنج: انبار، ڈھیر۔

گڑُنج: جھنجھل۔

گڑکڑاں: (گڑ...ک...ڑاں)
اُ ں، ہانڈی کا ابال (بلبلے بنانا)

گڑکڑاں: (گڑ...ک...ڑاں)
(گجناں) گرجنا۔ بڑبڑیاں چھوڑناں:
آگ پر رکھے کھانے یا ترکاری کا اُبلتے
رہنا:
کڑی یا ساگ کا :

گڑّم: پانی میں گرنے کی آواز (بھاری آواز)

گڑُّم: چوٹ کی سوجھن (ابھار) گُڑم نکلتا وا۔

گُڑناں: (گُڑھ...ناں)
زمانے سے :
(عقل سکھڑاں) تجربہ حاصل کرنا:
تجربے سے :

گڑناں: (گڑھ...ناں)
گا بھینس کا نر سے ملانا حاملہ ہونا:
(محمد شاہ چھوٹی گڑھی ویسی جیڑی نال
سنڈیاں نے کھہرنی اے)
(گڑھی) گڑھی شاہو:
(کنک گڑھی گئی) گندم کی گہا ہوگئی:
(گڑھ) نگر۔ شہر:

گڑوچھ: (گ...ڑو...چھ)
منہ میں حد سے زیادہ لقمہ یا خوراک
ڈالنا:
(گڑوچھ مارناں) مُنہ بھر کر کھانا:

گڑوں: ایک کڑوی بیل (بڑے سبز پتوں والی)

گڑوں مِٹھا: (گ...ڑوں) (مِٹھ...ٹھا)
بہت زیادہ میٹھا (زیادہ پیارا)

**گڑوند:** (گ...ڑوں...د)
غائب،اوہلے، گئے گزرے:
(پرانے ویلے گڑونڈ ہو گئے)
**گڑھا:** (ایٹڑ) ژالہ باری
بیلوں کو ہانکتے ہو کہنا (گڑھاپئی)
**گڑھناں:** گہا کا عمل (گاہ گڑھنا)
بھینس کا کراس ہونا۔
(محمد شاہ چھوٹی گڑھی ویسی جیہڑی نال
سنڈیاں نے کھہر دی اے)
**گُڑیا:** (گُڑ...یا)
زمانہ ساز۔ تجربہ کار:
(بڑھیا کھھٹ گڑیا زیادہ) جس کا
زمانہ استاد ہو:

# گ۔ز

**گز:** (گ ز)
لوہے کا سیدھا سریا، ۳ فٹ کا ناپ:
(گز مارناں) کما کرنا، جائیداد بنانا:
(پرانڑیں گز لغے وے) پرانے وقتوں
کی کما:
**گُزرناں:** (گُ...زَر...ناں)
(لنگڑاں) آنا جانا:
(گُزرناں) فوت ہونا (فلاناں گُزری
گیا)
(وقت گزری گیا) وقت ختم ہونا:
**گشتی:** (گش...تی)
گشت کے والی، گشتی ٹیم:
ٹیکسی، بدکار عورت (گشتی) گالھ:
**گف:** بُنا میں مضبوط کپڑا۔ جس کے اندر پانی
نہ جا:
**گُف:** کچی غار:
**گُگا:** (گگ...گا)
(سپاں ناں پیر، گُگا پیر) ایک لوک
کردار:
**گُگل:** (گگ...گل)
خوشبودار بوٹی (سانپ بوٹی)
(گُگل تخانڑاں) ماں لاہنڑاں:
اثر زائل کرنا (جراثیم ختم کرنا)
**گِگل:** کچی دودھیا (بُھٹہ)
**گگھی:** فاختہ (میسی، چوُقسم کی لڑکی) سُن مُن:
"اُچیاں لمیاں ٹاہلیاں وچ گگھی بولے
کیہڑے پاسوں آن ہوانے تتے
چھولے............". (باقی صدیقی)
**گل:** (گل بات) گفتگو
(گلاں) جمع
(گلے کی چانڑاں) بات کو بڑھانا:
(گل) گل بات، گفتگو، بول چال،
معاملہ:
گردن۔ گلا
(گل گُڑتی پا ہو آ) ماہیا.
(گل گانی پا ہو آ) گ
(گلے اچ لیراں لکانڑیاں) فقیر بننا:
ماڑی حالت بنانا:
(گل پینڑاں) لڑا جھگڑا کرنا،
گریبان پکڑنا:
(گلوں لاہنڑاں) جان چھڑانا:
(گلا) گلا سڑا، داغی:
(گل گتی) (گل....گت...تی)
موڑھیاں نے اردگرد چادر کے

پچھے گنڈ مای (نکیاں آسطے)
(گلاں نال پہاڑ ٹاھڑاں) باتوں سے پورا کرنا:
(گلے نا پہاڑ بنانڑاں) بات کو بڑا کرنا:
(گل رگیر) رِندھی ہو آواز۔
(گل و رگیر) ہاتھاپا ۔
(گل دامنڑیں) گلے کی رسی، جو دو چار دن کی عمر کی بچھیا یا بچھڑے کے گلے میں ڈالتے ہیں۔
(گل کی آ گئی کرناں) مح۔ بات کو ٹالنا۔
(گل چھکڑاں) آ بیل مجھے مار۔
(گل وگل ہونڑاں) گتھم گتھا ہونا۔
(گل چھلناں) برداشت کرنا۔
(گل پھوانڑاں) بات کو دوسری طرف لے جانا۔
(گلوں گل اسنی) باتوں باتوں میں بات آنا۔
(گل خلاصی کرناں) بات کو رفع دفع کرنا۔
(گل باہنڑاں) بات کی ذمہ داری لینا۔
(گلے کی چانڑاں) بات بڑھانا۔
(گل بدھانڑاں) بات کو لمبا کرنا۔
(گلے اپر مٹی باہنڑاں) بات کو دفن کرنا،
(گل تُھپے سکڑیں باہنڑاں) مح بات کا ذکر نہ کرنا، نہ ہونے والی بات۔
(گل کرناں) منگنی کرنا۔
(گل کرنی) مشورہ لینا۔
(گل بہیڑھ) پھندہ۔ اُلجھی ہو رسی جو گلے میں نجھل ڈال دے۔

(گلے گلے وچ) بات بات میں۔
(گل گھوٹو) (کھنگورا) ڈنگراں نا ہک روگ: (سنگھ پھُڑ)
(گل باسی) گل عباسی، مخملی جھالر جیسا پھول:

**گُل:** (گ ـُ ل)
پھول:
سوہنا سجن:
سگریٹ کا جلا ہوا اگلا حصہ:
جلا ہوا کو (سہا گہ) سوا، جھاڑ:
(گُل) نویں پَراں نے منڈھ:
(گُل کڈھناں) نئے پر نکالنا:
پھوٹنا، پتوں کے منہ نکلنا:
(گلُ) گُل محمد۔ ایک نام
(بتی گُل کرنا) بتی بجھانا:
(گُل چری) چالاکی، ہوشیاری:
(گُل شرے) مزے، سواد:
فضول (انھا خرچ)
(گُل شرے ڈارنا) عیاشی کرنا:

**گِل بہیڑ:** گلے میں پڑی رسی کا الجھا ۔

**گُل گلا:** (گُل...گُلا)
مِٹھا نرم پکوڑا:

**گُل دوپہری:** رنگ برنگے پھُلاں نی زمینی بیل:

**گلا:** (گ...لا)
گلی نما راستہ:
(لانگھا) دیوار کو توڑ کر بنایا گیا راستہ:
دو دیواروں کا درمیانی راستہ:
تنگ راستہ (گلا، مورا، مگھور، کھپا)
(گلا) غلہ (ریوڑ، ٹبر)
(کھا گلا سودھے کلھا) ارخ



شیرازطاہر یکم نومبر 1946ء کوراولپنڈی سے 35 کلومیٹر مندرہ (گوجرخان) کے قریب ایک چھوٹے سے گاؤں موہڑہ غوریاں میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم میلسی ضلع ملتان اور مقامی سکول مندرہ سے مڈل ،کلیام اعوان سکول سے میٹرک کا امتحان پاس کیا گورنمنٹ پولی ٹیکنیک کالج پشاورروڈ راولپنڈی سے مشین شاپ ٹیکنالوجی میں 4 سال کا کورس مکمل کرنے کے بعد پاکستان آرڈننس فیکٹریز واہ کینٹ میں ملازمت اختیار کر لی وہیں سے اُن کے ادبی سفر کا آغاز ہوتا ہے۔ واہ کاریگر میں مختصر افسانے لکھ کر اپنا تعارف پیدا کیا اور پھر ملک کے دیگر رسائل میں چھپنے لگے 1970ء میں راولپنڈی شفٹ ہونے کے بعد حلقہ اربابِ ذوق میں شمولیت اختیار کی اور تنقیدی نشستوں میں باقاعدگی سے حاضر ہونے لگے۔ اصل میں اُن کی افسانہ نگاری کا اصل دور وہیں سے شروع ہوتا ہے۔ لیکن بیرونِ ملک جانے کے بعد اُن کی ادبی سرگرمیاں ماند پڑ گئیں 2002ء میں اپنی مادری زبان پوٹھوہاری کی ترقی اور ترویج کے کام کا بیڑا اُٹھایا۔ اس کے لئے اَن تھک محنت کی "بنگ بنگ زنجیر" (شاعری) اُن کا پہلا مجموعہ کلام 2002ء میں شائع ہوا۔ "گلوچے" (افسانوی مجموعہ) 2004ء میں منظرِ عام پر آیا۔ 2015ء میں "کوکلے" (افسانوی مجموعہ) لے کر آئے۔ 15 سال کی دقیق ریاضت کے بعد پوٹھوہاری لغت (شیرازالغات) دے کر پوٹھوہاری زبان کے ساتھ اپنی سچی لگن کا ثبوت پیش کیا۔ پوٹھوہاری لغت اہل پوٹھوہار پر اُن کا احسانِ عظیم ہے۔ جس میں روزمرہ محاورہ اور اخانڑ درج کیے گئے ہیں (ادارہ)

شیراز طاہر پوٹھوہاری ادب اچ افسانے نے حوالے نال آپڑیں پیچانڑ مُدتاں توں کرا رہیا اے۔ اس ہمیشاں پوٹھوہاری نی تاریخ، زبان تے ثقافت نیں بارے اچ سوچیا۔ تے ھنڑ پوٹھوہار نیں ہک بہت بڑی ضرورت نے تحت ہک نواں کم (پوٹھوہاری لُغت) کھِن کے آیا۔ اس توں پہلوں جیہڑا لُغت تے کم ہویا اوہ آپڑیں جگہ بہوں چنگا تے انوکھا اے، پر پوٹھوہار نی تاریخ کُج ہور منگویں اے۔ اس ضرورت آں شیراز طاہر پورا کیتا۔ اُس نویں لُغت جس وچ آخانڑ، محاورے، لفظ نا مُڈھ، صحیح تلفظ تے اُس نا استعمال کر کے اُساں پوٹھوہاری انسائیکلو پیڈیا بنایا اے۔

ایہہ لُغت پوٹھوہار نی تحقیق تے اُس نی تاریخ اے۔ اتنا مشکل کم کر کے اُس پڑیں کھلی جان تے جبر کیتا تے کشٹ کٹیا ھنڑ اُس نے دل آں سکون اے جے اُس جیہڑا کم کیتا اے، اوہ نویں نسلاں نی ضرورت آں پوری کرسی۔ تے اگے جتنی تحقیق ہو سکڑیں اے اُس نیں دروازے کھولسی۔

ڈاکٹر رشید نثار




HINDKO

گندھارا ھندکو اکیڈمی پشاور

2۔ چنارروڈ، آبدرہ، یونیورسٹی ٹاؤن، پشاور

www.gandharahindko.com

(گلا) مٹی کا غلہ جس میں پیسے جمع کرتے
ہیں:

**گِلا:** (گِ...لا)
شکوہ، شکایت:
گِلا ہمیش بندہ آپڑیاں نال ای کرناں:
(گِلا) گیلا ۔ نم آلود:
(گِلا) (تر، بجاوا) نرم، ہوا:

**گُلا:** (گُل...لا)
غلام (تاش کا پتا) گیارہ نمبر:
لکڑی کا گول ٹکڑا، پائپ وغیرہ
یا نالی بند کے کیلیے لکڑی کا گُٹکا لگانا:
(گُلا ٹھوکڑاں)

**گلابو:** (گ..لا...بو)
گلاب نیشاں. ایک نام۔

**گلاں:** اندر کی باتیں (راز)
"میں جدوں وی چنیاں رنگیاں
گلاں ہویاں ساریاں ننگیاں"
گل کی جمع (باتیں)
(گلاں ناں کھٹیا کھانڑاں) مح
ات نکما آدمی:
ہاسہ اس ناں مٹھے چاول
گلاں گرم مصالحہ (باقی صدیقی)

**گُلاں:** بڑ کا پھل (ایک نام)

**گلانڑاں:** (گ...لا...ناں)
نرم کرنا، ڈھالناں (منج منج کرنا)
(اگلواناں) بھیت کھلوانا، تفتیش کرنا:

**گُلھپا:** (گ...لُھ.... پھا)
انڈے کی زردی، گودا:
(دو گُلپّھا) ڈبل زردی والا انڈا:

**گلٹ:** (گِل....ٹ)
بڑی گلٹی،، پھوڑا، گڑ، کچا گھن:
(رولڈ گولڈ، گھٹیا دھات)

**گِلٹی:** ماسے نے اندر بنی وی مروڑی
(گِلٹیاں) جمع:

**گَلگتی:** سردی سے بچا کے لئے سر کے گرد
ہو چادر:

**گلگونڑاں:** (گل..گو...ناں)
کافی۔ بہت کچھ (بہوں) ڈھیر:

**گلڑاں:** (گلٹی)
گرم پانی میں اُبل کر نرم ہونا:
(گلٹی ں سڑنا) پلپلا ہونا۔ بدبُو دار
ہونا (داغی)
: مٹی کا گھڑا نما ڈولا (برتن) جس میں لسّی
بلو جاتی ہے:

**گلماں:** گلا:
ہانڈی یا گھڑے کا منہ

**گلمان:** گریبان:
(گلمانے اچ منہ پاہنڑاں) مح
اوقات تکھڑاں:
(گلمان کھولناں) بدمعاشی کرنا:

**گُلو:** (گُل...لُو)
موٹے موٹے رخساروں والا:
موٹیاں گلاں آلا۔ بھولا سادہ، لاڈلا:
(گُلو) ایک نام (گلزار)
(گلوبٹ) انتشار پسند کردار۔
ناپسندیدہ شخص۔

**گلوجے:** بے زبانے (ڈمی) وہ لوگ جو اپنی
را کا خود اظہار نہ کر سکتے ہوں۔
(بانسری نما مٹی کے کھلونے)
(افسانوی مجموعہ) شیراز طاہر

**گلوکھڑ:** (گ۔لو.....کھڑ)
باتونی:

**گلوں:** بات کرنے سے(جتڑاں گلوں رہ گیا)
(گلوں گل) میں تے گلوں گل کیتی سی:
بات میں سے بات نکلنا:
(گلوں لاہنڑاں) جان چھڑانا:

**گلوندرناں:** بے سلیقہ کام کرنا (رف کام کرنا)
بغار :

**گُلی:** (گلی ڈنڈا) ایک کھیل:

**گُلّی:** (گلی تے غلام) نوکرانی (گلیم کرنے
آلی)

**گُلی:** جو (تھومے نی گُلی) چھیلا ہوا لہسن
(گری)

**گلیرا:** بہت زیادہ:
"جگ کی دیویں رزق گلیرا
کو نا نہہ تیرا اپنا ڈیرا" (سلطان ظہور)
(گلیری) مونث
"رشتے دار نیں تھہتڑ یں لکڑ
سڑے کھہٹ بلے گلیری"
(سلطان ظہور)

**گلیم:** (گل۔۔یم)
نوکروں والے کام:

**گم چوس:** ببّل۔

**گمد اند:** گھمسان۔فساد (ہجوم کی شکل)
(پوٹھوہاری کالم) شاہد لطیف ہاشمی:

**گمد اندی:** فسادی:
لُچا اُچا تے شُہدہ چنگا، زورہ ور گمد اندی
(سلطان ظہور)

**گمڑاں:** کسی چیز کا کافی عرصہ بند رہنے اور ہوا
نہ لگنے سے خراب تو نہ ہونا مگر کھانے کے
قابل نہ رہنا:
ذائقہ خراب ہوجانا:

**گَن:** گندہ پھوڑا (گن نکلنے)
بغیر منہ کے پھوڑا:

**گِنتری:** گنتی (شمار)

**گند:** کوڑا کرکٹ:
(گند کڈھناں) گالی دینا۔بکواس کرنا:
(گند کھلیارناں) جگہ گندی کرنا:
بے غیرتی دکھانا:
(گند کھولناں) مح۔بے عزتی والا کام
کرنا:
عیب، گناہ:
"لالا کے خشبواں
اپنا گند چھپاواں" (باقی صدیقی)
(گند) ہند کوافسانہ۔مشتاق عاجز
(گند کڈھناں) گالی دینا:

**گندا:** (گن....دا)
گندہ، پلیت (پلید)
(گندہ) کوہتھرا، ان چھٹیا:
(گندہ) لین دین ناماڑا:
(گندہ) فحش گو، پھٹاوا:
"ساری گل اے اندرے نی
باہروں پھاویں گندہ رہ"

**گندل:** سرسوں کی رس بھری ڈالی:
"انگ انگ وچ جوبن ہسے
جیوں سریاں نی گندل رسے" (باقی)

**گندگر یلا:** گندی مندی چیزیں:

**گندگرن:** غلیظ آدمی۔

**گنڈ:** دیسی چکی کا وہ حصہ جہاں آٹا گرتا ہے:
گول نالی:

گھریلو چکی ...ٹی کا گول گھیرا جس میں
آٹا گرتا ہے

**گُنڈ:** بُغض، عناد:
(گُنڈی) م...ث

**گُنڈا:** مذکر (متعص...)

**گُنڈھ:** (گانٹھ)
(ٹوری گنڈ... آسانی سے کھلنے والی:
(ازار بند کی ...انٹھ)
"جس دا... نے گنڈھ تروپے
اکھیاں نی ر...شنا پیتی
پھاڑ پرو... لیا "(باقی صدیقی)

**گُنڈی گَندا:** کتی کُ...ی کرا سنگ (میل)

**گُنڈھناں:** موٹے ...روپے لگانا (جُتیاں گنڈناں
(دوستی گنڈ...ھناں) مح

**گِنڑ:** (گِن) گِن...ی۔ شمار:
بدبُو۔ مُسیا...ند:

**گُنڑ:** (گُن) خو...بی، وصف:
" حشر د... ...اڑے گُنڑ نا نہ تکھیں
بخشیں بخشن ہارا.. ". (سلطان ظہور)

**گُنڑی:** (گُنی) گُنی۔ فنکار

**گُنڑیا:** (آلہ) راج مستری کا لکڑی کا فریم، جو
دو دیواروں کو آپس میں سیدھا رکھتا ہے:
نوّے ڈِگری کا زاویہ بنانے والا:
چارے چوکاں برابر کرنے ناں آلہ:
(گُن) گُنڑ (خاص گل)
خوبی۔ ہُنر (ٹیلینٹ)
(گُھنڑیاں) چالاک بندہ (سیانا)

**گُنڑاں:** (گُن...ڑاں)
گوندھنا۔ آٹا گوندھنا:
(گونہہ گُنڑاں) ذلیل وخوار کرنا:

(آٹا گُنیاں ہلنی رِکیاں ایں؟) اخ

**گَنج:** خزانہ۔ بغیر بال کے سر
(گنج کڈھیا واس) گل
(گنجی) مونث
(گُنجی) پچھی۔ گول رسی

**گنگ:** مح۔ رے نے گنگ
کا خمار

**گنگ:** (گُن...گ)
چُپ، خاموشی، بے زبانی:

**گُنگا:** (گُن...گا) گونگا
بے زبان، بول نہ سکنے والا:
پُکھا چارا گُنگا وی آ
گُنڑ آ؟ لوٹی تہاڑے کرناں
(یا سر کیانی)

**گُنگا مال:** (گُن...گا) (ما..ل)
جانور (مال ڈنگر، بے زبان جی)
(سادہ بندہ)

**گنگیر:** (گھنگور) گھنگور گھٹا۔ چاروں طرف
آسمان پر پھیلی گھٹا۔
پُر (پرویا وا) پھل دار:
پھنسی پھوڑوں سے پُر:

**گُنھ:** (گُن۔۔ھ) گُونہہ۔ گوں:
بول بزاز، ٹٹی پیشاب:
(گُنھ نئیں ں ہگیا) اخ
(گنھ کرنا) مح۔ نیکی برباد کرنا۔
(گُنھ گُھناں) مح۔ ناجائز تنگ کرنا:
(بُرا گنھ) ر۔ فضول آدمی۔
(گنھ کھلیارناں) مح۔ گندہ کام کرنا۔

**گنگل:** نئے سرے سے پھوٹے ہو :
نئی جڑ سے پھوٹنے والی شاخیں:

**گنیاں:** آنکھوں کے پپوٹے:
**گنیری:** گھنی۔سایہ دار(چھا ہو )
گنڈیری:
**گُنوڑاں:**(گس۔۔و۔۔ڑاں)
گُم ہونا(روپوش ہونا)
**گو:** (امر) گوچلا گو۔ہُنڑ گووی:
لکڑی کا شیڈ(مکان کی تعمیر کے لئے
بنانا) جا(فعل امر) گوچلا:
**گوانتڑی:** بچے کی پیدائش کی کپڑے۔
گلے میں ڈالنے والی رو کی گول رسی
(گانی)
جو گھی میں ڈبو کر ڈالتے ہیں(سوکڑے
کی بیماری)
(رو کی ترگانی)
**گوانڈھ:**(گ...واں...ڈھ)
(آنڈھ گوانڈھ) آس پاس:
**گوانڈھی:** (گ...واں...ڈھی)
ہمسایہ، پڑوسی:
(سِکھ نا نہہ سِکھ گوانڈ وسِکھ)ارخ
**گوا :** (گ...وا )
اجاڑو، لٹا ،فضول خرچ:
**گوتا:** (گو....تا)
غوطہ(چُبھی)
(گوتے کھانڑاں) ناک میں پانی
چڑھنا، (ڈُبڑاں)
(گوتا اسناں) دل ڈُوبنا:
انتہا غم کی حالت، گلا رندھناں:
**گوٹ:** (گو.......ٹ)
ووٹ۔
**گوٹا:** (گو....ٹا)
چمکیلی سہنری سجاوٹی پٹّی:
(گوٹا کناری)
ایہہ ریشم کنڈے پوڑسی
ایہہ گوٹا لاسی اگ
مینڈا جوبن چیکاں مارسی
تے ہسی تک تک جگ (باقی صدیقی)
**گوٹی:** (گو....ٹی)
گیٹی، مُہرہ(شطرنج کا کھیل)
(گوٹی مارناں)
(گوٹی ٹورناں)
**گوٹھ:** (گو......ٹھ)
مجلس، سنگت، سانجھی بیٹھک:
(گوٹھ ماری کے بہنڑاں)
گوڈیاں تے لکے نے ارد گرد چادر
پلیٹنی:
**گوجری:**(گو...ج...ری)
(ہک پہاڑی بولی) گوجری زبان:
(گرائیں ناناں) جلہیاری گوجری:
(گُجری) گُجراں نی زنانی:
(بابا گوجری) رانا فضل
**گوچری:** (گو....چ....ری)
(تہاڑی گوچری کم سا) قابل، لا :
(جوگا) وَس، اختیار:
**گوچھڑ:** ہوا(شرابور) پانی میں نہایا ہوا:
**گودڑی:** (گو د...ڑی)
پیوند لگی موٹی چادر(فقیراں نا پہناوا)
(گودڑی اچ لعل) ارخ
**گودم گاہ:** (گندم گاہ) اچھی بھلی بات کو خراب کرنا
(فسادڈالنا) جیسے گندم کی گہا کا عمل
(گڈی اپر گڈی)

**گودی:** (گو...دی)
گود، آغوش:
(گودی) پانڑیے آلے جہازاں نیں
کھلنے نی جاء (بندرگاہ)
**گوڈا:** (گو...ڈا)
گھٹنا (پنی تے پٹے نا جوڑ)
(گٹے گوڈے) لتاں نیں جوڑ:
(گٹا گوڈا کریاڑاں) مح۔ ماء پہینڑ
تکھڑاں (عزت کا خیال کرنا)
(گوڈا مارناں) چاند کا دیر سے چڑھنا:
(گوڈے) جمع
گوڈے ڈاہ کے کن پڑوا کے
جیہڑا مُند راں پاوے (سلطان ظہور)
(گوڈیاں پھار کرنا) مجبور کرنا:
(گوڈیاں پھار ہونڑاں) نرم پڑنا، جھکنا
ہار ماننا:
(گوڈے ڈاہڑاں) دوزانو ہونا:
(گوڈیاں ہٹھ دینڑاں) گرا کر مارنا:
(گوڈے دباڑاں) تابعداری کرنا:
(بول میری مچھلی پانڑیں؟ گوڈے
گوڈے پانڑیں) ب گ
(گوڈے) گاڑی کا ایک حصہ:
**گوڈا مارناں:** چاند کا جس رات میں نہ نکلنا۔
اماوس کی رات۔ قمری مہینے کا آخری دن
**گوڈی:** (گو...ڈی)
(کُھر پے نال کہھاہ کڈھناں)
(گوڈی کرنا) مٹی کو نرم کرنا:
**گور:** (گو...ر)
قبر، سامی:
مینڈا دل رازاں نی گور
کہلیاں کس چایا عشقے نا پھار
راتی آویں مینڈھے کہار (باقی صدیقی
(توں گورتے میں ہور) اخ
(موسیٰ ڈریا گور کولوں گور فراگے) اخ
(مو کی دبنے آسطے ٹویا کرنا)
(گور کُھڑ اں ای) گالھ.
(گورے جو گیا) گالھ.
(گورے اچ لاہیں) گالھ:
(اللہ انہاں کول گوروی نانہ کرے)
**گورمنگ:** (گو...ر) (من...گ)
قبراں اپروں منگڑیں آلے فقیر:
**گوریاں:** تعریف۔
(گوریاں گانڑاں) مح۔ لمبے قصے
بیان کرنا: تعر کرنا:
(موہڑہ گوریاں) مندرہ (ایک گا ں)
**گوڑناں:** پیار سے قریب کرنا (گھیر کر لانا)
(گوڑی گاڑی) پھسلا کر۔
**گوڑھا:** (گو....ڑھا)
(گوڑھا رنگ) گہرا، تیز گ:
(گوڑھی سیاہی) پکی سیاہی:
(گوڑھے سنگی) پکے دوست؛
(گوہڑے ساک) خونی رشتہ دار:
(کتاب) محمد سلیم مرزا:
(گوڑھی ر) گہری :
**گوشا:** (گو.....شا)
(بکھو گوشا، نا کھے نی نرم قسم)
(گوشا) گُٹھ، کونہ (کھونجا)
(گوشا) سرگوشی:
(گوشاں باڑاں) سرگوشی کرنا:
کان میں بات کرنا (رازنی گل کی)

" کس ہنیرے وچ گوشا کیتا
جاگ پیا دل چُپ چپیتا" (نظم) باقی

**گوگڑ:** (گو.....گڑ)
فربہ، موٹے:
پھولے ہو (ڈِھڈل)
(گوگڑ بیر) موٹے کھپرے سنگ گھوٹو:

**گوگی:** (گو........گی)
چھوٹی روٹی، بچے کو نے کو
تنور پر چھوٹے سائز کی چپاتی لگانا:
(گوگی لانڑاں) مح۔مطلب نکالنا:

**گوگا:** (گو.....گا)
بڑی گوگی:
نکمے آدمی کو روٹی کے لئے کہنا:
(گوگا کھا کِن)
(کم کر، تے گوگا کھا)

**گولہ:** (گو......لہ)
(گولہ) پکی سڑک کا درمیانی حصہ:
گول چیز، بڑی موٹی گولی، گیند کی
طرح کو چیز (بم نا گولہ)
(دھاگے ناپنا، اُناں نا گولہ)
(برفونا گولا)
(دھوئیں نا گولہ) مرغولہ
(گولاں ماراں ای) گالھ
(گولا پئی) گالھ
(گولے جو گیا) گالھ

**گولناں:** (گو....ول...ناں)
بات اُلٹی:

**گوَلّی** (گو۔۔ول۔۔لی)
جگالی:
(خوراک کو پیٹ سے نکال ک دوبارہ
کھانا) جانوروں کا طریقہ:
(گوّلی پٹنا) مح۔چُپ کا روزہ توڑنا:

**گُولے:** گھاس کے گولے (ہل چلاتے وقت ہل
کے پھالوں میں آیا ہوا گھاس۔
(گُولا) واحد:

**گونہہ:** ٹٹی پیشاب: (آدمی کا فُضلہ)
(گونہہ نیں ہلیاں ہگیا) ارخ
گونہہ کھادا پیٹ وی نا نہہ پھرن ہویا
(ارخ)
(گونہہ کجیاں بونیں گسنی) ارخ
(کیتی کرا گونہہ کرناں) مح۔سب کیا
برباد کرنا:
(گونہہ کھلیارناں) مح۔اوپرا کم کرنا:
(گُونہہ گُھناں) مح۔ناجائز تنگ کرنا:
(نیکی گونہہ کرناں) مح۔نیکی برباد کرنا:
(گونہہ موتر) مح۔اولاد، جمیا وا:
(گونہہ کٹھا ہویا وا) مح۔سخت بے
وقوف:
(گونہے اچ کیڑا) مح، بے حیثیت: نہ
ہونے کے برابر: بہت چھوٹا۔کم عمر:
اوہ اچرے گونہے اچ کیڑا آ:

**گونہہ گریلا:** اچھابُرا (گند مُند)

**گمّاں:** گھونسا (گمّ سٹناں)

**گمانڑ:** (گما...ن)
(بندیاں جہان وچ کری نہ گمان وے)
گھمنڈ۔فخر:

**گمانڈی:** (گ...ما..ن....ڈی)
گوانڈی، ہمسایہ، پڑوسی:

**گھنجل:** (گھُن....جَل)
گنجلک:

مسئلہ،الجھا :
(سکے بالاں نیں اڑے)
بےترتیب دھاگے،ریشمی گنڈھاں:
**گوّل:** بڑالقمہ:
**گوّلی:** جگالی:
**گولناں:** اندر کی بات اگلوانا:
**گوہٹا:** (گوہٹے) جمع۔مویشی کا کیا ہوا سُوکھا
گوبھر:
(گوہٹے نال ساہ مارناں) اخ
نانہہ گوہٹہ، نانہہ لکڑی اے
سکے تے کٹوی پئی (عارف ادیب)
مویشیوں کا کیا ہوا وہ فُضلہ جو پڑا پڑا
سوکھ جا ۔اصلی حالت چ پئی سکی پاہ:
قبضی پاخانہ (سُوکھا ہوا) سخت:
**گوہل:** (گوہ....ل)
(بوہڑ) (برگد)
گوہلاں (پپلے یا بوہڑی ناپھل)
**گوہلا:** مانوس۔عادی
**گہینڑاں:** گہنا (زیور)
(گہنڑ باہنڑاں) مح
مانہہ گہینڑے دس نانہہ امبڑ یئے
میں بُسی بھانی چنگی (نظم)
عزت وقار دینا، حثیت سمجھنا:
**گیٹہ:** چھوٹا پتھر (کنکر)
(گیٹو) گیٹے جیسا، بونا۔جیسے گیٹو گرے
(پنج گیٹڑا) پانچ کنکروں سے کھیلا جانے
والا کھیل
**گیٹی:** (گی.....ٹی)
چھوٹا پتھر، بجری، کرش:
(گیٹی) مُہرا
(گائیں کیتی پُھسی، وچوں نکلتی گیٹی
گیٹی ونج پئی مسیتی، مُلاں حال وحال
کیتی) کہت
(گیٹی باہنڑاں) زیارت سے کنکر اٹھا
کر کپڑے میں باندھ کر گلے میں ڈالنا:
(بخار اتارنے کیلئے)
**گیر:** گاجر (کچا گھاہ گیرے آر)
(گیراں) جمع
جس کھاہدیاں گیراں اس پیٹے پیڑ
(ب۔گ)
**گیرَے:** (اگیرے) اور آگے یا تھوڑ آگے:
(تھوڑا اگیرے ہو کے بھوہ)
**گیڑناں:** چلانا، ماہل والے کنویں سے پانی نکالنا:
(سکے ایہہ کھوہ چرو کے اکھیاں نانہہ گیڑ
سائیاں) ع۔اختر شیخ
**گیڑو:** (گیڑو کھوہ) جوڑے والا کھوہ (راہٹ)
(نلکا گیڑناں) (کھوہ گیڑنا)
**گیلا:** (گیلن نما) کُھلا چوڑا (گیلے مونہے آلا)
( راہ)
**گینت:** گیند:
**گینتی:** چھوٹا گیند (کھنڈوری)
کدال نما اوزار:
**گینڑ:** (گے۔۔ن۔۔ڑ)
گنتی، شمار، دہرا :
ذکر، تذکرہ: احسان۔
(گینڑ کرنا) بار بار ذکر کرنا۔احسان جتانا
بار بار دہرا ہو بات:
: کام کرنے والی پارٹی (گروپ)
( ریپ) اجتماعی برا :
**گئی:** چلی گئی (گزری)

(آ تے گئی)
(گئی گلے کی کھوڑاوی نیں پہنچنا) اخ
ہُنڑ گئی گل ختم ہو گئی:
(گئی کرنی) بات کو ختم کرنا:
(ہُنڑ اس گلے کی گئی کر)
(آ گئی کرنا) مح۔ ٹالنا:

---

# گھ۔ا

---

**گھاپھا:** (گھا.....پھا)
گاپھا (کھواری نا کمایا وانفع)
(لپرالا ہنڑاں) پورا، غبن، ہیرا پھیری:
(گھاپھالانڑاں) پُورے ناپُورا ہڑپ
کرنا:
**گُھپ:** روکا، حبس (گُھٹن)
**گُھپ ہنیرا:** (گھُ...پ) (ہ...نے...را)
کالا سیاہ اندھیرا (Black out)
اندھیری رات:
**گھپلا:** (گھپ.....لا)
حساب کی غلطی، دھوکا، گڑبڑ:
**گھپھی:** (گھپھی لانڑاں) (پُورا پُور گھپھی اچ
سٹناں)
**گَھٹ:** دم کیا ہوا دھاگہ (گلے کا تعویز)
کو گھٹ نواں
کو ہور دعا (طارق مسعود)
**گُھٹ:** بیل کی کے کندھوں کی اٹھان (چربی)
(گُھٹ ہونڑاں) خوش ہونا۔ لہرانا۔
**گھٹا:** مِٹی گھٹا (دھوڑ) گرد وغبار:
گہرا بادل:

(گھٹ) کہھٹ۔ کم، تھوڑا:
**گُھٹا:** گُخنہ:
(گُھٹا گوڈا نہ کریانڑاں) مح۔ رشتے
میں نہ رکھنا:
**گُھٹکڑاں:** خوشی سے بولنا (کبوتر کے بولنے کی
آواز)
**گھڑم:** غڑم:
پانی میں گرنے کی آواز (گھڑم کری
کے)
**گھڑمس:** رولا گولا، شور شرابا، بھیڑ:
بدنظمی:
**گُھچ مُچ:** گڈمڈ، مکس اپ:
(کو کلے، ماڑی لکھا )
نہ پڑھی جانے والی لکھا :
**گھرال:** لیک، لکیر:
کھانے پینے کا خشک داغ:
ہونٹوں سے بہنے والا مادہ جو خشک
ہوجا :
پانی بہنے سے زمین یا برتن پر پڑنے والی
لکیر:
**گھرڑ:** (چکی نیں پڑاں نی آواز)
**گُھرلا:** کافی بندے، ٹولہ، گروپ:
**گُھڑ:** سخت قسم کا پھوڑا (گندہ پھوڑا)
**گھڑ:** گھوڑا:
**گھڑوا:** چھوٹا گھڑا (گڈوا، ڈولا)
**گھڑوچھ:** (گھ..ڑُو...چھ)
بڑا لقمہ:
(گھڑوچھ مارناں) ایک دفعہ ساری چیز
منہ میں ڈالنا:
گھسانڑاں: ٹالنا۔ رگڑنا

**گھم گھم:** (مدھانی چلنے نی آواز، گھم نی آواز)
**گھمڑاں:** بھڑاس چھوڑنا
باسی ہونا (خراب کھانا) بدبُو دار:
کسی چیز کا کافی عرصہ بند رہنے اور ہوا
نہ لگنے سے خراب تو نہ ہونا مگر کھانے
کے قابل نہ رہنا، ذائقہ خراب ہو جانا:
**گھمے:** (گھونسے)
(گھماں سٹناں) بنا کے مکّے مارناں:
**گَنڈھ:** گانٹھ:
(میں گُھٹ گُھٹ پانڑی آں گنڈھاں
**گھنڈ:** دیسی چکی کی مٹی کی گول نال، جس میں
پسا ہوا آٹا گرتا ہے:
**گھنڈِ:** گانٹھ۔(ماسے نے اندر سخت گول
مروڑی)
**گُھنڈ:** (گُھنڈ رکھڑاں) بُغض اور حسد رکھنا:
**گھنڈناں:** گانٹھناں۔جوتی سینا:
(دوستی گھنڈناں) مح۔یاری لگانا:
**گَنڈھ پیںڑیں:** مح۔نفرت ہونا، دل ٹوٹنا:
(دلے اچ گنڈھ پیںڑیں) مح
**گُھنڈی:** (غُنڈی، گُجی، میسی) حاسد:
**گھمیل:** (کبوتروں کا زمین دوز ڈربہ)
کبوتروں کا زمین دوز گھر:
**گھیل:** گھائل: زخمی
(گھیل ہونڑاں) مح۔جان کی پرواہ نہ
کرنا:
**گَھیلا:** کھلا چوڑا:

---

# ل

---

**لا:** (او )
(لا جاتکا، لا، ملا) او کی آواز:
(لا) لا ، لاناں، لے کرنا، لانا
ساتھ لگانا:
(لا پیںڑاں) اثر ( ما) سایہ پڑنا:
(لانڑاں) فعل۔اپنے ساتھ لگانا
**لاپڑاں:** (لاپ...ڑاں) (چھیلنا)
مار کُٹا کرنا، لپڑ مارنے، ہتھاں نال
مارنا، کٹُناں (چنگا لا پیاس)
مکئی یا باجرے کی فصل سے چھلیاں اور
سِٹے اتارنا (چھلیناں (مک لاپڑاں)
(بیرا لاپڑاں، جوار لاپڑاں)
**لاٹ:** جوت، شُعلہ، لمبا (لمب، لَو)
روشنی، چانن:
ہِکو لاٹ دراڈے دِسے
باقی چار چفیر ہنیرا (سلطان ظہور)
(لاٹ) (دُنبے نی چکی، ڈھیری)
(لاٹ) رقبہ
(لاٹ) (قطب صاحب نی لاٹ)
(لاٹ) مینار بُرج:
(لاٹ) راٹ (حکمران)
(لُنڈے لاٹ) حکمران، بادشاہ:
**لاٹری:** کا کھیل پرچی **(Lottery)**
**لاٹو:** (لا۔ٹُو)
لَٹو (مُٹھ، ہتھی)
چِھک لاٹو نی ڈور
اپروں کُج ہور ایہہ دنیا وچوں کُج ہور
(عبدالقادر قادری)
**لاج:** منزل (غزل لاج) احمد اصغر راجا
لج، شرم، حیا، عزت:

(لاج)علاج (تہاڑ لاج آ)

**لاچا:** (اِلاچا)
دھاری دھار قسم کا ایک کپڑا۔
ست رنگی دھوتی، ریشمی دھوتی:
(ریشم دالا چا لک وے) گا
شملہ وی اُچا اے
لاچا وی سُچا اے (باقی صدیقی)

**لاچی:** (الا ئچی)
مہکواں پھل، الائچی دانہ:

**لاخ:** پارسلوں کو سیل کے کے لیے
استعمال ہوتی ہے:
لال گوند، لاکھ:

**لادو:** لدا ہوا گدھا گھوڑا:
(لادو کڈھناں) مح۔ سدھارنا،
زیر کرنا۔
جس اپر بھار لدیا گجھے (پانڈی)
گدھا گھوڑا۔

**لادی:** کچے چھت کی مٹی:
اپر باہنڑیں آلی مٹی:
(لادی باہنڑاں) کچے چھت پر مٹی ڈالنا:
(لادی) (اولاد، بال بچے)
(جئی لادی کولوں بندہ ایویں ای بل آ)

**لاڈ:** چاہ محبت، پیار (لاڈ پیار)
(لاڈلا) پیارا بچہ بچی:
پیارا (سہکواں، )
(بچے لاڈے اچ خراب ہونڑیں)
(لاڈلے ڈولے)
(ہرویلے چا رکھڑیں آلے بچے)
(لاڈاں) جمع
گلنے ں نے وچ تہکے کھانڑیں
لاڈاں نے وچ پلی تکی (عارف ادیب)

**لاڈلا:** پیارا۔
(لاڈلا ڈولا) بگڑا ہوا لاڈلا بچہ۔

**لاڈو:** (لاڈلی، نازاں پلی) ایک نام:

**لاڈی:** نوکر چاکر (اگے اگے لغڑاں)
چاکری کرنا:
(توں کو لاڈی لغاوا ایں)
(پانڈی، غلام)

**لار:** (اُلار)
گاڑی کے پچھلے حصے میں بوجھ زیادہ
ہونے سے اگلے حصے کا لگنا۔
(لار) ھک پاسے، گڈی موٹرے ناں
ہکے پاسے ٹھنڑاں، لار ہونڑاں)
اگوں منہ چایا گسناں:
(کرائیچی لار ہو وی)
قطار، سلسلہ، صف:

**لارناں:** (اُللنا)
ایک طرف اونچا کرنا، دوسری
طرف جھکا دینا۔

**لارا:** جھوٹا وعدہ، دلاسا، بہانہ، جھوٹی تسلی
ٹال مٹول:
(لارے رہے کوارے) خ
(لارا) چھوٹا، **پینگے نالارا**) جھولا:
پینگ چاڑھنا، ہلارہ کھاناں۔ لہرا
لینا۔ مزے لینا:
نہ اوہ لکر نہ اوہ پینگاں نہ اوہ لارے۔..
(لارالپا) لارا لپالارالپالا رکھیے (گا

**لاری:** (بس) گاڑی:
(پنڈیوں آ لاری مار گلے کھلوگئی آ)
(گ)

اوہ لاری آ اے
ہک گبھرو لتھا اے
اوہا مونہہ متھا اے...(باقی صدیقی)

**لارے:** (جمع، لارا) وعدے:

**لاڑ گدوڑا:** لٹر پٹر، اچھا بُرا سامان۔

**لاڑا:** دولہا، خصم (بیاہ آلے گبھر ٹُھکیا معراج
نیا نیا دولہا:

**لازم:** ضروری، فرض (پکی متھی گل)
(لازم ہونڑاں) مح۔ شرمندہ ہونا:

**لازمی:** ضروری (تاکید نال)
(لازمی) شرمندگی:
(لازمی اسنی) نادم ہونا:

**لاس:** مارکا نشان:
سلانٹ، نشان، سُٹی یا ترا ٹے نا نشان:
نیل۔ نشان:
(پسینے نال گلی وی جا) (لاسی وی)
(لاس لغڑیں) لسی والے برتن میں
جراثیم ہونا:

**لافاں:** (لاف کی جمع)
لکڑی کے چھوٹے چھوٹے ٹکڑے۔
گا ہنڈیاں نی درستی واسطے استعمال کیتے
گئے نکے نکے ڈنڈے، یالنٹر نیاں
تخیاں نی خالی جاءپُر کرنے واسطے
لائیاں گئیاں پھٹیاں۔
لافاں مارناں) مح۔ لمبی چھوڑنا:

**لاکا:** علاقہ:

**لاکڑا:** جلدی بیماری (خسرے آردانے
دار بیماری)

**لاکھ:** (بوٹیاں نی گوند، چیڑ) لال رنگ:
(لاکھ لاٹریں) لاخ نی مہر بنا پارسل
اپر لاٹریں:
(پپل گوند)
(لاکھ) لکھ تے کروڑ۔ لکھ لکھیاں)

**لاکھا:** پہور کا لے رنگ کی گا یا بیل:
لاکھا داند، لوہے رنگ کا گھوڑا:

**لاکھی:** (لکھ لکھاں آلا، لکھ پتی)
(لاکھیے کولوں سا کھیا چنگا) اخ

**لاگ:** لاگ دستور (شادی بیاہ نیاں رساں:
(کمیاں جمیاں نی مزدوری)
(بے داجیاں چلیاں گسنیاں بے
لاگیاں نیں گسنیاں) اخ

**لاگا:** خوراک کا جسم کو لگنا (خون بننا)

**لاگت، لاغت:** سانجھ سلوک، برتا :
(لاغت بازی) خار بازی، دُشمنی:
(اکڑ، جھریٹ)
قیمت، ٹیکس، لگان:
اصل قیمت، خرچ، خرید مُل:

**لاگو:** (مچھ لگ، پیچھے رہنے آلا، چیلا)
سجن، دُشمن، جانو (ڈاہو)
(قانون لاگو ہونڑاں)
چالو ہونا، اثر کرنا:

**لاگی:** (شادی غمی اپر بخشیش کھننیں آلے)
(کمی جمی، سیپی، خدمتی)
(لاگیاں نیں لاگ دینیڑیں پینڑیں
پھویں...)
(اج لاگیاں نے تیرے کولوں لینڑیں
لاگ وے) گ

**لاگے:** کول، نیڑے، قریب:
(لاگے) ماس پر لگے نشان (نیل)
جسم پر رگڑ کے نشان (کنے)

لال: (لاڈلا پُتر، مہاڑا لال)
رتن، لعل: (منکا)
(نئیں لبھدے لعل گواچے مٹی نہ پھرول
جوگیا)
(سوہا، لال سرخ، رتہ لال)
لال مونہا: سرخ منہ والا:
لالہ: (پیو، بڑا بھرا، بھاپا) بھا جان:
(گڑوں مٹھا لالہ..) اخ
اس نے موڑھے موڑھے آ
مینڈھا وڈا لالہ (باقی صدیقی)
لالاں: عورتوں کا ایک نام:
لالو لال: غصے بھریا، لال سرخ:
لالڑی: لالی، سرخی، شفق رنگ:
ڈوبتے سورج کی لالی۔غروبِ آفتاب
کا وقت:
لالی: صبح کی سرخی (دھمی ویلا)
دیہوں نکلنے سوں ذرا :
(لالی سفیدی) چہرے کی لالی:
لالی: (ایک پدہ) جو فصل یا باغ خراب
کرتا ہے۔
لالی مہاڑا اِسطے پھنیا میں لالی ناں رُگٹے
پھنیا۔شوہ لالی شوہ۔
لام: بیل کے جسم کی لمبا ، چنگا لاے آلا
داند۔
فوج کا دستہ۔لڑا ،محاذِ جنگ۔
کو لاماں توں مُڑ نئیں آ
فِر دشورے آ نی ما
(ڈاکٹر کوثر محمود)
لام ڈوری: لمبی قطار، نوکر چاکر:
(نکیاں بچیاں نی بھیٹر ش) لام لشکر:

لامبھ: کنارا۔کنڈھا۔پاسا:
(بناں)
لانبھا: طعنہ (وہ بات جس سے غیرت آ )
لامبھ: کن آنکھوں سے دیکھنے کا طریقہ:
(ھک پاسے، ھک بنے، پرے)
ہِک پاسا (ہک پاسی اکھ)
لانبھا تکھڑاں:
لاں: لسی کا جراثیم جو برتن میں لگ جا :
(لاں لغڑاں) مح
لانٹرا: (لاں...ٹ...را)
فاختہ کی چھوٹی نسل:
لانڑاں: لگانا (دوکان لانڑاں)
بوٹیاں سینجے لانڑیاں (مح)
(اکھیاں لانڑاں) پیار کرنا:
(لانڑاں) نا (بستر لانڑاں)
(لانڑاں) تھاپنا (سُوہریاں لانڑاں)
(گپ لانڑاں) ہانکنا:
(پیاز لانڑاں) (کھبوڑاں) پیاز کی
ی لگانا:
(بازی لانڑاں) شرط باندھنا:
(کےاپر لانڑاں) کام پر کھڑا کرنا۔
نوکری دینی (کامے کاجے لانڑاں)
(لانڑاں) چھری چاقو تیز کرنا:
(لانڑاں نڑاں) چغلی مارنا۔
لگا کرنا:
(لانڑاں) پیسے خرچ کرنا۔
رشوت دینی:
(گُجھ لا کے کم کرانڑاں)
(لانڑاں) جیلے کپڑے لانڑاں،
ٹش کڈھنی:

اچھی زندگی بسر کی:

(لانڑاں تے کھانڑاں) بس دو کم:

(پانی لانڑاں) سیراب کرنا

**لانڑاں کھانڑاں:** گزراوقات

**لانجھا:** کم دھندہ، جھمیلا، جھنجٹ، بکھیڑا:

(روک، ڈکا)

لانجھالاہنڑاں: مح (سر پڑا کام ختم کرنا)

**لانجی:** آوارہ (بے خصمہ)

**لانس:** ذرا برابر:

چینی نی لانس کو نئیں:

(لانساں) جمع۔۔جسم پر پڑے نشان

**لانگا:** (لاں....گا)

گزرگاہ:

دوکمروں کا درمیان راستہ:

گلا، درا (درا) چھوٹا دروازہ:

(بغیر بوہے سوں راہ) گلی نما راستہ:

باڑ، وچلا راہ، دومکاناں نے درمیان آلا

نِکا دروازہ:

عارضی اور کچا راستہ۔کھیتوں کا درمیانی

راستہ:

(باڑی وچوں پیا راہ) چھوٹا راستہ:

**لانگڑ:** دھوتی، کھلا کپڑا:

زنانیاں نی دھوتی، لک بدھی، تہمد:

**لانگی:** کانٹے دار سبز شاخیں (بکریوں کی

خوراک)

(بکریاں آسطے کپیاں ساویاں ڈالیاں

ناں چارہ)

(ککر، جھنڈ یا توت نیاں ساویاں پتراں

نیاں ڈالیاں)

(نرم تے کولیاں، پٹھے، گولے پتر)

(ملوک ٹہنی)

اونٹھاں بکریاں نا کھاوا:

**لانگھ:** (لانگھ پلانگھ)

لمبا قدم:

وچلا پیدل راہ، پگڈنڈی:

(لانگا پلانگا)

(اَسنے گسنے آسطے پکا راہ بنا کھناں)

**لانگھا:** چھوٹا راستہ:

دوکمروں کے درمیان آنے جانے کا

آزاد راستہ:

گزرگاہ (موری، درہ۔گھاٹی)

**لاونڑ:** روٹی سالن، سالناں، ترکاری:

(روٹی میری کاٹھ دی لاون میری پکھ)

**لا ن:** (لُونڑاں سلونڑاں، جس نال روٹی

کھاہدی گچھے)

**لاہ:** اتار (امر)

(میکی بُن لاہ....)

نفع، فائدہ (کھٹی، لھبت، اَپری کما)

(مولے کولوں لاہ پیارا) اخ

کنوئیں سے پانی نکالنے والی رسی:

(لاہ تے لوٹا) ڈول اور رسی:

(لاہ مکانڑاں) مح (لارہ تروڑناں)

بات فائینل کرنا:

(لاہ اسناں) جنسی تحریک پیدا ہونا:

ماءلم سلمّی، پُتر ڈُڈناں جیہا

مای ڈُبڑیں رہی پُتر چھجناں رہیا

(بھرجات) لاہ تے لوٹا:

(لاہ اسناں) جانور کا تحریک پرنا۔

**لاہ لوچ:** لالچ۔خدمت داری:

**لاہنج:** لارا۔آس

(لانج لاہنڑاں) مح

**لاہوڑیاں**:(لاہ....وڑ...یاں)

بے تکی باتیں:

**لاہوڑی**:(لاہ...و.....ڑی)

شیخو۔فضول باتیں کے والا (واحد)

**لاہر**: کسی بیل کی چھوڑی ہو پُھوٹ:

(لاہراں) جمع

(لاہراں لغڑیاں) مح۔قطاریں بندھنا:

نہ ختم ہونے والا سلسلہ:

(لاہر چھوڑناں) بیل وغیرہ کا بڑھنا

**لاہڑسواہڑ**:ذمے ڈالے ہو فضول کام:

بےکار ذمہ داریاں:

**لاہمہ**: (الاہنہ)

شرم، غیرت:

(لاہمہ لغڑاں) مح۔غیرت آنا:

(لاہماں تحڑاں) مح۔ہک پاسی نظر،

پن:

**لاہے**: (ہک پاسے، دور)

**لاہنڑاں**: اتارنا (ہنڑ میکی لاہی چھوڑ)

(سروں لاہڑاں) جان چھڑانا:

اتارنا۔اٹھا کر کرنا:

(لاہنڑاں) جانوروں کو پانی پلانے کے

لئے لے جانا:

(ڈنگراں کی پانی لاہیا ای کہہ نئیں؟

جس کی بہوں دل آہن لہی کے پانڑیں

پی کھنیں (لہی کے) اتر کر:

(پانڑیں تکیوں بغیر موذے لاہنڑاں)

(اخ)

قرض اتارنا، سروں بھار لاہنڑاں:

(لاہنڑاں) اپروں تھلے لاہنڑاں:

بوجھ ہلکا کرنا، ہٹانا، دور کرنا:

پاسے کرنا بخرے کرنا:

(بوہالاہنڑاں) تالا کھولناں:

(سروں لاہنڑاں) قتل کرنا، مارناں

پاسے کرنا۔

(کھل لاہنڑاں) چمڑی اتارنا:

(نوکریوں لاہنڑاں) نوکری ختم کرنا:

(پوہڑیوں بُن لاہنڑاں) دفع کرنا۔

(شرم حیا لاہنڑاں) شرم ختم کرنا:

**لاہنڑی**: نوحہ۔

**لاہنجھا**: کم دھندہ، جھمیلا، جھنجٹ، بکھیڑا:

(روک، ڈکا)

لانجھا لاہنڑاں: مح (سر پڑا کم ختم کرنا)

**لاہوں لہنڑاں**: مح۔دودھ سے اُترا ہوا بچی بچہ

ماں کے دودھ نہ پینے سے کمزوری کی

کیفیت:

**لاہے ناں**: مفت کا مال (مفت ملی چیز)

**لا کھا** :(لا کھا مرنا) عمر پوری کر کے مرنا

بڑھاپے کی موت۔کو خواہش باقی نہ

چھوڑنا:

**لا کھانڑاں**: سلوک اتفاق سے رہنا:

**لا لغا** :(لگا ) غیبت۔چغلی:

**لبھا**: ملا (پایا)

کہ لبھا اے

مستی کرتے ہو بچوں کو کہنا:

(لبھڑاں، لوڑنا) تلاش کرنا:

(لبھا) ایک نام:

لبھاتے میں کھا کھنساں

مٹا ماڑا لا کھنساں

(عارف ادیب کیانی)

**لَھبت:** (لَھ....بھَت)
فائدہ، کما ،مزدوری:
(اس کے اچ کو لھبت نئیں)

**لبھی:** ملی (پا گئی)
کسی وچوں فزریں
لبھی اس نی لاش
دادو ہک بدمعاش
(باقی صدیقی)

**لَپ:** (ل...پ)
(لَپ) رُگ، ہتھیلی بھر:
کُھلے ہتھے اچ آ دانڑیں یا آٹا:
(ہک لپ، ادھی بُک) (چُکا ہک)
(لپ چِکہ باہنڑاں) مح

**لپ چکا:** تھوڑا تھوڑا، مُٹھی بھر:
(لپ چکا باہنڑاں) مح۔ جلتی پر تیل
ڈالنا۔ بھڑکانا:
تھوڑا تھوڑا، مُٹھی بھر:

**لپ گڑپی:** (لَپ) (گ...ڑپ..پی)
دونوں ہاتھوں سے:
(لپاں بھری بھری، لپا لپ، کھلے ہتھیں)
(جناں کھادا لپ گڑپی
اُنہاں کی ہونڑاں کہہ انگل چٹی) ارخ

**لُپ لُپ کرنا:** بار بار کر سر نکالنا۔ آگے پیچھے
ہونا:

**لَپّی:** (لَپ....پی)
(گول تنی، کُرتے نے مونڈے
یا پتلون نی پیٹی اپرلی پٹی) شولڈر:
(پٹی، اُکرے، بچے) رسم الخط
(لپی تارناں) ترجمہ کرنا۔ دوسری پٹی
میں منتقل کرنا۔

**لپّا:** (لَپ......پا)
(بڈی لَپ)
چوڑا گوٹا، گوٹا کناری:
(دوپٹے نا سنگار)

**لپاتا:** (چھپاتا) پردہ، چوری:

**لپاڑا:** گا ں کے قریب زرخیز زمین جو دونوں
فصل دیتی ہو:

**لَپرا:** حصہ، ٹوٹا، گوشت کا ٹکڑا:
روٹی کا بڑا ٹکڑا:
کھلا منافع (لپرے لاہڑاں) مح

**لُپری:** دیسی (گُڑ اور کو ملا کر زخم پر
باندھنے کا کپڑا:

**لَپڑ:** ہاتھ کی مار (طمانچہ)

**لپڑناں:** پکڑنا (اُرے مہاڑے در لپڑی آ نڑس)

**لپی:** ( ) پلستر:

**لپھاں:** پلھ، واحد (شکن)
ماس کی وہ شکن جو موٹاپے کی وجہ سے
پیٹ یا یا گردن میں پڑ جاتی ہے۔
(لپھاں سٹناں) زیادہ پھول جانا۔

**لَت:** ٹانگ (لات، ٹنگ، جنگ)
(لتاں کھلیارناں) مح۔ لالچ میں
اضافہ کرنا:
(لتاں مارنیاں) مح۔ نسانڑاں، اوکھا
کرنا:
تنگ کرنا، بُری علت (لت کھڑکا کرنا)
(دودھل گائیں نیاں لتاں وی چنگیاں)
(ارخ)
(لتا لمیارناں) مح۔ ٹا سیدھی کرنا:
مکمل آرام کرنا:
قبضہ جمانا، لالچ کرنا، سمیٹنا:

(لت کھڑتا) گا  بھینس کی بُری
عادت۔لاتیں مارنا۔
(لت کڈانڑاں) ذات کا بچا کرنا۔
الگ ہونا۔
**لَت:** عِلت (بھیڑی لت پیئڑاں) عادت:
**لت گوہ:** لاتوں کی مار۔
**لِت:** لکڑی کا ریشہ۔
(کانے یا بانسے نی باریک پن، نا خنے
اچ لہی گسنی)
(کنے یا نکے اچ باریک لکڑی نی سلا  )
**لَتّا:** (کپڑا لتا، چیلا کپڑا) پرانے کپڑے:
(لتا مارناں) کچے فرش کو رگڑ کر کالا کرنا
تیل سے چمکانا:
**لتاڑناں:** پا ں سے دبانا:
خراب کرنا:
**لِتر:** پرانی جوتی (کھوسڑا)
**لُتر لُتر:** بے مقصد پھرنا:
تیز بولنا، زبان درازی:
**لُترا:** چغل خور، ان جھک، چلاک فریبی:
**لتراڑ:** (لتڑ، چھتر) چمڑے کے جوتوں سے
پولیس کا مارنا:
**لُتری:** (لُتر لُتر کے والی، چالاک زنانی)
زبان دراز، ہوشیار:
**لتیاڑ:** پا ں سے روندی ہو  (لتیاڑی وی
زمین)
(لتیاڑی وی جگہ) پیروں سے روندھی
ہو  :
**لتیاڑناں:** روندنا:
**لَتھا:** اُترا:
(کھوڑی اپروں لتھا) گھوڑی سے اترا:

اوہ لاری آ  اے
ہِک گھبرو لتھا اے
اوہا مونہہ متھا اے (باقی صدیقی)
(چیلے لتھا) بے حیا:
(گِٹھ گوڈا لتھا) اعضا کا جگہ چھوڑنا:
(قرضہ لتھا) قرضہ اترا:
(سِروں لتھا) جان چھوٹی:
(اپروں لتھا) نیک پاک (پیغمبر)
**لتھوڑ:** (اُترن) لتھے وے چیلے:
پرانے اترے ہو  کپڑے:
**لتھی:** (اُتری)
(لتھی لو  تے کہہ کرسی کو  ) اخ
**لتھی چڑھی:** اتار چڑھا، عزت بے عزتی:
(گھاٹا وادھا، غمی خوشی، دُکھ سکھ)
(لتھی چڑھی سوں) بے خبر، بے پرواہ
آدمی:
**لَٹ:** آوارہ (فضول پھرنے آلا:
بہوں لٹ جا تنک آ (نکارا، ویہلا)
انڈیل (فعل امر)
(امر) اُلٹ:
(لٹناں) انڈیلنا:
**لِٹ:** (بالاں نی لِٹ، لِٹاں) زُلفاں:
(لِٹاں کھلیاں) بے سنورے بال:
(متھے نی لِٹ) پیشانی کے آگے آ
ہو  بال: (بودی)
**لُٹ:** لوٹ مار، لوٹ کا مال:
ایہڈی لُٹ پئی وی، کھوہ موہ، مار:
ڈکیتی ٹھگی:
(جتھے پُھٹ اُتھے لُٹ) اخ
لٹیاں ویاں چیزاں:

(لُٹناں) جیتناں، جیت کا مال:
بلور لُٹناں، کھوڑ لُٹناں۔ بیاہے اپروں
پیسے لُٹنا:

**لٹ پٹا:** (نِک شُک) گھر کا مال اسباب:

**لٹاڑاں:** لُٹانا: کھلا خرچہ کا، فضول خرچنا، برباد
کرنا:
(جان بوجھ کر ہارنا)
لٹانا (لما باہنڑاں) لٹانا، بستر پر ڈالنا:

**لٹر پٹر:** فضول چیزیں، سامان:

**لُٹڑاں:** لوٹنا، جیتنا (بلور لُٹناں) گڈی لُٹناں:
(بندے کی لُٹناں)

**لٹڑاں:** انڈیلنا (بہانا) مائع چیز کا گرانا:
انڈیلنا، پانی کا گرانا:
اُلٹا کر کو چیز نکالنا (دانڑیں لٹی چھوڑ)

**لَٹک:** (جُھول)
لٹکنے والی چیز، گھڑی کا لاٹو، پنڈولم:
(لاہ لوٹا) کنوئیں میں لٹکے ہو :

**لٹکا:** لہرا، مزہ۔

**لٹکڑاں:** لٹکنا، جھومنا:

**لٹکے لانڑاں:** مزہ لینا، لہرانا:

**لُٹے پٹے:** برباد، اجڑے ہو لوگ:

**لُٹی لٹا:** (د دوا ) سب کچھ برباد کر دینا:

**لٹورا:** (لم پوچھڑا) پرندہ:

**لٹھ:** لاٹھی، ڈانگ، سوٹا:
کھانڑیں نی لٹھ، ڈنڈا (موہلا)
لمبا جوان مرد

**لٹھا:** مشہور سوتی کپڑا، سفید لٹھے کا تھان۔
کفن کا کپڑا:
زمین کا عکس:

**لٹھم:** رکی بات یا کام: رکاوٹ،

(کے اچ لٹھم مارناں) مح

**لج:** عزت، آن، پت:
مانہہ نال رنجھیٹے تور دے
رکھ مینڈھے پیار نی لج (باقی صدیقی)
(لاہ، رسی)
(لج ٹکے دی ڈور میں تیری محرم نانہہ)
(گ)

**لج پال:** با کردار (باوفا)
(شرماں رکھن آلا) رب کی ذات:

**لج لتھا:** بے شرم، بے عزت:

**لجاڑاں:** شرمانا، سنگناں، شرم کرنا:

**لُجناں:** ساتھ دینا۔ ہر کام میں مدد کرنا:

**لچّر:** تکلف (پُن، احسان)

**لچ:** نرم:

**لُچ:** بُری عادت، لُچ پُنا (خراب کردار)

**لُچ:** بڑا پراٹھا (بڑی لُچی)
(لُچ ں) مح۔
بغیر مقصد کے بات کرنا:
آ پڑاں لٹھم مارناں (تو پہل لُچ تلی گھن)

**لُچ گُڑ چی:** بہانے، فریب، دھوکے:
(وَل چھل، بُتہ)

**لُچا:** بدمعاش، آوارہ، بدکردار، شہوتی۔
، بدکردار (لُچا سب توں اُچا) اخ

**لچار:** ناچار، بے بس:

**لچاری:** مجبوری (کہہ ایہڈی لچاری اے؟)

**لچکار:** ں کا اتر جانا، درد نکلنا:
جسم کا ایک دم سے اکڑ جانا:
(لچکار نکلنا) اُلارہ، لہرہ، اَنج پھرنا)

**لچر:** واہیات، بداخلاق، بے ہودہ:
(بے دائیتا)

**لچکڑاں:** لچ لچ کرنا:
نرم ہونا، لچک کھانا:
(گُنجا کھانا)
(انگ انگ میں لچک پیدا کرنا)
(ھک پاسے ٹھلکڑاں)
**لچکیلی:** لچکدار۔
**لُچی:** بدمعاش، بے غیرت
(ڈیٹھ) فحش، لفنگی:
**لُچی:** لچی حلوہ (تلی وی پراٹھی، پُڑی)
گھی میں تلی میدے کی پراٹھی
(لُچیاں) جمع
(حلوہ پڑی)
(لُچی لفنگی)
**لچھا:** گچھا، بالاں یا دھاگیاں ناں:
پھنیاں نے لچھے (سوئیاں)
فالودہ، گنجھل دار ڈور، دھاگے نی
اٹی (لچھی)
لچھے دار گفتگو، خوشامدی، تعریفی:
(لچھو) ایک نام:
**لچھے:** زیور، گہنا، چھلے:
(مِٹھیاں گلاں) لچھے دار:
(دھاگے نیاں اٹیاں)
**لحاظ:** ادب، احترام، دِید (اکھیاں نی شرم)
دیدلحاظ:
طرف داری۔ قدر:
**لحاظی:** (دیدکری کے، لحاظے نال، کسے گلے نی
خاطر) احسان:
**لخ:** لاکھ۔
(لخ لُٹ) لٹا ہفضول خرچ۔
(لخ لعنت) ڈھیر لعنتیں۔

**لخڑاں:** لکھناں، قلم سے لکھا کرنا:
(مقدر لخڑاں، لیکھ لخڑاں)
لخڑیں آلے لخیا آپوں
تخیا نیں اُس نیں اندر
مھاڑا دُکھ سمندر۔ (شیرازطاہر)
**لخت:** لکھا تحریر:
مقدر، نصیب (لخت ای ماڑی اے)
(لخت لخی)
(لختاں اچ ایہے کجھ لخیا واسا)
**لخوندیاں:** لکھڑوندیاں:
بیہودہ اور فضول باتیں:
**لد:** کانٹے دار ڈالیوں کا بھار:
(قدے اپر لد) اخ
(لد) وزن، بوجھ
(تھوڑا لد سو یلے آ) اخ
(لدے واندے نا پیر ٹُغڑاں) مح
**لِد:** گدھے یا گھوڑے کا گول گول فُضلہ:
**لَدناں:** لادناں، بوجھ ڈالنا، سامان لادنا:
(لادُو کڈھناں) اونٹھ، گھوڑے کو سامان
لادنے کے لئے عادی کرنا۔ لگانا:
**لدناں:** لادنا، سامان لوڈ کرنا:
(لدناں) رخصت ہونا، کوچ کرنا:
(لدناں) بچھڑنا، جدا ہونا (ٹُر جانڑاں)
(جاگ آ نال لد گیا ماہی) ل، گ
اونٹھاں والے لد گئے نی۔ سسیے
(دنیا اپروں چلا گسناں) فوت ہونا:
**لدھا:** مِلا (لبھا، پایا)
(پِدی لدھیا پیسہ کاں کھنے یا بینا) اخ
(ما نی میں جاک لدھیا)
(ایک نام)

**لدھڑ:** پانی کا جانور، کتا:
**لا دھڑک:** بے جھجک، بے باک، نڈر:
**لدھناں:** لبھی گسناں، مل جانا:
**لدھی:** (لدھی ہو )
لبھی، ملی، ڈونڈھی:
لدھی۔ایک نام:
لدھی چیز بغانی
پیسہ د چھڑانڑی
(ب۔گ)
(دُلے بھٹی نی ماء)
**لُڈن:** (ہیرنا بیڑی وان، لُڈن ملاح)
**لُڈن:** ہیر کہانی (چناں نا کردار)
لُڈن ملاح (لڈناں، کالیا کڈ ھناں)
**لِڈناں:** اونٹھے ناں ہگا (گول گول لڈ واں ار)
(لِڈناں جہیا) ناٹے قدے آلا، بَونا:
(لِڈناں پُھنڈناں) مح۔شوخ ہونا:
**لُڈی:** دھمال کی قسم (جیتے ہو لوگوں کا
ناچ)
(گول گھیرے دار لُڈی باہنڑاں، خوشی
نال نچڑاں)
(پا لُڈی اے جمالو)
**لَر:** (لراں) جمع۔سائیڈ کی لمبی پھٹی :
دروازے کا فریم:
(لکڑی نی تے لمی چھڈٹی پھٹی)
تے اُچی لمی:
**لُر:** (لُر لُر کرناں) مح۔کانپتا، یا جھولتا ہوا
ناتواں، کمزور۔
**لَڑ:** پانی سے کٹی ہو تنگ نشیبی جگہ۔
نشیب میں جانے کا راستہ۔
(باوے قائمے نا لَڑ)

(لڑو ورڈ) کٹی پھٹی زمین:
(لڑ پراندے جوڑنا) مح۔اپنی طرف
سے باتیں بنانا:
(لڑ) دوپٹے نی چُوک۔آنچل:
(لڑ) یا دھوتی کے دائیں بائیں
سرے:
**لڑ:** نچلے پیٹ کی ایک رگ:
(لڑ لہنڑیں) لڑ اُتر جانا۔چلنے میں
دشواری آنا:
عورتوں کی ایک بیماری:
(لڑلغڑاں) مح۔نسبت پیدا کرنا۔
(لڑ چھڑانڑاں) مح۔جان چھڑانا۔
**لُڑ:** ماسے نے وچ لمی ناڑ۔اُبھری ہو
رگ:
**لڑا:** جھولا (ہوا کا رُخ) لہرا
(لڑے ناں) مح۔من موجی
(دل وے تے ہاتھی لنگی گچھے نہ وے
تے دُم وی نا نہہ چھن دے) اخ
**لڑاچہ:** چھوٹی موٹی لڑا :نوک جھونک
**لڑاکا:** لڑنے والا (کاٹنے والا کُتا)
(ماسی کُتا لنے آلا تے نئیں)
(ہاسے نا اخان)
(لڑاکا فوج) لڑا کرنے والی فوج:
پئی پئی گھٹنے بازئیں اسنیں
بندے بڑے لڑا کے تکے
(عارف ادیب کیانی)
**لڑچھا:** درخت سے نکلی ایکدم سیدھی اونچی
شاخ،
سرو قد (اونچے قد والا جوان)
**لڑگج:** خواہ مخواہ کا معاملہ۔ٹانگ اڑانا (لڑ گج

مارناں)مح

**لُڑکی:** کان کی بالی۔کان میں لٹکنے والا سونا:

**لُڑکنی:** (لُڑکڑیں)(بے اختیاری زبان
(جیبھ)
(تہاڈی لُڑکنی نئیں کھلنی)مح

**لُڑکڑاں:** (لُڑکناں)لٹکی ہو چیز کی طرح:
(لٹکنا۔جھولنا)دھکے کھانا(دربدر)

**لڑناں:** (کاٹنا)
سانپ یا بچھو کا کاٹنا۔ڈنگ مارنا:
ڈسناں:
کُتے کا کاٹنا(کُتا لڑنا)
(کُتا لڑناں)مح

**لڑوں لڑوں کرنا:** لڑا کے بہانے تلاش کرنا:
(کیوں لڑن بہانے لبھنا ایں؟)

**لَڑی:** نسل در نسل۔شجرہ نسب:
پرو پھولوں کا سنگل ہار:
موتیے کے پھول کی لڑی:
(لڑی) سپ لڑی گیا:
کاٹ کھانے کی حالت:
(کہہ لڑیا ای؟تنڑ بوڑی لڑی)
(لڑی)فہرست:
(لڑی)سلسلہ:کتاب لڑی

**لڑیاں:** زمین کی ایک قسم۔اُترا میں جاتی ہو
زمین۔کم نشیبی جگہ۔

**لُس:** نرمی۔لوچ۔ملائمت:

**لَس:** بڑی بڑی نشیبی زمینیں جہاں پانی
آ کر کھڑا ہو۔
(لَساں)جمع۔

**لِسا:** کمزور۔ناتواں:
(لِسا)ہارا ہوا۔۔۔۔لِسا تے ڈاہڈا

لِسے نی رن جنڑے کھنڑے نی پھاوی
(اخ)

**لِسّا، نیاں:** کمزور آدمی کا فیصلہ:

**لسرے:** پاڑ چھے(لسرا)واحد
(پہڑی پہڑی لسرے لاہی چھوڑے
نے)

**لسوڑا:** لیس دار درخت(اچاری)

**لِسیائیں:** کمزوری کی علامت:

**لَسی:** چھاچ۔۔بلویا ہوا دہی
(لسی تُھڑے بلّی نی)اخ
(ماسی تہاڑی لسی کولوں توبہ،کُتیاں کولوں
جان چھڑا)اخ

**لِسی:** کمزور۔ماندی:

**لسیس:** گوند:

**لش:** چمک(نخرہ)

**لش لش:** (لش لش کرنا)مح
چمک دمک:
(لشکڑاں)چمک دینا:
نورناں ہک دریا عرشاں تک
لش لش موجاں مارے(سلطان)

**لِشک:** چمک۔

**لشکارا:** شیشے کی چمک:
میں تکاں ونگاں نی
دُنیا تکے ونگاں نا لشکارا(باقی صدیقی)

**لشکارناں:** ہُشکارنا(کُتے کو تا دینا)

**لِشکڑاں:** شیشے کی طرح چمکنا:

**لشکاڑاں:** چمکانا:
(چنج لشکاڑاں)مح۔ہر جگہ موجود ہونا:

**لغڑاں:** محسوس ہونا:
(اِسرے لغڑاں)ایسا لگتا ہے:

(لغڑیں) جمع
لغڑیں تھکے عشق نے اندر (عارف)
لغڑاں (بیماری لغڑاں)
(پچھے لغڑاں) پیچھے پڑنا:
(لغے منڑیں چلے تسیں) اخ
رشتہ گانٹھناں:
(تو مھاڑا کہہ لغڑاں ایں)؟ رشتہ جگانا:

**لغڑاں:** اندازہ ہونا۔ بھانپ لینا:
(حقیقت کا وجدانی علم)

**لغی:** لگی، پکی۔
(لغی کی لت مارناں) مح
زیادہ کی لالچ میں لگی روزی کو چھوڑ دینا۔

**لَف:** لچک، جھکا (لفڑاں) فعل

**لَفڑاں:** لچک کھانا:

**لَک:** کمر:
(سراندھی سیویا پواندھی لک بشکار)
(اخ)
(لکوں ترٹنی) مح۔ حوصلہ ہار دینا:
(لکوں پینڑاں) مح۔ اصلی جگہ سے قابو
کرنا:
(لکے جیاں) ادھا جسم:
(لک تھر وہڑاں) جان کو مشکل سے
سنبھالنا:
(لک ترٹا) ناتواں، کمزور (بے بس)
(لک) کتے کا پانی پینے والا برتن:
(کتے نی لک) مح۔ پلید آدمی

**لُک:** تارکول:

**لکڑ:** (لکڑی) سخت چیز۔
زبان سکی لکڑ بنڑی گئی۔ گل

**لکڑاں:** کتے کا پانی یا دودھ پینا:
زبان سے شڑپ شڑپ کرنا:

**لُکڑاں:** چھپنا، اوجھل ہونا:
(لُک چھُپ جانڑاں مکئی نا دانڑاں)
لکڑی کاٹھی: (ایندھن) گھر کا سامان۔

**لکھاں:** لاکھوں کے حساب سے:
(لکھاں مونہہ) مح
(لکھ تے لکھیاں) مح
(لکھاں آ تے لکھاں گئے) اخ

**لُگ:** اجاڑ، ویرانی:

**لُگا:** اجاڑ، ویران (غیر محفوظ) لگا کبھار:
بے وارث، بے خصمہ:
(لُگے) جمع
لُگے بیہڑے ناڈار (افسانہ) ل عمران:
گلنے ل چُپ تے بیہڑے لُگے
کُتھے بہواں، کُتھے لاہواں کھارا؟
میں بنجارا (باقی صدیقی)

**لُگی:** (مونث) غیر محفوظ:
(لُگی ٹھوک موچی مقدم) اخ
اجاڑ، ویران
(لُگی جاء) ویران جگہ
(لُگی) بے خصمی
رنجھاں نال میں کوٹھی چاڑھی لغڑیں لُگی
لُگی (مص)

**لُگی لتھی:** بے خصمی، لاوارث۔

**لُگا:** لگوانڑیں آلی۔ بیوی (مرد کی تانیث)

**لُگڑ:** آوارہ، بے خصما۔

**لگڑ بگڑ:** گھیاڑ کی قسم۔

**لگڑاں:** مباشرت کرنا (چوت مارناں)
(تہاڑی ما کی لگاں) گالھ

**لگنڑ:** لگن:

خراب عمل:
شادی کا بندھن:
(لگن باندھنا) ہندی رسم:
(لگنڑ لگوانڑ) جنسی عمل:
**لگواٹ:** گانڈو:
**لگواڑاں:** چوت مرواناں:
**لگوا :** روٹی لگوانے کی مزدوری:

---

## ل۔ل

---

**لَل :** سادگی۔ بے سلیقہ کام:
**لَل بلل:** (ماڑا اچنگا) بے سلیقہ:
جھلا پن، بیوقوفی نے کم، سدھے پُٹھے کم:
**لِل :** شہتوت کا پھل (لِلاں) جمع
(black berry)
کچا پھل:
**لِل، لِلھ:** (لِل...ھ)
کچی تے گولی، بیرے یا توتے نی للھ)
(لِل لِل کرنا) منت ترلا کرنا (للکڑاں)
گھٹیا، کمینہ، نکارا آدمی:
**لل پُنڑا:** سادگی، سادہ پن
**لَلّا :** سادہ مزاج: (للے) جمع
(للے وچ) مح۔ للے وچ رکھڑاں
پوری بات نہ  سکنا ادھورا پن۔
**لِلا پلا:** (لِل...لا...پل...لا)
کچا پکا (ادھ پکا، کچا تے گولا)
**لُلّا :** اعضا  تناسل (ربڑ کا ڈھیلا پائپ)
**للاری:** (لَ...لا...ری)
رنگساز (کپڑے ر  والا)
(للاری، دھبہ، دیگاں پکانڑیں آلا)

(للارن) مونث:
**للارن:** (لَ...لا...رَن)
نیل کنٹھ، پنچھی (Bird Roller)
**للانگ:** دوڑ و دوڑ (بھاگم بھاگ)
**للامی:** (لَ....لا....می)
می، کشن، بولی:
(للامی بلانڑاں) بربادی کڈھناں:
(فلانے ڈھینگے کھرے نی للامی بلا
شوڑی:
**للر :** سنگار (زیور)
(للر لانڑاں) مح۔ قابلیت ظاہر کرنا۔
جدھر گیسیں للر لاسیں۔
**للڑ :** (لَل...لڑ)
سادہ اور بھولا:
**للکارا:** (لَل...کا...را)
اُچی آواز، ر، چیلنج، وانگ:
(سکے للکرے مارناں)
(پٹھا ہتھ مونہے اپر رکھی کے ہُو ہُو کرنا)
**للکارناں:** (لَل...کا...ر...ناں)
(بھکے ماری کے بولنا،  رنا:
(للکرا مارناں)
**للکر :** (لَل...کَر)
(  ر، للکار) للکار، تیز آواز، چیخ:
**للکر مارناں:** جوش بدھانڑاں (ہوشیار کرنا)
جوش بدھانڑاں (للکار کڈھناں)
اُچی واز نال  رنا:
(للکرا ماری پڑے وچ لئی اسناں)
**لِلک :** (لِل...ک)
(چاہ، تانگ) لالچ، بے چینی:
**لِلکڑاں:** (لِل...ک...ڑاں)

(ترلا کرنا، مِنتاں کرنا۔عاجزی بیان کرنا)

للچانا، چاہ رکھنا، بے چینی:

(بچے ناروونڑاں، تانگھنا، سدھر رکھنا)

**لُلکڑیں:** (لُل..ک....ڑیں)

بے اختیاری زبان:

(لُلکڑیں ہلانڑاں) مح۔زبان اپر وَل نہ کرنا:

گلاں وِچ بولی کھلناں:

چپ نہ رہی سکڑاں۔بے اختیارا آدمی:

(تہاڑی لُلکڑیں ئیں کھلنی)

**لل کلل:** (لَل...ک..لَل)

( مندے کم، بھیڑ چنگ)

اچھے بُرے کام:

**لَلیاں:** (لَل....یاں)

(کچیاں گلاں) بچگانہ باتیں:

(بیوقوفی نیاں گلاں)

**للکار:** (لَل...کار)

ر،چیلنج (غیرت نا جوش، بہادری نی آواز)

**للکارا:** (لَل...کا...را)

مقابلے کرنے کو لگا گئی آواز:

(سکے للکرے مارنا) مح

**للکر:** (لَل..کَر)

اُچی آواز، مقابلے سطے سد مارنا:

تیز آواز، چیخ۔

**لَلّو:** (لَل....لُو)

(جھلا، جھانواں، اُلّو)

**لَلّوٗٹ:** (لَل..لُو....ٹ)

(بکری یا بھیڑ کا بچہ) میمنہ

**للوپنجو:** (لَل..لُو)(پَن...جُو)

ایراغیرا خیرا،جنڑاں کھنڑاں:

ہرکو ۔عام آدمی:

**لَلّہ:** سادہ۔بھولا بھالا:

**لِلّہ:** (لِل....لا)

اللہ کے واسطے، خداواسطے:

**لُلہ:** (لُل....لہ)

عضوِتناسل،نفس:

پلاسٹک کانرم پائپ (لُولا) فارسی

**لَلّی:** (لَل....لی)

(تُھواں تخڑاں جوگی ناکُھر)

(ایان گڑی، جئ)

**لُلی:** (لُل...لی)

چھوٹے بچے کی پیشاب والی جگہ:

چھوٹے بچے کا عضو:

**لم چوہا:** لمبے منہ والا۔

(لمیرا آدمی،لما ،لم سلما،لمبو:

(انھے واہ لما)

**لماچوڑا:** (لَم...ما...ہ)(چو....ڑا)

بڑا، ڈھیر، کھلا ڈھلا، ان گنت)

کُھلا کھاتہ:

**لم ٹنگا:** (لَم....ٹن...گا)

(لمیاں لتاں آلا) لمبی ٹانگوں والا:

(لم ڈھینگ) بگلا

(اونٹھ جہیا)

**لم ڈھینگ:** (لَم....ڈھیں....گ)

ہِک پرندہ۔سُکا لما آدمی:

**لم سلما:** (لَم..س..لَم...ما)

(ہِک دم سدھا، سُکھڑ، اُچالما)

**لم لیٹ:** (لَم....لے...ٹ)

(چاروں شانے چت)
(کنڈی بھارسُتا)
(لما) دور (لما پینڈا)

**لما:** لمبا (اونچا)
لمے بندے نا عقل گِٹیاں اچ ہونڑاں)
(اخ)

**لماساہ:** (لَم...ما)(سا...ہ)
(لماساہ) لمبی زندگی، درازی عمر:
(اللہ مالے ناساہ لما کرے، بہوں چنگا
مال آ)

**لماں:** لمبا (سیدھا اوپر)
(لماں پینڈا) دور کا سفر:
لوڑا ساں کی جدوں وی پینڑیں
لمیں پینڈے لچھڑیں پینڑیں

**لما :** (ل۔...ما... )
لمبا ۔(لما آلا پاسہ)

**لَمب:** (ل....ب)
لاٹ، شعلہ، لالٹین کی روشنی:
(اگی نا بھانبڑ، تندورے نی تتی واء)
(لمبا پھرناں یا لمب پھرناں) ایک دم
غصہ آنا:
(لَمب چڑھنی) طیش میں آنا:
(لمب لغڑیں) آگ کی تپش محسوس
ہونا:
(لَمب چھوڑناں) بُجھنے پر ہو
دیئے کی لو۔

**لِمب:** بالوں کی بے ترتیب لٹ:
(لِمباں پٹیاں) مح۔عورتوں کی لڑا :

**لَمّڑ:** (لَم....بڑ)
پہاڑی کا پہلو۔ ٹیلے کی ڈھلوان:
کنڈ (سلوپ) بکریاں نیں چرنے نی
جاء (لمڑے نال)
واہ واہ لمڑے نی اے رِیتو نی
کھرٹا ہنڑے نے کھر پھیتو نی
(سلطان ظہور)

**لَمبڑاں:** چابک یا چھانٹے سے مارنا۔

**لِمبڑاں:** (لِم...ب...ڑاں)
لیپ دینا (آلودہ کرنا) لویڑناں:
(بیہڑا لمبڑاں) گارا لگانا:
(گاڑھا پوچا لگانا، لیپ کرنا:
گارے نال لپا کرنا:
(موٹا پلستر کرنا)
کس چُو کے کی لمبے پوچے
کس گُٹھاں کی تکے پھالے
(باقی صدیقی)
(لمبڑاں) گدھا آٹا خراب کرنا، ادھر
اُدھر ملناں۔ سارے ہتھ لمبی چھوڑنا:
(ساریاں کنداں لمبڑاں) مح۔
سب کو راضی رکھنا:

**لمبو:** (لَم....بُو)
لمبا آدمی:

**لمپ:** (لَم...پ)
لیمپ (اونچے شیشے والی لالٹین)

**لما:** لمبا، طویل:
(سپ جتنا لما ہونڑاں کر وہ اتنی چپھڑی)
(اخ)
تو لما قصہ چھو دتا: لمبی کہانی:

**لمک:** (لَم...ک)
(لمکن نی کار، جھول) لچک

**لمکڑاں:** (لَم....ک....ڑاں)

لٹکنا (پلمبڑاں) جھولناں:
(پچھے رہنا)
(رسی نال تھلے گسناں)
(نہ ہٹھ نہ اُپر)
**لمکاڑاں:** (لَم....کا...ڑاں)
لٹکاناں، جھلاناں:
کام میں دیر کرنا (چڑ لانڑاں)
(گلے کی لمکانڑاں) مح
**لمکوہر:** بڑا نوالہ۔
(لمکوہر لانڑاں) مح۔ بُری عادت۔
چسکا، پھیڑا کم۔
**لمی:** (لَ....می)
(لمے نی مونث) لمبی:
نالے لمی تے نالے کالی
رات جدائیاں والی (گ)
**لمی کوڈی:** (لَم.....می) (کو....ڈی)
(مشہور کھیڈ، جوڑے آلی کوڈی) کبڈی:
**لمیارناں:** (پیارناں)
پا ں پھیلانا۔
**لمیاں:** لمبی (جمع)
(اُچیاں لمیاں ٹاہلیاں...) باقی صدیقی
(لمیاں لانڑاں) مح
اساں لمیاں لا بیٹھے آں
ایہہ سمجھی کے اساں مرنے نا نہہ
(عارف ادیب)
لمیاں سوچاں پہراں پہراں
وگئی واء، سے نیاں لہراں
(باقی صدیقی)
**لمیرا:** (ل....مے...را)
کافی لمبا کم، لمبا چوڑا:
قدوں لما:
**لمیترا:** (لَ....مے...ت...را)
چوڑا نے مقابلے اچ لمبا زیادہ ہونا:
**لن:** اعضا تناسل:
**لُند:** چھوٹا باز:
**لِندڑے:** کپڑوں کے ساتھ چپکنے والے کانٹے:
(لندڑے آرنالوں نہیں لہنڑاں) مح
**لُنڈا:** (لُن...ڈا)
(دُم کٹا، بے پوچھلا)
**لنڈر:** (لَن....ڈر)
(لنڈورا)
اوارہ، پھرتو، ۔
**لُنڈا:** (لُن...ڈا)
چھڑا، اوتر، نکھتر:
بغیر دُم کے:
لُنڈا کاں (مُرغا بنا ہوا بچہ)
(بغیر دُموں، پوچھڑ کپا)
(لُنڈا اچڑا پہاڑی بولے) اخ
(لُنڈ مُنڈ) (چھانگیا وا، شاخ بریدہ)
(ٹُنڈ مُنڈ)
آزاد، وارہ، بے باک:
(سر تے رہیا نہ کنڈا ہاتھی ہوگیا لُنڈا)
بے اولاد: (بے حیا)
**لُنڈی:** (لُن....ڈی)
(لُنڈی، بے خصمی)
(لُنڈی. مونث) چالاک، لفنگی:
ہوشیار عورت:
(چور چکا چوہدری لُنڈی پردھان)
(اخ)
**لُنڈی بُچی:** (لُن....ڈی) (بُچ.... چی)

ہر خاص و عام، کس و نا کس:
(جہیا کہیا)

**لنگ:** لنگڑاپن:
لنگوٹی (لنگ بدھی وی)
(لنگ مارناں) لنگڑا کر چلنا:
دھوتی باندھنا۔
(لنگ پوجا) ہندوؤں کی ایک رسم۔

**لنگھ:** (لن...گھ) امر (اندر)
لنگھ آ جاوے پتن چناں دا او وہ یار
(گ)

اج لنگھ گیا
تے کل آ سی
وقت انج ای
آ تے جا
اج نے سہاگے وچوں
کل نی انگاری کڈھے
نویں اگ لا (نظم)
پردہ، لج:

**لِنگ:** پانی کا بڑا نالہ (نالہ لِنگ)
(لِنگاں) جمع
لِنگاں نالیاں نی ایہہ سنوار سیو
تے کنیرے نی ایہہ بہار سیو (سلطان)

**لنگانڑاں:** گھسیڑنا۔ آگے کرنا (چھوڑ کر آنا)
(میں مزماناں کی لنگا اچھاں)
(سنگے جیاں لنگاڑاں) گالھ
گزارنا، آگے کرنا۔ الوداع کرنا:
(مہمان کیساتھ تھوڑا دور تک جانا۔
عزت کرنا:
(فعل) اندر آنا۔
گزرنا (ویلا لنگھی گیا)

جتھوں کو رو کے
اُتھوں مُڑ مُڑ لنگھے
(باقی صدیقی)

**لنگڑاناں:** (لن...گ...ڑا...ڑاں)
لنگڑا کر چلنا۔

**لنگڑالُولا:** (لن...گ...ڑا)(لُو...لا)
محتاج، نکارا (کسے کم جو گا نہ ہونڑاں)

**لنگار:** (لن...گا..ر)
کپڑے کا ہوا حصہ:
(کپڑے نی درمیانوں پھٹی لیر)

**لنگا:** (لَنگ...گا...)
(ٹُیم ٹپاؤ، جھٹ لنگاؤ، عارضی کام کے والا)

**لنگدرہ:** (لَ...گند...را)
کپڑے کا پھٹ کر کچھ حصہ نکل جانا:
(کپڑے وچوں ٹاکی پھٹی کے نکلنا)
(لنگدرے ہونڑاں، ٹاکی ٹاکی ہونڑاں)

**لنگدرے کرنا:** (لَ...گند...رے) مح
چیرا پھاڑناں (بے اتفاقی ڈالنا)

**لنگر:** (لَنگ...گر)
(مفت کا روٹی گھر) دربار کی نذر نیاز:
(گاہ گاڑیوں پرشاد لنگروں) اخ:
(لنگر لانڑاں) سخاوت کرنا۔ لٹانا،
بربادی پٹنا:

**لنگری:** (لَنگ...ری)
کونڈی، مرچ مصالحہ رگڑنے والی
پتھر کی بنی (دوری)

**لنگوٹ:** (لَنگ...گو...ٹ)
(ادھی دھوتی، چُھٹی جئی چادر، پوتڑے)

**لنگوٹا:** (لَنگ...گوٹا)
(پہلوانی کچھا)
(لنگوٹے ناپکا) بے عیب:
**لنگوٹے کساں:** کُشتی کیلئے تیار ہونا۔
میدان میں اترنا:
**لنگوٹے ناسُچا:** نیک پاک صاف:
(جتی ستی)
**لَنگنڑاں:** (لَنگ....ڑاں) گزرنا:
(گزرنا) گئے ویلے لنگھی گئے:
گلی چوں گزرنا:
(پارجانا، حدپارکرنی)
(لنگھ، جاپتن چناں دا) گ
(ویلاختم ہونا، ویلا لنگی گیا)
(لنگڑیاں پلنگڑیاں) آتے جاتے:
گزرتے ہو :
اج لنگ گیا تے کل آ سی
وقت اِنج ای آ تے جا
(باقی صدیقی)

**لُنگی:** (لنگی) اندر جا۔۔۔۔داخل ہو:
**لُنگی:** سر کا ایک پہناوا (پگڑی) سچی لُنگی:
**لَنی:** بے حثیت (سکی لنی پسلی پھنی) اخ
**لِنی:** قبضی پاخانے کا حصہ (ٹکڑا)
**لَو:** (لَ..و)
روشنی، نور (سویلے نی پُھٹی پوہ)
(چانن، چٹیا )
تینڈی اکھیاں نی لو
منیڈ ھے دلے نا قرار
(باقی صدیقی)
(سرگی نیاں تاریا لو چا دے)
(وچوں لو ہونڑیں) رح۔دیوالیہ ہونا:
تنگ جے ہویاں دنیا کولوں
لو اللہ نال لا کھنساں
(عارف ادیب کیانی)
جزوی حصہ (پُور)
گروپ:
پہٹھی اچ پئے دانے ( پُور)
(دوپور) ہک زمین اچ دو فصل:
سوں بعد دوسری:
(تندورے اپر رُٹیاں لانے نا دوآ پور)
(لولانڑاں) روشنی دینا۔راہ دکھانا:

**لَو:** (love) تھوک:
(لو لانڑاں) تھوک سے جوڑنا:

**لو:** (ل...وا)
سجرا، تازہ، نرم:
کم عمر کا جانور:
(لوا) جنگلی ا، (پٹھا) بچہ
(لوا گوشت) کم عمر جانور کا گوشت:

**لوبھ:** لالچ:
**لوبھی:** لالچی:
ظاہر نی چھپ ہر کو تکڑاں
سب لوبھی بنجارے (سلطان ظہور)

**لُوت:** چھوت کی بیماری، پانی والے دانے:
**لُوت پڑوتی:** چغلی، برا :
**لوتھ:** ہاتھ پا ں کے بغیر۔معذور (لوتھے نی لوتھ)
**لوٹا:** کنوئیں میں رسی کے ساتھ لٹکنے والا ٹین کا برتن:
لاہ تے لوٹا:
لوٹے پچھے لوٹا بدھا
کو پورا کو ادھا (باقی صدیقی)

ماہلاں نال جولوٹے بدھے سارے خالی

)مصرع....وقاراحمدس

لٹکنے والی چیز:

پھرنے والی۔ادھراُدھر ہونے والی:

(لوٹے )جمع۔پھرجانے والے(سیاسی

لوگ)

**لوٹی تھاڑا:** ظلم(آہ وفغاں)فریاد:

پکھاچاراگونگاوی آ

کُنڑآ ؟لوٹی تھاڑاکرناں؟

(یاسرکیانی)

(لوٹیاں ناں)غضباں ناں۔کمال کی

چیز۔

**لُو ٹھے:** فعل(لُو ہڑاں )جھلسانا

شعلوں پررکھ کرکو چیزجلانا:

جے ہُنڑ میں پَر ماراں

سب پَر لُو ٹھے جاسنڑ(سلطان ظہور)

(سخت سزادینا)

(ہڈیاں لوہڑاں)اذیت میں مبتلا کرنا:

(نافرمان اوربُری اولادکادُکھ)

**لوچ:** لہک۔لچک(سریلی آواز)

**لوچر:** ی یابجلی کی لائٹ(تیزروشنی)

**لوک:** لوگ(خدا )

لوکاں ناکہہ آ ؟لوک بانڑیں رہنڑیں۔

**لوکاں:** جمع لوک نی(لوکا )خدا

لوکاں کھاروی تھیاں جمیاں

لوکاں کھاروی سہرابن کے

آ پُترپرا (باقی صدیقی)

**لودھرو:** سرپربیٹھاہوا۔سرپرسواررہنے والا:

(توتے مہاڑے سرے نالودھرو بنڑی

گیاایں)

(لودھے)ایک گا ں:

**لورچ:** (لور.....چ)

بےایمانی(رَلا)

**لورچی:** بےایمان:

**لَورے:** جُھولے؛

ہواکے جُھولے(لہریں)

(پھگن چیت کی ہوا)

(لَورےاپرچڑھناں)مح۔مستی اورلہر

میں رہنا:

**لوڑ:** تلاش:

(لوڑن والارہیانانہ خالی لوڑکیتی جس

پکی)س

ضرورت،حاجت(چاہت)

لوڑ جناں نی اس دنیاوچ او پہلوں

مرنے(سلطان)

**لوڑا:** ڈھیلا۔پائپ نما(لُڑلُڑکرنے آلا )

لٹکنے والااعضاء۔۔عضا تناسل:

**لوڑاں:** (جمع۔لوڑ)ضرورتیں۔حاجتیں:

(تیریاں نت وطناں وچ لوڑاں)گا

**لوڑکا:** لٹکی ہو چیز(کانوں کے کانٹے)

(بکری نے لوڑکے)

(بےاختیاری زبان)تہاڑی لوڑکی

نئیں کھلنی:

**لَوڑناں:** تلاش کرنا۔ڈھونڈنا:

**لُوڑناں:** نتھی کرنا۔زبردستی شامل کرنا:

**لُوس:** (لُو..س.)

(لُوس لُوس کرنا)مح۔کُتے ارلُوس لُوس

کرنا:

گلی گلی پھرنا:

آوارہ پن۔گردش:

(لوسی) بھیڑی۔گندی۔سڑیل مزاج:
(لوسن) چارہ:
**لوشا:** (لَو...شا)
مزہ،سواد،موج میلا (لوشے)
**لوک:** (لَو...ک)
لوگ (ویلا) زمانہ، جگ جہان:
لوک ادب،لوک گیت،لوک ورثہ:
(لوک لوکاں نال بُوڑی کناں نال) اخ
**لوک راج:** (لَو...ک) (را...ج)
(جمہوریت،لوکاں نی سرکار)
**لوک دکھالی:** (لَو....ک) (دَ...کھا...لی)
نمائش (جگ دکھاوا، شیخی)
**لوکا:** او لوکا،او بندیا،سائیں لوکا:
(گل کرنے ناانداز)
**لوکی:** (لَو....کی)
لوگ،بندے،خدا :
(لوک نی جمع)
(لوکی) سبزی،کدوا گھیا (ایک ترکاری)
**لَولا:** (لَو...لا)
(لولا ڈھگا،بدھو،ہبھل) بے عقل:
سادہ۔بھولا۔(لولا ڈھگا)
سائیوال نسل کا بیل یا گا ۔
(لولی) مونث
**لُولا:** ربڑ کا پائپ (فارسی)
ڈھیلا ڈھالا:
**لولو بولو، لالو بالو:** (لا...لَو) (با...لَو)
خوشامد (لیپی)
(لالوبالو کرنا) نا پھسلانا:
**لولھ ،لُوہل:** (لَو....لھ)
(داندھے نی تھہنی) سائیوال نسل:

**لُولھے:** اپاہج (محتاج) کمزور:
پیدا کرنے اوہ گنگے لُولھے گورے تے
کو کالے (سلطان)
**لولکے،لوڑکے:** (لَوڑ...کے)
(کناں نے گہنڑیں)
(بکری نے گلے ہٹھ لمکڑیں سوہنڑیں
ماسے نی جوڑی)
**لَولی:** (لَو.....لی)
، پگلی:
**لومبڑی:** (لُوں...م) (بَ...ڑی)
لُومڑی (مشہور پاڑوتے چالاک
جانور)
(لُومبڑ) مذ
**لُوں:** (لُو...ں)
بکری کے چھوٹے بچے۔
**لُوں:** نرم،تازہ،ملا :
(لُوں جیہا) بالکل بچہ۔کم عمر:
**لوں لوں:** (لُو...ں) (لُو...ں)
بال بال: مھاڑا لُوں لُوں ٹھڈا آ
لوونا: (لو۔۔ون۔۔ناں)
فطری طور پر کم عقل۔بھولا سادہ،سیلانی
**لَونڑ:** (لَوں....ڑ)
لونڑ پانڑیں (سالناں،ردھا پکا)
جیہڑا لُونڑ پانڑیں تھیا چا دیو:
نمک (مشہور دھات)
(گنجا پاپی لُونڑ چھٹا کی) کپت
(اساں ناں تے لُونڑای لونڑاں آ) اخ
تہاڑے اپر کو لونڑلدناں؟ مح
لُونڑنیں جے گُھری گیسی؟ (اخ)
**لُونڑاں:** نمکین:

نمک والا (سلوناں)
(چاہ، سدھر)
کھا کھا نمکین کھانے کا دل کرنا:
(لونڑاں ہونڑاں) (مار کھانے کا دل
کرنا)
بیماری کے بعد منہ کا ذائقہ تبدیل کرنا:
**لُونڑکی:** بڑی نمک دانی، مصالحہ ڈالنے کا برتن:
(مرچ مصالحے رکھنے آلی لکڑی نا بکسہ)
**لُونڑ پانڑیں:** (لُوں...ڑ) (پاں...ڑی)
(کھرے نا ردھا پکا کھانا)
عام کھانا، دال ساگ:
**لونڑ مرچ:** (لُوں....ڑ)
(ہانڈی نا ذائقہ، سواد)
نمک مرچ:
**لَوناں:** (ل..ون...ناں)
بے مغزہ، بے عقل:
سادہ اور بے وقوف آدمی:
(لونیاں مارناں) مح
(لونّے) جمع۔
ہِک جنگل نا راجہ دو نی کھیر پکانڑ
لونّے (سلطان ظہور)
**لونگ:** (لَوں....گ)
(سونے نا کوکا، نکے نا گہنڑاں)
(میرا لونگ گواچا) گا
(تیلی)
(گرم مصالحہ)
(بوٹے نا پھل)
(جٹ کہہ جانڑے لونگاں نا پہاء) اخ
**لَوہ:** (لَو....ہ) بڑا توا:
(بڑا توا جسنے اپر پنج چھ روٹیاں پکھن)
بڑا توا، جس پر چار پانچ چھ روٹیاں پک
جائیں:
**لوہ:** (امر) اُتر۔۔جان چھوڑ (نالوں لوہ)
(بُن لوہ) اتر:
(لہنڑاں) مح (سروں لہنڑاں)
جان چھوڑنا:
آنا، سیڑھیاں اترنا:
**لُوہ:** جھلسا (امر)
(لُوہنڑاں) جھلسانا
گرمی کی حدّت (تپش) لُو
**لوہ لحاظ:** قدر۔عزت۔احترام:
**لوہا:** (لوہا منوانڑاں) مح
(لوہے اپر لکیر) مح
(لکڑی نال لوہا وی تری گسناں) اخ
(لوہا لوہے کی ں) اخ
(لوہا کٹناں) مح۔سخت چیز کے ساتھ
پالا پڑنا:
(زور زور کا پیٹنا)
(لوہے نی کرگی) مح۔سخت مضبوط چیز:
**لوہڑا:** لونڈا۔ لوڑے کی پیدائش۔۔لڑکا بالا
آپڑیں لوہڑے کی چھوڑ:
**لوہک:** کمی:
(لوہک ہونڑاں) مح۔آسانی ہونا:
**لَوہکا:** (لَو...ہ...کا)
ہلکا، کم وزن والا:
چھوٹی عمر والا:
ہلکا پھلکا، بے وزن:
(بے قدرا) ہلکا، نکا، چھوٹا:
(پہاریا کتھے جُلیاں ایں؟ لوہکا ہونڑ)
(اخ)

(لوہکا پُھلے آر) پھول جیسا وزن:
دل ں نا کھارا
کسے گلی وچ لغے لوہکا
کسے گلی اچ لغے پھارا
میں بنجارا..............(باقی صدیقی)

**لوہکیاری:** بے قدری:

**لُوہڑاں** جھلسانا (کھال کے بال جلانا)
(ہڈیاں لُوہڑاں) مح

**لُوہلا:** (لُو..ہ....لا)
نرم پایپ کی طرح:
(لتوں کمزور، ناطاقا) معذور:

**لوہو:** (لو....ہو)
(لہو، رَت) خون:
(لہو رنگا) لہورنگ:

**لُوہیا:** (لوہ...یا)
لوہا، مشہور دھات، فولاد (سریا گاڈر)
گھوڑے یا بیل کا رنگ۔

**لُوہیاں:** انتہا درجہ منت۔ باربار کہی ہو بات:
(لُوہیاں کرنیاں) مح۔ منت سماجت
کرنا۔

**لوہ چینی:** (لو..ہ..چی..نی)
(لوہے اپر چڑھی چینی نی دھات)
تام چینی:

**لُوہ:** جھلسا:
